UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188556
UNIVERSAL
LIBRARY

۹۲۳۶۲ ل

سوانح عمر لارڈ مکالے جلد اول

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۹۲۳۵۲ Accession No. ۱۲۳۵۸

Author ل-ل

Title سوانح عمری لارڈ کلائیو

This book should be returned on or before the date last marked below.

جلد اول
سوانح عمری

لارڈ لارنس عوم سابق وایسرائے وگورنر جنرل ہند المخاطب بہ حافظ الملک

SWANAH-I-UMRI LORD LAWRENCE

OR

URDU TRANSLATION OF THE LIFE OF LORD LAWRENCE.

VOL. I.

BY

R. BOSWORTH SMITH, M. A.

LATE FELLOW OF TRINITY COLLEGE, OXFORD &c., &c.,

PUBLISHED

AT THE SUGGESTION OF A. J. LAWRENCE ESQUIRE C. S., BY MUNSHI NEWUL KISHORE


DEDICATED TO

His Excellency the Right Honorable Sir Frederick Temple Hamilton Temple Earl of Dufferin K. P., G. C. B., G. C. M. G., P. C., F. R. S., D. C. L. G. M. S. I.,

VICEROY AND GOVERNOR GENERAL OF INDIA.

جسکو فاضل جلیل مسٹر ہاسورتھ اسمتھ صاحب سابق مسٹر ٹرنٹی کالج آکسفورڈ نے بزبان انگریزی دو جلدوں میں تالیف کیا

اور



بابو اے۔ بے۔ لارنس صاحب بہادر جو لارڈ مرحوم کے بتجویز ہیں اور فی الحال منصب علیہ کمشنری الہ آباد پر ممکن ہیں

منشی نول کشور صاحب نے

اس نادر الوجود تصنیف کے ترجمہ اور اشاعت کا ذمہ لیا اور منشی صاحب موصوف کی فرمایش سے

منشی سید ذوالحسین صاحب مترجم اودھ اخبار نے

کمال عرق ریزی اور احتیاط کے ساتھ مشورت جناب مسٹر جان سی نسفیلڈ صاحب بہادر انسپکٹر مدرسہ تعلیم صوبہ اودھ و ڈاکٹر جوزف صاحب پرنسپل بنارس کالج کے کیا ہے

اور آنریبل راجہ شیو پرشاد صاحب بہادر سی آئی۔ ای۔ رئیس بنارس نے کل ترجمہ کی نظر ثانی فرمائی اور ترجمہ کی لیاقت اور جانکاہی سے عمدہ

کیا اور اس ترجمہ کو مستند کیا

بہ پیرائی قدر نظر ہز اکسلنسی رایٹ آنریبل سر فریڈرک ٹمپل ایلٹن ٹمپل ارل آف ڈفرن

کے پی۔ جی سی بی۔ جی سی ایم جی۔ پی سی۔ جی ایم ایس آئی۔ ایف آر ایس۔ ڈی سی ایل

وایسرائے وگورنر جنرل کشور ہند

۱۸۸۶ء

مطبع نامی منشی نول کشور واقع مین گنج لکھنؤ طبع ہوئی

۱۲۳۵۸
۹۲۳۵۲
ل - و
جلد اول

Lahore, 4th November, 1886.

To

MUNSHI NEWUL KISHORE.

My dear Sir,

I have much pleasure in conveying to you the Viceroy's permission to dedicate to His Excellency the Urdu Translation of Mr. Bosworth Smith's Life of Lord Lawrence. It is a work which has been read with interest in England and I have no doubt that it will be read with not less interest by the educated Natives of India. Here in the Punjab where the illustrious subject of the Memoir spent the best years of his life the name of John Lawrence has become a household word and will be long remembered with veneration even when those who knew him personally will have passed away. The respect which he enjoyed in his lifetime and the veneration in which his memory is enshrined do honour alike to the man himself and to the people among whom he lived and laboured, for he was at all times the severe and uncompromising representative of order and good Government. The personal confidence which he inspired and the enormous influence which he enjoyed were shewn in the time of the Mutiny when, with the assistance of a few men of the same vigorous stamp as himself, he not only prevented all serious disturbances in the Province committed to his charge but sent forward large bodies of loyal troops to the British army before Delhi. When order had been reestablished he returned to England to enjoy a well earned repose but he was soon called upon to undertake administrative duties on a larger scale than before as Viceroy and Governor General, and he filled that exalted position for the ordinary term of five years, with honour to himself and benefit to the Empire. A graphic and instructive account of this long and illustrious career will be found in these volumes, and in causing them to be translated into Urdu you have rendered I venture to say, a valuable service to your Indian fellow subjects.

Yours faithfully,

D. MAKENZIE WALLACE,

Private Secretary to the Viceroy.

ترجمہ چٹھی صاحب پریوٹ سکرٹری حضور وائسرائے

مشمولہ پنجابی نذر ترجمہ سوانح عمری

از پیشگاہ

ہز اکسلنسی وائسرائے و گورنر جنرل کشور ہند

بنام فشی نول کشور

مقام لاہور مورخہ ۱۰ نومبر ۱۸۸۲ع

مائی ڈیر سر۔

مین نہایت خوشی سے آپ کو اطلاع دیتا ہون کہ عالیجناب حضور وائسرائے بہادر نے اردو ترجمہ سوانح عمری لارڈ لارنس مصنفہ مسٹر بوسورتھ اسمتھ کی نذر پزیرائی فرمائی یہ وہ کتاب ہے جسکو اہل انگلستان نے ذوق کے ساتھ پڑھا ہے اور مجکو کوئی شبہہ اس امر مین نہین ہے کہ تعلیم یافتہ اشخاص ہند بھی کتاب مذکور کو اسی ذوق وشوق سے پڑھین گے۔

اس ملک پنجاب مین جہان جلیل القدر صاحب سوانح عمری نے اپنے بہترین زمانہ زندگی کو گذارا ہے ہر کہ ومہ کی زبان پر جان لارنس کا نام جاری ہے اور ایک عرصہ تک انکا نام تعظیم وتکریم کے ساتھ یادگار اور جو لوگ بذات خاص انسے آگاہ تھے اُن لوگون کے بعد بھی قائم وبرقرار رہیگا۔ مرحوم کی جو قدر ومنزلت حالت حیات مین کی جاتی تھی اور اب جو تعظیم وتکریم وفات کے بعد مرحوم کے نام نامی سے وابستہ سمجھی جاتی ہے اُس سے لارڈ مرحوم اور اُن اشخاص دونون کی یکسان عزت افزائی متصور ہے جنکے ماہین مرحوم نے اپنی زندگی بسر کی اور جنکے لیے جانکاہی کرتے رہے۔ کیونکہ لارڈ مرحوم ہمیشہ امن خلائق اور حسن انتظام کے سخت کوش اور موکد وکیل رہے۔ اپنی جانب سے لوگون کے دلون مین مرحوم نے جو اعتماد پیدا اور اپنا جو رعب انپر موجود کیا تھا اُسکی تصدیق ایام غدر مین بخوبی ہو گئی جب معدودے چند اشخاص کی حمایت سے جو مرحوم ہی کے ایسے جری اور بہادر تھے لارڈ موصوف نے نہ صرف اُس صوبہ کے سخت فسادات کو جو لارڈ مرحوم کے تحت حکومت تھا دور کیا بلکہ بیشمار خیر خواہ سپاہ برٹش فوج مقابل دہلی کی مدد کو روانہ کی بعد تسلط لارڈ مرحوم انگلستان کو گئے کہ جو فرصت اس خوش اسلوبی سے حاصل کی تھی اُس سے مستفید ہون لیکن تھوڑے ہی عرصہ کے بعد بہ نسبت سابق اور بھی زیادہ اعلیٰ اختیارات کے ساتھ بحیثیت گورنر جنرل مرحوم کو ہندوستان مین آنا پڑا اور اس منصب جلیلہ پر لارڈ مرحوم معمولی پنجسالہ مدت تک اسطور سے فائز رہے کہ مرحوم کو بھی ناموری حاصل ہوئی اور سلطنت کو بھی فائدہ پہونچا۔ اس طویل اور عظیم الشان ایام زندگی کے حالات مفیدہ نہایت توضیح اور تفصیل کے ساتھ ان دونون جلدون مین پائے جاتے ہین اور مین کہہ سکتا ہون کہ آپ نے اردو زبان مین اُنکا ترجمہ کرکے اپنے ہموطنون کی ایک گرانقدر خدمت انجام کی۔

آپ کا دوست صادق

ڈی۔ کنہی وائس

پریوٹ سکرٹری وائسرائے ہند

PREFACE.

It is three years since Munshi Newul Kishore the energetic Manager of the Newul Kishore Press Lucknow undertook at my suggestion, the translation into Hindustani, and publication of Mr. Bosworth Smith's Life of the late Lord Lawrence.

The Munshi naturally entertained the idea that the Princes and people of this country would wish to read, in their own language, the story of one who knew them so well, and who had done so much for them.

As yet there has been little or no response to the advertisements of the more elaborate addition of the Life.

The Munshi must therefore look to the masses for that support, which the classes have failed to afford him. But book buying is not an Indian custom. The non-existence of books worth buying, the general poverty, and the habits of the richer classes account for this.

The Munshi is however actuated more by the desire of making known to his countrymen what manner of man the late John Lawrence was than by the hope of gain. His wellwisherc, and those who think that his efforts deserve encouragement will join me in hoping that he may not fail of material reward.

ALLAHABAD :
31st August, 1886.

A . J. LAWRENCE.

دیباچہ

تین سال کا عرصہ ہوا کہ منشی نول کشور اولوالعزم مہتمم مطبع نولکشور لکھنؤ نے میرے ایما سے سوانح عمری لارڈ لارنس مرحوم مصنفہ باسورتھ اسمتھ کو ہندوستانی زبان مین ترجمہ کرا کے شائع کرنے کا ذمہ کیا تھا۔

منشی صاحب کو پہلے خیال تھا کہ اس ملک کے رؤسا و عامۂ خاص اپنی زبان مین اُس شخص کے حالات پڑھنے کی خواہش کرینگے جو انکو اسقدر چاہتا تھا اور جسنے انکے بارے مین ایسے ایسے کام کیے تھے۔

ابتک اُس کتاب کے ایسے عمدہ ترین طبع کے شہتیار پر لوگون نے توجہ بہت کم بلکہ کچھ بھی نہ کی۔ اسلیے منشی صاحب کو اُسی اعانت کے لیے ہمین خواص قاصر رہے عوام کیجانب نظر کرنا پڑیگی۔

اہل ہند مین کتابون کے خرید کرنے کا دستور نہین ہے اور عمدہ کتابین جو تیار نہین ہوتی ہین تو اسکی وجہ یہی ہے کہ عوام مفلس زمین اور اہل دول خرید کتب کے عادی نہین ہین۔

لیکن منشی صاحب کو اس کتاب کی اشاعت مین کچھ اپنا نفع مقصود نہین تھا بلکہ زیادہ تر اس بات کی خواہش تھی کہ لوگ ہمارے ملک کے اس سپوت سے واقف ہو جائین کہ جان لارنس کس طریقہ کے آدمی تھے۔ منشی صاحب کے بہی خواہ اور وہ لوگ جنکا خیال ہے کہ انکی کوشش کو ہمت دلانے کے قابل ہین اس امید مین میرے شریک ہونگے کہ وہ اسکے اصلی نفع البدل کے پانے مین ناکام نہ ہونگے۔

اے۔ جے۔ لارنس
مقام الہ آباد مورخہ ۳۱۔ اگست ۱۸۸۶ء

فہرست مضامین جلد اول

صفحہ

باب اول

اوائل عمر ۱۸۱۱ء لغایت ۱۸۲۹ء

دیباچہ - اِسکا نوآمیش اور اُنکے خواص - ہینری اور جان لارنس کا باہمی امتیاز - مقصد و نشانہ سوانح عمری - جان لارنس کے والد - اُنکی والدہ - اُنکی بہن ایلیشیا - اُنکے بے درپے مکانات - اُنکے ایام طفولیت - اُنکی دایہ مارگرٹ - اُنکا اسکول واقع کلکٹن - چند قصے - فوائل کالج اور اُسکے مضافات - اُنکے ساتھی - چند قصے - اُنکی ذہنی ترقی - ڈاکٹر کینیڈی اور سر رابرٹ منٹگمری - رائل اسکول - ولنگٹن گوپرا اور ایف - بی - ایف لی کی یادداشتیں - جان پر لسٹنوں کا عمری دینا - "میں سپاہی کے گھر پیدا ہوا اور سپاہی رہونگا" - ہیلیبری کالج - وہاں کے معلم اور خواندگی - معاصرین جان لارنس - چند قصے - یادداشت جے ایچ بیٹمن - سر چارلس مٹکاف - جان لارنس میں ایرلینڈ والوں کی خوبو - اُنکے احباب مقام چلسی - . . . . . .

باب دوم

زمانۂ قیام دہلی ۱۸۲۹ء لغایت ۱۸۳۳ء

جان لارنس کے آثار - اُنکا ہندوستان کو جانا - اُنکے ساتھی - اُنکی علالت بوجہ مفارقت وطن - اُنکا قیام کلکتہ میں - اُنکے عدالت کے اصول زندگی - اُنکا دہلی میں مقرر ہونا - دہلی کی تاریخ اور دہلی کے حالات - سلطنت کی لڑائیاں - پے درپے شمروں کا بسنا - شاہنشاہ اعظم خاندان مغلیہ اور اُسکا سلوک انگریزوں کے ساتھ - قصہ کے اندر جرموں اور ناشائستہ افعال کا وقوع میں آنا - سر چارلس مٹکاف - تھیوفیلس مٹکاف - رزیڈنٹ کی خدمات - آبادی شہر کے اطوار - ضلع دہلی - چارلس ٹرویلیئن کی یادداشتیں - جان لارنس کا کام اور طرز معاشرت بحیثیت "نائب رزیڈنٹ" چار برس تک - سلاطین - غلامی - جعل سازی - قصہ گوئی - گھر والوں کا اجتماع - رابرٹ نیپیئر - ۳۴

باب سوم

زمانۂ قیام پانی پت کے حالات اور واقعات ۱۸۳۴ء لغایت ۱۸۳۸ء

پانی پت کا بیان باعتبار تاریخ و جغرافیہ - رزمگاہ ہندوستان - جاٹ لوگ اور اُنکے خواص - سکھ لوگ

صفحہ

اور اُنکا مذہب۔ گلگٹہ کی خدمتین کی مختلف قسمین۔ "دکھیری برپشتِ زین"۔ رعایا کے ساتھ ہمدردی۔ چارلس رِکیٹس کی یاد داشت۔ جان لارنس سب جانتا۔ جان لارنس کے کام کرنے کا طریقہ۔ چند قصے۔ گانون کی گایون کے گوالے اور بقایاے لگان۔ سَر ریچرڈ ٹمپل کی یاد داشت۔ دو دوا مقوی۔ ایک دربار۔ خلوت نشینی۔ چند نامے گھوڑے کی خریداری۔ بال بال بچ جانا۔ ایک سوانح نگار کی اپنی سوانح عمری کا ایک حصہ۔ "دشکار قزاقی یا قتل کس کا قصہ بیان کردن"۔ جان لارنس کے نام کا تلفظ ہندوستانیون مین۔ قصہ گوئی کی شہرت۔ "دسونمین کے سینے"۔ جسمانی قوت۔ اخلاقی ہمت۔ ایک خدمت کا صلہ۔ دو بھائیون کا قصہ۔ جان لارنس کا ایک قاتل کو سراغ لگا کر گرفتار کرنا۔ ولیم فریزر کا مارا جانا۔ گشتِ دہلی۔ قاتل کی سراغ رسانی۔ رسالدار کو ڈوبنے سے بچا لیا۔ ایک ڈاکو کا تعاقب۔ "دبیوہ اور اُسکی روپیہ کی تھیلیان"۔ ۴۹

باب چہارم

قیام گورگانون واٹاوہ کے حالات اور واقعات سنہ ۱۸۳۳ء لغایت سنہ ۱۸۴۰ء

ڈبلیو یس سیٹن کا رکی یاد داشتین۔ اُنکی دوستی لارنس کے ساتھ اور اُنکی یادگار کا صلہ۔ جان لارنس کی تبدیلی گورگانون کو۔ وہان کی رعایا مین گورٹ مار کی عادت۔ ملک کی کیفیت۔ "خاموشی کے ساتھ مخالفت"۔ "دافسر بندوبست" بمقام اٹاوہ۔ رابرٹ مرٹگمری برنڈ۔ اُنکی خدمتین اور کارروائی۔ کنارہ کش ہونا۔ "دبندوبست ممالک مغربی وشمالی"۔ "دبندوبست استمراری"۔ اُسکے نتایج۔ قانون نیلام اور اُسکے نتایج۔ بندوبست کی وقتین۔ دیہات کی جماعتین اور سرحد کی نزاعین۔ تعلقدار لوگ۔ افسران بندوبست ممالک مغربی وشمالی۔ مختلف الراے افسرون کے فرقے۔ اٹاوہ کا بیان۔ قحط۔ اُسکے اسباب نتایج اور علاج۔ جان لارنس کے خیالات۔ جاتری اور تیرتھ گاہین سیتلا دیبی۔ ایک برہمن جاتری۔ فاقہ کشی سے مرنا۔ اٹاوہ کا کام۔ ہیجے۔ کیوین صاحب کی یاد داشت۔ جان لارنس کے بعض ذاتی خواص۔ "دسرحد متنازعہ فیہ" کا قصہ۔ سَر ہنری ینگ کے اقوال۔ خطرناک عدالت۔ جان لارنس کا ارادہ کرنا کہ مین اپنے تئین مرنے نہ دونگا۔ کلکتہ کا سفر۔ تین برس کی رخصت فرلو لیکر اُنکا جانا۔ ہندوستان مین ابتدائی دس سال تک اُنکے رہنے کے عام حالات۔ سَر رابرٹ اِڈورڈس کے حالات۔ ۸۷

باب پنجم

رخصت فرلو اور شادی سنہ ۱۸۴۰ء لغایت سنہ ۱۸۴۲ء

مواد سوانح عمری کا فقدان۔ نہ کوئی روزنامچہ ان ایام کا دستیاب ہوا اور نہ خانگی خطوط بہم پہونچے۔ پھر کیونکر ان ایام کے حالات بیان کیے گئے۔ کلفٹن والے مکان مین تبدیلیان۔ اُنکے باپ کی وفات۔

صفحہ
اُنکی بہن لیٹیشیا کی شادی۔ لارنس فنڈ۔ اُنکی دایہ سماۃ مارگرٹ کی وفات۔ اسکاٹلینڈ کی سیاحت۔ ایرلینڈ کی سیاحت۔ ملاقات اُن بیم صاحبہ کی جنکے ساتھ آیندہ زمانہ مین جان لارنس کی شادی ہونے والی تھی۔ مقامات بُون اور ہیڈلبرگ کی سیر۔ مسٹر مس کرنیگھم کی یاددشتین۔ لنڈن کی سیر۔ جان اسٹریچی اور کریزویلین فاکس۔ ایرلینڈ کی دوبارہ سیاحت۔ جان لارنس کی شادی ہیریٹ ہیملٹن کے ساتھ۔ ہیریٹ ہیملٹن کی صفات کا پیدا ظاہر ہونا۔ کارڈران (قراقان) ٹیٹھ۔ اُنکے والد اور ایندریو اراب کا قصہ۔ اُنکی ابتدائی سوانح عمری۔ شادی کا بیان۔ اِس شادی کی مسرت۔ قصے۔ شادی کے بعد کی سیاحت ممالک یورپ مین۔ شہر رومتہ الکبری کی سیر۔ شہر نیپلس مین کابل کی خرابیون کی خبرون کا پہونچنا۔ جان لارنس کی پہلی چٹھی۔ اُنکا علیل ہوجانا۔ اُنکا یہ قول کہ "اگر مین ہندوستان مین زندہ نہین رہ سکتا ہون تو وہان جاکر مرجاؤنگا"۔
جان لارنس کا بسواری جہاز ہندوستان کو روانہ ہونا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۳۰

باب ششم

اول جنگ افغانستان ۱۸۳۸ء لغایت ۱۸۴۲ء

جنگ افغانستان کا مختصر حال۔ سوانح عمری مین اُسکے ذکر کی ضرورت۔ لارڈ آکلینڈ کی گورنر جنرلی۔ روس کی پیشقدمی۔ افغانستان اور افاغنہ کی کیفیت۔ دوست محمد۔ اُسکی صلاح اور اِس بات کا بیان کہ اُسکے متعلق کس طریقہ سے برتاؤ کیا گیا۔ دوسرے مستدعین اعظم کی صلاح اور اِس امر کا بیان کہ اُس صلاح کے متعلق کیا برتاؤ کیا گیا۔ الگزینڈر برنس کی سفارت۔ شاہ شجاع۔ "جسوقت آپ کی فوجی دقتین رفع ہوجائینگی تو اصل دقتین شروع ہونگی"۔ ناکامی محض۔ کابل کا فساد۔ برنس اور میگناٹن صاحب کی ہلاکت۔ اکبر خان اور واپسی۔ نتیجہ۔ لارڈ ڈلہوزی اور فوج انتقامی۔ صندلی پھاٹک۔ لارڈ ڈلہوزی کا اعلام نامہ۔ سب سے بڑھکر اُسپر عمل کرنے کیا۔ ۱۴۹

باب ہفتم

مجسٹریٹ دہلی اور جنگ اول سکھ ۱۸۴۳ء لغایت ۱۸۴۶ء

جان لارنس اور اُنکی زوجہ بمبئی مین۔ وسط ہند کا صعب سفر۔ لارڈ ایلنبرا کا دربار۔ قحط روزگار۔ سفر مین خیمون کے اندر رہنا۔ تاج محل آگرہ۔ جارج لارنس کا قید کابل سے واپس آکر جان لارنس سے ملاقی ہونا۔ جارج لارنس کیونکر بچ آئے۔ جان لارنس کا دہلی مین دوبارہ مقرر ہونا۔ سر رابرٹ کو ایچ۔ الحاق ریاست کیتھل۔ گرنتھ صاحب کی یُول کی یاددشت۔ بڑی بیٹی کی ولادت۔ لارنسون اور اُنکی ازواج کی ملاقات مقام کرنال مین۔ رسد رسانی کا انتظام۔ دیسی عورات کی حالت۔ مجذوم کا قصہ۔ دیسیون کے ساتھ انگلش اشخاص کا برتاؤ۔ اُنکے ساتھ ہمدردی۔ دیوار حائط۔ مجسٹریٹ دہلی۔ اصلاح جیلخانہ۔ جان لارنس

سعی سفارش سے کچھ مدد نہیں پہونچی۔ الحاق سندھ اور اُسکی کیفیت "ہکیوئی" (یعنی خطا کردم کہ سندھ دشتم)۔ صفحہ
غلط خیال کا نسلاً بعد نسلٍ چلا آنا اور اُسپر فخر کیا جانا۔ سَر ہنری ہارڈنگ گورنر جنرل۔ اُنکی تواریخ اور خصائل۔
اُنکی تیاریان سکھون سے حفاظت کرنے کے لیے۔ دہلی مین جان لارنس سے ملاقی ہونا۔ اپنے اپنے دل
ایک دوسرے کی بابت راے قائم کرنا۔ سکھون کی پہلی لڑائی۔ یہ کوئی نہین کہہ سکتا کہ بیوقوف لوگ کیا کر گذرینگے۔
جنگ فیروزشاہ۔ بہادرانہ نام فتحیابی۔ جان لارنس ہی جنگ سبراؤن کی تمام کارروائیون کے بانی مبانی
تھے۔ الحاق دوآبۂ جالندھر۔ جمون و کشمیر کے ساتھ قابل اعتراض برتاؤ۔ جان لارنس کو میرے پاس
بھیجدو۔ کرنل رامزے کی یادداشت۔ ۱۶۱

باب ہشتم

کشمر علاقۂ آنزو سے ستلج۔ ۱۸۴۶ء

جان لارنس کی ترقی۔ دو ورقی چٹھیون کی مجلد کتابین۔ دوآبۂ جالندھر کی کیفیت اور وہان کی
آبادی۔ رابرٹ کسٹ اور ہربرٹ ایڈورڈیز اسکاٹ کی یادداشتین۔ کثرت کار۔ کام طے کرنے کی قوت۔ ہنری لارنس اور
اڈورڈ لیک۔ قلعۂ کانگڑہ۔ اُسکی تواریخ اور مقابلہ اور اطاعت قبول کرنے کا بیان۔ فتحیابی بلاخونریزی۔
مالگذاری سرکار کا بالعوض غلّی نقدی قائم ہونا۔ اِس اصلاح کی عمدگی۔ راجگان کوہستان۔ دخترکشی۔ اُسکے
اسباب۔ اُوتا کا بیدی۔ "یہ بیدی کچھ ایسے خراب لوگ نہ تھے"۔ جان لارنس کی طرافت۔ سپاہیون مین
سازش ہونے کا خطرہ پہلے ہی سے دیکھ لیا گیا تھا۔ جان لارنس کے تعلقات ماتحتون سے۔ شملہ کی سیر ۱۹۴

باب نہم

قائم مقام رزیڈنٹ لاہور۔ ۱۸۴۶ء لغایت ۱۸۴۸ء

رنجیت سنگھ کے خصائل اور سوانح عمری۔ "کچھ دنون مین سب لال ہی لال ہو جائیگا"۔ مشرقی
خاندان۔ پنجاب کی حالت مابعد ورثاے رنجیت سنگھ کے زمانہ مین۔ سکھون کے خصائل۔ سَر ہنری لارنس کا
رزیڈنٹ لاہور مقرر ہونا۔ سکھون کی ریاست بچانے کی سچی کوشش۔ جان لارنس کی تدبیرات۔ لاہور مین
اپنے عہدہ پر اُنکا آنا۔ اُنکی خاص مشکلات۔ مشترک اختیار۔ سرداران پنجاب و مہارانی اور اُسکا وزیر لال سنگھ۔
چٹھیان۔ قصّے۔ مسئلۂ جاگیرات۔ جان لارنس سب جانتا (مکرر)۔ بالکل راستبازی کا برتاؤ۔ گلاب سنگھ
اور امام الدین۔ اُنکے خصائل۔ لال سنگھ کے مقدمہ کی تحقیقات اور اُسکا جلاوطن کیا جانا۔ ہنری لارنس
اصل فرمانروا ے پنجاب تھے۔ اُنکے مددگار اور اُنکا کام۔ جان لارنس کا جالندھر کو واپس آنا۔ ایک ایرانہ
پیشین گوئی "دلگان نیچی شرح سے تجویز کرد"۔ جانچ کرسچین و جانچ بارنس۔ سرداران دوآبۂ جالندھر کے ساتھ

برتاؤ۔ ضروری اور مشکل مسئلہ۔ گاوکشی کا ہنگامہ۔ مہارانی کی جلاوطنی۔ پنجاب میں سرہنری لارنس نے کیونکر حکومت کی۔ وہاں وہ بہت خوش رہتے تھے۔ ہنری میں جان اور جان میں ہنری کے اوصاف۔ لارڈ ہارڈنگ کا تعلق لارنسوں سے۔ ۲۱۱

باب دہم

سکھوں کی دوسری لڑائی ۱۸۴۸ء

جان لارنس کا دوبارہ قائم مقام رزیڈنٹ لاہور مقرر ہونا۔ انکے نام جان لارنس کی چٹھیاں۔ انکے کام میں موانع اور عوائق۔ سرداروں کی خفیہ مخالفت۔ لون بورنگ کی یادداشتیں۔ سادہ پن کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔ "رونق دار ملک مشرق"۔ جان لارنس کا مکان اور اثاث البیت۔ سرکائن کیمبل کی دوستی۔ لارڈ ڈلہوسی کا داخلہ ہندوستان میں۔ سرفریڈرک کرینی کا لاہور میں جان لارنس کی جگہ مقرر ہونا۔ جان لارنس کے دوسرے بیٹے ہنری کی ولادت۔ دھرمسالہ۔ ایگنیو اینڈرسن صاحب کا قتل۔ آیا اسکی پیش بندی کی گئی تھی۔ مولراج کا قصہ۔ جان لارنس کی چٹھیاں اور انکی صلاح۔ اعلیٰ حکام کی تاخیر۔ لارڈ گف اور لارڈ ڈلہوسی۔ ہربرٹ اوورڈس کی کوششیں۔ وان کورٹ لینڈ۔ محاصرۂ ملتان اور اسکی انقلابی نوعیتیں۔ پنجاب کا بلوۂ عام۔ سکھوں کی دوسری لڑائی۔ سکھوں کا افغانوں سے ملجانا۔ جنگ چلیان والا۔ فتح یا شکست۔ مددگار رزیڈنسیوں کی گرگراریاں۔ جارج لارنس جیمس ایبٹ۔ لفٹنٹ ہربرٹ۔ رینل ٹیلر۔ جان لارنس کی حالت دوآبۂ جالندھر میں۔ رعایا کا رضامند ہوجانا۔ جان لارنس کے اختیار کی فوج۔ فساد کوہستان۔ جان لارنس نے تیرہ دن تک لڑائی قائم رکھی۔ سکھوں کو سکھوں کے مقابلہ میں لڑوانا۔ کامیابیاں۔ اونا کے بیدی کا مکر و ذکر۔ ایک گروہ کی فراری۔ چارلس سانڈرس۔ جان لارنس کا لارڈ ڈلہوسی کی اپنی طرف متوجہ کرلینا۔ لارڈ ڈلہوسی کا تکم۔ جان لارنس کے تعلقات لارڈ گف اور ہنری لارنس سے۔ اعلیٰ حکام کی تبدیلی اور اس تبدیلی کا نتیجہ اکثر کیا تصور کیا جاتا ہے۔ مقامی تجربہ اور اسکی قدر۔ لارڈ ڈلہوسی کی دلچسپ چٹھیاں۔ انکی خط کتابت کا ایک بڑا ذخیرہ پچاس برس تک کے لیے سربمہر کرکے محفوظ رکھا گیا۔ ہنری لارنس کا ہندوستان کو واپس آنا۔ جان لارنس کا اقبال۔ فتح ملتان۔ جنگ گجرات۔ سکھوں کا اطاعت قبول کرنا۔ "دربس رنجیت سنگھ آج مرگیا"۔ جان لارنس کی صلاح۔ پنجاب کا الحاق اور اسکے جواز کی دلیلیں۔ . . . ۲۳۹

باب یازدہم

پنجاب بورڈ کی کارگزاری۔ ۱۸۴۹ء لغایت ۱۸۵۳ء

پنجاب پر حکومت کیونکر کیجاتی۔ صیغۂ مال اور صیغۂ فوج کے کون کون افسر باقی رہ گئے تھے۔ سرچارلس نیپیر اور لارڈ ڈلہوسی۔

آتش فشان بورڈ۔ آیا بورڈ سے وہ کام پورا ہوا جسکے لیے وہ مقرر کیا گیا تھا۔ اُسکے تین ممبر۔ ہنری لارنس صفحہ
جان لارنس اور سی گریول ینگسبی۔ اُنکے باہمی اختلافات۔ ملک پنجاب کی قدرتی کیفیتون کا بیان۔ وہان کے
دریا اور دوآبے۔ دیرہ جات۔ ملک پنجاب کسی مقام پر نہایت آباد اور زرخیز ہے اور کسی مقام پر بالکل ویران ہے
اور وہان کی زمین بالکل اُوسر اور بنجر ہے۔ کوہستانی اضلاع اور بیدالی اقطاع۔ پنجاب کی حدود اربعہ اور
پہاڑون کے سلسلے۔ سرحد قدرتی یا مساحی۔ اقوام مسکونۂ پنجاب۔ دادی پشاور۔ شمال مغربی سرحد کی کیفیت۔
حکمرانی معمول ستانی اور سیاست کے متعلق رنجیت سنگھ کے اصول۔ رعایا سے ہتھیارون کا رکھوانا۔ ملک کی حفاظت
غیر قواعدوان جمعیتون کا باغی ہوجانا۔ سپاہ گایڈا اور اُسکی تاریخ اور حالات۔ حفاظت دادی پشاور۔ استحکام
سرحد کی تدبیرین۔ "پاسبانان سرحد"۔ سپاہ پولیس کی بھرتی۔ جرائم کا انسداد اور مجرمون کی سراغ رسانی۔
سرقہ مواشی۔ ڈکیتی۔ تھگی جیلخانون کی تعمیر۔ ہندوستانیون کا رواج و دستور جہان تک ممکن تھا بحال رکھا گیا۔
پیمایش اراضی و بندوبست مالگزاری۔ اُسکے فوائد۔ اصلاح تشخیص محصولات۔ سپاہی پیشہ اشخاص کا اشتکاری
کرنے لگے۔ کاروبار کی ترقی۔ تعمیر سڑک۔ رابرٹ نیپیر اور الگزینڈر ٹیلر۔ بڑی سڑک۔ نہرین۔ نہر باری۔
دوآبہ۔ سکوک واسنہ مرتوجہ۔ تعلیمات۔ زراعت۔ جنگلون کے درخت۔ تدابیر حفظان صحت۔
دانہ دانہ راس۔ ملک پنجاب کی آمدنی اخراجات کو کافی ہے۔ عام نتائج۔ رپورٹ پنجاب کے وہ فقرات جنکو
لارڈ ڈلہوسی اور مہتمان ایسٹ انڈیا کمپنی نے محول کیا تھا۔ سر رچرڈ ٹمپل کی مابعد رائے۔ ۲۸۰

باب دوازدہم

ہنری و جان لارنس ۱۸۴۹ء لغایت ۱۸۵۳ء

اس بحث کی دقتین اور دشواریان۔ دھرم سالہ۔ ایک رنجھے کا شکار اور ایک ناک بنانے والا۔ ایک گودی کا قصہ۔
جان لارنس کی زوجہ سکھون کی دوسری لڑائی کے زمانہ مین کیونکر رہین۔ الحاق پنجاب کے بعد لاہور کی
رزیڈنسی کی کیا کیفیت ہوئی۔ کثیر الاشتغالی کا خاکہ۔ بورڈ کے جلسے۔ امور مابہ البحث۔ برادران لارنس کی
مفوضہ خدمتین۔ سر جان کے کی راے جان لارنس کے بارے مین۔ اختلاف آرا اور باہمی شکر رنجی۔
کوہ نور کا گم ہونا۔ دونون بھائیون کا مابہ الامتیاز۔ ہنری لارنس کی بہادرانہ کوششین سردارون کے لیے۔
اُنکی یکسان خصلت۔ اُنکی سیاحی کی عادت۔ ذہی شوکت شخص کی فیبت بھی موجودگی کے برابر ہے۔
جان لارنس کی نمود کیونکر ہوئی۔ مہلک موسم گرما۔ سردارون کی گرفتاری۔ نرخنامہ کی اصلاح۔
سر چارلس نیپیر۔ اُنکے خصائل اور مایوسیان۔ اُنکی اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی اپنی سوانح عمری اور دوسری
تحریرات۔ لارڈ ڈلہوسی پر اور ان لارنس اور عام حکام صیغۂ مال سے اختلاف۔ سندھی اور پنجابی فرقہ۔

پیچھے ہٹنے اور آگے بڑھنے کی حکمت عملی - فریدا ور لارنس - منقولات سر جارلس نیپیر - انکا جامہ انتظام پنجاب پر - صفحہ
انکی واقفیت اس معاملہ مین - انکی رائین عام باتون کے بارے مین - انکی پیشین گوئیان - جان لارنس کا
جواب - حریفون کی ملاقات لاہور مین - سیاتیر کی چھاونی کی جگہ منتخب ہونے کا قصہ - سر جارلس نیپیر کا دورہ -
درہ کوہاٹ - خوفناک اختلافات - جان لارنس کی چٹھیان - سندھ کا نظم ونسق - جان لارنس کی لارڈ ڈلہوسی سے
شملہ پر ملاقات - پنجاب مین کوئی تعطیل نہین دی جاتی تھی - سرحدنا ے پنجاب - سرحدی سپاہ کا مسئلہ - سر ہنری لارنس کا
کشمیر اور لداخ کو ہاڈسن صاحب سیت جانا - جان لارنس کا علیل ہو جانا - ڈاکٹر ہیتھ اونے - لارڈ ڈلہوسی
کی محبت آمیز چٹھی - جان لارنس نے اپنی آیندہ حالت کے بارے مین خود جو پیشین گوئیان کی تھین اُنسے
جان لارنس کا اصل واقعات موقوعہ سے مقابلہ کرنا - طفل شیر خوار کی وفات - جان لارنس کی نرم دلی -
جان لارنس نے اپنی بیٹیون کو انگلستان اور اڈورڈس صاحب کے ساتھ انگلستان بھیجدیا - سینسل کا پنجاب سے
رخصت ہونا - انکا مزاج - منٹگمری صاحب کی جگہ پر انکی تقرری ہوئی - انکی تاریخ اور خصائل - فوائل کالج کا قائم
اور پنجاب کی حکومت اصحاب ثلثہ - برادران سمسن کا قصہ - لارڈ اسٹینلی کی سیاحت - سادہ مزاج پہلوان -
تاثیرین بردران لارنس - انکی کارگزاریان اور خصائل - بورڈ کی موقوفی کی تجویز - اُسکی کارگزاریون کی تصریح -
آیا وہ کام جو بورڈ کی تقرری سے مقصود تھا پورا ہوا - برادران لارنس کے مابین کن کن خاص باتون مین
اختلاف تھا - دونون مین برسر صواب کون تھا - جنرل جان بیچر کی یادداشت - منٹگمری صاحب کے آنے سے
امر متنازعہ فیہ پر کیا اثر ہوا - دو مخالفون کا باہمی صلح کار - جان لارنس کی پُرتاثیر چٹھیان - دونون بھائیون نے
استعفا دینا چاہا - لارڈ ڈلہوسی نے تجویز کیا کہ دونون سے کسکا استعفا قبول کرنا چاہیے - سر ہنری لارنس پنجاب سے
رخصت ہوتے ہین - لاہور اور امرتسر سے انکے رخصت ہونے کی کیفیت - سر ہنری لارنس کی کارگزاریان اور وہ ۳۱۸

باب سیزدہم

چیف کمشنر پنجاب ۱۸۵۲ء لغایت ۱۸۵۳ء

ہنری لارنس کے چلے جانے کا اثر - جان لارنس کی حکمرانی کا عام طریقہ - وہی انکی شہرت کا اصل
باعث - سلطنت پنجاب کا استحکام اور ترقی - بورڈ کی برخاستگی سے اُسوقت بھی فائدہ ہوا اور اُسکے چار سال
بعد تک اور بھی زیادہ فائدہ ہوا - دشوار مسائل جنکو طے کرنا تھا - منٹگمری صاحب اور جوڈیشل کمشنر کا عہدہ -
اڈمنڈسٹون صاحب اور فینانشل کا عہدہ - کام کی تقسیم ہوگئی مگر کرنے والے وہی رہے پہلی چٹھی نکلسن صاحب
کے نام - نکلسن صاحب ایک رجمنٹ کے پرے کے برابر تھے - ہنری لارنس کا آخری استعفا نامہ - جان لارنس کا
رجحان اپنے بھائی کے خیالات کی طرف - پریشانی کی کمی اور کارگزاری کی زیادتی - چیف کمشنری کی حاکمیت -

انصاف - عدالت گستری - پابندی احکام - کفایت شعاری - کام کی عمدگی - رسل و رسائل کا بعجلت ملے ہونا - صفحہ
ہندوستانیون پر مہربانی - سرحدی حکمت عملی - حکومت کی تقسیم - قیام کمسا سے احتراز کرنا چاہیے - جان لارنس کے
خاص مقاصد و مطالب اور مشکلات - لارڈ ڈلہوسی کی خط کتابت سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس دماغ کے
آدمی تھے - نکلسن صاحب کی خط کتابت سے اُنکے دل کی کیفیت ظاہر ہوتی ہے - نکلسن رابرٹ پنیئر گوف اور
میکلیوڈ صاحب سے نباہ کرنے مین دقتین - "ایک لاکھ روپیہ" - "اگر کوئی شخص چاہے کہ کام اچھا ہو تو اسکو
نیپیر صاحب کے پاس جانا چاہیے" - رشوت ستانی - میکلیوڈ صاحب کا بیان - بیچر صاحب کو خاص صلاح -
انگلش افسرون کا برتاؤ ہندوستانیون کے ساتھ - معاملات بھاولپور کی پیچیدگی - اُسکے ضروری نتائج جو مفید
وسائل سے حاصل ہوے - افاغنہ اور سرحدی جرگون کے بارے مین کس حکمت عملی کا برتاؤ کیا گیا -
میکسن صاحب کا مارا جانا - ضلع پشاور مین تہلکہ - شاہنشاہانہ انکار - لارنس کی راے ہربرٹ ایڈورڈس
اور سر جیمس اوٹرم کے بارے مین - شاہنشاہی صیغۂ اثبات (یعنی ہان) - چٹھیان بنام کرنیل صاحب -
چٹھیان بنام لارڈ ڈلہوسی اور اُنسے مزید وقت - اُنکا پشاور مین آنا - بوری آفریدی - جان لارنس کا
گولیون کی بوچھار مین آجانا - اُنکی مسرت - گاڈبائی کے مارنے کا قصد - جان لارنس بچون کی ایک
دوسری جماعت چارلس سانڈرس کے ساتھ ولایت کو بھیجتے ہین - کام کرنے کی قوت - سیر ملتان و دیرہ جات
سرحد موسائی کا اب تک رواج - "قوم فاتح کا پہلا نمونہ" - فتح خان خٹک - لارنس کا بیان خاص اپنی
نسبت - ہاڈسن صاحب کی کمانیری سپاہ گائڈس سے مشکلات کا پیدا ہونا - اُنکے خلاف شکایتین -
جان لارنس کا تحمل - عدالت تحقیقات - قادر خان - ہاڈسن صاحب پھر اپنی رجمنٹ کو واپس بھیجدیے گئے -
شمالی اور جنوبی دیرہ جات کے مابین اختلافات - "کنکیٹر" - اُنکی تقرری اڈمنڈ صاحب کی جگہ - مرغوب
پہاڑیان - کوہ مری والا مکان اور وہان کی کارگزاریان - تیسرے بیٹے چارلس کی ولادت - فلپ ملوالڈ
جارج کرسچین - رچرڈ ٹمپل سے پہلی ملاقات - اُنکے کام کرنے کی قوت اور جلد جلد ترقی پانا - رپورٹ پنجاب -
ٹمپل صاحب جان لارنس کے سکرٹری مقرر ہوے - چیف کمشنر کو بڑی مدد ملی - ٹمپل صاحب کی یادداشت -
پنجاب کی دوسری رپورٹ اخلاقی اور ملکی ترقی - ۳۸۹

باب چہاردہم

جان لارنس کے تعلقات اُنکے اعلیٰ افسر اور ماتحتون سے

۱۸۵۴ء لغایت ۱۸۵۶ء

جنگ کرایمیا - "دنیبر مین فنیچنگوف کا خیال رکھنا - روس اور افغانستان - "کابل مین انگریزی سفیر

کبھی نہ بھیجا"۔ اڈورڈس صاحب اور لارنس صاحب اور لارڈ ڈلہوسی کے خیالات۔ جان لارنس کی ہمت صفحہ
اور خیرخواہی۔ افاغنہ کے خصائل۔ جان لارنس کی گفتگو غلام حیدر خان سے۔ ملکی معاملہ فہمی کے لیے یہ کچھ ضرور
نہیں ہے کہ آسیں فریب بھی ہو۔ حیدر خان کی کیفیت۔ ہرات اور پشاور۔ محمد خان اور جارج لارنس۔ قصے۔
"اسکے ہاتھ کی طرف دیکھو"۔ قزوینی اور خوک وینی۔ روسیوں کا روسیوں پر فتح پانا۔ کابل کے معاہدے کا
مختتم ہونا۔ اسکی شرطین۔ "جان جنگ"۔ قدیم افسران پنجاب کا جان لارنس کے پاس پھر واپس آنا۔
لیک صاحب۔ رینل ٹیلر۔ ہیری لمسڈن۔ نیول چیمبرلین۔ جارج کیمبل۔ سڈنی کاٹن۔ لارنس نے اپنے تحتوں کی
کیا خبر لی۔ جوڑی کو اکٹھا رکھنا۔ مشکلات۔ مرہلت نکلسن کے ساتھ۔ نیول چیمبرلین۔ "کوک اڈورڈوس منٹگمری
چیمبر کے ساتھ خط کتابت۔ صلح کرانے والوں کو آفرین کہنا چاہیے۔ جان لارنس کی علوہمتی اور بردباری۔
نکلسن صاحب کا "قلم اور سیاہی کا کام"۔ چیمبر صاحب کا کام متعلقہ محکمہ تعمیرات۔ انکی مہمات۔ جان لارنس
کی کوششوں کے نتائج۔ لارڈ ڈلہوسی سے تعلقات۔ لارڈ ڈلہوسی کا مزاج۔ انکی حاکمانہ قوت۔ انکے عیوب۔
انکا طرز تحریر۔ انکی رحمدلی۔ انکا خاصہ اعتراف خدمات۔ انکی بیماری۔ انکی علوہمتی۔ انکے جسم میں ریشہ ریشہ
بادشاہ کا تھا۔ جان لارنس کا حاکمانہ مزاج۔ "آپ بڑے نفرت کرنے والے ہیں"۔ لارڈ ڈلہوسی سے
خط کتابت۔ انکی حکمرانی کی عام کیفیت۔ جان لارنس سے لارڈ ڈلہوسی کا یہ استفسار کہ آپ پیرونٹ کا منصب
قبول کرینگے یا کے سی بی کا خطاب لینگے۔ لیڈی لارنس کی بیماری۔ اگر وہ انگلستان چلی جاتیں تو انکو کیا نقصان
پہونچتا۔ لارڈ ڈلہوسی سے کلکتہ میں رخصتی ملاقات۔ الحاق اودھ۔ اس بارے میں جان لارنس کے خیالات۔
چیف کمشنر لفٹنٹ گورنر پنجاب مقرر ہوے۔ جان لارنس کا لارڈ ڈلہوسی اور سر جے پی گرینٹ اور سر
بارنس پیکاک نے کیا اندازہ کیا تھا۔ ہر اوران لارنس کی آخری ملاقات۔ لارڈ کیننگ کا داخلہ۔ لارڈ ڈلہوسی
کی روانگی۔ لارڈ ڈلہوسی کا یہ کہنا کہ میں مرنے کے لیے انگلستان جاتا ہوں۔ انکے نام کی رخصتی چٹھیاں۔
آخر کو خطاب کے سی بی کا ملنا۔ ۴۴۹

باب پانزدہم

جان لارنس اور افغانستان۔ طوفان غدر کی شروعات

۱۸۵۶ء لغایت ۱۸۵۸ء

اعلیٰ حکام کی تبدیلی۔ لارڈ کیننگ کی نسبت خیالات۔ جنگ ایران اور اسکے اسباب۔ لارڈ کیننگ
اور سر جان لارنس سے لوگوں کی ناراضی۔ کمان کسکو ملیگی۔ سر جان لارنس کی راے اپنے بھائی
ہنری کے بارے میں۔ سر جارج کیمبل کی یادداشت۔ دوستوں کی دوستداری۔ انکے دوستوں کی خیرخواہی۔

آنکھا ہرول عزیز ہونا اور سر ہنری لارنس کے دوستوں سے ہمدردی کرنا۔ آنکی خشک مزاجی۔ کام کرنے کا تہوکا۔ صفحہ
آخر کو قوت کا جواب دینا۔ ایک نہ ایک طرح کی پریشانی۔ نکلسن صاحب سے پھر سابقہ۔ حکایات۔ کرایسیا یا بمرتبہ
یاکشمیر۔ ٹیل صاحب کا انگلستان جانا۔ "یہ کبھی مت کہو کہ مرتا ہون"۔ دوست محمد اور قندھار۔ دوست محمد
اور سر جان لارنس کے مابین ملاقات ہونے کی تجویز۔ جنگلی بط کا شکار۔ سر جان لارنس کی حکمت عملی
افغانستان کے بارے مین۔ ضروری چھیان۔ سبق زمانۂ حال اور آیندہ کے لیے۔ لارڈ کیننگ کا متفق الرائے
ہونا۔ خیبر کی ملاقات۔ وہان کی دلچسپ کیفیت۔ دوست محمد سے کئی ملاقاتین۔ کیا انگریزی فہسر کابل مین
رکھے جائینگے۔ "مین جو کچھ اپنے مُنہ سے کہہ چکا اُسکی پابندی گورنمنٹ شرطنامۂ تحریری کے برابر کریگی"۔
شرائط عہدنامہ۔ دوست محمد کے قصے۔ آنکی راست گوئی۔ آسنے دونون پہلوون کو کیونکر سنبھالا المستدعی ہونے
کی سفارت قندھار۔ مقاصد سفارت بالکل محدود کردیے گئے۔ سر جیمس اوٹرم ایران مین کمانیر مقرر ہوے۔
سر ہنری لارنس اودھ کے چیف کمشنر مقرر ہوے۔ لیڈی (ہنری) لارنس کی وفات۔ سر ہنری کے نام
نئے کام کی بابت مشیرانہ چھیان۔ سیفن کا پتھر۔ سر جان لارنس کی بیماری۔ انگلستان جانے کا
خیال۔ لکھنؤ ابر۔ طوفان غدر کی سنسناہٹ۔ چپاتیان۔ غدر کے اسباب اور آثار۔ سر جان لارنس
بمقام سیالکوٹ و راولپنڈی۔ غدر کا شروع ہوجانا۔ ۴۹۹

توضیحات جلد اول

تصویر . . . . . جو لوح کے مقابل رہیگی

نقشۂ پنجاب و ممالک متصلہ بابت ۱۸۴۶ء لغایت ۱۸۵۹ء . . . . . صفحہ ۵۳۶

باب اول

اوائل عمر ۱۷۹۱ء تا ۱۸۲۹ء

جزائر برطانیہ کی حد مین کوئی مقام ایسا نہین ہے جہان کے باشندون کی خصلت مین باشندگان شمالی و شمال مشرقی آیرلینڈ سے زیادہ لطف یا زور یا استحکام پایا جاتا ہو۔ اسکاچ اور آئرش (اسکاٹلینڈ اور آیرلینڈ کے باشندون) کی اس مخلوط نسل سے جو لوگ پیدا ہوے ہین وہ اپنے عیوب ظاہری سے معرا نہین ہین۔ اور ظاہر ہے کہ جس قوم مین یہ شہزوری اور ساتھ ہی اُس کے اس طرح کی آمیزش ہوگی وہ ان عیوب سے کبھی پاک نہوگی۔ ایک طرح کی فلک اور احتیاط جو اکثر خود غرضی پر محمول ہوتی ہے ایک قسم کی ہوس جسمین خاموشی بھی اُسیقدر ہوتی ہے جسقدر تیزی پائی جاتی ہے اور ایک طور کی کاہلانہ اور نا مستحسن آل اندیشی یہ چند نقائص اُن مین ایسے پائے جاتے ہین جنکو اُن کے بُرے جاننے اور ماننے والے بھی قبول کرلینگے۔

پھر اُن مین ایسے لوگ بھی پائے گئے ہین جنھون نے طرح طرح کی حالتون مین برطانیہ اعظم اور اُس دوسرے برطانیہ اعظم مین جو آزروے بحر اطلانطک واقع ہے (یعنے امریکہ) اور ہمارے وسیع اور منتشر مضافات مین بالآخر نہ بدرجہ آخر اُس مملکت مین جو ہمارے تمام مقبوضات محروسہ سے زیادہ بھاری ہے یعنی سلطنت ہندوستان مین بطور جرار سپاہیون قوی متظمون اور عاقل اور دور اندیش مدبرون کے عمدہ ترین خدمات ملک انجام دی ہین۔ اس اسکاٹو آیرش (یعنے باشندگان اسکاٹلینڈ اور آیرلینڈ کی مخلوط) نسل مین ایسے لوگ بھی پائے گئے ہین جنکی ذات مین خاص الخاص آیرش باشندون کی ظرافت اور محبت جنسانیت اور ذکاوت جودت اور سخاوت اور خاص الخاص اسکاچون کے تحمل اور دانائی وفاداری اور خود اعتباری خلق عمیم اور صاف باطنی کی صفتین یکجا جمع ہوئی ہین۔ بعض خاندانون مین خاص الخاص قومی خصلت کی ان صفتون مین ایک صفت غالب ہے اور دوسری صفتین بالکل نہین

پائی جاتی ہین۔ باقی گھرانون کے لوگ ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہین۔ یعنے ایک خاندان مین خاص الخاص اِنگلاچ اور دوسرے مین خاص الخاص آیرِش صفتین پائی جاتی ہین تاہم ہر ایک مین کوئی نہ کوئی بات ایسی ضرور ہے جو بالکل ایک اور ہی طور کی معلوم ہوتی ہے۔ چنانچہ یہی موخرالذکر حالت اُس خاندان کی بھی ہے جو اتنک بہت کہ لوگون مین مشہور تھا اور جسکا نام سَرمِشہری اور جان لارِنس نے ایسا بالا کر دیا کہ جہان جہان اِنگلش قوم کے لوگ ہون گے وہان گھر گھر مشہور ہوگا اور جسکی نسبت بلا تامل یہ پیشین گوئی کیجا سکتی ہے کہ جب تک انگلستان مین اعلیٰ اور اشرف شے کی قدر باقی ہے اُسوقت تک اس خاندان کے نام کی محبت اور عزت ضرور ہوگی۔

اگلکنیڈر لارِنس اور اِلیشیا کیتھرِن ناکس کی تزویج سے جو بھاری اور نامی گرامی خاندان پیدا ہوا اُسمین سَرمِشہری لارِنس کے آیرِش تھے لیکن اُن مین کسیقدر وہ مستحکم اور پرزور صفتین بھی پائی جاتی تھین جو علی العموم اِنگلاچون سے منسوب کیجاتی ہین اور جان لارِنس کے اِنگلاچ تھے مگر اُن اوصاف حمیدہ اور صفات پسندیدہ سے بھی متصف تھے جو خاص الخاص آیرِش لوگ رکھتے ہین۔ اگر مشیت ایزدی یہ ہوتی کہ جسطرح اُن کے دادا اُن کے سامنے قلیل علائق کے ساتھ قصبۂ کولرین مین ایک حال پر معمولی طور کی زندگی بسر کرتے رہے اور عمر بھر اسی حال مین رہنے کے بعد راہی عدم ہوے اسی طرح ان دونون کی حیات اور ممات گذرتی تو بھی اِن دونون بہرہ مند بھائیون کی خلقی خصلت کا دریافت کرنا لطف بیحساب سے خالی نہ ہوتا۔ مگر یہ بات ہونے والی نہ تھی۔ کچھ عجب طرح کے انقلابات سے جو دنیا مین اہل دنیا پر گذرا کرتے ہین یہ دونون بھائی جو اپنی اپنی صلاحیتون اور طبیعتون مین ایک دوسرے سے کہین مختلف تھے اور آغاز عمر مین علیحدہ علیحدہ ہوگئے تھے ہندوستان مین اگر گویا اس بات کے لیے ایک جگہ جمع ہوے کہ ایک صیغۂ فوج مین اور دوسرا سِوِل سَروِس مین بھرتی ہو مگر دونون ایک ہی کونسِل بورڈ مین نشست کرین اور اُس عظیم الشان اور جنگجو صوبہ پر جسکی طرف سے دو ایک برس پیشتر ہماری سلطنت ہندوستان ہی کے قیام مین لالے پڑگئے تھے باہمی اتفاق سے فرمانروائی کرین۔ گو ایک دوسرے کی طبیعت مختلف تھی مگر اس عظیم الشان صوبہ پر دونون نے اسطرح سے فرمانروائی کی کہ علی الاتصال کامیابی ہوتی رہی۔ آخر کو جب یہ باہمی اختلافات اگلے زمانہ کے اکابر اور اُن کے اصاغر خاندان کی طرح برداشت نہوسکے تو دونون اپنے اپنے اختلافات کے اظہار پر متفق ہوے۔ دونون نے اپنی اپنی راہ اختیار کی مگر اُسپر بھی اپنے اپنے خلوص مقصد اور سادہ روی اور اہل ہند کی محبت مین دونون کا رخ ایک ہی جانب تھا۔ ہر ایک دوسرے کے اوصاف کا قدردان اور ہر ایک دوسرے کے مقاصد کا مدح وثناخوان رہا اور جیسا کہ مین کمال خوشی کے ساتھ آگے چلکر بیان کرونگا ہر ایک باوصف اس امر کے کہ اکثر رنجش ہو ہوگئی مرتے دم تک دوسرے سے وہی برادرانہ محبت کرتا رہا۔

ہر ایک کو ایک طور سے کچھ دنون کے لیے اپنے خاص پیشہ کو چھوڑکر دوسرے کام پر جانا پڑا۔ بڑے بھائی کو

جو تو پخانہ کا ایک سرگرم افسر تھا نسبت اضافی کے ساتھ اوائل عمری مین فن سپہ گری کو چھوڑ کر سول سروس کا صیغہ اختیار کرنا پڑا اور اُسکے مقدر مین تھا کہ اپنی حین حیات مین پہلے اس شرط پر گورنر جنرل ہندنامزد کیا جائے کہ اگر لارڈ ڈلہوزی کے عہد حکومت کے ختم ہونے تک اُسکی زندگی وفا کرے تو ہندوستان کا گورنر جنرل مقرر ہو مگر آخر مین اپنے صوبہ کی دارالسلطنت کو خوفناک باغیون سے بچانے کی حالت مین سپاہیون کی موت مرجاے اور ایسا ہر دل عزیز ہو جاے کہ ہندوستان مین اگر آج تک نہ کوئی ایسا ہر دل عزیز سپاہی پیشتر ہوا ہو اور نہ اُسکے بعد گذرا ہو۔

چھوٹا بھائی جو پیدائشی سپاہی تھا مگر قضا و قدر نے چاہا کہ سویلین ہو اُسکی تقدیر مین لکھا تھا کہ اپنی ذیشان حکومت پنجاب کے زمانہ مین جب ہم پر ایک بڑا گاڑھا وقت تھا وہ کارنمایان کرے کہ کبھی مجرد سپاہی سے نہو سکتا اور بڑے بڑے بہادر جنگجوؤن پر ثابت کردے کہ جس بات کو تم ناممکن سمجھتے ہو مین اُسکو کرکے دکھائے دیتا ہون۔ ہزارہا مسلح آدمیون کو اسطرح سے طلب کرے کہ گویا وہ زمین سے نکلے چلے آتے تھے۔ پیچھے بعد دیگرے اُن کو اُس دور دراز مقام پر بھیجے جسکو اُسنے اپنے وقوف باطنی سے دریافت کرلیا تھا کہ قیام یا زوال سلطنت اُسی کے قبضہ مین رہنے یا نہ رہنے پر منحصر ہے اُسکے بعد اُس سلطنت پر جسکے بچانے مین اُسنے اسقدر کد کی تھی حکومت کرے اور آخر مین اپنی عمر طبعی کو پہونچکر اپنے گھر مین بیمار ہون مین وفات پاے تمام ملک اُسکا غم کرے اور وہ وسٹ منسٹر ایبی مین اس اعزاز کے ساتھ دفن کیا جاے کہ اُسکے پیشتر شاید کسی انگلو انڈین کے لیے وہ بات نہ حاصل ہوئی ہو۔ یہ وہ شخص تھا جو کبھی بہادر نہین بھلکہ بڑھا دلیر موجین کاٹ کاٹ کر چلتا تھا۔ اُسکو عوام و خواص کی تعریف کی مطلق پروانہ تھی اور مرتے دم تک اُس بات سے جو اُسکے نزدیک واجب اور جائز معلوم ہوئی کبھی انحراف نہین کیا۔ جن لوگون کی زندگی مین ایسے حیرت انگیز پیچ در پیچ واقعات گذرے ہون اور جو مستمع تواریخ نہین بلکہ خود تاریخ مجسم ہون اُنکی سوانح عمری اعلیٰ درجہ کے لطف اور فائدہ کے اعتبار سے بھی بیشک بمنزلہ تواریخ کے ہے۔

ص ۴ ہنری لارنس کی سوانح عمری کامل یا اقل درجہ اُسکا بھاری حصہ مدت ہوئی کہ ایک ایسے شخص نے لکھا تھا جو اُن کے حالات سے بخوبی تمام واقف و ماہر تھا۔ لیکن جان لارنس کی سوانح عمری مین طبع آزمائی کرنے کا کام ایسی افسوسناک حالتون کے ساتھ میرے حصہ مین آیا کہ مین ہی خوب جانتا ہون اور شاید اس سوانح عمری کے پڑھنے والے بھی اُن حالتون پر صرف سرسری نگاہ سے نظر نہ کرین گے۔ کیونکہ جو زمانہ لارڈ لارنس کی مہات اعظم کا تھا اُس زمانہ مین اُن کے حالات سے مین اُسیقدر واقف تھا جسقدر اکثر انگریز اُسوقت اُنکو جانتے ہین لیکن خوشی کا مقام ہے کہ جب چند سال اُنکی وفات مین باقی رہ گئے تھے تو اُسوقت مجھکو اُن کے حالات دریافت کرنے کا بہت اچھا موقع ملگیا۔

مین بے کم و کاست بیان کرتا ہون کہ مجھکو یہی معلوم ہوتا رہا اور اب تک یہی معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص نے

ایسے کارنمایان کیے ہون اور ظاہر مین معلوم ہوتا ہو کہ وہ اُنسے محض لاعلم ہے یا جس کا سینہ معلومات ہندوستان کا ایسا گنجینہ ہو اور وہ اسطرح سے اُن باتون کو بیان کرتا ہو جیسے کوئی متعلم نہ کہ معلم بیان کرے یا جو دیو کا سا بہادر اور شہزور اور اکھڑ ہو مگر اُسپر بھی عورتون کے مانند رقیق القلب اور معصومون کی طرح بھولا ہو اُس سے باتین کرنے کا موقع اگر کسی ایسے ویسے آدمی کو ملتا تو اُسکا خیال ہی بدل جاتا۔

اگر مین کسی درجہ تک **جان لارنس** کا حال اس امر کے اعتبار سے بیان کر سکا کہ مین نے اُنسے اکثر خود ملاقات کی ہے اور اپنے نزدیک اُن کی طول طویل خط کتابت پر عبور حاصل کرنے اور اُنکے عزیزون دوستون اور مخالفون سے آزادانہ طور پر مباحثہ کرنے سے اُنکا حال مجھپر بہت کچھ منکشف ہوگیا ہے تو مین سمجھتا ہون کہ میری محنت رائگان نہ جائیگی۔ اسمین شک نہین کہ جو شخص برخلاف میرے اُنکی تمام عمر کے حالات سے آگاہ ہوتا اور معاملات ہند کے متعلق باستثنائے **جان لارنس** سب سے زیادہ واقفیت رکھتا وہ اُنکی سوانح عمری زیادہ قابلیت اور آگہی کے ساتھ لکھ سکتا لیکن جسقدر ذمہ داری اور سچی دلسوزی سے مین لکھ رہا ہون شاید کوئی دوسرا شخص اسطرح سے نکلتا

اور اس مقام پر مین صرف ایک مرتبہ اُس بات کو بیان کیے دیتا ہون جسپر عمدہ سوانح عمری کے لکھنے والے کو نگیہ کرنا چاہیے بعد اُسکے پھر اُس کا ذکر کسی مقام پر نہ کرون گا۔ اور وہ بات یہ ہے کہ مین نے جس جوش کے ساتھ اپنی اس سوانح عمری کے حالات سے واقفیت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے وہ ایک ایسے شخص کا جوش ہے جسکو بالکل سادی اور سچی کیفیت کے بیان کرنے مین کوئی باک نہو۔ **جان لارنس** مین سارا وصف سچائی کا تھا اگر وہ نہوتا تو کوئی وصف نہ تھا۔ اُنکا ظاہر و باطن آئینہ کی طرح صاف تھا اور میرا مقصد سب سے زیادہ یہ رہا کہ ایسے شجاع اور صاف باطن شخص کی شان مین جو کچھ بیان کرون وہ حرف حرف صحیح ہو اور اسمین مبالغہ کا نام تک نہ آنے پائے جہانتک مجھسے ان باتون کا نباہ ہو سکا وہانتک مین نے نباہ کیا اور میرے نزدیک اُنسے احتراز کرنے مین کوئی بے لطفی نہین پیدا ہوئی۔ مین نے اُنکی خصلت ص ہر رنگ مین بیان کردی ہے۔ جن لوگون کو بعض موقعون پر خون نے بڑی خوشی سے کامل اور دنیا سے نرالے آدمی بیان کیا ہے اُنسے (اور مین یہ بھی کہ سکتا ہون کہ ایسے بے ذوق آدمیون سے) یہ ممکن نہ تھا کہ وہ لارڈ لارنس کی ایسی زندگی بسر کرتے۔ اگر یہ امر جسکو ایک ایسے شخص نے بیان کیا ہے جو لارڈ لارنس سے شائد چندان ہمدردی نہین رکھتا تھا صحیح ہے کہ " انقلابات عظیم چربی کے کارتوسون سے نہین پیدا ہوتے " تو یہ بات بہت کم صحیح ہو سکتی ہے کہ اگر وہ اپنی عمر بھر تکلفات کے قواعد کی پابندی رکھتے یا جن لوگون کا زمانہ دیکھتے اُنھین کے مطابق اپنی راے قائم کرتے اور اُسی طرح کا برتاؤ رکھتے تو جو کام اُنھون نے کیا ہے اُسکا نصف بھی کر سکتے۔ اگر **جان لارنس** اپنے عمدہ ترین ایام مین دیو کی ایسی قوت اور ہمت رکھتے تھے تو اُنکے مزاج مین ظرافت بے انتہا شوخی اور اُس قسم کی وحشیانہ اولوالعزمی بھی موجود تھی جو علی العموم اہل نارد مین پائی جاتی ہے۔ اور بڑی خوشی کی

بات ہے کہ یہ امور اُنکی سوانح عمری لکھنے کے لیے نہایت دلچسپ ہین۔ وہ ہمیشہ وہی سُنہ سے کہتے تھے جو اُنکے دل مین ہوتا تھا چنانچہ جو بہت سی چیمیان مین محول کرون گا اُنسے ثابت ہو جائیگا۔ وہ ہمیشہ وہی کرتے تھے جو اپنی زبان سے کہتے تھے چنانچہ اُنکی زندگی کی ہر ایک کارروائی سے یہ امر صاف ظاہر ہے۔ اُنکے دشمن بہت سے پیدا ہو گئے تھے جیسا کہ ہر ذی حیثیت حاکم زبردست متنظم اور نامی گرامی شخص کے ہوا کرتے ہین۔ لیکن اُنھین کارروائیون اور اُنھین سببون سے ہزارہا آدمی اُنکے معتقد اور خیرخواہ دوست بھی ہو گئے تھے۔ پس جو لوگ جان لارنس کو اُنکی اصل کیفیت کی نگاہ سے نہین دیکھتے بلکہ یہ کہتے ہین کہ اُنکو ایسا اور ویسا ہونا چاہیے تھا وہ راہ راست سے انحراف کرتے ہین اُنکے مقدس چہرے پر ناہموار لکیرین اور گہری شکنین جو ظاہر ہین دکھائی دیتی تھین اور جنکی تصویر مین ابھی کھینچے دیتا ہون اُنکو شخص دیکھتا وہ معلوم کرتا کہ اُنسے کیسی عظمت اور سطوت مترشح ہوتی تھی۔

جان لارنس کے والد بزرگوار ویسے ہی شخص تھے اور اُسیطرح اُنھون نے اپنی زندگی بسر کی تھی جو ایسے فرزند کے باپ کے شایان حال تھی۔ وہ عمر بھر اپنی قسمت کے ہاتھون سے تنگ رہے دریا کی طغیانی سے اور میدان جنگ مین کئی مرتبہ اُنکی جان جاتے جاتے بچ گئی۔ مبشیار رہا دری کے کام کیے جنکی بابت اُنکے اعلیٰ افسرون نے اکثر اُنکی مدح وثنا کی مگر اُنکا صلہ اُنکو بہت کم یا یہ کہیے کہ کچھ بھی نہین ملا۔ مختلف قسم کی آب وہوا مین موسم کی صعوبتین اور زخمون کی تکلیفین اُٹھاتے اُٹھاتے اُنکے جسم مین بیماری کا مادہ جمع ہو گیا۔ عرصہ تک افلاک اور پریشانی مین مبتلا رہنا پڑا۔ اُنکو اس بات کا بخوبی خیال تھا کہ میری قدر نہوئی اور اگرچہ وہ بالطبع بڑے آزاد منش شخص تھے لیکن آخر کو مجبور ہو کر اُس بات کے لیے جو اُنکا حق تھا اُنکو استدعا کرنا پڑی اور انگلستان مین جن لوگون کی ملازمت کی تھی اُنکو توجہ دلانا پڑی حالانکہ اُنکو خود توجہ کرنا لازم تھا۔ الغرض اُنکی سخت اور موسم زدہ عمر مین اسی طرح کی باتین واقع ہوتی رہین جنسے اُنکی زندگی تلخ ہو گئی۔ ہان ایک بات مین وہ البتہ خوش نصیب تھے یعنے یہ کہ اُنکو اولاد بہت اچھی ملی تھی۔ اُنکی نسبت بیٹون کو اپنی اپنی خدمتون کا معقول صلہ ملا اور اُنکے شکر گزار رہوطنون کو اُنکے حالات زندگی اسطرح سے یاد ہین کہ وہ اسوقت اور آیندہ زمانہ مین بھی ضرور اپنے دلون مین یہ خیال کرینگے کہ جس باپ کے یہ بیٹے ہین وہ کیسا ہوگا۔

سر ہنری برٹ اڈورڈس نے جو سوانح عمری سر ہنری لارنس کی لکھی ہے اُسمین انگریز لارنس کے مختلف عہدون کی طول طویل فہرست درج کی ہے اور یہ سوانح عمری سر ہربرٹ نے اپنے ہی پرطیش قلم سے تیار کی ہے۔ پس اس مقام پر بجز سرسری طور پر نظر کرنے کے زیادہ غور وفکر کی حاجت نہین ہے۔ انگریز لارنس دس ہی برس کے سن مین یتیم ہو گئے تھے اور مقام کول رُین مین اپنی ہمشیر کی نگرانی مین رہتے تھے۔ اُنسے ایک مقام پر مقید ہو کر رہنے کا صبر نہ ہو سکا لہذا لزمی جوش پر تھی چنانچہ سترہ برس کے سن مین بغیر اس کے کہ وہ کسی عہدہ پر مقرر کیے جاتے بطور والنٹیر ہندوستان کو چلے گئے اور حالانکہ آئین لیاقت موجود تھی لیکن جب چار برس گذر گئے تو سرکاری عندیہ پایا کیونکہ اس چار سال کے

عرصہ مین اُنھون نے ایسے ایسے معرکے دیکھے اور وہ کرِیان جمیلین کہ اگر آج کل کا زمانہ ہوتا تو وہ مستحق اس امر کے ہوتے کہ اپنے وطن مین واپس آکر ایک وجن تلوارین انعام مین اور ایک وجن ایڈس مبارکباد حاصل کرتے اور بیقدر سرکاری دعوتون مین شریک کیے جاتے۔ اُنھون نے لفٹنٹی کے عہدہ پر سری رنگ پٹن کو جین کلیو دریاے کنوتی اور جنگ سدا سیر مین داد شجاعت دے کر ناموری حاصل کی۔ بالآخر سری رنگ پٹن کے مشہور دھاوے کے وقت اُنکو پورا موقع اس بات کا حاصل ہوا کہ جوہمت اور بہادری اُنمین کوٹ کوٹ کر بھری نمی اُسکو ظاہر کر دین۔

۴ مئی ۱۷۹۹ء کو اُنھون نے تین اور لفٹنٹون کے ساتھ اس موہوم کارروائی مین شریک ہونیکی از خود التجا کی کہ ٹیپو سلطان کی مشہور دار الریاست پر دھاوا کیا جاے۔ ان چار لفٹنٹون مین سے اکیلے وہی زندہ باقی رہے اور اُنکا بچنا اتفاقیہ تھا کچھ اُنھون نے اپنی جان بچانے کی کوشش نہین کی تھی۔ جب وہ قلعہ کے پُشتے پر پہونچے تو اُنکے بازو مین ایک گولی لگی اور وہ گولی مرتے دم تک نہ نکلی۔ لیکن جسوقت اُنھون نے دیکھا کہ یہ دھاوا کرنے کا وقت ہے اور میرے سپاہی گولیان مارنے کے لیے صف بستہ خاموش کھڑے ہین تو وہ آگے بڑھے حالانکہ زخمی تھے لیکن عقب کی فوج کے داہنی جانب سے بائین جانب حرکت کر کے نعرے مارنے اور فوج کے دل بڑھانے لگے۔ جب اِسکا کچھ اثر نہوا تو صف پھاڑ کر آگے آئے اور زور سے یہ نعرہ بلند کیا کہ قلعہ کی دیوارین جس مقام پر رخنہ ہوگیا ہے اُسطرف بڑھنے کا وقت یہی ہے۔ جب اُسکے نیچے پہونچے تو دوسری گولی لگی جس سے ایک اُنگلی اوڑگئی اور دوسری پاش پاش ہوگئی۔ لیکن اسپر بھی اُنھون نے دم نہ لیا تا اُنکے آدمی اندر داخل ہوگئے۔ اب اس عرصہ مین اسقدر خون بہا کہ وہ بیہوش ہوکر زمین پر گر پڑے اور جیٹھ مہینا کھ کی تپتی ہوئی زمین پر اُسی جگہ پڑے رہے۔ جب لڑائی ختم ہوگئی اور اُنھین کے رجمنٹ کے ایک سپاہی نے جو گھومتا ہوا اُدھر آنکلا تھا اُنکو دیکھا اور وردی سے پہچانا کہ یہ کوئی افسر ہوگا تو اُسنے سر پھیر کر چہرے پر نگاہ کی۔ جب اُسنے پہچانا کہ یہ انگنر نیڈر لارنس ہین اور اُنمین ابھی کچھ کچھ جان باقی ہے تو وہ جسطرح بنا اپنے کاندھے پر لاد کر اُنکو کیمپ مین اُٹھا لیگیا۔ اور جب راہ مین تھکا تو قسمین کھا کھا کر کہنے لگا کہ مین اور کسی شخص کے لیے یہ کبھی نہ کرتا۔

اُنکی فوجی کارروائیون کا مزید حال لکھنا زائد از ضرورت معلوم ہوتا ہے۔ اپنی ابتدائی لڑائیون کے زمانہ مین ایک مرتبہ شب کو مرطوب زمین پر پڑے رہنے سے اُنکو تپ آگئی۔ اسکے بعد جب تک وہ زندہ رہے باوقات مختلف یہ تپ اکثر اُنکو بیچین کرتی رہی۔ ۱۸۰۹ء مین پندرہ سال کی سخت ملازمت کے بعد اس صورت سے وہ انگلستان کو واپس آئے کہ اُنکی تندرستی مین بالکل فرق آگیا تھا اور ابتک کپتان کے سوا اور کوئی منصب اُنکو نہین ملا تھا۔ اُنکی لیاقتون نے اُنکو دو ایک عہدے انگلستان مین بھی دلواے اور جب ۱۸۱۵ء مین وہ آسٹنڈ کے درمیان ایک کارآمود پلٹن کے لفٹنٹ کرنل تھے تو ضرور واٹرلو سے وہ اتنے فاصلہ پر ہونگے جہان گولون کے چلنے کی آواز اُنکے کانون تک پہونچتی ہوگی۔ جس شخص نے سری رنگ پٹن ایسے قلعہ پر دھاوا کر کے اُسکی دیوار دن کو روزن بنا دیا ہو اور اب

اس معرکۂ جنگ مین شریک ہونے کی درخواست دے کر اُسکی اجازت نہ پائے اُسکو اس رعایت سے جسقدر تعلق تھا وہ تھوڑا ہی۔ اُنکی حالت اور بھی ردی ہونے لگی اور آخر کار جب اُنھون نے کوئی چارہ نہ دیکھا تو مجبور ہو کر اپنے کمیشن کے فروخت کرنے پر آمادہ ہوے کیونکہ اُنکے پاس سواے اُسکے اور کوئی مالیت نہ تھی اور اُنکو خیال ہوا کہ اگر مین مرگیا تو میرے اہل وعیال اُس سے محروم رہ جائینگے۔ اُسوقت اُنکے زخمی ہونے کے صلہ مین سو پونڈ سالانہ کی پنشن مقرر ہوئی اس محقر وظیفہ سے کیا شدنی تھا اس سے تو اُنکے ڈاکٹر کی فیس بھی ادا نہین ہوسکتی تھی چنانچہ اُنھون نے خود بھی ایک مرتبہ غصہ مین آکر یہی کہا تھا۔ اس امر کے بیان کرنے سے لوگونکو خوشی خواہ رنج معلوم ہو لیکن آخر کو اس پنشن کی تعداد (گو بغیر اسکے نہین کہ جب تک متواتر عرضیان ندی گئی ہون) بہت بڑھا دیگئی تھی۔ اور اس بہادر سپاہی نے اُسوقت انتقال کیا جب اُسکے پانچون بیٹے جوانی کے ایسے جری اور بہادر تھے اُس ملک کو جہان اُسنے اپنی ساری عمر بسر کی تھی ص
کیے بعد دیگرے روانہ ہوئے۔ اُنکے فرزند جارج سنیٹ پنیر جو بعد کو سکسون اور افاغنہ مین عاقلانہ بہادری اور بہادرانہ عقلمندی کے لیے ضرب المثل ہوگئے تھے جسوقت انگلستان سے روانہ ہونے لگے تو اُنھون نے کسیقدر درشتی کے ساتھ اُنسے کہا تھا کہ "سنو صاحب اگر کبھی فوجی عدالت مین تمہارے پیش ہونے کی نوبت آئی تو ہم پھر سمجھکو اپنی صورت نہ دکھانا" اس درشت مزاج سفر کے مارے جہاندیدہ سپاہی نے اپنے ہر ایک بیٹے کو اُس ملک کی طرف جسنے سوتیلی ماں کی طرح اُسکے ساتھ سلوک کیا تھا روانہ کرتے وقت اُس سے زیادہ اثر پذیر اور اُسکے برابر سچی نصیحت کی ہوگی جو ورجل نے جنگ روجن کے غازی کو کی تھی کہ (ترجمہ شعر زبان لیٹین) بیاموزای پسر از من شجاعت را ستقت را + ولے از غیر از من رنجہا نیاے قسمت را + لگزینڈر لارنس کے حالات قیام انگلستان کا صرف ایک واقعہ اس مقام پر سمجھکو اور بیان کرنا ہو ۱۸۱۴ء مین اپنے ہندوستان سے واپس آنے کے تھوڑی ہی زمانہ کے بعد وہ اپنی رجمنٹ نمبر ۱۹ کے سیجر مقرر ہوے جو رچمنڈ واقع یارک شائر کے ایک چھوٹے قصبہ مین اُسوقت تعینات تھی یا اُنکے کچھ دنون کے بعد وہان تعینات ہوئی۔ اور یہ مقام وہی ہو جہان ۴ مارچ ۱۸۱۱ء کو جان برڈ اُنکے چھٹے بیٹے خواہ اُنھون لڑکے پیدا ہوے تھے۔ پس کوئی تعجب کا مقام نہین ہو کہ جان لارنس جب اسکے پچاس برس بعد غدر کو فرو کرکے اور دنیا بھر کی ناموری حاصل کرکے وطن کو واپس آئے اور شاید اس بات کا بھی خیال کیا کہ میری زندگی کی کارروائیان ختم ہوگئین اور اب میرے آرام کا زمانہ آیا ہو تو اُنھون نے اپنے ایک معتمد دوست سے کسیقدر حسرت کے ساتھ کہا کہ مین پہلے اُس مقام کو جاؤنگا جہان مین پیدا ہوا تھا۔ اور یہ بھی کوئی حیرت کی جگہ نہین ہو کہ چونکہ وہ ایک انگلش ٹون (انگریزی شہر) مین پیدا ہوے تھے اس سبب سے بہتیرے انگلش مدبرون نے وفات لارڈ لارنس کے قومی جوش مین جو پہلے پہل محرک ہوا اِس اُنکا "اوآیرش مین" کو خاص اپنا ہموم (یا بہرحال مخلوط النسل ہموم) قرار دیا اور شستہ و رفتہ تقریرون مین بیان کیا کہ اُسکی ذات مین برٹش جزائر کے بہترین اوصاف اخلاقی و معاشرت یعنی ایرلینڈ والون کی بہادری اِنگلینڈ والون کی احتیاط اور انگلستان والون کی

چھاکتی مزوج تھی -

اب **جان لارنس** کی والدہ ماجدہ کے اوصاف حمیدہ کا کچھ بیان اور اس بات کا ذکر کرنا ضرور معلوم ہوتا ہو کہ اُنھون نے اپنے بیٹے کی کس طرح سے تعلیم اور تربیت کی تھی - اور یہان بھی مین محض وہم و قیاس سے
ص و کام نہ لون گا - کیونکہ اُسکے چند سال بعد کا کچھ احوال سَر ہربرٹ اِڈورڈس نے اُنکے ایک بیٹے کی زبانی کرکے بیان کیا ہو جسکو مین نے اندرونی شہادت سے دریافت کیا ہے کہ اُسکے بیان کرنیوالے خود **جان لارنس** ہونگے - سَر ہربرٹ لکھتے ہین کہ "مجھکو بیان کرنا چاہیے کہ مجھ مین جو کچھ مادّہ ہے وہ میرے باپ کے سبب سے پیدا ہوا ہے - میرے والدین مین بڑے بڑے اوصاف موجود تھے - میری مان مین انتظام کی بڑی لیاقت تھی وہ سارے خاندان کو ایک جگہ سنبھالے ہوے تھین اور قلیل آمدنی سے ہم سب لوگون کی پرورش کرکے اُنکو تعلیم و تربیت دی - خرچ اُنھین کے ہاتھ تھا اور وہی سارے گھر کا بندوبست کرتی تھین - جب مین ہندوستان کو روانہ ہونے لگا تو میری غریب ضعیف والدہ نے مجھسے یہ الفاظ کہے تھے - "مین جانتی ہون کہ تجھکو نصیحت بھلی نہین لگتی اسواسطے مین تجھسے زیادہ نہ کہون گی - مگر میری دو باتین یاد رکھنا - ایک تو یہ کہ جس عورت کی مان نیک نہو اُسکے ساتھ شادی نہ کرنا اور دوسرے یہ کہ اپنے دل کا بھید کبھی کسی سے نہ بتا دینا کیونکہ تیرے باپ کی ساری آرزوئین اسی آخری بات کے خلاف عمل کرنے سے خاک مین مل گئین" - اس موقع پر دو ایک باتین اور بھی قابل بیان ہین - جس مان کی یہ باتین بیان کی گئی ہین وہ خاندان اَرگَس سے تھین اور ڈُوئیگل کے ایک پادری کی بیٹی تھین لیکن اصل مین وہ اِسکاٹلینڈ کے رفادر (مصلح ملک) کی نسل سے تھین - اُنکو اپنے نسب پر بڑا ناز تھا - اور چونکہ وہ کفایت شعار سیدھی سادی اور خدا ترس تھین اس سبب سے ہم کہہ سکتے ہین کہ رفارمر مذکور سے خاندانی قرابت ہونے کے علاوہ اُسکے اور اوصاف بھی اُنمین پائے جاتے تھے - وہ وہی عقل سلیم اور استقلال مزاج رکھتی تھین جسکے لیے وہ اسکاچ جو اُلسٹر مین آکر آباد ہوے کثرت سے مشہور ہین - پس اگر **جان لارنس** کا یہ قیاس صحیح تھا کہ اُنمین جو کچھ مادّہ یعنی یہ کہ جو بہادری خوبی لیاقت ثابت قدمی اور اولوالعزمی تھی وہ سب اُنکے باپ کی طرف سے تھی تو یہ امر بھی گو وہ خود اس سے واقف ہون یا نہون اُس سے کچھ کم صحیح نہین ہے کہ اُنکی تمجھ بوجھ تنفر تکلفت و اسراف اور اُنکے مضبوط مذہبی خیالات جو خاص کرکے اُنکے آخری ایام مین ظاہر ہوے (مگر اصل یہ کہ عمر بھر اُنکے یہی خیالات رہے) مان کی طرف سے تھے - یہ مان وہ تھی جسنے اپنے کسیقدر ضدی اور آزاد منش شوہر کا ساتھ عشرت و عسرت ہر حالت مین جوانی سے بڑھاپے تک نباہ دیا اور کبھی حرف شکایت زبان پر نہ آنے دیا جس مان نے بارہ لڑکون کو قلیل آمدنی سے پال پوس کر تیار کر دیا اور جس مان نے باوصف اس امر کے کہ اُسکو مجبوراً ایک مقام سے دوسرے مقام کو گھومنا پڑتا تھا تمام اہالیان خاندان کو ایک جگہ جمع رکھا اور جس جس مقام مین یکے بعد دیگرے سکونت اختیار کی اُسکو اپنے خاص وطن کا ذاتی مکان بنا دیا

اُسکے اثر کا اندازہ ان باتون کے خاص اور ظاہری نتیجون سے نہین ہو سکتا ہے۔ مرد لوگ اس بات کو بہت کم سمجھتے
ص۱ اور شاید وہ سمجھ ہی نہین سکتے ہین کہ گھر کی بی بی کو سارے خاندان کے خوش رکھنے اور اُسکی خبر گیری کرنے مین کسقدر
جانفشانیان اُٹھانا اور دنیا بھر کا جھگڑا بکھیڑا اپنے ماتھے مندھنا اور ہزارہا باتین سننا پڑتی ہین۔ جب اُسکو ان باتون
مین کامیابی ہوتی ہے تو اُسکی کوششون کا حال کسیکو معلوم ہی نہین ہوتا کہ کیا اُسنے کیا اور کیا نہین کیا تھا۔ اُسکی
کامیابی کی کوششین کوئی نہین دیکھتا۔ اور اُسکی خواہش بھی بجز اُسکے اور کچھ نہین ہوتی ہے۔ اور اگر ناکامی ہوتی ہے
(کیونکہ اسکو اکثر ہونا لازم آتا ہے) تو الزام اُسی کے سر پڑتا ہے۔ تاہم ایسی عورت کا اثر بہت قوی اثر ہے۔ یہ ظاہر مین
محسوس نہین ہوتا باطن مین معلوم ہوتا ہے لوگ ظاہر مین اُسکے مقر نہین ہوتے مگر باطن مین معترف ہوتے ہین
یہ اثر خاندان کے تمام لوگون پر موثر ہوتا ہے بلکہ جسوقت وہ یعنے گھر کی بی بی مرجاتی ہے تو بھی اُسکا اثر باقی رہ جاتا ہے
اور جو لوگ اُس اثر کے فیضان سے تعلیم و تربیت پاتے ہین وہ عمر بھر اُسکے مقر و معترف رہتے ہین اور دل ہی
دل مین اُسکا خیال رکھتے ہین۔ اسی طرح کے ایک اثر (اور وہ نہایت ہی مقدس اور عزیز ترین یادداشت سے ہے)
سے ہماری اس کتاب کے پڑھنے والون کو بھی آگاہی ہوگی اور اسیطرح کا اثر لیڈی شیاناکس مین بھی تھا چنانچہ جو چھپان ہمکو
دستیاب ہوئین اُنسے یہ امر بخوبی ظاہر ہوگیا۔

کچھ یہ بات نہین ہے کہ **جان لارنس** کی والدہ کا طریقہ بہت ہی مرغوب یا دل پسند ہو یا جو خاندان اُنسے
سترتب ہوا تھا وہ ایسا ہو کہ آج کل کوئی خاندان اُس قسم کا نہ پایا جاتا ہو۔ مگر یہ کہ حالانکی انتظام بہت پختہ تھا جو قاعدہ بندی
تھا اُس مین سرمو فرق نہین ہونے پاتا تھا۔ اسراف کا تو نام نہین تھا بلکہ یہ کہیے کہ آسایش اور آرام کا سامان بھی نہ تھا
سوائے اِسکے اور کوئی بات ممکن نہ تھی۔ بوڑے کرنیل کا کتب خانہ بالکل مختصر طور کا تھا۔ **جان لارنس** تواریخی
حالات کے شائق اور تحقیق کے طلبگار رہتے اور نثری لارنس منطقی خیالات اور دلائل و براہین کی طرف متوجہ تھے
پس اس کتب خانہ سے اُنکی نوجوان طبیعتین کسیطرح سیر نہین ہو سکتی تھین۔ کرنیل کے کتب خانہ سے تو اُنکی زندگی کی
داستانین زیادہ پُر ماجرا تھین اور **جان لارنس** کی زبانی ہم نے سنا ہے کہ جب اُنکے بڑے بھائی نہین ہوتے تھے
اور دیہات مین کہین جانیکا اتفاق ہوتا تھا تو وہ اکثر یہ قصے اپنے باپ کی زبانی سنا کرتے تھے۔ انسے زیادہ تر لطیف
وہ مکان ہوگا جہان دایۂ ضعیفہ مسماۃ مارگریٹ بچون کے فائدہ کے لیے غذا کے اُن سخت اور ناگوار قواعد کو شکست
کر دیتی تھی جو اُنکی تندرستی کے لیے ماں باپ نے مقرر کیے تھے اور ان سب باتون سے زیادہ اُنکی فرشتہ خصال خالہ
کا نیک اثر پڑا ہوگا جنھون نے کئی سال تک لارنسون کے ساتھ سکونت اختیار کی اور اُنکے کمرے مین گھر بھر کے لوگ
بڑی خوشی سے جا کر بیٹھا کرتے تھے۔ یہ وہ نیک محضر بی بی تھین جنھون نے اپنی ابتدائے عمر سے نیک کامون کی
ص۱۱ طرف رغبت کی اور اپنی جوانی اُن پر تصدق کر ڈالی اور اب اُنکی ساری خوشی یہ رہگئی تھی کہ دوسرون کی خوشی سے

وہ مسرت حاصل کرین۔

الگزینڈر لارنس اور اُنکی زوجہ کی عکسی تصویرین اب تک موجود ہین اور قطع نظر اُس دلچسپی کے جو اس بات کا خیال کرکے پیدا ہوتی ہے کہ مان باپ سے لڑکون کا چہرہ کہانتک ملتا ہے ان تصویرون مین ہر ایک اپنا اپنا اثر الگ الگ دکھاتی اور اپنی اپنی داستان جدا جدا یاد دلاتی ہے۔ اس بہادر تجربہ کار سپاہی کی شبیہ مین جو اُسکے سب سے بڑے فرزند حی القائم سر جارج لارنس کے پاس موجود ہے علاوہ چہرہ کی اُن شکنون کے جو خاندان لارنس کی شناخت کی علامت ہے اور جن کا حال تمام دنیا کو معلوم ہے کہ صاحب سوانح عمری ہذا کے چہرہ پر بھی پائی جاتی تھین عارض راست پر تلوار کے اُس گہرے زخم کی نشانی پائی جاتی ہے جو اُنکی ابتدائی لڑائیون مین ایک مرتبہ اُنکے لگا تھا اور چونکہ داہنے ہاتھ کا صرف ایک حصہ باقی رہگیا تھا اسوجہ سے تصویر مین اُس ہاتھ کو دیکھکر یاد آتا ہے کہ قلعہ سری رنگپٹن کو گولون سے اوڑا کر اُنھین نے فتح کیا تھا مان کا مرقع بڑا ہے اور اُنکے سب سے چھوٹے بیٹے جنرل رچرڈ لارنس کے پاس ہے جنکا حال مین آگے بیان کرونگا کہ غدر کے زمانے مین بمقام سیالکوٹ ولاہور اپنی مستعدی اور بہادری سے اُنھون نے کیسے کیسے کارنمایان کیے۔ چونکہ یہ بی بی مزاج کی بڑی سیدھی تھین اور اُنکے بیٹے جو کچھ دیا کرتے تھے صرف اُسی سرمایہ سے اپنی ضعیفی مین سب کاروبار چلاتی تھین اس سبب سے اُنھون نے اپنی تصویر کبھی نہ اتروانے دی حالانکہ اُنکا گھر بھر اُنکی منت و آرزو کرتا رہا۔ شاید اُنکے ذہن مین یا تو یہ بات آئی ہوگی کہ تصویر کھچوانے مین مفت روپیہ برباد ہوگا یا جان ٹاکس کی نسل مین ہونیکی وجہ سے اُنکو یہ خیال گذرا کہ تصویر کھچوانے مین ایک طور کی نخوت و خودنمائی متصور ہے لیکن جس بات کو اپنے لیے اُنھون نے گوارا نہین کیا وہ بچون کے لیے کرنے پر رضامند ہوگئین۔ چنانچہ اُنکی بیٹی اُنکے پہلو مین بیٹھی اور مصور نے اپنا کام تمام کیا لیکن جب تصویر بنکر تیار ہوئی تو اُسکو دیکھکر وہ سخت متحیر ہوئین کہ بیٹی کی تصویر تو نہین خود اُنھین کی تصویر بنائی گئی ہے اور اپنے دل مین خیال کیا کہ بیٹی کا بیٹھنا لنا محض دھوکا تھا۔ فی الواقع یہ ایک قسم کا جائز فریب تھا اور ضعیف لیڈی بخوبی تمام اُس فریب پر راضی ہوگئی تھین۔ مرقع مین وہ سیدھی بیٹھی ہین مصور کیطرف یا نگہ تماشائی کی جانب نگاہ ہے صورت سے صفائی اور تھراپن اور چہرہ سے سنجیدگی اور متانت تشریح ہوتی ہے ٹوپی اونچی قبہ دار اور چوڑا کالر اور شال پہنے ہوے ہین جو کاندھون پر الپینون کے سہارے تھما ہوا ہے۔ یہ اُنکی جوانی کے ایام کی وضع تھی اور وہ وضع اُنھون نے انقلاب ایام کی وجہ سے بدلی نہین تھی ہاتھ مین کوئی شے لیے بن رہی ہین اور بالکل اپنے کام مین مصروف ہین اُسکی کچھ خبر نہین کہ جس شخص کی طرف وہ دیکھ رہی ہین وہ اُنکے ساتھ کیا فریب کر رہا ہے۔

ص۱۲ یہ ایک مسلم الثبوت امر ہے کہ بھائیون اور بہنون کے کسی بڑے کنبہ مین اگر کوئی بہن سب مین بڑی ہوتی ہے تو اُسکا ہونا بہت غنیمت سمجھا جاتا ہے۔ وہ اگر بزرگی کی لیاقت رکھتی ہے تو اُسکے اثر سے تمام خاندان کے لوگ نیک راہ اور بردباری سیکھتے ہین خراب باتون کو چھوڑ دیتے ہین اور اپنے اطوار درست کرکے عروج حاصل کرتے ہین۔ وہ

ایک مرکز ہوتی ہے جسکے گرد تمام خاندان کے لوگ محیط ہوتے ہین - اگر وہ کچھ بھی کسی امر مین اُس سے اتفاق کرتے ہین تو اُنکا اتفاق یہ ہے کہ اُسپر کامل بھروسہ کرنے لگتے ہین چنانچہ یہی بات خاندان لارنس کے حصہ مین بھی آئی تھی - سب سے بڑے بیٹے نے تین برس کے سن مین قضا کی اور جس روز اُسنے قضا کی اُسی دن لیٹیشیا پیدا ہوئی گویا بہن بھائی کے قائم مقام ہوکر آئی اور فی الواقع وہ اس قائم مقامی کے قابل تھی - وہ اپنے سب سے زیادہ نامور بھائی کے مانند ہمت اور حکمرانی کی قوت رکھتی تھی لیکن ان صفتون کے ساتھ اُسمین عورتون کا حلم اور رقیق القلبی بھی شامل تھی وہ دنیا کی اور عورتون کی ایسی نتھی جو اکثر دیکھنے مین آتی ہین کہ مردون پر اپنا دباؤ ڈالنے مین اپنا بڑا فخر سمجھتی ہین اور اس بات مین خوشنود ہوکر دوسری عورتون کی عادتین ایسی بگاڑ دیتی ہین کہ ہر شخص اُنکی جانب سے منھ موڑ لیتا ہے اور کوئی اُنکی طرف رغبت سے نہین دیکھتا ہے ایسی عورت لیٹیشیا اور اُسکے بھائیون کو بھی مکروہ معلوم ہوتی - اُسکی بھاوجون پر بھی جنمین بعض بعض نہایت ہی نیک اطوار اور عدیم المثال تھین اُسکا اثر پڑتا تھا اور اُسنے آخر وقت تک اپنا واجبی اثر جو اپنے بھائیون پر قائم رکھا اُسکی وہ کبھی شاکی نہین ہوئی وہ کل خاندان کی مشیر اور رہنما تھی - اُسکی مرضی قانون کا اثر رکھتی تھی اور اسکا سبب کچھ یہ نتھا کہ اُسکے مزاج مین ضد ہو بلکہ باعث یہ تھا کہ اُسکے مزاج مین خود مطلبی نہ تھی - جسطرح قدیم زمانے مین لوگ اہنیہوتر فل سے غیب کی باتین دریافت کرنے آتے تھے اسیطرح اُسکے مستقل مزاج بھائی اُسکی صلاح لینے آیا کرتے تھے چنانچہ اُسکے بھائیون کے اطوار زیادہ اُسکے درست کیے ہوے تھے جیسا کہ مین آگے چلکر بیان کرونگا - جب بھائی بہن سے گفتگو کرنے لگتے تھے تو اُسوقت اُنکی سختی اور درشتی سب جاتی رہتی تھی - اُسکے وقت وفات تک اُسکے بھائی ہمیشہ اپنی ہر ایک مشکل بیان کرتے رہے اُسکے ہر رنج و راحت مین شریک رہے اور برابر شفقت اور کشادہ دلی کے ساتھ اُس سے خط کتابت کرتے رہے -

سر ہنری لارنس کا جو خیال اُسکی طرف اور اُنکا جو خیال سر ہنری لارنس کیطرف تھا وہ اُن لوگون پر مخفی نہین ہے جنھون نے دونون کی باہمی تحریرات کو پڑھا ہے - سر ہربرٹ ایڈورڈس نے ان تحریرات کا اکثر حوالہ دیا ہے اسیطرح جان لارنس نے بھی باوصف عدیم الفرصتی اور کثیر الاشتغالی ہمیشہ بہن سے خط کتابت جاری رکھی اور جان لارنس کا جو خیال بہن کے بارے مین تھا وہ اس بات سے بخوبی ظاہر ہے کہ جب اُنھون نے بہن کے انتقال کی خبر سنی تو جوش غم مین اگر کہنے لگے کہ اگر مین جانتا کہ اب بہن مجھکو پھر دیکھنے کو نہ ملیگی تو مین ہرگز ولیسرائے ہوکر ہندوستان نجاتا - بھائی بہن کے درمیان جو خط کتابت ہوئی تھی اُسکو دونون نے بڑی حفاظت سے تبرک کیطرح رکھ چھوڑا تھا اور جب جان لارنس ہندوستان سے وطن کو واپس آئے تو دیدہ و دانستہ اُن چٹھیون کو نیست و نابود کر ڈالا -

اُنھون نے اِن چٹھیون کی اشاعت مین عذر کیا اور ظاہر ہے کہ اس طرح کی خانگی چٹھیون کی اشاعت کوئی شخص قبول نکریگا لیکن راقم سوانح عمری ہذا کو اس سے جسقدر نقصان پہونچا ہو وہ تھوڑا ہے کیونکہ اُسکا قصد تھا کہ اس بارے مین جو مصالح اُسکو مل سکے اُس کے ذریعہ سے لارڈ لارنس کے باطنی اوصاف اور حلیمانہ صفتون کے حق مین زیادہ ص ۱۳

انصاف کرے۔ دو چیمیان جو مجھکو کسی نہ کسی طرح دستیاب ہوئی ہین اُنسے بیشک یہ باتین ثابت ہوتی ہین۔ مین پھر کہتا ہون کہ اُن چیمیون کے ضائع ہونے سے مصنف سوانح عمری ہذا کا بڑا نقصان ہوا لیکن ایک بڑی دقت سے البتہ چھٹکارا ملا اور وہ یہ ہے کہ یہ تمام چیمیان ایسی نایاب اور بیمثال ہونگی کہ اُن مین سے ایک کو شایع کرتے اور دوسرے کو چھوڑتے ہمسے بن پڑتا

الغرض خاندان **لارنس** کی عام کیفیت اور اُسکے رہنے کے مکان کی حالت یہ تھی۔ کہ وہ ایک چلتا پھرتا گھر تھا جو ۱۸۱۱ء سے ۱۸۱۳ء تک رچمنڈ، ۱۸۱۳ء سے ۱۸۱۵ء تک گرنزی، ۱۸۱۵ء سے کرنیل کی موقات تک سیٹنڈاو کلفٹن برابر لارنس کے ہندوستان سے انگلستان واپس آنیکے بعد یہی جگہین صدر مقام خاندان رہین۔ پہلے پہل ۱۸۱۱ء مین اس خاندان کے لوگون مین تفرقہ پڑا۔ الگزینڈر جارج اور ہنری یہ تینون بڑے بیٹے مقام گرنزی لنڈن ڈیری کے فرنچ گرامر اسکول کو بھیجے گئے۔ یہ مدرسہ سینٹ اگسٹین گرجا گھر کے متصل مشہور سینڈن ٹورٹرس کی چار دیواری کے اندر واقع ہے اور اُنکے ماموں پادری نکاس اُس زمانہ مین اُسکے مہتمم تھے۔ اُسوقت یہ مدرسہ ایک انقلابی حالت مین تھا کیونکہ دوسرے برس اُسکے متولیون نے ایک ایسی نظیر قائم کی کہ آج تک لنڈن کے بڑے اسکولون کے مہتمم اُسکی تقلید شروع کرتے جاتے ہین اُنھون نے اختیار دیا کہ مدرسہ مذکور شہر کے اندر سے منتقل کیا جائے اور ڈاکٹر وینم نکاس کی مساعی جمیلہ سے جو اُسوقت ڈیری کے پشپ تھے اُنھون نے یہ مدرسہ ایک نہایت ہی عمدہ مقام پر از سر نو قائم کرایا۔ ص۱۱

یہ جگہ جو اسکول کے لیے منتخب کی گئی تھی ایک پہاڑی پر واقع تھی جہان سے مذکورہ بالا تاریخی قلعہ اور دریاے فوائل کے دھالو کنارے اور اُسکے اُس پار کے خوش سواد گانون صاف دکھائی دیتے تھے۔ اس دریا کا پاٹ بہت چوڑا تھا اور اُسی کے اعتبار سے اس مدرسہ کا نام فوائل کالج رکھا گیا۔ جولڑکے یہان تعلیم پاتے تھے اُنکی اعلی طبعی گرگی اور تاریخی ذوق کے اُبھارنے کو یہ جگہ بہت ہی موزون تھی۔ لیکن سب سے زیادہ بوڑھے کرنیل کو یہان اپنے لڑکون کے بھیجنے کی اسوجہ سے رغبت ہوئی کہ ہیڈ ماسٹر بینے افسر مدرس اُنکے عزیز ہین اور اسوجہ سے لڑکے سال بھر وہین رہسکینگے بینے یہ کہ اُنکو کبھی تعطیلون مین چھٹی نہ ملا کریگی۔ جب تک وہ وہان رہے میرے نزدیک اُسوقت تک گورنسی سے لنڈن ڈیری کے آنے جانے مین کبھی اُنکا وقت یا روپیہ بیکار صرف نہین ہوا۔

خیر اب ہم ان تینون بڑے بھائیون کا ذکر چھوڑ کر اُنکے چھوٹے بھائی کا ذکر کرتے ہین کہ اس زمانہ مین اُنکی کیا حالت رہی۔ اُنکے بارے مین ایک یا دو حقیقتین بطور یادگار باقی ہین۔ اُنکی بہن لیٹیشیا بیان کیا کرتی تھین کہ میرے دل مین اُنکی طرف سے پہلے پہل مادرانہ محبت اُس روز سے پیدا ہونے لگی جب مین نے ایک دن اُنکو زار زار روتے دیکھا اور وجہ دریافت کی تو یہ معلوم ہوا کہ کسی طرح سے ایک چنگاری اُنکی ٹوپی کے تسمہ اور گال کے درمیان آگئی تھی اُنکا سن اُسوقت بہت چھوٹا تھا اور بچون کی ٹوپی پہنے تھے اس چنگاری سے اُنکے رخسار پر داغ ہوگیا تھا اور اُنکا نشان اُنکی تمام عمر نگیا۔ ایک اور افسوسناک واقعہ اُس مصیبت کی مماثلت سے جو بڑھاپے مین اُنپر پڑی تھی اس مقام پر قابل بیان ہے کیونکہ

ہُو بُہو وہی سانحہ تھا جو سن شیب مین اُنپر گذرا تھا۔ جب وہ پانچ برس کے تھے تو ایک مرتبہ بُری شدت سے انکو آشوب چشم کا عارضہ ہوا جس سے سال بھر تک انکو ایک تاریک کمرہ مین مقید رہنا پڑا۔ وہ کوچ پر لیٹے رہتے تھے اور اپنا ہاتھ اپنی بہن یا دایہ پر رکھے رہتے تھے جو زور زور سے اخبار خواہ تمامین انکو پڑھ پڑھ کر سنایا کرتی تھین۔ اس زمانہ مین ان لوگون نے انکی جو خبر گیری کی تھی اُسی سے وہ اپنے آخری ایام مین دونون کے معتقد رہے اور کہا کرتے تھے کہ گو یہ کسی وقت اور کسی مقام مین ہون مگر مین اُنکے ہاتھون کو چھو کر پہچان لونگا۔ انکو اپنے بچپنے کی باتون مین بعض بعض ص۱ حالات اُس مشہور زمانہ کے بھی یاد تھے جب دائر لوئین تو دن تک لڑائی رہی تھی اور چارون طرف گولون کی آواز گرجتی تھی۔ اُنکے اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی سوانح عمری کا ایک حصہ مجھکو ملگیا ہے جسمین اُنھون نے بیان کیا ہے کہ چونکہ بڑے بھائیون کے مکان پر نہ رہنے سے مجھکو باپ کی صحبت کا موقع زیادہ تھا اسواسطے جب کبھی وہ سیر کرنے جاتے تھے تو مین بھی اُنکے ساتھ ہولیا کرتا تھا اور اُن عبرت انگیز لڑائیون کے حالات سُنا کرتا تھا جن مین اُنھون نے انتہائے مرتبہ کی اولوالعزمیان ظاہر کی تھین اور اُنکا کچھ صلہ نہ پایا تھا۔ شائد اس حرمان زدہ کارآزمودہ سپاہی کے دل مین یہ خیال نگذرا ہوگا کہ انھین قصّون سے لڑکون کے دل مین وہ وہ فوجی امیدین اور ولولے پیدا ہوجائینگے جو کسیطرح رفع نہو سکینگے۔ کیونکہ اُسنے اپنی مایوسی کی حالت مین نہان لیا تھا کہ اگر میرا قابو چل سکا تو مین اپنے کسی بیٹے کو اُس صیغہ کی ملازمت مین نہ آنے دونگا جسکا صلہ مجھکو اچھا نہین ملا۔

جان لارنس کے ابتدائی ایام کا ایک واقعہ جو اُسکی دلپسند دایہ سمّاۃ مارگرٹ سے تعلق رکھتا ہے مین اس مقام پر اُنکی چھوٹی بیٹی سمّاۃ ماڈ کی زبانی اور قریب قریب اُنھین کی عبارت مین بیان کرتا ہون۔ وہ بہت افسوس سے اس قصّہ کو بیان کیا کرتے تھے اور ایسے لوگ شاذ ہی ہونگے جنھون نے لارڈ لارنس کے مُنھ سے کوئی قصّہ سُنا ہو اور اُسکو فراموش کر گئے ہون۔ **جان لارنس** کہتے ہین کہ۔

جب مین چار پانچ برس کا تھا اور اپنے والدین کے ساتھ مقام آسٹنڈ مین رہتا تھا تو ایک روز میری دایہ مارگرٹ اُس وقت کھانا پینا خریدنے کے لیے بازار کو بھیجی گئی اُسکو پانچ پونڈ کا نوٹ دیا گیا تھا کہ جو سودا درکار ہو وہ خرید کرے اور باقی نقد پھیرتی لائے جب مین نے سُنا کہ میری دایہ بازار کو جاتی ہے تو مین اُسی وقت دوڑا ہوا اپنی مان کے پاس گیا اور اُنسے اجازت مانگی کہ اگر آپ کہین تو مین بھی دایہ کے ساتھ بازار جاؤن اُسکے ساتھ جانیکا مجھکو بڑا شوق رہتا تھا کیونکہ وہ مجھسے ہمیشہ طرح طرح کے قصّے جادوگرون کے بیان کیا کرتی تھی اسوجہ سے مین اُسکے پہلو مین چلتا تھا اور وہ راستہ بھر مجھکو محظوظ کرتی گئی جب ہم بازار مین پہونچے تو اُسنے بہت سی چیزین خریدین ایک جگہ دو چڑیان ایک جگہ ترکاری خریدی ایک مقام پر روئی یا آٹا اور دوسری جگہ اور ضروریات کی چیزین مول لین۔ اب سنیے کہ اگرچہ مارگرٹ روز یہان آیا کرتی تھی اور سب لوگ اُسکو اچھی طرح سے جانتے تھے لیکن اسقدر روپیہ لیکر پہلے کبھی وہ نہین آئی تھی۔ اس سے شبہہ پیدا ہوا نوٹ کا روپیہ کسی نے

ندیا اور اکثر لوگون کو خیال ہوا کہ دال مین کچھ کالا ہے آخر کار اس کا ایک ہنگامہ مچ گیا دو کاندارون نے اُسکو متہم کرنا شروع کر دیا اور وہ یہی کہتی رہی کہ مین بیقصور ہون۔ انجام کار یہ رائے قرار پائی کہ اسکو مجسٹریٹ کے پاس لیجائین اور وہان اُسکا اظہار لیا جاوے۔ جب لوگ اسکو مجسٹریٹ کے اجلاس مین لیگئے تو اُسنے سوال کیا کہ تم کون ہو اور تمھارے مالک کا نام اور تمھارا پیشہ کیا ہے وہ بالکل حواس باختہ اور خائف ہوگئی اور ایک بات بھی اُس سے نہ کہی گئی اتنا تو اُسنے کہا کہ مین کرنل لارنس کی نوکر ہون اور اُنکا یہ چھوٹا لڑکا میرے ساتھ ہے مگر سوائے اِسکے اور کچھ نکہا گیا۔ جب مین نے اپنا نام سُنا تو اپنے دل مین خیال کرنے لگا کہ مجھ سے کچھ کیون نہین پوچھا جاتا ہے حالانکہ سب کے پہلے مجھ ہی سے سوال کرنا تھا مین سوچا کہ تک جو مین مارگرٹ کے پیچھے کھڑا رہا تو اسکا موقع نہین تھا اور اب مجھکو آگے بڑھکر گفتگو کرنا چاہیے چنانچہ مین آگے بڑھا اور جسقدر میرے گلے مین سکت تھی اُس قدر زور سے چلاکر یہ کہنا شروع کیا کہ "صاحب یہ کیا بات ہے۔ یہ تو ہماری پُرانی دایہ مارگرٹ ہے یہ نہایت ہی نیکبخت عورت ہے۔ اور جو کچھ وہ کہتی ہے سب سچ کہتی ہے مین اُسکے ساتھ بازار مین کھانے کی چیزین خریدنے آیا تھا اور یہ نوٹ اُسکو ابا جان نے دیا ہے۔ مین سمجھتا ہون کہ اگر تم اُسکو چھوڑ دوگے تو تم بہت واہیی بات کروگے کیونکہ میرے ابا جان خوب جانتے ہین کہ مین جو کچھ کہتا ہون سب سچ کہتا ہون" اب مجسٹریٹ کو صاف صاف معلوم ہوگیا کہ یہ معاملہ بالکل صاف تھا اس سبب سے آسنے کچھ تعرض نکیا اور بڑی آشتی کے ساتھ گھر جانیکی اجازت دی جب ہم ہانسے چلنے لگے تو مجسٹریٹ نے مجھسے کہا کہ "شاباش میان صاحبزادے شاباش تمنے اپنی دایہ کی خوب ہی وکالت کی" مجھکو اِس بات پر بہت ہی فخر و ناز ہوا اور مارگرٹ کے ساتھ یہ سوچتا ہوا مکان کی طرف واپس چلا کہ مین بھی بڑا جلیل القدر شخص ہون مارگرٹ میری خبرگیری کرچکی اب مین خود اسکی خبرگیری کرونگا۔

ص ۱۶

سنہ ۱۸۲۶ء مین جب یہ تینون بھائی فوائل کالج سے واپس آئے تو جان لارنس کو پہلے پہل اپنے بھائی ہنری کی صحبت نصیب ہوئی یہ بھائی وہ تھا جسکے سوانح اور خصائل ایک دوسرے سے نہایت متحد تھے اور اسپر بھی جان لارنس کی باتون مین زمین و آسمان کا فرق تھا۔ یہ دونون بھائی گرین کالج واقع برٹل کو مسٹر گف کے اسکول مین پڑھنے کے لیئے بھیجے گئے جو دن کے پڑھنے کا مدرسہ تھا اور جان جو بقول خود ایک "آٹھ برس کے چھوکرے" تھے اپنے بھائی ہنری کے ساتھ جو اُس زمانہ مین ایک تیرہ برس کا لحیم شحیم لڑکا تھا اُس پہاڑی سے جو کلفٹن اور برٹل کے درمیان واقع ہے دن بھر مین چار بار آیا جایا کرتے تھے۔ جان لارنس کی بہن کو یاد ہے کہ جب وہ دن بھر کی محنت کرنے اور اتنی دور جانے آنے کے بعد تھکے ماندے آتے تھے تو رات کیوقت آتش خانہ کے قالین پر پانون پھیلا کر لیٹ جاتے تھے اور دوسرے دن کا سبق یاد کرتے تھے۔ اس طالبعلمی کے زمانہ کا ایک قصہ سر ہربرٹ اسٹوارٹ کے حوالہ پر خاص جان لارنس کی عبارت مین منقول ہوچکا ہے۔ لیکن چونکہ یہ حالات نہایت مستند ذریعہ سے دریافت ہوے ہین اسواسطے اُسی کے تعلق پھر ہم ایک واقعہ بیان کرتے ہین۔

مجھکو یاد ہے کہ جب ہم دونون آدمی برنٹس کے اسکول مین تھے تو اُسوقت اسکول کا چپراسی اُو فلاہارٹی نامے ایک غریب آیرشین تھا اُسنے ہیڈ ماسٹر کا کوئی قصور کیا تھا جسپر ماسٹر موصوف نے تمام لڑکون کو بلایا اور بیر پر کھڑے ہو کر ایک طول طویل تقریر کی اور اُسمین اُو فلاہارٹی کی نسبت بیان کیا کہ یہ میری آستین کا سانپ ہے اور بعض لڑکون کی نسبت جنھون نے اوفلاہارٹی کی شرکت کی تھی کہا کہ وہ بمنزلہ قاتل کے ہین جنھون نے میرے گہرے زخم لگائے۔ اُس زمانہ مین میری عمر صرف آٹھ برس کی تھی یہ باتین کچھ میری سمجھ مین نہ آئین لیکن جب مین ہنری کے ساتھ جنکی عمر اُسوقت چودہ برس کی تھی گھر کو جانے لگا تب مین نے اُنکی طرف خطاب کرکے کہا کہ یہ قاتل کون ہے جسنے ہمارے ماسٹر صاحب کے زخم لگائے ہین۔ ص۱

ہنری نے بہت ہی آہستہ کہا کہ "وہ قاتل مین ہون"۔ اس خاص جھگڑے کی بابت مجھکو خوب یاد ہے کہ ایک روز ہنری کو بہت تڑکے بیدار ہوتے دیکھکر (کیونکہ ہم دونون بھائی ایک ہی کمرہ مین سوتے تھے) مین نے پوچھا کہ تم کہان جاتے ہو۔ اُنھون نے جواب دیا کہ برانڈن ہل کو ٹامس سے لڑنے جاتا ہون۔ اور یہ ٹامس وہ تھا جسنے اسکول کے سارے لڑکون کو تنگ کر رکھا تھا۔ مین نے پوچھا مین بھی تمھارے ساتھ چلون۔ اُسنے کہا کہ تمھارا دل چاہے تو چلو۔ مین نے پوچھا تمھارا انکی کون ہے۔ ہنری نے جواب دیا کہ اگر تم چاہو تو تمھین بتلو۔ الغرض ہم لوگ برانڈن ہل کو ٹامس سے مقابلہ کرنے گئے مگر ٹامس اُس اکھاڑے پر جہان کی بدولت ہوئی تھی نہلا اور اس سبب سے ہم فتح کی جھنڈی اڑاتے ہوے واپس چلے آئے اور ٹامس کو اسکول مین ہاری ماننا پڑی۔ پیدایش کے اعتبار سے تو ہنری ایک بڑا قوی ہیکل جوان تھا مگر ظاہر ملک برہاک نجار نے اُسکو چور کر ڈالا اور وہان سے واپس آنیکے بعد وہ عمر بھر لاغر اندام اور ضعیف ہی رہا۔

ایسے اسکول مین نرمی کا برتاؤ ممکن نہین ہے اور شاید قہقہی بہترین آلہ نصیحت ہے۔ بہرکیف اسکے برسون کے بعد ایک شخص نے لارڈ لارنس سے جب پوچھا کہ کیا آپ کے اسکول مین قہقہی کا استعمال بہت ہوتا تھا تو اُنھون نے کرہا اور مجملاً کہا (اور مین نے بہت تلاش و تجسس سے اس بات کو بخوبی دریافت کر لیا ہے کہ جس مدرسہ کا یہ ذکر ہے وہ نوائل یا راگزال تھا بلکہ کالج گرین تھا) کہ "مجھپر اسکول مین روز مار پڑتی تھی ایک روز بچ گیا تھا تو دوہری مار پڑی" اب اُس اسکول مین اُنکے جانیکا وقت آیا جہان نرمی کا برتاؤ تھا اور ۱۸۲۳ء مین جب اُنکی عمر بارہ برس کی تھی تو فوراً کالج مین اپنے ماموں کے سپرد ہوے۔ اس اسکول کو گذشتہ دو سو برس سے شمالی ایرلینڈ کے ساتھ وہی مناسبت رہتی چلی آئی تھی جو ونڈسر اسکول کو دو سو برس تک ویون شائر اور کارنوال سے رہی یعنے تعلیم تو ہوتی تھی مگر اُس گروہ نواح کے چیدہ رؤسا زادے تھے اُنکے موافق اعلیٰ درجہ کی تعلیم نہ تھی اور اگر مندرجۂ بالا بیان کے مطابق تصور کیا جائے کہ خاندان لارنس کے لڑکون کے حوصلے اسی اسکول سے بڑھے تو دیکھنا چاہیے کہ اُس زمانہ کے لڑکون کی ترقیان دیکھکر اس زمانہ کے لڑکون مین بھی وہی جوش پیدا ہونا چاہیے۔ جب سے اُلسٹر کی آبادی ہونے لگی اُسی زمانہ سے برابر اس

ص۱ اسکول سے نامی گرامی طلبا نکلنے لگے۔ اور غالباً اتنے بڑے اسکول کے برابر اُس زمانہ کا کوئی اسکول ایسا نہو گا جو اس بات کے لیے مشہور ہو کہ اُس زمانہ مین فوایل کالج کے برابر اُس اسکول سے نامی گرامی طلبا تیار ہو کر نکلتے ہون۔ اُنمین سر جارج لارنس شیر دل اور بہادر قیدی افاغنہ وسکھ سر ہنری لارنس سر جان لارنس اور سر رابرٹ منٹگمری ایسے لوگ تیار ہو کر نکلے تھے۔ یہ بھی ایک عجیب اتفاق کی بات ہے کہ سر جان لارنس اور سر ہنری لارنس اور منٹگمری نے ایک ساتھ پنجاب کی فرمانروائی کی اور اُن بہادرون کی جدوجہد مین جنھون نے ہماری سلطنت ہندوستان کو بچا لیا یک دل اور یک زبان ہو کر کارہاے نمایان انجام کیے۔

جان لارنس کے مرنے کے بعد اُنکے چند ہم مکتبون سے جو زندہ باقی رہگئے تھے بہت خبرداری کے ساتھ مین نے استفسار حال کیا لیکن اُنکے بیان سے مجھکو یہ دریافت نہو سکا کہ اسوقت تک بھی جب اُنکی ساری کارگزاری ختم ہو چکی اور اُنکے حالات پر از ابتدا تا انتہا لحاظ کرنیکا موقع حاصل ہے اُنکے نزدیک وہ کبھی ہونہار پائے گئے ہون یا وہ یہ سمجھتے ہون کہ اُس زمانہ مین پائے جاتے تھے اُنکی موجودہ کیفیت سے اُنکی آیندہ حالت کبھی معلوم ہی نہین ہوتی رابرٹ منٹگمری اُنکی طالبعلمی کے زمانہ مین اور اُس زمانہ کے بعد اور جنوبی کنشنگٹن مین بھی اُنکے جانی دوست اور رفیق رہے انکو صرف یہ یاد آتا ہے کہ "وہ ثابت قدم اور تندمزاج شخص تھے اور جب ہم دونون آدمی ساتھ ساتھ ٹہلنے جاتے تھے تو وہ مجھسے محاصرون اور لڑائیون کے بڑے بڑے قصے بیان کیا کرتے تھے"۔ **جان لارنس** خود کہا کرتے تھے کہ مین نے اپنے لڑکپن اور جوانی مین غیر مسلسل طور پر سیری تواریخین اور سوانح عمرایان پڑھ ڈالین۔ اور چونکہ وہ عمر بھر ایک کاربار ی شخص رہے اسلیے اُنکو اسی قسم کی تعلیم ہوئی اور اسی کے وہ طلبگار تھے۔ جب سے اُنھون نے ہندوستان مین قدم رکھا اسوقت سے اُنکو دم بھر کی فرصت نہین ملی جو اعلیٰ درجہ کی تعلیم کے لیے درکار ہے۔ ساری عمر کام ہی کرنے مین بسر ہوئی اس کے اعتبار سے اُنکی تاریخ دانی قابل داد ہے۔ زمانۂ سابق و حال کے نامی گرامی جنرلون نے جو جو معرکہ آرائیان کی تھین یہ اُن سب کے حالات سے واقف تھے۔ اور زبردست منطقیون اور اصل واقف کارون کی طرح اُنپر بحث کر سکتے تھے مجھکو خوب یاد ہے کہ اپنی وفات کے چند روز پیشتر بابتون باتون تاریخ قدیم کے ایک زمانہ یعنے ہنی بال کی لڑائیون کا جسکا مین نے اُس زمانہ مین مطالعہ شروع کیا تھا ایک مرتبہ جو ذکر آیا تو اُنھون نے اُسکے ایسے مفصل حالات بیان کیے کہ مین دنگ ہو گیا۔ پلوٹارک کی سوانح عمری اسکول اور گھر پر ہمیشہ اُنکے ہاتھ مین رہتی تھی۔ اور اپنے آخری زمانہ مین وہ کچھ ظرافت اور متانت سے کہا کرتے تھے کہ جب مجھکو کسی اہم معاملہ مین کوئی شک ہوتا تھا تو مین اُس کتاب کی ورق گردانی کرتا تھا تا آنکہ میرے ص۱۷ مطلب کا کوئی فقرہ اُسمین نکل آتا تھا اور سوانح عمری پلوٹارک کی اس مشورت سے دو ایک تبصیری وہ کاربراری ہوئی ہے جسطرح قرون وسطہ کے طلبا و جیلیلیا نا یا اس زمانہ کے ناخواندہ عیسائی انجیل مین فال نکالتے ہین۔ لیکن مین یہ اپنے ذاتی قیاس سے کہتا ہون۔

بہرحال اُس طالبعلم کے لیے جو تاریخ کا شوق یا فن سپاہگری کا ذوق رکھتا ہو گا لنڈن ڈیری اور اطراف

لنڈن وغیرہ کیا ہی عمدہ مشق کی جگہ ہوگی قدیم زمانہ کی نفیس کلورن توپوں کے درمیان جن مین گولون کے صرف ہو جانیکے بعد سیسہ کی سندی ہوئی بیٹین عظیم پر چلائی گئی تھین اس تاریخی شہر کی فصیلون پر گھومنا اُس کے شہید رَان کی جو حاضر کی پرانی یادگارون اور نشانون سے معمور تھا سیر کرنا اُس کے بُرج پر جہان سے سنتری لوگ دریاے فوائل کیطرف جھانک جھانک کر اُن جہازون کے بادبانون کو دیکھتے تھے جن پر مہودہ رسد آنیوالی تھی اور جو آئی بھی تو ایسے وقت آئی کہ اُنکی نگاہ سے پھر غائب ہوگئی چرمنا پھر کشتی کے ذریعہ سے اُس مقام پر جانا جہان جہاز "مُونٹ جائے" اور "فینکس" آخر کو بڑی مشکلون سے راستہ نکال کر اُن فاقہ زدہ سپاہیون کے لیے غذا لے آئے جو لڑکھڑاتے ہوے بھی آگے نہ بڑھ سکتے تھے کہ اپنی خشکیدہ انگلیون سے کھانیکو تھام سکین اُس میز پر کھڑا ہونا جہان خوشامدی بشپ اِزکیل پاکیشن وعظ کہتا تھا کہ حکام وقت کی اطاعت فرض ہے اور جَانْج ڈاکر وطن دوست بہادر گرج گرج کر کہتا تھا کہ ہم مرتے دم تک اطاعت نہ قبول کرینگے اُس بھانک سے جس کو لنڈنی نامے دغابازنے کھول دیا تھا گذرنا اور اُس مقام کو جہان سے جوڈس کی طرح اندھیرے مین وہ دیوار کے اندر چلا گیا تھا اور آخر کو گرفتار ہوا جانا اور پھر ان کالموز لڑکون کا شریک ہونا جو پیرم نامے مشہور سوار مین مصروف تھے اور اپنی قوم اور فرقہ کے شیطان کی تصویر اتک نکالے ہوے تھے الغرض ان سب باتون کو دیکھکر بالکل بے ذوق لڑکون کو بھی اسکول مین تاریخی جوش پیدا ہوتا ہوگا بلکہ آجتک اُس گرد و نواح کے سنجیدہ مزاج پیچوزین لوگون کے دلون مین بھی وحشیانہ جوش خروج کرتا ہے۔

طلبا سے فوائل کالج کا کھیل تماشا بھی قرب وجوار کی پرجوش کیفیتون کے اعتبار سے اولوالعزمی اور ولولہ کا باعث ہوتا تھا۔ اسکول مین قریب قریب سو لڑکے تھے۔ جو طلبا شب و روز اسکول ہی مین رہتے تھے وہ خاصکر کے اطراف کے پادریون اور شرفاء کے بیٹے تھے اور دن کے پڑھنے والے طالبعلم اصل باشندگان شہر ڈینی کے لڑکے تھے۔ ان رات دن اور صرف دن کے حاضر رہنے والون مین اکثر لڑکے خود بہت امتیاز رکھتے تھے چنانچہ فوائل کی اُس نقلی جنگ سے بخوبی ثابت ہے جو کبھی دونون فریقون کے ایک ایک آدمی اور کبھی اُنکے مجموعی گروہون کے درمیان ہوا کرتی تھی۔ ص۵

ان ہنومڑکی سی لڑائیون کا ایک احوال مین اس مقام پر ڈاکر کینیڈنی کی جرأت مین بیان کرتا ہون جو جان لارنس کے ہمعصر اور نسبتی بھائی تھے اور وہ بھی ان لڑائیون مین شریک ہوتے تھے جیسا کہ آگے کے بیان سے ظاہر ہوگا اُن لڑکون نے جو روز و شب اسکول مین رہا کرتے تھے مدرسہ کے پیچھے کھیت مین ایک ٹیلہ پر سخت مٹی کا ایک قلعہ بنایا تھا اس مین قاعدہ کے ساتھ رات دن پہرے کے سپاہی مقرر ہوا کرتے تھے رات کی کارروائیان کئی ایک باتون کے اعتبار سے خطرناک تھین کیونکہ بدلی کے وقت جو لڑکے سپاہیون کے طور پر جاتے تھے اُنکو اسکول کی لڑکیون سے رنگ رنگ کر باہر نکلنا پڑتا تھا تاکہ اُنکے ماشرون کو اُنکے جانیکی اطلاع نہونے پائے اور دن والے طلبا بعض

اوقات آدھی رات کو سب کے سب یکبارگی خواب سے بیدار ہوکر دفعتہً حملہ کرنیکے لیے کوچ کرتے تھے ڈاکٹر گنیڈی بیان کرتے ہین کہ۔

رات کو مہتاب کی روشنی اور تارون کی چمک مین غنیم کے بڑے بڑے خوفناک حملے ہوتے تھے اور ادھر سے ہم اپنے قلعہ کے بچانے مین جان لڑا لڑا کر کوشش کرتے تھے مگر اتنا غنیمت تھا کہ آلات حرب کے بدلے لاٹھیون کا استعمال نہین ہوتا تھا بلکہ گوبھی کی پیڑی سے کام لیا جاتا تھا جسکو ہم لوگ "وکیل رنٹ" کہتے تھے۔ اگر کوئی طاقتور آدمی پتلے کنارہ کی طرف سے پکڑکر اور ہاتھ گھوماکر مارتا تو یہ بھی لاٹھی کے برابر کام دیسکتی تھی۔ کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ لوگون کے زخم زیادہ نہین لگتے تھے یا زخمیون کی فہرست طول طویل نہین ہوتی تھی۔ ایک مرتبہ کی لڑائی مین کچھ دنون تک میرا ہی کام بند ہوگیا تھا بلکہ اصل تو یہ ہے کہ قریب قریب میرا کام تمام ہی ہوگیا تھا۔ ایک مرتبہ کی مشہور لڑائی مین ہم اپنے ساتھیون سمیت قلعہ سے دھاوا کرنے نکلے۔ بوقت بازگشت ہماری راہ بند ہوگئی اور مجھکو دو شخصون سے جنکے مین کاندھے تک تھا دست بدست جنگ کرنا پڑی مین موقع دیکھکر ایک اونچی آڑ کے پیچھے کے سرے پر چڑھگیا جس سے مجھکو بہت اچھا موقع ملگیا لیکن میری پشت کی جانب سڑک تھی اور جس مقام پر مین کھڑا تھا وہان سے نیچے تک بخط مستقیم بارہ فیٹ کی پستی تھی۔ انھون نے للکار کر کہا کہ خبردار ہتیار ڈالدے مین نے اُس کے جواب مین اپنی گوبھی کی پیڑی حملہ آورون کے سر پر پھٹکارنا شروع کی۔ ایک شخص پر مینے جب وار کیا تو اُسکے اور ساتھی مجھکو میرے پہرے کے مقام سے اور آگے نکال لیگئے اور میری ناگون پر ایک ایسی ضرب لگائی جس سے مین سر کے بل سڑک پر آرہا اُسوقت تک مین نے یہ کثرت نہین سیکھی تھی کہ اپنے کو سر کے بل نہ گرنے دیتا بلکہ اپنے بازوون کو آڑا کر دیتا اور اس سبب سے میرا سر ہی پہلے زمین سے جاکر ٹکرایا خوش قسمتی سے اسکو کچھ زیادہ صدمہ نہین پہونچا اور میری گردن بھی ٹوٹتے ٹوٹتے بچ گئی۔ چنانچہ جب مجھکو آرام ہوا تو میرے حملہ آورنے کہا کہ تمھاری گردن آج تو بچگئی مگر آیندہ کے لیے ہشیار رہنا۔ مین بچ تو گیا مگر میرے دماغ کو سخت صدمہ پہونچا۔

ص ۲۱ **الغرض** لارنس کے وقت کے کھیل اور تماشے جن سے بہادری اور جسمانی قوت کو ترقی ہوتی تھی ایسے اس قصہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُس زمانہ کے طالبعلمون مین کسقدر صحرائیت پائی جاتی تھی جبکا اب کہین نام ونشان نہین ہے اور مین نے جو بیان کیا تھا کہ **جان لارنس** مین انگلش اور آیرش دونون قومون کی صفتین تھین اُسکی تمثیل بھی اس واقعہ سے پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ جب وہ پہلے پہل کلفٹن کے انگلش اسکول مین پڑھنے گئے تو اُنکے ہم مکتبون نے اُنکا نام "پیڈی" (آیرلینڈ کے عام باشندون کی کنیت) رکھا اور آیرش شخص سمجھکر بہتیری لاتین ماریں۔ اور جسوقت وہ آیرش اسکول مین پڑھنے کے لیے بھیجے گئے تو وہان کے طالبعلمون نے "انگلش جان" اُنکا نام رکھا اور یہان انگلشمین ہونیکی وجہ سے اور بھی زیادہ لاتین کھائین۔

فوائل کالج کے طرز تعلیم کا حال ہم نتائج اور اُن باتون سے جو اُن دونون بھائیون نے بسبیل تذکرہ اپنے

آخری ایام مین بیان کیے ہین دریافت کرسکتے ہین۔ یہ تو بہت قرین قیاس ہے کہ وہان اول درجہ کی تعلیم نہ تھی پنچھ سرہنری لارنس نے بیان کیا ہے کہ "میری تعلیم تو صرف لاتین تھین سوائے اُنکے اور مجھکو کچھ نہین سکھایا گیا لیکن لڑکے اکثر اپنے قصوردن کو اگر کلاً نہین تو جزواً ضرور اپنے نزدیک کمال دیانت داری کے ساتھ اپنے اسکول ہی سے منسوب کرتے ہین۔ اور **جان لارنس** نے اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی سوانح عمری کے اُس حصہ مین جو مجھکو دستیاب ہوگیا ہے اور جسکا حوالہ مین ابھی اوپر دے آیا ہون غالباً اس کیفیت کو اور بھی زیادہ انصاف کے ساتھ اسطرح بیان کیا ہے۔ "اسکول اور کالج مین سلسلہ کے ساتھ علی الاتصال مین نے کام نہین کیا اور عمدہ تعلیم کا جو موقع مجھکو ملا تھا اُس سے فائدہ نہین اُٹھایا۔ میری تعلیم گندہ دار رہی ..... جب مین کالج (رچمنڈ سکول) کو گیا تھا تو زبان کنیٹن اور علم ریاضی مین معمولی دستگاہ رکھتا تھا اور یونانی زبان مین خام تھا لیکن غیر مسلسل طور پر مین نے بہت سی کتابین خاص کرکے تاریخین اور سوانح عمریان دیکھ ڈالی تھین اور بالعموم اپنے سن کے اعتبار سے اچھی واقفیت رکھتا تھا"

قانونی تعلیم سے مذہبی تعلیم مین زیادہ تاکید تھی۔ ہِڈ مَاسٹر کی ایک نیک مخصر بہن نے یہ تعلیم خاص اپنے ذمہ لی اور دو دو تین تین دن کے بعد خراب لڑکے کو اپنی عبادتون مین شریک کرنے اور دعائین مانگنے کو ساتھ لیجایا کرتی تھی

جان لارنس اور ہنری لارنس چونکہ شاگرد اور بھانجے بھی تھے اس سبب سے اُن پر دوہری توجہ رہتی تھی۔ اور سر رابرٹ مُنٹگمری کو خوب یاد ہے جسطرح وہ دونون اپنی خالہ کے کمرہ کے قریب سے دبے پانون نکلکر چلے جاتے تھے کہ کسی ڈھب سے بچ جائین مگر اس امر مین اکثر اُنکو ناکامی ہوتی تھی کیونکہ یہ ہوشیار خالہ اُنکی تاک رکھتی تھی اور اچانک دروازہ کھولکر اپنی وعظ سنانے کے لیے اُنکو پکڑ لیجاتی تھی۔ ایام تعطیل مین وہ سبکو زبردستی ایک جگہ جمع کرکے جب اُنکو وعظ و نصیحت کرتی ہوگی تو معلوم نہین اُنکو یہ امر کسقدر شاق گذرتا ہوگا۔ ص۲۲

گو جان لارنس مین مذہبی صلاحیت عرصہ سے موجود تھی مگر اسمین شک نہین کہ اُنکے عقائد اسوقت سے زیادہ تر مضبوط ہونے لگے۔ اور بجان غالب فوائل کالج ہی کے جابرانہ قاعدہ سے اُنکا مذہبی عقیدہ اس قدر پختہ ہوگیا تھا کہ وہ ہمیشہ قانع اور نفس امارہ پر قادر رہتے تھے۔ وہ مذہب کا کبھی ذکر نہین کرتے تھے اور اپنے جانی دوستون اور عزیزون سے بھی کوئی ایسی بات نہین کہتے تھے جو صراحتاً مذہبی ہوتی تھی۔ اس پر بھی ہر شخص اُنکے باطنی عقیدہ سے واقف تھا۔ بدکاری اور لامذہبی اُنسے کوسون دور رہا کرتی تھی اُنکا مذہب ایسا پاک وصاف تھا کہ عام تذکرون مین اُسکی بابت کوئی کلام نہین کرسکتا تھا۔ اُنکا مذہب گہری جڑون اور نازک شاخون کا ایک پودا تھا جسکو وہ خود چھونا گوارا نہین کرتے تھے۔ دوسرے شخص کو وہ کب ہاتھ لگانے دیتے۔ اُنکی خواہش تھی کہ یہ پودا ایسطرح بڑھتا رہے اور اُسکو کوئی ہاتھ نہ لگائے۔

سنہ ۱۸۲۵ء مین **جان لارنس** فوائل کالج سے نکلکر اپنی تعلیم کے پہلے حصہ کی تکمیل کے لیے ہیلی بری کو گئے

یہ نارتھ ولٹ شائر مین شہر بَاتھ سے چھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ طرز عمارت ملکہ الزبتھ کے وقت کے مکانون کی سی ہے اور چونکہ اُسکے اندر ایک بڑا بھاری دالان اور باہر باغین باغ اور اُسکے سوا اور بڑے بڑے باغات اُسی کے متعلق واقع تھے اس سبب سے وہان کے رہنے والون کو سیر و تفریح کی کافی جگہ تھی رابرٹ گنٹمری جو جان لارنس کے یار غار تھے اور اُنکے سوا اور دو ایک آیرشمین وہان اُنکے ہمراہ گئے۔ اُن ہمصرون سے جو چند لوگ زندہ باقی رہگئے تھے اُنمین سے ایک شخص یعنی مسٹر ولکنسن کو جو مستعلقہ سرائے لنکن سے باتین کرکے اُنکا مندرجۂ ذیل حال معلوم ہوا۔

جان لارنس بڑے طویل القامت شخص تھے مجھکو اُنکا نکونہ پہرہ دیکھکر بڑی حیرت معلوم ہوتی تھی۔ وہ جہان مزاج کے اکھڑ تھے وہان رحم دل بھی تھے اور جہان تند مزاج تھے وہان نیک سیرت بھی تھے ہم اسکول مین بڑی تکلیف سے رہتے تھے ہمارے سونے کے کمرون مین ایسی سردی تھی کہ اگر پانی وہان رکھا جاتا تھا تو جم جاتا تھا اور ڈاکٹر صاحب کہا کرتے تھے کہ تم لوگ ایسے تندرست ہو تو کچھ تعجب نہین ہے کیونکہ ہر کمرہ مین تازہ ہوا آتی ہے یہ بات کسیقدر صحیح تھی کیونکہ ہماری کھڑکیون کے دروازے پتھر کے تھے بیچ مین ایک آہنی سلاخ آمد و رفت رُکنے کے لیے لگی تھی لارنس نے کسی ترکیب سے اُسکو ایسا ڈھیلا کر لیا کہ جب چاہا نکالا اور جب چاہا لگا دیا کیکو اُسکی خبر نہونے پائی اور جب رات کو گرمی زیادہ ہوتی تھی تو وہ شبخوابی کا کرتا پہنے ہوے کھڑکی کی راہ سے نکل کے ناشپاتی کے درخت کے سہارے سے جو دیوار سے ملا ہوا لگا تھا زمین پر اُتر جاتے اور اُس جگہ ایک چشمہ جو بہتا تھا اُسمین نہاتے تھے۔ ص۳۳

ہم سب لوگون مین بڑی گاڑھی دوستی تھی اور وہ ایسے مجتبی آدمی تھے کہ میرا جو کام ہوتا تھا اُسکے انجام کرنے پر مستعد ہو جاتے تھے۔ مجھکو آشیانہ بطور سے بُہا شوق تھا چنانچہ ایک مرتبہ مین نے اُنسے اس کی فرمایش کی کہ ہمارے آتش خانہ کے اوپر ایک ابابیل نے گھونسلا بنایا ہے اُسکو لا دیجیے۔ جان نے کہا اچھا مین تمکو انڈے لائے دیتا ہون اور یہ کہکر وہ گھونسلے کے پاس گئے اور آتش خانہ کے اندر سے چڑھنا شروع کیا۔ اُنکا جسم چوڑا اور آتش خانہ کا منہ تنگ تھا تھوڑی ہی دور پر جاکر معلوم ہوا کہ اندر سے چڑھنے کا راستہ نہین ہے۔ جان نے کہا کچھ مضائقہ نہین مین تمکو انڈے لائے دیتا ہون یہ کہکر اُسیوقت سیدھے کھڑکی پر چڑھ گئے مین اور میرے بھائی اُنکے ساتھ ساتھ کھڑکی سے نکلے اور بارہ فیٹ کی ایک اونچی دیوار پر جو مکان کے ایک کنارہ سے نکلکر آئی تھی اور دالان کے ایک طرف کی آڑ تھی چڑھکر رہنے اُنکو اور پر اُٹھایا کہ جہانتک ممکن ہو چھت کے قریب پہونچ جائین وہ شبخوابی کا کرتا پہنے تھے پاؤن اور ٹانگین دونون ننگی تھین۔ اس سبب سے دیوار مین جس مقام کوئی گرفت پائی اُس کے سہارے سے وہ خود اپنے بل سے چڑھ گئے جب چھت پر پہونچے تو وہان ترچھے بیٹھنے لگے تھے اُسپر گھٹنون کے بل چلے اور آتش خانہ کے کنارے جانے لگے لیکن اب ٹانگون مین اسقدر درد ہونے لگا کہ وہ کسیطرح جما نہو سکا اور چلاکر کہا کہ "اپنی ایسی تیسی مین جائے مجھ سے تو اب جایا نہ جائیگا"۔ یہ کہکر اپنا ارادہ فسخ کیا۔

زنگرآل مین جو کھیل تماشے ہوا کرتے تھے وہ یورپین کلب سے بالکل مختلف ہوتے تھے۔
یہان رائی اور کرکٹ (گوے و چوگان کا کھیل) وغیرہ بہت کم ہوتا تھا۔ گولیان پرزرنس پنس (گیند بازی) اور ٹینگ بازی یہ خاص کھیل تھے۔ جان لارنس اول دو کھیلون مین بڑے مشاق تھے اور گیند بازی مین تو ہم اُن پر اسطرح فدر رہتے تھے کہ بڑی دلگی ہوتی تھی۔ ہم لوگون کے پاس ایک بڑا بھاری ٹینگ تھا جسکو ہم سب لوگ یعنی پانچ چھ لڑکے ملکر سنبھالتے تھے۔ پرانے اصطبل کا جو بڑی دور تک سلسلہ چلا گیا تھا اُس کے دروازے مین ایک بڑی بھاری زنجیر لگی تھی جسکا کنارہ پکڑکر ہم مین سے کوئی شخص تھام نہین سکتا تھا۔ ٹینگ اس زنجیر سے باندہ دیا جاتا تھا جو بعض اوقات اُسکو گھنٹون کھینچے رہتا تھا۔ اسکول مین جان لارنس اپنے ہم مکتبون سے جو دلی مہربانی رکھتے تھے اُس کا حال اُنکے آخری ایام مین ایک قصہ سنکر پھر میری یاد داشت مین تازہ ہوگیا۔ سوئٹزرلینڈ مین اُنکی بھانجیان جس آتون کے سپرد تھین اُسکی ایک بہن پیرس مین بیمار پڑی اور جان لارنس کو معلوم ہوا کہ وہ نہایت بے بسی کی حالت مین ہے اور کوئی اُسکا خبرگیر نہین ہے۔ چنانچہ سر جان نے انگلش سفارت کے پادری کو لکھا کہ آپ اُسکو تلاش کرکے کسی ایسے مکان مین جگہ دیجیے جہان اُسکو آرام ملے اور اُسکے علاج کا معقول ترین بندوبست کردیجیے اسمین جو کچھ خرچ ہوگا وہ میرے ذمہ ہے۔
زنگرآل کے ایک اور ہم مکتب یعنے رینورنڈ ایف ٹی ایسٹلی نے جو آجکل بنگلور شہر کے وکار (محلہ کے پادری) تھے اُنکی بیان کی ہوئی دو چار باتین اس مقام پر قابل ذکر ہین۔
زنگرآل مین لارنس کے پہونچنے کے بعد ہی میرے اُنکے بڑا ربط و ارتباط پیدا ہوگیا اور جسوقت ہندوستان کو ص ۲۴
جہان وہ بھی جانیوالے تھے میرا جانا قرار پایا اور یہ معلوم ہوا کہ ہم لوگون کو ایک ہی کام کرنا پڑیگا تو ہماری دوستی اور بھی مستحکم و مضبوط ہوگئی۔ وہ بالطبع پنہ دہن تھے اور میری بھی یہی کیفیت تھی۔ چنانچہ ہم دونون آدمی باتین کم اور خوض فکر زیادہ کرتے تھے۔ مجکو یاد ہے کہ ایک مرتبہ وہ ناک بھون چڑھائے بڑے غصہ مین میرے پاس آئے اور مجھسے بیان کیا کہ ماسٹر نے مجہ پر کچھ فاسد گمان کیا ہے۔ مین حقیقت حال سے واقف تھا اور مین نے سمجھا دیا کہ تم بیشک بی قصور ہو لیکن ہوا ہے اسکے اور کچھ نہین ہوسکتا ہے کہ تم اپنی گردن اونچی کرکے ثابت کرو کہ ایسی ناشایستہ حرکت میرے شایان نہین ہے"۔ طالبعلمی کے زمانہ مین میرے اور اُنکے درمیان راہ و رسم کا پیدا ہوجانا بہت غنیمت تھا۔ اُنکے اہالیان خاندان مقام کلفٹن مین جو میرا وطن ہے اگر مقیم ہوے اور ایام تعطیل مین ہم لوگون کا ہمیشہ ساتھ ہوتا تھا۔ ایک روز ہم بال بال بچگئے۔ اُسکی تفصیل یہ ہے کہ ایک مرتبہ ایام تعطیل مین ہم لوگ کلفٹن کے گرم چشمون کے اُس پار دامن کوہ مین سیر کررہے تھے جب ہم سینٹ ونسنٹ مین تھے جہان فی الحال حلق پل بنا ہے تو ہم کو یہ مجنونانہ خیال پیدا ہوا کہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھین جاڑے کی فصل تھی زمین پر دو تین انچ کہری برف جمی تھی اور ہم تھوڑی دور بھی نہ چلنے پائے تھے کہ ہمارے ہاتھ ٹھٹھرنے لگے کیونکہ پہاڑ پر سیدھا چڑھنا ممکن نتھا چٹانون کو اور چٹانون کے سنگلاخون کے اندر جو گھاس لگی ہوئی تھی اُسکو تھام تھام کر چلنا پڑتا تھا

تھوڑی دیر مین ہمارے ہاتھ بالکل بے حس ہو گئے یہانتک کوشش کی کہ پلٹ جلین مگر پلٹنا کسیطرح سے ممکن نہین تھا۔ ہم نے ایک دوسرے کے چہرے پر نظر ڈالی اور اسکے بعد بہت باندھکر آگے بڑھے لیکن بار بار دیکھتے جاتے تھے کہ ہمارے ہاتھون مین کوئی گرفت ہے یا نہین کیونکہ ہاتھون کے سُن ہونے کی وجہ سے کوئی شے محسوس نہین ہوتی تھی۔ کسی نہ کسی طرح سے ہم چوٹی پر پہونچے سنجیدگی سے ایک نے دوسرے کی طرف نگاہ کی اور چپ چاپ آگے بڑھے ہوے چلے گئے۔

جس ہونہار لڑکے نے اسطرح خاموشی اختیار کرکے دل ہی دل مین سونچنا شروع کیا تھا وہ (جیسا کہ بعد معلوم ہوگا) وہی شخص تھا کہ جسوقت غدر شروع ہو جانے کی خبر تار برقی کے ذریعہ سے اُسکو پہونچی تو اُسوقت بلکہ اُس تمام دن اُسنے اپنے اُس دوست اور جلیل القدر افسر سے جو اُسکے ساتھ تھا ایک بات بھی نہ کہی بلکہ اپنے دل ہی دل مین سونچتا اور اُس امر پر غور کرتا رہا کہ یہ معاملہ کسقدر نازک ہے اور اُسکے علاج کی کیا فکر کرنا چاہیے۔

۱۸۲۷ء سے جان لارنس کی حالت زندگی مین انقلاب پیدا ہونے لگا۔ جان ہَرْنٹنڈَن جو اُس خاندان کے ایک بڑے قدیم رفیق تھے جسنے احاطہ مدراس مین اعلیٰ عہدہ پر عروج پایا تھا انگلستان مین واپس آنیکے بعد اِنیٹ اِنڈیا کمپنی کے ایک ڈائرکٹر اور پارلیمنٹ کے ایک ممبر مقرر ہوے اور اسطور پر جو رسوخ اور دولت اُنکو حاصل ہوئی اُسکو اُنھون نے بلا رورعایت اُن لوگون کی فائدہ رسانی مین استعمال کیا جنکے درمیان اُنکی عمر کے بہترین ایام بسر ہوے تھے۔ خاص کرکے دو کام اُنھون نے ایسے کیے جنکی بابت اُنکا نام اُن لوگونکے درمیان بشکوری قابل یادگار رہے۔ یہ دونون کام ایسے تھے جنکی نسبت شاید لوگ سوال کر سکتے ہین کہ دونون مین بھاری کون تھا اُنھون نے پارلیمنٹ اور دوسرے مقامون مین کوششین کرکے لارڈ ولیم بینٹنک کے ذریعہ سے رسم ستی موقوف کرادی اور لارنسون کو ہندوستان بھجوادیا۔ ص ۲۵

اگرچہ ہَیلیبَری جانچ اور ہنری ان تینون بھائیون کو پہلے ہی عہدے مل چکے تھے اور وہ ہندوستان جا چکے تھے۔ اگرچہ ہَیلیبَری اور جانچ رسالہ مین اور ہنری بخیال اس امر کے کہ مبادا کوئی یہ نہ کہے کہ لارنسون مین سے ایک بھی توپخانہ کا امتحان پاس نکر سکا اُس شاخ ملازمت مین جو علم حکمت سے زیادہ تعلق رکھتی تھی بھرتی ہوے تھے اب جان کی باری تھی لیکن اُنکو فوجی عہدہ کے بدلے ہندوستانی سول سَرْوِس مین جگہ دینے کا ایجاب کیا گیا جس سے اُنکو بڑی حیرت اور بیدلی ہوئی اُنکے والد بزرگوار سپاہی رہے تھے اور اسیطرح اُنکے تینون بڑے بھائی بھی فوجی کے کام پر مقرر ہوے۔ وہ اپنے باپ کی لڑائیون کو سُن چکے تھے کتب سیر و تواریخ پڑھ چکے تھے اور لنڈن ڈیری اسکول کی صعبتین اُٹھا چکے تھے اُن سب باتون کی وجہ سے اُنکا دل فوجی ولولون سے بھر گیا تھا اور اپنے دل مین ٹھانے ہوے تھے کہ اگر ہندوستان کو مین جاؤنگا تو سپاہی کی حیثیت سے جاؤنگا ورنہ اُدھر کا رخ بھی نکرونگا

اُنکے باپ نے اپنے زخم دکھائے اور فوجی ملازمت کی تکلیفون کا ذکر کیا کہ یہ یہ مجھپر گذر چکا ہے اور اُسپر بھی سوائے ایک معقد پنشن کے اور مجھکو کچھ نملا مگر اُنکی باتین کچھ سود مند نہوئین - اسیطرح ہنری لارنس نے جو ابھی ہی اول لڑائی مین بیمار ہوکر ہندوستان سے واپس آئے تھے اور اپنے ایسے اکثر اولوالعزم اور لائق نوجوان افسرون کیطرح اس بات کے شاکی تھے کہ اس صیغہ کے افسرون کی نالائقی اور تشدد پابندی قواعد سے ترقی کی راہ بالکل مسدود رہتی ہے ایسی ایسی دلیلین بیان کین جنسے بھائی پر بہت بھاری اثر پڑیگا گمان کیا جاسکتا تھا یعنی یہ کہ سول سروس مین لیاقت زور طبیعت اور کار روائیان دکھانیکا بڑا بھاری موقع ہے لیکن اُنکی نصیحتین بھی بیسود ہوئین - جان لارنس اپنے ارادہ پر قائم رہے اور اگر اُنکے باپ اور بھائی سے بڑھکر گھر مین کوئی داؤ ڈالنے والا نہوتا تو احتمال یہی ہے کہ وہ آخر وقت تک اپنی ہی بات پر قائم رہتے اور ایک وقت ہندوستان کو اگرچہ ایک بڑا بھاری جنرل ملجاتا مگر ایک مدبر اس سے بھی زیادہ عظیم الشان اُسکے ہاتھ سے جاتا رہتا -

اِسکا جو کچھ انجام ہوا اُسکا حال مین ایک چشم دید گواہ کی زبانی بیان کرسکونگا - یہ گواہ لارنسون کے ایک بڑے قدیم اور جدید رفیقون مین سے تھی جو اتفاق سے اس اہم معاملہ پر بحث ہونیکے وقت کلفتہ مین موجود تھی - جو اثر جان لارنس کی تمام زندگی پر پڑا اور جسنے اُنکو حوصلہ دلایا اُسکی شہادت اسی مسماۃ کے بیان سے پیدا ہوتی ہے - چنانچہ اسکا حال مندرجۂ ذیل عبارت سے منکشف ہوجائیگا - مسماۃ مذکورہ (مسٹر س پی) بیان کرتی ہین

جان لارنس کی بڑی بہن عجب بی بی تھین دل اور طبیعت پر قادر تیز فہم اور اُسپر بھی صاحبہ عقل سلیم اور صاف الرائے روشن دماغ اور شائستہ اور ہر پاک پیاری اور عمدہ شے کی ازبس شائق تھین خلاصہ یہ کہ اُن مین عورتون کے حلم اور نیکی کے سوا اپنے سپاہی پیشہ بھائیون کے اعلیٰ اوصاف بھی پائے جاتے تھے اور حسب اتفاق کبھی کبھی جب صحبتون مین اُنکو شریک ہونا پڑتا تھا اُنسے اُنھون نے بہت کچھ فائدے اُٹھائے میسٹر ہڈلسٹونس کے مکان پر نخلہ اور نامی سیون کے ولیز فورس اور تھارنٹن خاندان کے لوگون سے اُنکو اکثر ملاقات کا موقع ملا - وہ عرصہ سے یہان بیمار پڑی تھین اور اُن لوگون کے ظریفانہ اور عاقلانہ کلام بستر علالت پر لیئے لیئے سنتی جاتی تھین - شائد اُنکا بھائی ہنری جو خصلت اور مزاج مین اپنی بہن سے بہت ہی مشابہت رکھتا تھا سب سے بڑھکر اُنکا کہنا مانتا تھا - لیکن جان لارنس بھی باوصف اس امر کے کہ اُنکی آزاد مزاجی جو آخری ایام مین ظاہر ہوئی وہ اوائل عمر مین ترقی حاصل کرچکی تھی اُنکو بہت مانتے تھے - ہم بلا مبالغہ کہسکتے ہین کہ جو کچھ بہن نے کہا یا بتایا جان لارنس نے اُسکو مٹھی مین باندھ رکھا اُسوقت فرض منصبی اور میلان طبعی کے درمیان جو سخت نزاع درپیش تھی اُسکے بارے مین بڑے شوق سے ارباب خاندان کی صلاح لیگئی - لیٹیشیا کے کمرہ مین اُسوقت جو کیفیت رہی تھی دیکھنے والے کبھی اُسکو فراموش

ص ۲۶

نکر نیگے۔ شائد جان لارنس کی زندگی کا یہ ایک بڑا گاڑھا وقت تھا۔ وہ مرضیہ کے کوچ کے پانہتی بیٹھے ہوے بڑی سرگرمی سے اس وقت طلب مسئلہ پر بحث کرتے تھے کہ بول سَروِس کا جو عہدہ انکو دیا جاتا تھا قبول کرین یا نکرین۔ انھون نے اپنی "بالک ہٹ" کو کام مین لاکر کمال اصرار کے ساتھ اسطور پر کہ انکے قطعی ارادون مین کسی طرح کا شبہہ باقی نہ رہجائے اور شائد اس بات کی دلیرانہ کوشش مین کہ جس رضامندی کو وہ ضروری اور لابدی سمجھتے تھے وہ حاصل ہو جائے چلاکر یہ کہا کہ "مین سپاہی کے گھر مین پیدا ہوا ہون اور وہی پیشہ اختیار کرونگا"۔ باایںہمہ عاقبت اندیش مشیر نے انکو اور ہی صلاح دی اور انسے اصرار کے ساتھ کہا کہ تم بلاتامل اس عطیہ کو قبول کرو کیونکہ ایسین ایسے ایسے فائدے ہین جو فوجی ملازمت مین کبھی نہین حاصل ہوسکتے ہین۔ ایسین شک نہین کہ بہن کے کہنے کے سوا اور باتون کا بھی انپر ایسا اثر پڑا کہ اپنی ذاتی خواہشون اور ولولون سے باز رہنے پر وہ راضی ہوگئے لیکن طبعاً وکرہاً اس امر کو انھون نے اصل مین لیٹنیشاہی کے کہنے سے قبول کیا۔ فی الحقیقت لیٹنیشاہی نے جان لارنس کا خیال بدل دیا اور انکی آیندہ ناموری کی صورت قائم کردی۔

نا برآن جان لارنس ہنلیبری کو اور انکے ریگزال کے دوست ایشلی تن تنہا اڈنبرگ کو گئے

گوایسٹ انڈیا کالج واقع ہنلیبری مین کچھ ہی عیوب کیون نہون لیکن اُس زمانہ مین اس کالج سے بڑے بڑے کام نکلے اور میرے نزدیک اب تک اُس کا قائم مقام کوئی کالج نہین پایا گیا۔ اُس سے لوگون مین فوجی جوش اور اُنکے ارادون مین اتفاق پیدا ہوا ہمیشہ کی دوستی کی بنا پڑی اور جو اہم کام کسی ملک یا کسی زمانہ کے نوخیز لوگون پر آپڑتے ہین اُنمین مشغول ہونیکا جوش اور ولولہ پیدا ہوا۔ یہ کالج اُس زمانہ مین اچھے اچھے معلمون سے معمور تھا ڈاکٹر جوزف ہیلٹ ہیرس جو بعد کو کالج واقع کیمبرج کے فلو تھے وہ اس کالج کے پرنسپل تھے اور انکی ماتحتی مین لائق پروفیسرون کا ایک گروہ مقرر تھا پروفیسرون کے ذیل مین ریورنڈ سی ڈبلیو ٹی باسن ڈی ڈی اور پروفیسر علم ریاضی ریورنڈ ہنری والٹر دوم ریگلر پروفیسر علم طبیعات و علم کیمیا جو ایک بڑے ہوشیار اور عقیل شخص تھے ڈبلیو ایسن جو حال مین سر جیمس ٹیلر کمشنر کی جگہ قانونی پروفیسر تھے اور بعد کو فرانسس جیفری کے داماد اور اخبار اڈنبرا ریویو کے اڈیٹر ہوے۔ اور ریورنڈ ٹی آر مالتھس مشہور عالم پولیٹکل اکانومی جو اس علم اور علم تواریخ کے پروفیسر رہے تھے یہ سب لوگ شامل تھے۔ مشرقی علوم کے استادون مین میرزا ابراہیم کا نام بالتخصیص قابل ذکر ہے جو ایک عالم متبحر اور بہرامر کے اعتبار سے ایک نامی شخص تھے۔ لوگ ان مشرقی استادون کے بہت مشکور تھے کہ اُس قلیل وقت مین جوان زبانون کی تعلیم کے لیے مقرر تھا انھون نے عربی سنسکرت فارسی ہندوستانی بنگالی اور تلنگانی زبان سیکھلی۔

اس بات کو لوگ فوراً یقین کرلینگے کہ ایسے نامی گرامی پروفیسرون کے ہونیسے ملک کے بڑے بڑے مشاہیر ہنلیبری کو جاتے تھے خاص کر کے یوروپ کے تمام حکما اور مدبر مالتھس کے مکان مین جمع ہوا کرتے تھے

ص ۲۵

پر یہ بھی بخوبی روشن ہے کہ پروفیسروں کو پڑھانیکے لیے بہت عمدہ شاگرد یعنی سولہ برس سے لیکر اٹھارہ برس تک کے نوخیز طالبعلم ملتے تھے وہ اکثر اوقات اپنے شاگردوں کی بتائی ہوئی باتوں پر بحث کیا کرتے تھے اور ہندوستان کے دوراندیش سوپرنٹنڈنٹوں کا علی العموم یہ قول تھا کہ ایسی کم عمری میں ہیلیبری کے طالبعلموں کی تعلیم نہ ہوتی تو اس سے اور بھی زیادہ فائدہ ہوتا اور وہ بہت شوق سے وہاں جایا کرتے۔

جب جان لارنس ۲۔ جولائی ۱۸۲۷ء کو پہلے پہل روانہ کالج مذکور ہوئے تو انکے بڑے بھائی ہنری لارنس انکی خبرگیری کے لیے ساتھ گئے اور چونکہ خود بڑے شوقین اور مستعد تھے اس وجہ سے **جان لارنس** کے ساتھ ص۲۸
کتب خانہ میں بڑی دیر تک ٹہلا کیے اور بہت سی رازکی باتیں جنکو وہ سمجھتے تھے کہ آیندہ امتحان میں بکار آمد ہونگی سمجھاتے رہے۔ لیکن ہنری لارنس کو جسقدر سمجھا دینے کا خیال تھا **جان لارنس** کو اتنا سمجھ لینے کا خیال نہیں تھا۔ ایک اور شناسا شخص نے جب یہ کیفیت دیکھی تب ہنری سے کہا کہ ذرا میرے بیٹے کی طرف توجہ کیجیے چنانچہ ہنری نے اسکا کہنا مان لیا اور جو باتیں **جان لارنس** کو بتاتے تھے وہ اسکو بتا دیں جن سوالات پر ہنری نے بحث کی تھی اتفاق سے وہی سوال امتحان میں آئے اور اس مدد سے اس طالبعلم کو امتحان میں جو کامیابی حاصل ہوئی اسکا وہ بہت مشکور ہوا اور اپنے دل میں خیال کیا کہ اسی سبب سے مجھکو کامیابی حاصل ہوئی۔ **جان لارنس** بھی امتحان میں غنیمت رہے مگر کوئی بڑی کامیابی حاصل نہ کی۔

اُس زمانہ میں نوجوان سوپرنٹنڈنٹوں کی ہندوستان میں اسقدر ضرورت تھی کہ ہیلیبری میں رہنے کے لیے حسب معمول جو چار امتحان لینے دو سال تک قیام کرنیکی مدت مقرر تھی وہ آدھی بلکہ اس سے بھی کم کر دیگئی یعنی اٹھارہ برس کا جو طالبعلم ہوتا اور ضروری امتحان عمدہ طرح سے پاس کر سکتا اسکے لیے اتنے دنوں بھی پڑھنیکے لیے ضرورت نتھی۔ اس آخری شرط کو **جان لارنس** نے پہلے ہی سال پورا کر دیا تھا لیکن چونکہ انکی عمر سترہ برس کی تھی اسواسطے انکو بمجبوری ہیلیبری میں رہنا اور اس بات کو دیکھنا پڑا کہ انکے ہمصروں میں بیس شخص اور پاس ہو کر چلے گئے اس دو سال کے زمانے میں نہ تو انھوں نے کچھ زیادہ سستی اور نہ بہت چستی ظاہر کی انھوں نے چند انعام اور تمغے پائے مگر اسقدر نہیں پائے کہ لوگوں کا خیال انکی طرف متوجہ ہوتا یا یہ امر ثابت ہوتا کہ وہ آیندہ امتحان میں کوئی بڑی بھاری کامیابی حاصل کرینگے۔ دوسرے امتحان میں انھوں نے تواریخ اور بنگالی زبان کی بابت انعام پایا تیسرے امتحان میں پھر بنگالی زبان کی بابت انعام ملا اور سیاست مدن میں دوم نمبر رہا۔ چوتھے اور آخری امتحان میں تیسری مرتبہ بنگلہ زبان کی بابت انعام حاصل کیا (اس زبان سے انکو چندان فائدہ حاصل نہیں ہوا کیونکہ آیندہ زمانہ میں انکو پنجاب سے سابقہ پڑا)۔ قانونی امتحان کی بابت طلائی تمغہ حاصل کیا ہیلیبری کے محنتی اور اولوالعزم طالبعلم کی سب سے زیادہ خواہش یہ رہتی تھی کہ پہلا امتحان خاص اپنے احاطہ کی

بابت پاس کرلے چنانچہ دو برس پشتیر جارنس ٹرنر نیلین کو یہی ناموری حاصل ہوئی تھی۔ جان لارنس احاطہ بنگال کے لیے تیسرے نمبر مین پاس ہوے اور اپسے اُنکے دوستون اور خود جان لارنس کو دلجمعی ہوی۔

اُنکے معاصرین ہیلیبری مین سب سے زیادہ نامی گرامی جان تھارنٹن (جو بعد کو جیمس تھامسن کے سکرٹری کے نام سے مشہور ہوے) تھے۔ اور یہ صاحب ممالک مغربی شمالی کے بڑے نامور لفٹنٹ گورنر گذرے ہین اُنکے سوا یہ لوگ بھی بہت مشہور ہوے جیسے اڈورڈ تھارنٹن جان تھارنٹن کے بھائی جو جان لارنس کی حکومت پنجاب کے زمانہ مین اُنکے ایک بڑے لائق نائب اور ایک بڑے ہی نازک زمانے یعنے ایام غدر مین اُنکے شریک رہے تھے۔ ہنکیل بی انجرتھ یہ بھی پنجاب کے کمشنر تھے۔ مارٹن گبنس مشہور کمشنر اودھ۔ ولیم فریزر بجنسل بمبئی کے ممبر ہوے تھے۔ جان میور جنھون نے اوائل عمر ہی مین بطور عالم متبحر علم سنسکرت کے یورپ بھر مین شہرت حاصل کی۔ ڈانلڈ میکلیوڈ جو لارنس کے نہایت ہی متعمد مددگار پنجاب اور اُنکے جانی دوست تھے اور بالآخر جج ہیلیبری کے پرنسپل ہیلیبری کے فرزند جو بعد کو کمایون کے مشہور کمشنر رہے تھے ہیلیبری مین اسی دن داخل ہوے تھے جسدن جان لارنس داخل ہوے تھے۔ وہ اپنا رفیق سنین کو کہتے تھے اور مین نے اُس زمانہ کے حالات ہیلیبری کو جو بیان کیا ہے تو اُنھین کی بدولت بیان کر سکا جن لوگون کے نام مینے بیان کیے ہین اُنمین ایسے لوگ بہت کم تھے جن سے یہ امید نہوتی ہو کہ وہ اقل درجہ جان لارنس کے برابر ناموری حاصل نکر سکینگے۔ یہ ایک مشہور بات ہے کہ جان لارنس نے اپنے معاصرین پر بخوبی وہ نقش پیدا کر دیا تھا جسکو اڈورڈ تھارنٹن اُنکے حالات کے متعلق یاد رکھتے تھے اور وہ یہ ہے کہ اڈورڈ تھارنٹن نے اُنکو اکثر اُنکی عجیب ہیئت سے اُس دروازہ کے راستہ کے بیچ مین دیکھا جو درمیان کے مربع دالان سے پڑھنے کے کمرہ کو گیا ہے اور اپنی علوہمتی سے وہ اس امر کی یہ تاویل کرتے ہین کہ جان لارنس کھیلنے کے کمرہ کی نسبت پڑھنے کے کمرہ مین زیادہ جاتے تھے اور شاید یہ بات بہت نادر اور فی الواقع کمال دلچسپی کی ہے کہ تھامسن نے جنھون نے آیندہ زمانہ کے گورنر جنرل کے ساتھ دوستی کی تھی اُنکے والد یعنے پرنسپل ہیلیبری کالج اکثر کہا کرتے تھے کہ مجھے بڑا افسوس معلوم ہوتا ہے کہ تم ہر وقت ایلیٹ اور تھامسن کے ساتھ لگے رہتے ہو اور کسی باقاعدہ طالبعلم کے ساتھ نہین رہتے ہو جن لڑکون کو خود شوق تھا اُنپر زیادہ تاکید بھی نہین ہوتی تھی۔ ایک بجے کچہ دن کا دینا ختم ہو جاتا تھا اور باقی حصہ دن کا زیادہ تر لڑکون کے اختیار پر چھوڑ دیا جاتا تھا کالج ایک سبزہ زار کے درمیان واقع تھا جہان تازہ ہوا سفت کی تھی یہ ایک ایسا ملک تھا جہان ہمیشہ سہ پہر کی کیفیت طاری رہتی تھی چنانچہ مسٹر جارنس ٹرنر نیلین نے بیان کیا ہے کہ یہ مقام سرگشتی کے لیے بہت موزون تھا اس شغل سے جان لارنس کو بڑا شوق تھا لیکن بعض اوقات وہ یہان سیر کرنیکے سوا قرب وجوار کے تین قصبون یعنے ہیلیبری اور ہرشندن کی سیر کو بھی جایا کرتے تھے جو کالج سے تھوڑی ہی دور برابر فاصلہ پر

واقع تھے اور وہان جانیکی نہ ممانعت اور نہ اجازت تھی ان ایام مین جان لارنس کی جو عام خصلتین اور طرز زندگی تھا اُسکو مین اُنکے دوست ہے ایچ پیئرس کی زبانی بہت اچھی طرح سے بیان کر سکتا ہون۔

جان لارنس کا چہرہ رو کھا اور کچھ عجب طرح کا تھا لیکن اُنکے طویل قد اور قوی بدن کے بدلے ذکاوت اور ظرافت نے بہت کچھ اُنکا عیب کھو دیا تھا عام صحبتون مین کچھ اُنکا اثر بہت نہین پڑتا تھا اور اگرچہ اور لوگون کی طرح وہ بعض اوقات دیزیا تہر تفریح کو سوار ہو کر جایا کرتے تھے لیکن فی الجملہ درمیان کے مربع دالان اور پڑھنے کے کمرہ مین رہنا یا قریب کے سبزہ زار مین اِدھر اُدھر گھومنا اُنکو زیادہ پسند تھا اکثر کالج آرڈس کے پس پشت مختلف کھیل کھیلا کرتے تھے اور وہ خراب پیر شراب جو یہان اور قریب کے مسافر خانون مین میسر آسکتی تھی آخری ایام مین جب وہ اپنا وطن چھوڑے ہوے بنگال مدراس بمبئی مین مقیم تھے تو اُنکو اکثر بافسوس یاد آیا کرتی تھی۔ اُس زمانہ مین لارنس کے مزاج سے ایرش لوگون کی خوبو بہت ظاہر ہوتی تھی اور پہلے پہل اپنے رازدان دوست سر چارلس مٹکاف کے ساتھ جو تھوڑے دنون تک ہندوستان مین ملازمت کرنیکے بعد قضا کر گئے مجھ کو سنیٹ پیئرس ڈی ایچ ایس عالیشان دیندار زندہ جاوید شاہ ولیم اور کارآزمودہ اطفال ڈیزی وغیرہ تہواون سے آگاہ کرنیکو وہی لگتے تھے کند ذہنی اور ناواقفیت زبان بنگلہ سے جسکا عذر قابل شنوائی نہین ہے اس آخری بات مین میرا نبر چھٹا اور جان لارنس کا تیسرا ہوا۔ اِس ناکامی کے متعلق مین ایک بہت دلچسپ قصہ بیان کرتا ہون ہمارے زمانہ تعلیم کالج کے اُس بڑے آخری دن ۲۸ مئی ۱۸۲۹ء کو میرے والد پرنسپل کالج کے مزاج مین عجیب ظرافت سمائی۔ باوصف اُس ناکامی کے جسکا مین نے اوپر بیان کیا ہے مین نے ایک بڑے عظیم الشان جلسہ کے روبرو ایک مضمون پر جسکے لیے انعام مقرر کیا گیا تھا کالج کے ہال مین ایک لچر دیا اور وہ مضمون یہ تھا کہ "رومیون نے جو اقتدار مغرب مین حاصل کیا تھا وہی اقتدار برٹش نے مشرق مین حاصل کیا" میرے والد نے اپنا چہرہ خشن بنا کر جان لارنس کے پاس جا کر دلگی سے کہا کہ "کیون بے بدمعاش تو میرے بیٹے پر سبقت لیگیا"۔ جان لارنس نے برجستہ یہ جواب دیا کہ "ڈاکٹر پیئرس صاحب یہ اپنے اپنے اعمال ہین گستاخی معاف ہیلیٹ میرے برابر مستعد نہین رہے"۔ پرنسپل نے کئی مرتبہ اپنے بیٹے کو جو تنبیہ کی تھی کہ تم اس طویل القامت ایرش کے ساتھ گھوما کرتے ہو اُسکو جان لارنس نے اُپر خوب ہی دُھلا

اِس بات پر مجھے ایک اور قصہ یاد آیا جب مین غدر کے سال ۱۸۵۷ء مین رخصت فرلو پر وطن مین تھا تو اُس زمانہ مین ایک مرتبہ مسٹر ہیلی بائس کی ملاقات کے لیے جو عرصے سے ہیلیبری کالج کی پرنسپلی چھوڑ چکے تھے اور اُس عہدہ پر میرے والد کے جانشین رہے تھے پرنس گو گیا۔ جو لوگ اس شخص کو پہچانتے اور اُسکی طرفہ کرخت آواز اور کان پر ہاتھ رکھے رہنے کی عادت کو جانتے ہین وہ آسانی سے اس احوال کا قیاس کر لینگے۔ انھون نے مجھ سے کہا کہ "یہ جان لارنس کون شخص ہین جسکا اسقدر ذکر ہو رہا ہے"۔ مین نے جواب دیا کہ "آپ کو وہ دراز قد

ص ۳۱

لاغر اندام آئیرش یاد نہین ہے جس سے مین اکثر صحبت رکھتا تھا اور جسنے ایک مرتبہ آئیرش آتشبازی کے پٹاخے کے قطعہ پر حرف سینی کے سامنے رکھے تھے اور آپ نے اُسکی مستعدی اور ظرافت پر اُسکو چھوڑ دیا تھا"۔ انھون نے کہا "ہان ہان مجھے یاد آیا وہ کوئی بڑا آدمی نتھا" اور اِسکے بعد اُنھون نے بڑے زور سے ایک قہقہہ لگایا اور آخر مین یہ بات کہی کہ "لیکن ہمارے اور سب طالبعلمون کی کیا گت ہوئی جو اچھے کہلاتے تھے"

سر جارلس ٹریویلین جو جان لارنس سے دو برس پیشتر ہیلیبری کالج سے نکل گئے تھے اُنکی ایک چٹھی سے چند دلچسپ باتین اس مقام پر درج کرنیکے قابل ہین ۔

ہیلیبری کی سب سے زیادہ عمدگی یہ تھی کہ وہان ساری کیفیتین دیہات کی تھین مجھے معلوم ہے کہ طلبا کالج کے پھاٹک پر شام کو آدھ آدھ گھنٹہ تک اکٹھا کھڑے رہکر قرب وجوار کے جنگلون مین بلبلون کی صدائین سنا کرتے تھے گرمی کے دنون مین رائی ہوس کے مرغزارون مین جاکر دریاے ہی مین نہانا اُنکی ایک بڑی تفریح تھی اور مجھے یاد ہے کہ جاڑے کے دنون مین دو اعلیٰ اور دو ادنیٰ درجے کے طالبعلمون مین ہر روز گھنٹون گیند ہوا کرتا تھا اور آخر کو اُسمین مخالفت پیدا ہوئی اور موقوف کر دیا گیا لیکن ہوا خوری کے لیے ہر موسم مین ہم لوگ چارون طرف دور دور جایا کرتے تھے پہلوانی کی کثرت کا اُن ایام مین ایسا دستور نتھا جیسا آجکل ہے اور اگر ہیلیبری مین یہ دستور کم تھا تو اُسکی یہ وجہ ہے کہ جس پر فضا اور خوش سواد ملک مین وہ کالج واقع تھا اُسکی طرف لوگون کو زیادہ تر ترغیب ہوتی تھی جس شیطنت کے لیے بعض طلبا زیادہ اُنگشت نما تھے وہ ٹینڈم (ایک طور کے نتھم کا کھیل جوڑے کے ایک گھوڑا آگے اور ایک پیچھے جوت کر شیطنت کے لیے کھیلتے ہین) کا ہانکنا تھا۔ مجھکو ایک مرتبہ کا واقعہ یاد ہے جس سے اُس زمانہ مین بہت محظوظ ہوا تھا اور یہان بھی اُسکا ذکر قابل درج ہے ۔ دو طالبعلم ٹینڈم ہانکتے ہوے چلے جاتے تھے راستہ مین اُنھون نے دیکھا کہ پادری ای باش چلے آتے ہین وہ سمجھے کہ پادری صاحب ضرور ہمکو بُلا ینگے اسوجہ سے وہ سونچنے لگے کہ اسوقت کیا کہنا چاہیے آخر کو جب تنبیہ کا وقت آیا تو اُنھون نے اپنی صفائی کے لیے یہ بیان کیا کہ "حضرت جسوقت دو گھوڑون کو برابر جوت کر ہانکتے ہین کوئی عیب نہین تو ایک دوسرے کو آگے پیچھے کرکے ہانکنے مین کیا مضائقہ ہے"۔ پادری ای باش سٹ پٹا کر رہ گئے ۔ سوا ے اس کے اور کچھ کہتے نہ بن پڑا کہ "وہ ٹینڈم خود ہی شیطان کا چرخہ ہے" ۔

اس مقام پر یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ جو بمثال سرکاری اسکول بجاے قدیم انڈیا کالج واقع ہیلیبری کے قائم ہوا ہے اُسمین کالج کے افتخار کے لیے کمرہ نمبر ۵ (نشان د) کی دیوار مین جہان پہلے ۱۸۲۹ء عیسوی مین جان لارنس رہتے تھے ایک پیتل کی تختی لگائی گئی ہے اور اُسمین یہ الفاظ کندہ ہین کہ "جان لارنس ۱۸۲۹ء" اور جن خوابگاہون مین وہ طالب علم رہتے تھے جو طلباے ہیلیبری کے نام سے موسوم ہین اور جنھون نے بعد کو ہندوستان مین ناموری حاصل کی مثلاً ٹریویلین اڈمنڈسٹون تامپسن مارٹن فریزر اور کانون یا قدیم کالج کے

ص ۳۱

نامی پرنسپلون مین تھیوڈور جی باس ملول اُن سب مین ایسا نامی گرامی نام (مکالے کا قول ہے کہ اس نام سے ہر طالبعلم واقف ہے) کسی کا نہوگا جو چیف کمشنر پنجاب اور گورنر جنرل ہند یعنے جان لارنس کا ہے جان لارنس بچپن مین رہتے تھے تو موسم گرما و سرما کے ایام درس کے ختم ہونے پر ہمیشہ مسٹر اسٹوئنس اپنے خاندان کے قدیمی دوست کے مکان واقع چلسی مین ہفتہ عشرہ ٹھہرنیکے بعد اپنے خاص مکان واقع کلفٹن کو جاتے تھے۔ اور جو احوال اُنکے کالج مین رہنے کے زمانہ کا مین نے اوپر بیان کیا ہے وہ بھی مسٹرس بی کی بدولت مجکو ملا ہے جو مسٹر اسٹوئنس کی بیٹی اور جان لارنس کی عمر بھر کی دوست تھین۔ وہ اسوجہ سے اور بھی قابل درج ہے کہ اسکے باعث سے اب اتنے زمانہ کے بعد بھی اُنکی روکھی پھیکی خصلت کے کچھ باطنی اور اشرف اوصاف عیان ہوتے ہین۔ مسٹرس بی بیان کرتی ہین کہ۔

اُن دنون اور ہفتون کی ہر ایک یادآوری نہایت لطیف اور مسرت اندوز ہے جب وہ ہمارے مکان واقع چلسی مین رہا کرتے تھے۔ فی الواقع وہان کی صحبت کچھ ایسی بیحد دلبستگی سے معمور تھی کہ ہمارے مکان کو اپنے آخری ایام مین وہ خود بڑے شوق سے "فرح بخش کوٹھی" کہا کرتے تھے۔ وہ ہر شخص کو محظوظ کرتے تھے حتی کہ ہنری بھی جنکے مزاج مین بڑی متانت تھی اپنے چھوٹے بھائی کی اُچھل کود دیکھکر دل مین خوش ہوتے تھے۔ اور ایک بزرگ اُنکا پانچ لڈنی جو ان بے اعتدالیون کی عادی نتھی مگر بیاختہ آپر فریفتہ ہو جاتی تھی وہ سوائے اِسکے اور کوئی اعتراض نکر سکی کہ "جان لارنس ایک الاس مین مگر ناہموار" اور یہ وہ محبت سے کہتی تھی۔ جب وہ گھر مین رہتے تھے تو کوئی کام نہین کرتے تھے اور کام مین کسی شیطنت کے لیے بطور سزا اُنکو جو کام کرنے کو دیا جاتا تھا اُسکو وہ اپنے گھر کے دوسرے چھوٹے لڑکون کے سپرد کر دیتے تھے اور ان لڑکون سے جیسا بن پڑتا تھا اُسطرح فارسی حرفون کی نقل کر دیتے تھے۔ انعام کی جو متعدد کتابین وہ اسکول کی ہر ہر میعاد درس کے ختم ہونیکے بعد لایا کرتے تھے وہ مجھکو خوب یاد ہین۔ اِن کتابون کا جب ذکر آتا تھا تو وہ کہا کرتے تھے کہ "یہ لینشیا کی کتابین ہین اور سب کی سب اُنھین کو دی جائینگی اگر اُنکا باعث نہوتا تو مجھکو ایک کتاب بھی نہ ملتی مین اُنھین کے بھروسہ پر کام کرتا ہون اور اُنھین سے ایک ایک کتاب اُنھین کو ملیگی"۔ اسیطرح کی برادرانہ شکرگزاری کا اقرار اُس اعزاز (یعنے طلائی تمغہ) کے بارے مین اُنھون نے کیا تھا جو ہیلیبری کالج سے بیشتر ازمیش اُنکو ملا تھا اور جسوقت وہ کلفٹن مین پہونچے تو شتابی سے قدیم کوچ کے پاس شکرگزاری کے ساتھ اُنکو ہدیہ دیا اور کہا کہ "لیجیے یہ سب آپ ہی نے حاصل کی ہین"۔ ص ۳۳

باب دوم

ایام ملازمت دہلی ۱۸۳۸ء لغایت ۱۸۴۳ء

اب ہم اُن معدودے چند تحریرات کی مدد سے جو اتنے دراز زمانے کے بعد دستیاب ہو سکتی تھین

جان لارنس کی سرگذشت ابتداسے لیکر اٹھارہ برس کی عمر تک بیان کر چکے۔ ان برسون مین کوئی ایسا واقعہ نہین گذرا جو بالتخصیص قابل یادگار ہو۔ اُنھون نے تین مدرسون اور ایسٹ انڈیا کالج ہیلیبری کو طے کیا لیکن نہ اُن مدرسون کا کوئی خاص اثر اُنپر اور نہ اُنکا مدرسون پر ایسا ہوا جو زیادہ یادگار رہتا۔ اُنکو اپنے باپ اور تین بڑے بھائیون کے خلاف اپنا پیشہ اختیار کرنا بہت شاق گذرا اُنکی ایک عزیزہ نے جسکا حال ہم بیان کر چکے کہ وہ حد سے زیادہ جان لارنس پر حاوی تھی اُنکے مقدرات کی شکل مکمل کردی (گو وہ یہی سمجھتے ہون کہ مین محروم کر دیا گیا) اور اب جان لارنس اسکو بستر علالت پر چھوڑے چلے جاتے ہین۔ وہ مستقل مزاج کھرے مجتبی خود پسند انتہائی مرتبہ کے ظریف الطبع غیر تربیت یافتہ اور غیر تعلیم یافتگی سے کچھ ہی زیادہ متصف مزاج مین اُنکے آپریشن خواہ اس زمانہ مین اُنکا چون کے خواص سے کچھ بڑھی ہوئی اور اس حیثیت سے وہ اپنے باپ کے گھر سے جنکی دوبارہ دیکھنے کی اُنکو اُمید نہین ہے ایک ایسے کام پر جاتے ہین جسکی اُنھون نے کبھی جستجو نہین کی تھی اور نہ جسکی نسبت اُنکا خیال تھا کہ مین اُس کام کی خاص لیاقت رکھتا ہون۔ بیسیون بلکہ سیکڑون نوجوان سوِلینیُون مین کوئی شخص اسطرح سے ہندوستان کو روانہ نہوا ہوگا جس بیدلی اور ظاہری مایوسی کے ساتھ جان لارنس روانہ ہوے۔

اُنکے ساتھ اُنکے بڑے بھائی ہنری بھی گئے جو پانچ برس تک ہندوستان اور ہندوستان کی زرمگاہون کو دیکھ چکے تھے اور اپنی مدت ملازمت کے گذرنے کے پیشتر علالت کیوجہ سے انگلستان کو واپس بھیجدیے گئے تھے۔ اُنکو بخار نے اسقدر چور کر ڈالا تھا کہ اُنکی مان نے اپنے روزنامچہ مین درج کیا ہے کہ "وہ علالت اور تکلیف مرض کیوجہ سے ایسا زار و نا توان ہوگیا تھا کہ دیکھنے مین اپنی عمر سے دونا معلوم ہوتا تھا"۔ جان ہَرْبَرْٹ جنھون نے اپنی مہربانی سے یکے بعد دیگرے جان لارنس کے تین بڑے بھائیون کو ہندوستان کی ملازمت دی تھی جب پہلے پہل ہنری کے گھر سے روانہ ہونیکے وقت اُنکی شکستہ دل بہن کی تشفی کرتے تھے تو اُنھون نے کہا تھا کہ "میرے نزدیک آپ کے سب بھائی اچھے رہینگے لیکن ہنری مین اسقدر ثابت قدمی اور ہمت ہے کہ آپ دیکھ لینگے کہ وہ جنرل ہوکر واپس آئینگے۔ وہ اپنی زندگی مین سر ہنری لارنس بنکر رحلت کرینگے"۔ لیکن جہان تک مجھکو علم حاصل ہوسکا ہے جان کے بارے مین اُنکے کسی سچے بہی خواہ نے بھی ایسی پیشین گوئی کرنیکی جرأت نہین کی۔ اُنکے بڑے سے بڑے سرگرم دوستون اور اُنکے نہایت ہی قدردان معلمان ہیلیبری کالج کو اس بات کا گمان نتھا کہ وہ اپنی زندگی مین سر جان لارنس کہلائینگے اور یہ خیال کہ وہ ہندوستان کے بچانیکے اصل باعث ہونگے اُس ملک کے گورنر جنرل مقرر ہونگے اور "لارڈ لارنس پنجاب" کا خطاب حاصل کرینگے بعد وفات کرینگے تو ویسا ہی لغو اور غیر معتبر معلوم ہوتا تھا جیسا وِکِ ہَمپٹنکِنْز کے طفلی کے قصون مین یہ پیشین گوئی باطل سمجھی جاتی کہ وہ ایک روز لارڈ ڈیمیار ہونگے بلکہ تین مرتبہ لندن کے لارڈ ڈیمیار کے رتبہ سے زیادہ عروج حاصل کرینگے۔

ص ۳

جان لارنس نے ہیلیبیری کالج کو ماہ مئی ۱۸۲۹ء مین پاس کرلیا تھا لیکن چار مہینے کے قریب قریب اس خیال سے انگلستان مین اور ٹھہرے رہے کہ اپنے بھائی کی صحبت مین سفر دریا سے فائدہ اٹھائین چنانچہ انھون نے خود بیان کیا ہے کہ "جس زمانہ مین ہیلیبیری مین میرا قیام تھا تو ہنری کے انگلستان مین موجود ہونے سے مجھکو بڑا فائدہ پہونچا وہ پہلے امتحان مین میرے ساتھ گئے اور مجھکو کوشش کرنے کی ترغیب دیتے رہے"۔ آجکل کے زمانہ مین جب دخانی جہاز ہوا سے باتین کرتے ہین اور لوگ قلیل رخصت فرلو لیکر وطن کو جاتے اور تین مہینے کے بعد پھر اپنے کام پر واپس چلے آتے ہین یہ امر حیرت انگیز معلوم ہوتا ہے کہ جان لارنس نے انگلستان مین صرف اس غرض سے چار مہینے اور توقف کیا کہ بحری سفر مین انکو بھائی کی صحبت سے فائدہ حاصل ہو لیکن اُس زمانہ مین دخانی جہاز نتھے اور اُس سے بھی بدتر بات یہ تھی کہ خشکی کی راہ سے ہندوستان جانیکا راستہ تھا اور کیپٹ کے گرد گھوم کر بعض اوقات پانچ مہینے مین یا اُس سے زیادہ عرصہ مین بحری سفر تمام ہوتا تھا چنانچہ ان دونون بھائیون کو بھی اسیقدر مدت صرف کرنا پڑی۔

دونون بھائی مع اپنی بہن ہنوریا کے جو بڑے بھائی سے چھوٹی اور چھوٹے بھائی سے بڑی تھین ۲۔ ستمبر ۱۸۲۹ء کو پورٹس موتھ کی بندرگاہ سے روانہ ہوے۔ جان دریائی امراض یعنے دوران سر اور متلی وغیرہ مین سخت مبتلا ہوے اور آخری ایام مین بھی انکی یہی کیفیت ہوتی رہی۔ چھ ہفتہ تک وہ جہاز پر اپنی کوٹھری سے باہر نہین نکلے ایک مرتبہ انکو اپنی زندگی سے بالکل مایوسی ہوگئی تھی چنانچہ اس بات کو وہ اکثر کہا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ جنوبی افریقہ مین ایسا سخت طوفان آیا کہ "کیپٹ آف انسارمنس" (راس الطوافین) کے معنی صاف عیان ہوگئے لیکن درمیان مین جب طبیعت درست ہوتی تھی تو دونون بھائی ہندوستان کی زبانون کے سیکھنے مین بڑی محنت کرتے تھے گو دونون مین سے کسیکو انکا کام نہین پڑا لیکن وہ جانتے تھے کہ ہندوستان مین عہدہ کارروائی کے لیے انکا جاننا واجب و لازم ہے۔ ۹۔ فروری ۱۸۳۰ء کو کلکتہ مین پہونچے۔ یہان دونون بھائی جدا ہوگئے ہنری اپنے پیدل توپخانہ کے کمپ واقع کرنال مین شامل ہونے کو روانہ ہوے جو دہلی کے اُسطرف ایک بڑی فوجی چھاؤنی اور اُس زمانہ مین ہماری شمال و مغربی سرحد تھا۔ جان اُن دیسی زبانون کی تحصیل کے لیے جو قبل اسکے کہ وہ اپنی رسولان خدمتون پر مامور ہوتے سیکھنا ضرور تھی فورٹ ولیم کالج مین داخل ہوے۔ اس مقام پر یہ بیان کرنا دلچسپی سے خالی نہوگا کہ اسی سال جان لارنس کے ساتھ دو نامی شخص اور بھی وارد ہندوستان ہوے یعنے آگسٹس فریڈرک کلیسائے انگلینڈ کے پہلے پادری جنھون نے شائد اسی قسم کی کارروائیان کین جو جان لارنس سے عمل مین آئین اور سر ہنری ڈیورنڈ جو چالیس برس کے زمانہ کے بعد وزیر صیغہ خارجہ (فارن سکرٹری) اور بعدہ اُس نوجوان رائٹر (کاتب) کی کونسل کا ممبر ہوا جسنے اُس زمانہ مین عروج حاصل کرکے گورنر جنرلی کا عہدہ پایا تھا۔

ص ۳۶

جب تک جان لارنس فورٹ ولیم کالج مین رہے اُس وقت تک برابر علیل رہے۔ یہان کی آب وہوا اُن کے موافق نہ آئی اُنھون نے اپنی خبر گیری بھی بہت کم کی اور اُنکی طبیعت اسقدر گھبرا گئی تھی کہ وہ انگلستان کو واپس جانیکا خیال کرنے لگے تھے انگلو لوگون نے اکثر یہ کہتے ہوے سُنا کہ اُس زمانہ مین اگر کوئی مجھکو انگلستان مین سو پونڈ سالانہ دینے کو کہتا تو مین سیدھا وہان چلا جاتا۔ شہر کی صحبت باشندگان شہر کا آراستہ اور پیراستہ گاڑیون پر سوار ہوکر ٹھنڈی سڑک پر نکلنا شام وصبح میدان مین گھوڑون کا دوڑانا رقص وسرود کی محفلین اور دعوتین اور ضیافتین جو اکثر نوجوان سِوِلِیَنُوں کو اسقدر مرغوب معلوم ہوتی ہین اُنمین سے کوئی بات اُنکی طبیعت کو خط نہین دیتی تھی اور شاید اِس بے تکلف سیدھے سادے نوجوان اَیزِنش کو جو پوشاک اور لباس کی کچھ پروا نہین رکھتا تھا دار السلطنت کی صحبتون مین شریک ہونیکا موقع بھی بہت کم ملتا ہوگا۔ وطن کا اشتیاق اور دوستون کی محبت جسکا مین اوپر بیان کر آیا ہون اور ہندوستان سے نفرت کلی اُن لوگون مین بھی عام طور پر پائی گئی ہے جنکی تقدیر مین جان لارنس کیطرح بڑا زمانہ مابعد اپنی لیاقتون کے دکھانے اور اعلیٰ مرتبہ تک ترقی پانے کا بڑا موقع مقدر تھا۔ بلند حوصلگی اور ہندوستانی ص ۳۳ زبانون مین کے سیکھنے کا شوق بھی اُس موسم کی جگر خراش تاثیرات اور محلات شہر کے قوت شکن انبجات کو جب مقیاس الحرارت سایہ مین ۹۰ درجہ پر تھا روک نہ سکا۔ لوگ کہتے ہین کہ رابرٹ کلایو جب رائٹرشپ لینگ واقع مدراس مین رہتے تھے تو اُنھون نے دو مرتبہ بعید الوطنی کا خیال کر کے یکایک اپنی ہلاکت کا قصد کیا مگر پنچہ سر نوآخر کو وہ اپنی افسردگی طبع پر غالب آئے اور خیال کیا کہ مجھکو ابھی بڑے بڑے کام کرنا باقی ہین لیکن جب تک یہ نہ معلوم ہولیا کہ جس پنچہ سے اُنھون نے اپنی ہلاکت کا اقدام کیا تھا وہ اچھی طرح سے بھر آگیا تھا اُسوقت تک اُنکو اطمینان نہوا۔ چارلس مٹکاف جو بعد کو لارڈ مٹکاف ہوے وہ ہندوستان مین آنے کے بعد سال بھر تک برابر اپنے والد کو اس مضمون کی درخواستین بھیجتے رہے کہ مجھکو قلیل وظیفہ پر انگلستان مین رہنا منظور ہے اور یہان کی جلاوطنی نہین قبول ہے پس جان لارنس پر بھی اگر اُسیطرح کی مایوسی طاری ہوئی ہو تو کچھ تعجب کی بات نہین ہے۔ قصہ مختصر اُنھون نے اردو اور فارسی زبان کے ضروری امتحانات پاس کیے اور فارسی کے تو وہ بعد کو زباندان ہی ہوگئے۔ اور پھر بالعوض اِسکے کہ وہ نشیبی بنگال مین ہمان زیادہ تسلط اور اس وامان تھی کسی عہدہ کی درخواست دیتے جہان بمقابلہ اور مقامات کے صرف معمولی طور کا کام کرنا تھا اُنھون نے خاص اپنی التجا سے دہلی کی ملازمت قبول کر کے اپنا نام گزٹ مین مشتہر کرایا۔ اس درخواست سے کسی قدر اس بات کا حال ظاہر ہوگیا کہ وہ کس خمیر کے آدمی تھے جیسا کہ آگے چلکر معلوم ہوگا۔ اب سستی یا تذبذب کا وقت نہین تھا اُنھون نے راستے مین قدم رکھا اور پھر پیچھے پھر کر نگاہ نہ کی۔ اُنھون نے سائمن کیطرح اپنے بدن کو حرکت دی اور کام کے لیے بیدار ہوگئے اُسوقت سے سرکاری ملازمت کے آخری زمانہ تک ہمارے علم مین وہ کبھی اسطرح بیشغل نہین رہے جس طرح ہندوستان کی روانگی کے قبل چار مہینے تک بیکار رہے تھے یا جسطرح کلکتہ سے ص ۳۴

ولایت روانہ ہونیکے پیشتر دس مہینے تک افسردگی کی حالت مین رہے تھے۔ اِسوقت سے لیکر آیندہ زمانہ تک پھر اُنکو کبھی کسی بات مین یہ پس وپیش نہین ہوا کہ کیا ہوا اور کیا ہوگا اُسوقت سے عمر بھر اُنکا یہی مستقل اصول قائم رہا کہ نہ کبھی اُنھون نے نتائج پر لحاظ کیا اور نہ داہنے بائین جانب مڑکر دیکھا بلکہ جو کام سامنے آیا اُسکو قرار واقعی طور سے انجام کرنے اور اپنے مقدور بھر ہاتھ پاؤن چلانے مین سرگرم رہے اور اب ہم بیان کرینگے کہ اس اصول کی تعمیل مین اُنکو کہانتک کامیابی ہوسکی۔

نوجوان سِوِلینُون کو امتحان پاس کرنیکے بعد چند مہینے کی مہلت دیجاتی ہے اور اُسکے بعد وہ اپنے عہدے پر آتے ہین لیکن جان لارنس معًا اپنے عہدہ پر کام کرنے لگے اُس زمانہ مین سفر کرنے کا سب سے آسان طریقہ یہ تھا کہ لوگ دریاے گنگا کی راہ سے کشتی پر جاتے تھے لیکن جان نے پالکی کی ڈاک کا سریع السیر طریقہ پسند کیا اور ایسا بندوبست کیا کہ ۹۰ میل کا راستہ آٹھ دن مین طے کیا۔ جن وجہون سے اُنھون نے اپنی ابتدائی کارگزاریان دکھانے کے لیے ضلع دہلی کو منتخب کیا اُنکا دریافت کرنا کچھ دشوار نہین ہے۔ یہ ضلع اُنھون نے کچھ اس خیال سے نہین پسند کیا تھا کہ وہان کا کام سہل اور سیدھا ہوگا یا اُنکے باشندے تربیت پذیر اور فرمانبردار ہونگے بلکہ برخلاف اِسکے وہان کا کام نہایت سخت اور دقت طلب تھا اور باشندے ایسے شورہ پشت اور مفسد تھے کہ کمپنی کی سلطنت بھر مین کہین کے باشندے ویسے نہین ہین۔ لیکن خاص اسیوجہ سے امید تھی کہ جو کچھ بعد کو ظہور مین آنے والا تھا اُسکے لیے تیار ہو رہنے کا موقع ملیگا۔ اور اب چونکہ ہم جان لارنس کا احوال اس شہر غدر تک پہونچنے کا لکھ چکے جو مع اپنے ضلع متعلقہ کے آیندہ تیرہ سال تک اُنکی لیاقتون کی ایسی حیرت انگیز زیرپرشق رہا (اُنکی لیاقتین اعلیٰ درجہ کی تھین مگر اب تک استعمال مین نہین آئی تھین) اور جہان ۲۵ برس کے بعد اُنکی زندگی کی بلند ترین کامیابی حاصل ہینے باغیون کے نیچے سے دہلی کی فتح ہوئی اسواسطے اُنکی گذشتہ اور آیندہ تاریخ کا مختصر حال اس مقام پر بیان کردینا مناسب ہے تاکہ لوگون کو معلوم ہوجائے کہ اس مقام اور وہان کے باشندون کی خاص خاص صفتون کا اُنپر کہانتک اثر پڑا اور کہانتک اُنکی کوشش اور مستعدی اُن چیزون کے متعلق کارگر ہوئی۔

تاریخ وجغرافیہ کی روسے دہلی ہندوستان کا سب سے بھاری شہر ہے نافِ شمالی ہندوستان مین دریاے جمنا پر واقع ہونیکی وجہ سے بتوسط دریاے گنگا جسمین جمنا گرتی ہے اور بذریعہ اُن بیشمار نہرون کے جو جال کی طرح پھیلی اور مغلون اور انگریزون کی اولوالعزمیون سے ملک بھر مین جاری ہین قریب قریب ہر مشہور شہر سے جو اُسکے اور خلیج بنگالہ کے درمیان واقع ہے براہ راست شہر مذکور کی آمدورفت جاری ہوسکتی ہے۔ یہ شہر ایسے مقام پر آباد ہے کہ ہندوکش پہاڑ کی گھاٹیون اور کوہ سلیمان سے (یاد رکھنا چاہیے کہ سرحد کا یہی ایک ایسا مقام ہے جہان سے اگر ہندوستان پر حملہ کیا جائے تو ہمیشہ اندیشہ کے قابل ہے) شمالی اور وسط ہند کو اسی مین ہوکر بخط مستقیم راستہ ص ۳۹

نکلا ہے۔ دہلی کے چالاک مستعد اور متعصب باشندون مین ایک طرف تو بنگالیون کی سی بزدلی اور فرمان پذیری اور دوسری جانب ناتربیت پذیر افغانون کی سی صحرائیت اور درشتی پائی جاتی ہے۔ فی الجملہ غور کرنے سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ اس مقام پر شیت ایزدی یہی ہے کہ ایک مرتبہ اور لڑائی ہوگی جس مین یا تو سلطنت ہندوستان نکل ہی جائیگی یا اگر باقی رہیگی تو اسی مقام کی لڑائی مین باقی رہیگی۔ اسکی تاریخ اور روایتین پندرہ سو برس قبل سنہ عیسوی تک معلوم ہوئی ہین جب اندر پرست کے نام سے سنسکرت کے اشلوکون مین اسکا بیان کتاب مہابھارت مین درج کرنے کے قابل تصور کیا گیا ہے۔ اُس زمانہ سے یا تو اسی موقع پر یا اسکے قریب قریب ایک شہر کے بعد دوسرا شہر آباد ہوتا رہا دولت و قوت مین ترقی کی یہانتک کہ دارالسلطنت ہوگیا اور اسکے بعد رفتہ رفتہ زوال پذیر ہوتا گیا یا جیسا کہ اکثر وقوع مین آیا ہے غارتگرون کے پاشنہ سے پامال ہوا۔ ان معدوم شہرون کے ویرانے پینتالیس مربع میل کے رقبہ مین محیط ہین اور اس وسیع میدان کے ایک گوشہ مین ایک شہر شاہجہان کا بسایا ہوا آباد ہے۔

ترکون۔ اور تاتاریون۔ ایرانیون۔ اور پٹھانون۔ مغلون اور مرہٹون نے یکے بعد دیگرے دہلی کو بالکل تباہ کر ڈالا اسکی ساری دولت لوٹ لی باشندون کو قتل اور عارتون کو مسمار کر دیا یا جب پانسہ پلٹا تو پھر ایک دراز سلسلۂ نسل سلاطین کا پایۂ تخت بنایا اور تمام مشرقی شان و شوکت کا آسیر خاتمہ کر دیا اس لحاظ سے شمالی ہندوستان کی تاریخ مین کوئی نام مشہور بادشاہون مین ایسا نہوگا جسکو دہلی کے بسانے یا فتح کرنے زینت دینے یا غارت کرنے سے تعلق نہو۔ گیارھوین صدی مین جب محمود بت شکن نے ہندوستان پر متواتر حملے کرنیکے بعد افغانستان کو مراجعت کی تو سومنات کے صندلی پھاٹکون کی نسبت دہلی کے جواہرات سے اپنے شاہی محل غزنین کو زیادہ مزین کیا۔ بارھوین صدی مین محمد غوری نے اسکو ہندوستان کے مسلمانون کی دارالسلطنت بنایا چنانچہ باستثنائے چند وقفات درمیانی اسکی یہ حالت بعد اُس زمانہ کے آخری وقت تک قائم رہی اور اُسی نے غلامون کے مشہور خاندان کی بنیاد سلطنت قائم کر کے انکو اپنا باجگزار مقرر کیا۔ ص۴

چودھوین صدی مین تیمور لنگ نے اس شہر کو تاخت و تاراج کیا۔ دہلی ہی مین بابر نے شہنشاہی کا لقب اختیار کیا اور دہلی ہی مین ہمایون مدفون ہوا شاہجہان نے بھی جسکو تمام معماروں کا اُستاد کہنا چاہیے اور جسنے موتی مسجد اور تاج محل ایسی عمارتین بنا کر دنیا مین طرز عمارت کے عجائبات کھلا دیے بمقابلہ آگرہ کے یہی مقام پسند کر کے اسکو اپنا دارالسلطنت قرار دیا اور اسکو از سر نو تعمیر کرا کے اپنے نام کے مطابق اسکا نام شاہجہان آباد رکھا (۱۶۴۸ء) اٹھارھوین صدی مین ایران کے نامی حملہ آور نادر شاہ نے دہلی کے باشندون اور اسکے مال و متاع کی وہی گت کی جو اسکے پیشتر تیمور لنگ نے کی تھی اور جو تھوڑی بہت بضاعت اور قدرت خاندان مغلیہ کی رہگئی تھی اسکو آخرین مرہٹون نے تصرف کیا۔ اب خاندان مغلیہ کا بادشاہ مثل کٹھپتلی کے اُنکے اختیار مین آگیا اور آغاز صدی ہذا (۱۸۰۳ء) مین وہ

اُن تاجروں کی کمپنی کے اختیار مین آیا جنکی حکومت نہایت ہی ملیمانہ تھی - یہ وہ کمپنی ہے جو لیڈن ہال اسٹریٹ مین کاروبار تجارت اور حکمرانی کرتی تھی لیکن اُسکو اس بات کی بھی قدرت حاصل تھی کہ کلائیو صاحب کوٹ صاحب لنگ صاحب اور ولسلی صاحب ایسے قلعہ شکن جرنیلون سے کام لے اور تلوارون کو نیام سے نکالنے کا حکم دے

جب لارڈ لنگ تہلکہ انگیز سلسلہ فتوحات کے بعد دہلی مین داخل ہوے تو اُنھون نے معزز بادشاہ کو پیرایۂ اہلی شکستہ بالی مفلوک الحالی اور فقدان بصارت کی مجموعی مصیبتون مین مبتلا ایک چھوٹے اور بوسیدہ چتر کے نیچے جو اُسکی شان شاہی کا ایک اکیلا یادگار رہگیا تھا بیٹھا ہوا پایا - لیکن فاتحین انگلشیہ ایسی واجب الرحم حالت پر ترس کھا کر جسمین ممکن تھا کہ اُنسے کوتاہی ہوتی شاہ عالم کے ساتھ اُس عزت و توقیر کی غمخواری سے پیش آئے جسکو کسی جلیل القدر شخص پر جو بے بس ہو گیا ہو ظاہر کرنے مین اُنھون نے کبھی دریغ نہین کیا گو اور عیوب اُنمین کیسے ہی کیون نہون اُنھون نے اُسکو اُسکا قلعہ جو شاہجہان کی نہایت بازینت تعمیرات سے ہے واپس کر دیا اور اور شہر کے قرب وجوار کے وسیع اضلاع اُسکے اور اُسکے دربار کے مناسب گزارہ کیواسطے لگا دیے - ان اضلاع کا انتظام براہ دوشمندی اُنھون نے اپنے اختیار مین رکھا لیکن ایک لاکھ روپیہ (جسکی تعداد آخر مین بہت بڑھا دیگئی تھی) اُمدے اور مجبور پیرو کے دامن مین ماہ بماہ انبار کر دیا جاتا تھا قلعہ کے اندر جسکی عمارت بخوبی مستحکم اور بطور کافی اسقدر وسیع تھی کہ ایک فوج اور ایک دربار کے لوگون کو اُسمین رہنے کی جگہ مل سکتی بحیثیت فرمانروائے اعظم اُسکو سلطنت کرنیکا اختیار دیا گیا

اگر انگریزون کو کچھ انصاف یا فیاضی دکھلانا تھی تو وہ ہرگز اُس سے کم سلوک نہین کر سکتے تھے - اور اُسپر بھی یہ امر شبہہ سے خالی نہین ہے کہ خود اس محترم کٹھپتلی یا اُن رذ خلائق لوگون کے بہترین حقوق جنھون نے سارے دربار کو گندہ اور بدنام کر رکھا تھا جس امر کے مقتضی تھے اُس سے زیادہ سلوک کیا گیا تھا یا نہین - سرگروہ کلیسائے روم جسکا تخت چھن گیا ہو اُس فرقہ کے ایک نہایت ہی متقدد فرمانروا سے جس شے کے پانے کی اُمید کر سکے اُسکے مقابلے مین ریٹکن اور ایک باغ اقل قلیل ہے لیکن ایک شہر تی بادشاہ پر جسکو نہ تو بادشاہی کے فرائض انجام کرنا تھے اور نہ بسبب اُس محافظت کے جسکی ذمہ داری ایک اعلیٰ دولت اجنبیہ نے کر لی تھی امن وامان کے متعلق کسی قسم کا ایسا خوف باقی رہگیا تھا جو تا جداروں کو ہوا کرتا ہے ایک قلعہ کا مع اُسکی آمدنی کے چھوڑنا اس امر کا ظن غالب پیدا کرتا ہے کہ وہ المضاعف فسق و فجور کا معدن بن جائیگا - چنانچہ ہمنے جان بیلی جو تجربہ بہندوستان مین حاصل کیا اُس سے بکرات و مرات اس امر کی تصدیق ہو چکی ہے - یہ وہ بے اعتدالی ہے جسکی اصلاح نہ تو شربت سے ہو سکتی ہے اور نہ زہر سے -

لیکن انگلش لوگون نے تباہ شدہ بادشاہ پر اپنی فیاضی ظاہر کرنے مین اس سے بھی بڑھکر کام کیا - اُنھون نے ایک طور کی مہربانی سے جو بمنزلۂ ظلم کے تھی اور جو اُنکے دلون کے اعتبار سے قابل تعریف ہو تو ہو

ص ۱۴۱

لے پارسیل سے مراد ہے جسکا ذکر اوپر ہو چکا ہے
ریٹکن شہر کا نام ہے جو دریاے ٹیمز کے کنارے واقع ہے
کلیسائے روم کا ایک سلسلہ ہے جسمین پوپ کے ماتحت بہت سے پادری ہوتے ہین

مگر دماغون کے اعتبار سے ہرگز قابل تعریف نہ تھی تیمور لنگ کے کمزور وارث کو اُن تمام وسیع ملکون پر جنکو اُسکے بزرگون نے فتح یا جن پر اُنھون نے اپنا حق قائم کیا تھا موسومہ شاہنشاہی کا اختیار دیدیا یہ سچ ہے کہ اُنھون نے صرف ایک نام کی شاہنشاہی کا اختیار دیا تھا۔ لیکن مشرق مین یہی تسمیہ یا یادگار یا علامت اکثر اُس حقیقت سے جسکی یہ مجاز سمجھی جاتی ہے قوت مین زیادہ قادر اور اصلیت مین اُس سے فائق ثابت ہوئی ہے۔ ہمارے دو ایک دانشمند ترمدبرون نے اپنے سرون کو ہلایا اور بتدریج دست درازیان کرکے بے سمجھے بوجھے شاہی حشمت گھٹانیکی فکر کی۔ لیکن اُنکی کوششین کلاً نہین بلکہ صرف جزءً کامیاب ہوئین۔ پہلا انگریزی پریزیڈنٹ جو ایک رحم دل اور شریف افسر تھا اس خیالی بادشاہ کے حضور مین گھٹنون کے بل حاضر ہوتا تھا اور یہ آداب وہ تھا جسکی بجاآوری مین ادنیٰ اہل دربار بھی یوروپین بادشاہ کے روبرو اکراہ کرتے۔ یکے بعد دیگرے ہرگورنر جنرل یا گورنر جنرلون کے نائب اُسکو نذرین دیا کیے جس سے ہندوستانیون مین عموماً اور ضعیف بادشاہ کے دل مین خصوصاً لامحالہ یہی خیال گذرا ہوگا کہ ہندوستان مین اعلیٰ اقتدار اُسی کو نہ کہ انگریزون کو حاصل ہے۔ سکہ رائج الوقت ملک پر اِس بادشاہ خاندان مغلیہ کی تصویر تو بیشک نہین ہوتی تھی کیونکہ اِسکو کوئی دیندار مسلمان جائز نہ رکھتا لیکن مغلیہ بادشاہ کا کتبہ اور سنہ جلوس اُسپر ضرور کندہ ہوتا تھا۔ دیسی بادشاہ اپنے کو بلکہ انگلش فاتحون کو بھی مالک نہین سمجھتے تھے بلکہ ایک غیر ذیل کا منتظم جانتے تھے اور جب تک دربار دہلی سے اُنکے علاقون پر حقوق کا دعویٰ تسلیم نہین ہو جاتا تھا اُسوقت تک اُنکو اپنے تخت سلطنت پر دغدغہ رہتا تھا۔ اور اسیطرح ایک پریزیڈنٹ کے بعد دوسرا پریزیڈنٹ آتا تھا سپنٹن کی جگہ منکاف اور منکاف کی جگہ اگنیو اگنیو کی جگہ پھر اگنیو کی جگہ منکاف پریزیڈنٹ مقرر ہوے تخت پر شاہ عالم کی جگہ اکبر شاہ بیٹھا اور اکبر کے بعد وقت معین پر بہادر شاہ نے تخت نشینی کی امید کی اور گو بعض مکروہ آداب وحقوق جو مغلیہ بادشاہ کو دیے گئے تھے رفتہ رفتہ مختصر کر دیے گئے تاہم اصل بنیاد فساد اُسی طرح قائم رہی اور اُسکا کچھ انسداد نہوا۔ ص ۴۱

اگر یہ امر صحیح ہے کہ اُس بدعملی کے زمانہ مین جو باعث زوال سلطنت مغلیہ ہوئی دارالسلطنت قرب وجوار کے ملکون کے بدمعاشون کا مامن بنگئی تھی تو اُسیطرح یہ امر بھی صحیح ہے کہ انگریزون کی حفاظت کے زمانہ مین شاہی قلعہ شہر کے بدمعاشون کا مامن ہوگیا تھا۔ خاص شہر اور اُسکے مضافات مین تو انگلش حکومت سے بڑی تیزی کے ساتھ قانون کی پابندی ہوتی جاتی تھی سکہ بیٹھتا جاتا تھا اور جان ومال اور آبرو کی حفاظت ہوتی جاتی تھی۔ لیکن محل کی چاردیواری کے اندر وہی اسراف بیجا اور بدمعاشی حسد اور دغابازی ابتک جاری تھی گو پریزیڈنٹ کے خوف سے قتل اور ایذارسانی مسدود تھی۔ نابکار باشندون یعنے قوم ساقون مخبرون حرمون خواجہ سراؤن کے وہی گروہ ابتک بکثرت موجود تھے۔ اور جن بدکارون کو خود انگلش گورنمنٹ نے اپنے صادق ارادون سے جو تمام عالم مین مشہور ہین جائز کر دیا تھا اُنکے خلاف پریزیڈنٹ کیطرف سے بھی سوائے ایک خفیف مزاحمت کے اور کچھ نہین ہوسکتا تھا۔

گو حکومت مغلیہ کا اگیا بتال روز بروز کمزور ہوتا جاتا تھا اور سلطنت مغلیہ کی مشعل بالکل گل ہوا چاہتی تھی صرف ایک ذرا سی جھلاہٹ باقی تھی لیکن ابتک وہ بجھی نہین تھی اور ممکن تھا کہ اتنی ہی جھلاہٹ سے پھر ایسا شعلہ مشتعل ہو جاتا جو تمام ہندوستان مین آگ لگا دیتا۔ یہ باتین ہمارے ملک کے دو ایک عقلمندون نے اُسیوقت سوچی تھین اور اب بیشت بعد از جنگ "ہر شخص کو یاد آتی ہے۔

پس آغاز ۱۸۳۱ء مین جان لارنس ایک مددگار رزیڈنٹ کے طور پر اس دار السلطنت مین وارد ہوے تو اُسکی عام گذشتہ اور موجودہ حالتین یہ تھین اور جو کچھ مین نے اوپر بیان کیا ہے اس سے یہ نتیجہ نکالنا کچھ دشوار نہین ہے کہ ایک طرف تو دربار کی بدکاریون اور جماعت امرا کی بے اعتدالیون اور دوسری طرف عوام الناس کی مضطربانہ مصیبتون اور اُنکی عجیب وغریب صفتون کا اثر جان لارنس کی آخری کارروائیون کے زمانہ یعنے ایسے وقت مین کیا پڑا ہوگا جب اُنکی خواہش یہ تھی کہ مین محکوم نرہون بلکہ حاکم رہون معاملات کو ویسا ہوا دیکھا نکرون بلکہ اُنمین کارروائی کرون اور جو بدنامیان عائد کی جاتی ہین اُنکو سنا نہ کرون بلکہ یک قلم دور کردون ص۴۳

شہر دہلی اور ضلع دہلی اُسوقت سے جب لارڈ لیک نے اسکو فتح کیا تھا برابر ایک انگریزی افسر کی زیر نگرانی رہتا چلا آیا جو رزیڈنٹ اور چیف کمشنر کہلاتا تھا۔ یہ عہدہ ایسا تھا جسکے لیے اعلیٰ اوصاف اور اُن اوصاف کی تعمیل درکار تھی اور جو انواع واقسام کی خدمتین اُسکے متعلق تھین وہ اس منصب دار کے غیر معمولی خطاب ہی سے ثابت ہوتی ہین اسپر دو مرتبہ چارلس مٹکاف مقرر ہوے جو وہان کے حاصل کیے ہوے تجربہ سے اُسیطرح جسطرح جان لارنس نے اس مقام سے عروج حاصل کیا اعلیٰ مراتب پر ترقی پانے لگے اور قبل وفات کیے بعد دیگرے گورنر جنرل ہندوستان اور اعلیٰ حاکم جمینشیا اور کنٹ ڈار ہے۔

اُس زمانہ مین دہلی کی رزیڈنسی پر ٹامس تھیوفیلس مٹکاف مقرر تھے جو سر چارلس کے چھوٹے بھائی تھے یہان کا کام کچھ تو وہ تھا جو ہندوستان مین پولیٹیکل کام کہلاتا ہے اور کچھ انتظامی کام تھا۔ پولیٹیکل خدمات کے متعلق ابتدا مین اُنکا تعلق بادشاہ اور شاہی قلعہ سے رہا لیکن اُنکا اثر اُس وسیع ملک پر بھی پڑتا تھا جسکے جنوب مشرق طرف مالوہ اور شمال مغربی جانب پنجاب ہے اور دونون کے درمیان وہ خود واقع ہے۔ اسطرح سے اُن ہمسایہ مین وہ بیشمار ریاستین جو قدیم اور معزز اور نہایت زبردست راجپوت سردارون کی جاگیرین تھین اور جو بشمول میواتی اقطاع ریگستان کے اُس حصہ کو مترتب کرتی ہین جسکو گویا جغرافیہ کی اصطلاح مین مملکت متحدہ راجپوتانہ کہتے ہین شریک تھین۔ اُنمین جھنید۔ پٹیالہ کیتل۔ اور نابھ کی محدود ریاستین بھی شامل تھین جھنین اور بہت سے چھوٹے راجواڑے بھی حشرات الارض کیطرح برٹش علاقہ کے اندر داخل ہین۔

سول کمشنر کی حیثیت سے رزیڈنٹ کو خاص انگریزی علاقہ مین یہ یہ کام مقرر تھے کہ وہ امن وامان قائم

رکھکے انصاف کا عمل درآمد کرے مالگزاری کی تحصیل و تقسیم کی نگرانی کرے اور جہانتک ممکن ہو اس ملک کی دولت
ص ۴۴ کو ترقی دے جسمین ابتک بہت ہی ناقص کوششین ہوتی آئی تھین اُنکے مددگار جو چار یا پانچ رہتے تھے عموماً ایک
خاندان کے لوگون کیطرح مکان یا احاطۂ رزیڈنسی مین رہا کرتے تھے اور کارآموزی کا ابتدائی زمانہ طے کرنیکے بعد
اُن مختلف خدمات مین سے جو خاص رزیڈنٹ کے متعلق تھین ایک نہ ایک خدمت پر مامور کر دیے جاتے تھے
اسطور پر وہ ابتداہی مین مجسٹریٹ کلکٹر اور جج کے کامون سے بہت جلد واقف ہو جاتے تھے۔

دہلی کا ضلع اسکے تمام متعلقین کی خوبی قسمت سے ملک غیر آئین تھا۔ باوصف اس امر کے کہ غیر ملک کے
لوگون نے بارہا اسکو فتح کرکے انواع واقسام کے انقلابات پیدا کیے لیکن بہ نسبت اور مقامات ہندوستان کے
یہان کی دیسی جماعتون مین تبدیلی بہت کم واقع ہوئی تھی۔ دیہات کی معزز جماعتون کو تو ہاتھ بھی نہین لگا تھا اور
انگریزی افسرون کا منشا رخوش نصیبی سے یہ نتھا کہ اُنکو برباد کیا جائے بلکہ اُنکو سلامت رکھنا اور اُنسے عمدہ کام لینا
مقصود تھا۔ قانون نیلام بقایاے لگان جسکو سر جان کے نے "دو اسرار بے انصافی" سے خوب ہی تعبیر کیا ہے
ابتک علاقۂ دہلی مین جاری نہین ہوا تھا اور معدلت کا انتظام سخت اور سنگین قوانین پر نتھا بلکہ زیادہ تر دادرسی
کے طبعی اصولون پر تھا۔ ان وجوہات سے یہ کہنا بیجا نہین ہے کہ ہر ایک نائب رزیڈنٹ کو اپنے مختلف کامون
اور اُس آزادی اور جوابدہی سے جسکے برتاؤ کا اسکو موقع دیا گیا تھا اپنی لیاقت دکھانیکا نہایت ہی بنظیر موقع حاصل تھا

۱۸۳۱ء کے نائب رزیڈنٹون مین چارلس ٹریویلین تھے جنھون نے اپنی اس مستعدی قابلیت اور بیباکی
سے اس ماتحتی کی حیثیت مین بھی بڑا نام پیدا کرلیا تھا۔ گو دنیا بھر طعن وطنز کرتی رہی مگر اُنھون نے مردانہ وار تمام
اعلیٰ مقامون کی بداطواریان دور کردین اور آخر کو اسطرح سے اُنکو نیست ونابود کر دیا کہ پھر کبھی اُنکے سر اُبھارنے کی
اُمید نہین ہوسکتی ہے اور اُنکی ان کارروائیون کا ایک زمانہ تعریف کرتا ہے۔ نووارد جان لارنس مین اُنھون نے
اپنی ہی سی ہمت پائی جنکے یہان بُلانے مین اُنھون نے خود ہی تحریک کی تھی۔ اور اسوجہ سے دونون مین ایسی
دوستی ہونے لگی جو پچاس برس تک برابر قائم رہی تا آنکہ موت نے دونون مین قطع تعلق کرا دیا۔ یہ دونون دوست
عرصہ تک ایک جگہ نہ رہنے پائے کیونکہ ٹریویلین دوسرے ہی سال بھرتپور چلے گئے اور جان لارنس اسی شہر مین
رہے جس سے اُنکو آیندہ اسقدر تعلق رہنے والا تھا۔

ص ۴۵ باایں ہمہ اُس خرد سال دوست نے اپنے سے بڑے دوست کی نسبت جسکو ہندوستان کی کارروائیون کا
ابھی تک ذرا بھی تجربہ نہین ہوا تھا ایک بہت واضح خیال پیدا کیا اور اُس زمانہ کے پچاس برس بعد جب ایک
مرتبہ مجھسے باتین ہوتی تھین تو اس صفائی کے ساتھ اُسنے اسکو ظاہر کیا دوجب مین نے پہلے پہل جان لارنس
کو دیکھا تو جاے حیرت ہے کہ اُس زمانہ مین بھی مثل سن رسیدگی کے وقت کے پایا نہین بلکہ مین تو کہتا ہون کہ

اُس زمانہ مین آخری ایام سے بھی ضعیف تر پایا کیونکہ اُنکے چہرہ کی شکنین کہین زیادہ گہری تھین۔ چہرہ مضطر اور متردد تھا مزاج مین پارہ کی خاصیت معلوم ہوتی تھی میری غرض یہ نہین ہے کہ اُنمین بے ثباتی یا لغزش لوگون کے عیوب تھے بلکہ میرا مطلب یہ ہے کہ اُنمین سرگرمی اور تیزی پائی جاتی تھی۔ مثلاً یہ کہ وہ سواری کے بڑے شائق تھے اور مین ہمیشہ اُنکو دیکھا کیا کہ سرپٹ گھوڑا دوڑاتے چلے جاتے ہین۔ اُس مردکارکن کی ابتدا یہی تھی۔ اُس زمانہ مین مین نے اُن علامتون کو جو عموماً فضیلت یا بزرگی سے تعبیر کی جاتی ہین نہ تو دریافت کیا اور نہ اُنمین پائین لیکن اب جو مین گذشتہ کیفیت پر غور کرتا ہون تو مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ جو علامتین مین نے اُسوقت دیکھی تھین وہ اس قابل تھین کہ جو کچھ مین نے اُنکی تعبیر کی تھی اُس سے زیادہ کرتا۔"

جان لارنس کا پہلا عہدہ رزیڈنسی کی ماتحتی مین شہر اور مضافات شہر کے اَسسٹنٹ جج مجسٹریٹ اور کلکٹر کا تھا۔ قریب قریب آٹھ سو مربع میل کا رقبہ اور پانچ لاکھ کی آبادی اُنکے ماتحت تھی اُسمین سے دو لاکھ آدمی صرف شہر مین تھے اور اُنھین کے محدود مقاصد اور مشاغل اور خفیف جرائم اور قضایا سے اَسسٹنٹ مجسٹریٹ کا کام خاص کر کے تعلق رکھتا تھا۔ شہر کے باشندون مین طرح طرح کی قومون کے لوگ تھے اس مسلمانون کی دارالسلطنت مین بیشک مسلمین ہند کی ایک بڑی بھاری تعداد تھی لیکن آبادی کا زیادہ تر حصہ ہندوون سے شامل تھا جنمین سکھ اور افغان بھی ملے ہوے تھے۔

سلطنت مغلیہ کے زوال اور مرہٹون کے عروج کے زمانہ مین جان و مال کا عام خطرہ اسوجہ سے زیادہ پیدا ہو گیا کہ شمالی ہندوستان اور وسط ہند کے شورہ پشت لوگ بھیڑ یا دمسان خلقت کے فطرتی قاعدہ سے وہین آکر جمع ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی آبادی مین جرائم پیشہ اشخاص کی جمعیت زیادہ ہو گی اور اکثر قلعہ معلی کے ذیل مجرم اس فوج کی جمعیت بڑھاتے رہتے تھے۔ قلعہ کے اندر انگریزی مجسٹریٹ کی کچھ دال نہ گلتی تھی۔ دستور غلامی کثیر الازواجی اور کثیر الاولادی جو شرقی شخصی سلطنت کے ساتھ لازم و ملزوم ہین اُنکا دُنکا بجتا تھا اور کوئی روک نہ تھی۔ شاہی خاندان کے اجزا لینے وہ لوگ جنکو نہ خدا کا خوف اور نہ انسان کا ڈر تھا اور جنکا قلعہ کے باہر ایک پیسہ کا بھی اعتبار نہ تھا قلعہ کے اندر فضول خرچی شہوت پرستی اور ہر قسم کی بدفعلیون کی دھوم مچائے ہوے تھے بعض اوقات دو ایک نیم برہنہ لونڈیان جنکی پشت پر دُرون کے نشان لگے ہوتے تھے اپنے زینت دار قید خانہ کے دریچون سے بھاگ آتی تھین اور صاحب رزیڈنٹ یا اُنکے نائب خوش ہو کر تعاقب کرنیوالے سپاہیون سے کہدیا کرتے تھے کہ یہ بندیان انگریزی سرزمین پر قدم رکھتے ہی آزاد ہو گئین قلعہ کے اندر قدیم مغلیہ دربار کے تمام آداب و قواعد بڑی احتیاط سے اُسیطرح باقی تھے۔ بعض اوقات یہ صاحب منزلت لوگ اپنے ہم جنس عمال پر بھی مقدمات صاف کرتے تھے اور باہمد گر چورون مین جو اعتبار رہتا ہے اُسکو بھی ملحوظ نہین رکھتے تھے۔ کبھی یہ ہوتا تھا کہ [illegible]

ص ۴۲

سر چارلس نرٹویلین کے بیان کیے ہوے ایک واقعہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے) ارتکاب جرائم کی مہارت اور ناجائز طور سے حاصل کی ہوئی واقفیت جو انھون نے قلعہ مین بہم پہونچائی تھی انکو قلعہ کے باہر دور دور تک کام مین لانیکا قصد کرتے تھے۔ نواب صدر اعظم نے جو برائے نام اس رتبہ سے موسوم یا اسکے برابر کا امیر تھا جعلی دستاویزات بنانیکا ایک باقاعدہ کارخانہ جاری کیا تھا۔ یہ کام بہت آسان تھا کیونکہ عہدے کے اعتبار سے بادشاہان سلف اور انکے بڑے بڑے عہدہ دارون کی تمام مُہرین اُسکے قبضہ مین تھین۔ شہر کے تمام لوگ اچھی طرح سے جانتے تھے کہ یہ کارخانہ قائم ہے اور بڑے بڑے معزز لوگ بھی جب دیکھتے تھے کہ انکی اراضیات مین کوئی جھگڑا پیدا ہوا ہے تو جعلی حق قائم کرنیکے لیے اسی کارخانہ مہرین بنوانے آتے تھے۔ ایک روز راجہ بلبھ گڈھ کے ایک وکیل نے رزیڈنسی مین آکر یہ خبر دی کہ اسوقت میرے مالک کے علاقے کے ایک گاؤن کی بابت سابق صدر اعظم جعلی دستاویز تیار کر رہے ہین۔ کوتوال ایک پروانہ گرفتاری کے ذریعہ سے وہان بھیجا گیا اور اُسنے جاکر دیکھا تو درحقیقت وہی کارروائی ہو رہی تھی۔ معزول صدر اعظم جسکے پاس سابق حکام دہلی کی کم سے کم سو مُہرین موجود تھین گرفتار کیا گیا اور اسکو پانچ برس تک سڑکون پر کام کرنیکی سزا دی گئی۔

اسکے چھبیس برس بعد تاریخ ضلع دہلی کے متعلق دہلی پر باغیون کا قبضہ ہو جانا ویسا ہی ہے جسطرح رومی تواریخ مین یہ امر گذرا ہے کہ روم کو قدیم باشندگان فرانس (قوم گال) نے جلا ڈالا تھا دونون مین قدرے قلیل ہی فرق ہے۔ اُس زمانے کے قریب قریب تمام کاغذات جسکا حال مین لکھ رہا ہون جلا ڈالے گئے تھے لیکن اُن کاغذات اور بچ کی تمام خانگی چٹھیون کی عدم موجودگی کی حالت مین بھی اس اعتبار سے کہ ہم جان لارنس کے خیال اور کارروائی زمانۂ مابعد سے واقف ہین بہت اچھی طرح سے یہ قیاس کر سکتے ہین کہ جسوقت کوئی بدعنوانی کی بات اُنکو معلوم ہوئی تو اپنے تئین جوکھم مین ڈال کر کس بہادری کے ساتھ اُنھون نے انسداد کیا مثلاً ایک لونڈی کو اُنھون نے ایک سمگار کے ہاتھ سے رہائی دی اور ایک بدمعاش کو جو اُسی زعفران زار مین پیدا ہوا تھا گرفتار کر کے سزا دی اور یہ وہ شخص تھا جسنے قلعہ کی چار دیواری کے باہر اپنی بدعملیون کی مشق کرنا چاہی تھی۔ ص ۴

لیکن اسسٹنٹ مجسٹریٹ کے اشغال سب اسیطرح کے جوش انگیز نتھے اور نہ اُنکی سراغ رسانی صرف جرائم پیشہ اشخاص تک محدود تھی۔ جان لارنس بیان کرتے ہین کہ "دہلی کے اکثر سردار شہر مین باغات اور مکانات رکھتے تھے جہان کچھ تو رزیڈنٹ کے سلام کرنیکو اور کچھ عیش و تفریح کو جایا کرتے تھے تاکہ لوگون کی صحبت سے حظ اُٹھاوین۔ اُس زمانہ مین دہلی مین قدیم خاندانون کے ذی مرتبت لوگ بھی تھے جنھون نے ایک ایک حیثیت سے گذشتہ لڑائیون مین کام کیا تھا۔ یہ وہ لوگ ہین جو سزآز تھروسلی یا لارڈ لیک کے زمانہ مین بیقاعدہ طور سے فوج کا کام کر چکے تھے اور اُن دلچسپ ایام کی داستانین بڑے شوق سے کہا کرتے تھے اور اُن لوگون کی

زبانون پر مسٹر سیٹن اول پریذیڈنٹ سر چارلس مٹکاف سر ڈیوڈ اکٹرلونی اور سر جان مالکم کے نام جاری رہتے تھے۔ اس قسم کے قصہ گویون کو جان لارنس ان قصون کے سننے والے بھی بہت اچھے ملے تھے جو خود قصے بیان کیا کرتے تھے اور اس فن مین انسے زیادہ مشق رکھتے تھے اور اسطور پر انکو اپنے ابتدائی عہد مین ایسا تجربہ حاصل ہوگیا جو ہندوستان کے اور حصون مین بتدریج حاصل ہوا چنانچہ اسطور پر انکو ویسی سردارون کے خاندانی حالات انکے خیالات اور خواہشین اور انکا عیب و ہنر بہت اچھی طرح سے معلوم ہوگیا اور یہ واقفیت مابعد زمانہ مین جب انکو ایک ذمہ دار فرمانروا کی حیثیت سے بیدخل اور غیر مطمئن سکھ سردارون کے ساتھ جو ایک نو مفتوح صوبہ مین جابجا منتشر تھے وسعت کے ساتھ برتاؤ کرنا پڑا تو بڑے کام آئی۔

جان لارنس چار برس کے قریب قریب دہلی مین رہے اور اس زمانہ مین برابر مستعدی سے کام کرتے رہے کبھی کوئی تغیر اور تبدل نہین ہوا۔ ایک مرتبہ البتہ وہ بتدیل کے شکار مین شریک ہوئے تھے جسمین مسٹر ٹرینچ نے بہت سے دوستون کو بھاؤ کے جنگل مین دریاے جمنا کے کنارے مدعو کیا تھا۔ ایک یا دو مرتبہ وہ عجالتاً اپنے بھائی جارج کے پاس گئے تھے جنکے یہان اُس زمانہ مین بمقام کرنال ہنری لارنس اور انکی بہن ہنوریا جو ہندوستان سے آئی تھین یہ دونون آدمی مہمان تھے۔ ۶۔ مارچ ۱۷۸۳ء کو ہنری نے کرنال سے اپنی بہن لیٹیشیا کے نام ولایت کو یہ لکھا تھا کہ ص ۴۴
"آپ قیاس کرلینگی کہ جان نے جو دہلی مین اپنی تقرری کرائی اُس سے ہمکو کسقدر خوشی حاصل ہوئی وہ اب ہمارے یہان سے چند گھنٹے کی راہ پر اور بہت اچھے شخصون کے پاس ہین۔ مہینے کے آخر مین میرے کرنال واپس آنے پر وہ یہان آئینگے"۔ اور ایک چٹھی مین جسکو بتاریخ ۱۸۔ فروری ۱۷۸۴ء ہنوریا نے (جنکی شادی مسٹر بارٹن کے ساتھ ہوئی اور جو اسوجہ سے اب مسز بارٹن کہلاتی ہین) مقام بنارس سے (اس بات کے دیکھنے سے بڑا لطف حاصل ہوتا ہے کہ اس بہن کو کسقدر خیال اس بات کا تھا کہ خاندان کے لوگ آیندہ کس حالت سے رہینگے) مجھکو لکھا تھا کہ "اُس پہلے رہ مہینے کے عرصہ مین جب ہم اپنے بھائی جارج کے ساتھ کرنال مین رہتے تھے جان کبھی کبھی ہماری ملاقات کو آیا کرتے تھے اور انکے آنے سے ہم لوگ بہت محظوظ ہوتے تھے وہ اپنے دہلی کے عہدہ سے خوش معلوم ہوتے تھے اور ہم کو معلوم ہے کہ کمشنر اور متعلقین کمشنر سے وہ بڑی گاڑھی دوستی رکھتے تھے"۔ یہ بات بھی بیان کرنیکے قابل ہے کہ گو کمشنر کو وہ بہت چاہتے تھے مگر مسٹر اور نابابون کے ایوان رزیڈنسی مین نہین رہتے تھے بلکہ ایک علیحدہ مکان مین جو وہان سے ڈیڑھ میل کے فاصلے پر تھا پادری انوریسنٹ کے ساتھ رہتے تھے جنسے اُنھون نے نہایت دوستی پیدا کرلی تھی۔ اس بات کا بیان کرنا بھی دلچسپی سے خالی نہین ہے کہ جو نوجوان افسر اُسوقت دہلی مین موجود تھے اُنمین سے ایک افسر رابرٹ ٹھیپنیر تھے جو اسی زمانہ مین سترینا کے ایک گروہ کی سرکردگی سے اُن قلعون کے استحکام مین مصروف تھے جنسے جان لارنس کے دور دراز صوبہ کی بھی ہوئی فوجون کا مقابلہ کیا گیا۔

باب سوم

قیام پانی پت کے حالات اور واقعات ۱۸۳۴ء تا ۱۸۳۷ء

ص ۴۹

دہلی مین چار برس کی کارآموزی کے ختم ہونیکے بعد جان لارنس شمالی قسمت علاقہ دہلی کے ایک ضلع کو تبدیل اور اسکے حاکم مقرر کیے گئے۔ اسکا صدر مقام پانی پت تھا جہان سے بیس میل کے فاصلے پر کرنال کی بڑی چھاونی واقع تھی لیکن ضلع پانی پت مین اس امر کے لیے چھاونی کی کوئی حاجت نہین تھی کہ وہ فوجی جوش قائم یا جنگی تعلقات پیدا کیے جائین جو اُس کی تاریخ کے ساتھ اس طرح پیوست ہو گئے ہین کہ کبھی علیحدہ نہین ہو سکتے کیونکہ ضلع پانی پت کو تاریخ جزیرہ نماے ہند سے وہی نسبت ہے جو میدان اِنڈرَ اَلپس کو یہودیون اور وادی اَشکَلُن کو واسکا ٹلینڈ یا حال مین ملک بلجیم کو کل یورپ سے رہی ہے۔

قطع نظر اُن چھوٹے چھوٹے قضیون اور بیشمار لڑائیون کے تین مرتبہ اسی ضلع کی حدین کل جزیرہ نماے ہندوستان کی قسمت آزمائی ہوئی۔ اسی مقام پر ۱۵۲۶ء مین مغلون کے سبب سے بڑے بادشاہ اکبر نے جسکی عمر اُسوقت صرف تیرہ برس کی تھی بقول مشہور ایک عجیب و غریب طور کی ذاتی جرأت سے جسکے یقین کرنے مین کاہم کو اختیار ہے لیکن اُسپر یقین کرنا لازم ہے اپنے لائق سپہ سالار بہرام خان کی ہدایت سے جو برائے نام اُسکے زیر حکومت ملازم تھا وہ سلطنت جو اُسکے باپ ہمایون کے ہاتھ سے نکل جا چکی تھی پھر فتح کرلی۔ اسی مقام پر ۱۷۵۹ء مین نو دولت نادرشاہ نے جو متاخرین بہادران ایران مین سب سے زیادہ جنگجو پیدا ہوا تھا تخت ایران پر متمکن ہونے اور رومیون اور روسیون کو پھر اور آخر طرف مار کر ہٹا دینے اور یورپ سے دکھن تک ہرات قندھار غزنی اور کابل پر

ص ۵۰

قبضہ کر لینے کے بعد محمد شاہ بادشاہ خاندان مغلیہ کی سپاہ کو تہ و تیر کر دیا اور اپنی جوانمردی کے صلے مین دہلی کا تمام مال و اسباب اُٹھا لے گیا۔ اسی مقام پر ۱۷۶۱ء مین احمد شاہ دُرّانی نے درۂ خیبر کی راہ سے ہندوستان پر متواتر حملے کرنیکے بعد آخر کار مرہٹون کے گروہون کو پسپا کیا اور ایسے کشت و خون کے بعد جو ہرگز قابل تعریف نہین ہے دکھن جانب نربدا پار باقی ماندہ لوگون کو ہٹا دیا اور شمال مین جو فتحمندیان اُنھون نے حاصل کی تھین اُنسے اُنکو یکقلم محروم کر دیا۔ اگر یہ زبردست فتح حاصل نہوئی ہوتی تو مرہٹے تمام شمالی ہندوستان کو اُسوقت سے جب وہ اُنکے روکنے کو آئے تھے تیس برس بلکہ اسکے بھی پیشتر تاخت و تاراج کر کے فتح کر چکے ہوتے۔

شاید انھین تاریخی روایتون کے اثر سے ضلع پانی پت کے باشندے شورہ پشتی اور بغاوت مین قرب و جوار کے اور سب اضلاع سے بڑھے ہوے تھے۔ اور اگر ضلع دہلی سے جان لارنس کو ایسی واقفیت حاصل ہو گئی تھی جو اور مقامات مین رہکر ہر درجہ کے باشندگان شہر اور قدیم رسوا کے بارے مین مشکل سے حاصل ہوتی تو یہ امر بھی یقینی ہے کہ بہت کم اضلاع کے ذریعہ سے باشندگان بہترین حصۂ ہندوستان کی خواہشون اور عادتون

نزاعت

زراعت پیشہ لوگون اور جاٹون کے حالات سے پوری پوری واقفیت حاصل ہوتی - جاٹون کا حال اس مقام پر بالتخصیص لکھنا ضرور تھا اس صوبہ کے بہترین باشندے یہی تھے جو چارون طرف منتشر تھے - پس جسطرح سے ہمنے شہر دہلی کا بیان کیا تھا اُسیطرح سے اُس قوم کی تواریخ اور خصائل کا بھی ہمکو مختصر ذکر کرنا لازم ہے جو مختلف ناموں سے اُس بڑے حصہ ملک مین جہان جان لارنس کی محنت شاقہ کا زمانہ آنیوالا ہے آباد ہے جاٹون کی نسبت ٹاڈ صاحب مورخ راجپوتانہ نے لکھا ہے کہ وہ لوگ قدیم جنائی یعنے سیدین نسل سے ہین - اسمین شک نہین کہ جنائی اور جاٹ مین جو ظاہری مشابہت پائی جاتی ہے اُسی سے اس فرقہ کی ابتدا سیدین قوم سے منسوب کی گئی ہے لیکن اُنکی وجاہت اُنکا نمودار قیافہ اور طویل اور جسیم قامت صاف صاف یہی شہادت دیتی ہے کہ وہ شمالی نسل سے ہین - وہ قریب قریب اُس تمام ملک مین پھیلے ہوے پائے جاتے ہین جو جہلم اور جمنا کے درمیان واقع بلکہ دکن جانب بھرتپور اور اگرہ تک چلا گیا ہے - شمالی حملہ آورون کے اور گروہون کیطرح جو دارا وغیرہ شاہان ایران کیوقت سے ہمیشہ وسط ایشیا کے صحراؤن سے نکل نکلکر ہندوستان مین پھاند پڑے اُنھون نے بھی اپنے وقت مین ملک کو فتح کیا اور اُسکی پیچ در پیچ تہذیب مین خلط ملط ہوکر اپنے اعتقادات اور رسمون مین قریب قریب برہمنون کے ایسے ہندو گئے - اصل تو یہ ہے کہ اسوقت ہندوستان مین وہی طریقہ مروج ہو رہا تھا جو یورپ مین چوتھی صدی عیسوی اور اُسکے بعد کثرت سے ہوا تھا اور نتائج بھی اُسی قسم کے ہوے - آسٹروگاتھ اور وزی گاتھ وانڈل اور فرنکش بلگرین اور سلاؤونین فرقون کے جن گروہون نے زوال پذیر سلطنت روم کو تاخت و تاراج کیا تھا وہ خود ہونہار دین عیسوی اور اُن سلطانی قانون کے پابند ہوے جو مغربی ممالک کے لیے نہایت ثمردار اور ابد قرار صحیتین ہین - لیکن ہندوون کے اختراعی مذہب سے جاٹون کی روحانی خواہشون کو ویسا اطمینان نہو سکا جیسا کہ دین عیسوی کے چند جامع اور مانع اصولون اُنکی ترقی کی بیحد صلاحیت اور مختلف زمانی و مکانی حالتون سے اُسکی موزونیت مغرب کی ترقی پذیر نسلون کی پوری پوری ضرورتین رفع کر سکی - اور جاٹ فرقہ کے لوگ اُس حد تک جو مشرقی لوگون مین بہت مشہور بات ہے ایک سر بلند فرقہ کو دوسرے کے بعد جو اُنکے سامنے آتا گیا جاننے اور ماننے لگے -

کبھی تو اُسطرح کی مذہبی اور معاشرتی جنبش ایک بڑے زور کے ساتھ اُنمین پیدا ہوئی جیسی مکہ معظمہ کے ایک شبان امی کے سینہ سے نکل کر نیم برہنہ عربون اور اُنکے مفتوح اور متبوع لوگون مین تمام پرانی سلطنتون اور مذہبون کے نیست و نابود ہو جانیکے بعد ایک ہی سلسلہ فتوحات مین جبرالٹر سے لیکر دہلی تک پہونچ گئی تھی - اور کبھی زاہد اور حلیم گرونانک کی مذہبی تعلیم کے مطابق اندرونی اصلاح کی شکل مین صلح اور آشتی کے ساتھ ظاہر ہوئی - اسطور سے اکثر جاٹ خاص کر کے جنوبی سندھ کے رہنے والے بڑے پکے مسلمان ہو گئے اور باقی لوگ اسکے کئی سو برس بعد خصوصاً اُن درمیانی اضلاع کے رہنے والے جو لاہور اور امرتسر کے آس پاس تھے اُسیطرح کے سرگرم سکھ

صاف

یعنے گرونانگ کے چیلے بنے رہے۔

بادی النظر مین یہ امر نہایت حیرت انگیز معلوم ہوگا کہ ایک ہی فرقہ کے لوگ برابر سرگرمی کے ساتھ اسطرح کے دو مختلف مذہبون کو جیسا کہ مذہب اسلام اور گرونانک فرقہ ہے قبول کرلین اور اُس سے زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ دونون فرقون مین ایسی عداوت شدید ہو جاے کہ ایک نہایت ہی نازک زمانہ مین جان لارنس بلاخوف خطر اُنمین سے ایک فرقہ کے ہاتھ مین اس بات کا پورا بھروسہ کرکے تلوار دیدین کہ اُس تلوار کو وہ اپنے مشترک مالکون ہی پر نہین بلکہ اپنے خاص بھائیون پر صاف کرینگے۔ لیکن غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اصولاً دونون مذہبون کے عقائد ایک ہین۔ دونون کی بنا بت پرستی کی مخالفت ہے اور دونون کے سربرآوردہ اصول وحدانیت خدا اور انسان کی باہمی مساوات ہے۔ انسانی فطرت کے متعلق مغرب کی طرح مشرق مین بھی یہ ایک نہایت افسوسناک بات پائی جاتی ہے کہ جن دو فرقون مین مذہبی اختلاف بہت کم ہوتا ہے عموماً عداوت اُنھین مین زیادہ ہوتی ہے تاریخ اقوام اور مذہبی امور کے لحاظ سے یہ امر نہایت دلچسپ ہے کہ جس مشرقی فرقہ نے اس حیرت انگیز طریقہ سے مذہبی معاملات مین اپنی سریع الاعتقادی ظاہر کرکے یکے بعد دیگرے ہندو اسلام سکھ ان تین مذہبون کو اختیار کرلیا ہو کیا ایسے وقت مین جب مناسب طور سے عیسائی مذہب قبول کرنیکا موقع دیا جاے تو وہ اُسکو قبول نہ کرینگے دکھن جانب کرنال تک تمام جاٹون نے سکھون کے نام اور مذہب کو قبول کرلیا لیکن کرنال کے اُس طرف کے جاٹ اب تک مذہب مین ہندو ہین اور اپنے اصل نام کو قائم رکھے ہوے ہین۔ سکھون کا پنتھ اصل مین صرف ایک اصلاح دیا ہوا ہندوون کا مذہب تھا مگر جیسا جیسا زمانہ بڑھتا گیا اُسی طرح اسمین بھی ترقی ہوتی گئی اور اب اُسکی تعریف یون کی جاسکتی ہے کہ "ایک اصلاح دیے ہوے پنتھ مین جنگی اور ملکی قوت زیادہ کردی گئی ہے" سکھ لوگ جسطرح بڑے ہوشیار اور کفایت شعار کاشتکار زمین شہور ہین اُسیطرح کے شقی اور مہیب سپاہی بھی ہین۔ معاشرت اور تمدن کے بارے مین اُنکے خیالات بالکل سلطنت جمہوری کے طور پر ہین۔ اور گو وہ اپنی قوم کے سردارون کے گرد جمع ہوتے ہین مگر وہ اپنے کو ہمیشہ آزاد و ہمنشین نہ کہ ملازم سمجھتے ہین۔ جن جاٹون نے نئے مذہب کو اختیار نہین کیا ہے وہ بالکل بیباک اور محنتی ہین لیکن بہ نسبت اُنکے سکھ بھائیون کے اُنکا میلان صلح آمیزی پر زیادہ ہے اگر اچانک کوئی شخص اُنکے حقوق مین دست اندازی کرنا چاہے تو وہ اپنی پُراثر دلیلون سے اُنکی حفاظت کرنا خوب جانتے ہین اور شمالی ہندوستان کے فتح کرنے مین صرف انھین لوگون کیوجہ سے ہم کو اصل مین مشکل لاحق ہوئی تھی۔ مثلاً لارڈ لیک کی فاتحانہ کارروائیون کو بھرتپور کے جس سردار نے ایک زمانہ تک متقلب کر رکھا تھا وہ اسی جاٹ فرقہ کا سردار تھا۔

پس جان لارنس کو اپنے نئے عہدہ کلکٹری و مجسٹریٹی ضلع پانی پت مین جس فرقہ سے سابقہ پڑا تھا

اسکے کفایت شعار محنتی اور آزادہ باشندے اس طرح کے تھے جو اپنے گانوں کی جماعتوں اور اپنی مورو ثی اراضیات سے نہایت ہی مانوس تھے۔ اب دیکھنا چاہیے کہ انھوں نے اُن لوگوں کے ساتھ کیا برتاؤ کیا

مین اس مقام پر ایک ایسے انگلشمین کی پُراثر اور متمیز شہادت بیان کرونگا جس سے بڑھکر ذاتی واقفیت کے ساتھ جان لارنس کے حالات پانی پت کو کوئی شخص بیان نہین کرسکتا۔ لیکن مین عام طور پر یہ بحث کرونگا کہ کلکٹر اور مجسٹریٹ کی خدمتین اسوقت کیا ہین اور اُس زمانہ مین کیا تھین کیونکہ جان لارنس کے بعد اُنمین بہت سے تبادلے واقع ہوے اور مین یقین کرتا ہون کہ ایک تبادلہ جسکی خواہش جان لارنس نے بڑے افسوس کے ساتھ کی تھی ضروری التعمیل پایا گیا یعنے یہ کہ کلکٹر مال سے جو وُجُوہِ قلیل اختیارات علیحدہ کردیے جاتے۔ ہزارہا تعلیم یافتہ انگریزون کو جو جان لارنس کی بڑی قدر کرتے ہین اور اُنکو ایسے قوی بہادرون مین شمار کرتے ہین جن پر انگلستان کا فخر بجا اور سزا ہے اُس دراز اور دردناک زمانہ کا بہت خیال ہے جب ذاتی ہدایتون اور آزمایشون سے اُنکی کامیابی کا راستہ تیار ہوا تھا۔ اُنکو اس بات کا حال معلوم ہی نہین کہ جان لارنس کو کس کس طور کی محنتین کرنا پڑین اور اُنھون نے ایک طور پر اُن سب کو انجام دیا۔ وہ نہین جانتے کہ یہ محنتین کیسی بیدم کرنیوالی تھین مگر جان لارنس نے بشاشت کے ساتھ اُنکا اتمام کیا۔ وہ اس بات سے آگاہ نہین ہین کہ ایک اعلیٰ افسر کی جو ابدہی پر ہر شخص آزادی سے کیونکر کام کرتا ہے۔ ہندوستان مین جو انگریز آئے اُنکی کارروائیان یہی رہین اور انھین کارروائیون سے باوصف اکثر غلطیون اور نقصون کے یکے بعد دیگرے سپاہیون مین سے ایسے ایسے مدبر اور مدبرون مین سے ایسے ایسے سپاہی تیار ہوے کہ اور کبھی کسی شاہی ملک مین نہ تیار ہوے ہونگے اور جنکی طول طویل فہرست مین سر جان لارنس کے برابر شاذ ہی نام ہونگے

ایک ضلع مین عموماً لکھوکھا باشندون کی آبادی ہوتی ہے جو ہزارہا مربع میل کے علاقے مین منتشر اور صدہا گانوون اور قصبون مین منقسم رہتی ہے اس وسیع رقبہ اور ان کثیر التعداد مقاصد پر "کلکٹر" مابعض اوقات چند ڈپٹی اسسٹنٹون کے ساتھ اور کبھی اُسطور سے جسطرح جان لارنس پانی پت مین رہتے تھے تن تنہا ایک قسم کے انسانی کارساز کیطرح حکمرانی کرتا تھا اسکی اصل خدمت جسپر اُسکا نام دلالت کرتا ہے تحصیل مالگزاری ہے جسکے وقت پر وصول ہونے سے سرکار ہند کا دیوالہ تھمتا ورنہ نکل جاتا ہے اور اُسکے باشندون کی کامیابی اور فرحناکی اسی بات پر منحصر ہے کہ ابتدا مین خبرگیری کے ساتھ اُسکی تشخیص واجبی شرح سے اُسکا تقرر اور اوقات معینہ سہولت کے ساتھ اُسکا ایصال ہو اور ہماری گورنمنٹ ہند زیادہ تر اسی بات کے لیے قائم ہے۔ ص ۴۵

جن صوبون مین عرصہ سے بندوبست ہوگیا ہے وہان مالگزاری کے وصول کرنے مین کوئی دقت نہین ہے ہان اگر قدرتی اسباب مانع ہون تو اُسکی اور بات ہے۔ ممالک مغربی وشمالی اور پنجاب کے حیرت انگیز انتظام دیہات سے

جس مین خوش قسمتی سے ہمارے بڑے سے بڑے مجرمون کو بھی اصلاح کی ضرورت نہین پڑی فی الحقیقت ہم کہسکتے ہین کہ خود بخود مالگزاری وصول ہوجاتی ہے۔ انگلستان کے ٹیکس وصول کرنیوالے شاید یہ سنکر تعجب ہونگے کہ ان ملکون مین قبل از مطالبہ محاصل کا وصول ہوجانا ایک عجیب وصف ہے لیکن کلکٹر مال تحصیلدار پٹ بھی ہے یا اسوقت نہین تو پہلے تھا اور وہ اپنے تمام ضلع مین عدالت گستری کا ذمہ دار ہے۔ ہر ایک مجرم دیوانی یا ٹھگ سے لیکر خفیف چوری کے قیدی تک اسکے روبرو پیش ہوتا ہے۔ اس سے ہر ایک شکایت کی دادرسی چاہی جاتی ہے مویشیون کی وبا اور زراعت کی ملخ خوری سے لیکر بازار کی نالیون یا بلکہ غلاظت اندازی تک کا دعوی اسکے پاس ہوتا ہے ہر روز گھنٹون تک خواہ برسات کا موسلا دھار پانی برستا اور زمین سے وبائی ابخرات پیدا ہوتے ہون یا آتشگرمی کی دھوپ بھیٹون کیطرح شعلہ افگن ہوا ور لوہے کیطرح ہاتھ پاؤن جلا ڈالے کلکٹر حبس دم کیے ہوے کچہری مین بیٹھا رہتا ہے مقدمہ کی سماعت کرتا ہے اور فریقین کی تنبیہ تادیب تسکین کرتا ہے یا سزا دیتا ہے —

کلکٹر کو پولیس پر بھی آنکھ گڑائے رہنا پڑتا ہے کیونکہ اسکو بخوبی معلوم رہتا ہے کہ اگر دونون یا بلکہ ہزار ہا آنکھون سے اسپر نگرانی رہیگی تو وہ کچھ کام کریگا ورنہ کچھ بھی نہین کریگا بلکہ کام نکرنے سے بھی زیادہ خرابی پیدا کریگا آرچ ٹ نے اس بحث پر اخبار کلکتہ رینو مین ایک بہت لطیف مضمون چھپوایا تھا جسمین وہ بیان کرتے ہین کہ دو ہر امر جو اگر کمیونٹی گورنمنٹ کرتی ہے اسکو ایک نہ ایک حیثیت سے کلکٹر ہی کرتا ہے۔ مسافرخانون کا سرپرست کارعامل نیلام ناظر عدالت معمار سڑک جنگلات کے ساکھو بیچنے والا سیاہیون کا بھرتی کرنیوالا درندہ مویشی کا ہلاک کرنیوالا آکسٹ فروش مویشیون کی ترقی نسل کا منظم پونسٹا سٹریکا لگانیوالا ہندویون کا سکانیوالا ان سب حیثیتون سے جو کام کرنا ہوتا ہے وہی کرتا ہے۔ نئے تالابون کا بنوانا دریاؤن کا پل بندھوانا نئین نئی نہرین کاٹنا یا پرانی نہرین بند کرنا نئی سڑکون کا نکالنا نئے دواخانے شفاخانے مدرسے جیلخانے بنوانا جنگل کاٹ کر زمین نکلوانا یا انمین پانی پہونچانا پرانے جنگلون کو کٹوانا نئے جنگل تیار کروانا زراعت مین نئی نئی فصلین پیدا کروانا اور نئے نئے طریقے نکلوانا یہ سب کام کلکٹر کی جائز اور معمولی کارروائیون مین داخل ہین۔ اب کسکا دماغ ایسا ہے جو اتنے کامون کو انجام کرسکیگا کسی شخص مین اس بات کا اتنا دماغ نہوگا لیکن ہم اپنے ان منتظمون کی استعداد فراست پابندی اوقات انصاف پسندی اور دیسیون کے اوضاع واطوار سے واقف ہونیکا جسمین شرکار ایسٹ انڈیا کمپنی کے وقت کے ملازم پوری قابلیت رکھتے تھے شکریہ ادا کرتے ہین اور اس بات پر تعجب کرتے ہین کہ انمین سے بہت کم لوگ ان باتون کے حاصل کرنے مین جو بیچارے انسان کی طاقت مین ہین ناکام ہوے۔

لیکن کلکٹر مجسٹریٹ کی زیادہ تر ضروری خدمتین صدر مقام کی "حبس دم کچہری" مین بیٹھکر انجام نہین ہوتی ہین

ص ۵۵

بلکہ "کچہری پشت زین" یا بلکہ ایسے خیمون مین انجام ہوتی ہین جو آسانی کے ساتھ ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل ہو سکتے ہین اور جو سال مین پانچ مہینے تک مثل کلدار گھرون کے رہتے ہین۔ جب موسم موافق ہوتا ہے یعنے یہ کہ جب طوفان بارش یا آفتاب کی سوزانہ تابش موقع دیتی ہے تو وہ اپنے علاقے مین دورہ کرتا ہے اسکا یہ سفر شاہانہ نہین ہوتا کیونکہ اُسکے کامون کے مقاصد کے موافق خیمہ آج یہان اور کل وہان گڑا کرتا ہے۔ اس صورت مین لوگون کو اُس سے ملاقات کرنیکی ضرورت نہین رہتی بلکہ وہ خود لوگون کی ملاقاتین کرتا پھرتا ہے جو امراول سے انسب ہے۔ وہ گھوڑے پر سوار ہوکر مظلومون کی دادرسی کرتا پھرتا ہے۔ بلا حشم و خدم اور اکثر محض یکہ و تنہا اپنی عملداری کے ہر ایک موضع کو ملاحظہ کرتا ہے۔ وہ کسی کہنہ درخت کے سایہ یا کسی گاؤن کے کنوئین کے پاس اجلاس کرتا ہے اور یہان معززین دیہ اُسکے گرد شتابی سے جمع ہوجاتے ہین۔ وہ اُنسے گفتگو اُنکے قصون اور شکایتون کی سماعت اور موسم و فصل کی نسبت مباحثہ کرتا ہے اور پشتہا پشت سے جن حد بندیون کی بابت قلبی عداوتین اور مارپیٹ چلی آتی ہے اُنکا عین موقع پر کبھی تو دو باتون اور کبھی دس دس دن تک تحقیقات کرکے فیصلہ کردیتا ہے۔ اسطور پر وہ رعایا کا اور رعایا اُسکا حال جاننے لگتی ہے وہ اُنکے بہت سے قصور دن سے جو اجنبیون اور ملک والون کے صدہا برس کے ظلم سے وقوع پذیر ہوتے ہین درگذر کرتا ہے اُنکی سادہ خصلتون کی قدر کرتا ہے اور جب وہ اپنی شکرگزاری اور ادب اور محبت ظاہر کرتے ہین تو وہ سمجھتا ہے کہ مجھکو اعلیٰ درجہ پر ترقی پانے سے زیادہ معاوضہ مل گیا ہے فی الواقع ایسا اکثر ہوا ہے کہ جب کسی مجسٹریٹ نے اعلیٰ درجہ پر ترقی پائی تو اُسوقت چارون طرف سے بہتان اور حسد ناشکری اور خود غرضی اور دباؤ اور آداب سرکاری کا نشانہ بنتا ہے اسکو معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک انبوہ کے درمیان محض یکہ و تنہا ہے اور اُسوقت وہ پھر اپنی سادہ زندگی آسان قواعد اور اُن تسلی بخش صلون کیطرف جو کسی زمانہ مین اسکو حاصل تھے پھر خیال کرنے لگتا ہے۔

ص ۵۶

اور اب ہمکو یہ دیکھنا چاہیے کہ چارلس ٹریولیین مصنف کتاب حالات ممالک مغربی و شمالی وغیرہ وغیرہ جو مثل چارلس ٹریولیین کے جان لارنس کے ایک اور دوسرے دوست تھے اپنی ذاتی یادداشت سے اُن خدمتون کے بارے مین کیا لکھتے ہین جو ضلع پانی پت مین انجام کرنا ضرور تھین اور جان لارنس نے کیونکر اُنکو انجام کیا۔

آغاز ۱۸۳۵ء مین جان لارنس پانی پت کے قدیم اور مشہور تاریخی شہر مین تعینات کیے گئے۔ وہ ضلع مذکور کے قائم مقام مجسٹریٹ اور کلکٹر ہوے تھے۔ اس زمانہ مین اراضیات ضلع کی پیایش ہو رہی تھی اسکی نگرانی بھی اُنکے سپرد ہوئی۔ ہمکو ایک نظر اس بات پر ایک طرفۃ العین کے لیے ڈالنا بہت مناسب ہے کہ کس کس قسم کا کام اس نوجوان اینریٹس آدمی کو اسوقت سپرد ہوا تھا اور اُسکے فرائض منصبی کیا تھے۔ پانی پت دہلی کے

اتر اور پچھم طرف ستریل کے فاصلے پر اُس سڑک کے کنارے جو دہلی سے پنجاب کو گئی ہے واقع ہے۔ اس ضلع مین مندرجۂ ذیل قسم کے لوگ آباد ہین۔ ہندو مزارعین جو زراعت کے کامون مین مصروف رہتے ہین اور اراضیات سے بہت مستحکم تعلق رکھتے ہین۔ دوسرے گوجر جو مویشی پالتے ہین تیسرے راجپوت جو برائے نام مسلمان ہو گئے ہین) جو جانون کیطرح اپنی زمین پر جان دیتے ہین۔ چوتھے چور جو گوجرون سے بھی بدتر ہین اور جنکو قتل اور چوریون کی بکسان چاٹ ہے۔ یہ بات یاد رہے کہ یہ لوگ اصل بھولے ہندوون کے سے نہین ہین بلکہ برخلاف اسکے طویل القامت قوی الجثہ اور بیباک شخص ہین جنکو اپنی زمین اور چوپایون کی بابت لڑنے اور مرنے مین کچھ اندیشہ نہین رہتا۔ اس زمانہ مین بغیر ڈھال تلوار لیے ہوے بلکہ کاندھون پر بندوق رکھے ہوے وہ ہل چلانے یا اپنی بھینسین چرانے نہین نکلتے تھے۔ الغرض اسطرح کی چار لاکھ آبادی پر جو آٹھ لاکھ ایکڑ زمین کے رقبے مین بڑے بڑے گاوون تک منتشر تھی **جان لارنس** خود مختارانہ حکومت کرتے تھے۔ اُس زمانہ مین خود اُنکی قطع بہت کچھ جاٹون سے ملتی تھی کیونکہ وہ تنا ور بلند بالا قوی الاعصاب بلکہ کسیقدر رنگ کے سانولے تھے اور ایک آدھ شخص بھی شاذ و نادر اُنکے بدن پر نظر آتا تھا اُنھون نے انگریزی اور ہندوستانی لباس کے بین بین ایک پوشاک اختیار کی تھی جسکو علی العموم وہ پہنے رہتے تھے ہتھیار ہر وقت لگائے رہتے تھے اور اُن لوگون مین اسطور سے رہتے تھے جیسے چند مساوی درجے کے آدمیون مین ایک شخص اول ہو۔ وہ اجنبیون کے طور پر نہین بسر کرتے تھے۔ اگر کوئی شخص دلیری یا حماقت سے پوچھتا کہ اُنکے جائز اختیارات کیا تھے تو جواب یہی ملتا کہ وہ خود سر تھے لیکن ساتھ ہی اسکے اُنمین رحم دلی اور فرائض منصبی اور محنت شاقہ کرنیکی دل و جان سے مستعدی تھی۔ بہ حیثیت مجسٹریٹ پولیس کا کام بھی اُنکے سپرد تھا چند سوار جنکے پاس ہندوستانی گھوڑے اور تلوار اور نیزے کے حربے تھے اکثر صدر مقام پر تعینات رہتے تھے اور کانسٹبلون کی معمولی سپاہ ضلع بھر کے مختلف تھانون مین تعینات تھی ہر تھانے مین ایک تھانہ دار ایک جمعدار ایک محرر اور دس بارہ برقنداز رہتے تھے جو تلوار یا سونٹا لیکر قواعد کراتے تھے۔ لیکن اُنمین ایک کم رتبہ مگر نہایت بکار آمد دیہاتی عہدہ دار یعنے چوکیدار بھی ہوتا تھا جو تھانہ دار کے پاس اگر تمام جرمون ناگہانی موتون یا گاؤن کے اور مشہور واقعات کو بیان کرتا تھا۔ یہ پولیس کے انتظام کا وہ خاکہ بیان کیا گیا ہے جو صدہا برس سے شہنشاہان دہلی کیوقت سے اسیطرح چلا آتا ہے۔ ایک منصف مزاج اور مستعد مجسٹریٹ کی ماتحتی مین یہ قاعدہ عامۂ خلایق کی حفاظت کے لیے وافی و کافی تھا اور طماع یا بدرجہ اولی بے پروا اور کاہل حاکم کی ماتحتی مین یہی قاعدہ جور و ستم کا ایک بھاری آلہ تھا۔ بس اسقدر کہنا کافی ہے کہ **جان لارنس** اس عہدہ کے اور یہ عہدہ **جان لارنس** کے قابل تھا اور اُسکی وجہین یہ ہین کہ

اولاً۔ وہ ہمہ وقت اور ہر مقام پر حتی کہ اپنی خوابگاہ کے کمرہ مین بھی اسطور سے رہتے تھے کہ ضلع کے لوگ اُنکے پاس جا سکین۔ دیہاتی گنوارون سے قہقہے لگا کر باتین شہر کے مہاجنون سے گپ شپ اور دیسی رئیسون سے

ص۹ ایک انگریز نے جو ہندوستان مین بہت عرصہ رہا ہے لارنس کے بارے مین یہ رائے ظاہر کی ہے

مباحثہ کرنا یہ سب باتین اُنکو بہت پسند تھین۔ جب وہ اپنے کتون اور بندوق کو لیکر باہر جاتے تو معلوم نہین کسقدر سوالات اُنسے پوچھے جاتے تھے۔ علاوے اِسکے مین سَرَپٹ گھوڑا دوڑا کر اُدھر اُدھر گھوم آنیکے بعد وہ ایک چارپائی پر اگر بیٹھتے تو گاؤن کے لوگون کا ایک بڑا ضروری لیٹوری دربار جسمین مقدم موضع سے لیکر حجام تک شریک ہوتا منعقد کرتے تھے۔ لوگون مین یہ مشہور تھا کہ "جان لارنس سب جانتا ہے"۔ اسی وجہ سے وہ ایک بڑے تجربہ کار اور مین کہہ سکتا ہون کہ وہ ایک بڑے نمودار اور بیش قیمت مالی افسر تھے۔

ثانیاً وہ کبھی کام سے گھبراتے نتھے۔ مجھکو ایک مرتبہ قتل عمد کے ایک مقدمہ مین اُنکے سراغ لگانیکا کچھ حال یاد آتا ہے کہ جسوقت اُنکو اس جرم کی خبر ہوئی تو خود اُسکا پتہ لگانے نکلے۔ بہرحال جب اُنکو قتل عمد یا کسی ہنگامہ یا بہادری ص۵۵
ڈاکہ کی خبر ملتی تھی تو خود گھوڑا کسوا کر موقع واردات پر پہونچتے تھے۔ زمین زراعت حقوق آبپاشی حدبندی وغیرہ کے ضروری معاملات مین وہ خود بڑی سہولیت مگر اُسیقدر جانفشانی کے ساتھ تحقیقات کرنیکے لیے عین موقع پر پہونچتے تھے "قضیہ زمین بر زمین" فارسی زبان کی یہ ضرب المثل ہر وقت اُنکی زبان پر جاری رہتی تھی۔

ثالثاً۔ چونکہ وہ خود ادھر اُدھر جاکر رسن آتے تھے کہ ہر ہر شخص ہر ہر معاملہ مین کیا کہتا ہے اس سبب سے وہ چاپلوسون خوشامدخورون اور ایسے مخبرون کو اپنے یہان پھٹکنے نہین دیتے تھے جو موقع پاکر ہندوستانی حاکم کی کارروائیون کو زیروزبر کر دیتے ہین۔ جو شخص خود ہی ہر چیز کو جاکر اپنی آنکھون سے دیکھ آتا ہو اُسکے لیے مخبر کی کیا حاجت ہے۔

یہی سب باتین ذاتی تجربہ اور مشاہدہ اور بہت سی اور دوستون کے بارے مین جو ہندوستان کے نامی مدبر گذرے ہین بیان کی جاسکتی ہین۔ لیکن جان لارنس مین علاوہ ان اوصاف کے ایک طور کی سختی بھی تھی جو درشتی کی حد تک تو نہین پہونچی تھی مگر شدت سے البتہ پاک نتھی اور اسی سے بدمعاش لوگ اُنکے نام سے کانپتے تھے۔ ظاہرا اُنکے دل مین یہ خیال رہتا ہوگا کہ مجھکو کوئی پسند کرے یا نکرے مگر میری تعظیم ہر شخص ہر حالت مین کریگا۔

مین نے اس بات کے ثابت کرنیکو بہت کچھ بیان کیا کہ اپنی ابتدائی ملازمت ہند کے زمانے مین وہ ایک مستعد اور زبردست تحصیلدار تھے۔ اور مین اس بات کے ثابت کرنیکے لیے کہ اُس زمانے کی تعلیم کیسی تھی جسکی بدولت اُنکو آیندہ ایسی ناموری حاصل ہوئی اُنکا حال بہ حیثیت مالی افسر کے اپنے اوپر لازم سمجھکر بیان کرونگا۔ قدیم اور عمدہ اِنسٹیٹیوٹ اِنڈیا کمپنی جسکے وہ ملازم تھے اُن لوگون کو جو اُسکے صوبون پر حکمرانی کرنیکے لیے طلب کیے جاتے تھے "آرڈینرز" اور اعلیٰ عہدہ دارون کو جو اُسکی سلطنت کے لگھو کھارو پیہ کے وصول کرنے پر مقرر کیے جاتے تھے "کلکٹرز" کہتی تھی۔ جان لارنس اُس زمانے مین کلکٹر اور مجسٹریٹ بھی تھے کلکٹری کا کام اس زمانے مین ایک انقلابی حالت مین تھا جسمین بڑی لیاقت اور محنت صرف کرنا پڑتی تھی اراضیات کی پیمایش اور بندوبست کا کام بڑی

دھوم دھام سے جاری تھا حد بندی کا نشان کرنا تھا ہر ہر موضع کی پیمایش کرنا اور انکے نقشے بنانا اور رجسٹروں مین رقبہ اور زمین اور کاشتکارون اور لگان اور ٹکس خلاصہ یہ کہ تمام واقعات اور حسابات متعلقہ زمین کا درج کرنا تھا۔

مین نہین کہسکتا کہ جان لارنس کی نسبت اس سب کام کے انجام کرنیکی کیونکر امید کیجا سکتی تھی مین صرف اسقدر بیان کرسکتا ہون کہ جب مین انکی مدد کو بھیجا گیا تو مجھکو یاد نہین آتا کہ سوائے ہندوستانی اہلکارون کے جنکو اس زمانہ مین صرف مالی محکمہ کے متعلق دفتر کے کام کے اختیارات حاصل تھے اور کوئی انکا ہاتھ بٹانیوالا ہو سات آٹھ مہینے تک وہ خیمہ مین زراعت پیشہ لوگون کے درمیان رہتے تھے اور اسطور پر مال کام کے متعلق تمام فروعی باتون سے وہ بخوبی واقف و ماہر ہوگئے تھے۔

ص۹ مین جان لارنس سے عمر مین چھوٹا تھا اور جب انکے ماتحت پانی پت مین مقرر ہوا تو مجھکو صرف تین چار برس ہندوستان مین ملازمت کرتے گذرے تھے۔ پہلے پہل اپنے اعلیٰ افسر سے ملاقات کرنیکا حال مجھکو کبھی فراموش نہوگا کیونکہ اسکی معقول وجہین ہین۔ اب مین یہ کہنے کو تھا کہ وہ اُسوقت قمیص پہنے تھے لیکن مجھکو یقین نہین ہے کہ وہ اُس زمانہ مین قمیص پہنے ہون (میرے نزدیک وہ چپکن پہنے ہونگے) کیونکہ اُسوقت دیسیون کا بڑا ہجوم تھا اُنکے دو تین کنبے پیرون کے پاس لیٹے ہوے تھے اور جان لارنس کچھ باتین کرتے اور کچھ سمجھاتے جاتے تھے یعنے یہ کہ وہ اُسوقت کچہری کر رہے تھے۔

مجھسے کچھ باتین کرنیکے بعد اُنھون نے خلاصۃً یہ ہدایت کی دو اب آپ اس نقشہ کیطرف دیکھیے۔ پانی پت کا ضلع نو تھانون مین منقسم ہے شمال مغربی کنارے کے یہ تین تھانے مع کرنال کی بھاری چھاؤنی کے مین آپ کو تفویض کرتا ہون۔ پولیس اور مال کا کام آپ کے حوالے ہے۔ اس بات کا خیال رکھیگا کہ فوجی افسرون سے کوئی تکرار نہونے پائے۔ اگر آپ اُنکے ساتھ اچھا برتاؤ کرینگے تو وہ آپ کے ساتھ اخلاق سے پیش آینگے۔ اگر آپ جرائم کا انسداد اور اپنے صیغہ کی مالگزاری وصول کرسکے تو مین آپ کے کام مین دست اندازی نکرونگا۔ اگر آپ کو مجھسے مدد لینا ہو تو بلا تکلف میرے پاس چلے آیئے۔ آپ کے کل تھانون کی رپورٹین آپ کے پاس آینگی۔ اُنکے بارے مین آپ جو کارروائی کیجیے فوراً مجھکو اطلاع ہو۔ جایئے مگر زمینداروں پر سختی نہ کیجیے گا اسمین شک نہین کہ سرکار کی مالگزاری کا ادا ہونا واجب و لازم ہے مگر سختی نہ کیجیے گا۔ بچھڑے کو وہی دودھ ملتا ہے جو گاے کے تھنون مین باقی رہجاتا ہے۔ کبھی کبھی آیا کیجیے گا اور مجھسے ملاقات کیا کیجیے گا"۔

الغرض لارنس نے اسطرح مجھپر اعتماد کیا اور مجھکو اپنی ذات پر بھروسہ کرنا سکھایا۔ سرکاری افسرس اسوقت سے مین ہوا۔ مین نے اپنا کام لائق ترین معلم کی ماتحتی مین سیکھا اور اُسدن کو مین ہمیشہ شکرگزاری کے ساتھ یاد رکھونگا جسدن مین نوجوان کمشنر پٹیالہ اور کلکٹر کا نائب مقرر کیا گیا تھا۔

جس ضلع کا حال اس شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا گیا ہے وہ دو سال کے قریب قریب (۱۷۹۳-۱۷۹۵ء) جان لارنس کے زیر انتظام رہا اور اس مدت کے بڑے حصہ مین یہی برٹش افسر سیاہ وسفید کے مختار رہے جب وہ اس ضلع مین وارد ہوے تھے تو یہان کا انتظام بہت خراب تھا کیونکہ جو افسر اُنکے پیشتر اُنکے عہدہ پر تھا وہ زیادہ لایق نہین تھا - علاوہ برین ۱۷۹۳ء و ۱۷۹۴ء کی خشکسالی سے اُسکے ایک حصہ کو نقصان پہونچا تھا چنانچہ جان لارنس بیان کرتے ہین کہ "جو لوگ مفلس اور غیر مطمئن تھے اُنکو انتظام اور اطمینان سے رکھنا قسط بقسط اُنسے مالگزاری وصول کرنا اور پشتہا پشت سے جو عادتین اُنمین چلی آتی تھین اُنکو دور یا اقل درجہ کم کرنا جس بندوبست کا زمانہ منقضی ہوگیا تھا اُسکو از سر نو قائم کرنا اور اُن سب کاموں کے ساتھ عام انتظام اور اُسکی ترقی کرنا یہ کوئی سہل کا نوالہ نہین ہے" اُنکے ماقبل افسر کے زمانے مین مالگزاری اکثر سکھون کے طریقہ سے بزور تیغ وصول کیجاتی تھی - سپاہی اور توپین بطور معمول گلگنہ مال کے ساتھ جایا کرتی تھین - جان لارنس کو یہ پسند نتھا اُنھون نے قصد کیا کہ بغیر سپاہیون اور توپون کے مالگزاری وصول کیجاے - ایک گانون جسکے گرد دیوار بنی تھی اور گڑھی کے طور پر تھا وہ اپنی شور وپشتی کے لیے انگشت نما تھا - جان لارنس نے خاص اپنے پولیس کے لوگ لیکر رات کو اُسکا محاصرہ کیا - گانون سے جو جو راستہ چراگاہون کیطرف نکلکر گیا تھا ہر راستہ پر اُنھون نے چند آدمی مقرر کر دیے اور حکم دیا کہ صبح کو جو مویشی ادھر سے نکلے وہ گانون کیطرف پلٹا دیا جاے - پولیس نے حکم کی تعمیل کی اور چرواہے یہ خبر لیکے کہ صاحب کا حکم ہے کہ جب تک مالگزاری نہ ادا ہو جائیگی اُسوقت تک کوئی جانور چراگاہ کو جانے نپاویگا - چرواہون نے مکرر سہ کرر جاکر شور وغل مچایا مگر کچھ نتیجہ نہ نکلا اس عرصہ مین مویشی اور بھوکے ہوے اور وحشت کرنے لگے آخر کو دیہات کے خاص خاص آدمی مجمع ہوکر آئے اور صاحب سے ملاقات کرنیکی اجازت چاہی - اُنکی درخواست پذیرا ہوئی لیکن صاحب کو معلوم ہوگیا کہ معمولی عذر ومعذرت کرنیکے سوا اور کچھ اُنسے ہونا نہین ہے کیونکہ اُنکے پاس روپیہ نہین تھا اور نہ وہ ادا کر سکتے تھے - صاحب نے کہا کہ اچھا ہم تم لوگون کو دوسرے گانون جانیکی اجازت دیتے ہین اور اگر تم اپنے اپنے ذمہ کا واجب الوصول روپیہ لاودگے یا کسی مہاجن کا رقعہ لکھوالاؤ گے کہ فلان دن تک روپیہ ادا ہو جائیگا تو اسمین خیریت ہے ورنہ مویشی جہان ہین وہانسے ہلنے نپائینگے - لوگون نے دیکھا کہ صاحب اسوقت غصے مین ہین اسواسطے وہ واپس جاکر فوراً روپیہ لے آئے اور جو مویشی صبح سے بھوکے پڑے تھے اُنکو سہ پہر کیوقت تین بجے چراگاہون مین جانیکی اجازت ملی - اور اُس ضلع کے کسی حصے مین پھر مالگزاری وصول کرنیکی وقت نہین ہوئی - توپون سپاہیون یا بلکہ پولیس کی بھی حاجت نہین پڑی - ایک اور قصہ سر رچرڈ پالگٹ نے مجھسے بیان کیا تھا اور اُس قصے سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ افسر ضلع کی تبدیل سے پانی پت کی کیفیت کیا بدل گئی تھی - جان لارنس کے پیشتر کا افسر جیسا کہ مین بیان کر چکا ہون بداطوار تھا

ص ۶

محیط نہین تھا جہان مالگزاری باقی پڑی تھی وہان جرمون کا بھی کثرت سے ارتکاب ہوتا تھا۔ اور جان لارنس نے یک قلم اصلاح کرنیکی جو کوشش کی اس سے انکی تندرستی مین فرق آگیا۔ ایک روز انکا پینیٹینٹری کا ایک ساتھی جوائی نواح کے ایک ضلع مین کام کرتا تھا سوار ہوکر اُن کی ملاقات کو گیا اور انکو بستر علالت پر پڑا پایا۔ کسی شے مین انکی دلبستگی یا بیداری نہ پائی گئی باتون باتون جو بالکل اکطرفہ تھین انکے دوست نے حسب اتفاق یہ بیان کیا کہ ایک مقام پر جہان مین نے صبح کو اپنا گھوڑا بدلا تھا مجھکو ایک فقیر کی مندھی ملی اور مجھسے فقیر سے باتین ہونے لگین تو مین نے اُس سے پوچھا کہ اس علاقہ کی تازہ خبر کوئی ہو تو بیان کرو فقیر نے جواب دیا کہ وہان تازہ خبر تو ہمارے صاحب چلے گئے ہر شخص کو انکا افسوس ہے کیونکہ کوئی لارنس صاحب انکی جگہ پر آئے ہین جو کچھ اوری ڈھب کے آدمی ہین" اور اسکے بعد وہ ایک خوفناک تصویر اس بات کی کھینچنے لگا کہ قواعد کا عملدرآمد کیونکر کیا جاتا ہے بدمعاش لوگ کسطرح سزا پاتے ہین اور بقایاے مالگزاری کیونکر وصول ہوتی ہے۔ اس قصے کے بیان کرنے مین جان لارنس نے مجھسے کہا کہ اسطرح کے آدمی نے میری کوششون کی نسبت جو اس طرح کا خیال کیا تو یہ بات مجھپر نوشدارو کی تاثیر کرگئی اور اسیوقت سے مجھ مین اصلاح پیدا ہونے لگی۔ اسطور پر جان لارنس کے ہاتھسے بخوبی تمام کام انجام ہونے لگا اور ویسی معلوم کرنے لگے کہ بادشاہی کیسکی ہے۔ شام کیوقت انکا دربار ہوا کرتا تھا یعنی وہ اپنے خیمہ کے باہر نہایت ہی ڈھیلے کپڑے پہنکر بیٹھتے اور ہر وارد و صادر سے باتین کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک معمر ہندوستانی رئیس جو بزعم خود بہت زمانہ دیکھ چکا تھا رات کو انسے یہ کہنے لگا کہ "آپ فرنگی لوگ بلا کے آدمی ہین۔ آپ کی قوم کے دو آدمی کو سون تک ملک کا انتظام کر رہے ہین۔ جب میری جوانی کے دن تھے تو ہم چار پانچ سوار ملکر اُسکے لوٹنے کو جایا کرتے تھے"۔ پانی پت کے قیام کے زمانہ مین جان لارنس ہندوستانیون کی صحبتون اور سیر و تفریح مین اس کثرت سے شریک ہوا کرتے تھے کہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنی آدمی زبان بھول گئے ہین۔ ایک نوجوان سولیئن نے ایک مرتبہ دیہات کے دورہ مین عندالملاقات جان تھارٹن سے کہا کہ جان لارنس نے مجھسے جو باتین کین انمین فارسی الفاظ اور اصطلاحات اسقدر مخلوط تھین کہ مین مشکل سے سمجھ سکا۔

لیکن صرف ہندوستانی ہی انکے ہم جلیس نتھے اگر انکے پاس کوئی عمدہ گھوڑا یا کتا ہوتا تو انکو تنہائی کبھی نہین معلوم ہوتی تھی اور اس اعتبار سے وہ کبھی اپنے کو تنہا نہین رہنے دیتے تھے۔ اُس زمانہ مین انکی آمدنی قلیل تھی اور وہ اپنی ذات پر کبھی زیادہ صرف نہین کرتے تھے لیکن اگر کوئی عمدہ عربی گھوڑا انکے سامنے آجاتا تھا تو پھر یہ نہین معلوم ہوتا تھا کہ انکی آمدنی قلیل یا کثیر ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ کے قصے سے جسکو وہ خود بڑے شوق سے بیان کیا کرتے تھے اور جسکو سٹرچی ڈپاگٹ نے مجھ سے بیان کیا ہے بخوبی اسکی تصدیق ہوتی ہے۔

ص ۶۱

ایک دن ایک شیخ اُنکے صدر مقام مین چند گھوڑے لے آیا اور حسب قاعدہ کلیہ سب کے پہلے یہ کلکٹر اور مجسٹریٹ صاحب ہی اصطبل مین پہونچے۔ ایک نفیس عربی گھوڑا جسکا نام چندا تھا بانتخاص اُنکے پسند پڑا لیکن چونکہ اُسکی قیمت تین ہزار روپیہ طلب کی گئی اور مالک کسی تدبیر سے اُس قیمت کو کم کرنیوالا نہین تھا درحالیکہ جان لارنس کی ساری پونجی دو ہزار تھی اسواسطے آخر کو مایوس ہوکر اُنکو واپس آنا پڑا۔ اثنار راہ مین اُنکو یہ خیال گذرا کہ لاؤ ایک مرتبہ اور کوشش کر دیکھین اور مکان پر پہونچکر دو توڑے جسمین ہزار ہزار روپیہ بھرا ہوا تھا اُنھون نے نکالے ایک کو بمی پر داہنی طرف اور ایک کو بائین طرف رکھا اور سیدھے شیخ کے پاس واپس آئے اُترتے وقت اُنھون نے دونون توڑون کو خوب ہلا دیا کہ روپیون کی جھنکار شیخ کے کان تک گئی اور پھر ایک مرتبہ کہا کہ یہ زر نقد مین آپ کو دیسکتا ہون اس سے زیادہ میرے پاس نہین ہے۔ روپیون کی خوش آیند جھنکار سوداگر کے لیے کافی تھی چنانچہ لارنس خوش خوش عربی گھوڑے کے مالک بنکر مکان کو واپس چلے آئے لیکن اب اُنکے پاس ایک ٹکا بھی نہین رہگیا تھا۔

بہرحال یہ سودا کچھ بُرا نتھا ایک مرتبہ چندا نے اپنے مالک کی جان بچالی۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ جان لارنس حسب عادت مستمرہ بڑی رات گئے دیہات سے چلے آتے تھے اتنے مین ایک مقام پر اُنکا عربی گھوڑا یکایک ٹھہر گیا اور اپنے مالک کو گردن تک اُچھال لایا۔ لارنس نے مہمیز کی مگر چندا نے جنبش تک نکی اور جب جنبش کی تو دور تک اپنے سوار کو پیچھے ہٹا لیگیا اور بڑی دور تک چکر لگا کر سمت مقصود کو چلنے لگا۔ رات تاریک تھی اور لارنس جنھون نے اپنے گھوڑے کو یہ حرکت کرتے اسکے پیشتر کبھی نہین دیکھا تھا بہت متحیر ہوے۔ دوسرے روز وہ پھر سوار ہوکر اُسی مقام کو گئے اور یہ دیکھکر نہایت خائف ہوے کہ وہ اپنا گھوڑا سرپٹ دوڑاتے ہوے یکایک ایک زمین دوز تالاب کے کنارے پہونچگئے ہین جو تیس فیٹ کا گہرا تھا اس قسم کے تالاب اُس نواح مین کثرت سے ہوتے ہین اگر ایک قدم اور آگے رکھا گیا ہوتا تو گھوڑا اور سوار دونون ہلاک ہو جاتے۔ اور اُسکے بعد اکثر وہ گھوڑے کے تیور دیکھکر اُسکی طرف توجہ کرتے تھے۔ اُسکی گول آنکھین باہر اُبھر آتی تھین اور جو شے انسان کو نہین دکھائی دیتی تھی وہ فوراً معلوم ہو جاتی تھی۔ چنانچہ اُس اندھیری رات کو وہ عمیق خندق جو گھوڑے کے پانون کے متصل واقع تھی گھوڑے کو معلوم ہوگئی تھی۔ ایک روز مسٹر اُولنر کے کارخانہ مین جب وہ ایک عمدہ گھوڑے کے سر کا معائنہ کر رہے تھے تو کہا تھا کہ وہ یہ آنکھ اُسی طرح کی ہے جسنے میری جان بچائی تھی"۔

عہدہ کلکٹری و مجسٹریٹی پانی پت جو اتنک صرف قائم مقامی کے لیے خالی تھا اب مستقل طور پر خالی ہوا اور جان لارنس جنکی عمر اس بات کے لیے کم نہین خیال کی گئی تھی کہ وہ ایک قلیل تنخواہ پانیکی حالت مین دیوان کی بدانتظامی رفع کرسکینگے اب بعملی رفع کرکے انتظام کر دکھانیکے بعد اس بات کے لیے کم عمر خیال کیے گئے

کہ وہ یہ کارروائی کرسکین اور مناسب تنخواہ پاسکین - اور تکمیل مایوسی کے لیے اُنپر ایک اور سولیئن کو ترجیح دی گئی یہ صاحب جی کے کام کو انجام کرنے مین قاصر رہے تھے اور جس عہدہ مین چندان دقت بھی اُس سے محروم کرکے گلگٹہ اور مجسٹریٹی پانی پت کے زیادہ دقت طلب عہدے پر مامور کیے گئے - یہ ایک رنج کی بات تھی لیکن گوجان لارنس نے اُسوقت جب وہ اپنے جوش کا اظہار کرسکے قابل ہوے تو اظہار کیا بااینہمہ تمام متعلقین کے لیے اس مایوسی کا اُپر واقع ہونا بہتر ہوا - پانی پت سے ٹکلکر جان لارنس نے اپنے اصلی عہدہ اسسٹنٹ گلگٹہ و مجسٹریٹ پر عود کیا اور ہندوستان کی ابتدائی پانچ سال کی کارروائی مین جو کچھ اُنھون نے دیکھا جو کام انجام اور جو فائدہ حاصل کیا تھا اُسکو کئی برس کے بعد اُنھون نے خلاصتہً اسطور پر بیان کیا ہے -

مین نے اپنے عہد انتظام ضلع پانی پت مین سول افسر کے طور پر اپنی تربیت کی تکمیل کی - اسمین شک نہین کہ وہ کام بہت مشکل تھا مگر مجھکو کبھی ملال کی وجہ نہین ہوئی - بعد کو جسطرح کے اور جیسے مشکل کام آئے سب اُس زمانہ کی واقفیت سے سہل ہوگئے مین بڑے شہر اور زراعت کے بھاری ضلع کا انتظام کرنے مین بہت اچھی طرح واقف و ماہر ہوگیا - اعلیٰ ادنیٰ ہر قسم کے باشندگان ضلع سے میرا سابقہ رہا مجھکو اکثر جرائم پیشہ اشخاص سے واقفیت حاصل ہوگئی اور اُنکے حرکات و سکنات سے بخوبی آگاہ ہوگیا مین نے اُس حصہ ہندوستان کی تمام زراعت پیشہ قومین دیکھین ہر ہر طرح کی اراضیات کی نوعیت زراعت ہندوستان کی حالتین نہرون اور آبپاشی کے کام رعایا کی حرکات و سکنات اُنکے نوشیل دستورات اور خاص خاص صفتون سے بخوبی واقفیت حاصل کرنا سیکھ لی - اس زمانہ مین مین نے اراضیات دیہ کی تصریح اور تعین کی جنکی بابت پشتہا پشت سے جھگڑے چلے آتے تھے بندوبست مالگزاری کی ترتیم کی ایصال مالگزاری کا اہتمام کیا خزانہ کا انتظام کیا بہتیرے مجرمون کا سراغ لگاکر اُنکے حق مین انصاف کیا پولیس کا انتظام کیا اور اصل تو یہ ہے کہ مجسٹریٹ اور گلگٹہ کے محقر لقب کے ساتھ مین ایک طور کا مختار تھا جسکے گرد تمام ضلع کا انتظام گردش کرتا تھا - مین اپنی کثیر الاشکال خدمات کی انجام دہی مین جب کوئی اہم معاملہ ہوا تو موقع واردات کا اصالتاً معائنہ کرآیا - ان تمام کاموں مین سے اکثر کاموں مین میرے مددگار متفرق تحصیلیون کے تحصیلدارون کے سوا اور کوئی بھی نتھے - علاوہ اِن فرائض کے جہانتک مجھسے ہوسکا مین نے مریضون کی تیمارداری بھی کی اُس زمانہ مین ڈسپنسریان (دواخانے) نہ تھین اور ڈاکٹر افسر کی سول خدمت اسیقدر تھی کہ وہ جیلخانہ کو دیکھتا تھا - اور جب دن بھر کا کام ختم کرچکتا تھا تو ایک ہجوم خلائق مجھکو چارون طرف سے گھیر لیتا تھا یہ لوگ ہر قسم کے امراض مین مبتلا ہوتے تھے اور اُنکا علاج چاہتے تھے بہتیرون کو مین اس خوف سے واپس کردیتا تھا کہ مبادا اُن بیچارون کو کوئی ضرر نہ پہونچنے پائے - دو برس کے قریب میری یہ سرگذشت یہ رہی اور قرب و جوار کے اضلاع مین میرے اور سولیئن بھائیون کی بھی یہی کیفیت تھی - ہمارا نصف وقت خیمون مین گذرتا تھا اور ضلع کا ہر ایک حصہ ہمارے زیر اہتمام تھا ایک نہ ایک وقت مین قرار واقعی

ص ۶۲

اُسکا ساتھ نہ ہوجاتا تھا چنانچہ جب کوئی نیا واقعہ یا سنگین جرم وقوع مین آتا تھا تو ہم بہت صحت کے ساتھ اُسکے متعلقہ حالات مفصل اور شرح طور پر دریافت کرسکتے تھے یہ بڑے خوشی کے ایام تھے۔ ہمارا وقت بالکل کامون مین صرف ہوتا تھا اور ہمارا کام اس قسم کا تھا جسمین ہماری تمام استعداد ہمدردی اور قابلیت درکار تھی۔ کام کے مقابلہ مین ہمارے فوائد کم تھے لیکن جو تجربہ اور ناموری جسنے حاصل کی وہ آخری ایام مین ہمکو بہت سودمند ہوئی۔ ان ایام مین مجھکو انگریزی صحبت مین شریک ہونیکا بہت کم اتفاق پڑتا تھا کیونکہ مین دیکھتا تھا کہ اُن صحبتون مین شریک ہونا اور پھر اپنا کام بھی کرنا یہ دونون باتین ایک وقت مین ناممکن ہین چنانچہ مین سوائے اُس صورت کے جب کوئی بڑی ضرورت کا کام ہوتا تھا چھ دنون مین بہت کم جاتا تھا اور اگر جاتا بھی تھا تو بطور قاعدہ کلیہ ایک دن سے زیادہ نہین رہتا تھا۔ اُن دنون مین بہت سے عجیب عجیب واقعات پیش ہوے اور کئی مرتبہ میری جان خطرہ مین پڑگئی اور بعض اوقات تو جان پر آبنی لیکن اپنی خوش قسمتی اور ہوشیاری کے ساتھ انتظام کرنے کیوجہ سے مجھکو اُن سب باتون مین کامیابی حاصل ہوئی۔

آخر مین جو یہ صاف کلمات بیان کیے گئے ہین وہ بہت مذبذب ہین اُنسے خیال تو پیدا ہوتا ہے مگر اطمینان نہین ہوتا ہے۔ مجھکو ان دونون باتون کے معلوم کرنیکی بہت عمدہ وجہین ہین کیونکہ جان لارنس کے قدیم دوستون نے تحریراً اور تقریراً بھی مجھسے بیان کیا ہے کہ جب وہ پہلے پہل ہندوستان سے رخصت لیکر ولایت مین آئے تو وہ خفیہ قتل ہونے دریا مین ڈوبنے اور درندون سے ہلاک ہونے کے متعلق صدہا قصے دریاے سواج کیطرح بیان کیا کرتے تھے کہ مین ایسے ایسے موقعون پر بال بال بچگیا انکے علاوہ بہت سے مجرمون کے ہلاک کرنے کثرت سے سویلیشیون کے چوری جانے ہنگامون اور حملون ڈکیتی اور قتل اور حملون اور ڈکیتیون اور اپنے مرغوب الطبع کتون اور گھوڑون کے بارے مین اکثر قصے بیان کیا کرتے تھے جو خاص اُنکے تجربہ اور واقفیت کے متعلق تھے۔ اور پھر اسکے کئی برس بعد جب وہ اپنے نزدیک نوکری سے کنارہ کش ہوچکے تھے اور سوتھ گیٹ یا برآکٹ ہال مین بچون کا ایک بڑا بھاری کنبہ جمع ہوتا جاتا تھا تو یہمول تھا کہ شب یکشنبہ کو کوئی نہ کوئی عجیب غریب قصہ بیان کیا جاتا تھا اور لڑکے اُسکو سنتے تھے۔ وہ قصہ شروع کرنیکے قبل ہمیشہ یہ پوچھا کرتے تھے کہ "شکار رہزنی یا قتل عمد کس چیز کا قصہ تم لوگ سننا چاہتے ہو"۔ لڑکے اُس مہیب خواہش کے ساتھ جو اُنمین ایک افسوس ناک مسرت اور ضعیفون اور معصومون مین ایک عجیب تاسف پیدا کرتا ہے علی العموم قتل کے قصہ کو سب کے پہلے پسند کرتے تھے۔ لیکن اُن کے پاس ہر طرح کے قصون کا ایک بہت بھاری ذخیرہ جمع تھا جسمین سے وہ ایک نہ ایک منتخب کرلیتے تھے۔

بدقسمتی سے نہ تو اُنکے ابتدائی ایام مین جب بہت کم لوگ اس بات کا خیال کرتے تھے کہ وہ کوئی بڑے نام آور ہونگے اور نہ آخری ایام مین جب وہ اس مرتبہ کو پہونچ چکے تھے کسی شخص کے دل مین گذرا

ص ۶۰

کہ ان قصبون کو قلم بند کرلے اور اس سبب سے اکثر قصبے نیست و نابود ہوگئے اور اب اہل جہان کو معلوم نہین ہو سکتے لیکن مین نے سنا ہے کہ ضلع دہلی اور دوآبہ جالندھر کے پیرانہ سال لوگ ابتک ذکر کیا کرتے ہین کہ دیہات کے کنوون کے پاس بیٹھکر وہ کیسے کارہاے نمایان اور دانشمندی کی باتین کیا کرتے تھے اور اپنے پوتون اور نواسون وغیرہ سے یہ سب باتین کہتے ہین۔ پس عجب نہین ہے اگر یہ سلسلہ آیندہ نسلون تک بھی جاری رہے اور اُنکی اقبال مندی اور کثرت کے ساتھ اُن قصبون کی ترقی ہو اور صدہا برس کے بعد شمالی مغربی حصہ ہندوستان مین جان لارنس کی ذات سے وہ فائدہ پہونچ سکے جو ٹرُوئس اور جوُنس یا ثمار اور اُوڈن کی ذات سے شمالی یورپ کے مغموم اور تین باشندون کو پہونچا ہے۔ اور شرقی گیتون اور قصبون مین جہان گذشتہ زمانے کے بڑے بڑے بہادرون یعنی زال و رستم و سلیمان اور اسکندر ذوالقرنین کے نام یادگار ہین وہان اُنکا نام بھی ابتک قائم رہے۔ کیا خوب ہوتا اگر وہ لوگ بھی جنکے نام اسطور سے ابتک یادگار ہین اُس یادگاری کے ایسے ہی مستحق ہوتے یعنی ایسے کامون سے اُنکی شہرت ہوتی جنکے لیے کوئی نادم نہو سکتا اور جنکے واسطے کوئی انسان بدتر نہ کہلاتا مگر بہتر اکثر کہلاتے۔

اگر جان لارنس مین اسقدر تحمل ہوتا کہ وہ اپنا روزنامچہ لکھتے جاتے تو اُنکے ان ابتدائی ایام کے سوانح کیا ہی عجیب و غریب ہوتے۔ لیکن خوش قسمتی سے اس زمانہ کے روزنامچون اور چٹھیون کا موجود نہونا اس امر کا باعث نہین ہے کہ اُنکے حالات اُنکے ہموطنون سے بالکل ضایع ہوگئے ہون۔ جب بعد وفات حضرت سوائح عمری ایک سورہ کے معنی اور ایک حدیث کے واجب العمل ہونے نمونے کے مباحثات پیدا ہوے اور استخوان شانہ گوسفند یا استخوان صدف یا لکڑی کے تکڑون یا درختون کے پتون سے جن پر وحی پاک ابتدا مین لکھی جاتی تھی کوئی جواب نہ مل سکا تو مومنون کے سینون کیطرف رجوع کیا گیا اور وہان ایک خاطر خواہ جواب یا قابل اطمینان وجہ ہمیشہ دستیاب ہوگئی۔ اسی طرح مختلف مقامات کے معتبر اشخاص سے جس کد و کاوش کے ساتھ مین نے جان لارنس کے حالات دریافت کیے مین کہہ سکتا ہون کہ اسی مستعدی سے اُنھون نے بھی بلا تکلف بہم پہونچا دیے۔ مسٹر مِنی اور کرنل پیرِ ٹیلیپین اور رِنکیس تھارنٹن اور پاٹک اور اُنکے دوسرے ابتدائی دوستون کے سینون اُنکے اہل و عیال کی یادداشتون اور اُنکے آخری ایام قیام انگلستان مین جو بہت سے لوگ اُنکے دوست ہوگئے تھے اور اُنکی جان نثار لیڈی سکرٹری سے بھی بہت کچھ مین نے اُنکی ابتدائی تاریخ اور زیادہ اولوالعزمی کے زمانے کی باتین متفرق طور پر جمع کین اور ان باتون اور اُنکی گفتگو سے جو مجھکو ابتک یاد ہے اور اسکے علاوہ پانچ چھ قصے جو اُنھون نے اپنی شادی کے تھوڑے ہی دنون بعد اپنی ہر وقت کی مستعد اور ایماندار معینہ کی اعانت سے لکھے تھے تھوڑا بہت احوال مجرمون کے بے خط سراغ رسان شیرافگن اور قوت و ہمت اکھرن

اور مہربانی نگار اور گہری کے دیوکار (جو اُس زمانہ مین جان لارنس کی کیفیت تھی) بیان کرسکوگا۔

ذاتی شجاعت موٹی ظرافت اور مظلومون کی فریادرسی کے قصّے جسقدر آنکو معلوم تھے اُسقدر سامسن ہرکیولس میکو آرگھران مین سے کسیکو بھی معلوم نہونگے۔ قوت جسمانی کے اعتبار سے وہ ہرکیولس کے مشابہ تھے چنانچہ مسٹر اونٹر نے آدمے دھرکی عمدہ شبیہ اور مسٹر والس نے جیادگار تصویر آنکی بنائی ہے اور غلط نہیں یقین ہے کہ کسی نہ کسی روز وہ قومی ملک ہوجائین اُنسے لوگون کو جنھون نے جان لارنس کے دیکھنے کا موقع نہین پایا ہے بخوبی یہ حال معلوم ہوسکتا ہے۔ قوت جسمانی بلند قامتی جسم کی پھرتی جو صفات ہر مقام پر اجرائے قوت تصور کیے جاتے ہین ہندوستانیون پر عام اس سے کہ وہ ناتوان بنگالی ہون یا کارے سکھ یا بے رحم افاغنہ مگر آنکا اثر سب پر زیادہ پڑتا ہے۔ بنگالیون مین بذات خاص یہ اوصاف نہین ہین پس وہ اگر تعریف کرسکتے ہین تو دوسرے اشخاص مین اُن صفتون کو دیکھکر تعریف کرسکتے ہین مگر سکو اور افاغنہ جو خود اُن صفتون سے متصف ہین اُنسے کبھی اس قدردانی مین کوتاہی نہوگی۔ اور جب ان قدرتی صفتون مین وہ اخلاقی اور دماغی اوصاف بھی جو صراحتًا اکثر ہندوستانی اقوام مین نہین پائے جاتے موجود ہون مثلاً یہ کہ قول و فعل مین صداقت اور علی طور کی نیکی اور اسطرح کی فراست جو محض چالاکی ہی پر محمول نہو بلکہ اُسمین صدق مقصد بھی پایا جاتا ہو اور انجام فرائض اور محنت شاقہ مین کمال غلو شامل ہو تو اُسمین شک نہین کہ اُن صفتون کا رکھنے والا ملک مین بڑا صاحب اختیار ہوگا۔ جس جہاز پر جان لارنس سوار ہوکر پہلے پہل روانہ ہندوستان ہوئے تھے اُس پر بادصف اس امر کے کہ بحری امراض کی وجہ سے وہ ضعیف ہوگئے تھے ایک توپ کے گولہ کو جو اُنکے ہمسفرون مین کسی سے اُٹھائے نہین اُٹھتا تھا ایک ہاتھ سے سیدھا اُٹھا کر آنکو تحیر کیا کرتے تھے اور جبوقت وہ جوش مین ہوتے تھے تو معلوم نہین کہان کی طاقت اُنمین پیدا ہوجاتی تھی۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ رات کے وقت کسی ہندوستانی کانون مین آگ لگ گئی۔ لوگون نے آگ بجھانے کی بڑی بڑی کوششین کین مگر کچھ فائدہ نہوا۔ ایک بڑھیا کے پاس اُس حالت مین ایک غلہ کا بھرا ہوا بورا تھا۔ مال و متاع دنیا سے سوائے اِسکے اور کچھ وہ نہین رکھتی تھی اور جب اُسنے دیکھا کہ نہ میرے اور نہ میرے تعلقین مین سے کسیکو اسقدر جرأت ہوسکتی ہے کہ اِنکو اُٹھا لیجائے تو وہ اُسیطرح بورے پر جا کر بیٹھ رہی اور جسطرح قدیم رومی ہینیبل کون نے اپنے دل مین یہ ٹھان لیا تھا کہ تبون کے ساتھ ہماری جان ہے اُسیطرح اس بڑھیا نے بھی قصد مصمم کرلیا تھا کہ اگر بورا جلا تو اُسکے ساتھ مین بھی اپنے کو ہلاک کردونگی۔ جان لارنس جو عین اس موقع پر آئے تھے اور جن مین اسوقت ایک عجیب قسم کا زور پیدا ہوگیا تھا سامسن کی طرح لپک کر بورے پاس جا پہونچے اور جسطرح سامسن نے دروازہ غزا کو اُٹھا لیا تھا اُسیطرح جلتے ہوے مکان سے اُسکو اُٹھا کر اتنے فاصلے پر لاکر رکھدیا

ص۵ نوٹ: [illegible]

جہان آگ پہونچ نہین سکتی تھی - جب برسیانے دیکھا کہ اُسکا بورا بچگیا تو وہ اپنی جان بچانے پر بھی راضی ہوگئی اور جان لارنس جب دوسرے دن اُس مقام پر گئے اور بورے کو آزمایا تو ہرگز اُنکے اُٹھائے اُٹھ نہ سکا لیکن یہ قصے صرف اُنکی جسمانی قوت ظاہر کرتے ہین - ذیل مین ایک قصہ جو بیان کیا جاتا ہے اُس سے کچھ اور حال بھی ظاہر ہوگا -

عہدۂ کلکٹری دہلی پر مقرر ہونے کے تھوڑے ہی دن بعد ہیرونجات کے ایک مفسد ہندوستانی رئیس نے جو ایک ریگستانی حصہ ملک مین رہتا تھا اپنی مالگزاری ادا کرنے سے انکار کیا - جان لارنس ایک فوج کو ہمراہ لیکر (کیونکہ وہ ایک سے زیادہ بہت کم ساتھ رکھتے تھے) اس نیت سے علی الصباح اُسکے گاؤن کو جو قریباً تیس میل کے فاصلہ پر تھا سوار ہوکر روانہ ہوے کہ پہلے اُس سے مالگزاری کا مطالبہ کیا جاے اور اگر اسطرح نہ وصول ہو تو بجبر وصول کیجاے - اس گاؤن کے گرد حصار بنا ہوا تھا پھاٹک بند تھے اور کسیقدر کا راستہ کھلا ہوا نہ تھا اور اُنکی قوت بھی اندر کی راہ نکالنے مین کارآمد نہین ہوسکتی تھی - اب اس صورت مین وہ کیا کرتے - اگر واپس چلے جاتے تو وہ بنزلہ اسکے تھا کہ اپنی شکست کے مقر ہوتے اور اسمین گرد و نواح کے اور ہندوستانی رئیسون کو اُسی طرح کی شورہ پشتی کرنیکا حوصلہ ہوتا - علاوہ برین جیٹھ بیساکھ کی گرمی تھی - نہ کوئی شے کھانے کی تھی نہ حفاظت کا کوئی مقام تھا چہار دیواری کے اِس پار بجز ایک سوکھے ببول کے درخت کے اور کوئی چیز سایہ دار بھی نہین تھی پھر تیس میل کے اندر کوئی سرکاری سپاہ بھی نہین تھی - اُنھون نے اپنے اردلی کو ایک رقعہ کے ذریعہ سے فی الفور دہلی کی طرف روانہ کیا اور اُسکے ذریعہ سے چند توپین طلب کین اور خود صدر پھاٹک کے سامنے درخت ببول کے سایہ مین جا بیٹھے - اس جرأت کو دیکھیے کہ تن تنہا ایک مستحکم مقام کا محاصرہ کرکے اُسکو دھمکی دی - ہندوستان مین دنکو دھوپ کی جو شدت ہوتی ہے اُسنے اپنا کام تمام کیا کلنام ہونے لگی مگر توپین ابتک نہ پہونچین اور ثابت قدم کلکٹر اُسی طرح اپنی جگہ پر بیٹھا رہا - آخر گاؤن کے ایک قریب کے گاؤن کا رئیس آیا اور عرض کی کہ اگر صاحب کی مرضی ہو تو مین رعایا کے مطیع کرنے مین مدد دون — جان لارنس نے جو اس بات سے واقف تھے کہ شمال اور مقامات کے ہندوستان مین بھی روسا کے اپنے رشک و حسد بہت بڑھا ہوا ہوتا ہے اُسکے التماس کو جس قابل تھا اُسکے مطابق قبول کیا - جان لارنس کے مستقل ارادہ کے ساتھ اس سپاہ کے سامنے آتے ہی سرکش سردار نے اطاعت قبول کرلی مالگزاری کے سوا اُسکو جرمانہ بھی دینا پڑا کلکٹر صاحب مظفر و منصور دہلی کو واپس آئے - نہ ایک قطرہ خون کا گرا اور نہ یہ خبر جس سے اکثر ولیسیون مین خوف طاری ہوتا گاؤن مین پہونچنے پائی کہ توپین آتی ہین -

اسکے کئی برس بعد جب کلکٹر دہلی کے عہدہ سے ترقی پاکر جان لارنس چیف کمشنر پنجاب مقرر ہوے

اور دہلی کو باغیون کے ہاتھ سے پھر فتح کیا تو اُن باغی سردارون کی ایک فہرست جنکی نسبت سزاے موت کا حکم صادر ہوا تھا اُنکے دستخط کے لیے پیش ہوئی۔ اس فہرست مین سب سے اول اُس گوجرپیں کا نام تھا جسنے بیس برس پیشتر عین وقت پر انکو مدد دی تھی اُس نام کو دیکھکر اُنکو خیال آگیا کہ یہ ہمارا مددگار تھا چنانچہ اُنھون نے اُسکا نام فہرست سے نکال کر اُسکی جان بخشی کی۔ یہ حالات تو ہمنے اس بات کے دکھانیکو بیان کیے کہ جان لارنس نے اپنے ضلع کے شورہ پشت زمیندارون کا کیا انتظام کیا تھا۔ اب ایک قصہ اِس بات کی تشریح کے لیے بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کس طریقہ سے مختلف درجہ کی ہندوستانی صحبتون مین جرائم کا پتہ لگاتے تھے۔ مین ابھی اس امر کو بیان کرچکا ہون کہ دہلی مین جرائم پیشہ اشخاص کس کثرت سے رہتے تھے اور مین نے اس بات کے ظاہر کرنے مین بھی کوشش کی کہ گذشتہ تیس برس سے کون کون حالتین اُنکو یہان لے آئین اور کیونکر اُنکے جرائم معاف ہوے یہ قصہ جو مین ذیل مین بیان کرونگا منجملہ اُن چار پانچ قصون کے ہے جنکو جان لارنس کی میم صاحبہ نے اپنے شوہر کے تبلانے سے موسم بہار ۱۸۴۵ء مین اپنے بچون کے خوش کرنیکو دہلی مین لکھا تھا۔ اس قصہ کو مین پورا پورا بیان کرتا ہون جس سے ظاہر ہوگا کہ جسطرح جان لارنس کام کرنے مین استعداد اور فراست رکھتے تھے اُسیطرح قصہ گوئی مین بھی اُنکو کمال تھا۔

دو بھائیونکا احوال

جب مین ضلع پانی پت واقع ممالک مغربی وشمالی ہند کا مجسٹریٹ تھا تو مجھکو یاد آتا ہے کہ ماہ جون ۱۸۳۵ء مین قتل عمد کی ایک واردات وقوع مین آئی۔ اس مقدمہ سے مجھکو ایسا تعلق رہا کہ اتنے برس گذر جانے کے بعد بھی اسوقت مجھکو کل مقدمہ کے حالات اسطرح یاد ہین کہ گویا کل کی بات تھی۔ جس رات کا یہ سانحہ ہے اُس شب کو بڑی گرمی تھی اور مین نے اپنا پلنگ بنگلہ کے باہر میدان مین بچھوایا تھا ہندوستان مین یہ عام دستور ہے کہ جب شب کو گرمی زیادہ ہوتی ہے اور موسم خشک ہوتا ہے تو لوگ رات کو باہر ہی رہتے ہین۔ اور اہل یورپ کے نزدیک یہ دستور چاہے جسقدر خطرناک ہو مگر ہندوستان مین اسکا مطلق لحاظ نہین کیا جاتا۔ مین مکان کے اندر اپنے کپڑے اُتار چکا تھا اور شب خوابی کا لباس جو اس حصہ ہندوستان مین پورا جوڑا ہوتا ہے اور سر سے پیر تک سب جسم کو ڈھانکے رہتا ہے پہنے ہوے پلنگ کی طرف جارہا تھا۔ آگے آگے میرا بوڑھا بیرا تھا جو ہاتھ مین موم کی بتی لیے چلا جاتا تھا۔ اتنے مین میرا خانسامان جسکا نام علی خان تھا گھبرایا ہوا آیا اور لڑکھڑاتی ہوئی زبان سے بیان کیا کہ حضور مین ابھی شہر کیطرف جاتا تھا راستہ مین حضور کی کوٹھی کے قریب مین نے دیکھا کہ ایک خون ہوگیا ہے۔ خانسامان کے اس بیان پر پہلے تو مجھکو شک ہوا مگر جب اور باتین پوچھین تو مجھکو یقین ہوگیا کہ بیشک یہ معاملہ سچ ہے۔ علی خان نے بیان کیا کہ مین رات کا کام ختم کرکے اپنے گھر کو شہر مین جاتا تھا راستہ مین کچھ فاصلہ پر مین نے دیکھا کہ بہت سے لوگ جمع ہین اور آپسمین کچھ دنگہ ہورہا ہے۔ مجھکو دہشت معلوم ہوئی اس لیے

ص ۶۹

مین علیحدہ جاکر دیکھنے لگا کہ کیا ہوتا ہے۔ تین چار آدمیون نے ایک آدمی کو اٹھا کر دے مارا اور اُسکا گلا کاٹ ڈالا بعد اُس کے وہان سے چلدیے۔ یہ دیکھکر مین فوراً یمان دوڑا ہوا چلا آیا کہ حضور کو اس سے آگاہ کرون۔ یہ سُنکر مین نے کہا کہ "اے پاجی تونے دوڑکر اُسکی مدد کیون نہ کی"۔ علی خان نے جواب دیا کہ میرے پاس کوئی ہتیار نتھا اور اس سبب سے کوئی مدد نہ دیسکا۔ اگر مین شور وغل کرتا تو وہ مجھکو بھی مار ڈالتے۔

یہ سُنکر مین نے فی الفور اُسکو توکار دینے کے سپاہیون کو بُلانے بھیجا اور بیرا سے کہا کہ تو میرا تپنچہ لے آ اور مین خود اُسکے ہاتھ سے بتی لیکر وہی شتابی کے کپڑے پہنے ہوے اُس رخ دوڑا جدھر خانسامان نے پتہ دیا تھا۔ وہان پہنچکر کیا دیکھتا ہون کہ لاش اوندھی پڑی ہے۔ خون مین شرابور اور زخمون سے چُور چُور ہے۔ چہرہ پر ہر طرف سے زخم لگے ہوے ہین اور گوشت کٹ کٹ گیا ہے۔ سر دھڑ سے قریب قریب بالکل جدا ہے اور ہاتھ اور بازو اور ٹانگین بھی زخمون سے بالکل چور ہین۔ لاش کو جو ابتک گرم تھی مین جھک کر دیکھنے ہی کو تھا کہ اتنے مین یکایک ایک جھونکا ہوا کا آیا اور بتی خاموش ہوگئی۔ مین نے دیکھا کہ جب تک مدد نہین پہونچتی ہے اُسوقت تک کچھ نہین ہوسکتا ہے اسواسطے مین بیٹھ گیا۔ چند لمحے کے بعد جو مجھکو اضطراب مین ایک گھنٹہ کے برابر معلوم ہوے مین نے دیکھا کہ میرا بیرا تپنچہ لیے ہوے دوڑا آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ بُرے میان کو ڈر لگتا تھا کیونکہ چند قدم آگے چلکر وہ ٹھہر جاتا تھا اور پیچھے دیکھ دیکھکر زور زور سے گارڈ کو پکارتا تھا۔ باایں ہمہ میرے آواز دینے پر اُسمین کچھ ڈھارس آئی اور دوڑا ہوا میرے پاس چلا آیا۔ تھوڑی دیر کے بعد گارڈ کے کچھ لوگ مشعلین اور فلیتے لیے ہوے آئے۔ لیکن نہ وہ پورے ہتیار لگائے تھے اور نہ پوری وردی پہنے ہوے تھے۔ اب چاندنی نکلنے اور مہتاب کی روشنی پھیلنے لگی۔ اس سے ہمکو بہت مدد پہونچی۔ سب کے پہلے ہم نے زمین کا حال دریافت کرنا شروع کیا اور چونکہ مٹی نرم اور رپٹیلی تھی اس سبب سے تھوڑے ہی فاصلہ پر جاکر بآسانی قاتلون کا پتہ لگ گیا ہندوستان مین انسان خواہ جانور کے نقش قدم سے پتہ لگانا بڑی آسان بات ہے۔ اور مجھکو اس فن کے ایسے ایسے کامل لوگ معلوم ہین جو صدہا میل تک پتہ لگا سکتے ہین حالانکہ جو شخص اس فن سے ماہر نہو وہ کچھ تمیز نہین کرسکتا۔

ایک مرتبہ مین اہل دیہات اور ارباب پولیس کی ایک جماعت کے ساتھ چند ٹھگون کے تعاقب مین جاتا تھا جنھون نے اُسکے پیشتر کی رات کو پانچ مسافر قتل کر ڈالے تھے۔ زمین سخت تھی اور گھاس مین ڈھکی ہوئی تھی اور مجھکو جابجا یہ تو معلوم ہوا کہ یہان کسی لڑائی یا جھگڑے کے ہونیکی علامتین پائی جاتی ہین لیکن سوا اُسکے اور کچھ نہ معلوم ہوا باایں ہمہ جو لوگ ہمارے ساتھ تھے اصل موقع پر کافی تحقیقات کرنیکے بعد کئی میل تک نشانات کا پتہ لگاتے چلے گئے۔ راستہ مین اُنھون نے مجھسے بیان کیا کہ جو جماعت اسطرف سے گئی ہے اُسمین اسقدر مرد عورتین لڑکے اور جانور تھے اور مقام حیرت یہ ہے کہ دوسرے روز جب وہ لوگ گرفتار ہوے تو معلوم ہوا کہ سراغ رسانون نے جو کچھ کہا تھا حرف بحرف صحیح ہے۔

المدعا دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ مقتول اپنے گھر سے جو شہر مین تھا میری کوٹھی کو آتا تھا وہ تن تنہا چلا آتا تھا کہ ایک مقام پر بہت سے آدمیون نے ملکر یکبارگی اُسپر حملہ کیا وہ کچھ دور تک بھاگا مگر ایک آدمی دوڑکر اُسکی سدِراہ ہوا اور باقی ماندہ لوگون کیطرف اُسکو پھیر دیا۔ یہان وہ کچھ دیر تک لڑتا رہا بعد اُسکے مارا گیا۔ سہنے دو تین سو گز کے فاصلہ تک سراغ لگایا اور اتنی دور مین ہمنے ایک جوتا مقتول کا اور تین جوڑے اور لوگون کے ایک کوٹھی تلوار کی اور دو لالٹین جو تلوارون سے کٹ کٹ گئی تھین اور خون سے آلودہ تھین ڈھونڈھ نکالین۔

اب بارہ بجے چاندنی خوب کھلکر نکل آئی ہوا خنک تھی اور ہم سب لوگ لاش کے گرد جمع تھے۔ مین نہایت ہی مضطرب تھا کیونکہ ہم لوگون کی تحقیقات کا کوئی نتیجہ نہین نکلا اور نہ قاتلون کا ٹھیک پتہ لگا۔ اور زخمون کی کثرت سے مقتول کا چہرہ ایسا بگڑ گیا تھا کہ اُسکی قومیت اور پیشہ ہی کا دریافت کرنا دشوار تھا۔ نام و نشان معلوم ہونا تو اور بھی مشکل بات تھی۔ میرے وقت مین قتل عمد کے بیتیرے مقدمے ہو چکے تھے لیکن اس مقدمے سے میری عقل چکر مین آگئی تھی۔ جسوقت مین خیال کرتا تھا کہ میری کوٹھی سے چند گز کے فاصلے پر ایک آدمی مارڈالا گیا اور قاتلون کا پتہ نہ لگا تو میرے کلیجہ مین ہوک اُٹھتی تھی۔

مین ایک پتھر پر بیٹھ گیا اور سپاہیون کو حکم دیا کہ مقتول کا چہرہ صاف کرکے غور کرو کہ وہ کون شخص اور کس فرقہ کا آدمی ہے۔ سب سے بھاری مشکل یہ تھی کہ اُسکے جسم پر سوائے ایک دھوتی کے اور کچھ نہ تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ اس شب گرمی تھی اسوجہ سے مقتول ننگی ہی باندھے ٹہل رہا تھا (یہ دستور اس ملک مین از اعلیٰ تا ادنیٰ عموماً ہر درجہ کے لوگون مین جاری ہے)۔ اتنے مین گارڈ کے ایک آدمی نے جو گلگٹہ کی کھری پرتعینات تھا مقتول کا چہرہ مل کر صاف کرکے بعد کہا کہ "ارے یہ تو میرا ساتھی رام سنگھ ہے۔ مجھکو یقین ہے کہ یہ وہی ہے کیونکہ مین اُسکی موچھون کے خم کو خوب پہچانتا ہون ص ۱۷ وہ ابھی کل رات کو میرے ساتھ حقہ پی رہا تھا"۔ دیرتک بحث و مباحثہ رہنے کے بعد اکثرون کی راے یہ قرار پائی کہ یہ رام سنگھ کی لاش ہے۔ گو بعضون کو ابتک شک تھا۔ باایں ہمہ اس بات پر سب کے سب متفق ہوے کہ رام سنگھ مفقود الخبر ہے اور یہ لاش اُسی کے قد کے برابر معلوم ہوتی ہے۔ ہمنے یہ فرض کرکے کہ لاش رام سنگھ کی ہے اُسکے قاتلون پر قیاس دوڑانا شروع کیا۔

مین نے کہا "اُسکے قاتل چاہے جو لوگ ہون مگر یہ صاف ظاہر ہے کہ انھون نے کینہ کشی سے مارا ہے ورنہ لاش اسطرح سے پارہ پارہ نہوتی"۔ ایک شخص کے مُنہ سے نکلا کہ "جس شخص نے رام سنگھ کو دوڑکر پکڑ لیا اور اُسکو روکا وہ بڑا دوڑنے والا ہوگا کیونکہ رام سنگھ نہایت ہی تیز اور چالاک تھا"۔ دوسرا بولا "مین دیکھتا ہون کہ ایک جوتے مین نعل لگے ہین اور اسکی حاجت اُسی شخص کو ہوتی ہے جو ہمیشہ دوڑا کرتا ہے"۔ یہ سنکر مین غور کرنے لگا کہ دوڑنے والون کی ذیل مین کون شخص داخل ہوسکتا ہے۔ یک بیک میرے دل مین خیال گذرا کہ ملک مین پیادے لوگ ڈاک لیجاتے ہین چنانچہ مین نے

لوگون کی طرف متوجہ ہوکر کہا کہ ڈاک والے بڑے دوڑنے والے ہوتے ہین - اُنہین سے کسی شخص کے ساتھ تو اُس سے عداوت نہین تھی - ایک سپاہی نے یہ سُنکر فوراً جواب دیا کہ "رام سنگھ کا ایک بھائی بلرام سنگھ تھا جو ڈاک والون مین نوکر تھا اور مین نے سُنا ہے کہ رام سنگھ نے بلرام سنگھ کی بی بی سے آشنائی کی تھی"۔ دوسرے نے کہا کہ "ابھی یہ کیا جانیے کب کی باتین ہین بلرام اُنکو خوب جانتا تھا - سوائے اسکے یہ کب ہوسکتا تھا کہ اس بات کے لیے بلرام اپنے بھائی کو مار ڈالتا"۔ اب اس بات کا بیان کرنا بالتخصیص ضرور ہے کہ جاٹ فرقہ کے لوگون مین جنمین یہ دونون بھائی بھی داخل تھے ایسے تعلقات اکثر ہا کرتے ہین گو وہ ہماری نگاہ مین کیسی ہی عجیب کیون نہ معلوم ہون - اُن لوگون مین دستور ہے کہ جب بڑا بھائی مرجاتا ہے تو چھوٹا بھائی گو اُسکی شادی ہوچکی ہو بیوہ کے ساتھ رہتا ہے - چنانچہ اسوجہ سے ایسے ناجائز تعلقات پر جو رام سنگھ اور اُسکی بھاوج کے درمیان پائے جاتے تھے نہ تو اُنمین چندان خیال کیا جاتا تھا اور نہ ہم لوگون کے قیاس کے موافق اُنکی بابت تنبیہ کیجاتی تھی -

گو یہ بات مین خوب جانتا تھا لیکن مجھکو فوراً اطمینان ہوگیا کہ آخر کو ہمنے پتہ لگالیا - چنانچہ مین نے بڑا حصہ سپاہیون کا کوٹھی کو واپس کردیا اور یہ حکم دیکر کہ ایک گھوڑا میرے لیے بھیجدیا جائے مین خود سراغ لگانے نکلا - ہم فوراً شہر کو جو یہان سے نصف میل کے فاصلے پر تھا روانہ ہوے اور بلرام کے گھر کی طرف چلے - یہان ہمکو اُسکی زوجہ ملی اُسنے بیان کیا کہ آج مین نے اپنے شوہر کو نہین دیکھا شاید وہ چوکی پر ہوگا بھائی البتہ شام کو آیا تھا - میرے ساتھ کھانا کھاکر دس بجے شب کے قریب قریب گھر سے گارڈ کو چلا گیا - اُس عورت نے یہ بھی بیان کیا کہ جب رام سنگھ میرے پاس تھا تو ایک اور ہرکارہ جو میرے شوہر کا دوست ہے اُسکو پوچھنے آیا تھا لیکن اُسکو گھر مین نہ پاکر اُسیوقت واپس چلا گیا -

یہان سے مایوس ہوکر ہم ڈاک خانہ کی طرف چلے احاطہ مین پہونچکر کیا دیکھتے ہین کہ بہت سے ہرکارے زمین پر پڑے غافل سو رہے ہین اور بلرام یعنی وہ شخص جسکے ہم سراغ مین تھے ایک گوشہ مین چپکا بیٹھا ہوا ہے اور حقہ پی رہا ہے مین فوراً اُسکے پاس گیا اور اُس سے اِدھر اُدھر کی باتین کرنے لگا مگر اُسنے اس اطمینان اور استقلال کے ساتھ جواب دیا کہ مین خیال کرنے لگا کہ میری رائے غلطی پر ہے اور اُسنے جرم کا ارتکاب نہ کیا ہوگا - تاہم ایک چراغ لیکر مین بغور اُسکا چہرہ دیکھنے لگا گو وہ جانتا تھا کہ میری نگاہ اُسپر ہے مگر اُسنے ذرا بھی جنبش نہ کی اور بظاہر بلاتکلف حقہ پیتا رہا - میری طرف اُسیطرح دیکھتا رہا اور ذرا بھی اُسکی آنکھ نہ جھپکی -

میرے پاس جو سپاہی کھڑے تھے اُنمین سے ایک شخص نے چھیڑنے کے لیے یہ بات کہی کہ "بلرام تم دیکھتے نہین ہو کہ یہ حضور تمھارے سامنے کھڑے ہوے ہین اور تم اُسیطرح بیٹھے ہوے ہو"۔ بلرام نے ذرا بھی حرکت نہ کی اور یہ معلوم ہوا کہ گویا اُسنے بات ہی نہین سُنی - مین نے اپنا ہاتھ بڑھاکر اُسکے شانہ پر رکھا اور کہا کہ "بلرام اُٹھو تو ہم تمکو دیکھنا چاہتے ہین" مین اُسوقت اُسکی طرف جھکا ہوا تھا اور وہ معمولی دیسی طریقہ سے اکڑو بیٹھا رہا - اور اب مجھکو خیال آیا کہ

اُسکے اس حالت مین بیٹھے رہنے کی کوئی خاص وجہ ہے بلرام فوراً اُٹھ کھڑا ہوا اور چونکہ دھوتی کے سوا اور کوئی شے پہنے نہین تھا اس سبب سے اُسکے جسم کا بالائی حصہ برہنہ تھا مین نے اپنا ہاتھ اُسکے دل پر رکھکر کہا کہ "کیا سبب ہے کہ تمھارا قلب بہت زور سے دھڑک رہا ہے"۔ اُسنے جواب دیا کہ "مین نہا رہا تھا اور اس خوف سے کہ مبادا ڈاک کی دیر ہو جائے راستہ بھر دوڑتا ہوا آیا ہون"۔ ہرچند کہ وہ بڑی سہولیت اور مستعدی سے جواب دیتا تھا لیکن اُسکے انداز سے میرے پہلے کے سب شبہات پھر قائم ہونے لگے۔ مین غور سے اُسکے پہرہ کیطرف کھڑا ہوا دیکھ رہا تھا اتنے مین مجھکو دفعتاً معلوم ہوا کہ اُسکی ران مین کچھ خون لگا ہوا ہے اور ظاہر اوہ دھوتی کے نیچے سے نکلتا ہوا چلا آتا ہے خون کی طرف اشارہ کرکے مین نے کہا "آہا۔ بلرام یہ خون کیسا ہے"۔ وہ یک لحہ بھر میری طرف دیکھتا رہا اور بعد اُسکے کہا کہ "آپ تکلیف نہ اُٹھائین مین نے اُسکو مار ڈالا"۔ مین نے ہاتھ اُٹھاکر ہر شخص سے اشارہ کیا کہ خاموش رہو اور اُس سے پوچھا کہ "تم نے کسکو مار ڈالا"۔ اُسنے جواب دیا کہ "رام سنگھ اپنے بھائی کو مین نے قتل کیا" مین نے پھر پوچھا "کیون اُسنے کیا کیا تھا"۔ اُسنے جواب دیا "میری زوجہ سے اُسنے آشنائی کی تھی اس سبب سے مین نے اُسکو مار ڈالا"۔ اِسپر اُسکے ہتکڑیان ڈالدی گئین اور ڈاکخانہ سے نکلکر گھوڑے پر جو اس اثنا مین آگیا تھا سوار ہوا اور کوٹھی کو روانہ ہوا۔ راستہ مین مین نے اُس سے پوچھا کہ یہ کیا بات ہے کہ "تمھارے ہمراہی لوگ بھاگ گئے اور تمنے بھاگنے کا قصد نکیا"۔ اُسنے جواب دیا کہ "مجھکو کیا معلوم تھا کہ آپ اسطرح سے میرا سراغ لگائینگے وہ لوگ بھاگے نہین ہین بلکہ ڈاک خانہ مین بڑی سڑک کی طرف ہین"۔ اُن لوگون کا نام دریافت کرکے مین نے فی الفور چار سوار اُنکی گرفتاری کے لیے اُس مقام کو جو وہان سے چار میل کے فاصلے پر تھا روانہ کیے۔ کوٹھی پر پہونچکے مین نے لوگون کا ضروری بیان اور بلرام کا اقرار قلم بند کیا۔ دو بجے رات کو میری آنکھ لگی ہی تھی کہ پولیس والے اور قاتلون کو لیے ہوے پہونچے اور مجھکو بیدار کیا۔ لیکن مین نے یہ سُنکر کہ اُنھون نے جرم سے بڑے شدومد کے ساتھ انکار کیا اور اُنکے جسمون پر ایسی کوئی شے نہین تھی جس سے وہ مجرم قرار دیے جائین حکم دیا کہ وہ حراست مین رکھے جائین اور خود سونے کو چلا گیا۔ ص۲۲

صبح کو قیدیون کا بلرام سے مقابلہ کرایا گیا۔ بلرام نے رات کو جو کچھ بیان کیا تھا اُسکی تائید کی مگر لوگون نے قطعی انکار کیا۔ اسی اثنا مین سراغ رسانون کا ایک غول آیا اور اطلاع دی کہ ہم لوگ پتہ لگاتے لگاتے نشانون کی سیدھ مین موقع وارداتک گئے جس سے معلوم ہوا کہ ایک شخص شہر کو آیا اور دو آدمی بڑا چکر لگا کر ڈاکخانہ مین آئے۔ اسکے بعد مین چند ہوشیار آدمی لیکر موقع پر گیا اور بڑی محنت اور تجسس کے بعد اُنھون نے ایک کچے مکان کے چھپر کے نیچے مقتول کی پگڑی مالا تلوار اور دو لاٹھیان جو خون سے بھری ہوئی اور تلوار یا کسی تیز آلہ سے جا بجا کٹی ہوئی معلوم ہوتی تھین ڈھونڈ نکالین۔ ان مین سے ایک چیز قیدیون کے آگے جو اب تک ہتکڑے

پیش کی گئی اور اُنھوں نے بلرام کے بیان کی تصدیق کی۔ اُنمین سے ایک نے کہا کہ چونکہ ہم بلرام کے دوست تھے اسلیے اُسکے کہنے سے ساتھ ہولیے تھے ورنہ معقول سے ہمکو کوئی عداوت نتھی۔ صرف بلرام کی دوستی کا نباہ کیا۔ اُسنے یہ بھی کہا کہ مین دن کو بلرام کی بی بی کے پاس اُسکے شوہر کے دریافت کرنے کے حیلہ سے جو کچھ فاصلہ پر سہرا منتظر کھڑا تھا گیا تھا۔ لیکن اصل مین یہ دیکھنے گیا تھا کہ رام سنگھ گھر مین ہے یا نہین اسکے بعد ہم لوگ سڑک کے قریب ایک خندق مین جاکر تاک مین بیٹھے۔ جب رام سنگھ اُدھر سے نکلا تو ہم اُسپر چڑھ دوڑے۔ گو اُسنے اچانک رام سنگھ پر حملہ کیا تھا مگر اُسنے بہادری سے ہمارا مقابلہ کیا تا آنکہ ہم نے اُسکو مغلوب کرکے زمین پر گرا دیا۔ اور جب وہ گرنے لگا تو اُسنے اپنے بھائی کی ٹانگ زخمی کردی۔ جو خون مین نے دیکھا اور جسکو مین نے مجروح کا خون تصور کیا تھا وہ اسی زخم کا خون تھا اور اسی کے چھپانے کو بلرام اُسوقت تک برابر بیٹھا رہا جب تک مین اُس سے باتین کرتا رہا تھا۔ دنکو وہ کمبخت عورت جو اغوا کے کام کی باعث ہوئی تھی آئی اور لاش کے دیکھنے کی اجازت چاہی۔ اُسنے لاش کو اپنی گود مین لیا بار بار منھ پر بوسے دیتی تھی پیٹ پیٹ کر روتی تھی اور اُسکی بیوقت کی موت کے سوا اور کسی بات کا اُسکو خیال نہین تھا۔ بعد کو جو تحقیقات ہوئی اُسمین بہت سی باتین کھلین اور اُنسے بلرام کا جُرم خفیف معلوم ہوتا تھا۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ اِن دونون مین سالہا سال سے آشنائی چلی آتی تھی اور شوہر اس حال سے بخوبی تمام واقف تھا۔ اسکے ایک سال پیشتر بڑا کال پڑا تھا اور اُس زمانہ مین رام سنگھ نے زوجہ اور شوہر دونون کی پرورش کی اور اُنکے ساتھ رہتا تھا۔ باینہمہ واردات قتل کے پیشتر بلرام نے منع کیا تھا کہ تم میری زوجہ سے ربط و ضبط نرکھو۔ اور اس بات پر بھائی نے وعدہ کیا تھا کہ مین کبھی گھر نہ آؤنگا زوجہ نے جب یہ سُنا تو وہ فوراً شوہر کو چھوڑکر اپنے میکے چلی گئی۔ میکے والے اور اُسکا شوہر ہرچند سمجھا رہا مگر وہ کسیطرح سسرال نہ گئی شوہر اُسکا ارادہ دیکھکر اپنے بھائی کے پاس گیا اور اُس سے سب ماجرا بیان کرکے التجا کی کہ تم میرے ساتھ چلو اور اپنا دباؤ ڈالو اور یہ بھی کہا کہ "تم جسطرح آیا جایا کرتے تھے اسی طرح اب بھی آیا کرو کیا میرے بھائی نہین ہو اور کیا تمنے مجھکو فاقہ کشی سے نہین بچایا تھا"۔ اسپر زوجہ واپس چلی آئی اور اسی کے چند روز بعد وہ سانحہ گذرا جسکا مین نے اوپر بیان کیا ہے۔

قاتل دورہ سپرد کیا گیا جہان بلرام یعنی شوہر کو پھانسی کا حکم ہوا اور باقی دو آدمیون کو حبس دوام کی سزا ہوئی۔ الغرض میری داستان یہ ہے اسکی وجہ سے اُس زمانے مین بڑی ہلچل پڑگئی تھی۔ رام سنگھ کے انجام پر شہر بھر کو افسوس تھا اور بلرام پر کسیکو ترس نہین آتا تھا۔ ظاہرا عوام کا خیال یہ تھا کہ رام سنگھ بلرام کا بھائی نہین تھا پھر کیونکر اُسنے بھائی کو مارڈالا۔ مقام دہلی مورخہ ۴ مارچ ۱۸۳۴ء۔

گو جانچ لارنس کا ضلع بہت وسیع تھا مگر اُنکی سرگرمی اور مستعدی صرف اپنے ہی ضلع تک محدود نتھی بعض اوقات ضلع پانی پت کے باہر بھی اپنی کارروائی کرتے یا کرنا چاہتے تھے اور اُنکا نتیجہ بہتر ہوتا تھا مین

اس موقع پر اُسکی ایک مثال بیان کرتا ہون - چونکہ اس مقدمہ مین مقتول ایک اعلیٰ درجہ کا شخص تھا اور سراغ رسانی قاتل عجیب و غریب طریقہ سے ہوئی اسوجہ سے مقدمہ مذکور پر اُسوقت ہر شخص کا خیال رجوع تھا - جان لارنس اس قصہ کو بہت شوق سے بیان کیا کرتے تھے - اور مین یقین کرتا ہون کہ وہ کئی مرتبہ چپ چکا ہے - پہلی مرتبہ جنوری ۱۸۵۸ء مین "بلیک وُڈ میگزین" کے ذریعہ سے جو داستان شایع ہوئی تھی اور خاص جان لارنس کے بیان کے مطابق تھی اُسمین سے مندرجۂ ذیل عبارت اقتباس کرکے مین اس مقام پر لکھتا ہون - وہ ایک باتین جنکو اور موقعون پر اس قصہ کے متعلق اُنھون نے بیان کیا تھا مگر بڑھاپے مین اُنکو یاد نہ آئین اور جو اس اخبار مین چھپین اُنکو مین اور بڑھا دونگا -

۲۳ - مارچ ۱۸۵۷ء کو جان لارنس دنکو کئی گھنٹے تک کام کرنیکے بعد نہانے جاتے تھے کہ اتنے مین پولیس کی ایک مختصر عرضی فارسی خط مین لکھی ہوئی اُنکے پاس آئی اور اُسمین لکھا تھا کہ دہلی سے خبر آئی ہے کہ کل شام کو جب ولیم فریزر کمشنر علاقہ کے کسی راجہ کی ملاقات کیے ہوے واپس آتے تھے تو ایک دیسی سوار گھوڑا دوڑاتا ہوا اُنکے قریب آیا اور اُنکے جسم مبارک پر ایک بندوق سر کردی - اور اُنکا کام تمام کردیا -

ولیم فریزر بڑے سلیم الطبع آدمی تھے اور ہر درجہ کے لوگ اُنکو عزیز رکھتے تھے - مگر چونکہ غربا کا وہ بہت خیال رکھتے تھے اسوجہ سے امرا سے چشمک رہا کرتی تھی - وہ جان لارنس کے بھی بڑے دوست تھے - جان لارنس کچھ تو اس سبب سے کہ اُنکو اپنے دوست کے مرنیکا بڑا قلق گذرا اور کچھ اس خیال سے کہ چونکہ وہ دہلی کے ہر ہر گوشہ سے واقف ہین اور اسوجہ سے قاتل کا پتہ لگانے مین مدد دے سکینگے فی الفور اپنا گھوڑا طلب کیا اور عین تازت آفتاب مین دہلی کی طرف جو وہان سے چالیس میل کے فاصلہ پر ہے روانہ ہوے وہان ٹامس مٹکاف اور سیمن فریزر یہی دو اعلیٰ سول افسر رہگئے تھے جنسے اب قاتل کا کچھ سراغ نہین لگا اور اگرچہ چند گوجروں کو (یہ قوم سراغ رسانی کے لیے مشہور و معروف ہے) اس بات مین کامیابی ہوئی کہ اُنھون نے موقع واردات سے دہلی کیطرف کچھ دور تک گھوڑے کے سمون کے نشان سے کچھ پتہ لگایا - مگر بعد اسکے ایک مقام کے آگے جہان بہت سی سڑکین اگر ملی ہین پتہ نہ لگ سکا -

اس سے کچھ امید نہین پڑی - اتفاق سے ایک شخص مسمی فتح خان نے ٹامس مٹکاف سے جو بیان کیا تھا کہ اگر میرے بھتیجے نواب فیروزپور کو اس قتل کا کچھ حال معلوم ہو تو کچھ عجب نہین اسکی خبر جان کو بھی پہنچی مٹکاف نے یہ خیال کرکے کہ شاید عداوتاً یہ بیان کیا گیا ہو اُس بات پر کچھ توجہ نکی لیکن جان لارنس نے اُسکو شبہ مین باندھ لیا اور فوراً یہ امر دریافت کرکے کہ نواب مذکور اور ولیم فریزر سے کسی زمین کے بارے مین جھگڑا تھا وہ سیمن فریزر کو ہمراہ لیکر دہلی کے ایک مکان کو جو اُس رئیس کا تھا روانہ ہوے -

انھون نے صحن مین کسی شخص کو نپایا اور باوصف متواتر آوازون کے اندر سے کوئی جواب بھی نہین آیا۔ سیمن فریزر تو گھر کے اندر گئے اور جان لارنس میدان مین گھومتے گھومتے ایک جگہ پر پہونچے جہان ایک رنگ گھوڑا بندھا ہوا تھا۔ اور اُسکے جوڑ بند دیکھنے لگے۔ گھوڑے کے سم پر اُنکو کچھ نشان ایسے مقامات پر بنے گئے جہان عموماً وہ نہین ہوا کرتے ہین۔ اُنکو معاً یہ خیال آیا کہ لوگ کہا کرتے تھے کہ ڈک سرین کبھی کبھی اپنے گھوڑے کے اگلے نعل لگا دیا کرتا تھا اور ساتھ ہی اسکے تعاقب کرنیوالے گوجرون مین سے ایک شخص نے ایک تنکا اُٹھا کر بڑی ہوشیاری سے گھوڑے کے اگلے اور پچھلے سمون کو ناپا اور کہا کہ "صاحب جن سمون کے نشان ہم سڑک پر دیکھ آئے ہین وہ ایسے ہی تھے اُنمین اِنمین ایک تنکے کا فرق نہین ہے اور قاتل اسی جانور پر سوار ہوا ہوگا"۔

ص یہان یہ دیکھ بھال ہو رہی تھی اتنے مین ایک سوار ننگے بدن آیا اُس سے دو ایک باتین پوچھی گئین جنکے جواب مین اُسنے کہا کہ مین نواب فیروزپور کا ارد لی ہون میرے آقا نے مجھکو شہر مین ایک خاص کام کے لیے بھیجا تھا۔ جان لارنس نے کہا کہ "یہ تو بڑا عمدہ گھوڑا ہے" اُسنے جواب دیا "ہان گھوڑا تو بہت اچھا ہے مگر نہایت ناتوان ہے اور ہفتہ بھر سے نہ دانہ گھانس کھاتا ہے اور نہ سواری دیسکتا ہے" جان لارنس کو گھوڑے کی صورت دیکھکر خیال ہوا کہ یہ بات جھوٹ ہے۔ اور کچھ فاصلہ سے اُسکا زین اور باقی ساز کو زمین پر رکھا ہوا دیکھکر اُسکے پاس گئے اور یہ دیکھکر کہ تو بڑا دانہ سے بھرا ہوا گھانس کے نیچے رکھا ہے چپکے سے اُٹھا کر گھوڑے کے مُنھ مین لگا دیا۔ جانور جو مریض بیان کیا گیا تھا نہایت ہی رغبت سے اُسکو کھانے لگا۔ اب ایک امر اور رہگیا تھا چنانچہ بغیر اسطرح کی کسی بات کہنے کے جس سے سوار کو شبہہ ہوتا جان لارنس نے اُس سے کہا کہ ہمارے ساتھ کچہری تک چلے چلو اور جان پہونچکر حکم دیا کہ یہ شخص فوراً گرفتار کر لیا جائے۔

اس اثنا مین سیمن فریزر مکان کے اندر جاکر ایک ڈول سے چند پرزے ایک چٹھی کے جو نکال لائے تھے انکو دونون آدمیون نے جوڑ کر درست کیا سیاہی پانی سے چھڑا ڈالی گئی تھی مگر بعض مصالحون کے دینے سے حرف پھر اُبھر آئے۔ اور فارسی زبان کی یہ عبارت نمودار ہوئی کہ "تم کو معلوم ہے کہ کس غرض سے مین نے تمکو دہلی مین بھیجا تھا۔ مین نے تمسے متواتر بیان کیا کہ تمکو میرے لیے کتون کا خریدنا کسقدر ضرور ہے۔ اگر ابتک تمنے یہ کام نکیا ہو تو اب اُسمین تاخیر نکرنا"۔ جان لارنس کو جو دو چار باتین معلوم ہوئی تھین اُنکی مدد سے غور و فکر کرکے اس امر کا دریافت کر لینا اُنکی ذکاوت کے آگے کچھ مشکل نتھا کہ کتون سے کمشنر صاحب مراد تھے جنکی جان عرصہ ہوا کہ یہ سوار لیچکا تھا اور جان لارنس کے کہنے سے نواب کے پاس یہ پیام بھیجا گیا کہ آپ کا آنا دہلی مین ضرور ہے کیونکہ وسائل خان نامی آپ کے ایک ملازم پر کمشنر کے قتل کرنیکا شبہہ کیا گیا ہے۔ نواب نے حکم کی تو تعمیل کی لیکن انکار کرنے مین سوار کی تائید کی اور قتل سے اپنی لاعلمی ظاہر کی۔

نواب دہلی مین رو کے گئے اور اُنکے علاقہ مین تحقیقات شروع ہوئی جس سے ظاہر ہوا کہ انایسوناے ایک پیادہ بھی قتل کیوقت موجود تھا۔ یہ شخص ایک لوٹیرا تھا اور اُسکی شہ زوری اور تیز رفتاری مشہور عام تھی۔ یہ شخص اُسی رات سے غائب تھا اور اُسوقت سے ابتک اُسکا پتہ نہین لگا تھا۔ اُسکے سراغ لگانیکا کام کرنل اِنکِنز کے سپرد ہوا جو غیر قواعد دان رسالہ موسومہ اِنکِنز کے افسر کمان تھے۔ اُس شخص کا پتہ بہت جلد معلوم ہوگیا جس سے خط کتابت شروع کی گئی اور وعدہ کیا گیا کہ اگر وہ اپنے تئین حوالہ کردے اور کافی ثبوت دے تو اُسکی جان بخشی کی جائیگی زیادہ عرصہ نہین گذرنے پایا تھا کہ رات کو ایک شخص آیا اور اُسنے کہا کہ انایسو مین ہی ہون اور آپ کے ساتھ چلونگا اُسنے اپنا قصہ جلد بیان کردیا اور یہ قصہ اُسی طرح کا سچ تھا جیسا ہیروڈوٹس نے قدیم دربار ایران مین بیان کیا تھا یا جسطرح الف لیلے کے قصے مشہور ہین کہ کہین ایک لفظ بھی صحیح نہین ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ اُسکو نواب نے یہ حکم دیکر بھیجا تھا کہ تم ہر وقت سوار کے ساتھ رہنا اور اگرچہ گمان نہین ہے لیکن شاید اتفاقاً باوصف اس امر کے کہ وہ ہر وقت جان بکف رہتا ہے پہلی گولی مین کلشنر کو ہلاک نہ کرسکے تو تم فوراً دوڑ کر جانا اور اُسکا کام تمام کردینا۔ وسائل خان کی پہلی ہی گولی کلشنر کے جسم مبارک سے صاف نکل گئی اور اسوجہ سے انایسو کے کام کی حاجت نہین رہی لیکن وہ اپنے آقا کو اس بات کی خبر دینے کے لیے فوراً روانہ ہوا کہ جس کام کے لیے ہم گئے تھے اُسکو انجام کرآئے۔

اُس شب صبح تک اور بعد اُسکے کئی پہر تک وہ دنکو وہ برابر دوڑتا ہی چلا گیا۔ اور شام کیوقت نواب کے قلعہ فیروزپور مین جو دہان سے نوے میل تھا پہونچا۔ سیدھا نواب کے کمرہ کو گیا اور فوراً باریاب ہونا چاہا اُسنے کہا کہ مجھکو ضروری خبر پہونچانا ہے۔

دیوانخانہ اور شاہ نشین کے درمیان صرف ایک گاڑھا پردہ حائل تھا اور اردلی کا اندر داخل ہونا تھا کہ اِسکو شبہہ ہوا جو اس پیشہ کے لوگون کو بالطبع ہوا کرتا ہے چنانچہ انایسو نے پردہ کا ایک گوشہ اوٹھایا اور ہمہ تن گوش وچشم ہوکر متوجہ ہوا کہ دیکھیے کیا ظہور مین آتا ہے۔ اُسنے نواب کو یہ حکم دیتے سنا کہ اس کمرہ سے نکلنے کے بعد یہ شخص قلعہ سے باہر کسی طرح جانے نہ دیا جائے۔ اب اُسکو یہ بات بخوبی معلوم ہوگئی کہ چونکہ کام انجام ہوچکا تو میری موت بمقابلہ میری حیات کے میرے آقا کے حق مین زیادہ سودمند ہوگی۔ اور وہ سمجھ گیا کہ یہ حکم گویا موت کا فتویٰ ہے۔ جسوقت وہ اپنی داستان ختم کرچکا اور انعام کثیر کا اُس سے وعدہ ہوچکا اُسکے لیے اُس سے صبح تک ٹھہرنے کو کہا گیا) اُسیوقت وہ چپکے سے ایک چور کھڑکی کی راہ قلعہ سے اسطرح باہر نکلگیا کہ کوئی شخص اُسکو دیکھنے نہین پایا۔ باہر نکل کر وہ اپنی جان بچانے کے لیے جنگل کی طرف بھاگا تاکہ وہ اپنی جھونپڑی مین جو وہان سے سات میل کے فاصلہ پر تھی جا چھپے۔

ص ۹۰ وہ نوے میل دوڑ چکا تھا اور اس سبب سے تھک گیا تھا لیکن دہشت کیوجہ سے اور تیزی و توانائی آگئی اور عین وقت پر گھر مین اپنی جورو دن کے پاس پہونچا اُسکے دو بی بیان تھین) انھون نے مکان کی سطح چھت پر پیال کے پولون کے نیچے چھپا دیا۔ کچھ دیر نہین گذری تھی کہ سوار جو اُسکا تعاقب کیے چلے آتے تھے اور جنکی آہٹ وہ اپنے پیچھے سنتا آتا تھا موقع پر آپہونچے۔ لیکن اُسکی دونون بی بیون نے راہب کیطرح اس راز کو خوب ہی مخفی رکھا اور اپنا میورات بھر آرام کرنیکے بعد مجرد ن کیطرح پہاڑی کو بھاگ گیا۔ ہر چند جستجو کی گئی مگر وہ کسیکے ہاتھ نہ لگا تاآنکہ اُسنے از خود اپنے تئین کمان افسر رسالہ اسکنڈر کے حوالہ کر دیا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

وسائل خان کی قراین کے اتفاقیہ برآمد ہونے سے اور عجیب و غریب حالات مقدمہ کے ساتھ اُسکے بیان کی مزید تصدیق ہوگئی۔ دہلی کے کابلی پھاٹک کے قریب ایک کنوان تھا اُسمین ایک عورت پانی بھر رہی تھی اُسکی رسّی ٹوٹ گئی اور ڈول کنوئین مین گر پڑا۔ اُسکے نکالنے کے لیے کانٹا ڈالا گیا تو اُسمین بجاے ڈول کے گمشدہ قراین برآمد ہوئی۔ دوسرے لوگون نے شہادت دی کہ جس شب یہ قتل کی واردات ہوئی تھی اُس شب کو اُنھنے سوار کو اُسکے گھوڑے پر واپس آتے ہوے دیکھا تھا (یہ وہی گھوڑا تھا جو نہ دانہ گھانس کھا سکتا تھا اور نہ سواری دیسکتا تھا) گھوڑا پسینے مین تربتر تھا اور معلوم ہوتا تھا کہ سرپٹ دوڑتا ہوا بڑی منزل طے کرکے آیا ہے۔ نواب اور اُنکا سوار اب بھی جرم سے اپنی لاعلمی اُسیطرح بیان کرتے رہے۔ لیکن اُنکا مقدمہ ایک خاص کمشنر کے اجلاس مین تجویز کیا گیا جہان اُنپر جرم ثابت ہوا۔ اور کشمیری پھاٹک کے سامنے دونون کو ایک ساتھ پھانسی دی گئی۔ اِس قصہ کو جان لارنس بیشک بڑے شوق سے بیان کرتے ہونگے۔ اور اس بات کا بیان کرنا بھی ایک عجیب و غریب اور افسوسناک دلچسپی سے خالی نہوگا کہ سیمن فریزر مقتول کے چچازاد بھائی جنھون نے سراغ لگانے مین مدد دی تھی وہی شخص تھے جو بائیس برس بعد دہلی کے کمشنر ہونیکی حالت مین ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو ایوان مغلیہ مین باغیون کے تیر غضب کا نشانہ ہوے۔ اس موقع پر جان لارنس کو اسیطرح اپنی فراست سے یہ دریافت کرنیکی حاجت نہین تھی کہ مقتول کے قاتل کون لوگ تھے کیونکہ اس ہنگامہ اور اُسکے دیگر حالات متعلقہ سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ ہماری سلطنت ہندوستان کی بیخ و بنیاد ہل جائیگی۔ لیکن اس بات کے لیے اُنکی فراست بہادری اور دوسرے مردانہ اوصاف کی البتہ حاجت تھی کہ جو آفتین باغیون نے پیدا کی تھین وہ نیست و نابود کر دی جائین اور اس موقع پر جو کارگزاریان اُنھون نے کین اُنکا حال اس سوانح عمری کی جلد دوم سے ظاہر ہوگا۔

ص ۹۰ ذیل مین ایک اور تعاقب کا قصہ بیان کیا جاتا ہے۔ ہر چند کہ جو امر اُسوقت مقصود تھا وہ حاصل یعنی مجرم گرفتار نہین ہوا۔ لیکن گذشتہ معاملے سے مقابلہ کرکے وہ بہت سودمند معلوم ہوا۔ یعنی لوگون کو اس بات کا بڑا تعجب ہوا کہ ہندوستانی آدمی اپنے زبردست اور دیوزور فرمانروایون کے ساتھ کیسا برتاؤ کرتے ہین۔

ضلع پانی پت مین ایک بڑا مشہور دکیت تھا۔ جان لارنس کے دل سے لگی تھی کہ اُسکو کسیطرح گرفتار کرنا چاہیے۔ ایک مرتبہ وہ پکڑبھی آیا تھا لیکن اُسکی زوجہ نے گارد کو رشوت دیکر اُسکو فرار کرا دیا۔ اُسنے بہت سے خون کیے تھے۔ ایک روز جان لارنس کو خبر ملی کہ آج شب کو وہ ایک جھوپڑے مین جو وہان سے بہت دور نہین تھا سویگا۔ اپنا ارادہ کسی پر ظاہر نہین کیا اور دس بجے رات کو کچھ پیدل اور کچھ سوار سپاہیون کی ایک جماعت کے ساتھ گانوں کیطرف روانہ ہوے۔ رات بڑی سہاونی تھی چاندنی کھلی ہوئی تھی اور چند میل چلنے کے بعد راستہ مین ایک دریا ملا جس سے عبور کرنا ضرور تھا۔ لارنس کو امید تھی کہ یہان کشتیان ملینگی مگر اُس نواح مین کہین میسر نہ تھا وہان سب چلی گئی تھین۔ صرف ایک چھوٹی سی کشتی باقی رہگئی تھی۔ یہ کشتی پیدلون کے اُتارنیکو بخوبی کافی تھی مگر سوارون کے لیجانے مین البتہ کئی مرتبہ آنا جانا پڑتا۔ ضرورت شدید تھی۔ جان لارنس نے کہا "ہمکو اب پیر کر اُس پار جانا لازم ہے"۔ ساتھیون نے حیلہ حوالہ کیا اور کہا کہ اس دریا مین جابجا ایک ریگ رواں پائی جاتی ہے اور دھارا بہت تیز ہے ہم سب کے سب بہجائینگے۔ جان لارنس نے کہا کہ "اچھا نامردو تمھارا جی چاہے کرو مگر مین تو جاتا ہون"۔ یہ کہکر گھوڑا بیچ دھارے مین ڈالدیا۔ یہ دیکھکر رسالدار کو بھی ہمت ہوئی اور اُسنے کہا کہ بڑے شرم کی بات ہے کہ صاحب تنہا آگے چلے جائین اور ہم لوگ رہجائین اُسنے پکار کر کہا کہ "مجھکو اندیشہ ہے کہ ہم دونون آدمی ڈوب جائینگے"۔ اور گھوڑے سمیت پانی مین کود پڑا اُسکی دیکھا دیکھی اور لوگ بھی اُسکے ہمراہ چلے۔ لیکن اُسنے جو اندیشہ کیا تھا وہ بے بنیاد نہ تھا۔ کیونکہ سوار لوگ بحفاظت اُس پار پہونچ جانیکے قریب تھے کہ اتنے مین ایک مقام پر ریگ رواں آگئی اس سے فوراً تمام لوگ منتشر ہوگئے۔ بعض لوگ تو پیر کر نکل گئے بعض گھوڑون سے گر پڑے سب مین ایک تہلکہ مچ گیا۔ لارنس کا گھوڑا نہایت قوی تھا اور اس زور سے اُسنے ہاتھ پانون مارے کہ اُسکا سوار دریا مین گرپڑا اور بڑی دقت سے کنارے پہونچا۔ یہان آکر اُنھون نے دیکھا کہ سب سوار جمع ہین اُنسے جان لارنس نے کہا "دو گھنٹہ آخر ہم لوگ حفاظت کے ساتھ پار اُتر نہ آئے"۔ لوگون نے جواب دیا کہ "حفاظت سے کہان پار اُتر آئے رسالدار تو ڈوب گئے"۔ لارنس نے کہا کہ "ہمارے ہم سب لوگون مین وہی تو ایک بہادر شخص تھا۔ چلو پھر دریا مین چلکر اگر ممکن ہو تو اُسکو بچالائین"۔ لیکن کسی نے جنبش نہین کی۔ مشرقی باشندون مین جیسا دستور ہے کہ دوسرون کے انجام پر لاپروائی سے خیال کرتے ہین اسیطرح یہ لوگ بھی سکوت مین آکر ایک دوسرے کیطرف دیکھنے لگے۔ فش

ذکہ ہم واجبی طور سے کہہ سکتے ہین کہ وہ خود اپنے بارے مین بعض اوقات ایسا ہی کرتے ہین گو اُنکے مخبر بیرحمی نے بہت کچھ تہدید کی لیکن اُنھون نے اپنے ساتھی کی جان بچانیکے لیے اپنے تئین خطرہ مین ڈالنا گوارا کیا۔

جان لارنس پھر ایک مرتبہ پاپیادہ جاکر دریا مین کود پڑے اور فوراً معلوم کرلیا کہ رسالدار دریا کنارے سے تھوڑے فاصلہ پر نیم بسملون کیطرح ہاتھ پاؤن مار رہا ہے۔ وہ اپنے گھوڑے کے نیچے آرہا تھا اور اگرچہ وہ

اپنا سر پانی کے اوپر کیے رہا مگر ظاہرا اُسکی قوت اور ہوش و حواس زائل ہوتے جاتے تھے۔ جان لارنس پیر کر اُسکے پاس گئے اور بڑا زور کر کے اُسکو سنبھالا تا آنکہ اُنکا سائیس ایک رسالے آیا اور اس رسّے کے ذریعہ سے جان لارنس اور اُنکا سائیس رسالدار کو کھینچکر خشکی پر لے آیا۔ اس ترکیب سے اُنھون نے رسالدار کی جان بچائی مگر گھوڑا جو بڑے زور سے ہاتھ پانون مار رہا تھا اُسکی لات البتہ زور سے اُنپر پڑ گئی۔

اسی شدید درد کی حالت مین وہ گانون کیطرف چلے وہان پہونچکر دیکھا کہ دو نشیمن تو گرم ہے مگر چڑیا نکل گئی اُسکے عیال و اطفال مکان کے اندر تھے لیکن ذکیت نہین تھا۔ اصل مین رات کو گرمی بہت تھی اور یہ شخص اپنے مکان کے کوٹھے پر سونیکو گیا تھا۔

چند لمحے کے بعد یہ شخص چھاتی بھر اونچی دیوار سے جھانکتا ہوا نظر آیا۔ جان لارنس بھی چشم زدن مین چھت پر تھے اور اُسکا نیٹو دابانیکو مستعد ہوے۔ مگر وہ بھی بڑا شہ زور اور تن و توش کا آدمی تھا اور غضب کا دور نیوالا تھا چنانچہ کئی مکان جو ایک دوسرے سے ملے چلے گئے تھے اُنکی چھتون پر دوڑ کر بھاگ نکلا۔ جب اُسنے دیکھا کہ میرا تعاقب ہو رہا ہے تو ایک مقام پر جہان کی زمین کا حال اُسکو معلوم تھا نیچے اگر کود پڑا۔ لارنس نے اُسکا تعاقب کیا لیکن وہ بہت فاصلہ پر نکل گیا اور چونکہ وہ نشیب مین کودے تھے اسوجہ سے اُنکے پیر کا گٹا اُتر گیا اور زیادہ تعاقب نہ کر سکے۔ ذکیت یہان سے تو بچگیا لیکن کچھ دنون کے بعد پھر گرفتار ہوا۔ بہرحال جان لارنس کی اُنکے ساتھیون کے سامنے کچھ بیوقوفی نہونے پائی۔ اُنکو ان انوکھی اور خلاف قیاس باتون پر وہ رہ رہکر تعجب ہوتا تھا کہ یہ شخص کیسی اُلٹی چالین چلتا ہے۔ اُدھر تو ایک راجہ کے پھانسی دینے مین ذرا بھی اندیشہ نہین کرے اور ادھر ایک رسالدار کے بچانے مین اپنی جان معرض ہلاکت مین ڈالے۔

مین اس باب کے خاتمہ پر ایک اور مہم کا حال (ایک ذکیت کی سراغ رسانی) بیان کرونگا۔ اور یہ قصہ بھی پیشتر کے قصہ سے دلچسپی مین کسیطرح کم نہین ہے۔ یہ وہ قصہ ہے جسکو مین نے خود جان لارنس کی زبانی سنا ہے کیونکہ سوا اُنکے اور کوئی اس قصہ کو بیان نہین کر سکتا۔ لیکن مین بہتر سمجھتا ہون کہ اُنکو بہت صحیح صحیح حیثیت سے وہ میرے پاس پہونچا ہے مِن حَیثُ ہُو ہُو بیان کرون "دو بھائیون کے قصے" کی طرح اسکو بھی مسٹر جان لارنس نے اپنے شوہر کے بتلانے مطابق موسم بہار ۱۸۴۵ء مین یعنی وقوع واقعہ کے پانچ ہی برس بعد قلمبند کیا تھا۔ خارجی طور پر اسمین بعض ذاتی حالات نہایت دلچسپ بیان ہوے ہین۔ اور لطف مزید یہ ہے کہ ہندوستانیون کی حرکات و سکنات کا حال بھی اُس سے ظاہر ہوتا ہے۔

بیوہ اور اُسکی روپیے کی تھیلیان

ہندوستان مین جہان ہر خواہشمند بقاے صحت علی الصباح پیدل خواہ سواری پر سیر کرنے نکلتا ہے میرا

معمول تھا کہ جیسا مشہور ہے اُسکے مطابق صرف فائدہ جسمانی ہی کے خیال سے نہین نکلتا تھا بلکہ کسی کام یا بہر حال دل بہلانیکے لیے باہر نکل جایا کرتا تھا۔ کوئی نکوئی بات ضرور ہوتی تھی۔ یعنے کسی گانون کا دیکھنا یا کسی نئی سڑک کا بنوانا یا کسی پرانی سڑک کا مرمت کرانا یا کسی موقع قتل کا معاینہ کرانا انمین سے کوئی نکوئی کام ضرور نکل آتا تھا۔ اگر مین اپنے ضلع کے اندر سالانہ دورہ کو نکلتا تھا جسمین ہر سال پانچ مہینے سے کم نہین لگتے تھے اور خیمون مین مقیم ہوتا تھا تو شغل کی بہت سی باتین نکل آتی تھین۔ ہر پڑاؤ پر جب تک سات آٹھ میل تک ادھر اُدھر کے گانون کو معائنہ نہین کر آتا تھا اُسوقت تک وہانسے خیمہ نہین اکھڑتا تھا۔ گانون کے واقع ہونیکی جگہ زمین کی نوعیت آبپاشی کے وسائل (جو مشرق مین ایک نہایت ضروری امر ہے) باشندون کی عام کیفیت اُنکے آپس کا برتاؤ ان سب باتون مین مین بہت ذوق ظاہر کرتا تھا کیونکہ میری یہ سب خدمتون کی انجام دہی مین یہ سب باتین نہایت ہی مفید تھین۔

سچ تو یہ ہے کہ میرے پاس اس کثرت سے کام رہتا تھا یا چاہو اسکو اسطرح کہو کہ مین نے اپنے لیے اسقدر کام پیدا کیا تھا کہ گو ضلع بھر مین کوئی یورپین یا یہ کہیے کہ کوئی ایسا شخص نتھا کہ میری دیسی زبان سمجھ سکے اسپر بھی میرے نزدیک ایسا کبھی نہین ہوتا تھا کہ مجھکو کسی دن کام سے فرصت ملی ہو۔ بعض اوقات مین تنہا سوار ہوکر نکلتا تھا لیکن اکثر ایک سوار ساتھ لیتا تھا جو اپنی بندوق یا اپنا برچھا لیچلتا تھا۔ پس اگر کوئی شکار مل جاتا تھا تو موقع ہاتھ سے جانے نہین پاتا تھا اور اگر کسی قاصد کی ضرورت ہوتی تھی یا اور کوئی کام کرنا ہوتا تھا تو ایک تیز چالاک آدمی ہر وقت مستعد رہتا تھا اس طور پر مین بارہا ہرن کا شکار کر لایا اور اکثر بھیڑیے لگڑ بگھے اور بندیل کا تعاقب کیا۔ اسمین شک نہین کہ اگر کوئی حاتمی ہوتا جسکے مقابلہ مین نیزہ بازی ہوتی اور شکارگاہ کے داؤن گھاتون کا واپسی کیوقت ذکر مذکور رہوتا تو اُس سے مزید لطف ہو جاتا۔ باایںہمہ جب مین اسوقت اُن دنون کے حالات پر غور کرتا ہون تو مجھکو تعجب معلوم ہوتا ہے کہ اس ایک طور کی تنہائی مین مجھکو کسقدر لطف ملتا تھا۔

مین ہمیشہ ان موقعون پر تنہا بھی نہین رہتا تھا بعض اوقات میرے دو ایک دوست قریب ترین مقام سے آجایا کرتے تھے اور چھ سات روز تک میرے یہان رہتے تھے۔ باہم لوگ بندوبست کرکے اضلاع متحدہ کی سرحدات پر سب لوگون کے جمع ہونیکے لیے کوئی مقام مقرر کر دیتے تھے اُسوقت ہم لوگون کی چیخ وپکار اور دھما چوکڑی سے جنگل گونج اُٹھتا تھا۔ ہاے وہ بھی کیا دن تھے۔ کاشکے وہ دن پھر آتے کیونکہ جس شخص نے عمر بھر کام کرنے مین بسر کی ہو اُسکو اس سہولت خاموشی اور بیکاری کی زندگی پسند نہین آتی۔ مین اپنے سب دوستون کو صلاح دیتا ہون کہ ہندوستان سے روانہ ہونیکے پیشتر بہر حال ایسے وقت تک جب وہ بالکل ضعیف اور پیشکمی کے محتاج نہو جائین دو مرتبہ سوچ سمجھ لین فی الجملہ اب ایسی چیزون کے خیال کرنے سے خوشی نہین بلکہ رنج معلوم ہوتا ہے۔

مین کیا بیان کرتا تھا اور کیا کہنے لگا خیر اب اصل قصہ سنیے۔ میرے اردلی کو حکم تھا کہ وہ مجھسے ایک معقول فاصلہ

رہے تاکہ جو شخص مجھکو راستہ مین ملجائے مین اُس سے بے تکلف باتین کرسکون۔ مین جس گانون کو جاتا تھا وہان کا ایک یا ایک سے زیادہ مقدم یا مالکان دیہ عموماً اپنی گھوڑیون پر سوار ہوکر دوسرے گانون تک مجھکو پہونچا دیتے تھے۔ وہ گویا راہبر کا کام کرتے تھے اور ساتھ ہی اُسکے راستہ کا غم غلط ہو جاتا تھا۔ اکثر بکار آمد چیزین بیان کیا کرتے تھے ورنہ ہنسی دلگی کی گپ شپ ضرور ہوتی تھی۔ ایک روز مین اسیطرح ملکی ایک مہم پر اپنے گھوڑے پر سوار جاتا تھا۔ زیادہ دور نہین جانے پایا تھا کہ مجھکو ایک قریب کے قصبہ کا کوتوال ملا۔ جو دبلے پاؤن لپکا ہوا چلا آتا تھا۔ مجھکو دیکھکر حسب معمول اُسنے سلامی دی اور رپورٹ کی کہ کل رات کو قصبہ مین نقب زنی کی ایک واردات ہوئی ہے۔ اور عرض کیا کہ حضور اگر خود موقع کا ملاحظہ فرماتے تو بہت خوب ہوتا کیونکہ مجھسے اور میرے پولیس والون سے اس مقدمہ کا کچھ سراغ نہین مل سکا۔

مین فوراً چلنے پر راضی ہوگیا اور جب ہم دونون آدمی سوار ہوکر چلے تو دریافت ہوا کہ جسکے یہان چوری ہوئی تھی وہ ایک غریب بیوہ تھی جو قریب کے قصبہ مین ایک بڑے بھاری اور مضبوط مگر ویران مکان مین رہتی تھی۔ معلوم ہوا کہ اس چوری کے مقدمہ سے لوگون مین بڑی ہلچل مچگئی تھی کیونکہ بیوہ نے بیان کیا تھا کہ اُسکا بہت سا روپیہ اُٹھگیا حالانکہ اُسوقت تک لوگ اُسکو بالکل مفلس تصور کرتے تھے۔ کوتوال نے کہا "ہمسایہ کے بعض لوگ بیان کرتے ہین کہ بیوہ کے یہان ہرگز چوری نہین ہوئی اور اصل تو یہ ہے کہ مجھکو بھی اسمین شک معلوم ہوتا ہے مین گمان کرتا ہون کہ اس معاملہ مین کچھ فریب ہے۔ ایسی بے بس بیوہ کو اسقدر روپیہ کہان سے ملجاتا۔ ابھی کل کی بات ہے کہ وہ چوکیداری کے محصول سے اسی بنیاد پر بری کردی گئی تھی کہ وہ بالکل مفلس ہے اور اب اُسکا بیان ہے کہ میرے ایک ہزار پچاس روپیے جاتے رہے" مین نے کہا "خیر معلوم ہوا ہم خود دیکھینگے کہ وہ کیا بیان کرتی ہے۔ تم یہ حیلہ حوالہ نکرو کہ اُسکے یہان چوری نہین ہوئی ہے" مین خیال کرتا ہون کہ مکان کے قریب مداخلت بیجا کی کچھ علامتین ضرور ہونگی" — اُسنے جواب دیا "حضور ہان نشانان سے تو مین انکار نہین کرتا دیوار مین ایک سیندہے جس سے دروازہ کھولا گیا۔ صحن کے اندر پاؤن کے بھی دو نشان ہین مگر زمین ایسی سخت ہے کہ اُس سے کچھ پتہ نہین ملا۔ باایںہمہ مین نے کھوجیہ (سراغ رسان) بُلایا ہے اور اگر کچھ حال دریافت ہوسکتا ہے تو مجھکو یقین ہے کہ اُس سے بڑھکر وہ اکا کوئی حال دریافت نہین کرسکیگا"۔ ص ۸۳

اب اس اثنا مین ہم مکان کے دروازہ تک پہونچ گئے یہان کچھ پولیس کے لوگ کچھ ہمسایہ والے بیٹھے ہوے پائے۔ بیوہ بھی وہین موجود تھی۔ اور کھوجیہ مکان کو دیکھ بھال چکا تھا۔ اُسنے مجھکو اطلاع دی کہ پاؤنون کے نشان کا پتہ لگانا دشوار ہے کیونکہ زمین سخت ہے اور لوگون کی آمد و رفت بھی ہوئی ہے۔ لیکن ایک بات سے البتہ میرا اطمینان ہوگیا ہے کہ چور دو تھے دونون مکان کے اندر داخل ہوے مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہان سے ایک ہی شخص گیا ہے۔ مین اُن نشانون کی سیدھ مین دور تک گیا ہون جو ادھر اُدھر چکر کھاتے کھاتے بعد آخر کو ایک ایسے شخص کے مکان پر جاکر تمام ہوے ہین جسکو لوگ کہتے ہین کہ خود بیوہ کے بھتیجے کا ہے۔ اسکے بعد اُسنے بیوہ کے گھر کے اندر سے لیکر اُسکے

بھتیجے کی دہلیز تک وہ نشانات بنے ہوئے دکھلائے۔ اسمین شک نہین کہ بعض نشانات بیشک معلوم ہوتے تھے مگر وہ ایسے خفیف تھے کہ مین کوئی رائے نہین قائم کرسکا۔ کموجیہ کو البتہ اُنپر کامل یقین معلوم ہوتا تھا۔ اُسنے کہا کہ ایک قدم کا نشان جو بڑا ہے بھتیجے کے گھر تک گیا ہے چھوٹا اور سبک ہے اور دوسرے قدم کا نشان جو بڑا اور چوڑا ہے اُسکا پتہ صحن کے باہر ہی لگتا۔ بھتیجا طلب کیا گیا۔ اُسکا پاؤن نقش قدم سے ملایا گیا کموجیہ نے اصرار کیا کہ دونون بالکل مطابق ہین اور فی الواقع جو نشانات اُسنے پیشتر بیان کی تھی وہی پائی گئی۔

اُسکے بعد ہم گھر کے اندر گھسے اور بغور اُسکے حدود کو دیکھا بھالا۔ معلوم ہوا کہ چورون نے دیوار مین ایک چھوٹا سوراخ جسمین آدمی کا ہاتھ جاسکتا کھود کر باہر کا دروازہ کھول لیا تھا۔ یہ بات صاف صاف معلوم ہوگئی کہ چوری کسی ایسے شخص نے کی تھی جو مکان کے ہر ہر مقام سے بخوبی واقف تھا کیونکہ روپیہ تین ہانڈیون مین بھرا ہوا ایک چھوٹے سے گڑھے کے اندر زمین کے نیچے گڑا تھا زمین عین اُسی مقام پر کھودی گئی جہان ہانڈیان گڑی تھین اور یہ کام آناً فاناً ہوا ہوگا کیونکہ ہانڈیان سطح زمین سے کچھ ہی نیچے گڑی تھین۔ معلوم ہوتا تھا کہ بھتیجے کیطرف سے برمیا اور اُسکے ہمسایون کے دل مین شبہہ تھا۔ کیونکہ وہ ایک آوارہ اور اوباش آدمی تھا۔ مین نے کہا "کیون بڑی بی کیا اُسکو تمھارا خزانہ معلوم تھا اور کیا وہ جانتا تھا کہ فلان مقام پر تنے روپیہ گاڑے" اُسنے جواب دیا "نہین۔ مین نہین کہسکتی کہ اُسکو معلوم تھا مین نے برسون سے اُسکو اپنے گھر مین آنے نہین دیا مگر ان کبھی کبھی وہ دروازہ تک آیا اور مجھسے ربط وضبط پیدا کرنا چاہا۔ لیکن مجھکو اُسکی طرف سے اندیشہ تھا اور مین نے اُسکو اپنی دہلیز کے اندر قدم نہین رکھنے دیا" مین نے کہا "یہ تو بڑی پُرمغز کیفیت ہے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ تمھارے یہان چوری ہوئی ص ۴۰
لیکن اس بات کا کچھ پتا نہین لگتا کہ کسنے چوری کی۔ اب رہا یہ کہ تمھارا نقصان ہوا سو مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ تم جھوٹ کہتی ہو کیونکہ مین نے سنا ہے کہ ابھی چند مہینے ہوئے تم بعذر مفلسی محصول چوکیداری سے بری کی گئی تھین" برمیا نے جواب دیا "خداوند یہ سچ ہے کہ مین نے مفلسی کا عذر کیا تھا اور مین حقیقت مین غریب ہون بایں ہمہ میرے یکمزار پچاس روپیے چوری گئے۔ میری سرگذشت تو یہ ہے اب حضور مالک ہین یقین کرین یا نکرین۔ چالیس برس یا کچھ زیادہ عرصہ ہوا کہ میرا شوہر ایک تاجر تھا اور اس شہر مین خوشحالی سے بسر کرتا تھا لیکن کچھ زمانے کے بعد اُسکے معاملات مین ابتری ہوگئی اور جب وہ مرگیا تو اُسکے قرضخواہون نے اپنے قرضہ کے بدلے تمام مال واسباب پر قبضہ کرلیا صرف یہ مکان چھوڑ دیا مرتے وقت اُسنے مجھسے کہا کہ میرا کچھ روپیہ عرصہ سے تھرابی مین باقی ہے۔ چنانچہ مین وہان گئی اور کچھ اوپر دو ہزار روپے وصول کیا وہ روپیہ لیکر مین یہان آئی اور اُسوقت سے لیکر اب تک اُسی مین گذارہ کرتی ہون" مین بیچ مین بول اُٹھا کہ "کیا تم چالیس برس سے اسی روپیہ مین بسر کرتی آتی ہو اور پھر اُسمین ایک ہزار پچاس روپے یعنے نصف کے قریب قریب باقی رہگئے" وہ بولی "ہان مین اپنا دفینہ مہینے مین ایک مرتبہ کھولتی تھی اور اُسمین سے دو روپے نکال لیتی تھی۔ جو میرے اور میرے بھتیجے کے مہینے بھر کے گذارہ کو کافی ہوتے تھے" مین نے کہا "اس حساب سے تمکو یہ روپیہ اور پچاس

برس کے لیے کافی ہوتا پھر تم محصول کیون نہین دیسکتی تھین وہ تمھاہی کُتا" - بڑھیا نے جواب دیا" دو پیسہ مہینہ لیکن یہ سب بیوون کو معاف ہے" - ایک تماشائی نے جو اُس جگہ کھڑا تھا کہا" ہان معاف تو ہے مگر اُن لوگون کو جو مفلس ہین اور تم تو ایسی مالدار ہو جیسی لکشمی جی تھین - مجھکو یقین ہے کہ تمھارے جھوٹ سے کالی دیبی نے تمکو بتیانا اس کیا ہے کیا تم کو یاد نہین ہے کہ جب تم پر ایک آنہ تشخیص ہوا تھا تو تم کیسی روئی تھین اور اپنے بال نوچ ڈالے تھے اور کہا تھا کہ مین بھوکون مرتی ہون - تم آپ اپنے منھ جھوٹی ثابت ہوتی ہو اور خوب ہوا کہ تمھاری یہ گت بنی - مجھکو اُمید ہے کہ اگر کسیطرح تمھارا روپیہ ملگیا تو صاحب تم سے مع بقایا محصول وصول کر لینگے" - بڑھیا نے ہاتھ جوڑکر کہا" ارے میرے روپے مل جاتے تو مین زندگی بھر محصول دیا کرتی -

چونکہ مجھکو مختلف حالات مقدمہ سے جو منکشف ہوے تھے شبہہ ہوا کہ بھتیجا اس چوری مین کسی نہ کسی طرح شریک ہے اسلیے مین نے حکم دیا کہ اُسکی خانہ تلاشی کیجاے - لیکن ایسی کوئی چیز برآمد نہوئی جس سے اُس کی ماخوذی لازم آتی پس مین مجرم کی سراغ رسانی سے مایوس ہوکر اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور پولیس والون سے یہ کہکر کہ تم سراغ لگاتے رہنا اپنے خیمہ کیطرف روانہ ہوا - مین اسبات کو اپنے دل مین سوچتا ہوا تھوڑی دور گیا تھا کہ میرے دل مین یہ خیال گذرا کہ کھوجیہ ایک ہی چور کے گھر سے باہر نکلنے پر اصرار کرتا ہے یہ کیا معاملہ ہے چونکہ دیوارین بہت اونچی تھین اور سواے ایک صدر دروازے کے اور دوسرا دروازہ نتھا اس سبب سے میرے دل مین خیال گذرا کہ ہو نہو چور ابتک مکان کے اندر ہوگا - پھر مجھکو خیال گذرا کہ" توبہ توبہ یہ بھی کوئی بات ہے - مکان کی تو ہم تلاشی لیچکے اور چور اگر ہوتا بھی تو ابتک اُسمین بیٹھا ہوا کیا کیا کرتا - کھوجیہ مجھکو دھوکھا دے رہا ہے" تاہم میرا اطمینان نہوا اور تھوڑی دور آگے جاکر مین نے گھوڑے کی باگ موڑ دی اور پھر اُسکو سرپٹ دوڑا کر اُسی جگہ واپس آیا - پولیس کے لوگ جو ابتک وہین موجود تھے اُنسے مین نے کہا کہ" ہمکو پھر تلاشی لینا لازم ہے" - اور اسپر سب کے سب مکان کے ادھر اُدھر چارون طرف پھیل گئے - وہ لوگ تو اندر تلاشی لے رہے تھے اور یہان مین نے ٹہلنا شروع کیا اور مین مقر ہون کہ اُسوقت مجھکو کچھ ایسی بیتابی نہین تھی کیونکہ مین خیال کرتا تھا کہ مین ایک لاحاصل کام کے لیے یہان پلٹ آیا ہون -

یکایک مین نے ایک پولیس والے کو باآواز بلند یہ کہتے ہوے سُنا کہ" مین نے اسکو تو نہین دیکھا مگر اسکی آنکھین دیکھلین" اور جب وہ یہ کہتا تھا تو جس مقام پر وہ کھڑا تھا وہان سے احاطہ کیطرف انگلی اُٹھاے ہوے اشارہ کرتا جاتا تھا وہان جاکر دیکھا تو معلوم ہوا کہ محراب مین ایک مقام پر ہوا کے لیے ایک روشندان بنا تھا اور یہ شخص اصرار کرتا تھا کہ اسی کی راہ مین نے ایک آنکھ چمکتی ہوئی دیکھی - مین نے بڑھیا کی طرف مخاطب ہوکر اُس سے پوچھا کہ کیا زمین کے نیچے بھی مکان بنے ہین - اُسنے کہا کہ ہان نیچے تہخانے ہین جو میرے شوہر کے وقت وفات سے ابتک کبھی کھولے نہین گئے تھے اور جب پہلے پہل مکان کی تلاشی ہوئی تھی تو مجھکو اُنکے بتانے کا خیال نہین رہا - مین نے اپنے دل مین کہا کہ یہ تو

ص ۸۵

گائی فائنس" کا قصہ ہوا۔ اور بڑھیا سے مین نے تقاضا کیا کہ تم مجھکو دروازہ بتادو۔ مین کہہ سکتا ہون کہ وہان کوئی نہ کوئی ضرور ہوگا۔ گو یہ کسی طرح میری سمجھ مین نہین آتا تھا کہ ایسا احمق کون ہوگا جو ایک یہان بیٹھا رہا ہوگا۔ چنانچہ بڑھیا نے ایک مقام پر جو عرصہ سے اُسیطرح پڑا ہوا تھا اور ابتک کسی کی نگاہ اُسطرف نہین گئی تھی مجھکو ایک دروازہ بتایا۔ اُسکی راہ سے ہم نیچے اُترے اور وہان ایک بڑا وسیع تہ خانہ پایا اور تھوڑی دیر تلاش کرنے کے بعد اُسمین سے ایک آدمی کو پکڑکر باہر کھینچ لائے۔ روپیہ اُسکے پاس برآمد نہین ہوا لیکن کچھ دیر تامل کرنیکے بعد اُسنے وہ جگہ بتادی جہان ستون کی جڑ مین روپیہ پوشیدہ رکھا تھا۔ اُسنے اقرار کیا کہ مین قریب کے ایک گانون مین رہتا ہون بڑھیا کے بھتیجے نے مجھکو اپنے ہمراہ چوری کرنے کی ترغیب دی۔ اُسکو عرصہ سے بڑھیا کے پاس روپیہ ہونے کا گمان تھا۔ معلوم ہوا کہ چوررات کو بڑھیا کے بھتیجے کے مکان مین سویا تھا اور چونکہ لوگ کثرت سے آتے جاتے رہے اس سبب سے سویرے موقع نہ ملا بلکہ کچھ رات گئے چوری کی۔ اور اسی وجہ سے مال مسروقہ تقسیم ہونے یا حفاظت کے ساتھ کہین جانے نہ پایا اور صبح ہوگئی۔ عجلت اور گھبراہٹ مین اُسکو یہی مناسب معلوم ہوا کہ تہ خانہ مین چھپ رہے کیونکہ خیال کیا گیا ہوگا کہ ادھر کسی کو توجہ نہوگی۔ بھتیجا اُسکو اپنے گھر چھپانے مین ڈرتا تھا اور اتنی رقم کثیر کا شہر سے باہر لیجانے مین بھی اندیشہ تھا کہ مبادا چوکی والے اُسکو بھانپ نہ لین اور اجنبی جان کر روکین اور تلاشی لین۔ جب بھتیجے کا اُسکے شریک سے مقابلہ کرایا گیا تو اُسنے بیحیائی سے اقرار کیا کہ مین نے دہلیز سے بڑھیا کو بارہا زمین برابر کرتے دیکھا تھا اور اسوجہ سے اور کچھ اس خیال سے بھی کہ وہ اکثر اُسی جگہ رہا کرتی تھی مجھکو شبہہ تھا کہ اُسکا کچھ مال وہان گڑا ہے جسوقت روپیہ دکھلایا گیا تو عورت نے اپنی تھیلیون کو شناخت کیا۔ اور جسوقت وہ تھیلیان کھولی گئین اور روپیہ گنا گیا تو جسقدر بڑھیا نے بتایا تھا اُسیقدر یعنے ٹھیک ایک ہزار پچاس روپیہ نکلا۔ پس یہ عورت دو روپیہ مہینے کے حساب سے گذر کرتی آئی تھی اور اُس پر بھی کچھ عرصہ تک اسی مین اُسنے اپنے بھتیجے کی بھی پرورش کی تھی۔ جسوقت روپیہ گنا اور رسید لکھی جاتی تھی تو مین نے بڑھیا سے کہا "بہتر ہوگا کہ تم یہ روپیہ کسی مہاجن کے سپرد کردو جو تمکو سات آنہ فیصدی سود دیا کریگا اور تمھاری جمع بھی حفاظت سے بنی رہیگی ورنہ اب بہت لوگون کو معلوم ہوگیا ہے کہ تم اسقدر مالدار ہو وہ تمکو تنہا اور بے بس سمجھکر تمھارے گردن کاٹ ڈالینگے۔ اُس ہیضہ کی خالہ نے روپیہ کی تھیلیون کو خوب زور سے دبا کر پکڑ لیا کہ مبادا مین اُس سے چھین نہ لون اور چلائی کہ "نہین نہین مین ایسے مقام پر اُسکو دفن کرونگی جسکا حال کسیکو نہ معلوم ہوگا"۔ مین نے اُس سے کہا کہ اچھا اپنا روپیہ لیجاؤ اور وہ تھیلیون کے وزن سے لڑکھڑاتی ہوئی چلدی۔

ص ۶

ممکن ہے کہ میرے اس قصہ مین کچھ دلچسپی نہ ہو لیکن اُس زمانے مین میرے دل پر اس کا بڑا اثر ہوا تھا۔ بڑھیا کی حرص اور طمع جو قبر مین پانون لٹکائے تھی اور ایسا مال رکھتی تھی جس سے فائدہ اُٹھانے کی اُسکو امید نہ تھی لیکن اسپر بھی اُس سے دو پیسے مینا نہین دیا جاتا تھا کہ اگر جان کی حفاظت نہین تو مال ہی کی حفاظت چاہتی۔ بھتیجے کی

بدمعاشی اور اُنکی ناقص العقلی اور بیشعوری کہ اپنے شریک کو اُسی مکان مین جہان چوری کی تھی چھپا رکھا۔ سراغ لگانیوالے کی تیز طبعی اور تیز جنسے صرف مجہول نشانات قدم سے سارا حال بتا دیا یہ سب باتین ایسی ہین جو فی الجملہ دلچسپی سے خالی نہین ہین۔ مجکو پھر یہ نہین معلوم ہوا کہ برمیا کا انجام کیا ہوا کیونکہ اسکے تھوڑے ہی دنون بعد مین اُس حصۂ ملک سے چلا گیا لیکن اگر چوری سے وہ محفوظ رہی ہوگی تو اُسنے اپنے مال کو ایسی جگہ چھپایا ہوگا جو اُسکے مرنیکے بعد بھی اُسکے وارثون کے ہاتھ نہ لگا ہوگا۔ اسمین شک نہین کہ اس طور پر ہر سال بڑی بڑی رقمین گم ہو جاتی ہین کیونکہ گو اس ملک مین مال کی بڑی حفاظت ہے اور سود بہت ملتا ہے لیکن لوگ زیادہ تر زر و جواہرات کے چھپا کر رکھنے کے عادی ہین غالبًا یہ عادت اُنھین ایام ماضیہ سے چلی آتی ہے جب کوئی سال ایسا نہین گذرتا تھا کہ مرہٹون اور پنڈارون کے گروہ کسی گانون یا قصبہ پر اوگاہن نہ لگاتے ہون یا اُسکو تاخت و تاراج نہ کرتے ہون۔ مقام دہلی مورخہ ۱۴ اپریل ۱۸۴۵ء

ص

باب چہارم

جان لارنس کے سوانح اور مہمات متعلقہ گورکانون اُلاوہ ۱۸۳۴ء الغایت ۱۸۴۳ء

۱۸۳۴ء مین جان لارنس پر اُنکی سخت کوشی اور کامیابی کے میدان یعنی ضلع پانی پت سے قطع تعلق کرنے اور پھر باتھی کے عہدہ پر دہلی جانے مین جو مایوسی طاری ہوئی وہ ہندوستان مین ہر سول حاکم کے لیے جو قائم مقامی کی حیثیت سے مقرر ہوتا ہے لازمی ہے۔ پس ایسے لوگ معدودے چند ہونگے جنھون نے ثابت کر دیا ہو کہ وہ اُس کام یا بلکہ اُس سے بھی اعلیٰ خدمت کے لائق ہین اور پھر بخوشی ادنیٰ عہدہ پر عود کیا ہو۔ اور عموماً ہندوستان مین لوگون کے خیالات جو ان عارضی عہدون کے خلاف ہین تو یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے۔ بالبتہ جان لارنس کا یہ خیال نہ تھا۔ کیونکہ ۱۸۴۲ء مین جب وہ اول اول رخصت قرلو کے ختم کرنے کے بعد ہندوستان کو واپس جاتے تھے تو راستہ مین ایک نوجوان سولیئن کا ساتھ ہوا جو اُس زمانے مین پہلے پہل ہندوستان کو جاتا تھا۔ جان لارنس اور اُسکے درمیان بہت باتین رہین اور اُنھون نے نوجوان سولیئن کو یہ گر بتایا کہ "اگر تمکو کبھی کوئی قائم مقامی کا عہدہ دیا جاے تو اُسکو ہاتھ سے جانے نہ دینا۔ لوگ تم سے کہینگے کہ ایسے عہدون مین سوائے کھٹراگ کے کوئی فائدہ نہین ہے اور اُسوقت اُنسے احتراز کرنا چاہیے۔ یہ سچ ہے کہ کبھی کبھی تمکو مایوسی ہوا کریگی اور اُس سلسلہ مین تمکو علی الاتصال ترقی بھی نہوگی لیکن تجربہ اور مختلف کاسون کی مہارت حاصل ہوگی جو اُس سے بھی زیادہ مفید ہے اور اس سے تم اس قابل ہو جاوگے کہ آیندہ جو کام تمھارے سامنے آئے اُسکو انجام کر ڈالو۔ مین نے قائم مقامی کی نوکری کرنے سے کبھی جواب نہین دیا اور اب مین بہت خوش ہون کہ مین نے خوب کیا۔

یہ نوجوان سولیئن جنکو جان لارنس نے مالنا اور اسکندریہ کے درمیان رخصت ہوتے وقت یہ گر بتایا تھا وہ بلیوس سیٹن کارتھے۔ گو اُنکے جن مشیر نے اُنکو یہ صلاح دی تھی کئی برس تک اُنکے کام کے مشاہدہ کرنیکا اُنکو اتفاق

اتفاق نہین پڑا مگر جب وہ لارڈ ولیم بنٹنک کی ماتحتی مین ایک ادنیٰ عہدہ پر تھے تو جان لارنس کی ناموری بہت کچھ
ص ۶۰ سنی اور اُنکے بہت سے عاقلانہ رسالے مطالعہ کیے اور اُسکے کئی برس بعد جب جان لارنس منصب جلیلہ گورنر جنرلی
پر فائز ہوے تو اُنکے فارن سکریٹری (وزیر معاملات خارجہ) مقرر ہوے۔ اُسکے بعد جب جان لارنس ملازمت
ہندوستان سے کنارہ کش ہو چکے بعد ولایت گئے اور کوئینس گیٹ مین سکونت اختیار کی تو وہ ہر روز جان لارنس
کی ملاقات کو جایا کرتے تھے اور اُنکے جانے سے جان لارنس بہت خوش ہوتے تھے۔ چنانچہ دونون مین مرنے
دم تک یہ ربط وضبط رہا اور اس ملاقات کا خاتمہ جان لارنس کی وفات کے پیشتر والے ہفتہ کو ہوا۔ اور اُسکے
بعد جب نیشنل ہوس مین ایک بڑا بھاری جلسہ متوفی شجاع کی قومی یادگار قائم کرنیکے چندہ کے لیے منعقد ہوا تو
اُنھون نے ایسی ایسی فصیح اور دلچسپ اسپیچین دین کہ شاید وباید۔ اور وہ فی نفسہ لارڈ لارنس کی یادگار مین بہترین
ہرایا ہین۔ اسکے بعد ایک مرتبہ اور (کیونکہ میرے نزدیک امر مذکور کے اعتراف کا یہ نہایت مناسب موقع ہے) اس سے
بھی بھاری ثبوت اس امر کا اُنھون نے بہم پہونچا دیا کہ وہ اپنے افسر سابق سے نہایت محبت رکھتے تھے۔ کیونکہ اُنھون
نے بڑی احتیاط سے ان جلدون کے ترمیم شدہ قلمی مسودات کو ملاحظہ کرکے بہت سی غلطیون کی درستی مین بڑی
اور معقول اعتراضات اور مفید رائین ظاہر کرکے مجھکو فائدہ بخشا۔

ادنیٰ درجہ پر عود کرنیکی خلش عرصہ تک قائم نہین رہی۔ کیونکہ قدیم عہدہ دہلی پر تین مہینے تک کام کرنیکے بعد
جنوبی قسمت علاقہ دہلی کے عہدہ جنٹ مجسٹریٹی وڈپٹی کلکٹری پر جان لارنس کی ترقی ہوگئی اور ساتھی اسکے
خاص شہر کی مجسٹریٹی اور کلکٹری کی قائم مقامی بھی اُنکے سپرد ہوئی۔ اس آخری عہدہ کا کام جو دہلی کے ہر درجہ کے
لوگون سے اُنکی واقفیت سابقہ کی وجہ سے بہت آسان ہوگیا ہوگا انجام کرنیکے بعد جولائی ۱۸۳۶ء مین وہ اپنے
مستقل عہدہ قسمت جنوبی پر گئے۔ یہانکا کام ملک اور باشندون کی حالت شمالی حصہ سے کہین مختلف تھی اور اس
طور پر اُنکو انواع واقسام کے تجربے حاصل ہوے جنکو مین اوپر بیان کرچکا ہون کہ جان لارنس بہت گران بہا
سمجھتے تھے۔ اس کا رقبہ دو ہزار مربع میل اور آبادی سات لاکھ تھی جسمین نصف ہندو اور نصف مسلمان تھے۔ پس ایک
طور سے وہ تمام قومین جنسے پانی پت مین اُنکا سابقہ رہا تھا اس آبادی مین شامل تھین۔

اِنکے علاوہ اور بھی بہت سی قومین تھین مثلاً مینا اور سیواتی جنکے بارے مین شاید اُنکو پہلے کچھ علم نہ تھا۔ یہ لوگ
بڑے چور تھے بلکہ شمالی ہندوستان مین شاید اُنسے بڑھکر کہینگے چور نہونگے۔ زمانہ سابق مین وہ مرتب گروہون مین منقسم
ص ۶۱ تھے اور چھوٹے چھوٹے لشکرون کے طور پر شہر پناہ دہلی تک ہر ہر گانون کو آگ اور تلوار سے غارت کرتے تھے۔ اب تک
بھی باوصف اس امر کے کہ علانیہ زیادتیون سے رُکے رہتے تھے اور زبردست سرکار کی حکومت مین کچھ کچھ زیر دست
پذیر ہوگئے تھے۔ اُنکی چوری کا شوق اُسی طرح موجود تھا اور بارہا اس امر کا کافی ثبوت ملا کہ اگر اُنکو موقع دیا جاتا تو پھر وہی

حرکتین کرنے لگتے شمالی اضلاع کے رائگرون کیطرح یہ لوگ اورنگ زیب کے زمانہ مین ہندو سے مسلمان کیے گئے تھے۔ اور بلاشبہہ اُنمین اکثر دستور ورواج ہندوون کے باقی تھے۔ جان لارنس اُن اچھے قدیم دنون کی نسبت اکثر اُن لوگون سے ذکر کیا کرتے تھے۔ اور جس بے تکلفی سے جان لارنس اُن لوگون سے باتین کرتے تھے اُسیطرح وہ بھی بات چیت کرتے تھے۔ اور صاف صاف بیان کرتے تھے کہ جسوقت ہم اُن فہمندی کے دنون پر خیال کرتے ہین جب ہم لوگ اس ضرب المثل کے مصداق تھے کہ "جسکی لاٹھی اُسکی بھینس" تو ہمکو نہایت افسوس ہوتا ہے۔

یہ ضلع اُنکی غارت گری کے برتاؤ کے لیے بالتخصیص موزون تھا۔ اُسکی شکل بقاعدہ تھی۔ دو طرف تو خود ریاستین واقع تھین درمیان مین بہت سی چھوٹی چھوٹی پہاڑیون کے سلسلے وار پار نکل گئے تھے۔ بہت سے گہرے پہاڑی نالے ایسے واقع تھے جو برسات کے سوا سال بھر خشک رہتے تھے۔ اور عرب اور شام کے صحراؤن کے وادیون کیطرح قزاقون کے مامن تھے۔ جو مسافر اس راہ سے بدون کافی حفاظت کے نکلنے کا قصد کرتے تھے اُنپر یہ لوگ ٹوٹ پڑتے تھے۔ جان لارنس کہتے ہین کہ "یہ لوگ اپنے آباواجداد کی کارروائیون کے بہت سے عجیب وغریب قصے اسیطرح کے بیان کیا کرتے تھے" ۱۷۶۷ء سنہ ۱۷۶۸ء کے قحط کے تھوڑے ہی زمانہ بعد ۱۷۶۸ء عرین جو مصیبت ناک خشکسالی شمالی ہندوستان کے اکثر بالائی حصون مین پڑی تھی اُس سے اس ضلع کے باشندے سخت مصیبتون مین مبتلا ہوے۔ حتیٰکہ جن مقامات مین لوگ دراصل فاقہ کشی سے نہین ہلاک ہوے وہ بھی تکلیف مین مبتلا رہے مگر ان مصیبتون سے باشندون پر حکومت کرنیکی مشکلین کچھ کم نہین ہوئین۔ اِسکی زیادتی راجپوتانہ بھرتپور بندیلکھنڈ کی ہندوستانی ریاستون مین تھی مگر ممالک مغربی وشمالی کی قسمت اگرہ خصوصًا اضلاع اگرہ اوراٹاوہ اورین پوری مین لوگون پر بڑی تکلیفین گذرین اور جانین بھی تلف ہوئین۔ جان لارنس کے ضلع مین گو مصیبت زیادہ تھی لیکن جانون کا نقصان نہین ہوا۔ یہان کی زمین جو برخلاف شمالی ہندوستان کے دوسرے حصون کے کالو ہے کیطرح تپنے لگتی ہے ہلکی اور پولی ہے اور اُسکے لیے بارش کی زیادہ حاجت نہین ہے علاوہ بریں اس ضلع مین چاہات اور جھیلین کثرت سے تھین جو آبپاشی کے کامون مین استعمال کی جاسکتی تھین چنانچہ اسی سے یہ امر ظہور مین آیا کہ جان لارنس اور اُنکے شریک نامی گرامی مارٹن گیتس کی متواتر کوشش اور مستعدی سے باوصف اس امر کے کہ عام باشندے مصیبت زدہ غارتگر اور جنگجو تھے اور ضلع بھر مین ایک سپاہی بھی تعینات نہین تھا ظلم وتعدی ایک معتدل حالت تک محدود رہی۔ اگر وہ اصل مین گمٹی نہین تو بڑھی بھی نہین اور بعض اوقات اور موقعون کی نسبت ہم صحت کے ساتھ کہ سکینگے کہ سنگین جرمونکی چترقی نوئی تو اُسکا سبب یہ ہے کہ اُنکے انسداد مین انتہا سے زیادہ کوششین ہوئین اور جسقدر کامیابی کی وہ کوششین مستحق تھین اُسیقدر کامیابی حاصل ہوئی۔ اور اس مقام پر

صفحہ ۹۰

مجھکو ایک ایسا قصہ بیان کرنا مناسب ہے جس سے اُن دقتوں کی پوری پوری تصویر کھنچ جائیگی جنکا اندیشہ ہمیشہ مجھ کو قریب قریب تنہا کرنا پڑتا تھا۔ اور وہ وقت ایسی ہے جو آجتک بالکل معدوم نہین ہوئی چنانچہ ملتان اور دیگر مقامات مین جو تازہ واقعات گذرے ہین اُنسے یہ امر بخوبی ثابت ہے۔ مین اِسکو بہت اختصار کے ساتھ مگر حتی الامکان جان بوجھکر ہی کی عبارت مین بیان کرونگا کیونکہ اس سے اُنکی پوری نوعیت اور بہت نمودار طور پر اُنکی سخت مزاجی اور سختی ظاہر ہوگی

تحمل کے ساتھ تعرض

موسم بہار ۱۸۳۸ء مین جب ہنوز وہ قحط رفع ہونے نہین پایا تھا جس سے باشندگان ممالک مغربی وشمالی ہند سخت مصیبت مین مبتلا تھے۔ میرا خیمہ ایک مقام پر جو ریواڑی سے چندان دور نہین تھا نصب ہوا تھا۔ اس پرگنہ مین جدید پیمایش ہوئی تھی اور مین وہان مالگزاری کا نئی سالہ بندوبست کرنے گیا تھا۔ جب مین وہان تھا تو قصبہ کے مسلمانون اور ہندوون مین ایک جھگڑا پیدا ہوا۔ یہ جھگڑا ایسا تھا کہ اگر حکام سرکاری موقع پر پہونچکر دست اندازی نکرتے تو بلوہ ہوجاتا یا اگر بلوہ نہوتا تو خونریزی ضرور ہوتی۔ بناءفساد ہندوون کا مشہور تعصب یعنے گاوکشی کی مخالفت تھی جسکو وہ مقدس جانور تصور کرتے ہین۔ مسلمان لوگ اپنی طرف یہ چاہتے تھے کہ گائے کا گوشت کھانیکو ملتا کیونکہ بھیڑی یا بکری کے گوشت سے یہ ارزان تھا اور گو بمقابلہ کل آبادی کے مسلمانون کی تعداد بہت کم تھی لیکن اُنھون نے ٹھان لیا تھا کہ ضرور اپنا مقصد پورا کرینگے۔ وہ لوگ ہر سال اس ممنوع جانور کے ذبح کرنیکی اجازت طلب کیا کرتے تھے کہ خاص قصبہ کے اندر یا اُسکے باہر ایک مناسب فاصلہ پر اپنا کام انجام کرین۔ لیکن اُنکی کوششون کا کوئی فائدہ نہین ہوا کیونکہ ہندوؤن نے عہد کرلیا تھا کہ اگر اُنکے مذہبی عقائد سے لاپروائی کی گئی تو وہ زبردستی کرینگے اور اس سبب سے مسلمان لوگ کشیدہ خاطر اور دبے رہے۔

آخر کار مسلمانون کے سربرآوردہ اشخاص نے جب مین خیمہ مین تھا ایک تازہ عرضداشت قریب قریب اس مضمون کی دی۔ "غریب پرور سلامت۔ حضور پرنور پر روشن ہے کہ اس قصبہ کے ہندوون نے برسون سے اس وقت تک حکام بالادست سے باطل اور مغالطہ آمیز بیانات کرکے مسلمانون کو گاوکشی سے روک رکھا ہے اور یہ بہانہ کیا ہے کہ یہ جانور مقدس ہے۔ ہمارے خداوندان نعمت یعنے انگریزون کا ابتک یہ قاعدہ رہا کہ ایک قسم کی رعایا دوسرے گروہ پر ظلم کرنے پائے اور ہر شخص کے ساتھ بلا امتیاز ذات مذہب رنگ وقوم ایک طرح پر انصاف کیا جائے۔ اصل تو یہ ہے کہ اُنکے سایہ حمایت مین سب لوگ یکسان فائدہ اُٹھاتے ہین اور بھیڑیا اور بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہین۔ پس ہم مظلومون نے کیا قصور کیا ہے کہ جو فوائد اور لوگون کو حاصل ہین وہ ہمکو نہین ملتے۔ امید ہے کہ حضور ہمارے استغاثہ پر جلد لحاظ فرماکر یہ حکم صادر کردینگے کہ ہم لوگ گائے کا گوشت کھاسکین۔ الٰہی آفتاب دولت واقبال ہمیشہ تابان رہے"۔ یہ درخواست بارعام مین ہزارہا ہندوون اور مسلمانون کے سامنے پڑھی گئی۔ اور جو کچھ ہورہا تھا اُسکو ہر شخص دیکھ سُن رہا تھا۔ کیونکہ خیمہ کی قناتین تینون طرف سے ہٹادی گئی تھین۔

شروع ہوا ہے ص ۹۱

عرضی کے پڑھنے کے وقت تمام حاضرین اجلاس ادب کے ساتھ خاموش کھڑے رہے۔ مسلمان لوگ تو لگائے کھڑے ہوے تھے کہ مین کیا فیصلہ صادر کرتا ہون اور ہندو لوگ بغور میرے چہرہ کو گھور رہے تھے کہ اگر ممکن ہو تو قیافہ سے دریافت کرین کہ مین کیا فیصلہ صادر کرنیوالا تھا۔ مجھکو اس موقع پر بیان کرنا چاہیے کہ دنیا بھر مین کمین کے آدمی ایسے نہین جو ہندوستانیون سے زیادہ قیافہ شناس زود فہم یا راے قائم کرنے مین مشاق ہون۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر حرکت اور اشارہ سے اندرونی حال دریافت کرلیتے ہین۔ یہ کچھ تعجب کی بات نہین ہے صدہا برس سے وہ ایسے لوگون کے تحت حکومت رہتے آئے جنکی مرضی ہی قانون تھی۔ لہذا عادت کا قیاس کرنا اور اپنے حاکمون کے خیال کو پہلے سے دریافت کرلینا اُنکی تعلیم کا ضروری حصہ ہوگیا ہے۔

مجھکو معلوم ہوا کہ قانون اور انصاف مسلمانون کی طرف ہے مگر یہ دیکھکر کہ ہندوون مین مخالفت کرنیکا خیال بہت قوی ہے مین نے صلاح دی کہ وہ ایک باضابطہ درخواست صاحب کمشنر کے حضور مین جو سپرنٹنڈنٹ پولیس کے اختیارات رکھتے تھے پیش کرین۔ چنانچہ صاحب موصوف نے گاؤکشی کا حکم نافذ فرمایا۔ مین نے قصبہ سے پون میل کے فاصلہ اس کام کے لیے ایک جگہ مقرر کی تاکہ ہندوون کو اس سے جو کچھ صدمہ پہونچا ہے وہ کم ہوجائے۔ لیکن اُنکے غصہ اور طیش کی حد نہ تھی اور جہان جہان مین جاتا تھا مستغیث مجھکو گھیرے رہتے تھے۔ جب اُنھون نے دیکھا کہ مین اُنکی شنوائی نہین کرتا تو وہ اپنے گھرون کو لوٹ گئے۔ اور فریق ثانی سے کچھ نہ بولے۔ اُنکے دلون مین یہ کینہ بھرا رہا۔ اور جب اس واقعہ کے چھ ہفتہ بعد محرم کے ایام آئے تو دفعتاً اُٹھ کھڑے ہوے اور مسلمانون کے تعزیون پر یورش کی اور ہر طرح کے ہتیار اینٹ اور پتھر اُنکے خلاف استعمال کیے حتی کہ مردہ سور اور کتے جن سے اس مذہب کے لوگ نہایت ہی نفرت کرتے ہین اُنپر پھینکے۔ ص۹۲

اس سے نہایت خوفناک طور کی شورش اور فساد پیدا ہوا اور گمان تھا کہ انجام کو نہایت ہی سخت ہنگامہ اور نقصان جان واقع ہوگا مگر خیریت یہ ہوئی کہ تحصیلدار نے جو ایک بڑا مستقل مزاج اور عجب دار ہندوستانی شخص تھا فوراً پولیس کو موقع پر طلب کرلیا اور گو وہ خود ہندو اور ذات کا برہمن تھا مگر مسلمانون کی طرفداری کرکے اُنکے تعزیے بحفاظت شہر سے نکلوا لیگیا۔ دونون فرقون کے لوگ جو ایک دوسرے سے جدا کر دیے گئے تھے وہ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ مسلمان لوگ اپنے بزرگون کی تربتون کی قسمین کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم اس توہین کا داغ قصبہ کے ہر ہر ہندو کے خون سے دھوینگے اور اگر مرگئے تو شہادت پائینگے۔

تحصیلدار کو اپنی کامیابی پر بڑی خوشی ہوئی۔ اسکو خیال گذرا کہ مزید نقصان صرف بجٹر یوپ کے آنے سے رُک سکتا ہے اور اسواسطے اُسنے میرے پاس خاص قاصد بھیجے اور جہان میری موجودگی درکار تھی وہان تک گیا۔ مین دورہ پر تھا اور وہان سے چالیس میل کے فاصلہ پر میرا خیمہ پڑا تھا۔ راستہ تو سیدھا تھا لیکن درمیان مین بے راہ

کھڑی پہاڑیون کا سلسلہ چلا گیا تھا اور اسوجہ سے نشیب و فراز مین بیس میل کی مسافت اور بڑھگئی تھی اسلیے میرے پاس دوسرے روز دوپہر کے وقت خبر پہونچی۔ یہ مجھکو ایک دلگی کی بات ملگئی باوجود نہایت تیز چل رہی تھی اور اس شدت کی دھوپ اور جلتی ریت مین ان دنون جانیکے لیے کچھ حوصلہ درکار تھا باینہمہ کچھ کچھ کرنا ضرور تھا اور وقت عجالت کا تھا۔ چنانچہ دس منٹ کے غور کرنیکے بعد مین نے قرب و جوار کے گاؤن والون کو طلب کیا۔ اور اُنسے کہا کہ تم لوگ ان پہاڑیون کی راہ سے سیدھا راستہ بتا دوگے اور اس مسافت کے طے کرنیکا کچھ بندوبست کردوگے اُنھون نے جواب دیا کہ راستہ تو ہم لوگون کو بہت اچھی طرح معلوم ہے لیکن پیدل کا راستہ ہے یا گھوڑا جا سکتا ہین مین نے جواب دیا کہ کچھ پروا نہین ہے مین جا سکتا ہون تم لوگ صرف مجھکو راستہ بتا دو۔ ہندوستان کا قاعدہ ہے کہ صاحب لوگون مین سے جب کوئی شخص کچھ کرنیکو کہتا ہے تو ہندوستانی پاس ادب سے مخالفت نہین کرتے اور رضامند ہوجاتے ہین۔ ملازمون کو فوراً حکم دیا کہ کچھ کپڑا وغیرہ لیکر جسقدر جلد ممکن ہو کوچ کرین اور باقی ماندہ لوگ خیمہ اور اسباب کے ساتھ پیچھے پیچھے آوین۔ اور ایک رہنما اُسیوقت روانہ کردیا گیا کہ پہاڑیون کے نیچے منتظر رہے تاآنکہ ٹھنڈا وقت ہوجائے اور مین میدان سے گذرنیکا ارادہ کرسکون۔

تین بجے دنکو مین اپنے سب سے عمدہ عربی گھوڑے پر سوار ہوا اور ایک سوار کو اپنی اردلی مین لیکر پہاڑی کیطرف چلا جہان رہنما کو منتظر پایا۔ وہان ہم لوگ گھوڑون سے اُتر پڑے اور حکم دیا کہ گھوڑے پہاڑی پر چڑھائے جائین۔ کچھ دور نہین گئے تھے کہ اردلی کا گھوڑا گر پڑا اسکو ہمنے اسکی قسمت پر چھوڑ دیا کیونکہ تاخیر کا موقع نہین تھا ص۹۳
اب بہت ڈھلاؤ کا راستہ آنے لگا۔ بعض مقامات سے تو گذرنا ناممکن معلوم ہوتا تھا اور اگر وہان اتنا راستہ ہوتا کہ مین اپنے گھوڑے کا منھ پھیر دیتا تو میرا یہی ارادہ ہوگیا تھا کہ اپنا قصد فسخ کرکے واپس چلا جاؤن۔ باایںہمہ ہم آگے بڑھے چلے گئے یہان تک کہ چوٹی پر پہونچے۔ میرے غریب گھوڑے پر رینگ رینگ کر پہاڑی کے چڑھنے مین تو مصیبت پڑ ہی چکی تھی مگر اب اسطرف اُترنیکی مشکل اور خطرہ اُس سے بھی زیادہ تھا۔ اگر ذرا بھی اُسکا قدم لغزش کھاتا تو اوندھا نیچے آرہتا لیکن جب وہ پھسلنے یا لغزش کرنے لگتا تھا تو ہم خبرداری سے اُسکو سنبھال لیتے تھے۔ آخر کار ہم پہاڑیون کے نیچے پہونچ گئے اور کوئی ضرر نہین پہونچنے پایا۔ یہ کام چھ بجے تمام ہوا پس ایک گھنٹہ سے کچھ ہی زیادہ دن کی روشنی مین چلنے کا وقت رہگیا تھا۔ اور تیس میل سے زیادہ ریگستانی اور بے لیک میدان کا راستہ طے کرنا تھا جسمین جابجا ٹیلے اور غار واقع تھے۔ سوائے مغربی ستارے یا کسی گاؤن کے جو راستہ مین ملجاتا تھا اور کوئی رہنما نہین تھا لیکن اپنے بہادر گھوڑے کی رفتار اور ثابت قدمی پر جسکو مین پیشتر بھی اکثر محنت کے ایام مین آزما چکا تھا بھروسا کرکے مین نے راہبر کو رخصت کیا۔ اور گھوڑے کو پوئی پر ڈالدیا۔ دس بجے رات کو مجھکو ہزارہا چراغون کی روشنی جو ہندوستانی شہرون مین جلائے جاتے ہین نظر آئی۔ اور شہر مین داخل ہوتے وقت مجھکو معلوم ہوا کہ سب لوگ بیدار ہین۔ اُنھون نے مجھکو

فوراً پہچان لیا کیونکہ میرے گھوڑے کو وہ مجھکو وہ خوب جانتے تھے۔ ہر شخص کے مُنھ پر حیرت کے ساتھ یہ کلمہ جاری ہوا کہ لارنس صاحب آگئے"۔ کیونکہ انکو معلوم تھا کہ ایک روز پیشتر مین ریواڑی مین تھا اچانک میرے وہان آجانے سے یہ لوگ ڈرے اور اپنے اپنے گھرون مین دبک رہے۔ تھوڑی دیر تک مین نے گلیون مین گشت کیا اور جب دیکھا کہ بہت لوگ خاموش ہوگئے ہین تو تحصیلدار کے پاس گیا اور اُس کے ایک روز پیشتر جو خلقشار مچگیا تھا اُس سب کی کیفیت سنی۔ مین نے قرب وجوار کے اہالیان پولیس کی طلبی کا حکم بھیجا اور اُسکے بعد شہر پناہ کے باہر جو خراب خستہ سرائین تھین اُنمین قیام کیا۔ خوش قسمتی سے یہان پولیٹکل محکمہ کے ایک افسر لیفٹنٹ کپتان آرٹ مل گئے جو علالت کیوجہ سے بمقابلہ خیمون کے یہان کے رہنے مین زیادہ آرام سمجھے کیونکہ مین نے سرائے کے دو تین کمرون کی مرمت کرا رکھی تھی اور اُنمین کچھ سامان بھی جمع کر دیا تھا کہ اگر کوئی اشد ضرورت جیسی اسوقت تھی پیش آئے تو تکلیف نہو۔ گھوڑے کو اپنے سامنے ملوانے اور دانہ کھلوانیکے بعد مین سونے چلا گیا۔ صبح کیوقت مین نے پولیس کو پھاٹکون بازارون اور دوسرے صدر مقامون مین تعینات کیا کہ اگر ہنود ہتیار اُٹھائین تو یہ لوگ اُنکے روکنے کو تیار رہین اور یہ لوگ تین ہفتہ تک ان مقامات مین تعینات رہے۔

اسطور پر خطرہ گذر گیا کیونکہ اول تو اہل سلام خود ہی چپت وچالاک اور بیگمہ تھے پھر انکو یورپین سپاہ نے مدد دی پس وہ اپنے مخالفین پر بخوبی غالب ہوسکے۔ ہندوون نے مجھکو ایک نئی عرضی دیکر بالکل ہی انوکھا طریقہ عمل مین لانا چاہا کیونکہ مین نے اُنکی درخواست کی سماعت نہین کی اُنھون نے پیشتر سے منصوبہ باندھکر باتفاق رائے تدبیر کر رکھی تھی چنانچہ اب اُسی کے مطابق اُنھون نے ساری دُکانین بند کر دین ہر قسم کا لین دین اور کام موقوف کر دیا اور ظاہر کیا کہ جب تک یہ حکم منسوخ نہ کر دیا جائیگا اُسوقت تک ہم نہ کوئی چیز خریدینگے اور نہ فروخت کرینگے بلکہ اپنے فریق مخالف سے کسی قسم کی داد وستد ہی نہ رکھینگے ص ۹۰

تحمل کے ساتھ توصن کرنے کی جو یہ تدبیر اُنھون نے نکالی وہ فی الحقیقت نہایت کارگر تھی۔ اس سے اُنکے مخالفین کا کام کاج بالکل بند ہوگیا اور مجسٹریٹ صاحب کو سخت تردد ہوا کیونکہ رسد رسانی مطلقاً اُنھین لوگون کے ہاتھ تھی اور اُنکا سبب یہ تھا کہ شہر مین تھوک فروشی اور خوردہ فروشی وہی لوگ کرتے تھے۔ دوسرے روز صبح کو مسلمان ہی نہین بلکہ ہندو لوگ بھی حسب معمول روزمرہ کی ضروریات کی چیزین خریدنے آئے تو اُنھون نے دکانین بند پائین۔ چونکہ یہ لوگ دن بھر کا کر شام کو جو کچھ لاتے تھے اُسی مین بسر کرتے تھے اسوجہ سے سخت مایوسی مین مبتلا ہوئے اور میری قیامگاہ مین آکر ملتجی ہوئے کہ اگر آپ دکاندارون سے دکانین نہ کھلوا سکتے ہون تو ہم لوگ غلہ خانون کے قفل توڑ کر اپنا کام نکال لین۔ مین نے جواب دیا کہ بیوپاریون نے کوئی امر خلاف قانون نہین کیا ہے اور مجھکو کسی طرح سے اُنپر جبر کرنیکا اختیار نہین ہے مجھکو اس بات کا بھی خیال ہوا کہ اگر مین نے غلہ خانون پر یورش کرنے سے ان لوگون کو باز نہین رکھا تو بدعمل اور لوٹ شروع ہو جائیگی۔ بایں ہمہ لوگون کو غذا کا پہونچنا لازمی ہے اور اُسمین عجلت بھی درکار ہے۔

آخر کو مجھے ایک تدبیر سوجھی کہ اُس سے مین ہندوون سے حجت کرنیکا موقع پاؤنگا اور اگر اُس سے وہ راہ راست پر آجائین

آجائین تو بھی کچھ عجب نہین ہے۔ مین نے قرب وجوار سے بہت سے چھکڑے غلہ کے اپنی ذمہ داری پر منگوا کر جمع کیے اور مجھکو بھروسا تھا کہ جب گورنمنٹ کو اس تباہی کا حال منکشف ہوگا تو مجھکو قیمت ملجائیگی۔ یہ سب غلہ مین نے ایک مقام پر جمع کرایا اور بعض بعض لوگون کو منتخب کرکے گلیون مین انکو بٹھایا اور خوردہ فروشی کے لیے غلہ اُنکے سپرد کیا۔ اسطور پر وہ سب قلیل حاجتین جو اہل ایشیا کو ہوتی ہین رفع ہوگئین اور یہ سب بندوبست اس ہوشیاری سے کیا گیا کہ آخر کو گورنمنٹ کا کچھ بھی خسارہ نہین ہوا۔ اس اثنا مین مین نے اشتہار جاری کرادیے کہ ہندو لوگ اپنے پنڈتون کے کہنے پر ناجائز کامون مین عمل نہ کرین ورنہ اگر کسی طرح کی زیادتی ظاہر ہوئی تو معًا اُسکا تدارک کیا جائیگا۔ بعض بعض جداگانہ صورتون مین مین نے اس کارروائی کا بھی اکثر موقع پایا کیونکہ اتفاق کا پیدا ہونا اب اُنمین ناممکن تھا۔ پہلے تو اُنھون نے صاحب کمشنر اور اُسکے بعد پھر پرگورنمنٹ کو عرضیان صحیحین اور اُنمین میری اور تحصیلدار کی شکایت لکھی۔ معمولی وقت پر یہ عرضیان حسب ضابطہ میرے یہان کیفیت لکھنے کے لیے آئین۔ مین نے اپنی شکایتون کی نسبت تو جواب دینا مناسب نہ سمجھا لیکن تحصیلدار کی البتہ خوب تائید کی۔

بیس روز تک ہندو ہیوپاری اُسیطرح ضد کیے گئے اور مین علی الاتصال نگرانی سرکوبی اور شکایتون کی جوابدہی کرتے کرتے عاجز آگیا۔ آخر کو اُن ہندوون نے جو زیادہ غریب تھے دیکھا کہ اسمین ہمارا اور مسلمانون دونون کا نقصان ہے۔ چنانچہ جابجا بتدریج دُکانین کھلنی گئین اور بائیسوین دن کے ختم ہونیکے بعد شام کو ایک گروہ ہندوون کا بڑی عاجزی ص۹۵
کی حالت سے میرے پاس آیا اور بیان کیا کہ ہمکو ہمارے پنڈتون نے بہکا دیا تھا۔ ہمارا قصور معاف کیا جاے اور اب ہم لوگ قسم کھاتے ہین کہ پھر ایسی خطا نہ کرینگے اور دُکانین ابھی کھولے دیتے ہین۔ مین اس امر پر راضی ہوگیا اور اسطور سے وہ یورش جس سے قصبہ بھر مین کھل بھلی مچ گئی تھی موقوف ہوگئی اور شر و فساد نیست و نابود ہوگیا۔ اس معاملہ مین میری کسیقدر آزادانہ کارروائی پر گورنمنٹ نے جو بازپرس کی تھی اُسکی نسبت مین قرار واقعی گورنمنٹ کا اطمینان کرسکا اور تحصیلدار کی کارگزاری ایسی ثابت کردی جسکے صلہ مین اُسکا خاص شکریہ ادا کیا گیا۔ لیکن اس واقعہ کے بعد وہ بہت دن تک زندہ نہین رہا کہ جو واہ واہ اُسنے حاصل کی تھی اُس سے فائدہ اُٹھا سکتا۔ چند مہینے کے بعد اُسکو یکایک ہیضہ ہوا اور مرگیا۔

جنوبی حصہ ضلع دہلی سے جسکی نسبت مین اوپر بیان کرآیا ہون کہ ممالک مغربی و شمالی کے شدید قحط سے وہ بچگیا تھا جان لارنس یکایک ایسے ضلع کو تبدیل ہوگئے جہان ہر جگہ سے زیادہ قحط کی شدت ہوئی تھی۔ ۱۸۳۷ء مین عہدہ مہتممی بندوبست اُودھ کے لیے رابرٹ مرٹنس برٹو نے اُنکو بالتخصیص منتخب کیا۔ ان صاحب کا نام عموماً انگریزون مین بہت کم معروف ہے اور مین کہہ سکتا ہون کہ اتنے عرصہ دراز کے بعد ممالک مغربی و شمالی کے دو کروڑ تیس لاکھ باشندون کو بھی جنکی مصیبت اور تباہی کے انسداد مین اُنھون نے اسقدر کوشش کی تھی

بہت کم یاد ہوگا۔ لیکن اُنکی خدمات کا اندازہ اس امر پر موقوف نہین ہے کہ آیا دنیا مین اُنکی کچھ شہرت ہوئی یا نہین ہوئی اور اُنکو کچھ صلہ ملا یا نہین ملا۔ صاحب موصوف بیس برس تک ججی کا کام کرتے رہے بعد اُسکے بیکارگی محکمہ مال مین داخل ہوے۔ یہ محکمہ ایسا ہے کہ بیتیرے آدمی عمر بھر اُس مین دردسری کیا کیے اور پھر مایوس ہی رہے مگر اُنکے بارے مین بہت جلد اعتراف ہونے لگا کہ اس محکمہ کے کام مین وہ اعلی درجہ کی دستگاہ رکھتے ہین اور آیندہ تیرہ برس تک ایک نہایت پیچیدہ اور دشوار کام کی تدبیر اور اُسکا انصرام کرتے رہے اور باوصف اس امر کے کہ وہ ایک بڑا بھاری کام تھا درجۂ اتمام پر پہونچا دیا یعنی کل ممالک مغربی وشمالی کی پیمایش اور بندوبست کر ڈالا۔

تیس برس کی ملازمت کے بعد جب وہ انگلستان کو واپس آئے اور جو لوگ اس بات سے واقف تھے کہ اُنھون نے کیا کیا کام کس کس طرح سے انجام دیے بدرجۂ غایت اُنکے مقر و معترف ہوے تو اُنھون نے خاموشی کے ساتھ زندگی بسر کی کسی کو اُنکا حال معلوم نہ ہونے پایا اور بغیر کسی ظاہری نشان امتیاز کے عروس اجل سے ہمکنار ہوے۔

ہمارے اکثر عمدہ ترین منتظمون کا مقسوم یہی ہوا ہے اور اُس مقسوم پر بلاشکایت اُنکو شاکر رہنا پڑا ہے

ص ۹۶ کوئی تو ترقی پاکر ناموری اور عزت حاصل کرتا ہے مگر باقی لوگ عمر بھر برابر محنت شاقہ کیا کرتے ہین اور اُنکو اپنے علاقہ کے اندر اسقدر اختیار حاصل رہتا ہے کہ یوروپ کے بہت کم سلاطین کو اُسقدر اختیار ہوگا اور اپنی رعایا کی بہبودی مین اسقدر مصروف و مشغول رہتے ہین کہ یوروپ کے سلاطین مین بہت کم اُسقدر تکلیف گوارا کرتے ہونگے۔ اُنکو اپنی زندگی کے نہایت ہی اثرپذیر زمانہ مین اپنے اطفال کو چھوڑنا پڑتا ہے اور اُنکی ازواج اکثر مجبور ہوجاتی ہین کہ شوہر کے حقوق پر اطفال کے حقوق کو ترجیح دین۔ پس ہندوستان کسی امر کے اعتبار سے اُنکا وطن نہین ہوسکتا اور آخر کو جب وہ انگلستان واپس جاتے ہین تو اکثر یہی ہوتا ہے کہ اُنکی تندرستی مین فرق آجاتا ہے کوئی شخص نہ تو اُنسے خبر ہوتا ہے اور نہ اُنکو جانتا ہے اُنکے لڑکے بالے ہی اُنکو اجنبی سمجھتے ہین اور ایک طور کی نیم شاہی حیثیت مین رہنے کے بدلے نیم خانگی طور پر علیحدہ سکونت اختیار کرتے ہین جہان پانچ چھ اُنھین کے ایسے ہم پیشون کے سوا اور کوئی شخص ملاقات کے لیے نہین آتا۔ اور یہ وہ شخص ہین جو اُنکے ساتھ ہندوستان کا بارگران اُٹھائے اور وہان کی دھوپ برداشت کیے ہوے ہوتے ہین اور اب وقتاً فوقتاً اُن پرانے زمانہ کے حالات اور مقاصد پر گفتگو کرنیکے لیے جمع ہوتے رہتے ہین جو محض اُنھین سے تعلق رکھتے ہین اور جنکا حال اُنکے سوا دنیا کے اور لوگون کو کچھ معلوم نہین ہوتا۔ اسمین اُنکو حظ بیشک حاصل ہوتا ہے مگر وہ حظ ایسا ہوتا ہے جسکی قدر و قیمت اغیار کو کچھ نہین معلوم ہوتی۔

جس کار عظیم مین رابرٹ برڈ مصروف تھے اُسمین جان لارنس کا بطور اُنکے مددگار کے مقرر ہونا

بزمانہ مابعد ہمیشہ ایک ایسا امر تصور کیا گیا جس سے وہ اُن لوگون کے بھی سرتاج خیال کیے گئے جو اپنی یاوری بخت یا اور کسی سبب سے بہت جلد اپنے قدیم مربی پر فوق لیجانے والے تھے ۔ جان لارنس جو بعد کو خود ہی ایک مسلم حاکم مال ہو گئے اُنکو یہ گوارا نہ ہوا کہ گورنگانون مین اپنے سخت اور خوش آیند کام کو ترک کرین بلکہ اُنھون نے یہ خیال کیا کہ رابرٹ برڈ کی طلبی واجب التعمیل ہے ۔ اُنھون نے ایک ہی مکتب مین تعلیم پائی تھی اور جو شریفانہ خیالات جان لارنس کے تھے وہی اُنکے بھی تھے اور جان لارنس نے اُنکی بہت سی باتین اختیار بھی کر لین پس راقم سوانح عمری جان لارنس پر دوگونہ فرض ہے کہ جس شخص کا جان لارنس پر اسقدر احسان تھا اور جسکو اُسکے ہموطن بہت کم جانتے تھے اُسکا کچھ حال دلسوزی کے ساتھ گو وہ کیسا ہی مختصر اور سرسری ہو یہ کیون نہو بیان کیا جائے سر جان کے نے وکٹر جیکمنٹ نامے ایک باشندہ فرانس کا قصہ لکھا ہے کہ اُسنے اپنی قوم کے پوچ طریقہ پر ہونولف مینکنزی سے جو مال کے کام مین اعلیٰ درجہ کے واقفکار تھے یہ سوال کیا کہ مین آپ سے پانچ منٹ باتین کرونگا اسقدر وقت مین آپ مجھکو سمجھا دیجیے کہ ملک کے مختلف حصون مین مالگزاری اراضی کے قواعد کیا ہین اُس تجربہ کار سیاح مین نے جواب دیا کہ مین بیس برس سے اس امر کے سمجھنے کی کوشش کر رہا ہون مگر ابھی تک جیسا چاہیے ویسا نہین سمجھا ۔ سر جان کے جو یہ آگاہی دے گئے اُن بہتیرے لوگون کے بڑے کام آئینگی جو بے سمجھے بوجھے اس میدان مین قدم رکھنے کی تیاریان کرتے ہین ۔ لیکن مین ایک سہل اور خفیف امر کو بیان کرونگا ۔ مین کسی ایسے امر کو جسکا بیان کرنا اور سمجھانا ناممکن ہے نہ بیان کرونگا بلکہ صرف عام طور پر اُنکے بیون کا اظہار کرونگا جن سے برڈ صاحب اور اُنکے شرکا نے ملک کو بچانے کی کوشش کی تھی اور نہایت ہی عام الفاظ مین ممالک مغربی وشمالی کے بندوبست معلہ برڈ صاحب کا ذکر کرونگا جسکا ایسا قوی اثر بعد کو لارنسون کے ذریعہ سے پنجاب پر پڑا تھا ۔

ص ۹

جب اُنیسوین صدی کے آغاز مین سر آرتھر ویلسلی اور لارڈ لیک نے شمالی ہندوستان کا اسقدر حصہ فتح کر کے ہمارے تابع کر دیا تو پہلا امر جسکے تصفیہ کی ضرورت پیش ہوئی یہ تھا کہ اس ملک کے انتظام کی بہترین سبیل کیا ہونا چاہیے ۔ تمام مشرقی ریاستون مین یہ قاعدہ ہے کہ پیداوار اراضی کا کسیقدر حصہ جسکی تعداد مختلف ہوا کرتی گورنمنٹ کا قرار دیا جاتا ہے اور ہندوستان مین اتنی بات اور بڑھی ہوئی ہے کہ اگر مالک وہ حصہ سرکار کو دیتا ہے تو اُسکے قبضہ مین فتور نہین آسکتا ۔ لیکن مطالبات سرکاری کے وصول ہونے کا بندوبست کسکے ساتھ کیا جائے یا یون کہو کہ مالک جائز کون تھے بہرکیف بنگال مین آئندہ ہمیشہ کے لیے ہم نے ایک نظیر قائم کر دی تھی کہ یہ مسئلہ کبھی حل ہی نہ کیا جائے کیونکہ لارڈ کارنوالس کی رعایت سے ممکن ہے کہ بہت عمدہ نیت سے استمراری بندوبست مالگزاری کا کیا گیا ہو لیکن اُسکے نتائج نہایت ہی خراب نکلے یعنی یہ کہ سرکار اور اُسی طرح بہترین حصہ رعایا کا ہمیشہ کے لیے نقصان پیدا ہو گیا ۔ یہ بندوبست بغیر اس امر کی قرار واقع تحقیقات کے عمل مین آیا تھا کہ اصل مالک

کون تھے اور آیندہ زمین کی کیا حیثیت رہیگی۔ ہر کیف یہ بات گورنمنٹ کو بالضرور زیادہ تر آسان معلوم ہوئی کہ متعدد چھوٹے چھوٹے آدمیون کے بدلے ایک شخص کے ساتھ جو زیادہ دولتمند اور صاحب اختیار ہو معاہدہ کیا جائے یعنی یہ کہ صدہا رعایا اور اُنکے قائم مقامون کے بدلے ایک زمیندار (اصطلاح بنگالہ) کے ساتھ بندوبست کر دیا جائے اور اس استمراری بندوبست کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک روز صبح کو جب وہ بیدار ہوے تو اُنھون نے دیکھا کہ سرکار نے اُنکو مالک زمین مقرر کر دیا ہے یعنی یہ کہ اصل موروثی مالکون پر اُنکو سبقت دیگئی اور جو اصل مالک تھے وہ بالکل غیر دخیل کاشتکار یا شاید اُنسے کچھ بہتر ہوگئے اور اکثر بیجا اب شرح سے اُنکا بندوبست کیا گیا۔ باایں ہمہ قانون نیلام کے جاری ہونے سے زمیندار بھی اپنی نوبت مین اس امر کے مستوجب کر دیے گئے کہ وہ بیدخل ہو جائین اور دوسرے مالدار یا اولوالعزم لوگ جو اُن سے بھی کم انجام مین ہوتے ہین اُن اراضیات کو حاصل کر لین۔ ص۹۵

یہ امر تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ تجربہ حاصل ہونے سے یہ غلطیان اس امر کی باعث ہوئین کہ ممالک مغربی و شمالی کے بندوبست مالگزاری مین اُنکا ارتکاب نہونے پائے۔ تاہم اُنکی مُداخت مین ہمکو بہت تھوڑی کامیابی حاصل ہوئی۔ ہم اس امر سے آگاہ ہوگئے کہ کن کن خاص حالتون مین جن سے ہم واقف نہین تھے استمراری بندوبست فائدہ کے ساتھ عمل مین آسکتا ہے چنانچہ پہلے ہم حقیقت حال دریافت کرنے لگے۔ المختصر اُسی کے مطابق بندوبست کیا گیا مگر استمراری نہین بلکہ سجادی پختہ بندوبست ہوا اور یہ بندوبست اُسوقت تک عمل مین نہین لایا گیا جب تک اس بات کی کچھ تحقیقات نہین کر لی گئی کہ اصل مالک کون تھے۔ لیکن بدقسمتی سے وہ لوگ جنکو ہم نے مالک جائز قرار دیا تھا اکثر عند التحقیقات ناجائز نکلے۔ قانون نیلام گویا یہ خیال کر کے کہ بنگال مین اُسکی رو سے کافی بے انصافی نہین ہونے پائی تھی ممالک مغربی و شمالی مین بھی جاری کیا گیا۔ جمع اسقدر زیادہ تشخیص ہوئی کہ حد انصاف سے گذر گئی اکثر تو یہی ہوا کہ کُل پیداوار کے نصف کے برابر ثابت ہوئی۔ مالکان اراضی علاقہ کی عدالتون مین چارہ جوئی کرنے جاتے تھے مگر کچھ فائدہ نہوتا تھا۔ اُن عدالتون کے حکام کامل حفاظت نہین کر سکتے تھے کیونکہ اُنکو تاکیدی قوانین کی پابندی لازم تھی اور رعایا کے حالات اور خواص سے واقف نہ تھے۔ اصل مالکون کے لیے جو تھوڑی بہت وجہ معیشت باقی رہ گئی تھی وہ قانونی پیچیدگیون کے پھندے مین آگئی۔ اور کڑوا کریلا نیم چڑھ گیا۔ اکثر مالک کو خبر ہونے پاتی تھی اور محالات نیلام پر چڑھ جاتے تھے اور ہندوستانی عہدہ دار سازش کر کے فرضی قیمت پر نیلام کو ختم کر دیا کرتے تھے۔ اور جسوقت آدمی سیتا ناسی ہو چکتی تھی تو ہم کو اُسکے انسداد کی سوجھتی تھی عجیب بے تکی کارروائی ہوتی تھی۔ سزا پیشتر دیجاتی تھی اور تحقیقات جرم بعد کو ہوتی تھی راؤ اسٹیفس کی سی کارروائی تو کیجاتی تھی کہ پہلے مقدمہ کی سزا کا حکم صادر ہوتا تھا اُسکے بعد تحقیقات ہوتی تھی لیکن راؤ اسٹیفس کے برابر انصاف البتہ نہین ہوتا تھا کیونکہ وہ قبل از تحقیقات واجبی سزا دیتا ہے۔

ہندوستانی عہدہ داروں کے سازش کرنے کا بیان

راؤ اسٹیفس کی کارروائی کا بیان

راؤ اسٹیفس کے مقدمہ کا بیان

ص۹۹ سنہ ۱۸۲۲ء مین ہونٹ سٹیکنری نے وہ قاعدہ جاری کیا جو واجبی طور سے جماعت دیہات ہندوستان کا "سٹیکنا چارٹا" کہا جاسکتا ہے۔ شاید وہ بدرجۂ اولے ایسا کہا جاسکتا ہے کیونکہ سٹیکنا چارٹا ہی کی طرح اسکی تعمیل ہوئی اور اسیطرح آیندہ زمانہ مین اسکی تجدید اور ترقی لازم ہوئی۔ مختلف سببون سے جنکا اس موقع پر بیان کرنا لاحاصل ہے صاحب موصوف کے ترمیم شدہ بندوبست مین دس سال تک بہت کم ترقی ہوئی لیکن آخر کو سنہ ۱۸۳۳ء مین جب لارڈ ولیم کی گورنر جنرلی کا زمانہ تھا اس کام کے لیے رابرٹ اسی طرح کے آدمی دستیاب ہوے جیسے آدمی کی اس کام کے لیے ضرورت تھی۔ انھون نے بڑی مستعدی اور جانفشانی سے اس کام کو جسکے لیے وہ عرصہ سے تیار تھے شروع کیا کیونکہ باشندگان ممالک مغربی وشمالی کے حالات سے وہ نہایت ہی واقفیت رکھتے تھے اور اپنی خدمات مفوضہ کے سوا کارروائی بندوبست مین بھی مہارت تامہ حاصل کی تھی۔ اکثر غلطیان جو انکے جانشین سابق سے سرزد ہوئی تھین انکو انھون نے رفع کیا اور لاانتہا نزاعات ملکیت وحدود اراضی کے انفصال کا ایک سریع العمل اور آسان قاعدہ نکال دیا کہ گانوون کی پنچایت موقع پر اکر صاحب کمشنر کی زیرنگرانی فیصلہ کردیا کرے۔ اس امر کی اجازت پاکر کہ اپنی پسند سے وہ اپنے ماتحت مقرر کرلین اور ہندوستان بھر سے تمام یوروپینون اور ارباب فوج سے انتخاب کرکے اپنی پسند کے آدمی مقرر کیے۔ چنانچہ ٹامسن رید مینسل اوٹنسٹون جیمس ایبٹ ہنری اور جان لارنس کے نام اس امر کے شاہد ہین۔ چندہی سال کے عرصہ مین ۲۰۰۰ مربع میل کے رقبہ کے اندر گانون گانون کی پیمایش ہوگئی۔ شجرۂ کشتوار مرتب و تعیین اراضی درج کاغذات اور گانو بشرح مناسب بست سالہ میعاد تک کے لیے شخص ہوگیا۔ جان لارنس جس اہم کام کے لیے اسوقت طلب کیے گئے تھے وہ یہی قسم کا کام تھا

یہ خیال کرنا کسی حالت مین مناسب نہین ہے کہ اتنا بڑا کام اول سے آخر تک اس طرح انجام ہوگیا کہ نہ کوئی غلطی اور نہ کسی شخص کے معاملہ مین بے انصافی ہونے پائی۔ سلطنت کے عزل ونصب مین ہمیشہ بے انصافی کا واقع ہونا قیاس کیا گیا ہے۔ اور مشرقی ملکون مین ہمیشہ اسکا مفہوم یہ رہا ہے کہ تمام موجودہ حقوق درہم برہم ہوجاتے ہین قطع نظر اس امر کے کہ مشرقی اقوام کے خیالات مغربی اقوام کے خیالات سے اصولاً اسقدر مختلف ہین کہ جو امر ص۱۰۰ ہماری نظرون مین عین حق متصور ہوتا ہے وہ انکی نظرون مین سراسر باطل سمجھا جاتا ہے۔ اب نئے بندوبست کا آئین یہ قرار پایا کہ کاشتکاران دیہ اصل مالک ہین اور کسی قسم کے درمیانی اشخاص جو بحیثیت مستاجر مالگزاری سرکار انکے اور سرکار کے مابین متوسط ہون وہ مثل شحنہ کی ان زمیندارون کے خیال کیے جائین جو شحنہ کو ناجائز طور سے رشوت دیتی ہین۔ اس امر کے واجب ہونے سے کوئی شخص انکار نہ کریگا اور اسکے خلاف (اس زمانہ کے بہت استبان صمتان بندوبست سے بھی جو ابتک زندہ ہین) چند لوگ یہ بات کہنے والے بھی پائے جائینگے کہ اس امر کے واجب

لہ دیکھو تمام مباحثات بندوبست یادداشت ممالک مغربی وشمالی ہندوستان مصنفہ رابرٹس صاحب باب دوم۔ اور کتاب حالات مفوضہ مصنفہ کے صاحب جلد اول باب چہارم ۴

ہونے مین ذرا بھی شک و شبہہ نہین ہے۔ موروثی متاجران مالگزاری ہی جو ممالک مغربی و شمالی مین تعلقہ دار اور بنگال مین زمیندار کہلاتے تھے مالک جائز نہ تھے جس حصہ یا تمام ضلع کا اُنھون نے اجارہ لیا ہو اُسکے وہ مالک ہون یا نہون یہ دونون باتین ممکن تھین۔ لیکن گو ان دونون باتون کو ایک دوسرے سے علاقہ نہین تھا تاہم یاد رکھنے کی بات ہے کہ مشرقی خیالات کے مطابق وہ ایک طور کی ملکیت سمجھی جاتی تھی۔

تمام ملکیتون مین جو دنیا مین پائی جاتی ہین زمین سب سے زیادہ عزیز اور وقیع خیال کی گئی ہے لیکن یہ نہین ہے کہ اب سوائے اُسکے اور کوئی ملکیت اچھی ہی نہ سمجھی جائے۔ انتظام جائداد مین جسپر برسون بلکہ شاید پشتہا پشت سے عملدرآمد ہوتا چلا آیا ہو دست اندازی کرنا ایک بڑا بھاری کام ہے چنانچہ تمام تاریخین علی الخصوص قوانین اراضیات روم (رومۃ الکبریٰ) اسکے شاہد ہین۔ روم مین "سرکاری زمین" قانوناً رعایا اور اصل مین بادشاہ وقت کی تھی جو ہر وقت خاص مقاصد کے لیے جنکی کوئی قید نہ تھی اور جنکی رو سے وہ بندوبست کی گئی تھی بازیافت کر لیجائے۔ جو لفظ سرکاری زمین کی مقبوضیت کے لیے استعمال کی گئی تھی (پزشیو) اسمین اس امر کی احتیاط کی گئی تھی کہ ملکیت کا مفہوم اُس سے نہ پیدا ہونے پائے صرف دخل سے مراد رہے۔ بایں ہمہ سرکار نے بازیافت زمین کی میعاد اسقدر گذار دی تھی کہ ملکیت کا خیال یکقلم نیست و نابود ہوگیا تھا۔ یہ اراضیات نسلاً بعد نسل و بطناً بعد بطن ایک دوسرے کے پاس منتقل ہوگئین۔ آخکی بار ہا فروخت ہوئی اور بار ہا خریداری عمل مین آئی آخکے تصرف کے حقوق بہت سی شرطون اور قیدون کے ساتھ جو مالکان اراضیات کو حاصل ہین منضم ہوگئے پس ایسے انتظام کو جو بظاہر پائدار اور قدیم زمانہ کا معلوم ہوتا تھا درہم برہم کرنا (گو وہ کسی تلبیسی ہیئت سے ظہور مین آتا) ایک انقلاب تھا۔ گو وہ انقلاب کیسا ہی واجبی اور ضروری تھا مگر پھر بھی انقلاب ہی تھا اور سوائے اُسکے اور کچھ نہ تھا۔ حاصل

ممالک مغربی و شمالی مین چاہے جس قسم کا بندوبست کیا جاتا اُسکا اصل وقت یہی تھا کیونکہ پچیس تیس برس سے جو تذبذب اور بیضا بطگی چلی آتی تھی اُس سے بہتر یہی تھا کہ کسی نہ کسی طرح کا بندوبست عمل مین لایا جاتا۔ اب ہر ایک معقول تجویز کے لیے کسی ایک قاعدہ یا چند قواعد کا ہونا ضرور ہے جنکے مطابق عمل کیا جائے اور رابرٹ برڈ نے عملدرآمد کے لیے جو عام اصول مقرر کیا تھا وہ فی الجملہ مثل اور عام اصولون کے معقول بہ صواب تھا اور گو اُسمین کیسے ہی نقائص کیون نہون مگر بمقابلہ اور کسی ضابطہ کے اُس سے اکثر لوگون کی بہبودی ایک بڑے درجہ تک متصور تھی۔ مگر بیان کیا گیا ہے کہ بعض افسران متعلقہ نے نہایت سختی کے ساتھ بلا لحاظ و غور اُسکا عملدرآمد کیا۔ وہ ہر تعلقہ دار کو اس نگاہ سے دیکھتے تھے کہ گویا ہر تعلقہ دار نے اپنا تعلقہ زبردستی اور غصب سے حاصل کیا ہے۔ پس اُن لوگون کی رائے مین وہ بڑا ہی خوش قسمت شخص تھا جسکو علاقہ کے بدلے

لہ شاہ تواب صاحب جلد اول صفحہ ۱۴۰۔ سر جان لارنس نے بھی بہت سی جگہون مین جو اُن کے کاغذات سے متعلق ہیں ہیرن ہاؤس کی اس رائے کی تصدیق سے انکار کیا ہے۔

کوئی نقدی معاوضہ دلوایا گیا۔ انکا منشا یہ تھا کہ ایسے شخص اور اُسکے خاندان والون نے سالہاسال تک بطور ذاتی جو کچھ مزے سے کھایا ہے وہ مستوجب اسکا ہے کہ اب اُس سے اُگلوا لیا جاے۔

یہ امر بآسانی سمجھ مین آسکتا ہے کہ اچھے لوگون نے اس بارہ مین کیسے مخالف خیالات ظاہر کیے ہونگے اور ممالک مغربی وشمالی کے بندوبست مین گو صلحین کی جماعت کو غلبہ تھا لیکن دونون طرف لائق وکلا تھے۔ تعلقدارون کی طرف رابرٹس لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی وشمالی رابرٹ بنی ہملٹن کمشنر اگرہ اور ایک ماتحت حیثیت سے ہنری لارنس جو بذات خاص مجمع کل تھے یہ سب لوگ تھے۔ ہنری لارنس نے کچھ دن پیشتر اپنے بھائی جان کی سفارش سے محکمہ پیاتش مین ایک عہدہ حاصل کیا تھا۔ جماعت مزارعین کیطرف سے بھی اعلی عہدہ دار محکمہ بندوبست افسر رابرٹ برڈ ٹامیسن صاحب جو بعد کو لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی وشمالی مقرر ہوے اور اکثر افسران محکمہ بندوبست جنکے معاون اب ایک اور لارنس (یہ بھی بذات خاص مجمع کل تھے) یعنی جان لارنس مقرر ہوے یہ سب لوگ شامل تھے۔ اور مثل اُس مشہور بوزد کے جسنے بعد کو پنجاب کا انتظام کیا تھا یہ امید کی جاسکتی ہے کہ جس کام مین دونون طرف ایسے ایسے برابر کے لائق لوگ وکیل مقرر ہوے ہون اُس مین دونون طرف کی کارروائی ہم پایہ ہی ہوگی۔ اور جو انصاف کسی ایک فریق کیطرف سے ہوئی ہوگی وہ طرف ثانی کی دقیقہ رسی سے کامل زور پکڑنیکے بعد بھی گھٹتے گھٹتے ایک اقل مقدار کو پہونچ گئی ہوگی۔ حصہ ۱

ضلع اناوہ جو جان لارنس کے اہتمام مین سپرد ہوا تھا وہ دریاے جمنا کے بائین کنارے پر واقع اور دریا دریاگرہ اور مین پوری سے متصل ہے۔ یہ کوئی دلچسپ مقام نہین تھا جیسا کہ مندرجۂ ذیل بیان سے ظاہر ہوگا ایک انگریز کے سفرنامۂ ہندوستان مین درج ہے کہ "ہندوستان کے کسی حصہ مین بیان سے زیادہ سخت لو نہین چلتی ہے۔ یہ ہوا مارچ کے مہینے سے شروع ہوتی ہے اور اپریل اور مئی کے مہینے تک برابر اسکی شدت رہتی ہے۔ عموماً آٹھ بجے دن سے اسکی شدت ہونے لگتی ہے اور غروب آفتاب کے وقت کم ہوجاتی ہے گو بعض اوقات رات کو بھی چلتی ہے۔ اسباب مکان سے جس شے مین ہاتھ لگائیے جلجاتا ہے مضبوط سے مضبوط لکڑی اگر اُسپر گیلا کمل لپیٹا جائے تو پھٹ جائے اور ایسی آواز ہو کہ جیسے تپنچہ چھوٹتا ہے۔ پانی مین بھگویا ہوا سفید کپڑا اور پنکھا کی صاف کیطرح گرم معلوم ہوتا ہے۔ دن کو اگر یہ خرابی ہے تو رات اس سے بھی بدتر ہے ہر کمرہ مین شدت کی گرمی ہوجاتی ہے جسکی مثال تنور کے سوا اور کسی شے سے نہین دی جاسکتی ہے۔ اس گرم ہوا کے چلنے کے بعد برسات کا زمانہ آتا ہے اور تبدیل فصل کی علامت یہ ہے کہ شدت کی آندھیان چلتی ہین۔ نصف النہار کے وقت کثرت غبار سے یہ معلوم ہونے لگتا ہے کہ گویا آفتاب غروب ہوگیا اور رات ہوا چاہتی ہے۔ آندھی اتنے زور وشور سے آتی ہے کہ جب بہت دیر تک زور سے بادل گرجتا ہے تو

شاذ و نادر اسکی آواز سنائی دیتی ہے اور بجلی کبھی کبھی تاریکی مین کوند جاتی ہے ورنہ اندھیرا ہی رہتا ہے۔ آخر کو موسلا دھار پانی برسنے لگتا ہے ملک مین سیلاب جاری ہو جاتا ہے۔ اور حیوانات و نباتات کو کچھ دنون تازہ کر دیتا ہے"۔

اما وہ کو خشکسالی سے سخت نقصان پہونچا تھا اور جب نومبر ۱۸۳۳ء مین جان لارنس بہ حیثیت افسر بندوبست وہان پہونچے تو ہنوز خشکسالی کا اثر باقی تھا۔ مالگزاری مین بیشک ابتری آگئی تھی اور نوعیت کاشت مین بھی بالکل بدانتظامی تھی۔ جان لارنس نے پہلے پہل اپنی آنکھ سے یہان اگر قحط ہندوستان کی مصیبتین مشاہدہ کین یہان آنھون نے ہر روز فاقہ کشون سے آمدورفت رکھنے کیوجہ سے انکی مصیبتون مین پوری پوری ہمدردی کرنا سیکھا اور اسی مقام پر آنھون نے آیندہ استعمال کے لیے پھر اُن اصولون کا ایک ذخیرہ جمع کیا جن سے آنھون نے برزمانہ مابعد انتظام پنجاب کیوقت مین نہایت ہوشیاری اور عمدگی سے فائدہ حاصل کیا (یعنی یہ کہ حاکم پر فرض ہے کہ ہر ایک سرکاری محکمہ مین جہان تک ممکن ہو کمال کفایت شعاری کا برتاؤ کرے اور جب زیادہ خوفناک آفتین ظہور مین آئین
ص ۱۰۱ تو اُسوقت زیادہ کشادہ دلی کے ساتھ صرف کر سکے اسی انتظام سے آیندہ کے لیے اس قسم کی آفتون کا انسداد ہو سکتا ہے) یعنی آنھون نے تالاب اور نہرین بنوائین اور سڑکین اور پل تعمیر کیے۔

اس بات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ ہندوستان کی کل آبادی قریب قریب زراعت پیشہ ہے۔ انکی دولت صرف انکی محنت اور مویشیون پر منحصر ہے۔ اور قحط کے سال مین ان دونون چیزونکا عدم وجود برابر ہے۔ تجارت پیشہ اشخاص سے قحط منجملہ بہت سے وسائل کے صرف ایک وسیلۂ معاش سلب کر سکتا ہے مگر زراعت پیشہ اشخاص کے تمام وسائل یکقلم نیست و نابود ہو جاتے ہین۔ ایسے وقت مین مویشیون کے چارہ کی قیمت انسان کی خوراک سے بھی بڑھ جاتی ہے۔ اور اس خاص سال مین اگر غلہ کی قیمت اصل سے دہ گونہ تھی تو بھوسہ اور چارہ کے دام سولہ گونہ سے کم تھے۔ ایک روپیہ کو بہت اچھی گائے مل سکتی تھی۔ مصنوعی طریقہ کی آبپاشی جسقدر اسوقت ہندوستان مین ہوتی ہے اُس سے بھی اس بات کا یقین ہو سکتا ہے کہ خراب سے خراب فصل مین بکثرت غلہ پیدا ہو۔ مگر چراگاہین جنکو نہ زمین اور نہ آسمان سے مدد ملتی ہے وہ بالکل سوکھ جاتی ہین قحط ہندوستان کے طول طویل غمناک فسانہ مین یہ فقرہ بھی کچھ کم افسوسناک نہین ہے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ قحط زدہ لوگون کو دُسرون غلہ خریدنے کا موقع ہوتا ہے مگر اسقدر مقدور نہین رکھتے جو خرید سکین۔ وہ اپنی آنکھ سے دیکھا کرتے ہین مگر زبان مین لگانے کو نہین ملتا۔ انکی کیفیت بجنسہٖ اُسیطرح کی ہوتی ہے جیسے نہر پر سقّہ پیاسا مر جائے۔

جان لارنس گورگانون اور اماوہ مین جو کچھ دیکھ چکے تھے اُسپر سات برس کے بعد خیال کر کے ۱۸۴۸ء مین جب وہ دہلی کے مجسٹریٹ اور کلکٹر تھے بیان کرتے ہین کہ "ہندوستان کو قحط سے جو اس خوفناک طور کا نقصان پہونچتا ہے تو اسکا سبب جیسا بعض کوتاہ بین لوگ تصور کرتے ہین یہ نہین ہے کہ سرکار انگریزی زیادہ ستانی کرتی ہو

بلکہ وجہ یہ ہے کہ ہندوستان کے لوگ زراعت پیشہ ہین اور آمد ورفت کے وسائل اُنکو بہت کم حاصل ہین۔ گورنمنٹ کی مطالبات بالتخصیص اعتدال آمیز نہ معلوم ہوتے ہون لیکن جسوقت اُنکا مقابلہ ہندوستانی ریاستون اور اُس اودنے معاوضہ کے ساتھ جو لوگون کو اُن ریاستون کی ماتحتی مین ملتا ہے کیا جاے تو اُسوقت البتہ وہ اعتدال آمیز معلوم ہون۔ ہندوستان مین عمدہ سڑکین اور نہرین بنواو وآمدورفت کے وسائل مین ہر طرح سے ترقی پیدا کرو اور اس بات کا حوصلہ دو کہ اُنکے کامون مین سرمایہ صرف کیا جاے پھر دیکھو کہ قحط کا جو انسداد ان تدبیرون سے ہو جائیگا وہ اور کسی تدبیر سے نہوگا"۔ جو باتین یہان پر بیان کی گئی ہین اُنکے متعلق ۱۸۴۳ء کے بعد سے ایسی اکثر باتین ہوتین کہ جان لارنس کے کلام کی حرف بحرف تصدیق ہوگئی۔ لیکن یہ باتین اُسوقت اصول مسلمہ نہ تھین۔ صہ۱۴۱
اور اسوقت بھی بہ حالت تحریر کتاب ہذا (۱۸۷۰ء) جب تمام اخراجات متعلقہ تعمیرات سرکاری اس غرض سے بند کر دیے گئے ہین کہ لکھو کھا روپیہ مع سرمایہ قحط افغانستان کی بنجر پہاڑیون پر پھینک دیا جاے یہ امر مشکوک رہتا ہے کہ آیا آج تک بھی ان خیالات کی کچھ وقعت ثابت ہوئی۔

ان دو خوفناک برسون مین ہزارہا ہندوستانی اپنے گھر چھوڑ چھوڑ کر ممالک مغربی وشمالی سے نکل گئے اور غذا کی تلاش مین اِدھر اُدھر مارے پھرا کیے مگر کچھ فائدہ نہوا۔ بہتیرے سڑکون کے کنارے پڑے پڑے مرگئے اور یہ ایک معمولی بات تھی کہ جب جان لارنس سڑک پر سوار ہوکر صبح کو گشت کے لیے نکلتے تھے تو راہ مین بہتیری لاشین شب گذشتہ کے مرے ہوے لوگون کی اُنکو ایسی ملتی تھین جنکو بھیڑیون یا گیدڑون نے کھا کھا لیا تھا۔ یہ جانور غول کے غول آدمیون کے گوشت کی بو پاکر آبادی مین آتے تھے اور قحط زدہ مردون کی لاشون پر دھاوا کرکے مچاتے تھے۔ یہ بات اکثر جان لارنس کے سننے مین آئی کہ ان دبکیل اور بزدل جانورون کو جو انسان کا گوشت کھانے کو ملا تو وہ برسون تک آبادی مین آیا کیے۔ اور خوفناک تیندوون کیطرح جو بچون اور زیادہ سن کے آدمیون کو بھی کھا جاتے ہین اُنمین دلیری پیدا ہوگئی۔

اس زمانۂ مصیبت کا ایک ماجرا مین یہان بیان کرتا ہون۔ اُسکی بعض فروعی باتین عام طور کی ہین اور جو انگریزی افسر بدقسمتی سے ایک قحط زدہ ضلع کی نگرانی کرنے اور ایسی حالت مین بنی نوع انسان کی مصیبت دیکھنے پر مجبور ہوا ہو جب اُنکا انسداد اُسکے امکان سے باہر ہوا اور ایک محدود درجہ تک کے سوا زیادہ تدارک کرنے کی اُمید نکر سکتا ہو اُسکو اسیطرح کی باتین معلوم ہوسکتی ہین۔ مگر اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان ایام مین جان لارنس کا وقت ہر روز نیکی کے کامون مین صرف ہوتا تھا اور ہندوستانیون کے بہت سے خواص ایسے نمایان طور پر اُس سے ظاہر ہوتے ہین کہ اس مقام پر قصۂ مذکور قابل بیان ہے۔

ہندوستان کے لوگ تیرتھ کو اپنا فرض سمجھتے ہین۔ جمنوتری اور گنگوتری جو کوہ ہمالیہ مین علی سبیل الترتیب

دریاے جمنا اور گنگا کے مخارج پر واقع ہین الہ آباد جہان اُن دونون دریاؤن کا سنگم ہوا ہے اسکے اور آگے بڑھکر
صفحہ ۱۱۱ بنارس اور جگناتھ جو کلکتہ مین سواحل خلیج بنگالہ پر واقع ہے یہ سب متبرک جگہین ہزارون بلکہ لاکھون جاتریون کو
سالانہ سال پڑی دور کھینچتی ہین۔ اور شمال اور ممالک دنیا کے ہندوستان مین بھی یہ مذہبی میلے تجارت کی بھی منڈیان ہوجاتی
ہین۔ ہندو جاتری اکثر بنارس یا الہ آباد سے پاک صاف ہونیکے سوا دولتمند بھی اُسیطرح بنکر آتا ہے جسطرح حجاج
وسطایشیا یا افریقہ مکہ معظمہ سے پلٹ کر آتے ہین۔ سال کے بعض ایام مین یہ متبرک مندر بنے بڑے میلے ہوجاتے ہین جسمین
سے سایبان کھڑے کیے جاتے ہین اور قرب وجوار کے ملکون کا تمام مال تجارت فروخت کے لیے کھولا جاتا ہے۔ گنڈکیشی جو دریاے
گنگا کے کنارے اُس جگہ سے بہت دور نہین واقع ہے جہان دریاے مذکور پہاڑون سے نکلکر وسیع مسطح زمین مین ہوکر بہتا ہے
کثرت سے جاتری جمع ہوتے ہین اور بالاتی ہند کا سب سے بڑا گھوڑون کا میلہ یہان لگتا ہے۔ چونکہ جان لارنس
کو گھوڑون سے بڑا شوق تھا اسواسطے کچھ شک نہین ہے کہ انھون نے اپنے دلپسند عربی اور کابلی گھوڑے اکثر
ایسی مقام پر خریدے ہونگے۔

لیکن ان تیرتھ گاہون کے علاوہ جو تمام دنیا کو معلوم ہین اور بھی چھوٹی چھوٹی پرستشگاہین ہین جو اسقدر
وقعت تو نہین رکھتی ہین لیکن آس پاس کے لوگون مین بہت مشہور ہین۔ جان لارنس کی کوٹھی سے نصف میل کے
فاصلہ پر اسیطرح کی ایک جگہ تھی اور چونکہ وہ بڑی جنوب مغربی سڑک جو مندر مین آئی تھی اُنکی کوٹھی کے نیچے سے
ہوکر نکلی تھی لہذا جان لارنس کو جاتریون کے اوضاع واطوار دیکھنے کا بہت آسان موقع ملگیا۔ کیونکہ وہ اپنے
دیوانخانہ سے بیٹھے دیکھا کرتے تھے۔ اس سے انکو ہندوستانیون (بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ عام بنی نوع انسان) کی
کیفیتون سے بڑی مہارت ہوگئی یہ سیتلا کا استھان تھا (یعنے چیچک کی دیبی جسکے اختیار مین یہ مہلک بیماری ہے جو
ہندوستان مین بہ نسبت اور عوارض کے زیادہ نقصان پہونچاتی ہے) حساب لگایا گیا ہے کہ دہلی مین جو ممالک
مغربی وشمالی کا سب سے زیادہ آباد شہر ہے دو برس سے کم عمر کے بچے دو ثلث اسی چیچک کے عارضہ مین ضایع
ہوتے ہین۔ پس جو والدین ایسی مکروہ موت سے اپنے بچون کی حفاظت چاہتے تھے اگر دور ونزدیک سے اس
مہیب دیبی کے استھان پر اگر جمع ہوتے تھے تو کوئی تعجب کی بات نہین ہے۔

گو جان لارنس دیسیون کے حالات سے ذرہ ذرہ واقف تھے اور کچھ دنون تک اس مقام سے
بیس ہی میل کے فاصلہ پر رہ چکے تھے مگر انکو اس استھان کے ہونے کی مطلق خبر نہوئی الا اُسوقت کہ جب وہ اُسکے
صفحہ ۱۱۲ قریب آکر سکونت پذیر ہوے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ "پس یہ بات بہت صحیح ہے کہ جس امر مین ہندوستانیون کو
کمال دلچسپی ہوتی ہے وہ اکثر انگریزون کو بالکل نہین معلوم ہوتا حالانکہ انھین کے درمیان یہ لوگ بھی رہتے ہین ملا۔
ہر ایک ماں جب اپنے بچہ کو دیبی کے سامنے لیجاتی تھی تو ایک بکری کا بچہ بھی چڑھاتی تھی اور دیبی سے التجا کرتی تھی

لے یعنی جہان کے ملک عرب و ایران و ترکستان

کہ بچہ کے بدلے اسکو قبول فرمایئے (ترجمہ شہر زبان لیٹین) تن برتنت قربان کنم دل بررات سازم نثار ۔ این حیات خود وہم باآن حیات پائدار ۔ ساتھ ہی اسکے استھان کے پنڈون اور اُنکے ذریعہ سے سیتلا مائی کے خوش کرنے کو اپنے مقدور کے موافق اور چیزین بھی نقد خواہ جنس چڑھاتی تھی ۔ لیکن یہ چڑھاوے نہ تو استھان اور نہ دیبی کی تزئین مین صرف ہوتے تھے بلکہ کچھ اور ہی کامون مین خرچ کیے جاتے تھے ۔ مندر کے وسط مین یہ دیبی ایک کندہ تراش کی حیثیت سے استادہ تھی کیونکہ نہ معلوم کس زمانہ سے اس ہیبت ناک بھونڈی مورت پر برہمن لوگ تیل اور سیندور ڈالتے چلے آئے تھے ۔ اور اُسکے آگے ہزارہا آدمی ڈنڈوت کرتے تھے ۔ سیتلا ماتا کا جو عقیدہ اُنکے دلون مین مرکوز تھا وہ کسی بات سے دور نہین ہو سکتا تھا ۔ اگر کسی بچہ کو اُسکے مان باپ دیبی کے روبرو پیش کر چکے اور پھر اُسکے چیچک نکلی اور شفا ہو گئی یا اُسکو یہ بیماری ہی نہوئی تو دیبی کی حقیت کا یہ قطعی ثبوت ہے ۔ یعنے یہ کہ اُسنے اُنکی دعا قبول کرلی اور اُنکو مصیبت سے بچالیا ۔ اور اگر برخلاف اسکے بچہ ہلاک ہو گیا تو مان باپ پر اور بھی فرض ہو گیا کہ دوسرے بچہ کو لیکر دیبی جی کے خوشنود کرنے کو جائین اور پہلے سے بھی زیادہ چڑھاوا چڑھائین ۔ یہ ایک عجیب پرتاثیر کیفیت ہے ۔ دلی اعتقاد رجوع قلب سے چڑھاوون کا چڑھانا دعا کا قبول یا نا قبول ہونا اور دونون حالتون مین اعتقاد کا بڑھنا مذہبی جوش کا دوچند ہونا ۔ یہ انتہا چڑھاوون کا چڑھانا یہ سب باتین عجب اثر پیدا کرتی ہین لیکن یہ کچھ ہندوستان ہی پر موقوف نہین ہے بلکہ تمام عالم کی یہی کیفیت ہے بڑے میلون کیوقت لوگون کا اسقدر ہجوم ہوتا تھا کہ ملک کی نگرانی جانے والون کی حفاظت اور خود اُنکی اور لوٹیرون کی نگرانی کے لیے پولیس کی تعداد بڑھانے کی ضرورت پڑتی تھی ۔ جان لارنس ان خدمتون کے مناسب طور سے انجام کرنے کو اکثر خود سوار ہو کر استھان کو جاتے اور جو کچھ وہان ہوتا جاتا اُسکی نگرانی کرتے تھے ۔ اور ہم قیاس کر سکتے ہین کہ کس زندہ دلی کے ساتھ جارجین کے اس انبوہ مین کچھ اُسیطرح کی کارروائی کرتے ہون گے جو ترکی سپاہی عیسائیون کے مقدس روضہ پر اُسوقت کرتے ہین جب وہان ہر سال بٹبرک آگ نکلتی ہے اور وہ کوڑے پھٹکار پھٹکار کر اس امر کی کوشش کرتے ہین کہ عیسائیون کے چھ سات فرقون مین امن وامان رہے ۔

جان لارنس اپنے گھوڑے پر چڑھے ہوے اُن عورتون کی نگرانی کیا کرتے تھے جو ایک ہاتھ مین اپنا اور دوسرے ہاتھ مین بکری کا بچہ بھینٹ کے واسطے لیے ہوے بڑے اشتیاق سے دیبی کیطرف لپکی ہوئی چلی جاتی تھین ۔ چونکہ اُنکی عادت مین داخل تھا کہ وہ اپنے خیالات کبھی نہین چھپاتے تھے اسوجہ سے وہ بعض اوقات سہولت اور محبت کے ساتھ اُنکے پوجا کرنے پر مسکرا دیتے تھے ۔ جو لوگ سچے دل سے پوجا کرنے آتے تھے اُنسے تو نہین مگر ہٹے کٹے مسٹنڈے برہمنون سے جو مندر کے پنڈے تھے وہ اکثر یہ سوال کیا کرتے تھے ۔ کہو آج تمھاری دیبی جی کیسی ہین کچھ ناراض تو نہین ہین ۔ اس ہفتہ مین اُنھون نے کتنے بچون کا خون کیا ہے ۔ ان پنڈون کو یہ باتین ناگوار نہین معلوم ہوتی تھین ۔ یا اگر معلوم ہوتی ہون تو وہ اپنی ناراضی ظاہر نہین کرتے تھے کیونکہ

صفحہ

اپنے بیوپار کی کامیابی سے ایسے خوش ہوتے تھے کہ جان لارنس کے مضحکوں سے انکو کوئی رنج نہین ہوتا تھا لیکن اگر وہ خود کسیوقت اس مرض مین مبتلا ہوتے تو وہ لوگ ضرور یہی کہتے کہ دیکھا صاحب ویسی ماتا کے ساتھ کیا تو یہ پھل پایا اور اسکی شکستی دیکھی۔ ان میلون مین جان ومال کا بڑا نقصان ہوتا تھا عموماً لوگ پیدل چلتے تھے بیعقلی کی وجہ سے نہین کیا جاتا تھا بلکہ زیادہ تر اسکا سبب یہ تھا کہ اسطرح سفر کرنے کی تکلیف ومانندگی جھیلنے مین بڑا پن اور دیوتاؤن کی خوشنودی کا باعث ہے۔ رفتار کی مقدار خواہ مخواہ کم ہوتی تھی۔ کیونکہ اسوقت ہندوستان مین نہ تو ٹین وغیرہ تھین اور نہ سرائین تھین بلکہ عمدہ سڑکین تک نہ تھین۔ اصل تو یہ ہے کہ سفر مین کسیطرح کی آسائش نہین ہوتی۔ مسلمان فرمانروا لوگ کیوقت کی بنی ہوئی سرائین البتہ جابجا خالی دیوارون کی حیثیت سے پائی جاتی تھین جنمین کشادہ صحن ہوتا تھا اور مسافرون کے لیے ایک پھاٹک لگا ہوتا تھا جو رات کو ہمیشہ بند اور مقفل کر دیا جاتا تھا۔ سرامین چند کوٹھریان ہوتی تھین جنمین قریب فیٹ کی لمبی اور دو دو فیٹ کی چوڑی چارپائیان پڑی ہوتی تھین۔ سوائے اسکے بچھونا وغیرہ کچھ بھی نہ تھا۔ ایسی جگہ مابین بیست کروڑی دو پیسہ کے قرار پر عموماً مل سکتی تھی۔ ہر شخص اپنا بوریا اور پیتل کی لوٹیا جل کھانے اور اشنان کرنے کے لیے اپنے ہمراہ رکھتا تھا۔ گو یہ چیزین چندان وزنی یا تعداد مین زیادہ نہ تھین تاہم پیادہ چلنے والے کے لیے بڑا بار ہین۔ اور یہ بات آسانی سے سمجھ مین آسکتی ہے کہ چند سو میل کی مسافت طے کرنا مہینون کا کام ہوگا۔ ص۱

بیچارے جاتری پر صرف یہی تکلیفین نہین پڑتی تھین جو بدتر سے بدتر خیال کی جاتین۔ ہر شخص ہتیارون سمیت سفر کرتا تھا تاکہ اگر جان ومال پر حملہ ہو تو حفاظت رہے گو ایسا شاذونادر ہوا کہ جب ایسا موقع آیا ہو تو ہوش حواس درست نہ ہون۔ بعض اوقات ایسا ہوا کہ دو کاندارون یا اور کسی صلح جو قوم کا پورا گروہ چپکا کھڑا رہا اور چند دلیر شخصون نے انکو راہ مین روک کر لوٹ لیا۔ یہ لوگ ہر شخص پر فوراً اعتماد کر لیتے تھے اور یقین کر لیتے تھے کہ وہ دیانت دار ہے۔ ہر شخص کو جو انکی ذات مین ہونیکا اقرار کرتا تھا اپنی جماعت مین شریک کر لیتے تھے اور اسیوجہ سے وہ بآسانی ٹھگون وگیتون اور ہر قسم کے بدمعاشون کا شکار بنجاتے۔ ان بدمعاشون نے یہ ترکیب نکالی تھی کہ خوشامد اور چاپلوسی کی چند باتین کرنیکے بعد مسافرون کے دوست بنجاتے تھے۔ انکی رازداری کی باتین اور یہ امر کہ وہ کہان جانیوالے ہین اور ہر ہر شخص کے پاس کسقدر دولت ہے دریافت کر لیتے تھے اور بعد اسکے جب انکو موقع ملتا تھا تو چن چنکر انکا شکار کر لیتے تھے تمام مشہور تیرتھون کے مقام مین اس قسم کے بدمعاش ضرور پہونچکر وہان اپنی گندگی پھیلاتے تھے اور سیکڑون جاتری لٹ جاتے تھے یا ہلاک ہوتے تھے اور اکثر انکا کوئی پتہ نہین لگتا تھا۔ غریب مسافر اس قدر مقدور نہ رکھتے تھے کہ پولیس مین نالش کرین اور اسی بات کو مناسب سمجھتے تھے کہ اپنا نقصان گوارا کرکے منزل مقصود کو بخیر سعی کرین اور اپنے ساتھ کے جاترین کی مدد سے یا شاہراہ پر جو گاؤن ملتے تھے وہان بھیک مانگ مانگ کر بسر کرتے چلے جائین۔ جان لارنس بیان کرتے ہین کہ ہندوستان کی تمام قومین علی الخصوص ادنی درجہ کے لوگ خیرہین

مسلمان ہندو دونون کے مذہب مین خیرات کی عام تاکید ہے۔ اور جب کوئی فقیر سوال کرتا ہے تو یہ لوگ خوشی سے رحم دلی اور خوش اخلاقی کے ساتھ داد و دہش کرتے ہین"

جب آغاز ۱۸۳۸ء مین جان لارنس اس ضلع کا دورہ کر رہے تھے تو ایک جاتری کا عجیب دلچسپ واقعہ جان لارنس کی نگاہ سے گذرا جو ستلا دیبی کے تیرتھ کو جاتا تھا۔ انھون نے اپنی لین ڈوری ایک برجیانے کو جہان ایک تفنیس تالاب ایام خشکسالی مین بھی پانی سے بھرا موجود تھا روانہ کر دی تھی۔ ہندو لوگ وہان اشنان کر رہے تھے اور جان لارنس قرب و جوار کے کھیتون مین گھومتے گھامتے اپنے نزدیک ایک گھڑی کے قریب آئے جو کچھ اور آگے جاکر انکو لاش معلوم ہوئی لیکن جب بہت قریب سے جاکر دیکھا تو کچھ علامتین زیست کی بھی پائی گئین۔ یہ ایک ص۱۰۱ بوڑھے آدمی کا جسم تھا جسکے چہرہ سے آثار بزرگی معلوم ہوتے تھے اس شخص کی عمر پورے ستر برس کی تھی وہ نہایت ہی ناتوان اور غلیظ مین آلودہ تھا اور اسکے بدن پر ایک چیتھڑا بھی نہین تھا۔ اسکے پاس نہ گٹھری نہ جھولا اور نہ کسی قسم کا اور اسباب تھا اور معلوم ہوا کہ وہ بیماری کی آخری نوبت مین ہے۔ جان لارنس نے کوشش کی کہ اسکو کسیطرح ہوشیار کرین مگر وہ نہ چونکا اسکی طبیعت بھٹکتی پھرتی تھی منھ سے صاف آواز نہین نکلتی تھی۔ اور اسکی گردش چشم سے ظاہر ہوتا تھا کہ اگر فوراً اسکا علاج نکیا جائیگا تو مر جائیگا۔ جان اسکی مدد کے لیے اپنے خیمہ کی طرف دوڑے چلے گئے لیکن اُنکے نوکرون نے ایسے شخص کے چھونے مین (حالانکہ جنیو سے ثابت ہو گیا تھا کہ برہمن ہے) جو غلاظت سے آلودہ تھا اور جسکے بچنے کی کچھ امید نہین تھی تامل کیا۔ آخر الامر وہ اپنے اُنھین آدمیون سے مریض کو خیمہ مین اُٹھوا لے گئے۔ اور اسکو اپنے ہاتھ سے ہلایا پلنگ پر لٹایا اور کھانا کھلایا۔ دن بھر کے عرصہ مین جاتری اسقدر تندرست ہو گیا کہ اُسمین اپنے قصہ کے بیان کرنے کی قوت پیدا ہو گئی جو بہت ہی دلچسپ تھا۔

اسکے بیان سے معلوم ہوا کہ وہ جنوبی ہند کا باشندہ تھا تیرہ مہینے کا عرصہ ہوا تھا کہ وہ اپنے اہل و عیال سمیت ہمیت ناک دیبی کے استھان کے درشن کو روانہ ہوا تھا۔ یہ وہ استھان ہے جسکے ہونے نہونے کا حال جان لارنس کو اُسوقت تک جب وہ استھان کے قریب آکر بسے تھے معلوم نہین ہوا تھا۔ چنانچہ مین اسبات کو پیشتر بیان کر چکا ہون۔ جان لارنس اسکا قصہ یہ بیان کرتے ہین کہ۔

یہ لوگ راستہ مین بیمار پڑے اور لڑکا جسکے لیے خاص کر کے اس وقت طلب تیرتھ کی تکلیف اُٹھائی گئی تھی دیبی کی حفاظت مین اُنکے پیشتر ہی مر گیا۔ ماں گرتی پڑتی کچھ دور تک چلی بعد اسکے وہ بھی بیمار ہو کر مر گئی۔ باپ شمالی ہندوستان مین بالکل یکہ و تنہا رہ گیا جہان کسیکو نہ وہ جانتا تھا اور نہ اسکو کوئی جانتا تھا۔ اُسنے ارادہ کیا کہ لاہور کو جو اُس زمانہ مین انگریزی سرحد کے اُس پار بہت دور دراز فاصلہ پر واقع تھا جائے کیونکہ وہان مبلغ برس پیشتر سے اُس کے ایک بھائی نے سکونت اختیار کر لی تھی اُسنے نوسیل کی مسافت اُس طریقہ سے جو مین نے اوپر بیان کیا ہے طے کی تھی اور ابھی لاہور سیکڑون

میل باقی تھا۔ تھکا ماندہ وہ برابر اپنا راستہ چلتا رہا اور شہر سے دو منزل کے فاصلہ پر پہونچگیا تھا کہ ڈاکوؤن نے اُسپر حملہ کیا تھوڑی بہت پونجی جو اسکے پاس تھی لوٹ لی اور اسکو زخمی کردیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہان آکر اسکا حوصلہ پست ہوگیا تھا اب اُسمین ایک قدم آگے چلنے کی سکت نہین تھی۔ جس کام کے لیے صعوبت اُٹھاکر یہان تک آیا تھا اب اسکا ارادہ اُسنے چھوڑدیا تھا۔ اور بھائی کی ملاقات سے بھی کنارہ کشی اختیار کرکے وطن کا رخ کیا تھا۔ چونکہ وہ جاتری اور برہمن بھی تھا اس سبب سے پہلے تو اسکی خوب گذران ہوئی کیونکہ راستہ مین جو گاؤن ملے وہان کے لوگون نے اسکے ساتھ دان پن کیا۔ لیکن آخر کو وہ پھر تلج کے اس پار اُترا اور پھر انگریزی عملداری مین آگیا۔ یہان آکر اُسنے دیکھا کہ لوگ قحط مین مبتلا ہین اور اب اسکو اور تکلیف دینے لگی۔ جس مقام پر مین نے اسکو پایا وہان تک افغان وغیرہ اپنے وطن کا تہائی راستہ کاٹ چکا تھا یہان اسکو پیچش شروع ہوئی۔ اُسنے مجھسے بیان کیا کہ جہان مجھکو آپ نے بیری کے درخت کے نیچے پڑا پایا تھا وہان مین پندرہ دن سے پڑا ہوا تھا مجھ مین رینگنے کی بھی سکت نہین تھی اور کسی شخص سے اتنا نہوسکا کہ مجھکو اپنے گھر اُٹھا لیجاتا۔ لیکن گانؤن کی جو عورتین اُدھر سے آتی جاتی تھین اُنمین سے کوئی نکوئی کچھ غذا دیجاتی تھی اور تھوڑا سا پانی بیری لوٹیا مین بھر جاتی تھی۔ ایک مرتبہ غشی کے دورہ مین بیری وہ دو چار چیزین جو باقی رہ گئی تھین اُٹھگین۔ دو دن سے مین نے کچھ غذا نہین پائی تھی اور مین نے اپنے کو مرتا جان کر قسمت پر چھوڑدیا تھا۔ اُسوقت "نارائن" نے کرپا کرکے آپ کو بھیجدیا اب جو مین نے پیٹ بھر کھانا کھایا تو مجھ مین طاقت آگئی۔ میری زندگی اب اسقدر کفایت کریگی کہ مین اپنے وطن کو پہونچ جاؤن اور وہان میری جو دو بیبیان بیٹھی ہین اُنکی شادی کردون اور صاحب آپ نے میرے ساتھ جو یہ کرپا کی ہے تو اُس سے پھر بیڑا گھر آباد ہوجائیگا۔ شاید پرمیشر مجھکو ناتی دیدے جو میرا کرپاکرم کرے"۔

آخر کو یہ بوڑھا برہمن تھک کر لیٹ گیا اور اپنا سر رکھکر سوگیا آدھے گھنٹہ کے بعد میرا نوکر آیا اور کہا کہ "وہ بوڑھا برہمن تو مرگیا"۔ مین گیا اور اسکی لاش دیکھی معلوم ہوا کہ وہ نیند ہی مین آخر ہوگیا۔ غالباً اس بات کی خوشی کے بعد کہ میری تکلیفین اب دور ہوگئین تکان کیوجہ سے اسکو نیند آگئی اور اسیوقت وہ مرگیا۔

اُنا وہ مین جان لارنس کا کام جیسا کہ مین بیان کرچکا ہون شمل اور مقامون کے کامون کے ایسا نہتھا جسمین وہ رات دن مصروف رہتے۔ اور بمقابلہ اور کامون کے یہان کا کام اُنکے ناپسند تھا۔ قبل اسکے کہ وہ اپنے مناسب کام مین مشغول ہوتے یہ ضرور تھا کہ مساحی پیمائش سے تمام علاقہ کی پیمائش کی جاتی اور گانؤن کی حدین قائم ہوتین۔ جب اس کام کو ہندوستانی افسر انجام دے رہے تھے تو اُنھون نے اپنے لیے یہ شغل نکالا کہ رفع قحط کے کامون مین مدد دیتے تھے۔ شجرۂ کشتوار کی نگرانی کرتے تھے جسکی بنیاد پر ترمیم شدہ بندوبست قائم ہونیوالا تھا۔ اور حقوق زمیندار واسامی یا حدبست کے جسقدر مقدمات ہوتے تھے اُنکی نگرانی کرتے تھے۔ اس قسم کا کام اُنکے لیے نیا نہین تھا کیونکہ اُس زمانہ مین ضلع دہلی ایک انقلابی حالت مین تھا اس سبب سے اُنھون نے پانی پت

اور گورگانون مین مہتمم بندوبست کا بہت سا کام گلگیتی کے عہدہ سے شامل کر دیا تھا۔ پانی پت کے معاہدہ مین تو میری بڑی خوش قسمتی ہے کہ مین ایک ایسے شخص کی رائے کو محول کر سکتا ہون جو جان لارنس کے اس مقام کی کارگزاریون کی شہادت اپنے ذاتی تجربہ سے بیان کر سکتا۔ اسیطرح اُاوہ کے معاملہ مین چند تفصیلات اُنکی خدمت اور کارگزاریون کی ایک ایسے انگریز کی زبانی بیان کر سکتا ہون جسکو اُنکی کارروائیون کے دیکھنے کا بڑا موقع ملا تھا اور شاید اُسکے سوا اور کوئی یہ حالات بیان نہین کر سکتا تھا۔ یہ شخص مسٹر ہے کیتھ مین ساکن رائرگی واقع برکشائر ہین اور وہ بیان کرتے ہین کہ۔

"افسوس ہے کہ ۱۸۳۶ء کی بابت جان لارنس کی کارروائیون کا حال بیان کرنے والا سوائے میرے اور کوئی شخص زندہ نہین ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب وہ اور مین دونون آدمی اُاوہ مین ایک جگہ رہتے تھے اور آپس مین بڑا ربط و ضبط تھا۔ وہ مہتمم بندوبست اور مین مجسٹریٹ و کلکٹر تھا۔ یہ ضلع اُس زمانہ مین نیا نیا قائم ہوا تھا اور چونکہ اُس زمانہ مین مکانات بہت کمیاب تھے اس باعث سے جس مکان مین مین تھا اُس سے جان لارنس کا کام بھی نکل سکتا تھا۔ اصل تو یہ ہے کہ ہمنے آپسمین تقسیم کر لیا تھا۔ یہ عہدہ اُنکی پسند تھا۔ کیونکہ وہ پیشتر دہلی کے مختلف علاقون مین بڑی محنت کے کامون مین مشغول رہ چکے تھے لیکن چونکہ رابرٹ برڈ نے جو اُنکے بڑے معترف تھے اُنکو خاص کر کے اس کام کے لیے منتخب کیا تھا تو اس باعث سے اُنھون نے یہ کام قبول کر لیا تھا۔ بندوبست کا ابتدائی کام مہتمم بندوبست کو بہت کم کرنا پڑتا تھا اسوجہ سے کام کا نہونا جان لارنس کو بہت ناگوار تھا۔

مجھ کو اس مقام پر بیان کرنا چاہیے کہ ایک چٹھی مین جو میرے ہاتھ لگ گئی ہے اور جسکو لارنس نے اپنے اسی دوست کے نام ۱۸۳۶ء مین لاہور سے بھیجا تھا اُن مختلف مقامون کا ذکر کرنے کے بعد جہان وہ رخصت گورنمنٹ سے ہندوستان مین واپس آنے کے بعد چند روزہ کام کرتے رہے تھے اپنے اُاوہ کی سرگذشت کا یہ اشارہ کیا ہے "مین نے اس امر کی خاص احتیاط کی کہ اُس تنگنائے اُاوہ سے جسمین مین اور آپ سات برس تک گویا مدفون رہا تھا کنارہ کشی کرون۔ گو یہ ایک معمولی فقرہ ہے لیکن مین اُسکو دو وجہون سے محول کرتا ہون اول یہ کہ اُنکی لکھی ہوئی ہزارہا چٹھیان مین نے بڑی ہوشیاری سے مطالعہ کی ہین اُن سب مین یہی ایک ایسی چٹھی ہے جسمین جان لارنس نے اپنے عہدے کے مقام کا ایک ایسا نام رکھا جو بہت سے سرکاری افسرون کی زبان پر اُس مقام پر مقرر ہوتے ہی جاری ہوگا اور وہ اُسکو کبھی پسند نکرینگے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اُاوہ کے بارے مین بیشک جو اُنھون نے اپنا تنفر ظاہر کیا اور وہ اس لفظ کے اس مقام پر مستعمل ہونے سے معلوم ہو گیا تو اُسکا باعث یہ نہین ہے کہ اُاوہ مین اُنکو زیادہ بیچینی یا دقت پایا کام پڑا ہو بلکہ سبب یہ ہے کہ وہان اُنکو کچھ کام کرنے کے لیے نہین تھا۔ مسٹر کیتھ مین اور آگے چلکر بیان کرتے ہین کہ۔

ص۴ ایسے اُداس مقام مین کبھی کبھی جو سیر و تفریح کا شغل نکلتا تھا اور جو اسوقت بالکل لزکون کا کھیل معلوم ہوتا ہے تو جان لارنس اُسمین بڑے استحفاظ سے شریک ہوتے تھے۔ صبح کیوقت کوٹھی کے سایہ دار اطراف مین بندوق سے کبوترون کا شکار کھیلا جاتا تھا (ہم بلاندیشہ کہسکتے ہین کہ اگر اس تفریح مین سنگدلی قمار بازی یا اس سے بھی زیادہ خراب باتون کو تعلق ہوتا جیسا کہ اور مکروہ جلسون یا قریب ترزمانہ کی صحبتون مین ہوا کرتا ہے تو وہ ہرگز اُسمین شریک نہوتے) تیسرے پہر کو چکر اندازی کی بازی یا برچھے سے خوضون مین پیرنا ہوتا تھا اور اُسمین بقاعدہ طور سے گھوڑدوڑ بھی ہوتی تھی۔ لارنس بندوق بہت اچھی چلاتے تھے لیکن بعد کو دوآبہ جالندھر مین جن جانورون کے شکار کی بابت وہ مشہور ہوے اُنکی نسبت یہ جانور زیادہ حلیم تھے۔ شیرین خرگوش لگڑے اور کالے تیتر ہی جانور تھے۔ وہ میرے نہایت ہی عمدہ دوستون اور رفیقون مین تھے ہماری اور اُنکی عمر برابر تھی اور چونکہ ہم لوگ اپنی خدمت کے متعلق اپنے کامون سے زیادہ دلچسپی رکھتے تھے اس سبب سے بجز اُس حالت کے جب ہم دفتر مین جاتے تھے کبھی جدا نہین ہوتے تھے۔ رات کو ہم دونون کی چارپائیان ایک ہی پنکھے تلے بچھتی تھین۔ مین دیکھا کرتا تھا کہ وہ ایک بڑے صاف اور قطعی طور سے تمام معاملات کی تجویز کیا کرتے تھے اور بڑی مستعدی سے کام مین مصروف ہوتے تھے۔ اس امر خاص اور دوسری باتون مین وہ کرائنوں سے ایسے مشابہ تھے کہ مین اُنکو ڈولیور کرائنوں کہا کرتا تھا اور اُنکے استقلال اور ارادہ کی نسبت جو میرا خیال تھا اُسکو اس خوش طبعی سے بیان کرتا تھا

جان لارنس اور اس بڑے نامور سپاہی سے اور خدا ترس انگریز کے مابین جو مشابہت تھی اُسپر اُسکے اس ابتدائی دوست ہی کو نہین بلکہ اُنکی شبیہ اور مورت بنانیوالون اور بے انتہا دوستون کو بھی حیرت ہوئی اور اب جو جان لارنس اپنی عمر طبعی کو پہونچکر عزت اور ناموری کے ساتھ اس دنیا سے کوچ کر چکے تو یہی امور بیسیون اخبارون جریدون اور گیتون مین بیان کیے گئے ہین۔ لیکن یہ ظاہر کرنا دلچسپی سے خالی نہین ہے کہ یہ نسبت کسقدر ابتدائی ایام مین معلوم کی گئی تھی اور یہ ظاہر کرنا بھی مناسب ہے کہ کس دوست کو پہلے پہل اُنکی طرف توجہ ہوئی کرائنول کی طرح جان لارنس بھی اپنے تمام افعال و اقوال مین اکھڑ اور سیدھے سادے تھے اور کرائنول ہی کیطرح اُنھون نے نمایش کی کبھی پروا نہین کی۔ جو کچھ کہنا ہوا بے تکلف بیان کردیا۔ اپنا راستہ ہمیشہ صاف رکھا خود ہمیشہ گھوڑے کیطرح کام کیا اور دوسرون پر بھی کام مین محنت کرنے کی تاکید کی۔ دیسی لوگ اگر اُنکی محبت نکرتے ہون تو ہوسکتا ہے مگر اُنکی تعظیم و توقیر ضرور کرتے تھے یا بہرحال اُنکے حکم کو واجب التعمیل جانتے تھے۔ وہ لوگ ایسے شخص کی تعظیم کرتے ہین جو اُنکی خطا کی حالت مین معاً اُنکو متنبہ کرے بشرطیکہ وہ خود بھی انصاف پر ہو۔ اور

ص۵ جان لارنس ہمیشہ ایسے ہی رہے۔ اُنکی آواز بلند اور اجلاس رعب دار تھا۔ اُنکی صاف آنکھ سے جو اندر گھسی ہوئی تھی اور ہر شخص پر مہربانی سے نگاہ کرتی تھی اُس وقت اُنسے عجب طرح کا قہر برسنے لگتا تھا جب وہ کسی خیانت بات یا بزدلی یا خطا سے برانگیختہ ہوتے تھے۔ وہ اپنی طبیعت پر حالانکہ تمام لارنسون کی سرشت مین زود مزاجی تھی

قادر تھے لیکن جب جوناکیطرح اُنکو معلوم ہوتا تھا کہ "میرا غصہ بجا ہے" تو اسمین شک نہین کہ اُنکی طبیعت برہم ہوجاتی تھی اُنکے پُرانے مکتبی دوست رابرٹ ٹنگرتی نے جو اُس زمانہ مین کانپور کے مجسٹریٹ تھے اور جنکو جان لارنس کا حال اُنکے ہندوستان مین آنے کے وقت سے معلوم نہین ہوا تھا ایک دیسی افسر محکمہ بندوبست سے جسکو جان نے وہان بھیجا تھا یہ سوال کیے کہ "جان لارنس اٹاوہ مین کسطرح رہے اُنکے بارے مین تمھاری کیا رائے ہے وہ اچھی طرح سے کام کرتے اور تم لوگون سے اچھی طرح کام لیتے ہین یا نہین"۔ ہندوستانی افسر نے کانپ جواب دیا کہ "یہ حضور کیا فرماتے ہین جب وہ غصہ مین ہوتے ہین تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ شیر گرج رہا ہے اور جو عمال کمرہ مین ہوتے ہین اُنکے ہاتھ تھرانے لگتے ہین"۔

جان لارنس اُس زمانہ مین جب سال بھرتک اٹاوہ مین رہے اکثر اپنے افسر بالادست یعنی رابرٹ ٹنگرتی کمشنر آگرہ کی ملاقات کو اُنکے مکان پر جایا کرتے تھے۔ مالی معاملات کے متعلق ہملٹن اُس فریق کے طرفدار تھے جنکے اصول اُس زمانہ کے قواعد کے خلاف تھے اُنکا خیال تھا کہ تعلقداروں اور زمیندارون علی الخصوص راجپوتون مین پوری اور بلکہ راجہ اٹاوہ کے ساتھ بھی زیادتی ہورہی ہے کیونکہ تجویز یہ ہورہی تھی کہ آیندہ سے علاقون پر اُنکا کچھ اختیار نرہے اور اُنکو صرف کچھ فیصدی یا ایک رقم معینہ نقد (مالکانہ) ملاکرے۔ ہملٹن نے یہ بات بیان کی کہ اگر اس قسم کی حکمت عملی اختیار کی گئی تو اُسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ سرکار کو ہندوستانیون سے سررشتہ تعلیم محکمہ پولیس اور تعمیرات مین جو مدد ملاکرتی ہے وہ نہ مل سکیگی۔ اور ان قدرتی فرمانروایون کا اختیار اُنکے ہاتھ سے نکلکر نہایت ہی ناعاقبت اندیش اشخاص یعنی گانون کے مہاجنون اور لین دین رکھنے والون کے ہاتھ مین چلا جائیگا۔ لیکن ان اختلافات آرا سے دونون شخصون کی دوستی مین کوئی خلل نہین پڑا اور جیسا کہ ہم آیندہ چلکر بیان کرینگے ہملٹن اپنے راستہ سے علیحدہ ہوگیا اور جان لارنس کو رخصت فرلو سے واپس آنے کے بعد ایک عمدہ موقع دیا یہ خدمت ایسی تھی جسکے جان لارنس ہمیشہ بزمانہ مابعد مقر ومعترف اور شکرگزار رہے۔

ص ۱۱۴ اٹاوہ مین جان لارنس کو بہ حیثیت مہتمم بندوبست جو ضروری خدمتین انجام کرنا پڑی تھین اُنمین سے ایک خدمت گانون کی حدبندی تھی۔ اسکا موقع اُس وقت آتا تھا جب اُنکے بارے مین کوئی جھگڑا پیدا ہوتا تھا اور وہ دیسی کارپرداز جو عموماً ان کاموں پر مقرر تھے فیصلہ نہین کرسکتے تھے۔ یہ کام اُنکے لیے نیا ہرگز نہین تھا کیونکہ پانی پت مین آنے ہی کے زمانہ سے اُنھون نے ہندوستانیون کی خوبو دریافت کرنا شروع کی تھی علی الخصوص باشندگان دیہات سے جنکے خواص اور بھی عجیب اور جوآبادی کے اصل ارکان تھے۔ اِسکے چالیس برس بعد سترہنری مین نے اپنی مشہور کتاب موسومہ "جماعت مزارعین ممالک شرقی و غربی" مین یہ جو بیان کیا ہے کہ مین نے ہندوستانی صحبتون کا حال دریافت کرنے کی وجہ سے اس کتاب کے لکھنے کی قابلیت پیدا کی تو اُسکا

باعث یہی ہے کہ اس بارے مین لارڈ ولارنس سے انھون نے بہت کچھ بحث مباحثہ کیا تھا۔ اور انھون نے یہ بہت صحیح بیان کیا ہے کہ لارڈ ولارنس جو اس ملک کی اعلیٰ حکمرانی کے قابل اس فضیلت کے ساتھ سمجھے گئے تو یہی وجہ ہے کہ انھون نے بڑے غور و فکر کے ساتھ ہندوستانیون کے خیالات اور دستورات سے آگاہی پیدا کی تھی۔

جان لارنس نے اُدوہ مین سرحدی نزاع کے متعلق ایک ایسے مقدمہ کا فیصلہ کیا تھا جسکا قصہ میرے نزدیک اس مقام پر قابل بیان ہے۔ کیونکہ اول تو اُس سے ایسے ایسے حالات ظاہر ہوتے ہین جو ہماری حکومت کے زمانہ مین بالکل میست و نابود ہوگئے اور دوسرے اُس زمانہ کے مردمیدان کے تحمل فراست اور ثابت قدمی کا حال بہت وضاحت کے ساتھ معلوم ہوتا ہے۔

متنازعہ فیہ سرحد

ہندوستان مین جن باتون کیوجہ سے بکثرت ارتکاب جرم ہوا کرتا ہے اُنمین سب سے زیادہ سرحدی نزاعات کے نتیجے خراب پیدا ہوتے ہین۔ اور ابھی تھوڑا ہی عرصہ گذرا جب تک یہ جھگڑے ملک بھر مین ہر ہر جگہ پیدا ہوتے رہتے تھے اس قسم کی نزاعون مین جو خانہ جنگیان پیدا ہوتی تھین وہ نسلاً بعد نسلٍ اور بطناً بعد بطنٍ چلی آتی تھین اور جانبین سے یکسان متواتر فساد ہوتے تھے۔ اسمین بڑے بڑے سخت ہنگامے برپا ہوتے تھے۔ اور قبل اسکے کہ اِدھر اُدھر کے بہت سے آدمی مقتول و مجروح نہو جائین رفع شر نہین ہوتا تھا اور جب عارضی طور سے سوائے اُس صورت کے کہ سب لوگ راضی ہون کوئی فیصلہ بھی ہو جاتا تھا۔ تو پھر اُس سے اور زیادہ عداوت بڑھجاتی تھی۔ جن مقامات مین اپنے اپنے فرقہ کا خیال نہیں ہوتا تھا وہان یہ فساد قرب و جوار کے تمام گانوون مین پھیل جاتا تھا۔ اور وہان کے باشندے قومیت یا مذہب کے لحاظ سے فریقین کے طرفدار ہو جاتے تھے۔

یہ ایک مشہور بات ہے کہ تمام قومون کے لوگ زمین سے عشق رکھتے ہین اور گانوون کے متعلق ہر ایک شے کو بزرگ سمجھتے ہین۔ اصل مین اپنے اپنے مقامات کی یہ الفت ان لوگون مین بجاے وطن دوستی کے پائی جاتی ہے۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہندوستانی یہ خیال نہین کرتا کہ اُسکا بھی کوئی ملک ہے۔ اسکو ذرا بھی اس امر کی پروا نہین ہوتی کہ دنیا مین کیا ہو رہا ہے اور کون اُسپر حکمران ہے۔ اُسکی رغبت و نفرت امید و بیم یہ سب باتین صرف اُسکے گانوون کے حلقہ تک محدود رہتی ہین باہر جو کچھ ہو رہا ہو نہ اُسکو معلوم ہوتا ہے اور نہ اُسکو معلوم کرنے کا خیال ہے۔ اُسکے ملک پر اسقدر مختلف خاندانون کی سلطنت رہی اور اتنی مرتبہ اُسکے فرمانروا متبدل اور متغیر ہوے کہ اب جب تک اُسکے گانوون کی کوئی بات نہین ہوتی ہے اُسوقت تک وہ کوئی پروا نہین کرتا لیکن اُسکے گانوون پر کوئی حملہ ہوا یا اُسکی اُوسر زمین کے ایک وجب پر بھی کسی نے دعویٰ کیا تو ہر شخص ہتھیار لے لیکر اُسکا قبضہ بحال رکھنے کے لیے جان و مال سے مستعد ہو جاتا ہے۔

ص ۱۱

مندرجۂ ذیل کیفیتین گو کم و بیش طور پر قلمرو برطانیہ کے مختلف حصون پر حاوی ہو سکتی ہین مگر خاص کر کے ممالک مغربی و شمالی اور اس سے بھی زیادہ خصوصیت کے ساتھ اُس قطعہ ملک سے نسبت رکھتی ہین جو دریاے جمنا کے دہنے کنارے واقع ہے۔ یہان کے لوگ آزاد منش اور جنگجو ہین۔ چونکہ یہان ضوابط دیوانی کبھی دست اندازی نہین کی گئی اس سبب سے ہمارے اکثر مقبوضات کی نسبت وہ زیادہ مکمل ہین۔ زمین زرخیز ہے آبپاشی دریا اور نہرون کے پانی سے بخوبی ہو سکتی ہے۔ یہ قطعہ زمین بہت سے مالکون کے درمیان شخصی طور پر تقسیم ہے جو اپنی اراضیات کی آپ ہی کاشت کرتے ہین۔ ہر گانوٗن کے زیادہ تر لوگ یا تو باہمد گر قرابت رکھتے ہین یا بہر حال ہم قوم ہین۔ چونکہ یہ علاقہ سکھون اور راجپوتون کی ریاست کے قریب واقع ہے جہان کے لوگون سے اکثر متواتر فساد ہا کرتا ہے اور ہماری حکومت کے قبل علانیہ جنگ وجدل ہوا کرتی تھی۔ اسواسطے حالات متعلقہ کی جہت سے اب ایک بڑے درجہ تک اُنمین ہم قومی اور ہم جنسی پیدا ہو گئی ہے

پھر اس ملک مین بڑے بڑے قطعات زمین چراگاہون کے طور پر چھوڑ دیے جاتے ہین۔ اُنمین ہر طرح کے لوگ اپنے مویشیون کے بڑے بڑے غول چراتے ہین۔ اراضیات مزروعہ گانوٗن کے گرد یا اُنکے متصل ہوتی ہین۔ اور ہر شخص کی تقسیم یا ملک مین رہتی ہین مگر جو حصۂ زمین چراگاہ کے طور پر چھوڑ دیا جاتا ہے وہ عموماً سب لوگون مین مشترک ہوتا ہے۔ گانوٗن کی حد کے اندر داخل رہتا ہے مگر حد بست کا نشان نہین ہوتا ہے اور اسیوجہ سے اکثر جھگڑے پیدا ہوا کرتے ہین۔

گانوٗن کے چرواہے ہر روز صبح کو دودھ دوہنے کے بعد اپنے مویشی چرانے لیجاتے ہین اور رات کے وقت جبکا جانور ہوتا ہے اُسکے یہان پہونچا دیتے ہین۔ اس چوپایون کے ملک مین گانوٗن والے اکثر ہزارہا مویشی رکھتے ہین۔ جہان مویشی بہت اور چراگاہ کی زمین محدود ہوتی ہے تو چرواہے قرب و جوار کے گانوٗن علی الخصوص اُن مقامات کی زمینون مین دست درازی کرتے ہین جہان کے باشندون کی تعداد اُنکی نسبت کم ہوتی ہے اور جو اُنکے برابر طاقتور نہین ہوتے۔ حدود موضع غلط طور پر شخص تعین اور اسوجہ سے اکثر جھگڑے پیدا ہوا کرتے تھے۔ کبھی کبھی ایسا ص ۱۱۶
ہوتا ہے کہ ایک فریق کے لوگ غاصبون کو متواتر آگاہ کرنے کے بعد اس بات کا قصد کرتے ہین کہ اُنکے مویشی گرفتار کرلین۔ چوپایون کا شور و غل فوراً آگاہ کر دیتا ہے اور تمام گروہ کے لوگ اسطرح سے اکر پھٹ پڑتے ہین جسطرح شہد کے چھتے کی مکھیان بکبارگی نکل آتی ہین۔ مرد عورتین بلکہ بچے تک تلوارین برچھے لاٹھیان غلاصہ یہ کہ جو آلہ اُنکے سامنے آجاتا ہے اُسکو لیکر حفاظت کے لیے دوڑ پڑتے ہین۔ مخالفین کی پشتی پر اُنکے رفقا ہوتے ہین اور ایک بڑا غضبناک معرکہ ہو جاتا ہے زمین متنازعہ فیہ کی قیمت کچھ یون ہی سی ہوتی ہے اور اکثر یہ ہوتا ہے کہ اُسکی کچھ بھی قیمت نہین ہوتی ہے مگر اُن لوگون کو اس سے کچھ بھی بحث نہین۔ یہ ایک ٹوک کی بات سمجھی جاتی ہے اور ہر شخص اس بات کے لیے تیار رہتا ہے کہ چاہے جان رہے یا نرہے مگر موروثی زمین سے یک وجب بھی جانے نہ پائے۔

ان مقدمات کا فیصلہ کرنا نہایت ہی دقت طلب اور دشوار ہے۔ مجسٹریٹ بالکل حیران ہو جاتا ہے دونوں فریق کے گواہ کسی بات کے لیئے جو اُنکے فریقوں کے مفید مطلب ہو حلف اُٹھانے کو تیار رہتے ہین۔ مین نے کئی مرتبہ یہ واقعہ دیکھا کہ اسی سرحدی تکرار کی بدولت کچھ تو مقتول و مجروح ہوے اور کچھ لوگ جو اصل بانی فساد تھے سزا سے بچنے کے لیئے فرار ہو گئے اور بہتیرون کو قید کی سزا ملی پس اسطور پر ایک پارۂ زمین کے لیئے جسکی مالیت شاید چند اٹھنیون سے زیادہ نہوگی گانون بھر کے باشندے تباہ ہو گئے۔

گورنمنٹ برسون سے بخوبی تمام واقف ہوتی چلی آتی تھی کہ ان خرابیون کے سبب سے ملک کے امن اور آسودگی مین فرق آگیا ہے اور اس خیال سے اُسکی دلی خواہش یہ تھی کہ احتیاط کے ساتھ گانون کی حدبندی ہو جائے۔ شمالی صوبون مین سالہا سال سے بقاعدۂ مساحی پیمائش ہوتی چلی آئی ہے اور اب (سنہ ۱۸۴۰ء) قریب الاختتام ہے۔ پیمائش کے پیشتر حدود کی تشخیص ہو گئی اور اُنکا نشان بنا دیا گیا تھا۔ اور اسوجہ سے تمام نزاعین جو اس معاملہ مین پیدا ہوتی تھین فی الجملہ مسدود ہو گئین۔ اسمین شک نہین کہ کبھی کبھی یہ پرانے جھگڑے نکلتے ہی رہتے ہین لیکن بیشتر ایسا نہین ہوتا اور جب ایسا ہوتا بھی ہے تو مقامی افسر نقشہ دیہ کے مطابق بآسانی فیصلہ کر دیتے ہین۔ اور کوئی شر و فساد نہین ہونے پاتا۔

مین اس مقام پر بیان کر سکتا ہون کہ پیمائش کا عمل مین آنا بدرجۂ غایت مفید ہوا کیونکہ اُس سے گورنمنٹ واجبی طور پر مالگزاری اراضیات کی تقسیم کر سکیگی۔ لیکن اگر پیمائش نے حدبندی سے زیادہ فائدہ نہین دیا تو بھی رعایا کو بیقیاس نفع پہونچایا۔ مین بہت برسون تک مختلف اضلاع مین مالگزاری کے حصّے قائم کرنے مین مشغول رہا اور بنجلہ اور خورمات کے مجھکو بندوبست اور گانون کی حدبست کی بھی نگرانی کرنا پڑی۔ اس کام مین معزز ہندوستانی افسر مقرر تھے وہ گانون کا دورہ جاتے اور وہان کے مقدمین کو فراہم کرتے اور اگر کوئی جھگڑا نہین ہوتا تھا تو تمام فریقون کے روبرو کوئلہ گڑوانے یا نشان قائم کرنے کے ذریعہ سے سرحد کی تعین کر دیتے تھے۔ جب کوئی نزاع ہوتی تھی تو افسر مذکور اُسکے تصفیہ کی کوشش کرتا اور اگر یہ اُسکے امکان مین نہوتا تو افسر بالادست کو اُسکی اطلاع کر کے دوسرے گانون کو روانہ ہو جاتا۔ اُسکے بعد اعلیٰ درجہ کے دوسرے
ص۱۱ افسران غیر منفصلہ مقدمات کے تصفیہ کو جاتے اور بڑی تکلیف اور تاخیر کے بعد شاید فیصدی نوے مقدمات کا فیصلہ کر سکتے باقی ماندہ مقدمات انگریزی افسرون کے لیئے اُٹھا رکھے جاتے تھے جو خود بر موقع جاکر ازروے پنچایت یا اور کسیطرح سے فیصلہ کر دیتے

اسطور پر ہزارہا حدبندیان قائم ہو گئین اور ایک مختصر زمانہ مین اُنکا فیصلہ ہو گیا۔ اکثر مقدمات مین جب افسر موقع پر ہوتا ہے تو معاملہ بڑی آسانی سے طے ہو جاتا ہے۔ لیکن مجھکو معلوم ہے کہ بعض صورتون مین صرف ایک سرحدی تکرار کے لیئے کئی دن بلکہ کئی ہفتون تک اُسکو ٹھہرنا پڑتا تھا۔ ایسے مقدمات مین وہ اپنا خیمہ گانون کے قریب نصب کرتا ہے اپنی اور خدمتین انجام کرتا جاتا ہے اور اُس معاملہ کے فیصل ہو جانے تک حتی الامکان بڑے تحمل سے مقیم رہتا ہے۔ اسوقت بڑی دلگی ہوتی ہے جب ہر فریق دسوکا دینے یا فیصلہ کے اپنے خلاف صادر ہونے کے گمان سے یا وصف اس کے

کرتا نہین اُسکو سخت پریشانی ہوتی ہے فیصلہ سے بچنے کے لیے حیلہ جوئی منصوبہ بندی مغالطہ دہی اور دروغ گوئی سے چارہ جوئی کرتا ہے۔ اُسکے لیئے قضیہ کا خود تصفیہ کرنا لاحاصل ہے کیونکہ واقعات سے اُسکو مطلق آگاہی نہین ہوتی اور شہادت لینا بالکل بیکار ہو جاتا ہے۔ اظہارات سے چاہے وہ دفتر کے دفتر سیاہ کر ڈالے مگر اصل حال کچھ معلوم نہوگا بلکہ پہلے سے بھی زیادہ مغالطہ مین پڑ جائیگا۔

مین جانتا ہون کہ ان باتون کی تشریح کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ منجملہ اُن بہت سے مقدمات کے جنمین مجھکو خود جانا پڑا ایک مرتبہ کا حال اس موقع پر بیان کر دون۔

عرصہ کی بات ہے مجھکو ٹھیک ٹھیک یاد نہین ہے مگر شائد یہ مقدمہ تخمیناً بیس سال سے دائر رہتا چلا آیا تھا۔ گو بہت سے افسران ضلع باوقات مختلف موقع پر آئے اور جھگڑے کے فیصل کرنے کی کوشش کی مگر آخر کو تنگ اور عاجز آ کر چلے گئے اِس مقدمہ مین نہایت عمدہ قسم کی کئی سو ایکڑ زمین کی بابت جو ایک دریا کے کنارے واقع تھی تکرار تھی اور اس سبب سے فریقین کی حقیت اور بات اُسپر منحصر تھی دونون مخالف گانؤن مین ایک ہی قوم کے لوگ آباد تھے یہ لوگ اس علاقہ مین بڑے زبردست تھے اور اس سبب سے عوام کا خیال مقدمہ کی طرف بہت رجوع تھا۔ اس مقدمہ کا تصفیہ زیادہ تر اس سبب سے دشوار ہو گیا تھا کہ ایک گانؤن انگریزی عملداری مین اور دوسرا گانؤن قریب کی ایک ہندوستانی ریاست مین واقع تھا۔ چنانچہ اُسکے فیصلہ کے لیئے ضرور تھا کہ گانؤن اور ضلع دونون کی حد بندی قائم ہو۔ دونون گانؤن مین پٹواری تھی۔ سب ملاکر پانچ سو مالکون سے کم نہون گے۔ ان لوگون کے درمیان ہر ہر گانؤن مین آٹھ یا دس ہزار ایکڑ زمین تھی جسپر وہ خود دخیل تھے۔ اور مزروعہ اراضی جدا جدا تقسیم ہو گئی تھی اور اُسپر جداگانہ قبضہ تھا مگر اراضی بنجر شاملاتی تھی جس گانؤن کے لوگ کثرت سے گوہار جمع کرنے کی قدرت رکھتے تھے وہ اس بحث کے قانونی تصفیہ کے ہونے پر رضامند نہ تھے۔ اُنھون نے تمام رقبہ متنازعہ فیہ پر تصرف کر لیا تھا اور اپنا قبضہ ہمیشہ قائم رکھنے کی پوری قوت رکھتے تھے۔ اسواسطے ص۱۱ وہ خیال کرتے تھے کہ جسطرح کا فیصلہ ہوگا اُنکو فائدہ کم اور نقصان بہت پہونچیگا۔

لیکن مین نے اپنے دل مین ٹھان لیا تھا کہ اس تکرار کا ہمیشہ کے لیئے فیصلہ کر دینا چاہیے۔ پس مین نے ہندوستانی رئیس کے نام اس مضمون کی ایک چٹھی بھیجی کہ آپ اپنے کسی معتمد افسر کو مقرر کر دیجیے کہ وہ مجھسے سرحد پر ملے اور اُسکے بعد مین موقع کو روانہ ہوا اور اپنا خیمہ گانؤن کے قریب نصب کرایا۔ رئیس مذکور نے خوشی سے میری تجویز مان لی۔ اور ایک بزرگ سفید ریش جسکی عمر کوئی ستر برس کی ہوگی میرے روبرو حاضر ہوا اور اپنی تقرری کے اسناد دکھانے کے بعد بیان کیا کہ میرے فریق کے لوگ حاضر ہین۔ اور تکرار کے فیصلہ پر آمادہ اور خواہشمند ہین مین یہ سنکر بہت خوش ہوا اور سب کام اُسیوقت بند کر دیے اور دونون گانؤن کے سرغناؤن کو طلب کیا جو زمین پر پالتھی مار مار کر ہمارے گرد آ بیٹھے۔ لیکن مجھکو فریقین کی کیفیت دیکھکر فوراً معلوم ہو گیا کہ مقدمہ کے جلد فیصل ہونے کے آثار نہین

پائے جاتے ہین - اس لحاظ سے مین نے اُنکو آپس مین مباحثہ کرنے کے لیے چند روز کی مہلت دی - لیکن اس بات کا سخت حکم دیا کہ صبح سے شام تک حاضر رہین - جب مین نے خیال کیا کہ اب جانبین کے لوگ ایک دوسرے سے تنگ آگئے ہونگے تو کبھی کبھی جاکر دیکھنے لگا کہ اس معاملہ مین کیا کارروائی ہو رہی ہے - تیسرے دن مجھکو معلوم ہوا کہ معاملہ بدستور ہے وہ گفتگو کرتے کرتے تھک گئے اور اب اکڑو بیٹھے ہوئے صبر کے ساتھ چپ چاپ حقہ پی رہے تھے -

ایسے مقدمات مین معمول ہے کہ چو ایک طرف اور چھ دوسری طرف یہ بارہ پنچ (جوری) مقرر ہوتے ہین - مگر ہر گانون کیطرف سے ایسے ایسے ضدی لوگ مقرر ہوے کہ اس بات کی مایوسی صاف ظاہر ہوگئی کہ اتفاق راے کے ساتھ فیصلہ نہو سکیگا - ایسے بے لوث آدمیون کا جو سرحد کا فیصلہ کرنے کے لیے مقامی حالات سے کافی واقفیت رکھتے دستیاب ہونا تو سخت دشوار تھا - معلوم ہوتا تھا کہ ہر شخص ایک یا دوسرے فریق کا ضرور طرفدار ہے آخر کو جب مین نے دیکھا کہ ان باتون سے کچھ شدنی نہین ہے تو مین نے فریقین کو راے دی کہ وہ اپنے معاملات ایک شخص کے سپرد کردین جسکا فیصلہ قطعی تصور کیا جائے - خواہ ہمارے گانون کے آدمی اُنکے گانون اور خواہ اُنکے گانون کے آدمی ہمارے گانون کا ایک شخص منتخب کرین - اسکو لوگون نے منظور کیا اور اس سبب سے جھگڑے مین کسیقدر تخفیف ہوگئی - اُسکے بعد یہ بحث پیدا ہوئی کہ ثالث کس گانون سے منتخب کیا جائیگا - مین پہلے سمجھا تھا کہ ثالث کے منتخب کرنے مین تردد ہوگا - لیکن برخلاف اسکے ہر فریق کی خواہش یہ ہوئی کہ اُسکے فریق مخالف ہی ثالث کو تجویز کرین کیونکہ اُنکو بخوبی اطمینان تھا کہ دونون گانون مین کسیطرف کا آدمی ایسا کمینہ نہوگا جو پرائے شگون کے لیے اپنی ناک کٹوانے پر رضامند ہو جائیگا - بوڑھا سردار جو میری شرکت مین ہندوستانی ریاست سے کام کرنے آیا تھا ایک بزرگ اور حقیقت مین اپنے طریقہ کا ایک معزز شخص تھا لیکن اُسنے بالکل طرفداری کی اور اپنے رسوخ اور روپیہ کے اپنے فریق کی تائید کے لیے صرف کرنے مین دریغ نہین کیا - اکابر موضع بلکہ بچے بڑے سب یہی چاہتے تھے کہ اس معاملہ کا چاہے جو تصفیہ ہو مگر اُنکو ایک قلیل پارۂ زمین بھی بھلا معلوم ہوتی تھی - اور اُنکو یہ خوف تھا کہ مین اپنے فریق کی کامیابی کے لیے کوشش کر رہا ہون - کیونکہ یہ بات اُنکے خیال مین نہین آتی تھی کہ مین صرف اس بات کا خواستگار تھا کہ سرحد کا جلد تر فیصلہ ہو جاے - خود میرے فریق کے لوگ جو میرے حالات سے اچھی طرح واقف تھے اس بات کا چندان اطمینان نہین رکھتے تھے کہ اُنکے معاملے مین میرے ارادے کیا ہین - اصل تو یہ ہے کہ میری پیشتر کی باتون سے اُنکو خوب معلوم تھا کہ جو امر میرے نزدیک واجب ہوگا اُسکے مطابق فیصلہ کرنے مین مجھکو کوئی تامل نہین ہوگا گو اُسمین اُن لوگون کا کیسا ہی ضرر کیون نہ متصور ہو -

جب فریقین تنگ آگئے تو کمزور فریق کے لوگ یہ دیکھکر کہ اگر وہ فیصلہ کرانے مین قاصر رہے تو پھر کبھی فیصلہ نہوسکیگا آخر کو اس بات پر رضامند ہوگئے کہ اُنکے فریق مخالف کے لوگون کا ایک ثالث مقرر ہو - بریرش گانون کے لوگ جو پیشتر بھی یہی خیال کرتے تھے کہ ہم کو فتح حاصل ہوگی اب سمجھنے لگے کہ ہم کو فتح نمایان حاصل ہوگی - ایک دن اس بات کے لیے مقرر

گیا کہ انتخاب ثالث کے پیشتر آپس مین صلاح کرلی جاے۔ دوسرے دن دس بجے کا وقت اس بات کے لیے مقرر کیا گیا کہ سب لوگ حاضر ہون اور جب یہ وقیع شخص مقرر ہوگیا اور چند کاغذات پر جسکی رو سے فریقین نے اقرار کیا تھا کہ فیصلہ کے پابند رہینگے اور اگر پابندی نکرین تو سخت سزا کے مستوجب ہونگے دستخط ہوگئے تو ہم لوگون کے لیے یہ بات قرار پائی کہ سب کے سب موقع پر جائین اور قرب وجوار کے گانون مین جو معزز لوگ تھے اُنکے سامنے ذاتاً قائم کرنے کا اہتمام کرین۔

اس تجویز کے مطابق دوسرے روز علی الصباح ہر شخص ایک نفیس سایہ دار باغ مین جو میرے خیمہ کے قریب تھا حاضر آیا۔ یہ مقام ایسا پر فضا تھا کہ چارون طرف سے گھرے ہوے خیمہ کی نسبت یہان زیادہ لطف تھا۔ مین فوراً اُن لوگون کے پاس آیا اور طرف ثانی کے لوگون سے کہا کہ وہ اپنے آدمی کو نامزد کرین۔ معزز لوگ سب اُٹھ کھڑے ہوے۔ اور ایک بزرگ سفید ریش نے مجھسے یہ خطاب کیا "اے وحید العصر۔ آپ نے شب گذشتہ جو ہدایتین کی تھین اُسکے مطابق ہم تفریق دارون کی پنچایت ہمارے چوپال مین جمع ہوئی ہے۔ اُنسے ہمنے بیان کیا کہ ایک مشترک مقصد کے لیے حضور کے اجلاس مین بحث کرنے کو ہم لوگون نے کسقدر محنت و تکلیف اُٹھائی۔ ہمنے اُنکو یاد دلایا کہ سالہا سال سے ہم لوگ بطور بیجا اراضیات متنازعہ فیہ کے استعمال سے محروم رہتے چلے آئے ہین ہمنے اُنسے اس امر کی تفصیل بیان کی کہ دادرسی کے لیے ہمنے کسقدر روپیہ صرف کیا اور کچھ فائدہ نہوا۔ ہمنے اُنکو یاد دلایا کہ ہماری طرف کے لوگ ایسے قوی اور زبردست تھے کہ بہت سے صاحب لوگ موقع پر آئے اور سرحد کے فیصلہ مین کوشش کی مگر کچھ فائدہ نہوا۔ ہمنے اُنسے بتلایا کہ اب خدا کی خاص مہربانی اور ہماری خوش قسمتی سے ایک ایسے صاحب آئے ہین جنکی نظر مین دونون فریق یکسان ہین اور جو بے بس فریق پر ظلم نہونے دینگے ہمارے دعوون کے تصفیہ کا بس یہی حق تھا کیونکہ ہمنے اگر اس موقع کو ہاتھ سے نکل جانے دیا تو پھر ہم ہمیشہ اپنے حقوق کے پانے سے محروم رہجائینگے۔ بنابرآن ہمنے تجویز کیا کہ ایک ثالث گووہ ہمارے مخالف گانون ہی کا کیون نہو منتخب کیا جائے لیکن قطعی طور پر ہمنے اُسکی تقرری اس بات کے لیے ملتوی رکھی کہ جو لوگ معاملہ سے سروکار رکھتے ہین اُن سب کی رائین کیجائین۔ اِس کے بعد مقرر نے بیان کیا کہ گانون کے تمام لوگون نے بالاتفاق یہ تجویز قبول کی کہ اگر طرف ثانی کے لوگ رضامند ہون تو مین ثالث کے نامزد کرنے پر آمادہ ہون اور مین نے وعدہ کیا کہ اگر منتخب کیا ہوا شخص فیصلۂ سرحد مین قاصر رہا تو مین خود فیصلہ کرونگا۔ اسپر مین اور میرے گانون کے لوگ رضامند ہوگئے۔ اسکے بعد اُس چودھری نے کہا کہ "ہم صاحب سنگھ ولد بلرام کو اپنا پنچ مقرر کرتے ہین اور ہماری خواہش ہے کہ وہ اپنے اِکلوتے بیٹے کو گود مین لیکر اور اُسکے سر پر ہاتھ رکھکر اس بات کی قسم کھائے کہ مین راستی اور ایمانداری سے سرحد کا فیصلہ کرونگا اگر مین جھوٹی قسم کھاؤن تو میرا بنا بنایا جائے اور میرے کوئی اولاد پیدا نہو جڑ بنیاد سے ستیاناس ہو جاؤن کوئی میرا کریا کرم کرنیوالا باقی نرہے اور آئندہ کے لیے میری نسل منقطع ہوجائے"

مجھکو اس مقام پر بیان کرنا چاہیے کہ تمام قومون مین عموماً اور ہندوون مین خصوصاً مذہبی اعتبار سے صاحب اولاد ہونے کی کوشش کرنا انسان پر پہلا فرض ہے۔ اسطور سے لاولد مرجانا کہ باپ کا کریا کرم کرنے والا کوئی باقی نہ رہ جائے جو سکو

ص۱۲

پت یعنی جہنم سے بچائے یہ ایک بڑی بھاری بدقسمتی کی بات ہے۔ ہندوستانیون کو اپنی آل اولاد سے بڑی محبت ہوتی ہے اور اولاد کی محبت تو حد سے زیادہ ہوتی ہے مجھکو ایک سوداگر کا قصہ اب تک یاد ہے جسکا اکلوتا بیٹا مر گیا تھا۔ اس صدمہ سے بدنصیب باپ کے دماغ مین فتور آگیا بی بی اور دو چھوٹی لڑکیون کو مار ڈالا اور خود پھانسی لگا کر مر گیا۔

القصہ جب بوڑھا آدمی اپنی تقریر ختم کر چکا تو دست بستہ ہو کر پیچھے ہٹا اور اپنے ساتھیون مین جا کر شامل ہو گیا مین نے کہا کہ "کہو صاحب سنگھ تم کیا کہتے ہو تم اس بات پر رضامند ہو یا نہین"۔ صاحب سنگھ ایک خوبصورت مؤدب تیس برس کا آدمی تھا اور ایک مقدم کا بیٹا تھا جسکو مرے ہوئے تھوڑا ہی عرصہ گذرا تھا۔ ہمارے گانون مین وہ بڑے بڑے تمہ گون کا تھوک دار تھا۔ صاحب سنگھ فوراً رضامند ہو گیا۔ تمام دست آویزون پر جو پیشتر سے تیار رکھی تھین اُسوقت دستخط ہوے اور آخر کو معلوم ہوا کہ اب اس معاملہ کے واجبی طور سے فیصل ہو جانے کی تدبیرین درست ہو گئین۔

صاحب سنگھ کے بیٹے کو لانے کے لیے اُسکے مکان پر فوراً ایک اردلی روانہ کیا گیا۔ آدھے گھنٹہ تک انتظار کرنے کے بعد ایک اور اردلی بھیجا گیا لیکن ہنوز کسی لڑکے کی صورت دکھائی نہ پڑی آخر کو جب ایک گھنٹہ سے زیادہ عرصہ گذر گیا تو دونون اردلی واپس آئے اور بیان کیا کہ لڑکا نہین ملتا اور لڑکے کی ماں اور دادی دونون کتنی ہین کچھ معلوم نہین وہ کیا ہوا۔ اب یہ ہمارے کام مین ایک نئی مشکل پڑی۔ باایں ہمہ چونکہ مین لوگون کے طریقون سے بخوبی واقف ہونے کی وجہ سے بآسانی دھوکے مین نہین آسکتا تھا اسواسطے مین نے اپنے فریق کے لوگون سے کہا کہ تم اپنے غول کے دو آدمی لڑکے کی تلاش مین بھیجو اسکے لیے مین آدھ گھنٹہ کی مہلت دیتا ہون اگر اس عرصہ مین لڑکے کو پیش نہ کرو گے تو مین خود فیصلہ کر دونگا۔ اسپر وہ دو اردلیون کو ہمراہ لیکر شتابی سے دوڑے گئے اور تھوڑی دیر کے بعد لڑکے کو لیکر واپس آئے جسکو شاید اُسکی ماں نے کسی چوبی صندوق مین چھپا دیا تھا مگر جب مقدم نے دھمکایا تو حوالہ کر دیا۔ مین بہت ہی خوش ہوا اور لوگون سے کہا کہ اپنے کام کو چلو انھون نے بظاہر صدق دلی سے جواب دیا کہ جسقدر حضور کو اشتیاق ہے اُسی قدر ہماری بھی خواہش ہے کہ مقدمہ کی تنقیح ہو جاوے اور بجز انصاف کے ہم کو کچھ اور مقصود نہیں ہے

چونکہ زیادہ وقت ضایع کرنا منظور نہین تھا اسوجہ سے ہم سب لوگ اپنے گھوڑون پر سوار ہوے۔ چھوٹا لڑکا بوڑھے سردار کے ساتھ ہاتھی پر سوار کرایا گیا۔ گانون والے سیکڑون ہمراہ ہوے۔ بیتیرے اپنے یہان کی پیدا ہوئی گھوڑیون پر سوار اور اکثر پیادہ پا چلے اور ہم سب لوگ اس حیثیت سے سرحد متنازعہ فیہ کی طرف روانہ ہوے۔ جبتک پر ہو کر ہم جاتے تھے وہ گانون کے پاس ہو کر نکلی تھی اور جیسے ہی ہم وہان پہونچے کئی سو عورتون کا غول جنکے آگے آگے صاحب سنگھ کی ماں اور بی بی تھی ہم کو ملا اور یہ سب عورتین ضد کرنے لگین کہ ہمارا بچہ ہمکو دیدو۔ صاحب سنگھ مقدم اور خود مجھکو اپنی ہندوستانی زبان مین جو مغلظات سے بھری ہوئی تھی صدہا گالیان دینا شروع کین۔ اُسوقت وہ ہنگامہ مچا ہوا تھا جسکا بیان نہین ہو سکتا یہ عورتین اپنی چھاتی پیٹتی تھین سر کے بال نوچے ڈالتی تھین اور اسقدر نالہ و فریاد کر رہی تھین

کہ ہوا گونج اُٹھی تھی۔ تھوڑی دیر تک تو گالیون کی بھرمار کے سوا مجھکو کچھ سنائی نہ دیا لیکن آخر کو معلوم ہوا کہ عورتون کو یقین کامل تھا کہ صاحب سنگھ کے فیصلہ سے لڑکے کی جان جائیگی اور وہ ٹھانے ہوئی تھین کہ جسطرح ہوگا لڑکے کو ضرور بچا دینگے۔ مین نے اُنسے کہا کہ یہ سب باتین باپ پر منحصر ہین لڑکے کی جان اُسکے اختیار مین ہے یہ ممکن نہین کہ وہ منصفانہ فیصلہ کے سوا کچھ اور کرے اور ایسی حالت مین لڑکے کیطرف سے کوئی اندیشہ کی بات نہین ہے۔ مگر ان باتون کا کچھ فائدہ نہین ہوا۔ انکی تسلی سے دلجمعی نہین ہوتی تھی اور رو رو کر منت و آرزو کرتی تھین کہ بچہ اُسکی مان کے حوالہ کردو صاحب سنگھ اس درمیان مین اپنے گھوڑے پر چپکا بیٹھا رہا اور کسیطرح مدد نہین دی۔ جب مین نے دیکھا کہ سمجھانے کا کوئی فائدہ نہین ہوتا تو مین نے حکم دیا کہ سوارون کا غول آگے بڑھے اسپر ان مردانہ عورتون نے میرے گھوڑے کی باگ پکڑلی اور کہا کہ جب تک بچہ کو ہمارے حوالہ نکروگے اُسوقت تک ہم آگے نہ بڑھنے دینگے۔ آخر کو بڑی دقت اور تاخیر کے بعد ہکوان بی بیون سے چھٹکارا ملا اصل تو یہ ہے کہ اگر لڑکا ایسی جگہ نہ بٹھا دیا گیا ہوتا جہان اُنکا کچھ قابو چل نہین سکتا تھا تو میرے نزدیک وہ ضرور چھین لیجاتین۔

ایسمین شک نہین کہ اکثر لوگ میری اس کارروائی پر معترض ہون گے کہ تم نے لوگون کے اس بدبخت تعصب مین کیون دست اندازی کی مگر مین اُسکا جواب یہ دیتا ہون کہ یہ قسم خود انھین لوگون کی تجویز کی ہوئی تھی مین نے نہین تجویز کی تھی اور اگر اُسمین ذرا بھی کوتاہی ہوتی تو فریقین متعلقۂ مقدمہ کا ہرگز اطمینان نہوتا۔ اُنھون نے اکثر اپنے مذہب کی مختلف بیہودگیون پر مجھکو ہنستے دیکھا تھا۔ ایسے موقعون پر مین نے اُنکے ساتھ دلیلین کین مگر بیہودہ ہوتین۔ وہ کہتے تھے کہ "آپ انگریز بڑے عقلمند ہین اسکو ہم تسلیم کرینگے لیکن آپ ہمارے مذہب کو نہین سمجھتے"۔ فی الواقع جہان تک میرا تجربہ ہے ایسے مباحثون مین وقت اور محنت صرف کرنا محض بیکار ہے۔ اگر کبھی کسی طریقہ سے ہندوستانی لوگ راہ راست پر آسکتے ہین اور اُنکے خیالات کا تصفیہ ہوسکتا ہے تو وہ طریقہ یہی ہے کہ اطفال کی تعلیم مین بتدریج ترقی کیجائے۔ بالغ آدمیون کے عقائد بدلنے مین آج تک جو کوششین ہوئین اُنمین ناکامی ہوئی مجھکو اندیشہ ہے کہ یہ ناکامی ہمیشہ اسیطرح ہوتی رہیگی۔ ص۱۲۲

الغرض اپنے حملہ آورون کو ادھر اُدھر کرکے ہنسنے شتابی سے سرحد کی راہ لی اور دونون گانون کی غیر متنازعہ فیہ سرحد پر موقع کو قرار واقعی طور سے جانچنے اور شناخت کرنے کے بعد صاحب سنگھ سے کہا گیا کہ ثالث کی حیثیت سے جو کام اُسپر فرض تھا اُس کو ادا کرے یعنی اپنے لڑکے کو گودمین لیکر یہ بتلادے کہ پرانی سرحد کون ہے۔ اس قسم کے بامحاثون مین ثالثون کا معمول ہے کہ بشرط ضرورت اردگرد کے علاقہ کی حدون اور کیفیتون کو جانچتے ہین اور اُسکے بعد جب اطمینان ہوجاتا ہے تو دونون گانون کی غیر متنازعہ فیہ زمین کی نشان دہی شروع کرتے ہین یا اگر کل حد پر تنازع ہوا تو تھوک سے ابتدا کرتے ہین۔ اس جگہ سے ثالث آگے بڑھتا ہے اور جہان ہوکر وہ جاوے وہی حد قرار پاتی ہے۔ یہ بچہ کو اختیار رہتا ہے کہ فریقین سے سوال کرے یا جوابات اُنکو ضروری معلوم ہوا اُنکو پوچھے مگر یہ بہت کم ہوتا ہے کیونکہ جو شخص منتخب کیا جاتا ہے وہ عموماً اسی خیال سے کیا جاتا ہے کہ اُسکو مقامی حالات سے بخوبی آگاہی حاصل ہوگی۔ مجھکو یقین کامل ہے کہ اس مقدمہ

خاص مین پرتاب سنگھ ہی کو نہین بلکہ دونون گانون کے ہر شخص کو اصل قدیمی سرحد اچھی طرح سے معلوم تھی۔

صاحب سنگھ آگے بڑھکر کھڑا ہوا اپنے بچہ کو گود مین لیا۔ اُسکی طرف دیکھا پھر اُس انبوہ کیطرف جو اُسکے چارون طرف جمع تھا نظر کی اور ایک بار پھر اپنے بچہ کیطرف نخست پھیرا اور چند لمحہ تامل کرنے کے بعد چیکے سے اُسکو ٹھہا دیا اور کہا کہ "مین سرحد کا فیصلہ نہین کرسکتا"۔ اکیطرف کے لوگ تو سب کے سب بڑبڑانے لگے اور دوسری طرف کے لوگون نے کسیقدر دبی زبان سے تحسین کا نعرہ مارا۔ مین گھوڑا بڑھاکر فوراً وہان پہونچا اور کہا کہ "لے بس صاحب سنگھ اور مرچلے آؤ یہ بچ نہین چلیگا تمکو یا تو سرحد کا فیصلہ کرنا پڑیگا اور اگر یہ نہین تو اُسکا خمیازہ اُٹھانا پڑیگا"۔ صاحب سنگھ نے اپنے کو زمین پر گرا دیا اور چلایا کہ "حضور چاہین مجھکو پارہ پارہ کرین چاہین بوٹی بوٹی کاٹ ڈالین چاہے جو کچھ کرین مگر مین ہرگز ہرگز سرحد کا فیصلہ نہین کرونگا"۔ مین نے جواب دیا "بہت اچھا" اور اُسکے فریق کے مقدم کیطرف متوجہ ہوکر کہا کہ "تمھارے سب حیلے حوالہ ہو چکے تم مجھکو موقع پر لائے اور اب سرحد کا فیصلہ کیا جائیگا۔ مین تمکو ایک گھڑی (چوبیس منٹ) کی مہلت دیتا ہون اگر تم صاحب سنگھ کو اُس کام پر راضی کرلوگے جسکو اُسنے خود خوشی سے قبول کیا تھا اور جو تمنے طرف ثانی کے کسی آدمیون کیواسطے نہین مانا اور جسکو اُنھون نے بطور آخری تدبیر کے تمھارے حوالہ کیا تو خیریت ہے ورنہ مین خود سرحد کا فیصلہ کردونگا اور تمکو خوب معلوم ہے کہ اِسکا نتیجہ کیا ہوگا"۔

یہ کہکر اپنے گھوڑے سے نیچے کود پڑا باگ سائیس کے حوالہ کردی اور خود بیٹھکر چرٹ پینے لگا۔ چرٹ پینے کے وقت یہ سوچتا جاتا تھا کہ اس موقع پر جب گمان غالب یہی ہے کہ صاحب سنگھ سرحد کا فیصلہ نکریگا مجھکو کیا کرنا مناسب ہے۔

بعض وجوہ سے مین رضامند تھا کہ خود فیصلہ کرنے کا ذمہ اُٹھاؤن۔ ان مباحثون سے جو کچھ حالات مجھکو معلوم ہوچکے اُنسے قرار واقعی مجھکو اطمینان ہوگیا تھا کہ میرا ہی فریق مظلوم تھا۔ ہمارے مخالفین نے اپنا مقدمہ ایک اعتبار سے مجھپر چھوڑدیا تھا اور مجھکو افسوس ہوا کہ اُنکو نقصان پہونچے۔ اپنے دل مین مجھکو اطمینان ہوگیا تھا کہ ثالث کا ارادہ یہ ہے کہ وہ اپنے فریق کے مفید مطلب سرحد کا فیصلہ کرے۔ اُس فریق کا یہ تردد کہ صاحب سنگھ ضرور کارروائی کرے بحث کے وقت اُسکا خود سکوت مین آنا اور عورتون کا بچہ کیواسطے اندیشہ کرنا ان سب باتون سے صاف صاف ظاہر ہوتا تھا کہ ثالثی کا نتیجہ بگمان غالب کیا ہوگا۔ یہ سچ ہے کہ مین قدیم تھوکون کے اصل نشانون کو دریافت نہین کرسکتا تھا لیکن دونون فریقون سے یہ دریافت کرکے کہ وہ اپنے اپنے حقوق کہانتک خیال کرتے ہین اور قرب وجوار کے گانوون کے معززا کابر سے پوچھکر ایسا فیصلہ کرسکتا تھا کہ قریب قریب اصل موقع پر سرحد قرار پاجاتی۔ لیکن اس طرح کا فیصلہ عام پسند نہوتا۔ اُسکو خود میری ہی طرف کے لوگ ناپسند کرتے اور گو مجھکو اسکی مطلق پروا نہ تھی مگر اس امر کا غالب گمان تھا کہ آیندہ پھر تکرار ہوتی اور کچھ بعید تھا کہ آیندہ کسیوقت یہ سرحد برباد کردی جاتی۔

یہ ایک بڑا ضروری امر تھا کہ اگر ممکن ہو تو ایسا فیصلہ کیا جائے جو عام رائے پر مبنی ہو اور وہ چونکہ خود انھین کا کیا ہوا ہوگا تو انکو اُسکی خلاف ورزی کرتے ہوئے شرم آئیگی۔ الغرض مطلب یہ تھا کہ کوئی ایسا بندوبست کیا جائے جس سے کسی فریق کو واجبی طور سے اعتراض کرنے کی گنجائش نہو اور اُسکے باعث سے ضلع کے ایک اس حصہ مین امن وامان اور خاموشی کے

اور یہ بات جسقدر صاحب سنگھ کے فیصلہ سے متصور تھی اُسقدر اور کسی کے فیصلہ سے نہین ممکن تھی۔ اگر وہ اپنے فریق کے خلاف فیصلہ کرتا تو پھر وہ کبھی کچھ عذر نہ کر سکتے اور اگر طرف ثانی کا نقصان ہوتا تو یہ امر خود اُنکے کہنے سے کیا گیا تھا اور پھر یہ بھی تھا کہ پیشتر کی نسبت کچھ نہ کچھ فائدہ ہی ہوتا نقصان نہوتا۔

ادھر تو مین اپنے دل مین یہ باتین سوچ رہا تھا اور اُدھر اب تب مقدمین کو سرگوشیان کرتے اور ایک طرف صاحب سنگھ سے باتین کرتے سنتا جاتا تھا۔ ظاہر اوہ لوگ اُس سے اصرار کر رہے بلکہ دھمکی بھی دیتے تھے مگر وہ صاف انکار کرتا جاتا تھا آخر کو صاحب سنگھ نے جھپٹ کر یہ کہنا شروع کیا کہ "تم سب کے سب دو فصلے بمعاش ہو تم چاہتے ہو کہ مین تمہاری حد کے لیے اپنے بچہ کی جان ہلاک کرڈالون تم صاحب سے کچھ کہتے ہو اور مجھسے کچھ کہتے ہو۔ تم نے مجھکو مجبور کر دیا ہے سو مین فیصلہ کر دونگا مگر میرا فیصلہ ایسا ہوگا جو تمھارے حق مین بہتر نہوگا" یہ کہکر اُسنے شتابی سے مٹیچے کو گود مین لیا اور چلا کر کہا کہ "مین تیار ہون اور سرحد بتا دونگا"۔ اُسکی آواز سن کر مین کھڑا ہو گیا اور اُسکے جوش کو دیکھکر مین نے خیال کیا کہ وہ بظاہر بڑی گرمجوشی مین ہے اور اُس سے کہا کہ "شاباش صاحب سنگھ شاباش۔ تم ان لوگون کی طرف سے کچھ اندیشہ نہ کرو مین تمھاری حفاظت کرونگا مجھکو صرف اتنا بتا دو کہ اصل سرحد کون تھی"۔ ص۱۲۴

اب ہر شخص ہمہ تن چشم و گوش بن کر توجہ کرنے لگا۔ بعض مقامات پر چونکہ گھاس بہت اونچی لگی تھی اسوجہ سے صاحب سنگھ اپنے گھوڑے پر سوار ہوا بچے کو اپنے آگے بٹھالیا اور میرا ایک اردلی گھوڑے کی لگام تھام کر اُسکی ہدایت کے مطابق لیچلا ہم سوار ہوے چلے جاتے تھے اور قبل اسکے کہ ایک خاص مقام پر پہونچتے یہ کوئی نہین جانتا تھا کہ وہ کیا کارروائی کریگا لیکن جب وہ اُس نشان سے گذرا اور داہنے ہاتھ کی سمت گھوما تو ہمارے گانوں والون کی طرف سے لعنت ملامت کا شور بلند ہوا جس سے معلوم ہوا کہ صاحب سنگھ نے اپنی عمر بھر مین کم سے کم ایک مرتبہ راستی کا کام کیا ہے۔ مین نے پکار کر کہا "کچھ پروا نہین۔ صاحب سنگھ تم ان لوگون کی طرف مت خیال کرو"۔ لیکن جو ہنگامہ اسکے بعد برپا ہوا وہ بڑے غضب کا تھا۔ گانوں والون نے اُپر تھپر اور رسّی کے ڈھیلے مارنا شروع کیے اور چارون طرف سے اُسکو دھاوا مین ڈالنے لگے۔ میرے ساتھ کچھ سوار اور اُنکے دو چند پیادے تھے اُنھون نے اُس انبوہ کے روکنے کی کوشش کی۔ مین نے بھی شور غل مچایا اور دھمکی دی مگر کچھ فائدہ نہوا کیونکہ ہنگامہ ایسا برپا تھا کہ میری آواز سنائی نہ دی اگرچند لمحہ کا اور وقفہ ہوتا تو یہ لوگ صاحب سنگھ کو اُسکے گھوڑے سے کھینچ ہی لیتے۔ جب مین نے یہ حالت دیکھی تو گھوڑا بڑھا کر ایک مسند کے نزدیک گیا جو اپنے فریق سے آگے تھا اور اُنکو حملہ کرنے کی ترغیب اور اشتعالک دے رہا تھا۔ اس شخص کو کچھ خوف نہ آیا اور اپنی جگہ پر کھڑا رہا۔ مین نے دیکھا کہ عین وقت یہی ہے اور اسی پر تمام باتون کا دارمدار ہے اسلیے مین نے اپنا چاک اُسکی طرف سے اُسکے سر پر اس زور سے مارا کہ وہ فوراً گر پڑا۔ جو لوگ اُسکے پیچھے آتے تھے جب اُنھون نے یہ کیفیت دیکھی تو فوراً پچھلے پیرون بھاگ گئے۔ جھٹ پٹ امن ہو گیا اور انتہا تک نشانہ ہی ہو گئی کچھ اور خلل اندازی نہین ہونے پائی۔

جب سرحد کی تعیین ہوگئی تو سب معاملات درستی پر آگئے - جابجا کوتلا دفن کر دیا گیا اور جن جن خاص مقامات پر سرحدی خط گھوما تھا وہان وہان مضبوط ستون پچکاری کے بنا دیے گئے سرحد کا نقشہ گو اندازی طور کا تھا مگر جلد تیار کر کے باضابطہ داخل دفتر ہوا - کسی نے اسمین کچھ تعرض نہین کیا - وہ سارا جھگڑا تمام ہوگیا جسمین فریقین نے بڑے بڑے زور مارے تھے - ہمارے فریق کے خلاف جو فیصلہ صادر ہوا تو یہ اسکی غفلت نہین بلکہ نصیب کی بات تھی - اسکے چند روز بعد صاحب سنگھ سیری ملاقات کو آیا اور دریافت کرنے پر اُسنے بیان کیا کہ گو بعض لوگ شاکی ہین مگر فی الجملہ سب خوش ہین - ظاہرا عام لوگون کو یہ خیال ہوا کہ "وہ اور کیا کر سکتا تھا یہ ممکن نہ تھا کہ وہ اپنے بچہ کو ہلاک کرا دیتا" - اصل باعث یہ تھا کہ صاحب سنگھ کے دوست اور رشتہ دار گانون مین زبردست تھے - چنانچہ جو لوگ کمال برہم تھے وہ بھی بمجبوری اس عام نقصان میں پر رضامند ہوگئے - شیر سنگھ جسکا سارا سری مین مین نے سر توڑا تھا وہ بھی میری واپسی کے قبل میری ملاقات کو آیا - ان حضرت کو ظاہرا اپنا سر توڑانے پر بڑا ناز تھا - مین نے تنبیہا اُس سے کہا کہ "شیر سنگھ دیکھو یاد رکھنا اب پھر کبھی اسطرح کا فساد نہ کرنا اُس روز بڑی خیریت ہوئی کہ تم زندہ بچگئے" اُسنے مسکرا کر جواب دیا "جی ہان وہ موقع ہی ایسا ہی تھا - اگر اُس روز مین مخالفت نہ کرتا تو گانون مین مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہتا - حضور کی وہ ضرب بہت بھاری تھی لیکن اُسنے میری آبرو رکھ لی ہر شخص نے یہی کہا کہ مین گانون کے حقوق کا سچا مددگار ہون - خدا حضور کی ہزار ہا برس کی زندگی کرے - لیکن کچھ کبھی ایسی بھاری ضربت لگائیے گا" - خاتمہ پر مجھکو بیان کرنا مناسب ہے کہ اس فیصلہ اور اسکے عملدرآمد کے طریقہ کی دور و نزدیک کے ہر مقام پر بڑی تعریف ہوئی اور اُس سے بھی بہتر یہ ہوا کہ اس طرح کی اور نزاعات کے تصفیہ مین آسانی ہوگئی - اُن ایام مین پھر اور کوئی سرحدی جھگڑا ایسا نہین ہوا جسمین مجھکو جانا پڑتا - مقام دہلی مورخہ ۲۰ - مارچ ۱۸۴۵ء

اور آخر مارچ ۱۸۳۹ء مین قبل اسکے کہ جان لارنس کو اُاوہ کے بندوبست کے کام کا ایک مشکل حصہ انجام کرنا پڑا تھا وہ اور اُنکے دوست کیومن صاحب دونون سخت علیل ہوگئے اور کمیارگی ضلع اپنے کلکٹر اور افسر بندوبست کے کامون سے محروم ہوگیا - کیومن صاحب کو پہلے شفا ہونے والی تھی اور وہ فوراً آبو آباد کیطرف روانہ ہوگئے جہان کی آب و ہوا یہان کی نسبت تندرستی کے حق مین زیادہ مفید تھی لیکن جان لارنس کی علالت کمین زیادہ سخت تھی - اُنکو صحرائی بخار ہوگیا تھا - ایک مہینے کے قریب تک اُنکی زندگی محظور رہی اور کچھ دنون تو اُمید زیست منقطع ہوگئی تھی - اور مین اس مقام پر ایک ایسے قصّے کو بیان کر سکتا ہون جسکو وہ خود کہا کرتے تھے اور اُس سے اُنکی مستعدی اور ثابت قدمی بھی کچھ کم ظاہر نہین ہوتی ہے - اُنکو ایام شباب اور جوانی کی امنگ مین لوگون نے اکثر یہ کہتے ہوے سُنا ہوگا کہ اگر انسان حوصلہ کرے تو مجھکو یقین ہے کہ وہ اپنے کو مرنے نہ دے - لیکن اب اُنکی حالت روز بروز ابتر ہوتی جاتی تھی اور معلوم ہوتا تھا کہ وہ بالکل بیدل ہوگئے ہین ایک روز اُس ڈاکٹر نے جو اُنکا معالج تھا اُنسے کہا کہ مجھکو اندیشہ ہے کہ شاید آپکو اب دوسری صبح زندگی مین نہو گی

اور

اور اسلیے اُنسے رخصت ہوکر چلا گیا۔ ڈاکٹر کا جانا تھا کہ وہ یکبارگی اپنے ایک بڑے ضروری کام کے لیے اوٹھ بیٹھے۔ اُنھون نے کہا کہ میرے ولپسند مقولہ کے امتحان کا بس یہی وقت ہے۔ اُنھون نے ارادہ کیا کہ مین اپنے کو مرنے نہ دونگا اور برگنڈی شراب کا ایک بکس جو اُن کے پلنگ کے نیچے رکھا تھا اُسمین سے ایک بوتل لانے کے لیے اپنے خدمتگار سے کہا۔ وہ اُس بوتل کو چڑھا گئے۔ اور دوسرے روز جب ڈاکٹر دستور کے مطابق آیا اور دل مین یہ امید رکھتا تھا کہ مریض کا کام تمام ہوگیا ہوگا تو اُسنے دیکھا کہ جان لارنس کپڑے پہنے ہوے میز لگائے بیٹھے ہین ہوش وحواس بخوبی درست ہین اور درحقیقت اپنے کاغذات بندوبست کا ملاحظہ کر رہے ہین۔ صفحہ ۱۱۲

کتابون مین لکھا ہے کہ شاہنشاہان روم مین ایک نہایت نیک مضرباد شاہ نے جو عمر بھر اپنے فرائض منصبی کے انجام کرنے مین ساعی رہا تھا جب دیکھا کہ اُسکی موت قریب آگئی ہے تو اُسنے اپنے نگہبانون کو حکم دیا کہ مجھکو سیدھا کھڑا کردو کیونکہ بادشاہ کے لیے لازم ہے کہ وہ کھڑے کھڑے مرجائے"۔ اور دراصل اسی طرح وہ مرگیا بیشک یہ ایک شاہانہ ارادہ تھا جان لارنس کا نتیجہ کچھ اور ہوا لیکن ہمت اولوالعزمی تیزفہمی اور محبتون کا وہ زور جو جسمانی قوتون کے فوت ہوتے ہوتے زائل نہین ہوتا۔ (بلکہ اُس مشکل کے وقت مین اور بھی تیز ہو جاتا ہے اور یقیناً بعد مرگ بھی باقی رہتا ہے) دونون مین یکسان باقی رہا تھا۔ شاہنشاہ رومی اپنا کام کرچکا تھا اور اب اُسکے لیے صرف یہی ایک بات باقی رہگئی تھی کہ ایک شاہنشاہ اور جوانمرد کی طرح مرجاے۔ اور لارنس نے خود اُنکو خیال ہو خواہ نہو (اور یہ ممکن نہین کہ اُنکو خیال نہو) اپنے کارعظیم کی اب تیاری ختم کی تھی شاعر کہتا ہے کہ۔

"اگر انسان چاہے تو مرتے مرتے ایک نہ ایک ناموری کا کام کرسکتا ہے۔
اسکو دیوتاؤن سے جھگڑنا نہ کینگے جو اُسکے لیے نازیبا ہو۔

اگرچہ عالم شیب مین قوت بہت گھٹ جاتی ہے مگر اُس پر بھی کام کرنے کے لیے بہت کچھ باقی رہ جاتی ہے اسوقت وہ قوت تو آنے سے رہی جب انسان زمین آسمان کے قلابے ایک مین ملاتا تھا اور یہ بھی صحیح ہے کہ اس عالم مین جو قوت ہے وہی رہیگی لیکن پھر بھی یہ بہت ہے۔

اسوقت مین بھی ہمارا بہادر دل وہی رہتا ہے گو کبرسنی اور دوسرے مقدرات کی وجہ سے بہت ضعیف ہوجاتا ہے۔

پس ہمکو چاہیے کہ ہمت باندھکر جدوجہد اور کدوکاوش کرین یہ نہین کہ مردہ بنکر بیٹھ رہین"۔

جان لارنس کے دل مین اُسوقت یہ خیالات تھے اور وہ حقیقت مین واجبی تھے۔ اگر یہ یا اس قسم کے دوسرے خیالات اُنکے دل مین آئے تو اُنھون نے کرکے بھی اُنکو دکھلا دیا۔ اور اگر ایسا نہین ہوا تو جو ہمت جانبازی اور خاصہ طبیعت اُن خیالات سے ظاہر ہوتا ہے وہ سب اُنمین موجود تھے اور بہرکیف وہ اتنی مدت تک

بخوبی زندہ رہے جس سے بدرجۂ اولیٰ اُنکی تصدیق ہو جاتی ۔

جب اُنکو بیماری سے اسقدر افاقہ ہو گیا کہ نقل و حرکت کی صعوبت اُٹھا سکتے تو آخری مرتبہ کے لیے ویرانہ قدیم اناوہ کی مانوس و مربوط گلیون کیطرف سے گاڑی کی سواری پر گھاٹ تک لائے اور ایک کشتی پر سوار کرا کے گئے
ص ۱۲ اور اپنے دوست بیجرِ رائن کے ساتھ جو اُنکی علالت کی حالت مین اُنکے تیمار دار رہے تھے دریاے جمنا کے شفاف اور سرد دھارے پر الہ آباد کیطرف کوچ کیا ۔ یہان آکر پھر وہ اپنے دوست کیپٹن صاحب سے ملے جو چند روز قبل ایک تاؤ پر سوار ہو کر یہان پہونچ گئے تھے اور پندرہ دن کے عرصہ مین اُس سفر کو ختم کیا تھا ۔ ۱۹ ۔ نومبر کو سب ملکر براہ دریاے گنگا کلکتہ کو روانہ ہوے ۔ تبدیل آب و ہوا اور فرصت آرام کی وجہ سے پھر تندرستی اور طاقت عود کر آئی اور بقول کیپٹن صاحب "مدتون بھوکھون مرنے کے بعد اب ایک شتر مرغ کی اشتہا پیدا ہو گئی" ۔ غازی پور مین رابرٹ ٹکر سے جو بعد کو ایام غدر مین اپنے مکان پر مارے گئے تھے ملاقات ہوئی ۔ یہ لوگ ایک روز اُنکے مہمان رہے دوسرے روز دینا پورا اور تیسرے دن مونگیر مین قیام ہوا ۔ مونگیر کے سبزہ زار کی خوب سیر ہوئی جو بیشتر قلعہ کا اندرونی حصہ تھا اور جہان سے سنسن گویان چلتی ایک رات چندر نگر مین بھی بسر ہوئی اور ۲۲ ۔ دسمبر کو سب کے سب کلکتہ مین داخل اور اینڈیسٹن ہوٹل مین فروکش ہوے یہان جان لارنس پھر نہایت علیل ہو گئے اور بعد صحت ڈاکٹر نے صلاح دی کہ آپ تین برس کی رخصت فرلو لیکر ولایت جائیے ۔ ناتوانی کی وجہ سے تین مہینے تک کلکتہ مین رہے اور تین مہینے اور دریا کے سفر مین گذرے ۔ اس مدت کے گذرنے کے بعد ماہ جون ۱۸۴۰ء مین داخل انگلستان ہوے ۔

الغرض اس مقام پر جان لارنس کی کارگزاری ہندوستان کی ابتدائی نوبت یعنی تربیت اور کار آموزی کا زمانہ ختم ہوا ۔ اُنھون نے اپنے تمام مدارج جو نوجوان سولیئرون کی تعلیم کے ہین بسبیل ترتیب نہین بلکہ جیسا اکثر علاقہ دہلی مین واقع ہوا اسطور سے طے کیے کہ کبھی کچھ سیکھا کبھی کچھ حاصل کیا اور یہ سب کام ایسے مخلوط طور پر کیے کہ نہایت ہی قلیل عرصہ مین اُنکو انتہا مرتبہ کا تجربہ اور طرح طرح کے کامون سے واقفیت حاصل ہو گئی ۔ دہلی پانی پت گوڑگانون تانا جس جس مقام پر وہ گئے خوش نصیب رہے اور ابتک جن اعلیٰ افسرون یا ساتھیون سے سابقہ رہا اُنکی طرف سے بھی خوش نصیب رہے ۔ لیکن بس اسی حد تک اُنکی خوش نصیبی محدود رہی ۔ اسکے سوا اور جو کچھ ہوا وہ اُنکی ثابت قدمی بہادری خود اعتباری جانفشانی اور سب سے زیادہ ویسیون سے ہمدردی کرنے کی بدولت ہوا ۔ اگر بقول ایک شخص کے جسنے اُنکے بارے مین کہا تھا کہ "وہ اپنے ساتھیون سے آدھے سر کے برابر اونچا ہے" ۔ اس دس برس کے زمانے مین اُنھون نے عروج حاصل کیا ہوتا تو اسکا باعث اُنکی عالی خاندانی یا سی یا سفارش یا کسیطرح کی خوش نصیبی نہوتی
ص ۱۳ بلکہ اُنکی ذاتی لیاقتین ہوتین ۔ شائد ان ابواب کے آخر مین جو مین نے اُنکے ابتدائی اور زیادہ اولوالعزمی کے حالات مین لکھے ہین اور جو غالباً بعض باتون کے اعتبار سے اُنکی سرگذشت کے عمدہ تر ایام سے تعلق رکھتے ہین انسب ہوگا

کہ مندرجہ ذیل حالات محول کیے جائین - یہ حالات رسالہ ٹیٹلر آف ۱۸۹۰ء مین مندرج ہین - اور ایسے شخص کے لکھے ہوے ہین جو بعد کو برسون تک پنجاب مین اُنکے ماتحت کام کرتا رہا اُنکے بڑے عزیز اور معتمد دوستون مین تھا اور جسکو اُنھون نے اپنے نامی گرامی بھائی سر ہنری لارنس کی تاریخ لکھنے کیواسطے منتخب کیا تھا - شخص سر ہربرٹ اڈورڈس ہین اور وہ بیان کرتے ہین کہ

جان لارنس کو بہت جلد صدر مقام دہلی کو چھوڑ کر ضلع کے اور مقامات مین جانا پڑا - اور جان لارنس کو جو اعلیٰ درجہ کی تعلیم حاصل ہوئی وہ اسی مقام سے حاصل ہوئی جہان اُنکی اُعانت اطاعت خدمت کاسیابی اور بلکہ ہمدردی کے لیے بھی سب ویسی ہی دیسی لوگ تھے انگریز ایک نہین تھا - وہ سخت محنت کرتے تھے اور اپنے عملہ سے بھی اسیطرح کام لیتے تھے - رشوت ستانی کے انسداد کا ہمیشہ خیال رکھتے تھے کیونکہ اپنی کچہری کے مالک ومختار حاکم تھے - اس کے بعد فوجداری کے سیکھنے کا زمانہ آیا (اور یہ زمانہ وہ ہے جو ایک مرتبہ ہر کار آموز کو پڑتا ہے مگر سوائے ایک مرتبہ کے دوبارہ نہین پڑتا) اور اس زمانہ مین اُنھون نے بہت دل لگا کر کام کیا - سرکاری مال عدالت معاشرت زراعت تجارت ان تمام باتون سے بیحد واقفیت پیدا کی بلکہ اصل تو یہ ہے کہ جن قومون پر حکومت کرنا اُنکے مقدر مین تھا اُن سب سے آگاہی حاصل کی - ادھر کا ختم ہوا اور اُدھر گھوڑے پر سوار ہوکر یا بندوق لیکر نکل جاتے تھے کیونکہ جسم کی مضبوطی اور جفاکشی کی وجہ سے جنگل کی سیر اُنکو بہت پسند تھی - لیکن وہ ہمیشہ کام پر نظر گڑائے رکھتے تھے جنگل مین بھی جب جاتے تھے تو قزاقون کے ماسن تلاش کرتے تھے یا راستہ مین کسی جرم کی تحقیقات کرتے تھے یا ناعاقل لوگون کے سر پر اچانک جا پہونچتے تھے اور اسیطرح سے جب غروب آفتاب کے وقت گھر پر پلٹ کر آتے تھے تو اُس سادی غذا کے کھانے کے لیے خوب ہی اشتہا ہوجاتی تھی جو ایسے شخص کی معمول ہے جسکو دنیا کے اور لوگون کی مدد کرنا ہوتی ہے - اس کے بعد آرام کرسی بچھا کر چاندنی مین جہان زیادہ ہوا ہوتی تھی ہمارے جان لارنس بیٹھتے تھے (کیونکہ رات کو گرمی بہت ہوتی ہے) - گوٹ یا واسکٹ کچھ نہین ہوتا تھا کمینون تک کی فتوحی تک ٹانگین دوسری کرسی پر پھیلی رہتی تھین پہلو مین ایک طرف چارکا پیالہ اور نسخہ مین چرٹ دبا ہوتا تھا اور اسکو بڑی شان سے پھینک پاکر دیتے تھے معلوم ہوتا تھا کہ میدان بھرکی ہوا یہی کھا جائینگے - اب ایک ایک کرکے ضلع کے سفید ریش لوگون کا تانتا شروع ہوتا تھا - پوشاک لباس کی کوئی قید نہ تھی ادھر آفتاب غروب ہوا اُدھر بے بُلائے لوگ آنے لگے لیکن اُنکی بڑی آؤ بھگت ہوتی تھی اور مشرقی وضع سے بالتپان مارکر اور حلقہ باندھکر اپنے ولایتی خانصاحب (یعنی جان لارنس) کے گرد آکر بیٹھ جاتے تھے اور بیٹھنے کیوقت ہر شخص سلام کرتا تھا - ہندوستان کی چاندنی رات مین گورے اور کالے آدمیون کا یہ خلط ملط عجیب لطف دیتا تھا - ضلع اور رعایا کا ذکر ہوتا تھا غلہ کی فصلون کے پارینہ قصے بیان کیے جاتے تھے کہ اُنھون نے اپنے پُراتے عالیشان مالکون پر دہلی کے ضلع کو کیونکر تقسیم کردیا تھا جنھون نے لال لال اینٹون کی مینارین کنوون کی تعمیر کرائین جو اب تک موجود ہین اگرچہ خوش قسمتی سے امن وامان ہونے کے بعد وہ پُرانی ہوگئین - بچپن سے لیکر اُسوقت تک کیا کیا انقلاب ہوے تلوارین اور برچھے گلا گلا کر ہل بنائے گئے مشہور ومعروف تیز دھار خون کی نسل جاتی رہی گاؤمیشون کی ترقی ہوئی سال بسال ایک ایک کرکے وہ سب مشہور وموصوف دُکیت گرفتار ہوے جنکا خود جان لارنس نے آخری وقت تک تعاقب کیا - سخت قحط پڑا کون کون گانون نیست ونابود ہوگئے کون باقی رہے چنانچہ جو لوگ یہان بیٹھے ہین وہ سب جانتے ہین - کیونکہ ہر بڑھا اور اُسکی وجہ سے مقدمات کی کثرت ہوئی ان سب باتون کا ذکر ہوکر اکرتا تھا - کل جان لارنس کے اجلاس مین جو طول طویل مقدمہ پیش ہونے والا ہوتا تھا اُسکے بارے مین آج ذکر ہوتا تھا اور جان لارنس اُسکی بابت

ص ۱۲۹

بعض بعض سچی باتین منتخب کر لیتے تھے۔ الغرض آدھی رات تک یہی کیفیت رہتی تھی تا انکہ ہوا ٹھنڈی چلنے اور نیند آنے اور ولایتی خانصاحب جماہی لینے لگتے تھے اور کالے لوگ اپنے مہربان انگریز سے خوش خوش رخصت ہو جاتے تھے۔

باب پنجم

رخصت فرلو اور شادی ۱۸۴۰ء لغایت ۱۸۴۳ء

ص ۱۳ راقم سوانح عمری جان لارنس کو اپنی کتاب بھر مین تو اس سخت مشکل کا مقابلہ کرنا پڑا ہی تھا کہ اُس زمانہ کے تمام روزنامچون اور قریب قریب کل خانگی مراسلات کا کہین پتہ نہین لگتا مگر ایسے مقام پر وہ دقت اور بھی زیادہ ہوگئی کہ مثلاً اسوقت جب اُنھون نے تین برس کی رخصت فرلو حاصل کی تو اُنکی سرکاری ملازمت کا زمانہ اہل و عیال مین اگر رہنے کے زمانہ سے خلط ملط ہوگیا۔ امید تو یہ کی جاسکتی تھی کہ کلفٹن مین اہالیان خاندان کے ساتھ جان لارنس کے رہنے کا مفصل حال لکھنے مین اقل درجہ اُس زمانہ کے حالات سے زیادہ آسانی ہوگی جب وہ ہزارون سانولی صورت کے صحرائی باشندگان پانی پت اور سارتھان گورگانون کے درمیان ایک اکیلے گورے چمڑے والے آدمی کے طور پر رہتے تھے۔ لیکن بدقسمتی سے قضیہ اسکے بالعکس ہے۔ اِدھر اُدھر کی جن متفرق خبرون کے جمع کرنے اور نیک و بد کے تمیز کرنے مین میرے ہفتے کے ہفتے صرف ہوگئے اس کتاب کے پڑھنے والے اُنکو چندرسٹ مین دیکھ ڈالینگے جنھین اسطور پر کسیقدر مین اس قابل ہوا کہ جان لارنس کے خاندان اور جو تغیر جان لارنس نے اہل خاندان اور اہل خاندان نے جان لارنس مین دس برس بعد دیکھا تھا اُس تغیر اور جس طریقہ سے وہ اپنے غیر معمولی فرصت کے وقت کو کام مین لاتے تھے اُسکا حال بیان کرون۔ اوران مواد تحریر کا فقدان جن پر عموماً مورخ کا زیادہ تر دارمدار ہے اس بات کے خیال کرنے پر اور بھی نادر معلوم ہوتا ہے کہ بمقابلہ راقم مورخ سرہنری لارنس کے لیے تاریخ لکھنے کا سامان بکثرت تیار تھا۔ سرہنری اور جان لارنس نے اُنکی سوانح عمری لکھی ہے اول تو اُن سے اور سرہنری لارنس سے بڑا ربط و ضبط اور عمر بھر کی دوستی تھی جن جن حالات کو اُنھون نے لکھا ہے اُنمین سے اکثرون کے مقام وقوع پر وہ موجود تھے۔ پھر وہ بیشمار خانگی چٹھیان جو سرہنری لارنس نے اپنے مختلف اہالیان خاندان کو اور مختلف اہالیان خاندان ص ۱۳ نے اُنکو لکھی تھین اور وہ روزنامچے جو خود سرہنری لارنس کو اُنکی والدہ اور اُنکی اہلیہ نے لکھے تھے اور بالآخر وہ چٹھیان جو اُن لائق بی بی نے اپنے شوہر اور شوہر کے دوستون کے نام دنیا کے مختلف حصّون مین روانہ کی تھین اور جن مین اُن تمام مختلف کارروائیون کے مفصل حالات عین موقع پر لکھے ہوے درج تھے جنمین اُن کی کوئی شرکت پائی جاتی تھی یہ سب تحریرین مورخ موصوف کے پاس جمع تھین۔ مین ان تمام فوائد سے ایک بڑے درجہ تک محروم ہون اور مین یاد سے زیادہ بس اسیقدر کرسکتا ہون کہ جو قدرے قلیل سامان مجھکو میسر آیا ہے اُسکو اچھی طرح سے کام مین لاؤن۔

سرہنری لارنس کی سوانح عمری کے لیے ضروری سامان کی کثرت اور جان لارنس کے لیے اُسکی قلت کا ایک سبب (خواہ رشک یا اور کسی سبب سے) یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ بڑے بھائی کے احباب اور اقارب نے ابتدا ہی سے یہ خیال کیا تھا کہ وہ ایک بڑا آدمی ہوگا اور اس بات کے دریافت کرنے مین وہ قاصر رہے کہ آیندہ زمانہ مین چھوٹے

بھائی کے عروج کی کوئی علامت پائی جاتی ہے اور اس سبب سے اُنھون نے ایک بھائی کی چشمپوشی محفوظ رکھین اور دوسرے کی برباد کر ڈالین۔ اگر اس بیان مین کچھ صداقت ہو تو کچھ عجب نہین ہے کیونکہ جان کی ترقی بمقابلہ ہنری کے بیشک دیر مین ظہور پذیر ہوئی اور بڑے بھائی کی بعض صفتین جن سے لوگ نہایت ہی فریفتہ تھے چھوٹے بھائی مین نہ تھین جو بہرحال اگر ہون تو بالکل مخفی تھین۔ لیکن قطع نظر اس امر کے دونون بھائیون کی عادت اور طبیعت کا اختلاف اُنکی طرز تحریر کے تفاوت کا زیادہ سبب تھا۔ کیونکہ ہنری کے دماغ مین نیم ترقی یافتہ خیالات اور دل مین گرمجوشی اور شدت کی خواہشین پیدا ہوتی رہتی تھین اس سبب سے اُنکو ایک طور کی عادت پڑگئی تھی کہ تحریر مین اُنکا بخار نکال نکال کر تسکین حاصل کرتے تھے جان کو ایسی باتون کی حاجت یا اُنکا اس درجہ تک نہین تھی۔ وہ بغیر کسی اشد ضرورت اور خاص مقصد کے کبھی کچھ نہین لکھتے تھے اور جب اس قسم کا کوئی موقع ہوتا تھا تو پھر وہ اپنے زمانہ کے بڑے زبردست اور قلم برداشتہ منشی تھے اور ہم ایک مرتبہ پھر اس بات کو یاد دلاتے ہین کہ جو چٹھیان وہ عمر بھر اپنی پیاری بہن کو لکھتے رہے لکھتے اور جسمین اُنھون نے بیشک اپنے خیال اور طبیعت کا پورا پورا چربہ کھینچا تھا اُنکو بہن کے مرنے کے بعد اُنھون نے ضایع کر ڈالا جیسا کہ پیشتر مین بیان کر چکا ہون۔

المختصر جان لارنس اپنے مکان واقع کلفٹن مین پہونچے مگر یہ گھر وہ نہین تھا جسکو وہ چھوڑ کر گئے تھے۔ مین خیال کرتا ہون کہ کوئی شخص خاص کر کے جبکا کنبہ بہت بھاری ہو دس برس باہر رہنے کے بعد اسطور پر گھر کو واپس نہ آیا ہوگا کہ اسکو جسقدر زندہ لوگون کے پانے کی خوشی ہوئی کم سے کم اسیقدر مُردون پر افسوس کرنا پڑا۔ جو لوگ اُسسے محبت رکھتے اور جنکو وہ چاہتے تھے اُنکی یہ کیفیت تھی کہ بوڑھون مین تو بہت مر چکے تھے اور جوانون مین سب کی شادیان ہوگئی تھین۔ اور انمین جو لوگ باقی بھی رہ گئے تھے وہ اُنکے نزدیک مثل مُردون کے تھے۔ ستر برس کی مقررہ زندگی مین دس برس کا زمانہ بہت بڑا ہوتا ہے۔ چنانچہ ہندوستان کی ملازمت کے بعد جو لوگ وطن مین واپس آتے ہین وہ خوب جانتے ہین اور اس سے اُنکی دلچسپیون مشغلون اور ہمدردیون مین اُن لوگون کے درمیان بھی جو بالطبع محبتی اور رحم دل ہوتے ہین اسقدر رخنہ پڑ جاتا ہے کہ زندگی کے چشمے جو ایک ہی منبع سے نکلے ہین اور جو چین کے دو بڑے دریاؤن کیطرح آخر مین پھر باہم گرملنے والے ہین وہ درمیانی انقلاب مین اُنھین دو دریاؤن کیطرح مختلف دھارون مین اِدھر اُدھر پہنچاتے ہین اور ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ ہو جاتے ہین۔

کلفٹن والے مکان سے جان لارنس کے جانے کے بعد دو بڑے انقلاب واقع ہوے تھے وہ بزرگ سیرت باپ جسنے اپنے بیٹے سے اُسکی کم سنی کی حالت مین ہواخوری کے وقت بارہا ساتھ لیجا کر اپنی مہمون اور جانبازیون کے صدہا قصے بیان کیے تھے اور جو اگر زندہ رہتا تو اب اس ضعف پیری مین کرسی پر بیٹھکر اور لڑکون کو اُنگلی کر اُسی بیٹے کے گھنٹون سے کم کے کم اُسیقدر نادر اور حیرت انگیز قصے اُسکے مہمات کے سُنتا ۷۳ برس کی عمر کو پہونچکر اپنی کٹھن زندگی کاٹنے کے بعد ماہ مئی ۱۸۳۵ء مین بوے گل کیطرح دنیا سے چل بسا تھا۔ اُسکا بڑا بیٹا الگزنڈر جو اُسکا بڑا گاڑھا پیارا مشہور تھا مدراس سے ایسے وقت واپس آچکا تھا کہ باپ کی آنکھین خوش کرنے کے بعد اُنکو سپرد خاک کرسکا

دوسرا انقلاب بھی قریب قریب ایسا ہی عظیم تھا۔ جان کی بڑی بہن لنٹشیا جنکے ساتھ بچپنے ہی سے سب بھائی کمال محبت اور تعظیم کرتے تھے اپنے میکے سے رخصت ہو گئی تھی اور ایک بزرگ سیرت معمار پادری یعنی مسٹر پیٹر کے ساتھ جن سے شائد اہالیان خاندان بیشتر واقف بھی نتھے شادی کرلی تھی۔ خوش قسمتی سے وہ مہربان اور سادہ دل مان جنکا بیان میں نے اس کتاب کی ابتدا میں کیا ہے ابتک زندہ تھی اور بمقابلہ سابق کسیقدر آسایش سے رہتی تھی گو اُسکے شوہر نے کوئی جائداد نہیں چھوڑی تھی جسپر وہ بسر کرتی۔ چونکہ اُسکا شوہر مشل آیرش لوگون کے کشادہ دل تھا اور جو کچھ اُسکے پاس تھا سب اپنے دوستون کو دے دلا دیا اور اپنے پاس ایک حبہ نہین رکھا اس جہت سے شوہر متوفی بی بی کے لیے سوائے اپنے نام اپنی ہمت اور اپنے بیٹون کے کچھ نہین چھوڑ گیا تھا۔ اسلیے اُسکی اوقات بسری اُس سرمایہ کی آمدنی سے ہوتی تھی جو برسون سے اُسکے چار بہادر بیٹون کے حصہ رسدی چندہ سے بتدریج ہندوستان مین جمع ہوتا چلا آتا تھا (ان چار ون مین سے کیسکے پاس بھی سوائے اُسکے جسکی کمال ضرورت تھی اور کوئی دنیا کا سامان نہین تھا) اس رقم کو وہ "لارنس فنڈ" (مال ملجا خاندان لارنس) کہتے تھے اور سب کے پہلے ہنری نے اُسکی ابتدا کی تھی۔ وہ ہنری ہی تھا جسنے سُست طبیعت جان لارنس کو "پکڑ دھکڑ کر" (یہ الفاظ اُنھین کی ایک چٹھی کی عبارت سے محول کیے جاتے ہین) پہلے اُسکے لیے آمادہ کیا تھا لیکن تھوڑے ہی دنون مین جیسا کہ کشادہ دلی سے اُس چٹھی مین اعتراف کیا گیا ہے اس تجویز کے قبول کرلینے کے بعد جان نے اپنی گرمجوشی سے جو اُنھون نے اس بارے مین ظاہر کی "اپنے تمام بھائیون کو غیرت دلاکر اسپر آمادہ کرلیا"۔ اسکے بعد پھر جان ہی نے اس سرمایہ کا اہتمام کیا۔ خود حصہ کثیر دیتے رہے اور یکے بعد دیگرے نوٹ خریدنے کی تاکید دین کین اور اُسکے علاوہ عام طور سے خاندان کے دیوان کیطرح کام کیا۔

ہنری جو اپنے باپ کیطرح شدت سے فیاض تھے اور انجام کی کچھ پروا نہین کرتے تھے اُنکے معاملات کا اہتمام اگر جان لارنس اپنے ہاتھ مین نہ لے لیتے تو وہ اپنے اہل وعیال کے لیے ایک حبہ بھی بچا نہین سکتے چنانچہ اُنھون نے خود اس بات کو تسلیم کیا ہے۔ برخلاف اسکے جان روپیہ کی سچی قدر کرتے تھے۔ وہ خسیس نتھے خست تو اُنین نام کو نہین تھی چنانچہ اُنکے صدہا قصون سے دو ایک مرتبہ کے واقعات جو آگے چلکر بیان کیے جائینگے اُنسے یہ امر بخوبی ظاہر ہو جائیگا۔ وہ فیاض تو تھے مگر اُنکی فیاضی عاقبت اندیشی کے ساتھ ملی ہوئی تھی اور رشتہ داروں کے حقوق اور دوسرے مقدم جانتے تھے۔ وہ روپیہ کو کبھی فضول خرچ نہین کرتے تھے بلکہ اسکے بالعکس دوسرون کے لیے پس انداز کرنے اور محفوظ رکھنے مین بڑی تکلیف اُٹھاتے تھے۔ اُنھون نے یہ اہتمام یعنی بہت سے ایسے لوگون کی آمدنی کا انتظام جن سے اُنکو کوئی تعلق نہین تھا اور جو آپ اپنا اہتمام دراصل یا بظاہر نہین کرسکتے تھے صرف اپنی خالص محبت کے سبب سے اپنے ذمہ لیا تھا اور اُسکی تکلیف گوارا کی تھی۔

تیسرا انقلاب جو بقام کلفٹن اُنکے اہالیان خاندان مین ہوا وہ بھی نظر انداز کرنے کے قابل نہین ہے ضعیف العمر دایہ سمارٹ مارگریٹ جسنے تمام ارکان خاندان کو سن طفولیت سے عمر بلوغ تک پرورش کیا تھا اور جسکا کہ اُس گھر کے لوگون مین جو کسیقدر تند و درشت تھے ایک گوشہ امن وامان کا تھا اور جو اپنی مناسب خدمت کے انجام کرنے کے بعد

بھائی کے عروج کی کوئی علامت پائی جاتی ہے اور اس سبب سے اُنھون نے ایک بھائی کی چھیان محفوظ رکھین اور دوسرے کی برباد کر ڈالین۔ اگر اس بیان مین کچھ صداقت ہو تو کچھ عجب نہین ہے کیونکہ جان کی ترقی بمقابلہ ہنری کے بیشک دیر مین ظہور پذیر ہوئی اور بڑے بھائی کی بعض صفتین جن سے لوگ نہایت ہی فریفتہ تھے چھوٹے بھائی مین نہ تھین جو بہرحال اگر ہون تو بالکل مخفی تھین۔ لیکن قطع نظر اس امر کے دونون بھایون کی عادت اور طبیعت کا اختلاف اُنکی طرز تحریر کے تفاوت کا زیادہ سبب تھا۔ کیونکہ ہنری کے دماغ مین نیم ترقی یافتہ خیالات اور دل مین گرمجوشی اور شدت کی خواہشین پیدا ہوتی رہتی تھین اس سبب سے اُنکو ایک طور کی عادت پڑ گئی تھی کہ تحریر مین اُنکا بخار نکال نکال کر تسکین حاصل کرتے تھے جان کو ایسی باتون کی حاجت یا اُنکا اس درجہ تک نہین تھی۔ وہ بغیر کسی اشد ضرورت اور خاص مقصد کے کبھی کچھ نہین لکھتے تھے اور جب اس قسم کا کوئی موقع ہوتا تھا تو پھر وہ اپنے زمانہ کے بڑے زبردست اور قلم برداشتہ منشی تھے اور ہم ایک مرتبہ پھر اس بات کو یاد دلاتے ہین کہ جو چٹھیان وہ عمر بھر اپنی پیاری بہن کو لکھتے رہے تھے اور جسمین اُنھون نے بیشک اپنے خیال اور طبیعت کا پورا پورا چربہ کھینچا تھا اُنکو بہن کے مرنے کے بعد اُنھون نے ضایع کر ڈالا جیسا کہ پیشتر مین بیان کر چکا ہون۔

المختصر جان لارنس اپنے مکان واقع کلفٹن مین پہونچے مگر یہ گھر وہ نہین تھا جسکو وہ چھوڑ کر گئے تھے۔ میں خیال کرتا ہون کہ کوئی شخص خاص کر کے جبکا کنبہ بہت بھاری ہو دس برس باہر رہنے کے بعد اسطور پر گھر کو واپس نہ آیا ہوگا کہ اسکو جسقدر زندہ لوگون کے پانے کی خوشی ہوئی کم سے کم اسیقدر مُردون پر افسوس کرنا پڑا۔ جو لوگ اُسنے محبت رکھتے اور جنکو وہ چاہتے تھے اُنکی یہ کیفیت تھی کہ بوڑھون مین تو بہت مر چکے تھے اور جوانون مین سب کی شادیان ہو گئی تھین۔ اور انمین جو لوگ باقی بھی رہ گئے تھے وہ اُنکے نزدیک مثل مُردون کے تھے۔ ستر برس کی مقررہ زندگی مین دس برس کا زمانہ بہت بڑا ہوتا ہے۔ چنانچہ ہندوستان کی ملازمت کے بعد جو لوگ وطن مین واپس آتے ہین وہ خوب جانتے ہین اور اس سے اُنکی دلچسپیون مشغلون اور ہمدردیون مین اُن لوگون کے درمیان بھی جو بالطبع محبتی اور رحم دل ہوتے ہین اسقدر رخنہ پڑ جاتا ہے کہ زندگی کے چشمے جو ایک ہی منبع سے نکلے ہین اور جو چین کے دو بڑے دریاؤن کیطرح آخر مین پھر باہم گرملنے والے ہین وہ درمیانی انقلاب مین اُنھین دو دریاؤن کیطرح مختلف دھارون مین اِدھر اُدھر بہجاتے ہین اور ایک دوسرے سے بالکل علیحدہ ہو جاتے ہین۔

کلفٹن والے مکان سے جان لارنس کے جانے کے بعد دو بڑے انقلاب واقع ہوے تھے وہ بزرگ سیرت باپ جسنے اپنے بیٹے سے اُسکی کم سنی کی حالت مین ہواخوری کے وقت بارہا ساتھ لیجا کر اپنی معمون اور جانبازیون کے صدہا قصے بیان کیے تھے اور جو اگر زندہ رہتا تو اب اس ضعف پیری مین کرسی پر بیٹھکر اونگھا کرتا اُسی بیٹے کے منھ سے کم سے کم اُسیقدر نادر اور حیرت انگیز قصے اُسکے مہمات کے سُنتا ۷۳ برس کی عمر کو پہونچکر اپنی کٹھن زندگی کاٹنے کے بعد ماہ مئی ۱۸۳۵ء مین بوے گل کیطرح دنیا سے چل بسا تھا۔ اسکا بڑا بیٹا الگزینڈر جو اُسکا بڑا گاڑھا پیارا مشہور تھا مدراس سے ایسے وقت واپس آچکا تھا کہ باپ کی آنکھین خوش کرنے کے بعد اُنکو سپرد خاک کر سکا

سے رخصت پر فرلو کر آنے کے بعد عموماً جو کام کرنا چاہیے اُسکو قرار واقعی طور پر انجام کرین۔ اس امر کی کوشش مین ہر طرح کے انقلابات نشیب و فراز اور امید و بیم کے اس طریقہ سے مزے اُٹھائے جو انکی نیک خصلتی سادہ دلی اور راستبازی کو بخوبی ظاہر کرتا ہے۔

ولایت مین آنے کے دو مہینے کے بعد ہمکو دریافت ہوتا ہے کہ اگست کے مہینے مین وہ شہر گلاسگو مین تھے یہان انکو اُنکے اُمادہ کے دوست کیومن صاحب ملے جنکے ساتھ اُنھون نے مغربی ہائی لینڈ (یعنی کوہستان) کی سیر کی۔ اس سیاحت مین انکو دو چند لطف ہوا کیونکہ سَر والٹر اسکاٹ اور اُنکے رہنے کے مقامات ہمیشہ اُنکی یادداشت مین تازہ تھے حقیقت مین شمل اپنے اور بہت سے معاصرین کے وہ بھی اسکاٹ کے بڑے شائق تھے اور اُنکا اشتیاق بجا تھا۔ عہد طفلی مین اس جادو لسان کی تحریرین علی الخصوص وہ داستانین جو تاریخی حالات سے زیادہ تر متعلق تھین اُنکی معلّہ رہین۔ یہ منجملہ اُن چند کتابون کے تھین جنکو وہ اپنی محنت شاقہ ہندوستان کے زمانہ مین پڑھنے کی فرصت پاتے یا خواہش کرتے تھے۔ جب اُنکی بصارت جاتی رہی تھی اور موت کے اکثر آثار نمودار تھے تو انھین مین سے ایک کتاب موسومہ "گارڈی مینرنگ" اُنکی لیڈی سکرٹری (محررہ) مس گاسکر اُنکو پڑھ پڑھ کر سناتی تھین اور معلوم نہین کتنی مرتبہ اُنکو پڑھکر سنائی گئی ہوگی۔

ماہ ستمبر مین وہ آبرڈین کو گئے اور کوئین کالج کی سیر کی اور لنڈن ڈیری کی فصیلون کو دیکھا۔ اور اسی سیاحی کے زمانے مین یہ امر وقوع پذیر ہوا کہ ایک مرتبہ جب وہ مسٹر ینگ ساکن کلڈاف ہوس واقع ڈونیگال کونٹی کی ملاقات کو جنکا مکان علاقہ کے پیرش مین پادری پرچ ڈنیلمنٹ کے متصل واقع تھا گئے تھے کہ وہان پہلے پہل اُنکو اس بی بی کی ملاقات حاصل ہوئی جو آخر کو اُنکی قسمت مین شریک ہونے والی تھی۔ اُسوقت کا کوئی قول یا فعل ایسا دریافت نہین ہوا جس سے ظاہر ہوتا کہ اسکے ایک سال کے بعد کیا انجام ہوگا۔ لیکن "تمام خاندان ینگ" کو معلوم ہوا کہ ایک عجیب غریب شخص اُنکی صحبت مین اگر شریک ہوا اور اُسکی زندہ دلی اور رقصون کا اُن لوگون مین علی الاتصال مذکور ہونے لگا۔ یہ سب لوگ ابتدا سے ٹوری فرقہ کی تعلیم پائے ہوے تھے جنکو اُسنے تمام ہندوستانی سوئیٹنون کے اصلاح دینے والے خیالات سے بہت درشت اور نرم صدمے پہونچائے تھے۔

اسکے بعد موسم خزان مین جان لارنس نے یورپ کی سیر کی اور کچھ دنون تک مقام بان مین اپنی پیاری بھاوج مسز لارنس کے گھر مین جنکے شوہر افغانستان مین تھے مقیم رہے۔ کرنل رامزے جو جان لارنس سے وہان ملاقی ہوے تھے بیان کرتے ہین کہ "وہ اپنا مکان برابر کھولے رکھتے تھے اور اکثر طلبا اُنکے ساتھ بڑی الفت کرتے تھے اور اُنمین یہ اشخاص تھے۔ شاہزادہ ہوئنسٹین جو فی الحال بادشاہ وٹمبرگ ہین۔ شاہزادہ فریڈرک ہیسی جو بعد کو اُنکے برادر بستبی ہوے۔ شاہزادہ میکلن برگ شوئرین جو اسوقت پرنسٹ وِنسفٹ کا زبٹ کہلاتے ہین

حص ۱۳

راقم سوانح عمری ہذا وغیرہ شام کیوقت اُنکے مکان پر بڑے لطف سے ہم سب لوگ شریک صحبت رہتے تھے اِسکے بہت برسون کے بعد جب مین ہارس گارڈ رجمنٹ کا افسر تھا تو اُس زمانہ مین شاہزادہ کرسچین والی ڈنمارک جو پہلے شاہزادہ ہنوکشین کہلاتے تھے مع اپنی بیٹی (شاہزادی ڈیگمر) اور شاہزادہ فریڈرک کے اس ملک مین وارد ہوے ان سب کو یاد آیا کہ مین مقام بان مین اُنکا ہم مکتب تھا تو مجھسے بڑے ذوق کے ساتھ پوچھا کہ جان لارنس کیا ہوے جنکی میہمان نوازیان ہمکو ابتک یاد ہین"۔ یہ بات آسانی سے قیاس مین آسکتی ہے کہ ان میہمان نوازیون نے اُنکی جیب کو جو اُس زمانہ مین چندان پُرمنتی خالی کر دیا ہوگا اور آغاز سال مین وہ مجبور ہوے کہ اِنگلستان کو واپس جائین اور زیادہ کفایت شعاری کے ساتھ اپنے دوستون مین بسر کرین۔

ماہ اپریل آیندہ مین وہ دو ہفتہ کے لیے مسٹر اور مسز رچرڈس ہیٹر کی ملاقات کو گئے جو اُسوقت مارلبرا بلڈنگس مین رہتے تھے اور خوش قسمتی سے اس مقام پر جان لارنس کے بارے مین کچھ شرح حالات بیان کرسکتا ہون یہ حالات مجھکو مسٹر رچرڈس کنسنگٹن کے ذریعہ سے جو ایک لڑکی کیطرح مسز رچرڈس ہیٹر کے ساتھ رہتی تھین اور جنھون نے اس دو ہفتہ کے عرصہ مین ایسی دوستی کی بنیاد قائم کرلی تھی جو عمر بھر تک باقی رہی معلوم ہوے ہین۔ وہ بیان کرتی ہین کہ جان لارنس دو ہفتے گھر مین رہے اور عام طور پر جو اثر اُنھون نے میرے دل پر پیدا کیا وہ اُنکی عجیب و غریب مستعدی اور بہرامر مین راست روی کا تھا۔ اُسوقت اُنکی زندگی کے دو مقاصد اعظم یہ تھے کہ اُنکو تندرستی حاصل ہو جائے اور ایسی بی بی ملے جو اُنکو مدد دے سکے اور مین اور میری بہن بڑی دلگی سے دیکھا کرتی تھی کہ کس مہارتی طریقہ سے وہ ان دونون مقاصد کی پیروی کررہے ہین وہ ہنوز لاغر اور علیل معلوم ہوتے تھے اور چونکہ اُسوقت بھی بڑی شہرت حاصل کرچکے تھے تو مین نے اُنکو پہلے سخت مزاج تصور کیا مگر جب دیکھا کہ وہ اپنی بہن لیٹیشیا کی گردن مین ہاتھ ڈالے تخت پر بیٹھے ہین تو میرا وہ خیال جاتا رہا وہ بہن کو پیاری لیٹیشیا کہا کرتے تھے بہن کی محبت اُنکے بشرہ سے عیان تھی اور اسکا اظہار اسطرح سے ہوتا تھا کہ جو لوگ ہماری طرح ایک معمولی طور کی صورت نہین سمجھتے تھے جسمین مناسبت نہ پائی جاتی ہو اُنکو بڑی حیرت ہوتی تھی وہ بہن کے ساتھ ہمیشہ اچھلتے کودتے اور مزاحیات رہتے تھے مسٹر رچرڈس کا سن اور عادتین اُنکا تماشا تھین مگر اُسپر بھی اُنکا بڑا ادب کرتے تھے البتہ خوش طبعی کی راہ سے بہنوئی کے بارے مین بہن کو چھیڑتے اور یہ کہتے تھے کہ تمھارا شوہر بجنسہ ایک چاپلوس مگ ہے۔ اُنکی تقریر مین ہمیشہ زندہ دلی اور دلچسپی ہوتی تھی۔ ہندوستانیون اور گھوڑون کے بارے مین اپنے عجیب و غریب تجارت ہندوستان کے بیشمار قصے بیان کیا کرتے تھے گھوڑونکا خاص کرکے اُنکو بڑا شوق تھا۔ دنیا کے عیش و عشرت سے اُنکو بہت کم رغبت تھی اور جو لوگ ان باتون کو داخل ضروریات سمجھتے تھے اُن پر وہ بہت مضحکہ کرتے تھے جو شخص زیب و زینت اور تکلف و نفاست پر زیادہ دلدادہ رہتے تھے اُنکو وہ زنانہ کہا کرتے تھے۔ ناشتہ کے وقت اُنکی عادت تھی کہ پاؤروٹی کے اوپر کا گول ٹکڑا تراش لیتے تھے اُسکو کھا کر اور ایک پیالی سادی چائے کی پی کر گفتگو کرنے کو مستعد ہو جاتے تھے۔ اگلی رات کو بی بی کی تلاش مین جسکو وہ "بلاے بے درمان" کہا کرتے تھے جن مختلف صحبتون مین جاتے اُن سب مقامات کی سرگذشت

ص ۱۳

بیان کرتے تھے اور ہم سب لوگ سُن سُنکر ہنستے تھے۔ اس بارے مین اُنکے خیالات بڑے قطعی اور منزہ تھے کہ کس قسم کی عورت سے اُنکو شادی کرنا منظور تھا۔ وہ کہتے تھے کہ عورت کے لیے صحت طبیعت اور سمجھ کی عمگی ضروری امر ہے اور اگر ان خوبیون مین خوبروئی بھی ہو تو پھر کیا کہنا لیکن مقام بانہو کی محافل رقص و سرود مین جو عورتین نکھر نکھر کر آیا کرتی تھین اُنکی طرف سے اُنھون نے فوراً اپنا خیال پھیر لیا۔

جنین آسٹین کے فسانے جرنگون نے پڑھے ہین اُنکو معلوم ہوگا کہ مقام بانہو اُسوقت تک انگلستان کے ایک نہایت وضعدار مقامون مین تھا۔

جان لارنس کے طریقے اور شائستہ سلیقہ اُن نوجوان آدمیون کے مانند نتھی جو ہکو بانہو مین ملا کرتے تھے پہلے جب اُنکی خشک مزاجی عدم صحبت یا تنگی مین نے دیکھی تو کسیقدر خیال مجھکو ضرور ہوتا مگر اُنکی تمام سیرتون مین اسقدر وقت اور جدت عیان تھی کہ اُنکے انداز کے عیوب جلد فراموش ہو جاتے اور اُنکی بات چیت مین دل لگتا۔ مین یاد کرتی ہون کہ میرے نزدیک اُنمین وہ اوصاف پائے جاتے تھے جن سے پروفیسر شیری مؤرخ نے اعتراف کیا ہے اور جن سے انگریزون کا نام تمام جہان مین روشن ہوگیا ہے یعنی یہ کہ "انسان کا ارادہ یہ ہونا چاہیے کہ جو بات حق دیکھے اُسپر فوراً عمل کرے اور جو امر باطل سمجھے اُسکو اُسیوقت چھوڑ دے" مجھکو خوب یاد ہے کہ اُنھون نے کس سخت سے قائل کیا کہ ہیودیون کا پارلیمنٹ مین داخل ہونا قرین انصاف ہے۔ وہ اکثر اپنے گھوڑون کا تذکرہ کیا کرتے تھے کیونکہ مین اُنکو اپنے خیمہ مین پھوڑ دیا کرتا تھا اور جو ہندوستانی لوگ آتے تھے وہ پہلے مجھکو سلام کرنے کے بعد گھوڑے کو سلام کیا کرتے تھے۔ وہ مجھسے یہ بھی کہا کرتے تھے کہ جب مین شکار کرنا چاہتا تو دیسی بلاجے والون سے کہتا کہ تم باجا بجاؤ جس سے جنگلی خائف ہو جاتے تھے۔ اُسی سال (۱۸۳۱ء) کچھ عرصہ کے بعد ہم سے اُنسے مقام نینی تال واقع شمالی دُنون مین جہان برسات اور برف ہمیشہ موسم سرما بسر کیا کرتے تھے پھر ملاقات ہوئی۔ "بلاے بیدرمان" کی تلاش کرنے کا معاملہ ہنوز زیر تجویز تھا اور وہ ابتک اُسی اُدھیڑبُن مین تھے۔

ص ۱۳ اسی مقام نینی تال کے قیام کرنے کے زمانہ مین **جان لارنس** ایک مرتبہ اپنے دوست اور قرابت مند مشہور و معروف جان اسٹریچی کی ملاقات کو گئے تھے جو اُسوقت مقام فالوتہ مین رہتے تھے۔ مقام بنجر وہان سے بہت قریب فاصلہ پر واقع تھا یہ مقام خاندان فاکس کا قریب قریب اصل مسکن ہوگیا تھا۔ اور ہر قسم کی پاکیزگی عمگی اور نامور کا مخزن تھا۔ اس امر کی توقع تھی کہ جس خاندان مین اسٹریچی اس کثرت سے جایا کرتے تھے اور وہان کی گئی مین اسقدر محبوب تصور کیے جاتے تھے **جان لارنس** کو نہ لیجاتے اور وہ بغیر اسٹریچی کی ملاقات کیے ہوے اپنے وطن کو واپس چلے آتے۔ اور کیپٹن لارنس فاکس کے روزنامچون اور چٹھیون کی کتاب مین جو ایک بڑی دلچسپ بیبی تھین اس نوجوان سولیئر کے بارے مین مندرجہ ذیل حالات سیری نظر سے گذرے۔

دسمبر مئی ۱۸۳۱ء ٹہری نگی کا دن "مسٹر لارنس" نامے ایک ہندوستانی جج سے اسٹریچی کے دوست اور عزیز انکے ساتھ ملاقات کو آئے۔ خاص کر ہندوستان کے متعلق بحث رہی۔ لارنس نے اپنی ایک مرتبہ کی علالت کا حال بیان کیا جسمین ہندوستانی ملازمون نے

انکی بڑی خدمت کی تھی اور اُنکے ساتھ تکلیف اُٹھائی تھی۔ اِسٹرلنگ نے کہا کہ "صبر فرمان برداری اور نفس کشی یہ وہ صفتین ہین جو ایک حلقہ گوش قوم سے خصوصیت رکھتی ہین اُسکی ولوالعزمی اور بہادری جب کبھی وقت پڑتا ہے تو اُسوقت ظاہر ہوتی ہے لارنس نے ذکر کیا کہ عیسائیت کا فروغ اُنین سُستی کے ساتھ ہوتا ہے جب کوئی ہندوستانی اس نئے دین کو قبول کرتا ہے تو اپنے پُرانے پختہ تعصبات کو اُسیطرح لیے رہتا ہے اور نئے مذہب کی صرف آزادی اُسمین بڑھ جاتی ہے۔ لارنس نے یہ بات متواتر ثابت کی چنانچہ اُنھون نے کہا کہ مین ہرگز ہرگز ان نومذہبون کو نوکر نہین رکھونگا۔ اُنکو جو امید ہے وہ اطفال کیطرف سے ہے جو پچھلے اور ذہین ہین۔ ہندوستانی لوگ جو کچھ تم کہو پاس ادب سے مان لینگے اگر تم اُنسے کسی عیسوی معجزے کا ذکر کرو تو اُنکو کچھ ناگوار نہ معلوم ہوگا مگر وہ معاً ایک محمدی معجزہ بیان کرینگے جو اُس سے بھی زیادہ بدیع ہوگا اور تمھارے اخلاق سے اُمید کرینگے کہ تم اُنکو یقین لاؤ گے انکار نہ کروگے۔ اگر تم اُنکو اس بات پر یقین دلانے کی کوشش کرو کہ قرآن مجید کی کوئی بات خلاف قیاس یا نامعقول ہے تو وہ یہ کہکر تم کو روک دینگے کہ "کیا آپ کے نزدیک میرے ایسے لوگ بھی اُسکے سمجھنے کا زعم کرسکتے ہین"۔ اِسٹرلنگ نے کہا "کیا آپ نے اسطرح کی باتین انگلستان مین نہین سُنی ہین"

۲۴ مئی۔ جوزف بونا پارٹ اُسکے بیٹے اور پوتے سے بندرگاہ (فاکلوتم) مین بارکلی اور لارنس نے سفارتخانہ امریکہ کے قریب ملاقات کی اُنھون نے مصافحہ کیا اور سن رسیدہ شخص سے کچھ دیرتک باتین رہین چھوٹے لڑکے کو جو نپولین کا ہم شبیہ ہے دیکھکر کچھ دیرتک نہایت تعجب کرتے رہے اسکا باپ شاہزادہ چارلس بونا پارٹ ایک بڑا وجیہ شخص ہے[1]۔

ماہ جون سنہ ۱۸۴۰ء مین وہ جاتھم میں ملٹن نام اور لنکن کی وضعدار اور ناچ رنگ کی محفلون مین جانے والے خوبرویون کو چھوڑ کر پھر ایک مرتبہ ایرلینڈ مین آئے اور اُسکا کوئی افسوس اُنکو تھا۔ یہان جب اُس نوجوان ایرش لڑکی سے جسکی عمر کا بہترین حصہ ڈبلن کے باغات مین بسر ہوا تھا پھر ملاقات کی۔ اس لڑکی مین جیسا کہ نتیجہ سے ثابت ہوا وہ تمام خوبیان جنکو ہم اپنی خوبصورت ایرش لڑکیون سے عموماً منسوب کرتے ہین یعنی بھولاپن تیزی شگفتگی اور نازو انداز یہ سب صفتین اُسمین شامل تھین اُنکے علاوہ وہ زیادہ مستحکم خصلتین بھی اُسمین تھین جو ایک نہایت محنتی اور بہادر شخص کی رفاقت اور شرکت اور آسایش مین بڑی قابلیت کے ساتھ مدد دیسکتین یہ اس بات کا نتیجہ تھا کہ وہ عرصہ تک لائق بی بی کے متلاشی رہے اور ہرچند کہ وقتاً فوقتاً طرح طرح کی خوبرویین اُنکو مفتون کرتی رہین مگر اور کسی پر نظر نہ ڈالی۔ ممکن تھا کہ ان خوبرویون پر وہ ایک طرفۃ العین کے لیے فریفتہ ہوتے کیونکہ عمر کی سلطنت حاصل کرنے کے پیشتر یہ جذبات بمنزلہ عشق کے غیرون کے تھے جنکے خیالات کو درہم برہم کیے دیتے تھے۔

ص ۱۳

حقیقت مین یہ ایک عمر بھر کی سلطنت تھی جیسا کہ اس سوانح عمری کے سلسلہ مین امید کی جاتی ہے کہ بہت

[1] گیرولین فاکس اُنکے روزنامچون اور چٹھیون کی کتاب صفحہ ۲۳۰ و فیرو سلسلہ ہوٹن پرنٹی سنہ ۱۸۸۱ء۔

اچھی طرح سے بنیرائس نقاب کے اُٹھانے کے ظاہر ہو جائیگی جو ایوان تخیلات دل کے روبرو آویزان ہوتی ہے اور ایسا ہوا بھی ہوگا۔ اور جان لارنس کو معلوم ہوگا کہ اس محبت نے اُنکی زندگی ہی پر تسلط نہین کیا بلکہ اس کا نشہ اُنکے دل مین پیدا ہوا۔

اب دیکھنا چاہیے کہ ہیریٹ گیتھرائین ہیملٹن کا نسب کیا تھا گو وہ فقرات جو نسب نامہ کے متعلق بیان کیے جائین تاریخ کے عام پڑھنے والے کو سب سے زیادہ سمج خراش اور فضول معلوم ہوتے ہین مگر اس نسب نامہ کا بیان کرنا ضروری اور لابدی معلوم ہوتا ہے۔ اس امر کو نہایت ہی سخت نکتہ چین بھی تسلیم کرینگے کہ خاندان اور نسب کو ترکیب خصائل سے کوئی تعلق نہین ہے۔ اس لیے مین ایسی تفصیلات سے جو سر برنارڈ برک اور اُنکے مثل دوسرے اشخاص کی تصنیفات مین پائی جاتی ہین قلم انداز کرتا ہون مگر ساتھ ہی اسکے مسٹر جان لارنس کے مورثون اور بزرگون کا اُسقدر حال ضرور بیان کرنے کا قصد رکھتا ہون جس سے یہ امر ثابت ہوسکے کہ جس خاندان مین اُنکے شوہر کو ایسی لائق بی بی دستیاب ہوئی تھی وہ کسطرح کا تھا۔

ہیملٹنون کی پیدائش اس نام کے خاندان ڈیوک ملک انگلینڈ سے ہے۔ یہ پہلے پہل بعہد ملکہ الیزبتھ ملک آیرلینڈ مین داخل ہوے۔ اُنمین سے ایک نے اسنے نوسکن ملک مین بادشاہ جیمس کی عمدہ خدمت کی جسکے صلہ مین کوئنی کاؤنٹی مین بڑی بڑی جاگیرین پائین اور ارلڈم آف کلینڈبوئی اور ڈوقرن کا خطاب ملا اُنکے دوسرے بھائی بھی ملک آیرلینڈ کے بڑے بڑے زمیندار ہوگئے اور اُنمین سے ایک کی نسل بلا فصل سے ہیریٹ ہیملٹن پیدا ہوئین۔ یہان یہ کہنا ہے کہ اُنکے دادا جیمس ہیملٹن نے جو شیپ ہل واقع گوئنی کاؤنٹی کے رہنے والے تھے تین مرتبہ شادی کی اور اُنکے خاندان مین بڑی کثرت اولاد ہوئی۔ سر برنارڈ برک نے تو بیان کیا کہ اُنکے چھتیس بیٹے اور بیٹیان تھین مگر خاندانی روایتون سے معلوم ہوتا ہے کہ کل ۲۹ لڑکے تھے۔ اُس زمانہ کی بعض مروجہ اصولون سے اس روایت کی تصدیق ہوتی ہے۔ یہ خاندان بڑا متعصب پروٹسٹنٹ تھا اور اس سبب سے بعضون نے تو "تھرٹی تھری انڈکلس" (اوتالیس احکام) سے تعداد اولاد کی تعبیر کی ہے اور بعض ہوشیار لوگون نے یہ بات پیدا کی ہے کہ وہ تعداد "فارٹی انسرایبس سینوڈن" (ایک کم چالیس نشانات نازیانہ) سے مناسبت رکھتی ہے۔ رچرڈ ہیملٹن یعنی ہیریٹ کے باپ کو پہلے پہل کوئنی مینسٹر مین ڈوبلن سے دس میل کے فاصلہ پر ایک معاش ملی۔ اُس خوش قسمت زمانہ کی اور بہت سی معاشون کیطرح یہ معاش بھی بہت عمدہ خیال کی گئی کیونکہ اُسمین کچھ کرنا دھرنا نہین تھا۔ لیکن جدید رنگروٹ ایک بڑا مستعد اور ذی حوصلہ تھا۔ جب اُسنے دیکھا ہوگا کہ میرے پاس کچھ کام نہین ہے تو اُسنے اپنے واسطے کچھ شغل ضرور نکالا ہوگا اور جسطرح اُنکے آیندہ داماد نے کلکٹری اور مجسٹریٹی دہلی کا عہدہ لیکر پولیس اور مجسٹریٹ دونون کا کام اپنے واسطے پیدا کیا تھا اُسیطرح اُسنے بھی جسٹس آف دی پیس مقرر ہوکر اپنی

بیحد کوششون کے عمل مین لانے کا میدان تلاش کر لیا۔

اُس زمانہ مین مزارعین کے مفسد گروہون سے کونٹی میتھ مین بڑا ہنگامہ مچا رکھا تھا یہ لوگ کارڈر کہلاتے تھے کارڈ ایک آلہ ہے جس سے اون صاف کیا جاتا ہے اور اُس مین فولاد کے لمبے لمبے دانت ہوتے ہین اور چونکہ جس آلہ سے یہ مفسد لوگ اپنے کشتون کو اذیت پہونچاتے تھے وہ اسی کارڈ کے مشابہ تھا اس جہت سے اُنکا نام کارڈر پڑگیا اُنکے جور وظلم سے ضلع مین بڑا خوف پیدا ہوگیا تھا اور انسداد کے لیے ہر قسم کی کوشش درکار تھی۔ اُنکے بننے کا جو اَب آرنج ڈیکن ہیملٹن کہلاتے ہین بیان ہے کہ۔

میرے والد ہر شب کبھی تو ایک چھوٹی سی جماعت اور کبھی صرف اپنے ایک معتبر ملازم کو جسکا نام آئینڈریو تھا اور وہ بنڈلہ دار وغہ کے تھا اپنے ساتھ لیکر جایا کرتے تھے اُنکے گھوڑے یہ رات کی عمومین بہت ناپسند کرتے تھے اور دروازہ کی زنجیر کے بند ہونے اور قفل چڑھنے کے وقت سے صبح تڑکے تک جب اُنکا مالک پلٹ کر آتا تھا نہایت خوف کی حالت مین رہتے تھے اس گرد آوری کی سرگذشتون کے وہ اکثر قصے بیان کیا کرتے تھے۔ منجملہ اور قصون کے ایک بالتفصیص مجھکو یاد ہے۔ حصہ ۱۰۱

ایک مرتبہ وہ اپنے معتمد ملازم کے ساتھ ایک مشہور و معروف مجرم کے سر پر جسکی عرصہ سے تلاش ہو رہی تھی آپہونچے اور اُسکو گرفتار کر لیا۔ اس مجرم کو اُنھون نے اپنے مکان سے بڑے فاصلہ پر ایک ایسی سڑک کے قریب جہان اُسکے بھاگنے کا بہت عمدہ موقع تھا گرفتار کیا تھا۔ میرے باپ اور اُنکا ملازم آئینڈریو اب دونون بڑے موٹے تازے آدمی تھے اور عمدہ گھوڑون پر سوار تھے لیکن اُنکا قیدی لوٹری کا ایسا چالاک تھا اور بروقت واپسی اُسکے فرار ہونے کا انسداد دشوار تھا۔ میرے باپ نے دونون گھوڑون کو سنبھالا اور رآب جونک کیطرح اُس سے چمٹ گیا لیکن اُسکو دبوچتے وقت چلا اُٹھا کہ "ہم دیکھتے ہین کہ اسکا گم تک بحفاظت لیجانا ممکن نہوگا" میرے باپ نے جنکو وقت پر ہمیشہ نئی بات سوجھتی تھی جواب دیا کہ "اُسکے پاجامہ کا کمربند کاٹ دو" یہ لباس اُس زمانہ مین علی العموم سب لوگ پہنتے تھے اور ابتک کونٹی میتھ کے اکثر دہقان پہنتے ہین۔ قیدی نے یہ دیکھکر کہ اب اُسکی کچھ چالاکی چل نہ سکیگی اور دوڑ دھوپ کام نہ آئیگی اطاعت قبول کی اور قبل طلوع آفتاب بحفاظت جیلخانہ مین داخل ہوگیا

کانسٹبلی آج کل کے زمانہ مین ریچرڈ ہیملٹن کے ایسے دو چار سو آدمی بیرونی اضلاع آنریبلڈ مین ہوتے اِس قسم کی ایک شہر پناہ کتنے جابرون کی سدباب ہوتی کتنے لوگ فوراً سزا پا جاتے اور کتنی جابرانہ تدبیرین بیسود ہو جاتین اس قسم کے ایک آدمی کے پڑوس رہنے سے معلوم نہین کسقدر خوف اور ہیبت اُن کمبخت لوگون کے درمیان پھیلاتی جنکی سب سے بڑھکر بہادری یہ ہے کہ سیاہ چہرے کے ساتھ اپنے غیر محفوظ شکار کی تاک مین اکہ روز دن دیوار کے پیچھے جمع ہوکر مٹھیون یا اُن لوگون کے بیزبان مویشیون کو لولا لنگڑا کر ڈالین جو اپنے فرائض کے ادا کرنے مین ہمت اور دیانت داری سے کام لین ۱۸۱۵ء مین اِس محافظ امن خلائق نے کیتھرائن ینگ کے ساتھ شادی کی یہ لڑکی بڑی ہنرمند اور نیک سیرت تھی۔ اسکے چند برس بعد جب کثرت کا زمانہ آیا تو کونٹی ڈونیگال مین کلڈاف اور گلنچا

* یہ کانسٹبل کے فرائض سے ہے جو ہر ایک ضلع کے ذمہ دار افسر ہیں اور جنکو ہر وقت ایک جماعت سپاہیون کی رہتی ہے اس زمانہ مین ان کو کانسٹبل کہتے تھے

کی دو معاشین انکلو اور ملین اور وہ اپنی زرخیز اور آباد پیشہ کی کوٹھی سے جو ڈبلن سے دس میل کے فاصلہ پر تھی دور دراز اور غیر آباد ساحل الشٹر کو گئے کہتے ہین کہ جب اس نوجوان بی بی کو پہلے پہل اپنا نیا گھر نظر آیا تو انکا دل بھر آیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ لیکن یہ صرف ابتدائی کیفیتین تھین بعد کو وہان اُسکے بہت دوست ملے اور بہتیرے دوست پیدا ہوگئے۔ اور ویرانی اور تنہائی سے ابتدا مین جو وحشت ہونے لگی تھی وہ دور ہوگئی۔ تھوڑے ہی زمانہ مین وہ ڈونگال کے ملک سے مانوس اور مربوط ہوگئی اور وہان کے لوگ بھی اُس سے الفت کرنے لگے۔ ایسی نفیس اور لطیف آب وہوا مین جہان خوش سواد اور پر فضا ساحل واقع تھا ہیریٹ ہملٹن کے ابتدائی ایام بسر ہوے اُسکی ایک بہن کی شادی ڈاکٹر ڈوری کینیڈی کے ساتھ ہوئی تھی جو اس خاندان کے ایک مورثی دوست تھے اُنکی دلچسپ یادداشتین جو خود انکے اور لارنسون کی طالب علمی کے زمانہ سے تعلق رکھتی ہین مین اوپر محول کر چکا ہون اور اُسکی اس خاموش زندگی کے خاص واقعات یہ ہین کہ اب وہ کبھی کبھی اپنی بہن کے گھر ڈبلن مین جایا کرتی تھی اور بعض اوقات اُسکے دونون بھائی جب اسکول اور کالج مین تعطیل ہوتی تھی تو آیا کرتے تھے۔ وہ لکھتی ہے کہ

جس سادے طریقہ سے مین رہتی تھی اُسطرح بہت کم لڑکیان رہتی ہونگی لیکن مین بہت خوش تھی کام کاج مین دل بہلاتی تھی اور قوی و تندرست تھی میری مان بہت ناتوان تھین اور مجھکو اپنے والدین کی نگرانی کے متعلق بہت کچھ کام کرنا پڑتا تھا باپ بھی اب نحیف ہونے لگے تھے مین مان کے ساتھ بہت کتابین پڑھا کرتی تھی اور اگرچہ آج کل کی لڑکیون کے نزدیک وہ زندگی کاہلانہ خیال کیجاتی لیکن بہرطور مجھکو ویسا نہین معلوم ہوا۔ ہمارے عیش و تفریح کی باتین معدودے چند اور سادہ طور کی تھین لیکن جو کچھ ہون ہم اُنسے بخوبی حظ حاصل کرتے تھے اور گھر والے حقیقت مین نہایت خوشی سے زندگی بسر کرتے تھے۔ والدہ کی زندگی بڑے ذوق کی تھی کیونکہ وہ تمام کامون مین والد کی مدد کرتی تھین مجھکو خوب یاد ہے کہ مین والدہ کے ساتھ غربا کے درمیان جایا کرتی تھی پہلے آنے سے وہ لوگ بہت خوش ہوتے تھے اور اُنسے محبت کرتے تھے۔ مین خیال کرتی ہون کہ بہ نسبت دریادون کے جو عموماً ایرلنڈ مین تھے والد زیادہ کشادہ دل تھے کیونکہ انھون نے قومی تعلیم کی تجویز کو بہت خوشی سے قبول کیا اور گورنمنٹ کے رومن کیتھولک پادری سے ہمیشہ اُنسے بہت بنتی رہی۔ میری والدہ رومن کیتھولک اور خاص ہمارے فرقہ کے لوگون مین بھی جایا کرتی تھین اور پادری لوگون نے کبھی کوئی عذر نہین کیا۔

الغرض ہیریٹ ہملٹن کی ابتدائی عمر کا حصہ اس اطمینان کے ساتھ بسر ہوتا رہا تا آنکہ اُن تک جان لارنس کی رسائی ہوئی زندہ دلی صاف باطنی تو اُنکے مزاج مین موجود ہی تھی مگر اُنکی قوت جسمانی بھی اعلیٰ درجہ کی تھی معلومات ہندوستان کا ذخیرہ جس سے قزاقان پنڈہ کے شکاری یعنی رجرڈ ہملٹن کو بھی کچھ کم ہمدردی نہین تھی اُنکے پاس بہت بھاری موجود تھا۔ دو مہینے تک سلام و پیام رہا اور ۲۶۔ اگست ۱۸۴۱ء کو رسم شادی عمل مین آئی۔ ایک چھوٹے سے پیرش مین یہ بڑی بھاری تقریب تھی اور امیر غریب اعلیٰ ادنیٰ کیتھولک اور پروٹسٹنٹ دور و نزدیک سے ڈبلن اور

اُسکے خاندان کی عزت افزائی کو شریک ہوے۔

ص ۱۳۱ اگر غور کر کے دیکھا جاے تو شادی ایسی شے نہین ہے جسمین سواے خوشی کے کسیطرح کا غم ہو۔ لڑکی والون کے نزدیک تو رسم شادی بمنزلہ اُسکے ہوتی ہے جیسے کسیکے گھر مین غمی ہوجاے اگر نئے رشتہ قائم ہوتے ہین تو پرانے رشتے ٹوٹ جاتے ہین اور اگر دو آدمیون کے لیے آیندہ خوشی کا زمانہ آتا ہے تو کئی آدمیون کی گذشتہ خوشی مین فرق آتا ہے یہ ضرب المثل جو جاری ہے کہ دُلھن کے مان باپ بیٹی سے نہین محروم ہوتے بلکہ اُنکو ایک بیٹا مل جاتا ہے بہت کم صحیح ہے اگر شادی کسی ہندوستانی افسر کے ساتھ ہوئی ہو تو اور بھی صحیح نہین ہے۔ ان صورتون مین لڑکی مان باپ کے ہاتھ سے نکل جاتی ہے اور چونکہ لڑکی کا آیندہ مکان ایک بڑے دور دراز مقام مین ہوتا ہے لہذا یہ کسی طرح نہین کہا جاسکتا کہ لڑکی کے مان باپ کو ایک بیٹا مل جاتا ہے پس اس قسم کی شادی مین مان باپ کی سچی محبت کا سخت امتحان ہوتا ہے۔ لیکن مسز ہیملٹن کے مان باپ اس آزمائش مین ثابت قدم رہے اور جہان تک اُنکے امکان مین تھا اپنی بیٹی کی خوشی رکھنے مین ذرا بھی دریغ نہین کیا شادی کے روز آپریشنڈ کی آب و ہوا کے اعتبار سے مطلع صاف تھا اور جان لارنس اور اُنکی بی بی اُس روز کے عروج و زوال پر اکثر آپسمین ہنسا کرتے تھے کہ پہلے تو چار اسپہ گاڑی پر سوار ہوے لوگ خوشی کے نعرے مارتے اور دعائین دیتے ہمراہ چلے آتے تھے۔ دوسرے روز چار اسپہ گاڑی کے بدلے جوڑی ہی رہگئی اور پھر تیسرے دن ایک ہوا خوری کی گاڑی اور ایک گھوڑا رہگیا۔

اس پیوند سے عمر بھر کی بے مثل خوشی کا جو رشتہ قائم ہوا تھا اُسکا ثبوت اس تمام سوانح عمری سے صراحتاً خواہ مخواہ ملتا رہیگا۔ مین اس مقام پر صرف دو شہادتین پیش کرتا ہون وہ دونون خود جان لارنس کی تھین ایک تو دیدہ و دانستہ سوچ سمجھکر اور دوسری بے سمجھے بوجھے بلکہ قریب قریب نا واقفانہ طور پر بیان ہوئی ہے۔ جان لارنس اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی سوانح عمری کے اُس ٹکڑے مین جسکو مین کئی جگہ محول کر چکا ہون اور جو شاید زمانۂ اسیرائی کے اختتام پر شادی کے تیس برس بعد لکھی گئی ہوگی تحریر کرتے ہین کہ "ماہ اگست ۱۸۵۱ء مین مین نے اپنی زندگی کا بہت بڑا اور بڑی خوشی کا کام کیا یعنی اپنی شادی کی جسمکو میرے دل کی بی بی ملی"۔

دوسری شہادت شائد اس سے بھی زیادہ مفید مطلب ہے کیونکہ جیسا مین بیان کر چکا ہون اُسکا اظہار بھی بلا ارادہ ہوا اور جو صفائی اور زور اُس سے ظاہر ہوتا ہے وہ جان لارنس کے اصل خواص کو بتاتا ہے۔

ص ۱۳۲ ایک روز جان لارنس شام کے وقت اپنے سوتھ گیٹ والے مکان کے دیوانخانہ مین بیٹھے ہوے تھے اُنکی بی بی اُنکی بہن لیٹیشیا اور خاندان کے اور لوگ بھی موجود تھے اور سب تماشہ بین وغیرہ پڑھ رہے تھے۔ جان لارنس بڑی توجہ سے اپنی کتاب کے پڑھنے مین مشغول تھے ایک مرتبہ لگاہ اُٹھاکر دیکھا تو معلوم ہوا کہ اُنکی بی بی وہان نہین اپنی بیٹی سے خطاب کر کے اُنھون نے کہا کہ "تمھاری اماں کہان گئین" لڑکی نے جواب دیا کہ "کوٹھے پر ہین"۔

وہ پھر کتاب کو پڑھنے لگے اور پانچ منٹ کے بعد اپنی بہن سے پھر وہی سوال کیا اور وہی جواب پھر تیسری مرتبہ پھر وہ اپنی کتاب پڑھنے لگے اور تھوڑی دیر کے بعد پھر وہی سوال کیا۔ انکی بہن لیٹیشیا سے اب رہا نگیا تو انھون نے کہا کہ "کیون جان مجھے تو معلوم ہوتا ہے کہ تم پانچ منٹ بھی اپنی بی بی بغیر نہین رہ سکتے ہو" انھون نے جواب دیا کہ "اسی لیے تو مین نے انکے ساتھ شادی کی ہے"۔

ہنی مون (شادی کا پہلا مہینہ) کے ایام بڑا عظم نورمنڈی کی سیر مین بسر ہوے۔ اس سیاحت مین جو ستمبر ۱۸۳۱ء سے شروع اور ماہ مارچ سنہ آیندہ مین ختم ہوئی جان لارنس اور انکی بی بی نے نارمنڈی فرانس سوئیزرلینڈ اور اٹلی کی سیر کی دولھن کی سالگرہ (۲۴ نومبر کو) فلارنس مین ہوئی اور میان بی بی قریب اختتام ماہ مذکور روم مین پہونچے۔ صبح کا وقت ہر روز کیفیتون کی سیر مین جو طرح طرح کی تھین صرف ہوتا تھا شام کو زبان اٹلی کی کتابون کا مطالعہ ہوتا تھا۔ ہندوستان کی آب و ہوا کا جو خراب اثر جان لارنس پر پڑا تھا ابھی وہ بخوبی رفع ہونے نہین پایا تھا اس سبب سے یہان کی آب و ہوا بھی اُن پر بہت جلد اپنا اثر کر گئی اور جو اندیشہ پہلے سے تھا اُسکے مطابق تندرستی مین فرق آنے لگا۔

جان لارنس نے اپنے دوست کیپٹن صاحب کو ایک چٹھی لکھی تھی جسمین تحریر کیا تھا کہ "روم ایک ایسا مقام تھا جہان دیکھنے اور سُننے مین ہمکو بہت کچھ حظ حاصل ہو سکتا تھا مگر افسوس ہے کہ کچھ بھی نہ دیکھ پایا۔ اس سیاحت مین مسٹر اور مسز پیئر بھی کچھ دور تک انکے ساتھ گئے تھے۔ اور لیٹیشیا نے اپنے کسی دوست کی ایک چٹھی مین لکھا ہے کہ "ہنی مون کے ایام ختم ہو گئے اور مین نے کسی ابرو پر شکن نہین پائی۔ مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ میرا بھائی اپنی بی بی سے محبت کر سکتا ہے اور انکی بہن کو بھی کچھ کم الفت نہین ہے"۔

ہماری تباہ حال فوج کابل کے خلاف افغانون کے فساد کرنے جان لارنس کے بھائی کے گرفتار ہونے بلکہ غالباً انکے مارے جانے کی خوفناک خبرین جان لارنس کو شہر پٹیالہ مین پہونچین۔ جنسے انکے ابرو پر شکن پڑنے کے علاوہ انکی کیفیت کچھ اور بھی دگرگون ہوئی ہوگی۔ اور جان لارنس نے ایک چٹھی مین جو بڑی عجلت کے ساتھ اپنی بھاوج یعنی ہنری کی زوجہ کو لکھا تھا مندرجہ ذیل حالات درج کیے ہین۔ اس چٹھی کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ اسمین قاعدہ صرف و نحو کی غلطیان نہایت فاش پائی جاتی ہین۔ لیکن مثل اس مشہور چٹھی کے جسکو جنگ بلنہیم کے بعد ڈیوک آف مارلبرا نے اپنی بی بی کو لکھا تھا اور جسمین املا اور انشا کی غلطیان حد سے زیادہ تھین اس امر سے افتخار کی علامتون کے ظاہر ہونے کے سوا اسکی تاریخی دلچسپی مین بھی اضافہ ہوتا ہے۔ یہ پہلی چٹھی ہے جسمین انھون نے افغانستان کی نسبت اپنی راے ظاہر کی اور جب وہ اس فوج کے جوش کی پیروی کر رہے تھے جو اس زمانہ کے چند ہفتہ کے بعد انتقام لینے کے لیے روانہ انگلستان ہوئی یا جب بطور اصل فرمانروے پنجاب کے وہانکی نہایت دشوار اور شاید غیر تحقیق مگر اپنی نگرانی کی حالت مین بیشک بخوبی محفوظ رہنے والی سرحد کی حفاظت کے ذمہ دار گیا جب حقیقت گورنمنٹ

ص ۱۴

وہ اس بات کی ہر ایک کوشش کر رہے تھے کہ افغانستان کے اندرونی انتظامات مین دست اندازی نکرین یا جب اپنے اُس خیال کے مطابق جو مرتے دم تک قائم رہا اُس حکمت عملی کی مخالفت کرتے رہے جسکو (عام اس سے کہ وہ برسرحق یا غلطی پر ہون) وہ خلاف مصلحت ملک اور غیرمنصفانہ تصور کرکے سمجھتے تھے کہ اُسمین یقیناً وہی پیچیدگیان پڑینگی جو تیس برس پیشتر انھون نے ظہور مین خیال کی تھین اور جسکو وہ ہماری کل سلطنت ہند کی حفاظت کے خلاف جانتے تھے المختصر ان تمام حالتون مین اُنکی وہ راے کبھی نہین بدلی جو اُنھون نے پیشتر قائم کی تھی۔ پس یہ چھٹی ماہیت ذہن اور تاریخی مقصد کے اعتبار سے بھی دلچسپ ہے اور مین اسکو اسکی ہیئت اصلی سے نقل کرتا ہون صرف ونحو یا نشانات وقف ووصل کی غلطیون مین کسی مقام پر مین اصلاح نہین دونگا۔ اسکا مفہوم ہی میرے مطلب کے لیے کافی ہے

مقام پیشاور مورخہ ۲۳ مارچ ۱۸۳۹ء

میری پیاری ہنوریا۔ ابھی ڈاک کے ذریعہ سے سر ولیم (نیکنائن) کی وفات پیچارے جارج کی قید یا غالباً اسکی بھی وفات اور کل فوج کابل کی تباہی اور بربادی کی ایسی خوفناک خبرین میرے پاس پہونچی ہین کہ مجھسے کچھ لکھتے بن نہین پڑتا ہے واقعی بڑے خوف کی بات ہے ایسی خبر کبھی اور میرے نزدیک تو فی الواقع کبھی ہندوستان سے نہین آئی کاغذات سے معلوم ہوتا ہے کہ جارج اور نیکنائن دونون مین سے کسی کی جان نہین بچی مین خیال کرتا ہون کہ چونکہ گرفتار ہونے کے ساتھ ہی دشمنون نے انکو ہلاک نہین کیا تو عجب نہین ہے کہ اپنے قیدیون کے چھڑانے کے لیے انکو بچا رکھا ہے۔ گو انسان کی امید مرتے دم تک نہین جاتی لیکن ہم نہایت ہی خراب نتیجہ کا یقین کرتے ہین معلوم ہوتا ہے کہ بہ انتظامی انتہا سے زیادہ ہوئی سامان رسد اسی طرف نکل جانے دیا گیا جدھر سے انکا راستہ بند ہوگیا تھا فوج متفرق ہوگئی درمیان مین دریا کا حائل ہونا اُسپر کسی پُل کا موجود نہونا اور بالآخر میو و ملحون مین فوج کی ہاتون کا پست اور زائل ہونا اور اسکے بدلے حملہ کیا جانا ان سب باتون سے ثابت ہے کہ انتظام بالکل نہین تھا۔ مین یقین کرتا ہون کہ یہ افواہ صحیح نہوگی کہ مورچہ کے خالی کرنے کے بعد حملہ ہوا اور تباہی آئی میرے نزدیک یہ زیادہ مناسب تھا کہ لوگ کھلے میدان مین ہوکر غزنی کیطرف پلٹ جاتے۔ تم خیال کر سکتی ہو کہ ہم لوگون کو مزید خبرون کے آنے کا کسقدر اضطراب ہوگا۔ اس ہنگامہ کے قبل عام خیال یہ تھا کہ افغانستان مین جسقدر جلد ہم پہونچ جائین اُسیقدر بہتر ہے۔ اور لارڈ آکلینڈ اسی سے ہین کہ یہی قصد کرکے گئے تھے۔ اب مین یہ خیال نہین کرتا کہ ہم لوگ بغیر اپنی بدنامی کا داغ مٹائے ہوئے اُس ملک سے واپس آسکتے ہین گو وداع کیسا ہی بھاری ہو میرا قصد ہے کہ اگر مطلع صاف رہا تو ۲۰ تاریخ بذریعہ جہاز راولپنڈی کو روانہ ہون اور وہان سے شہر پیشن مین اگر دو دن تک قیام کرون بعد اُسکے انگلستان چلا آؤن۔ مجھکو بڑا اضطراب ہے کہ کسیطرح جلد انگلستان پہونچ جاؤن اور اگر بیچارہ جارج درحقیقت دنیا سے اُٹھگیا ہو تو جانی اور اُسکے بچون کی خبرگیری کرون۔ دو دن کا عرصہ ہوا مین نے مسٹر ٹریس سے سنا تھا معلوم ہوتا ہے کہ اُسوقت اس خوفناک خبر کا حال جارج سے نہین کہا گیا تھا کہ اگر جارج مرے تو تم اسکے وصی ہوگے..... تم جو کچھ کرو مجھکو لکھ بھیجنا کیونکہ مہنی کو ان باتون کا

ص ۱۴

بہت کم وقت ملے گا اگر تمسے ممکن ہو تو بہنوئی کو افغانستان سے علیحدہ رکھنا۔ کاشکے مین ہندوستان مین چلا گیا ہوتا میرا سب دل مین لگا ہوا ہے اُنکی سیر کرتے کرتے مین تھک گیا۔ لیتیشیا اور سسٹر ہنرخشکی کے راستہ سے واپس جائینگے اور غالباً ماہ جون کے قبل انگلستان مین نہ پونچ سکینگے۔ سنتے ہین کہ گیارہ ہزار فوج ہندوستان کو جانے والی ہے گو میری سمجھ مین نہین آتا کہ چین کے سوا اس قدر فوج کی کیا ضرورت ہے۔ مین نہین سمجھتا کہ اس مہم کا خاتمہ ہو گیا مجھکو تو وہ ختم ہوتی نہین معلوم ہوتی۔ یہ چٹھی براہ راست کانسل کی ڈاک کے ساتھ نیپلس کو جاتی ہے اس راستہ سے مین نے دو تین چٹھیان بھیجی ہین۔ اگر جانے کے بارے مین کچھ حال سننا تو خیال رکھنا کہ مجھکو اسکی فوراً اطلاع ہو۔ میری زیست ابتک اسی امید پر ہو رہی ہے کہ اُنکی زندگی وفا کریگی۔ رقیہ محبت جان۔

اُسی روز اور اُسی چٹھی کے دوسری طرف اُنکی بہن لیڈیشیا نے اُسیطرح کی عبارت لکھی لیکن اس سے زیادہ خطرناک و رنج مترشح ہوتا ہے۔

"ہندوستان کی تباہیان آخر کو ہمارے خاندان پر پڑنے ہی لگین اور سب کے پہلے وہ شخص ہدف ہوا جو سب سے اچھا اور سب سے زیادہ بے لوث تھا۔ یہ تباہی شروع تو ہو گئی مگر دیکھیے کب اور کہان ختم ہوتی ہے مین ہر صبح کو اپنے ہر وقت پاس رہنے والے ہادی اور ضامن سے دعا کرنے کے بعد اُٹھتی ہون لیکن جون کو میرا ضعیف دل ڈوبنے لگتا ہے اور یاس چارون طرف سے مجھکو گھیر لیتی ہے"۔ پھر اس خوف سے کہ مبادا آیندہ اُنکے بھائی ہنری کی باری نہ آئے اُنھون نے سخت قلق کے ساتھ اُنکی طرف خیال کیا ہے اور اُنکو لکھا ہے کہ مجھکو یقین ہے کہ کیا آپ انگلستان مین آکر نوکری کر لیجیے گا اور میرے اور میرے شوہر کے پاس جو بودگی ہے اُسمین آپ کو شریک کر لونگی" پس میرے پیارے دیہان پلٹ آؤ دیر نکرو اما جان ہائے معلوم نہین اُنکی کیا کیفیت ہو۔ مین خوب جانتی ہون کہ اُن پر کیا گذر رہی ہوگی۔ اور اُس غریب بھاوج پر تو غم کا پہاڑ ہی پھٹ پڑا ہے اُسکے بارے مین کیا لکھون"۔

حص ۱۴ الغرض ہنری مُون کے ایام (جسطرح اس غم کے سال مین اور بہت سے لوگون کو گذرے تھے) سخت بیچینی اور امید و بیم کی عجب افسوس ناک حالتون مین (کیونکہ وہ امید مین عرصہ تک معرض تعویق مین رہین) تمام اہالیان خاندان لارنس کو گذرے جان لارنس اپنی بیمار صاحبہ سمیت فی الفور اس غرض سے روانہ لندن ہوے کہ خراب ترین اندیشون کے صحیح ثابت ہونے کی حالت مین بیوہ اور اُسکے اطفال کی خود پرداخت کرین لیکن اس موقع پر وہ ایسے دیرپا اور خطرناک مرض مین گرفتار ہو گئے جس سے اُنکے ڈاکٹرون نے ظاہر کیا کہ اب پھر ہندوستان جانے کا خیال آپ یکے قلم اپنے دل سے دور کر دیجیے۔ یہ بڑی بیحد صعب بات تھی کیونکہ اُنکی رخصت قریب اختتام تھی اور ضرور تھا کہ اس بارے مین فوراً کوئی فیصلہ کیا جاتا۔ چونکہ ہندوستان کے کام مین اُنکا نہایت دل لگا تھا اس سبب سے غالباً اُنکو یہ کہنے مین کچھ بھی تامل نہوا ہوگا کہ چاہے جو کچھ ہو مگر مین نے قصد مصمم کر لیا ہے کہ ضرور ہندوستان جاؤنگا۔ چنانچہ اُنھون نے یہی فقرہ لکھا تھا کہ "اگر مین ہندوستان مین جاکر زندہ نہین رہ سکتا ہون تو

مجھکو لازم ہے کہ وہان جاکر مرجاؤن ہا۔

جب کچھ افاقہ ہوا تو وہ تبدیل آب وہوا کے لیے آیرلینڈ گئے اپنی سسرال والون سے رخصت ہوے ستمبر کا مہینہ اپنی ضعیف مان کے ساتھ اُنھون نے کلیفٹن مین بسر کیا اُسوقت اُنکے نو لڑکے اور دس پوتے اور پوتیان نواسے اور نواسیان اُنکے گرد جمع تھین اور جنکو دیکھ دیکھ کر وہ خوش ہوتی تھین اور یکم اکتوبر کو وہ بذریعہ ڈاک خشکی سفر ہندوستان کرنے کی غرض سے سوتھ امپٹن سے روانہ ہوے۔ مان اور بیٹے کی یہ آخری ملاقات تھی جسکا شاید دونون کو خیال ہوا ہو لیکن اس خیال سے کہ اب وہ اکیلے ہندوستان کو نہین جاتے ہین مان کا جی بیحد کم ہوگیا جب جان لارنس ۱۸۳۹ء مین اُدھر مین آئے تو مان نے ایک چٹھی مین اُنکو لکھا تھا کہ "مین قبر مین پاؤن لٹکائے بیٹھی ہون اگر میری زندگی مین تیرا بیاہ ہوگیا تو میرے دل کی یہ بھی حسرت نکل جائیگی"۔ اور اُنکی شادی کے ایک دن پیشتر (۲۷ اگست ۱۸۴۱ء) اپنے بیٹے ہنری کے نام کی ایک چٹھی مین اُنھون نے اپنے یہ خیالات ظاہر کیے تھے "مجھکو اس بات کے معلوم ہونے سے کہ اگر خدا کا فضل ہوا تو جان کی شادی اُس کے عزیزون مین سے ایک ایمان دار ایرش لڑکی کے ساتھ ہوگا جسکو وہ سب بخوبی جانتے ہین۔ مجھکو یقین ہے کہ مارشیا نے اُسکے بارے مین جو حالات لکھے ہین وہ بہترین ثبوت ہین۔ مین چاہتی تھی کہ خود اپنے تجربہ کے مطابق اُسکا کچھ حال بیان کرتی مگر اتنا میرے لیے کافی ہے کہ جان اُس سے خوش ہے"۔ اس ضروری امر کی نسبت اُنکو ذاتی تجربہ حاصل کرنے کا موقع آیا اور ہاتھ سے چلا گیا اور اُنکو اس بات کا یقین آگیا کہ میرے فرزند کو جیسا شاد مان ہونا چاہیے تھا ویسا خوش ہی نہین ہے بلکہ مسرور ہونے کے بہترین وجوہ بھی اُسکو پاتے جاتے ہین۔ ص۱۳

اور جان لارنس اسطور پر دوسری مرتبہ انگلستان سے ہندوستان کو روانہ ہوے کہ نہ اُنکی کسی نے خبر لی اور نہ اُنکو کوئی جانتا تھا اور جو جو صفتین اُنمین موجود تھین اُنسے کسیطرح کا اعتراف نہین ہوا تھا۔ اُنکے قریب ترین اعزا اور اقارب بھی ابتک یہ خیال نہین کرتے تھے کہ وہ آیندہ نام پیدا کرینگے اور خود جان لارنس کو بھی اس بات کی کچھ کم تشویش نتھی (جیسا کہ نتیجہ سے بدلائل ثابت ہوا) کہ دیکھیے اب ہندوستان مین جاکر کیا کام ملتا ہے اسکے بعد بیس سال کے گذرنے پر وہ اس حیثیت سے انگلستان کو واپس آئے کہ تمام ممبرون کی نگاہین اُنمین تھین۔ ہندوستان خصوصاً پنجاب مین گھر گھر ہر شخص کی زبان پر اُنمین کا نام جاری تھا اور وہ سب لوگ جنکی ہمت سے اُنھون نے اسقدر عروج حاصل کیا تھا اور جنکے بہترین اوصاف اس عمدگی کے ساتھ اُنمین شامل تھے تمام اطراف وجوانب سے جوق جوق اُنکے ملنے کو چلے آتے تھے اور اس بات کی تمنا رکھتے تھے کہ عظیم الشان فرمانروائے پنجاب اور اُس شخص کے عظیم الشان چہرہ کو (یہ چہرہ اب ہر شخص کو مانوس و مربوط ہوگیا تھا) ایک نظر دیکھ لین جسنے ہماری سلطنت ہندوستان کی حفاظت مین وہ کام کیا تھا جو کسی تنہا آدمی سے ممکن نہین تھا۔

حصہ ۱۰

باب ششم

افغانستان کی پہلی لڑائی ۱۸۳۸ء لغایت ۱۸۴۱ء

اس تین سال کی مدت مین جب جان لارنس ہندوستان سے واپس جاکر انگلستان مین مقیم رہے تو انکی عدم موجودگی مین انگریزون کی تاریخ ہندوستان بلکہ قریب قریب تمام سلسلہ تاریخ انگلشیہ کا ایک نہایت تاریک اور ذلت آمیز حصہ درجہ تکمیل کو پہونچا۔

جنگ افغانستان کی داستان ایک شرمرتبہ کی کہی ہوئی کہانی ہے اور امید ہے کہ اس سے جو سبق حاصل ہوا ہے وہ تختہ قلوب قوم پر بطور موعظہ قلم پرکار فولادی سے کالنقش فی الحجر ہو جائے۔ اسکے منصوبہ اور کارروائی سے بیشک جان لارنس کو کوئی واسطہ نہ تھا۔ اسواسطے بادی النظر مین معلوم ہوگا کہ انکی سوانح عمری کے میدان سے جیون ہی بیحد وسیع ہے اسکو تعلق نہین ہے۔ لیکن گو انھون نے جنگ افغانستان پر اپنا اثر کچھ نہین پیدا کیا لیکن اسکا اثر جان لارنس پر البتہ بہت بھاری پڑا۔ بعد کو انکی حکومت کے زمانہ مین خواہ بحیثیت چیف کمشنر پنجاب خواہ بحیثیت گورنر جنرل ہند ہمیشہ اسکی طرف انکا خیال اسقدر رجوع رہا۔ ۲۵ برس کے عرصہ مین یکے بعد دیگرے جو آٹھ گورنر جنرل مقرر ہوے ان سب کی بیرونی حکمت عملی مین اسکا غلبہ اسقدر رہا کہ عام طور پر ان وجوہ عامہ اور تدابیر متواترہ کا بیان کرنا جن سے اس سانحہ کا وقوع ہوا لازم معلوم ہوتا ہے تاکہ خود جان لارنس انکی کارروائیون اور انکے زمانہ کا حال صحیح صحیح لوگون کو معلوم ہو جائے۔ یہ داستان ہوش ربا اور بے لطف بھی ہے۔ ہوش ربا اس بہت سے کہ ایسا خوفناک اور پورا سانحہ گذرا اور بے لطف اس اعتبار سے کہ ابتدا سے انتہا تک ایک تدبیر بھی ایسی نہین ہوئی جسپر حماقت یا حماقت سے بھی بڑھی ہوئی کسی چیز کا ایسا داغ نہ لگا ہو جو حک نہین ہو سکتا۔ یہ ایسی مہلک حماقت تھی جسکا بیان یونان کے سب سے بڑے مرثیہ گو کے سوا اور کسی سے ممکن نہین ہے اس دیوانگی نے ان لوگون کی تدبیرون کو بالکل ساقط الاثر کر دیا جنکی ہلاکت خدا کو منظور تھی اور اس سبب سے خدا نے پہلے انکے حواس ہی معطل کر دیے۔ اس طول طویل اور غمناک ناٹک کے ابتدائی کرتب سے لارڈ آکلینڈ کی کارگزاری ہندوستان کا آغاز ہوا اور آخری امر پر اسکا خاتمہ ہوگیا۔

اس صورت معاملات کے پیدا ہونے کا اصل سبب یہ تھا کہ انگلش مدبرون نے روس کے عاجلانہ اقدام کے لحاظ سے اپنے نزدیک نہایت سوچ سمجھ کر اور بڑی راستبازی سے یہ حکمت عملی اختیار کی تھی لیکن بالعوض اسکے کہ اس سے کوئی کام نکلتا اسوقت انکے ہوش و حواس بلکہ قوت تمیز نیک و بد بھی سلب ہوگئی۔ اب دیکھنا چاہیے کہ روسیون کا وہ اقدام کس طرح کا تھا اور کس درجہ تک اسکی ترقی تھی۔ جن لوگون نے اندیشہ کے لحاظ سے کل معاملات

کو دیکھا ہے اُنمین سے کوئی شخص منکر نہو گا کہ روسی بہت جلد بڑہ رہے تھے اور حقیقت مین ہوشیار ہو جانے کا موقع تھا۔ یورپ کی جانب تخمیناً پچاس برس کے اندر فِنلینڈ کا ملک فتح کر لیا گیا تھا سلطنت روم علیہ بالکل تہ و بالا کر دی گئی تھی اور اُسکے بعض عمدہ ترین صوبے چھن گئے تھے۔ ملک پولینڈ کی تقسیم اُس ناانصافی کے ساتھ تجویز کی اور تجویز کرنے کے بعد عمل مین لائی گئی کہ جال کے زمانہ مین کبھی اسطرح کی ناانصافی ہوئی ہوگی اور اُنمین روسیون کو مال غنیمت کا حصہ شیر کے برابر (یعنی سب سے بڑا) ملا۔ بجانب ایشیا روس سیبیریا کے جنوب طرف اُن تمام وسیع علاقون تک بڑہ آیا تھا جہان کرغیز فرقہ کے لوگ پھرا کرتے ہین۔ رفتہ رفتہ اُسنے دریاے جیکسارٹیز (سیحون) پر اپنے قلعے قائم کر لیے اور دریاے آکسس (جیحون) کی جانب تاک لگائے تھا اور بلکہ خیوا بخارا اور قوقند کی تینون خود مختار ریاستون کو بھی دھمکی دے رہا تھا۔ اس سے بھی زیادہ خوفناک امر یہ تھا کہ اُسنے ایران کے شمالی صوبے فتح کر لیے تھے اور اُس سلطنت کو صرف اپنا کٹھ پتلا بنا رکھا تھا۔ برٹش اور ایران دربار سے متواتر ایلچی آئے گئے وظیفہ مقرر ہوا وعدے وعید عمل مین آئے (یہان بیان کرنا چاہیے کہ وقت پر ان وعدون سے ایک عجیب مخالفانہ طور پر علیحدگی اختیار کی گئی) مگر ایران اور انگلستان مین دوستی نہونے پائی اور اسواسطے نیم آزاد صوبہ ہرات پر جو سابق کیطرح ابتک مشرقی سمتے کی کنجی ہے ایرانیون کے بڑہنے کو انگلش مدبر جو معقول بنسبت روسیون کے اُس ملک کی طرف بڑہنے کے خیال کر سکتے تھے جو ابتک اُنکے اور دریاے سندھ کے مابین حائل ہے اب یہ ایک بڑا بھاری واقعہ یا سلسلہ واقعات اور ایک بڑا خطرہ یا سلسلہ خطرات تھا جسکی نسبت انگلش مدبرون کے لیے بڑی کوشش و فکر درکار تھی۔ ایران اور ہندوستان کے درمیان جیسا مین نے بیان کیا صرف ایک ملک تھا لیکن اُسکی کیفیت اور اُسکے باشندون کی حالت نے اُسکو کچھ اسطور کا بنا رکھا تھا کہ اُس سے معلوم ہوتا تھا کہ اگر معقول انتظام کیا جائے تو روسیون کی مزید پیشقدمی کے لیے وہ بہت عمدہ اور کامل روک ہوگا۔ یہ ملک بنجر کوہستانی اور دشوار گزار تھا اور ملک کے باشندے ایسے وحشی مفلس اور بی تمیز تھے کہ سواے وہان کے اور کہین نہین پائے جاتے ہین۔ یہ لوگ بیشمار فرقون مین منقسم تھے جن مین سے ہر شخص خوفناک طریقہ کی آزادی اور اپنی مرضی کے مطابق اپنے ہمسایون کے گلے کاٹنے کا حق چاہتا تھا لیکن جیسا کہ تاریخ سے ثابت ہوتا ہے وہ وقتاً فوقتاً نیم مذہبی اور نیم فوجی نامور پیشواؤن کے ذریعہ سے جنکو مسلمان لوگ اس اپنے ظاہری زوال کے زمانہ مین بھی ظاہر اور وقت سامنے پیش کر سکتے ہین کچھ دنون کے لیے سازش کر کے بے ترتیبی کے ساتھ ایک قسم کے اتفاق کا سلسلہ قائم کر سکتے تھے۔ اس قسم کے اتفاق کا جو عامل شخص بانی تھا اُسکے ساتھ یہ اتفاق بھی جاتا رہا اور اب دو ہی تدبیرین باقی رہگئی تھین جنکے ذریعہ سے مختلف لوگون کے درمیان ملکی اتفاق قائم ہو سکتا تھا اور وہ دونون باتین اجنبیون کی نفرت اور بیرونی حملہ کا خوف تھا۔ چنانچہ ایک افغانی سردار نے سَوٹ اِشوارٹز اِفغنستونون سے کہا تھا کہ "ہم نااتفاقی سے راضی مین خطرات سے راضی ہین خونریزی ہمکو قبول ہے مگر یہ کہ کسی مالک کا اپنے اوپر تسلط ہونے دینا پسند نہین ہے"۔

ص ۱۱۱

حملہ ہندوستان کی طرف روسیون کی سلطنت سے کی سلطنت اسکے دوسرے ہمسایون کی بہ نسبت ملک کی سے مخالف ہے ۱۲ ترجمہ

سیبیریا روس کا ایشیائی حصہ ہے ۱۲ ترجمہ

۱۸۳۷ء مین تخت کابل پر دوست محمد خان متمکن تھا یہ ایک ہوشیار آدمی تھا جسکا نام اس سوانح عمری مین اکثر جگہ آئیگا۔ یورپین خیالات کے موافق چاہے وہ غاصب تصور کیا جائے لیکن افغانستان ایسے ملک مین اسطرح کا شخص واجبی طور سے اپنی وراثت کا دعویٰ کرسکتا ہے اور اہل مشرق کے خیالات کے مطابق تو وہ عاقل و عادل فرمانروا تھا۔ پس ہمارا مقصد صرف اسی شخص سے تھا جو ہر طرح ہمارا ہاتھ بٹانے کے لیے آمادہ تھا۔ گو اب دیکھنا چاہیے کہ ہمنے اسکے ساتھ کیا برتاؤ کیا۔

ہمنے الگزینڈر برنس نامے ایک سفیر کو اسکے دربار مین مقرر کیا۔ اسنے مشرقی ممالک کی تحقیقات مین بڑی اولوالعزمیان کی تھین اور اسنے فوراً دریافت کرلیا کہ افغانی فرمانروا تمنی ہے کہ ہمارے ساتھ دوستی کرے اور ایرانی اور روسی وکلا ہمارے خلاف جن تجویزون کے عمل مین لانے پر مصر تھے ان سب سے انکار کرے اسنے اپنے اعلیٰ افسرون کو یقین دلایا کہ مجھکو دوست محمد پر اعتماد ہے اور اُنسے باصرار کہا کہ دوست محمد از خود ہماری دوستی کے لیے جو استدعا کرتا ہے اسکو قبول کرلینا چاہیے کیونکہ جن سرحدی خطرات کا اندیشہ کیا جاتا ہے انکی حفاظت کامل اس مین متصور ہے۔ لیکن انھون نے اس آسان اور سچے طریقہ کو اپنی شامت اعمال سے قبول نہین کیا اور برابر اُسی امر پر ضد کرتے رہے جسمین انکی تباہی متصور تھی۔ اس صورت مین جو شخص ہماری دوستی کا خواہان تھا اسکے ساتھ دشمنی کا برتاؤ لازم آیا اور انکی تجویز یہ ہوئی کہ افغانون کا ایک فرمانروا تخت سے اُتار دیا جائے اور ایک کمزور چھوٹا دعویدار جسکو افغانون نے نکال دیا تھا اور ہماری پنشن پر اسکی ایام گزاری ہوتی تھی بزور تیغ دوست محمد کی جگہ بٹھایا جائے۔ جن سخت مزاج سفیرون نے اس پلہ درجہ کی ابلہانہ کارروائی اختیار کی تھی معلوم ہوتا ہے کہ انھون نے نیک و بد کا ذرا بھی لحاظ نہین کیا۔ اور جب اسکے چند برس بعد الگزینڈر برنس اُسی حکمت عملی کا جسکو اُسنے ناپسند کیا تھا پہلا شکار بنا اور جب ہماری تباہیون اور بدنامیون نے ہمکو مجبور کیا کہ اب اس خرابی بصرہ کے بعد ہم تمیز نیک و بد کے اسی پیچیدہ مسئلہ پر پھر غور کرین تو اس زمانہ مین ایک ایسا سکریٹری آف اسٹیٹ پایا گیا جسنے بالکل بشیر می اختیار کرکے اس ترکیب سے اُٹھتے ہوے طوفان کو خاموش کرنا چاہا کہ مردہ کے مراسلات کا انتخاب کرکے اس امر کو مشتہر کرایا کہ اُسنے ایک ایسی کارروائی کو قرین مصلحت اور جائز تصور کرکے اشاعت دی جسکو مین نے ہمیشہ خلاف مصلحت اور ناجائز قرار دیا پس جو حکمت عملی فی نفسہ ایسی مبتذل تھی وہ اور بھی مبتذل وسائل سے ایسے وقت مین جائز قرار دیگئی جب اسکے باعث سے خونریزی اور تباہی بخوبی عمل مین آچکی تھی اور باضابطہ طور پر اُس سے انکار کیا گیا تھا۔

اس اثنا مین ہم شاہ شجاع کو اسکے گوشہ عزلت سے نکال لائے اور اسکے اور سکون کے ساتھ ہی افاغنہ کے موروثی دشمن مین دوستی قائم کی۔ ایک انگریزی فوج نے راستون کے خطرون کو رفع کرکے

حصہ

کو دیکھا ہے اُنمین سے کوئی شخص منکر نہو گا کہ روسی بہت جلد بڑھ رہے تھے اور حقیقت مین ہوشیار ہو جانے کا موقع تھا۔ یورپ کی جانب تخمیناً پچاس برس کے اندر فنلینڈ کا ملک فتح کر لیا گیا تھا سلطنت روم بالکل تہ و بالا کر دی گئی تھی اور اُسکے بعض عمدہ ترین صوبے چھن گئے تھے۔ ملک پولینڈ کی تقسیم اُس ناانصافی کے ساتھ تجویز کی اور تجویز کرنے کے بعد عمل مین لائی گئی کہ حال کے زمانہ مین کبھی اسطرح کی ناانصافی نہوئی ہوگی اور اُنمین روسیون کو مال غنیمت کا حصہ شیر کے برابر (یعنی سب سے بڑا) ملا۔ بجانب ایشیا روس سیبیریا کے جنوب طرف اُن تمام وسیع علاقون تک بڑھ آیا تھا جہان کہ غیر فرقہ کے لوگ پھرا کرتے ہین۔ رفتہ رفتہ اُسنے دریاے جیکسارٹیز (سیحون) پر اپنے قلعے قائم کر لیے اور دریاے آکسس (جیحون) کی جانب تاک لگائے تھا اور بلکہ خیوا بخارا اور قوقند کی تینون خود مختار ریاستون کو بھی دھمکی دے رہا تھا۔ اس سے بھی زیادہ خوفناک امر یہ تھا کہ اُسنے ایران کے شمالی صوبے فتح کر لیے تھے اور اُس سلطنت کو صرف اپنا کٹھ پتلا بنا رکھا تھا۔ برنس اور ایران دربار سے متواتر ایلچی آئے گئے وظیفہ مقرر ہوا وعدے وعید عمل مین آئے (یہان بیان کرنا چاہیے کہ وقت پران وعدون سے ایک عجیب مخالفانہ طور پر علیحدگی اختیار کی گئی) مگر ایران (انگلستان) اور انگلستان مین دوستی نہونے پائی اور اسواسطے نیم آزاد صوبہ ہرات پر جو سابق کیطرح ابتک مشرقی سمتے کی کنجی ہے ایرانیون کے بڑھنے کو انگلش مدبر جو معقول بنسبت روسیون کے اُس ملک کی طرف بڑھنے کے خیال کر سکتے تھے جو ابتک اُنکے اور دریاے سندھ کے مابین حائل ہے اب یہ ایک بڑا بھاری واقعہ یا سلسلہ واقعات اور ایک بڑا خطرہ یا سلسلہ خطرات تھا جسکی نسبت انگلش مدبرون کے لیے بڑی کوشش و فکر درکار تھی۔ ایران اور ہندوستان کے درمیان جیسا مین نے بیان کیا صرف ایک ملک تھا لیکن اُسکی کیفیت اور اُسکے باشندون کی حالت نے اُسکو کچھ اسطور کا بنا رکھا تھا کہ اُس سے معلوم ہوتا تھا کہ اگر معقول انتظام کیا جائے تو روسیون کی مزید پیشقدمی کے لیے وہ بہت عمدہ اور کامل روک ہوگا۔ یہ ملک بنجر کوہستانی اور دشوار گزار تھا اور ملک کے باشندے ایسے وحشی مفلس اور بی تمیز تھے کہ سواے وہان کے اور کہین نہین پائے جاتے ہین۔ یہ لوگ بیشمار فرقون مین منقسم تھے جن مین سے ہر شخص خوفناک طریقہ کی آزادی اور اپنی مرضی کے مطابق اپنے ہمسایون کے گلے کاٹنے کا حق چاہتا تھا لیکن جیسا کہ تاریخ سے ثابت ہوتا ہے وہ وقتاً فوقتاً نیم مذہبی اور نیم فوجی نامور پیشواؤن کے ذریعہ سے جنکو مسلمان لوگ اس اپنے ظاہری رُوال کے زمانہ مین بھی ظاہر اور وقت کے سامنے پیش کر سکتے ہین کچھ دنون کے لیے سازش کر کے بے ترتیبی کے ساتھ ایک قسم کے اتفاق کا سلسلہ قائم کر سکتے تھے۔ اس قسم کے اتفاق کا جو عاقل شخص بانی تھا اُسکے ساتھ یہ اتفاق بھی جاتا رہا اور اب دو ہی تدبیرین باقی رہگئی تھین جنکے ذریعہ سے مختلف لوگون کے درمیان ملکی اتفاق قائم ہو سکتا تھا اور وہ دونون باہمین اجنبیون کی نفرت اور بیرونی حملہ کا خوف تھا۔ چنانچہ ایک افغانی سردار نے سَوْنٹ اِنْڈیَنْز اِفغنستون سے کہا تھا کہ "ہم نااتفاقی سے رضامند نہین خطرات سے راضی ہین خونریزی ہمکو قبول ہے مگر یہ کہ ہمکو کسی مالک کا اپنے اوپر تسلط ہونے دینا پسند نہین ہے"۔

حملہ نیپولین کی ہیروپیہ کی سلاحِ سلطنت سے بخلاف روسکے دوم بار مصروف ملک ہی سے سبب سے ہوا از ترجمہ

ص ۱۱۱

ملگیا۔ ابھی یہ اشتہار کہ "افغانستان مین مثل دیرینہ کے امن وامان ہے" مشتہر بھی نہین ہونے پایا تھا کہ اُٹھے ہمپے طوفان کی کچھ کچھ سنسناہٹ کان مین آنے لگی خان قلات نے لڑائی کے آغاز ہی مین کہدیا تھا کہ "آپ قندھار غزنین بلکہ کابل کو بھی فتح کرسکتے ہین مگر برف کو مغلوب نہین کرسکتے اور جسوقت برف گرنے لگیگی تو آپ کو اپنی فوج نہ قائم رکھسکتے اور نہ واپس کرسکتے بن پڑیگی"۔ اور خان قلات سے بھی بڑھکر ایک شخص نے جو نوّر ڈاف کنٹروں کا پریسیڈنٹ تھا اور خود گورنر جنرل سے اپنے قول کے سماعت کرانیکا مدعی ہوسکتا تھا (یعنی ڈیوک اعظم ولنگٹن) اسطور پر متنبہ کیا تھا کہ "جب آپ کی فوجی دقتین ختم ہوجائینگی تو اصل مشکلین شروع ہونگی"۔ اسیطرح کا انتباہ ہمارے تمام بلند خیال اور واقف کار ہندوستانی مدبرون یعنی لارڈ ولسلی مونٹ اسٹوارٹ الفنسٹون لارڈ ولیم بنٹنک اور سر چارلس مٹکاف نے کیا گورنر جنرل کی کونسل نے جب آخر کو اُس امرار سے جو ابتک مخفی رکھا گیا تھا اطلاع پائی تو اُسنے بھی یہی کہا۔ گورٹ آف ڈائرکٹرس نے انگلستان سے اُسیطرح متنبہ کیا لیکن چونکہ گوش شنوا نہین تھے اس سبب سے کسی نصیحت پر عمل نہین کیا گیا۔ آیا ہم یہ ۱۸۳۹ء یا ۱۸۴۱ء کی تاریخ پڑھ رہے ہین۔ حصہ ۱۵

فوج قابض کے اخراجات روز بروز ناقابل برداشت ہوتے جاتے تھے اور ہر ایک شخص (جیسا اس کتاب کی تحریر کے وقت آج کل لوگ خیال کر رہے ہین) اسپر بھی خیال کرتا تھا کہ جس کنوئے کو ہمنے اُس کا انجان بوجھکر تخت پر بٹھایا تھا اسکو اسکی قسمت پر اور افغانستان کو باہمی پھیلنے کے لیے اُسکے حال پر چھوڑ دینا بالکل بغیرتی کی بات ہے اس خیال سے ہم وہان کچھ دنون اور ٹھہرے رہے اور جنگلی قومون کو ہماری خطرناک سرحد کی تیرہ وتار گھاٹیون پر قبضہ رکھنے کی بابت جو وظیفے دیے جاتے ہین اُنکو کم کرکرکے اپنا تھوڑا بہت خرچ چلایا۔ اتنے مین اُن لوگون نے پھر اپنے قدیم دستور غارتگری وخونریزی سے ہر ہر مسافر کو لوٹنا اور مارنا شروع کردیا اور ہم لوگ ایک طرفۃ العین مین ہندوستان سے جدا ہوگئے۔ دریا اپنے کنارون تک لبالب بھر آیا اور قریب تھا کہ ہم لوگون کو بہا لیجائے۔ گلگیلئی جو کچھ پتلے امیر کے دربار کا رزیڈنٹ تھا الفنسٹون جو سپاہ کا کمانیر تھا اور الگزینڈر برنس جو گیوگنزی کی طرح خود اپنی مستعدی اور جانبازانہ بہادری کا شکار ہوا یہ سب لوگ ابتک اُس تنبیہ سے انکار ہی کرتے گئے۔ انگریزی سپاہ جسکو قلعہ مین ہونا چاہیے تھا بالکل واہیات چھاؤنیون مین تعینات تھی جو شہر سے تھوڑے فاصلہ پر بنی ہوئی تھین اور چارون طرف کے پہاڑون کی زد پر تھین۔ فوجی خزائن چھاؤنیون اور قلعہ سے تھوڑی دور پر تھے اور ایک چھوٹے سے قلعہ کے اندر بند تھے شاہی خزانہ بھی اسیطرح شہر کے بیچ بیچ گویا حملہ کرنے کی ترغیب دینے کے لیے جمع تھا۔ بالاحصار کے اندر بدنصیب بادشاہ تھا جسکو یقین دلایا گیا تھا کہ وہ اپنا مرتبہ قائم رکھ سکیگا اور ملک کی حکومت کریگا اُسکے اور اُسکے محافظون یعنی چھاؤنی کی انگریزی سپاہ کے درمیان جو شائد کچھ حفاظت کرسکتے تمام شہرون کے مفسدون اور متعصبون کا برانگیختہ انبوہ مجتمع تھا۔ سب سے زیادہ خرابی کی بات یہ تھی کہ بعض ایسے ایسے افسر بھی اُسج فوج مین شامل تھے جن سے زیادہ عاقل

ہوشیار مدبر ہندوستان کی سلطنت مین کبھی نہین پیدا ہوے حالانکہ اُسوقت یہ لوگ ماتحت عہدون پر تھے مثلاً اگنیو ربرٹس ویلنٹ آیر ولیم براڈفوٹ کالن مکنزی جارج لارنس اور آلڈرڈ پامر ان لوگون مین سے اگر کوئی شخص کانیر ہوتا تو ممکن تھا کہ اب بھی جان بچا لیتا یا بہرحال ہمارے بچانے کے قابل ہوسکتا مگر اعلیٰ اختیار خزل الفنسٹون کو دیا گیا تھا۔ یہ ایک بہادر سپاہی تھے مگر رائے صائب نہین رکھتے تھے اور اب ضعیف اور ایک سوذی بیماری کیوجہ سے اور بھی معذور ہوگئے تھے اُنکے بعد بریگیڈیر خزل شلٹن کا اختیار تھا یہ اُنسے لائق تر تھے مگر طبیعت مین تخالف اور تناقض تھا اُنکی باتین بالکل ناممکن ہوتی تھین اپنے اعلیٰ افسر سے سخت گفتگو کرتے تھے اور بااینہمہ نہ اُن کے ساتھ اور نہ تنہا کام کرسکتے تھے۔ اصل تو یہ ہے کہ ہر شے اور ہر شخص ٹھیک اُس جگہ پر تھا جہان اُسکو نہین ہونا چاہیے تھا۔ اور یہ کیفیت ایسے وقت پائی جاتی تھی جب پندرہ ہزار آدمیون کی جانون پر بنی تھی۔ برنس جو اپنے مکان کے اندر شہر مین کافی سپاہ محافظ کے ساتھ رہتے تھے سب کے پہلے شکار ہوے ۲۔ نومبر کو ایک غضبناک انبوہ نے اُنکا گھر چارون طرف سے آکر گھیر لیا اُنھون نے چھاؤنی سے مدد طلب کی مگر کوئی مدد نہ آئی اور بہادری کے ساتھ مقابلہ کرنے کے بعد وہ خود اپنے باغ مین ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گئے۔

اسکے بعد چھوٹے قلعہ مین جو سامان رسد تھا اُسپر حملہ کیا گیا۔ یہ قلعہ گولون سے اوڑایا جاتا تھا اور ہمارے سپاہی اپنی چھاؤنیون سے اُسکو دیکھ رہے تھے اسمین جو غلہ تھا وہ سب چھین گیا اور اسی سے ہم فاقہ کشی مین مدد لے سکتے تھے۔ دوست محمد خان کے پیارے بیٹے اکبر خان کے آجانے سے افغانون مین اور جوش پیدا ہوگیا اور ہمارے افسرون نے اپنی کوشش اور ہمت مین جو قصر ظاہر کیا تو اُس سے انگریزی فوج اور بھی بددل ہوگئی اپنے افسر کمان کے حکم کی پابندی کرنے سے وہ بار بار انکار کرتے تھے اور بار بار ایسے وقت مین بغیر ترتی اختیار کرکے بھاگ جاتے تھے جب فتح کے حاصل کرنے کا موقع ہوتا تھا۔ اب فاقہ کشی کی وجہ سے وہ تکلیف مین مبتلا ہونے لگے اور اسوقت سوائے اسکے اور کچھ نہین باقی رہگیا تھا کہ جہانتک ممکن ہوسکے عمدہ شرطون کے ساتھ ملک کو خالی کرکے اپنے بیرحم غنیم کے حوالہ کردین۔ یہ شکار اکبر خان کے ہاتھ مین تھا اور اگر بھیڑیے نے کبھی بکری کے بچہ پر مہربانی کی ہو تو البتہ فرنگی لوگ غضبناک غلزیون سے بچنے کی امید کرسکتے تھے۔

جب میگناٹن اپنی جان عزیز کے بچانے کی کوشش کر رہے تھے تو بدقسمتی سے اُنکو حیلہ باز اکبر خان نے ترغیب دی کہ پہلے نج کے طور پر مجھسے کچھ عہد وپیمان کرلیجیے (اور یہ دوسرا عہد اُنکے خلاف اُسکو مقصود تھا) حالانکہ میگناٹن صاحب بعض دوسرے سردارون سے گفت وشنید کر رہے تھے۔ یہ چال اس غرض سے چلی گئی تھی کہ جو سردار لوگ جمع ہوے تھے اُنپر انگریزون کی بے ایمانی ثابت کیجائے اور اُسمین کامیابی حاصل ہوئی۔ میگناٹن صاحب بلطائف الحیل ایک مجلس شوریٰ مین طلب کیے گئے اور وہان جو گفتگو چھیڑکر نکالی گئی اُس کی تکرار

ص۱۵۰ مین اکبر خان نے آنکو گولی سے مار ڈالا آنکا سر کاٹ ڈالا گیا اور لاش بازار کابل مین تشہیر کرائی گئی اسوقت پانچہزار سپاہی گولی کے پٹہ پر کھڑے ہوے تھے مگر کسیکی یہ جرأت نہوئی جو آنکی حمایت مین انگلی اُٹھاکر اشارہ کرتا۔ اسمین اور آخیر اور گفتگو اور امان کی اور طلبی ہوئی۔ عاجزون نے یہ عذر کرنا شروع کیا کہ "دوستی مین مہربانی اور رعایت ضروری ہے اور کمزور کو زیادہ ستانا روا نہین ہے الغرض یہانتک نوبت پہونچ گئی تھی"۔ نوجوان انگریزون کو یاد دلانا چاہیے کہ کمزور سے یہان انگریز مراد ہین اور جس دوستی کا دعوی کیا گیا تھا وہ اُن لوگون کی دوستی ہے جنکے ملک پر بے غایت کر کے حملہ کیا تھا اور جنکے فرمانروا کو جان بوجھکر تخت سے اتار دیا تھا۔ اِلذرڈ پاٹنجر نے لاکھ لاکھ کہا کہ دشمن لوگ بے ایمان ہین اور ہماری کمک کو جلال آباد سے فوج آیا چاہتی ہے مگر کچھ فائدہ نہوا۔ اِلذرڈ پاٹنجر نے بہت کچھ واویلا مچائی کہ فوج کے جنرل اپنے سپاہیون کو ایک مرتبہ پھر اس امر کی اجازت دیدین کہ وہ کوشش کر کے یا تو دشمنون کیطرف سے ہوکر نکل جائین یا جس صورت مین مرنا ضرور ہے تو سپاہی کی موت مرین۔ آنکی ہر ایک دلیل سے جان کی امید زیادہ قوی تھی اور انجام کار ۲۴۔ دسمبر کو ملک خالی کر دینے کے قطعی اقرار نامہ پر دستخط ہوے۔ اور شرطین یہ قرار پائین کہ چھ توپین چھوڑ کر باقی توپین اور تمام خزانہ افغانون کے حوالہ کر دیا جاے دوست محمد پھر تخت پر بٹھائے جائین اور شاہ شجاع جہان اور جسطرف چاہین افغانستان سے نکل جائین۔ نائٹ صاحب قندھار سے اور رسل صاحب جلال آباد سے واپس جائین۔ اور ان شرطون کے ساتھ واپس جانے والی فوج کو رسد دیجاے اور جلال آباد تک بحفاظت پہونچا دی جائے۔

اس عہدنامہ کی تصدیق بہت دنون کے بعد عمل مین آئی وہ برف جسکی نسبت خان قلات نے آگاہی دی تھی اب جمنا شروع ہوئی۔ اور ۶۔ جنوری کو چار ہزار پانچ سو سپاہی اور بارہ ہزار ہمراہیان کیمپ جسمین بہت سی عورتین اور بچے بھی داخل تھے چھاؤنی کے باہر برف مین گلنے لگے۔ ابھی یہ لوگ کیمپ سے نکلے ہی تھے (اور بدقسمتی سے یہ شام کا وقت تھا) کہ ایکبارگی غضبناک اور فتحمند افغانون نے دھاوا کر کے اُن خیمون مین جو ابھی خالی ہوے تھے آگ لگا دی۔ واپس جانیوالی فوج نے آہستہ آہستہ کابل خرد کی ہولناک گھاٹی مین قدم بڑھایا۔ زمین پر برف گری جمی ہوئی تھی اور اسی برفستانی زمین پر جہان نہ غذا نہ کسی قسم کی جلانے کی شے اور نہ کسی طرح کا سایہ تھا اس شدت کی سردی اور برف باری مین تابستان ہندوستان کے کالون اور انگریزون کے مردون اور عورتون اور گودکے بچونکا یہ بوقلمون اور بدنصیب گروہ دو رات تک برابر اسیطرح کھڑا رہا۔ ہمراہیان کمپ فوج کے قراولون تھے سب کے پہلے انکو تعاقب کرنیوالے غلزئیون کے حملہ کرنیکا حال معلوم ہوا لیکن جب تیسرے روز فوج کے آگے کا حصہ مہمک ستان مین داخل ہوا تو اُسپر بھی دشمن کی آگ چارون طرف سے برسنے لگی۔ اس تیرہ و تار درہ مین غنیم کی گولیون کی آواز لامسہ اور سامعہ سے تو محسوس ہوتی تھی مگر باصرہ سے نہین محسوس ہوتی تھی پہاڑ کے ہر ہر پتھر کی اوٹ مین ایک ایک

ص۱۵۱ یہ قلعون اور بدنصیب گروہ دو رات تک برابر اسیطرح کھڑا رہا۔ ہمراہیان کمپ فوج کے قراولون تھے سب کے پہلے انکو تعاقب کرنیوالے غلزئیون کے حملہ کرنیکا حال معلوم ہوا لیکن جب تیسرے روز فوج کے آگے کا حصہ مہمک ستان مین داخل ہوا تو اُسپر بھی دشمن کی آگ چارون طرف سے برسنے لگی۔ اس تیرہ و تار درہ مین غنیم کی گولیون کی آواز لامسہ اور سامعہ سے تو محسوس ہوتی تھی مگر باصرہ سے نہین محسوس ہوتی تھی پہاڑ کے ہر ہر پتھر کی اوٹ مین ایک ایک

افغان

افغانی قدر انداز چھپا ہوا تھا اور جو شخص پیچھے رہگیا یا ماندہ ہوکر رستہ مین گر پڑا اُسکو سعا افغانون نے اپنی چھریون سے ریزہ ریزہ کردیا اکبر خان سے جو طائر منحوس کیطرح ہمارے اوپر منڈلا رہا تھا اقرار نامہ کے بعد اقرار نامہ اور شرط کے بعد شرط ہوتی تھی۔ پہلے وہ ماتحت افسر جو مردہ دل سپاہیون کا حوصلہ قائم رکھ سکتے تھے اور شاید فی الجملہ اُن کی حفاظت بھی کرسکتے تھے یعنی لارنس ٹیکنزی اور پاٹنجر بطور یرغمال کے دیے گئے اُسکے بعد عورتون اور بچون کی باری آئی اور اُسکے بعد دونون افسران کمان یعنی الفنسٹون اور شلکن بھی حوالہ کردیے گئے جنکا بچارکھنا سب پر مقدم تھا۔

غلزئی گہ تہ اب انسان کے گوشت کی بو پا چکے تھے اور جو خون وہ بہا چکے تھے اُسکا مزہ چکھ چکے تھے اس صورت مین اُنسے اُمید نہین تھی کہ اکبر خان سے کسی عہد و پیمان ہوجانے کے سبب سے وہ اپنے پنجہ مین آیا ہوا شکار چھوڑ دینگے اور خود اکبر خان جو شائد ان لوگون کی یورش روکنے مین کچھ کچھ کارروائی کرسکتا تھا انگلش لیڈیون اور خزانون کا قیمتی مال غنیمت لیکر کابل کو چلدیا تھا۔ واپسی فوج عرصہ سے تباہ ہوچکی تھی اور اُس مین ہنگامہ مچا ہوا تھا۔ جو تھوڑا غلہ تھا وہ بھی ہاتھ سے جاتا رہا تھا اور اب گولی باروت بھی کوتاہی کرنے لگی۔ اسکے بعد مقام گندمک مین جانبازی کرکے یہ لوگ کھڑے ہوے۔ یہ منحوس نام اُس عہدنامہ مین بھی مترک نہین ہوا جسکی اس زمانہ کے ستائیس برس بعد پھر ضرورت ہوئی۔ اور ۱۲ جنوری کو قلعۂ جلال آباد سے ایک مردہ ٹٹو پر ایک شخص روحا و جسمانیم مردہ دکھائی دیا جو فقدان غذا اور نقصان خون جسم اور راہ کی کسل اور ماندگی سے قریب بمرگ تھا۔ دس روز پیشتر جو پندرہ ہزار فوج کابل سے روانہ ہوئی تھی اُسمین سے صرف یہی ایک شخص زندہ بچکر آیا تھا بیشک تمام سلسلۂ تواریخ مین بیجا کام کرنیکا بدلا ایسا خوفناک اور واجبی نہ ملا ہوگا۔ اگر اُس سے کوئی اطمینان کی بات پیدا ہوسکتی ہے تو وہ یہ ہے کہ ہم کو ایک ایسا سبق حاصل ہوگیا جسکی تعلیم کی پھر کبھی ضرورت نہوگی۔

معلوم ہوتا ہے کہ لارڈ آکلینڈ جو بدل ہوکر انگلستان کو چلے گئے تھے اُنکی فاسد روشنی طبع کا اثر کچھ دنون تک اُنکے مستعد اور بہادر جانشین پر بھی باقی رہا۔ لارڈ النبرا ایک بڑی لیاقت کے آدمی تھے مگر اُن کی طبیعت مین غصہ بہت تھا۔ وہ ایک مشہور مقرر تھے مگر اُنکے مراسلات مین اکثر بڑے بڑے سوئے لغت سُننے ہوتے تھے اپنی سُنی سُنائی باتون پر وہ زیادہ عمل کرتے تھے۔ اُنکی رائے نیک نیتی اور ہوشیاری یہ سب باتین اکثر کسی جملہ کی ترکیب یا کسی لفظ کے قافیہ مین جاتی رہتی تھین۔ وہ ہمیشہ ہر شے کی انتہا پر نظر رکھتے تھے اور ایک بہادرانہ اشتہار دینے کے بعد جسمین اُنھون نے بڑی صدق دلی سے ہماری غلطیون اور ناجائز کارروائیون کا ذکر کیا اور ہماری آیندہ حکمت عملی کے اصول قائم کیے اُنھون نے تمام ہندوستان کو اِس کنارے سے اُس کنارے تک جواب دینے کے لیے برافروختہ کردیا جو ناموری اُنھون نے حاصل کی تھی اُسکو مبدل بہ ذلت و رسوائی کردیا اور پالک اور ناٹ کو متواتر یہ حکم دیا کہ وہ افغانستان سے چلے آئین اور قیدیون یعنی ہمارے بہادر افسرون اور اُنکی بے بس ازواج و اطفال کی

ص ۱۵

اُنکی تقدیر پر حجت آئین - لیکن ٹاٹ اور پالکی سے جو کچھ کہا گیا تھا اُسمین وہ مزاحم ہوے اور اُسکی تکمیل نہ کر سکے اور اُس روز خراب کو آنے نہ دیا اور آخر کو جلال آباد اور قندھار سے براہ کابل واپس آنے کی مشہور اجازت ملی کہ اگر ایسا مناسب سمجھا جائے تو اُسپر عمل کیا جائے جنرلون نے نہایت دلداوگی کے ساتھ اس اجازت سے کام لیا دار السلطنت پر انتقامی فوج نے قبضہ کیا اور ہمارے افسرون کی وسیع کوششون کی بدولت باشندون سے باعتبار اُسکے جیسا کہ ہمارے برافروختہ سپاہیون سے امید کی جا سکتی تھی بہت کم انتقام لیا گیا - بالاحصار اڑا دیا گیا - جس بڑے بازار مین مکنٹن کی لاش تشہیر کی گئی تھی وہ مع مسجد کے جو بازار سے متصل تھی مسمار کر دیا گیا - افغان لوگ جن پر جرم کا احتمال ہو سکتا تھا اور ہندو لوگ جو بالکل بیقصور تھے اُنکی دکانین لوٹ لی گئین - جو قیدی ترکستان مین زندہ در گور کیطرح بھیجے گئے تھے وہ ایک طلسماتی طور پر ہندوکش کے بلند پہاڑون سے اُتر کر گویا یکایک ہمارے ہاتھون پر واپس اگر پڑے گئے - اور بالآخر وہ صندلی پھاٹک جو سومنات کے یقین کیے جاتے ہین فخر کے ساتھ غزنین سے واپس لائے گئے - اور ہندوستان کے حیرت زدہ دیسیون کو گورنر جنرل کیطرف سے مبارکباد دی گئی یعنی مسلمانون کو اس بات کی مبارکباد دی گئی کہ مسلم فاتح جو کچھ یہان سے لے گئے تھے اُسکو عیسائی لوگ پھر چھین لائے اور ہندوون کو یہ مبارکباد دی گئی کہ جس مندر کا نام مدت دراز سے معدوم ہو گیا تھا وہ از سر نو قائم ہوا اور نشان فتح یعنی سومنات کے پھاٹک کے لیے ایک آخری مستقر مندر سومنات مین نہین بلکہ انگریزی سلح خانہ قلعہ آگرہ مین ملگیا - اس اشتہار کو پڑھکر انگلستان اور ہندوستان دونون جگہون سے قہقہہ کی آواز بلند ہوئی - الغرض نظائر مسلّمہ کے مطابق وہ طول طویل مصیبت جسکے مانند سرکار ہندوستان پر اور کبھی کوئی بلا نہین آئی تھی اگر ایک سیدھی سیدھی نقل نہین تو ایک بہت تک سوانگ پر ختم ہوئی

یکم اکتوبر ۱۸۴۲ء کو لارڈ آکلینڈ نے شملہ سے اپنا وہ مشہور شاہی فرمان نافذ کیا جسمین کمال بے احتیاطی اور بیباکی سے اُنکے مقاصد حملۂ ہندوستان کا ذکر تھا اور اب ایک عجیب طرح کی مناسبت کے ساتھ ٹھیک چار برس کے بعد یکم اکتوبر ۱۸۴۲ء کو لارڈ ایلنبرا نے جو ہمیشہ سوانگ کی کیفیتون کی تاک مین رہتے تھے اُسی مقام بلکہ اُسی کمرہ سے مندرجہ ذیل اعلان شایع کیا -

جو لاتعد و لاتحصیٰ مصیبتین ہم پر پڑی تھین اُنکے عین مقام وقوع پر ایک چھوٹی سی لڑائی مین بدلا لیا جا سکتا تھا مگر یہ کہ اُنکا ظہور غلطیون کے سبب سے ہوا تھا اور فریب سے اُنکا تکملہ ہوا - یہ امر پرنس گورچاکوف کی حکمت عملی اور اصول دونون کے خلاف ہے کہ جس حاکم سے رعایا ناراض ہو وہ جبراً اُنپر مسلط کیا جائے جس سے رعایاے مذکور کی فوج اور وسائل حملہ آور اول کے اختیار مین آجائین اور ایک فرمانروا کے قائم رکھنے کا بار بغیر اس امر کے کہ اُسکی دوستی مین کوئی فائدہ ہو اپنے ذمہ اُٹھا لیا جائے اور بالآخر سرکار ہند اُن حدود پر جو قدرتی طور پر سلطنت سے متعلق ہین اتفاق کر کے آیندہ سے

صلہ

اپنی تمام کوششین اس بات مین صرف کرینگی کہ عام امن وامان قائم رکھی جائے اور جو فرمانروا اور سردار اُنکے دوست ہین اُنکی حفاظت کیجائے اور اُنکی خاص وفادار رعایا مرفہ حال اور خوش رہے اور پنجاب کے دریا اور دریائے سندہ کو ہستان کی گھاٹیان اور افغانستان کی وحشی قومین آیندہ سے برٹش فوج اور مغرب جانب سے آنے والے دشمن کے درمیان رکھی جائینگی فوج اور اُنکے سامان رسد کے درمیان نہ رکھی جائینگی۔

یہ کلمات آب زر سے لکھنے کے قابل تھے لیکن اگر ۱۸۴۲ء کی انگلش گورنمنٹ کے افعال و مقاصد انگلش قوم کے افعال و مقاصد تھے تو وہ صرف نصف درجہ تک صحیح ہین۔ اس اثنا مین عین اُسی روز جدن لارڈ ڈلہوزی نے اپنا مشہور اشتہار جاری کیا تھا انگلستان سے بواپسی سفر ہندوستان وہ نوجوان سیولین روانہ ہوے جنکو ابتک کوئی نہین جانتا تھا۔ اور جو تمام باتون مین لارڈ ڈلہوزی کے بالکل برعکس قول و فعل اور خیال مین لرکون کیطرح سید سے تھے اور اُنکے مقدرین تھا کہ اس عاقلانہ اور اشرف حکمت عملی پر جو اشتہار مذکور سے مترشح ہوتی ہے عمل کرین اور تمام متعلقین اُسکے نتیجہ سے خوش ہون۔ اس مضمون خارج از بحث یعنی جنگ اول افغانستان کو جو طول تو ہے مگر میرے نزدیک غیر ضروری نہین ہے چھوڑکر اب جان لارنس کیطرف رجوع کرتا ہون جنھون نے ہمیشہ یہی راے دی کہ افغانستان سے سوائے اُس صورت کے جب براہ نیک نیتی محض اپنی حفاظت منظور ہو کبھی جنگ نہ کیجاے۔ ص ۱۶۰

باب ہفتم

پنجشیر پیٹ ہلی اور سکھون کی پہلی لڑائی ۱۸۴۳ء لغایت ۱۸۴۶ء

دریا کے سفر کی معمولی تکلیفین جھیلنے کے بعد جان لارنس مع اپنی زوجہ کے ۱۴ نومبر ۱۸۴۲ء کو بمبئی مین داخل ہوے۔ جہاز پر بہت ملاقاتی پیدا ہو گئے تھے مگر بر خلاف اکثر جہازی دوستون کے جنسے کارکی دوستی پائدار نکلی۔ میان بی بی دونون نے بمبئی کو کبھی نہین دیکھا تھا اس شہر غدار مین جسکو مختلف قومون اور زبانون کا بابل کہنا چاہیے دس دن تک اُنھون نے خوب سیر کی۔ اُسکے بعد آمادہ سفر ہوے چونکہ معلوم ہوا کہ بندیلکھنڈ مین جو ممالک مغربی وشمالی کے جانیکا سیدھا راستہ تھا لڑائی ہو رہی ہے اسوجہ سے اُنھون نے زیادہ دور و دراز و شوار گذار اور غیر مشہور راستہ سے ممالک متوسطہ مین ہوکر آلہ آباد جانیکا قصد کیا۔ یہ سفر مرد ہی کے لیے پرخطر تھا چہ جائیکہ عورت کے لیے تو اور بھی خطرناک تھا مسٹر جان لارنس کو پہلے پہل ہندوستان مین اگریہ تجربہ ہوا کہ وہ ہیضہ کے سخت عارضہ مین مبتلا ہو گئین مگر اُنکے شوہر کی خبر گیری اور تیمارداری سے افاقہ ہونے لگا تھا۔ اُس زمانہ مین محدود حالتون کے ساتھ بھی ہندوستان کا سفر نہایت سستی سے قطع ہوتا تھا کیونکہ نہ تو ریلین چلتی تھین اور نہ عوام کے اہتمام سے ڈاک یا اُس قسم کی کوئی سواری ملتی تھی چند سرائین اور دو چار سرکین یا بلکہ پگڈنڈیان تھین۔ مگر یہ سفر ہندوستان کے ص ۱۶۱

اعتبار سے بھی بدرجۂ غایت سخت اور دشوار تھا۔ گھاٹون کی سخت ہوا اور دلچسپ سوادے آگے بڑھتے ہی خود جان لارنس کو اس مہلک مرض کے عارض ہونے کے آثار ظاہر ہونے لگے۔ لیڈی لارنس لکھتی ہین کہ "ہم دو مسافر اس اجنبی ملک مین ایسے بیکس و مجبور تھے کہ شاید ہی کوئی شخص ویسا ہوگا۔ لیکن ہم جوان تھے گھبراہٹ نہین ہوئی اور چونکہ میرے شوہر کو تریکیمین معلوم تھین اس سبب سے انھون نے مرض کے ظاہر ہوتے ہی اسکی اصلاح کی اسکی خوفناک علامتون کو ترقی نہین ہونے پائی اور وہ پھر بہت جلد صحت یاب ہوگئے"۔

ص ۱۶۲ چند روز تک انھون نے سر جان شور کے مکان پر پونا مین قیام کیا یہ صاحب وہان کمانیر تھے مگر اتفاق سے مقام پر موجود نہین تھے۔ اورنگ آباد کے بعد انکے قیام کا مقام ناگپور تھا جو وہان سے تین سو میل کے فاصلہ پر واقع تھا راستہ جنگلی ملک مین ہوکر گذرا تھا جسمین آبادی بہت کم تھی اور سفر کی آسایشون تو مطلق نہین تھین۔ الجپور تک تو وہ پالکی ڈاک مین گئے مگر یہان انکو رکنا پڑا کیونکہ آگے کوئی باقاعدہ ڈاک نہین تھی اور جان لارنس بڑی دقت سے چالیس کہارون کا بندوبست کرکے وہان سے ناگپور پہونچے۔ سفر کا طریقہ انھون نے یہ رکھا تھا کہ تین سے چار بجے شام تک کسیوقت سوار ہوتے تھے اور بہت رات گئے تک چلتے رہتے تھے آخر کو جب کوئی گانون آتا تھا تو اسکے قریب ٹھہر جاتے تھے کھانے پینے اور سونیکا سامان کرتے تھے۔ سونیکا سامان تو بیشک پالکی ہی ہوتا ہوگا چند گھنٹے سونے کے بعد پھر سفر کرتے تھے اور جب تک آفتاب کے نکلنے سے مجبور نہین ہوجاتے تھے اور ٹھنڈا رہتا تھا اسوقت تک اسیطرح چلتے رہتے تھے۔ اس صحرائی سفر مین ایسا بہت کم اتفاق ہوا کہ انکو کوئی ڈاک بنگلہ ملا ہو چونکہ انکے پاس صرف ایک ہی نوکر تھا اس سبب سے قریب قریب سب کام انھین کو کرنا پڑتا تھا۔ چھریرے بدن کے گلگنے نوکر کو اپنے چالیس کہارون کو انتظام سے رکھنے کے علاوہ جسمین بمقام پانی پت وہ اسقدر مہارت حاصل کرچکے تھے اکثر قصاب اور باورچی کا بھی کام کرنا پڑتا تھا یعنی یہ کہ انکو بھیڑ بکری دو ایک چڑیان جنپر انکی زندگی منحصر تھی تلاش کرکے لانا اور پھر اسکو پکانا پڑتا تھا اور یہ روکھا پھیکا کھانا جس ناپسندیدہ طریقہ سے تیار کیا جاتا تھا اسکو اپنی نوجوان اور رقیق القلب بی بی سے چھپانے کے لیے وہ اکثر ادھر ادھر کے حیلے حوالے کرکے آتے جاتے رہتے تھے۔ چنانچہ ان باتون کو وہ خود بیان کیا کرتے تھے۔

سال کے آخری روز وہ ناگپور مین پہونچے اور جو انگریز لوگ وہان انکو ملے انکو دیکھکر وہ سخت متعجب ہوے۔ ایک اولوالعزم انگریز سیاح یعنی مسٹر جیمس برائس نے جو تن تنہا کوہ ارارات کی اس چوٹی پر گشت کرآئے تھے جہان کسیکا قدم نہین پہونچا تھا ابھی حال ہی مین مجھسے بیان کیا کہ جب مین نے خانقاہ آچمیازین کے سردار کو پہاڑ سے نیچے اتر کر اپنی سرگذشت سے مطلع کیا تو اس مقدس پیر مرد نے اخلاق کے ساتھ کہا کہ مجھکو اس بات کا یقین نہین آتا اور متبسم ہوکر کہنے لگا کہ "نہین ایسا نہین ہوسکتا۔ وہان کوئی شخص نہین گیا ہے اور یہ امر بالکل ناممکن ہے"۔ اسیطرح انگلستان کے مشہور

ناگپور کو بھی یقین نہین پڑتا تھا کہ ایک لیڈی ایسے سفر صعب کو تمام کرسکتی اور وہ بھی اسطور سے کہ تمام تکلیفون اور قیدون مین کبھی کوئی شکایت نہین کی جیسا کہ جان لارنس نے خود زور دیکر اس بات کو بیان کیا ہے۔

ناگپور کے آرام دہ مکانون مین جان لارنس پر اور زیادہ سخت مشکلین پڑین کیونکہ یہان اگر انکو معلوم ہوا کہ نوکری کے ملنے کا موقع اب بہت کم ہے۔ ہماری فوج ابھی ابھی افغانستان سے واپس آئی تھی اور لارڈ ایلنبرا نے اسکے استقبال کے لیے ایک بڑا عظیم الشان مگر مقتضاے وقت کے اعتبار سے نہایت ہی بیموقع اور طفلانہ دربار فیروزپور مین منعقد کیا تھا۔ یہ مقام سکھون کی سرحد پر ہماری خاص چھاؤنی ہے۔ اور جیسا کہ سر ہنری لارنس کی سوانح عمری سے ظاہر ہوتا ہے انھین کی کوشش اور مستعدی سے اسکا ظہور ہوا تھا۔ اس موقع پر ہشیار رنگے ہوے اتھی صفین جماکر کھڑے کیے گئے تھے بہار کبادی کی محرابین بنائی گئی تھین جھنڈیان لہرا رہی تھین توپخانون مین توپین گرج رہی تھین الغرض یہ سب تو بڑی رونق کی باتین تھین لیکن اُن لوگون کے نزدیک جو اصل واقعہ کا خیال کرتے تھے کہ کیا گذری ہے یہ بڑی غمناک کیفیت تھی۔ خوش قسمتی سے ایک جزو اُس تماشہ کا موجود تھا جو ایک بہت عمدہ بات ہوتی۔ لارڈ ایلنبرا کا منشا تھا کہ وہ اسیر بادشاہ جسکو ہٹنے اُس کے تخت سے علیحدہ کرایا تھا اور اب پھر اُسکے تخت نشین کرنے کو مجبور کیے گئے تھے اس فتحیابی کے جلوس کو اپنی ذات سے زینت بخشی۔ لیکن عمدہ مشیرون کی صلاح کو غلبہ رہا اور وہ اور ہم دونون اس تخت عظیم سے محفوظ رہے۔

ہندوستان مین کوئی شخص ایسا نہین تھا جو اس بات سے خوش نہوا ہو کہ ہمنے افغانستان سے جو ہماری کامیابی اور شرم دونون کی جگہ تھی کسی نکسی شرط پر نجات پائی۔ ملک مین انتشار اور بیدلی پھیلی ہوئی تھی۔ کام کہنے کو بہت کچھ تھا مگر کام کے کرنیوالے اور بھی زیادہ تھے۔ ہر شخص گویا بیکار معلوم ہوتا تھا اور جان لارنس نے ناگپور سے کسیقدر اضطراب کے ساتھ لفٹننٹ گورنر ممالک مغربی وشمالی کو اپنے آنے کی رپورٹ کی نیز کے طور پر انھون نے اپنے اعلیٰ افسر اور دوست رابرٹ ٹیملن کمشنر اگرہ کو بھی اس مضمون کی چٹھی لکھی کہ آپ کسی عہدہ کے لیے میرے حقوق کا زور ڈالیے۔ اس اثنا مین وہ آلہ آباد کیطرف روانہ ہوے جب وہان پہونچے تو فوجدار کربی نے جو مابعد برسون مین اعلیٰ عہدون پر اور اُنسے اسقدر واسطہ قریب رکھنے والے تھے اُنکی مہمانداری کی۔ یہان اُنھون نے اپنی پہلی جوڑی کے گھوڑے خریدے یہ تو اُنکی عادت کے مطابق تھا کیونکہ وہ اکثر شاید کسیقدر شرم مگر زیادہ تر خوش طبعی اور فخر سے کہا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ مین نے ایک عمدہ عربی گھوڑا اپنی ساری پونجی دیکر خریدا تھا اور اپنے پاس ایک پیسہ بھی نہین رہنے دیا تھا چنانچہ اسکا حال مین پیشتر بیان کرچکا ہون۔ اسی چند[1] گھوڑے کی پشت پر بعد کو برسون تک اُنھون نے نہایت عمدہ کام انجام کیے۔ "اُنکی کچہری پشت زین"۔ اسی گھوڑے پر لگتی تھی۔ بڑے بڑے مجرمون کا اُنھون نے اسی گھوڑے سے

[1] جلد اول ص ۲۰۶

تعاقب کیا۔ صبح اور شام کو یہی گھوڑا وہ سڑک پر دوڑاتے۔ ہوا کھانے اور شکار کرنے کے لیے اسی گھوڑے پر نکلتے تھے اور باوصف تنہائی اسی گھوڑے پر چڑھ کے لکڑ بھگے یا بھیڑیے یا بنڈیل کا تعاقب کرتے تھے۔

کانپور مین ایک مہینے تک وہ رچرڈ لارنس کے مکان پر جو انکے بھائیون مین سب سے چھوٹے تھے مقیم رہے۔ یہ اُسوقت فوجین بھرتی کرنے کے لیے وہان تعینات تھے۔ قبل اسکے کہ جان لارنس کی سرکاری اور جوابدہی کی بھاری خدمتون کا زمانہ شروع ہوا تھا دم لینے کے لیے اتنا زمانہ انکو بہت غنیمت ملگیا۔ لیکن چونکہ آیندہ کا تردد اور پھر کام کرنے کا شوق تھا اس سبب سے بے شغلی اُنپر نہایت شاق تھی۔ جس چیز کی انکو سب سے زیادہ ضرورت تھی (یعنی گھوڑون کی جوڑی) اُسکو تو وہ خرید کر چکے تھے۔ اور اب اُنھون نے ایک دوسری شے جسکی ضرورت اُنکو کم تھی یعنی دوسری جوڑی خریدی۔ اور پھر ایک گبھی خیمون کا ساز و سامان اور ضروریات کی مختلف چیزین جمع کرنے اور آیندہ کاربرآری کے لیے ملازمون کو نوکر رکھنے کے بعد قدیم زمانہ کے بزرگون کیطرح اپنے ہمراہیون کا بھاری قافلہ ساتھ لیکر آگے کا راستہ لیا۔ اور یہ کچھ نہین معلوم تھا کہ کہان ہنکو جانا اور کہان پہنچنا پڑیگا اور کونسی کام ملیگا۔

اس مسافرت مین رہنے کا اتفاق اُنکی بی بی کو پہلے پہل پڑا تھا اور اس سے وہ بہت خوش ہوئین۔ معمول طریقہ یہ تھا کہ لین ڈوری پیشتر سے دس بارہ میل آگے بھیجدی جاتی تھی اور اُسکے بعد میان بی بی گبھی پر سوار ہوکر یہ فاصلہ طے کرتے تھے اور عین طعام چاشت کیوقت جو بالکل لیس رہتا تھا پہونچ جاتے تھے اور جب تک گرمی رہتی تھی اُسوقت تک لکھنے پڑھنے اور بات چیت کرنے مین مشغول رہتے تھے۔ اگرہ مین اُنکے نیچے باغات تاج محل کے عین کنارے پر نصب ہوے اور اسواسطے اس بے نظیر عمارت کے دیکھنے کا (جسکو دیکھکر تمام دنیا کے معارون کو خوشی اور مایوسی حاصل ہوتی ہے) صبح تڑکے نصف النہار کی دھوپ اور ٹھنڈی چاندنی مین ہر وقت ہر طرح کا موقع ملا۔ یہ سیر سہاری جماعت کے لوگون مین سے اقل درجہ ایک شخص کو بیس برس کے بعد اُس زمانہ مین بالتخصیص یاد آئی ہوگی جب دونون میان بی بی عہدۂ دیسرائی کے تمام حشم و خدم کے ساتھ پھر وہان داخل ہوے۔ یہ لیڈی لارنس لکھتی ہین کہ "گو مین اُسوقت بہت خوش اور اپنے شوہر پر نازان تھی لیکن میری یہ خوشی اُن ابتدائی ایام کی مسرت سے ہرگز زیادہ نتھی جب ہنے دنیا کا کچھ نہین دیکھا تھا اور زندگی کی حقیقت کا مطلق اثر نہین ہوا تھا۔ اور مین اپنی اسی خوشی مین رہی"۔

ص ۱۶ اِن سہولت کے سفرون مین ایک مرتبہ ایک عجیب خانگی ماجرا وقوع مین آیا جان لارنس اور اُنکی بی بی دونون ایک روز اپنے خیمہ کیطرف گبھی پر سوار چلے جاتے تھے کہ یکایک ایک مقام پر سڑک کے قریب اُنھون نے دیکھا کہ ایکشخص لشکر پڑا ہوا ہے۔ اُسمین سے اُنکا بھائی جارج جو ابھی حال مین عرصہ تک قید افغانستان کی مصیبتین جھیل کر یہان آیا اور اب تک افغانی پوشاک پہنے تھا برآمد ہوا۔ بھائی کی صورت دیکھکر اُنکو اسقدر مسرت اور حیرت ہوئی کہ بیان سے باہر ہے یہ ایک عجیب طرح کی ملاقات عزیزون مین ہوئی جس سے ضرور اُنکے دل بھر آئے ہونگے۔ خجندی کے ساتھ کابل

کیطرف بڑھنے اور تباہی کے ساتھ وہان سے واپس آنے قید ہونے زخمی ہونے اور زندہ رہکر گورنر ہونے کی مصیبت سے نجات پانے کی سرگذشتین جو بڑے بھائی پر گذری تھین اور امیدون کے منقطع ہونے دور دراز مقامات کی خبرین سننے کی یہ سب کیفیتین ہمیشہ ایک اجنبی ملک مین بڑی خوش آیند معلوم ہوتی ہین لیکن شاید ویسی خوش آیند کبھی نہین معلوم ہوتین جسطرح اسوقت چھوٹا بھائی براہ راست انگلستان سے لے آیا تھا۔ جارج لارنس جو صرف ایک روز جان کے ساتھ سفر کر سکتے تھے انکو اس قلیل عرصہ مین معلوم نہین کیسے کیسے دلخراش قصے بیان کرنا ہونگے۔ چنانچہ جن لوگون نے انکی کتاب موسومہ "چالیس برس ہندوستان مین" کے حالات پڑھے ہین انکو بخوبی معلوم ہین۔ لیکن شاید مندرجۂ ذیل قصہ سب سے زیادہ دلخراش ہے میرے نزدیک وہ اس کتاب مین درج نہین ہے اور جسطرح مین نے اسکے منھ سے سنا ہے وہ اس مقام پر بیان کرنے کے قابل ہے

ایک روز جب جارج لارنس اور دوسرے قیدی اس کمرہ مین جہان وہ قید کیے گئے تھے ایک کنارہ پر اکٹھا بیٹھے تھے تو اکبر خان جسنے اپنے ہاتھون سے سر الگزنڈر برنس کو قتل کیا تھا اور دغابازی کرکے ہماری بیدل فوج کو گانٹھنا چاہا تھا اور مشہور سردارون کے اس مکان مین آیا اور کمرہ کے دوسرے کنارہ بیٹھکر فخر آمیز اور اشتعال انگیز مباحثہ کرنے لگا۔ ان لوگون مین جو بطور یرغمال کے قید کیے گئے تھے صرف پاٹنجر صاحب پشتو زبان سمجھتے تھے اور وہ انکی طرف کچھ آگے بڑھکر غور سے انکی باتین سننے لگے۔ آخر کو پھر اپنے غول مین آئے اور جارج لارنس سے کہا کہ "آیا تم جانتے ہو یہ لوگ کیا بحث کر رہے ہین"۔ لارنس نے جواب دیا "نہین" "اسپر پاٹنجر نے چپکے سے کہا کہ "بحث یہ ہو رہی ہے کہ آیا انکے حق مین یہ بہتر ہے کہ ہم لوگون کو اسی مقام پر اسیوقت مار ڈالین یا زندہ رہنے دین۔ بالفعل کثرت رائے اسی امر پر ہے کہ ہم کو مار ڈالین"۔ لارنس نے بھی اسی استقلال کے ساتھ کہا کہ "تو بہتر ہے کہ آپ پھر اسی جگہ چلے جائیے اور دیکھیے کہ کیا ہو رہا ہے بعد اسکے ہم لوگون کو مطلع کیجیے"۔ پاٹنجر نے یہی کیا اور جب یہ بڑی مجلس شوریٰ تمام ہوئی تو وہ واپس چلے آئے اور اپنے گروہ کے لوگون سے اگر کہا کہ "آپ کثرت رائے اور طرف ہے اور اسوقت ہلوگ مارے نہ جائینگے"۔ اسکے بعد قیدیون کے ساتھ عمدہ برتاؤ ہونے لگا لیکن یہ پہلی ہی مرتبہ انکی جانین منظور نہین ہوئی تھین۔ قبل اسکے ایک موقع پر یہ تجویز ہوا تھا کہ ہر ہر سردار اپنے اپنے ہاتھ سے ایک ایک قیدی کو مار ڈالے۔ اور اسطرح پر سب کے سب انگریزون کی حد معذرت سے کیسان باہر ہو جائین۔ اور اکبر خان نے ایسے موقع پر جو قیدیون کی جانین چھوڑ دین تو یہ انکی رحمدلی کا باعث نہ تھا بلکہ اسکے ذاتی فائدے کی روشن دماغی کا نتیجہ تھا

صل ۱۶۶

بھائی سے رخصت ہوتے وقت جارج نے سرسری طور پر پوچھا کہ آپ کہان جاتے ہین۔ جان نے جواب دیا کہ "میرٹھ کو جاتا ہون"۔ بھائی نے کہا کہ "کیون ایسے مقام پر آپ کیسلیے جاتے ہین جہان آپ کا کوئی شناسا نہین ہے آپ دہلی مین جائیے جہان ہر شخص آپ کو جانتا ہے اور یقین ہے کہ وہان آپ کو کام بھی ملے"۔ جان نے بھائی کی

صلاح پر عمل کیا اور دہلی کے راستہ مین تھے کہ معلوم ہوا کہ کمشنر آگرہ کی سفارش سے وہ دہلی کے سیول اور سشن جج مقرر ہوے۔ گو یہ تقرری صرف ایک مہینے کے لیے تھی تاہم انکو خوشی حاصل ہوئی۔ اور اسطور پر اُسی مقام مین جہان ابتدا مین اُنھون نے محنت کی تھی ایک مرتبہ اور انکو کام شروع کرنے کا موقع حاصل ہوا۔ اور اُس مقام پر واپس آنے کا جو ضروری اثر اُنکے مابعد کارروائیون پر پڑا اُسکے دیکھنے اور اُن کارروائیون کی نوعیت پر خیال کرنے سے اس بات کا تردد نہین ہوتا کہ بہتیرے شخص چاہتے تھے کہ ہم انکو مقام مذکور پر بھیجنے مین سعی کرکے اپنے حصہ کی شناسی حاصل کرین بہرحال اسکے برسون کے بعد جان لارنس نے تھیلیفن صاحب کو لکھا تھا کہ "۱۸۴۳ء مین آپ نے مجھکو دہلی بھیجا تو مجھکو بنا دیا اور مین اُسکو کبھی نہین بھولونگا" اور بعض بدباطن لوگ جو کہتے ہین کہ شکرگزاری اکثر اس لیے کیجاتی ہے کہ آیندہ اُسکے ذریعہ سے کچھ کام نکلے اُنکو یہ بات سنکر بہت دلچسپی حاصل ہوگی کہ فی الجملہ جان لارنس کی مشکوری اس قسم کی نتھی۔ کیونکہ اسکے بھی کئی برس بعد جب چیف کمشنر پنجاب انگلستان مین واپس آئے اور انڈین کونسل کے ممبر مقرر ہوے تو اُنھون نے سر رابرٹ تھیلیفن کی اس گذشتہ خدمت کا بڑی محبت کے ساتھ ذکر کیا اور اپنے اختیار کا عہدہ سب سے پہلے اُنکے دینے کو دینے کے لیے کہا۔ سر رابرٹ کہتے ہین کہ "اُنمین یہ ایک بڑے وصف کی بات تھی"۔ اور حقیقت مین بہت کم لوگ اس سے انکار کرینگے۔

اب آرام و آسایش کے ساتھ سفر کرنے کا وقت نہین رہا تھا جان لارنس بی بی سمیت بسبیل تعجیل روانہ دہلی ہوے اور ایک مہینے کی تقرری کا زمانہ تمام منکاف کمشنر دہلی اور جارج لارنس کے نسبتی بھائی کے گھر پر بطور مہمان کے صرف ہوا۔ یہ صاحب جان لارنس کے بھی بڑے دوست تھے اور آٹھ برس پیشتر صاحب موصوف ہی نے فاقلان و یتیم و غریب کے گرفتار کرانے مین جان لارنس کی مدد کی تھی۔ جان لارنس بہت خوش تھے کہ اس مقام سے انکو آگاہی حاصل تھی اور جسکو وہ اسقدر عزیز سمجھتے تھے وہین انکی تقرری ہوئی اور ایک مہینے کے ختم ہونے کے بعد پھر انکو ضلع دہلی مین قائم مقامی کا عہدہ ایک ایسے مقام پر ملا جو اُس جگہ سے جہان پانی پت کے ضلع مین پیشتر انھون نے بڑی بڑی کارروائیان کی تھین بہت دور تھا۔ اُنکا صدر مقام کرنال تھا جسکو وہ پیشتر ایک بڑی بھاری چھاؤنی سمجھتے تھے اور گو چھ مہینے کی ایک مختصر مدت کے لیے تقرری ہوئی تھی مگر اُسپر بھی اطمینان کے ساتھ سکونت پذیر ہونے کی اُنکو بڑی خوشی ہوئی۔

لیکن سردست اُنکی قسمت مین یہ اطمینان نہین تھا کیونکہ قریب کی ریاست کیتھل مین فساد ہو گیا تھا وہان کا راجہ لاولد مر گیا تھا اور انگلش گورنمنٹ کو مناسب معلوم ہوا کہ علاقہ ضبط کرے۔ لیکن محافظ محل نے یہ خیال کرکے کہ محل کے مال غنیمت پر اُنکو اگر زیادہ نہین تو انگریزون کے برابر ہر حالت مین حصہ ملے دیسی سپاہ کو ترغیب دی کہ سرکار انگریزی کو مال غنیمت نہ لے جانے دو اور اُنکی مخالفت کرو۔ اس ہنگامے کے فرو کرنے کی ناممکن خدمت ہنری لارنس کو

سپرد ہوئی جو پشاور مین پالگٹ صاحب کی ہزیمت یافتہ فوج کی رسد رسانی مین سخت مشقتین اُٹھاکر ابھی حال ہی مین واپس آئے تھے اور بمقام انبالہ سول کام پر مقرر تھے۔ اُنکو بطور قاعدہ کلیہ ہندوستانی ریاست کے شامل سلطنت کرنے مین سخت مخالفت تھی پس یہ کام اُنکے کچھ پسند نتھا لیکن اس معاملہ مین اُنکو اپنی راے پر عمل کرنے کا اختیار نتھا۔ وہ بعجلت کمک کے لیے کرنال مین گئے اور اُنکے بھائی جان نے باتفاق حکام فوج کمک فراہم کردی۔ اور جان لارنس کچھ تو اپنے بھائی کی ملاقات حاصل ہونے اور شائد (بخیال ایسٹ صاحب) اس سے بھی زیادہ تھوڑی سی جنگی چھیڑ چھاڑ کے اشتیاق مین موقع جنگ پر جانے کے لیے فوج کے ساتھ ہوگئے غنیم کی طرف سے مخالفت تو کچھ بھی نہین تھی لیکن پرشر سپاہ مین انتظام کا قائم رکھنا البتہ ایک دشوار امر تھا جنمین سے بعض بعض لوگون نے درحقیقت اُس مال کو جسکی حفاظت کے لیے مقرر ہوے تھے لوٹ لیا۔

لیکن خوشقسمتی سے اس موقع کے حالات کے بیان مین ایک شاہد یعنی اپنے دوست کرنل ہیری ورنی کے شرح الفاظ مین یہان کی سکتا ہون راجہ کیتھل کے خاندان کے لوگون نے اُس ہندوستانی سپاہ کو جو وہان قبضہ کرنے گئی تھی محل کے حوالہ کرنے سے انکار کیا۔ میرے دوست اعلی افسر مرحوم نکلسن جو اُسوقت کپتان اور صیغہ نہر کے سپرنٹنڈنٹ تھے اُنکو حکم ملا کہ اگر انجینیر ہی کے کام کی ضرورت ہو تو وہ اور اُنکے ساتھ مین بھی مدد دون ہکو راستہ مین جو سپاہ ملی وہ کیقدر نقصان اُٹھاکر واپس چلی آتی تھی۔ اسلیے ہکو متوقف ہونا پڑا تاآنکہ ایک معقول فوج جمع ہوئی اور ہم کیتھل کیطرف بڑھے۔ وہان جاکر دیکھا تو محل خالی پایا گیا اور عجب طرح کی پریشانی نظر آئی۔ جلوس کی تمام چیزین اور وہ سب سامان جو دولتمند ہندوستانی رئیس کے پاس ہوا کرتے ہین اسیطرح پڑا ہوا تھا اور لوٹنے کی دیر تھی۔ مجھکو خوب یاد ہے کہ ایک خوبصورت آبنوس کی میز کمی تھی جسکے شیشے کے دستہ کے دونون طرف سیڈسے کا سر بنا ہوا تھا۔ مین نے اُسکو لیکر اس ارادہ سے پوٹمکل افسر کے پاس بھیجدیا کہ جب نیلام ہو تو مین خرید کرون۔ نیلام تو ہوا مگر میری وہ میز کہین نظر نہ آئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص کو مجھسے زیادہ میز کا شوق تھا۔ مجھکو یہ بھی یاد ہے کہ ایک ایرش افسر نے ایک صندوق کی تلاش مین کہ جسمین کچھ سونے کی زبان کی ایک کتاب نکال جسکی لوح پر اگریزی لکھی ہوئی تھی اور اُسنے اپنے طور پر اُسکو پڑھ بھی لیا کیونکہ اُسنے مجھسے پکار کر کہا کہ "اس کتاب کا نام اپسل ہے" مجھکو اول صفحہ کے دیکھنے سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے"۔ اس موقع پر مین نے چار نامی شخصون سے پہلے پہل ملاقات کی یعنی سر ہنری لارنس اور جان لارنس۔ اول تین شخصون سے تو مجھسے ملاقات ہوئی مگر چونکہ صاحب کو صرف آنکھ سے دیکھا۔ لیکن بسطریقہ سے مجھکو اُنکا پتا بتلایا گیا اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ مین بھی وہ ایک ذی امتیاز شخص تھے۔

عام طور سے جو خانہ تلاشی ہو رہی تھی اُنمین گوردن کی پلٹن کا ایک افسر محل کے اُس حصہ پر تعینات کیا گیا جہان خزانہ ہونے کا گمان تھا اور (افسر وغیرہ سب) لوٹ رہے تھے ہنری لارنس اُن پولیٹکل افسرون مین سے تھے جو (سر) جارج کلارک کی ماتحتی مین آئے تھے۔ جب اس معاملہ کی اُنکو خبر کی گئی تو مین موجود تھا محل مین ایک سنگ مرمر کا چبوترہ تھا جسمین سنگ مرمر کی ایک کرسی یا تخت فرش پر بچھا تھا۔ لارنس اُس تخت پر نہایت آرام بیٹھے تھے۔ وہ ایک خاکی چغہ پہنے تھے اور چغہ اور انگی کا کلین اور داڑھی موے اور رہی تھی۔ وہ مجھکو بیک سطح سے یاد ہین جسمین یہ ذاتی غیب ان موقع مین نکلرسائی پیدا کرتا تھا

اس بات کے بیان کرنے کی کچھ حاجت نہین ہے کہ جن لوگون نے بدعنوانی کی تھی ہنری لارنس نے

ص ۱۶۹

ہ اس تعلق کا ذکر کرنیکی ضرورت ہوئی

جان لارنس کی تعلیم اور ابتدائی ملازمت

جان لارنس کی تعلیم

انکی خوب سیاست کی اور اسکے بعد اپنی فطرتی مستعدی سے انھون نے اس چھوٹی سی ریاست کا انتظام اور آنکی مالگزاری کا بندوبست شروع کیا۔ اس اثنا مین جان لارنس کرنال کو واپس آئے اور یہان ایک بڑا ضروری خانگی واقعہ وقوع مین آیا کیونکہ ۱۸ مارچ ۱۸۴۳ء کو عین گرمی کی فصل مین انکی سب سے بڑی بیٹی کیٹ پیدا ہوئی جان کا دفتر آنکے بنگلہ ہی پر تھا یہ رعایت ہندوستانی افسرون کے ساتھ بہت کم ہوتی ہے اور آنکو صرف اس امر کی شکایت تھی کہ اس ضلع مین ہیضہ کی شدت سے آنکو کوئی نوکر نہین ملتا تھا جو آنکا کام کرتا۔

ص ۱۶۹ ۱۰ اکتوبر مین جب گورنر جنرل کا محکمہ شملہ سے برخاست ہوا اور سب لوگ کلکتہ کو جانے لگے تو جان لارنس ہی کے بنگلہ مین جو چھاونی بھر مین آباد تھا بڑے بڑے عہدہ دارون کا قیام ہوا۔ اسمین آنکے بعض پرانے دوست بھی تھے اور وہ نومبر کو آنکے بھائی ہنری اپنی زوجہ سمیت نیپال جاتے ہوے آنکے مکان مین داخل ہوے۔ اس موقع پر پھر اعزا کی خوب ملاقات ہوئی۔ جان اور ہنری لارنس کی بی بیان جب ناکتخدا تھین تو شمالی آیرلینڈ مین برسون تک ساتھ کھیلی تھین اور اس زمانہ کے بعد سے اب یہان آنکی یکجائی کا موقع آیا۔ اور دونون کو یہ بات دیکھکر کہ آنھون نے کس کس طرح کے شوہر سے شادی کی ہے اور آپسمین کسطرح کی مددگاری ہمدردی اور شادمانی سے ہنسی مین اپنا اطمینان حاصل کیا۔ دونون نے ایک دوسرے کی یہ باتین بہت اچھی طرح سے دیکھ لین۔ چند روز اس آباد بنگلہ مین باہم بسر ہوئی جسمین بقول ہنری لارنس "چاردن طرف بڑی دور تک بارکون اسپتالون اصطبلون بنگلون اور باغون کی قطارین چلی گئی تھین جنمین اگرا ہوا تھا اور گیند گھر اور گرجا بنا ہوا تھا یہ بڑی بڑی عمارتین سب خالی پڑی تھین اور معلوم ہوتا تھا کہ گویا کسی طوفان عظیم نے رات بھر مین تباہ کر دیا تھا"[1]۔

اس مقام کو دبانے رات بھر مین نہین بلکہ ایک سال یا دین کیے کہ کئی برس مین تباہ کر دیا تھا پچھلی مرتبہ جب جان لارنس کو اس مقام کا حال اس مرتبہ آنے کے قبل معلوم ہوا تھا تو آنکا خیال تھا کہ ہندوستان بھر مین یہ جہادی سے بھاری صحتخش اور عام پسند ہے۔ اس کام کے لیے آنکے مقامی حالات بڑے فائدہ کے تھے۔ کیونکہ ملک کھلا ہوا تھا اور فوجون کی صف آرائی کے لیے یہ مقام بہت موزون تھا۔ زمین ہلکی اور بلوی تھی اور اسواسطے توپ کے حق مین مفید تھی گھاس اور پانی کثرت سے بہم پہونچتا تھا۔ پھر دہلی اور میرٹھ کی دونون کلان سڑکین اسجگہ پر آکر مل گئی تھین اور چونکہ یہ مقام عین شاہراہ پنجاب ہندوستان کے درمیان واقع تھا اس سبب سے وہ ہندوستان کا تاریخی میدان کارزار ہو چکا تھا جیسا کہ اوپر بیان کر آیا ہون۔ آیا کون ایسا سبب تھا جسنے ایسے مقام کو شہر خموشان بنا دیا۔ یہ بات نہین تھی کہ یکایک ملک کی عام حالت ردی ہو گئی ہو بلکہ برخلاف اسکے ہر ہر جگہ شادابی کے آثار نمایان تھے ۱۸۴۳-۴۴ء مین جب جان لارنس پیشتر وہان تعینات ہوے تھے تو وہان کے لوگ بوجہ جابرانہ بندوبست نہین ماضیہ اور قحط کے بہت ہی اوفی

[1] سوانح عمری ہنری لارنس جلد اول ص ۲۴۲

حالت کو پہونچ گئے تھے اور بہت سے گانون بالکل ویران ہو گئے تھے۔ لیکن تاوقتیکہ جان لارنس نے اپنی آنکھ سے ان باتون کی اصلاح نہ دیکھ لی اور ایک بڑے درجہ تک آمین سمجھ نکر لی اُسوقت تک وہان سے نہ ہٹے اُنھون نے بدانتظامی کے بدلے امن و امان قائم کیا اقساط مالگزاری کو ملتوی رکھا اور ہمیشہ کے لیے تخفیف کی بنا ڈالی۔ یہ ایک ایسا کام تھا جسکو اور لوگ بزمانہ مابعد خاطر خواہ طور پر انجام کر سکے۔ اب دیکھنا چاہیے کہ اس وبا اور اس مصیبت کا جو وبا کے سبب سے پیدا ہوئی تھی باعث کیا تھا۔ کام نہونے کی وجہ سے بیزار ہو کر اور یہ دیکھکر کہ فوج کے آدمی پچاس فیصدی بخار مین مبتلا ہین اور باقی ماندہ ایسے ناتوان ہین کہ "اُنمین سے کوئی شخص ہتیار لیکر ایک منزل سفر نہین کر سکتا" اور علی ہذا القیاس آس پاس کے گانون کے ہندوستانی لوگ بھی مصیبت مین مبتلا ہین اُنھون نے اپنا باقیماندہ وقت فرصت اس امر کی تحقیقات مین صرف کیا کہ وبا کا سبب کیا ہے اور اُسکے انسداد کی کیا تدبیر ہو سکتی ہے تحقیقات کے نتائج اُنھون نے ایک مبسوط بہا تحریر مین درج کیے اور آیندہ موسم بہار مین بمقام دہلی اُنکو مرتب کیا۔ اس قسم کا یہ پہلا ہی رسالہ تھا جو مجھکو ملا۔

اُن بتیرے اعلی افسرون کیطرح جنھون نے بعد کو اس قسم کی تحقیقاتون مین وبا کا سبب نہرون کی آبپاشی قرار دی اور اس سے جا خواہ مخواہ طور پر اُس امر کو ناقص ٹھہرایا جو قحط کا اصل انسداد اور اندرونی آمد و رفت کا آسان طریقہ ہے اُنھون نے وبا کے یہ اسباب نہین بتائے بلکہ برخلاف اُسکے یہ وجہ بتائی کہ آبپاشی کے کامون مین جو احتیاط مناسب ہے وہ نہین کیجاتی ہے۔ جنبرہ کاٹی اور جھاڑیان نہرون کے کنارے خودرو طور پر اُگنے کے لیے چھوڑ دی جاتی ہین اور وہان کی زراعت کثرت سے ہوتی ہے یاد رکھنا چاہیے کہ اس حصہ ہندوستان کے لوگ برخلاف دیسی شدگان بنگال کے اسی زمانے کی کچھ مدت پیشتر تک چانول پر نہین بلکہ گیہون جوار اور مختلف قسم کی دالون پر بسر کرتے تھے۔ ان آخری قسم کی فصلون کے لیے وہان کے مقابلہ مین پانی کی بہت کم ضرورت ہوتی ہے اور وہان کی زراعت کے لیے ضرورت ہوتی ہے کہ ہر وقت سیلاب مین ڈوبے رہین ورنہ معقول فصل کبھی نہ پیدا ہو گی" اصل تو یہ ہے کہ وہان صرف پانی مین پیدا ہوتا ہے اور گزشتہ چند سال کے عرصہ سے یہ زراعت بنگلون تک بڑھ آئی تھی۔ چھاؤنی کے وہان کے کمیتون سے بالکل گھری ہوئی تھی۔ پس خرابی کا ایک سبب تو یہی تھا اور پھر فوجی حکام کی غفلت سے بھی یہ ہوا تھا کہ بڑے بڑے گھور جمع ہو گئے تھے۔ چھاؤنی کے گرد و پہاڑی کتون اور سوَرون نے ایک آفت برپا کر رکھی تھی۔ جانورون بلکہ آدمیون کی بھی لاشین جہان جہان پڑی ہوئی تھین۔ کسی نے ایک مشت خاک بھی اُنپر نہین ڈالی تھی۔ جان لارنس جب صبح تڑکے گھوڑے پر سوار ہو کر جاتے تھے تو یہی کیفیت دیکھتے تھے اور پولیس کو اُنکے اُٹھوانے کا حکم دیتے تھے۔ ان خرابیون کے رفع کرنے کے لیے اُنھون نے یہ تدبیر بیان کی کہ وہان چھاؤنی سے چار میل کے فاصلہ پر کسیطرف نہ بویا جائے۔ اس بات کا انتظام کیا جائے کہ ایک معین حد تک

ص ۱۴۶

ص ۱۴۷

زیادہ عمیق پانی نہرون مین نرہے نہرون کے کنارون پر سبزہ کی قسم سے جو چیزین اگین وہ فوراً اکھاڑ ڈالی جائین تاکہ کسی جگہ کی گیلی زمین یا سڑی ہوی نباتات پر آفتاب کی شعلہ افگن شعاعین اپنا اثر نہ پیدا کرنے پائین۔ نالیون کی مرمت کیجائے۔ حفظان صحت کے لیے پولیس پر تاکید رہے۔ بازار بارکون بنگلون اور اسپتالون کے قریب سے ہٹاکر زیادہ فاصلہ پر مقرر کیے جائین۔ اور انکی از سر نو تعمیر ہو اور درمیان کی گلیان یا سڑکین کشادہ بنین۔ یہ ستبین اسوقت تو بہت بدیہی معلوم ہوتی ہین لیکن جسوقت کا ذکر ہے اُسوقت ایسی نہین معلوم ہوتی تھین۔ یہ امر اُنکے خاصہ طبیعت کا تھا اور تواریخ کے اعتبار سے بھی دیکھیے کیونکہ اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابتداہی سے اُنکی طبیعت اُس اصلاح حفظان صحت اور آشتی کے ساتھ ترقی پھیلانے کی طرف مائل تھی جو اُنکے عہد دیسرائی کا اصل مقصد اور کامیابی کا باعث رہا۔ جنگ و جدل اور ملک گیری اُنکو مقصود نہین تھی۔ ان اصلاحون سے جنکو اُنھون نے تجویز کیا تھا کرنال کی چھاونی محفوظ نہین ہوئی کیونکہ وہ پہلے ہی تباہ ہوچکی تھی۔ لیکن وہان کی وبا اور اُس وبا کی پریشانیون سے جو تجربہ اُنھون نے حاصل کیا اُس سے وہ بزمانہ مابعد ہزارہا بندگان خدا کی جو ہندوستان مین رہتے تھے جان بچا سکے۔ اسیطرح اوائل ایام مین بمقام پانی پت دفتر کی باریکیون اور گورگانون اور اناوہ کے قحط زدہ لوگون کے افلاس سے جو تجربہ اُنھون نے حاصل کیا تھا اُس سے اس امر کا عقیدہ جسپر اُنکا بعد کو ہمیشہ عمل رہا اُنکے دل پر خوب جمگیا تھا کہ ہتیار اُسیکو دینا چاہیے جسکے ہاتھ ہتیار رکھنے کے لیے سب سے زیادہ موزون ہون۔ اور ہندوستانی فرمانروا کے لیے سب سے مقدم خدمت یہ نہین ہے کہ سلطنت کو وسعت دے یا چند دولتمندون کو ملتفت رکھے بلکہ وہ کام یہ ہے کہ ہزارہا عام مصیبت زدہ باشندون کی خبرگیری کرے۔

جان لارنس کی توجہ اسی قسم کے اور امور کی جانب بھی متوجہ ہوئی اور قیام کرنال کے زمانے مین اُنکی توجہ خاص کرکے قاعدہ رسد رسانی اور دیسی عورتون کی حالت کی جانب رجوع رہی۔ رسد رسانی سے میری مراد وہ قاعدہ ہے جسکے ذریعہ سے گورنر جنرل یا کمانڈر انچیف ایسے ایسے نامی اشخاص کے سفر کرنے کی حالت مین اُنکی آمد و رفت کے راستہ مین رہنے والے دیہاتی لوگ نہ صرف گاڑیون اور باربرداری کے جانورون کے مہیا کرنے جو بڑے بڑے خیمون کے پہلچنے کے لیے درکار ہوتے ہین مجبور کیے جاتے ہین بلکہ اکثر اُنکو بڑا نقصان اُٹھاکر یہ چیزین فراہم کرنا پڑتی ہین اُنکا معاوضہ نہین ملتا ہے۔ خوش قسمتی خواہ بدقسمتی سے عین اسی زمانہ مین گورنر جنرل نے دریافت کرلیا تھا کہ گرمی کی فصل مین پہاڑ پر جانا ہمیشہ ضرور ہے اور اُسکے ہمشیار ہمراہیون کی بھی کسی کسی طرح امداد ہونا چاہیے

ص ۱۷ اگر ہندوستانی پولیس کے لوگ چمکڑون اور جانورون کے جمع کرنے پر مقرر کیے جاتے تھے تو وہ ہندوستانیون ہی کو تباہ کرتے تھے اور اگر اُنسے کام نہین لیا جاتا تھا تو نہ کوئی چمکڑا اور نہ کوئی جانور میسر آتا تھا۔ اگر یہ جانور قلعہ رانی یا دروفصل کے زمانے مین جیسا کہ اکثر ہوتا تھا پکڑ لائے جاتے تھے تو صاف ظاہر ہے کہ معمولی شرح کی کسی اجرت سے اُنکا انتظام

ممکن نہین ہے اور اکثر ایسا ہوتا تھا کہ یہ قلیل رقم بھی اُنکو نہین ملتی تھی یا اگر ملتی تھی تو اُسکو یار لوگ اوڑا لیجاتے تھے۔ اس امر خاص اور اسی طرح کے دوسرے امور کی بدنامی بیشک گورنمنٹ پر تھی اور جان لارنس نے دانمی بہت ٹھیک کہا تھا کہ "یہ قباحت اُسوقت تک ہے جبتک ہم اپنے ملازمون کو عمدہ برتاؤ نہین سکھاتے ہین۔ ہندوستانی اہلکار بالتخصیص خراب ہوتے ہین۔ ہندوستانی سپاہی ارباب پولیس افسران مال یہ سب لوگ ہر چیز کو مفت لینا اپنا حق المحنت تصور کرتے ہین" اسکے بعد اُنھون نے ایسی تدبیرین نکالین جنکا اس مقام پر بیان کرنا کچھ ضرور نہین ہے کیونکہ اُنپر بہت عرصہ سے عمل کیا جاتا ہے۔ ہندوستانی عورتون کی حالت دیکھکر اُنکا دل اور بھی بھر آیا۔ مرد لوگ اپنی بی بیون یا بیوہ بھاوجون کو بیچ ڈالتے تھے یا اُنکو اپنے پاس رکھنے کے لیے مجبور کرتے تھے۔ بدترین حالت مین یہی عورتین صرف مزدورنین تھین اُنکو سخت شاقہ کرنا پڑتی تھی اور اُنکے ساتھ بدسلوکی کیجاتی تھی اور خودکشی کی کثرت ہوتی جاتی تھی ۱۸۳۳ء مین بمقام گورگانون جان لارنس نے دریافت کیا تھا کہ پانچسو سے زیادہ عورتین کنوون مین ڈوب مرتی تھین اور اگرچہ اس ملک مین کنوون کے کھلے اور خطرناک حالت مین رہنے کی وجہ سے بھی اکثر یہ وارداتین ہوا کرتی تھین مگر اُنمین سے زیادہ عورتین خودکشی کے قصد سے گر پڑتی تھین یا دوسرے لوگ دھوکا دیکر گرا دیتے تھے۔ کچہری کا کام ہر روز گھنٹون تک ایک ہی قسم کا کرنا پڑتا تھا اسمین طبیعت مضمحل ہو جاتی تھی اور اسکی اصلاح اکثر اتفاقات کے ذریعہ سے ہوا کرتی تھی جو فی نفسہ غمناک ہوتے تھے مگر اسپر بھی اُنمین ایک طور کا مذاق ملتا تھا۔ ایک روز ایک شخص نے اپنے ایک دوست کے خلاف یہ استغاثہ دائر کیا کہ وہ میری زوجہ کو بھگا لیگیا ہے اور اُسکو ایک دوسرے شخص کے ہاتھ چھتیس روپیہ کو بیچ ڈالا۔ جان لارنس کو پہلے تو اس قصہ کا یقین نہوا مگر آخر کو اُسکا بیان صحیح نکلا۔ عورت کا شوہر گھر پر نہ تھا اور وہ خود علیل تھی مجرم نے یہ موقع پاکر اُسکو ڈولی مین سوار کرایا اور بھگا لیگیا تیسرے شخص نے خریداری سے اقرار کیا اور بیان کیا کہ وہ اپنی رضا و رغبت سے زوجہ کیطرح میرے یہان رہتی ہے۔ مجرمون کو چھ چھ مہینے کی قید ملی اور میان بی بی دونون خوش خوش چلے گئے۔ دونون سے کسی شخص کو ظاہرا اس بات کا کچھ خیال نہ تھا کہ اُنپر کوئی خرابی گزری یا کیا ہوا۔

ایک اس سے بھی زیادہ دردانگیز ماجرا جسکو سنکر ہر بنی نوع انسان کا دل بھر آئیگا جان لارنس کی کچہری مین جب وہ پیشتر اس ضلع مین رہتے تھے تو پیش ہوا تھا اور اس موقع پر وہ قابل ذکر ہے۔ مین اُسکا احوال اُنھین کی عبارت مین بیان کرونگا کیونکہ اُسپر جلا دینا ناممکن ہے۔ صـ۱۲

جذامی کا قصہ

اُن تمام بیماریون سے جنمین بنی نوع انسان مبتلا ہوتے ہین جذام کا مرض ہمیشہ نہایت ہی مکروہ اور خوفناک عارضہ خیال کیا گیا ہے۔ اس سے بڑھکر کسی عارضہ مین انسان بے بس نہین ہو جاتا ہے اور اُسپر طرہ یہ کہ

ایسے مریض کی اعانت اور ہمدردی کرنے والا بھی مشکل سے ملتا ہے۔ یہ مرض ایسا منحوس اور اسقدر ساری ہے کہ ہر شخص مجذوم سے دور دور بھاگتا ہے۔ لوگ کہتے ہین کہ اسکی جلد بلکہ کپڑون تک کے چھونے اور جس مقام پر وہ بیٹھا ہو وہان کی ہوا مین دم لینے سے مرض کی سرایت پیدا ہوتی ہے۔ گو اسکے نتائج ایسے مہلک اور حکمی ہوتے ہین لیکن عموماً اسکی ترقی بدیر اور بتدریج ہوتی ہے۔ ہتیلی یا ہونٹ پر پہلے پہل ایک ذرا سی پھنسی کے نمودار ہونے سے لیکر جسم بھر مین پھیلنے تک برسون کا زمانہ ہو جاتا ہے۔ اور ظاہرا اس زمانہ مین مریض کی تندرستی مین کوئی فرق نہین ہوتا ہے وہ اپنے یومیہ اشغال مین مصروف رہتا ہے اور اگرچہ اسکو کوئی شخص از خود نہین چھوتا اور نہ اسکو اپنے ساتھ کھانا کھلاتا ہے لیکن لوگ اسکی صحبت مین بیمناخطرناک نہین سمجھتے ہین۔ مجھکو ایک ہندوستانی رسالہ دار یاد ہے جو ایک بہت عمدہ افسر اور معزز شخص تھا۔ یہ شخص اگرچہ اس مرض مین مبتلا تھا مگر برسون تک اسی حالت مین کام کرتا رہا اور مین نے اسکے رسالہ والون کو بارہا ایک ہی فرش پر دیر تک بیٹھے ہوے دیکھا۔ لیکن جون جون مرض بڑھتا جاتا ہے اسیطرح لوگ اس سے کنارہ کشی کرتے جاتے ہین۔ دوست اعزا اقربا سب کے سب اسکو چھوڑ دیتے ہین۔ ماں جسنے اسکو دودھ پلایا ہے اور بیوی جو اسکی پارہ جان ہوتی ہے وہ بھی دور دور بھاگنے لگتی ہے۔ ابناے جنس کی آمد و رفت کے مقام سے کچھ فاصلہ پر اسکے لیے ایک جھونپڑا بنا دیا جاتا ہے اور ہر روز اسکا کھانا کچھ فاصلہ سے ایک پتھر کے اوپر رکھدیا جاتا ہے جہان وہ کھانا دینے والے کے چلے جانے کے بعد آہستہ آہستہ اپنے مشلول جسم کو لے جاتا ہے۔

یہ سب خیالات میرے دل مین ایک عجیب و غریب اور خوفناک واقعہ سے پیدا ہوے ہین جو چند سال پیشتر اُس ضلع مین جہان مین مجسٹریٹ تھا گذرے تھے۔ مین کچہری مین بیٹھا ہوا اپنے کام مین مشغول تھا اتنے مین انبوہ مین سے ایک گنوار نے پکار کر کہا کہ مجھکو ایک بڑی ضروری عرضی دینا ہے امیدوار ہون کہ آپ فوراً اسکی سماعت کرینگے۔ "مین اسکو صندوق عرائض مین نہ ڈالونگا کیونکہ مین چاہتا ہون کہ اپنے ہی ہاتھ سے پیش کرون"۔ مین نے اسکی التجا قبول کی اور وہ چلا آیا اور اپنی درخواست میز پر رکھدی۔ یہ استغاثہ ایک جذامی کی طرف سے تھا اور اسکا یہ ایک رشتہ دار تھا جو عرضی لیکر حاضر ہوا تھا اور وہ استغاثہ یہ ہے۔

ص ۱۷ "فریاد درس تمدیدگان سلامت

حضور پر نور پر روشن ہے کہ کمترین عقیدت گزین سالہا سال سے مرض جذام مین مبتلا رہتا چلا آیا ہے۔ فدوی کے اعضا پارہ پارہ ہو کر گل گئے۔ فدوی کا سارا جسم بگڑ کر ایک فاسد مضغہ گوشت ہو گیا ہے۔ فدوی اب زندگی سے تنگ آگیا ہے اور موت کا خواستگار ہے۔ میری زندگی تمام گانون کے لیے وبا مجسم ہے اور سب عاجز آگئے ہین اور ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ فدوی مرجاے۔ یہ ایک مشہور بات ہے کہ اگر جذامی موت پر رضامند ہو جاے اور اپنے تئین زندہ مدفون ہو جانے دے تو اُس سے دیوتا خوش ہونگے اور اُسکے گانون کے کسی دوسرے

شخص پر اسطرح کی بلا نازل نہو نے دینگے۔ اسواسطے فدوی استدعا کرتا ہے کہ اُسکو زندہ مدفون ہو جانے کی اجازت ملے۔ گانون کا ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ فدوی مرجائے اور فدوی بھی اس سے خوش اور راضی ہے۔ حضور مالک ملک ہین اور اگر بغیر حضور کی اجازت کے ایسا کیا جائیگا تو وہ داخل جرم ہوگا۔ امیدوار ہے کہ درخواست ہذا منظور فرمائی جاے۔ الہی آفتاب دولت تابان باد۔ دستخط راجہ بخش جذامی"

اسمین شک نہین کہ اس عرضی کو پڑھکر میرا دل بھر آیا لیکن مین متفرہون کہ مذکورہ بالا درخواست کو پڑھکر مین سخت متحیر ہوا۔ مین نے اپنی عمر مین عجیب عجیب مقدمے دیکھے اور نرالی درخواستین میرے یہان پیش ہوئین مگر یہ درخواست سب سے انوکھی تھی پہلے تو مین نے یہ سوال کیے کہ "تم کون ہو۔ تمہارا نام کیا ہے۔ تم جذامی کے قرابت مند ہو۔ آیا وہ مجنون ہے۔ بیشک اُسکے حواس بجا نہین ہین" ان باتون کے جوابات پانے کے بعد مین نے پوچھا کہ وہ شخص خود کہان ہے۔ دیہاتی نے جواب دیا کہ" وہ کچہری کے باہر ہے ہم یہان اُسکو ڈولی پر سوار کرکے لائے ہین اگر آپ باہر آئیے اور اُس سے باتین کیجیے تو آپکو اطمینان ہو جاے کہ جو کچھ مین نے کہا ہے وہ صحیح ہے" مین اُٹھکھڑا ہوا اور اُس شخص کے ساتھ چلا وہان جاکر دیکھا تو ایک درخت کے نیچے ایک ڈولی سایہ مین رکھی تھی۔ اور گانون والون کا ایک انبوہ اُس سے کچھ فاصلہ پر جمع تھا۔ میرے رہنما نے مجھسے اشارہ کرکے بتلایا کہ "دیکھیے یہ تو مستغیث بیٹھا ہے اور وہ اُسکا باپ اور بھائی ہے اور ہمارے گانون کے اور مقدم لوگ کھڑے ہین"۔ مین خود اُس سے باتین کرنے لگا اور اُن سب نے پہلے شخص کے بیان کی تصدیق کی۔ اور خود بدنصیب مریض جسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا تھا کہ مرض اسپر اپنا پورا کام کرچکا ہے اُسکی یہ کیفیت تھی کہ دیکھنے سے خوف معلوم ہوتا تھا۔ اُسکے ہاتھ کہنیون تک پانون ٹانگون تک گل گل کر گر گئے تھے اور اُسکا تمام جسم ایک فاسد مضغۂ گوشت معلوم ہوتا تھا۔ اُسنے چلاکر کہا کہ" او صاحب خدا کے لیے میری درخواست سُن لیجیے۔ مجھکو زندہ دفن ہو جانے دیجیے مین بہت جی چکا اب مجھکو مرنے دیجیے" مین نے جواب دیا کہ" اے مرد خدا میرے امکان مین نہین ہے کہ تیری درخواست قبول کرون یہ کام تو بڑا درد انگیز ہے مگر بالکل خلاف قانون ہے یہ قتل عمد ہو جائیگا اور اُسکی اجازت نہین دیجاسکتی"۔ جب وہ واویلا مچانے لگا تو مین نے حکم دیا کہ اُسکو یہان سے اُٹھالیجاؤ اور اُسکے عزیزون سے کہا کہ اُسکی خبرگیری کرنا

صفحہ ۱۰ کچہری کے برخاست ہونے کے بعد جب مین ایک فہمیدہ ہندوستانی کے ساتھ جو دن کو موجود تھا اور جسنے یہ ساری کیفیت دیکھی تھی بات چیت کرنے لگا تو اُسنے مجھسے پوچھا کہ آپ نے مجذومی کی درخواست کیون نہ قبول کی اور پھر اُسنے کہا کہ اُسکے لیے لازم ہے کہ جلد ہلاک ہو کیونکہ اُسپر بڑی مصیبت گذر رہی ہے اُسمین اُسکا اور گانون والون کا بھی فائدہ ہے" مین نے کہا کہ" کیا درحقیقت تم کو بھی یقین ہے کہ اُسکے گانون والون مین سے کوئی شخص جذام مین مبتلا ہوگا" اُسنے جواب دیا کہ" بیشک مجھکو اور اسیطرح تمام ملک کو اس بات کا یقین ہے" مین نے کہا کہ" اعتقاد

کے بارے مین تو کوئی دلیل نہین ہوسکتی لیکن میرے نزدیک یہ امر مہمل معلوم ہوتا ہے۔ بہرحال کمپنی بہادر کی عمداری مین ایسا فعل داخل جرم ہوگا۔ اگر مین چاہون تو بھی اس بات کی اجازت نہین دیسکتا ہون" ہندوستانی افسر نے جواب دیا کہ "حضور جو کچھ فرماتے ہین وہ سب تو صحیح ہے مگر دیکھیے گا کہ گانون والے اسکو بلا اجازت زندہ دفن کرینگے" یہ کہکر اُسنے سلام کیا اور وہان سے چلا گیا۔

مین نے یہ خیال کرکے کہ ایسا امر ممکن نہین ہے اُس بات کو دل سے دور کر دیا۔ لیکن چند روز کے بعد مضلات کے ایک افسر پولیس نے مجھ سے آکر یہ رپورٹ کی کہ مجھکو معلوم ہوا تھا کہ ایک آدمی زندہ دفن کر دیا گیا ہے جسکو سُن کر مین موقع پر گیا اور وہان جاکر دریافت حال کے لیے زمین کھدوائی اور لاش نکلوائی اور معلوم ہوا کہ وہ کسی جذامی کی لاش ہے۔ جب مجرم لوگ گرفتار ہوے تو معلوم ہوا کہ وہی لوگ تھے جنھون نے مجھسے مجذومی کے دفن کرنیکی اجازت چاہی تھی بعد کو جو تحقیقات ہوئی اُس سے معلوم ہوا کہ اُس روز درخواست کے نامنظور ہونے کے بعد وہ لوگ پلٹ آئے اور گانون بھر کے لوگون کو جمع کرکے مشورہ کیا جسمین یہ راے قرار پائی کہ مجذومی کو دفن کر دینا چاہیے۔ چنانچہ یہ کام دن دوپہر تمام معمولی رسمون کے ساتھ عمل مین لایا گیا اور گانون کے سب لوگ اسمین شریک ہوے۔ موضع کا مقدم چوکیدار اور دوسرے اہلکار لوگ جو گانون مین تھے دورہ پر دیکھے گئے جہان سب نے جرم سے اقبال کیا اور قید کی سزا پائی اسمین شک نہین کہ سزا کا دینا ضرور تھا۔ لیکن مین خوش ہون کہ سزا خفیف ہوئی۔ مین خیال کرتا ہون کہ اوسطاً ضلع کے جیلخانہ مین چھ مہینے قید رہنے کا حکم ہوا۔ میرے نزدیک وہ قابل الزام نہین بلکہ زیادہ تر قابل افسوس تھے اور گو اُس بدنصیب شخص کے ہلاک کرنے کا طریقہ ہمارے خیالات کے کیسے ہی خلاف ہو مگر وہ بقول خود "بہت جی چکا تھا"

مقام دہلی مورخہ ۷ مارچ ۱۸۴۵ء

ایسا شخص جو اسطرح کے قصہ کو سُنے اور اُسکا دل نہ بھر آئے یا جو سالہا سال تک ایک منصب حکومت پر ایسے زود فہم مگر سریع الاعتقاد اسقدر مفلس مگر صابر ایسے تربیت پذیر مگر اپنے ضعیف حقوق پر دلدادہ اور آستے عرصہ دراز تک بارہا اجنبی حملہ آورون کے ستاتے ہوے مگر اُسپر بھی اپنے موروثی اطوار و عقائد کے اسقدر پابند لوگون مین رہے اور پھر اُنکی طرف ایسا خیال نہ رکھے جو کوئی باپ اپنے آوارہ مگر بے بس اور وفادار لڑکے کی نسبت رکھتا ہو مشکل سے دستیاب ہوسکتا ہے اور اگر دستیاب ہو تو وہ محسود نہوگا۔ ہندوستان مین پیشتر بھی ایسے بہت انگریز رہ چکے اور اب بھی رہتے ہین جو اپنی قومیت یا لون اپنی اعلیٰ قوت جسمانی یا عقلی کے زعم مین ہندوستانیون کو حقیر جانتے اُنسے الگ رہتے اُنکو ذلیل سمجھ کر کالا لوگ کہتے اور اُنکو اسطرح سے ستاتے یا اُنکے ساتھ بدسلوکی کرتے ہین کہ اسطرح کا برتاؤ کسی یورپین کے ساتھ وہ ہرگز نہ کرینگے۔ لیکن خوش قسمتی سے ایسے انگریزون کی تعداد ہندوستان مین ہمیشہ قلیل رہی ہے اس قسم کے لوگ بعض اوقات ہندوستان کے عارضی سیاحون یا قلیل العمر اور کوتہ اندیش فوجی افسرون یا برسرے

شہرون کی تعوپر تکلف یا عیب جو صحبتون مین ملسکتے ہین لیکن ارکان سول سترویس یا اُن فوجی مدبرون مین جنھون نے سلطنت ہندوستان کی بنا قائم کرکے اُسکی حفاظت کی ہے کمین نہین پائے جاتے ہین سترائس سترو یا لارڈ مکاف اوٹرم یا ہنری لارنس یا جان لارنس اور اسیطرح کے دوسرے صدہا نیک مضر اور راستباز اشخاص کی تحریرات اقوال یا افعال سے ہمکو ایک لفظ یا ایک فعل بھی ایسا نہین ملتا جس سے اور کوئی بات پائی جاے بجز اسکے کہ جن کروڑون بے بس اور بے زبان آدمیون پر وہ حکومت کرتے تھے اُن سب پر کمال شفقت اور محبت مبذول رکھتے تھے۔ جان لارنس اپنی باتون کا زیادہ احتیاط سے کبھی موازنہ نہ کرتے اگر وہ کسی شخص کو بدلحاظ یا بیوقوف سمجھتے تھے تو بیشک اُسکے منہ پر کہدیتے تھے۔ اگر وہ کسیکو سزا دینا چاہتے تھے تو معاً سزا دیدیتے تھے لیکن اُن ہزارہا عجلت کی کمیٹیٹی ہوی چٹھیون مین جو میری نگاہ سے گذری ہین کہین ایک فقرہ بھی مجھکو ایسا نہین ملا جس سے بڑے سے بڑے شان اور ہندوستانیون کے اعزاز کو کوئی صدمہ پہونچ سکتا ہو۔ اور کہین ایک مقام پر بھی وہ کلکتہ کے اکثر نوجوان افسرون یا ہندوستان کے اتفاقی سیاحون کی زبان پر سب کے پہلے جاری ہوتا ہے اُنھون نے کہین استعمال نہین کیا۔ یہ وہ لوگ ہین جو ہندوستانیون کو جانتے اور مانتے ہین اُنسے محبت کرنا سیکھا ہے۔ خالص انگریزی قومی جوش سے اپنے تئین اُن لوگون کا خادم سمجھتے ہین جنپر وہ حکومت کرتے ہین اور اُنھین کی خدمت کرکے حکمرانی کرتے ہین۔ اور ہماری قسمت یا تصور سے مختلف رنگ کے لوگون تو سون اور مذہبون مین جو آہنی دیوار حائل ہے اُسکے اندام مین ہر ایک طرح کی کوشش کرتے ہین۔ جب تک یہ دیوار کسی نہ کسی طرح سے منہدم نہ ہوجاے ص۱۷۱
اُسوقت تک گو ہمارے مقاصد کیسے ہی نیک ہون اور ہماری حکومت سے کیسے ہی فوائد متصور ہون لیکن ہم گویا فرو
تیغ ہندوستان پر قابض ہین اور جب تک ہم زور تیغ قابض مین اُسوقت تک ہم کو اپنے حقوق کیطرف سے اطمینان بہت کم اور خطرہ زیادہ ہیگا

ماہ نومبر ۱۸۳۳ء مین کرنال کی قائم مقامی کے عہدہ کا خاتمہ ہوا اور جان لارنس اپنے بوریے بستر سمیت مقام دہلی مین جہان کی سرزمین سے وہ اسقدر مانوس اور مربوط تھے ایک عارضی عہدہ پر آئے یہان جب سال مابعد ختم ہوا تو مستقل عہدہ خالی ہوا اور آخر کو اُسوقت مناسب عہدہ کے لیے مناسب شخص بہم پہونچا اور جان لارنس خود اپنے استحقاق کی رو سے دہلی اور پانی پت ان دونون ضلعون کے مجسٹریٹ اور کلکٹر مقرر ہوے۔ ہندوستان سے رخصت فرلوپر روانہ ہونے کے قبل انکو جو مشاہرہ ملتا تھا ان پچھلے دو سال تک اُسکے نصف سے بھی کم تنخواہ انکو ملی اور اس قسم کے مہمان نواز اور ایسے مخیر آدمی کو اس قلیل آمدنی مین اپنے عیال و اطفال نوکر چاکر اور گھوڑون کی دو جوڑی کے رکھنے مین معلوم نہین کسقدر مشکل پڑی ہوگی اور وہ اپنے عہدہ اور درجہ کے اعتبار سے اُس منصب تک پہونچ چکے تھے جسپر ہندوستان سے علیل ہوکر جانے کے قبل وہ مامور تھے ہندوستان مین جنگ افغانستان اور اُسکے بعد کی لڑائی سے جو عام مایوسی چھائی ہوی تھی اُس سے اور شائد امرار سندھ کی اور

بھی ناانصافانہ لڑائی سے اُنکے دوسرے ہمعصر بھی اُنھین کی طرح ایک ضیق کی حالت مین تھے۔ ماہ نومبر ۱۸۴۴ء مین اُنکے ایک دوسری بیٹی پیدا ہوئی جسکا نام اِمیلی رکھا گیا اور یہ عین وہ زمانہ تھا جب باپ کی آمدنی اُنکی ضرورتون اور واجبی کے برابر پہونچی۔ آیندہ دوسال کے عرصہ مین جان لارنس نے بحیثیت کلکٹر و مجسٹریٹ دہلی جو کام انجام کیے بدقسمتی سے اُنکے بارے مین بہت کم بیان کیا جاسکتا ہے۔ لیکن جو کچھ مین اُنکی ابتدائی تقرری دہلی کے بارے مین بیان کرچکا ہون اُس سے بیشک عام طور پر قیاس کیا جاسکتا ہے کہ اس زمانہ مین کیا کام کیا گیا ہوگا۔ عام طور پر وہی باتین فقور ناراضی اور دشواری کی اب بھی تھین پیرانہ سال مغلیہ بادشاہ کے دربار مین جسکے یک قلم منسیت و نابود ہوجانے کے دس برس اور باقی رہ گئے تھے وہی بدعنوانیان موجود تھین اُسیطرح کے لغو آدمی دربار کو گندہ کیے ہوے تھے اور اُس تاریخی دارالسلطنت کے جرائم پیشہ اور کمینہ لوگون کا گروہ اُسیطرح شورش مچاے ہوے تھا۔ سَرَاپَا بَرْنَگْرِنی کو اُس شہر شہ کا حال یاد ہے جو جان لارنس نے حاصل کی تھی اور جسکا چرچا الہ آباد تک پھیلا ہوا تھا یعنی یہ کہ وہ ایک مختصر گروہ پولیس کو لیکر اچانک قمارباز دن قزاقون اور ہر قسم کے بدمعاشون کے غول مین جا پہونچے اور سبکو اسطرح سے گرفتار کرلیا کہ نہ تو ایک قطرہ خون کا گرنے پایا اور نہ کمین کچھ فتور ہوا۔

۱۸۴۵ء کے موسم بہار مین اُنکو اس بات کا موقع ملا کہ اپنی ہمیشہ کی وفادار محررہ اور رفیقہ کی مدد سے اپنے ابتدائی قیام ہندوستان کے ایام کی وہ دلچسپ حکایتین تالیف کرین جنہین سے اسقدر قصے مین نے نقل کیے ہین۔ اُنھون نے چند نہایت معقول چشمیان طرز معاشرت کے متعلق دہلی گزٹ کے اڈیٹر کو بھی لکھین جیسے اصلاح جیلخانہ اور انتظام پولیس وغیرہ اور اُنمین سے دو ایک فقرہ اس مقام پر محول کرنے کے قابل ہین کیونکہ اُنسے ثابت ہوتا ہے کہ اس زمانے مین جان لارنس کا قلم برداشتہ طرز بیان اور طرز خیال کیا تھا۔ گورنمنٹ نے تجویز کیا تھا کہ ممالک مغربی و شمالی کے جیلخانون کا ایک سپرنٹنڈنٹ مقرر کیا جائے۔ جان لارنس نے مخالفت کی کہ اس تجویز مین خرچ کثیر متصور ہے اور اُسمین کوئی فائدہ نہین ہے اور عجب نہین اگر اُسکے سبب سے اور ضروری اصلاحین ملتوی رہ جائین۔ چنانچہ اس امر کے متعلق جان لارنس نے اپنی یہ راے ظاہر کی تھی۔

ممالک مغربی و شمالی کے واسطے ایسی حالت مین جب جیلخانے کے داروغہ جو ہر ایک کام کو انجام دیتے ہین صرف پچیس روپیہ ماہوار پاتے ہین ۲۵۰۰ روپیہ کی تنخواہ پر ایک دورہ کرنے والا سپرنٹنڈنٹ مقرر کرنا سراسر غلطی ہے۔ اسطرح کا سرکاری افسر جو آج یہان اور کل وہان پھرتا رہے گا اُسکا اصل مین کیا دباؤ پڑ سکتا ہے۔ اسکو ہر ہر ضلع مین جاکر سرسری دورہ کرتے ہوے بھی سالہا سال گذر جائیگا۔ لیکن فرض کرو کہ جس وقت وہ سہارنپور مین ہوگا تو اُسکو کیونکر معلوم ہوسکے گا کہ بانس بارس یا گورکھپور مین کیا ہورہا ہے۔ یا جسوقت وہ ان مقامات مین ہوگا تو اُسکو کیونکر معلوم ہوسکیگا کہ روہیلکھنڈ اور دہلی کے جیلخانون مین کیا ہورہا ہے شاید بعض لوگ یہ کہینگے کہ پورٹون اور نقشون کے ذریعہ سے اس کام کا انجام کیا جاسکتا ہے۔ یعنی یہ کہ تمام صاحبان مجسٹریٹ وار

جنٹ مجسٹریٹ مجبور کیے جائین کہ وہ اپنے معمولی فرائض منصبی کے علاوہ نقشون کی تیاری مین بھی اپنے اپنے دماغ کو پریشان کرین لیکن یہ نقشجات اگر تیار ہوتے ہین تو ہرگز پڑھے نہین جاتے اور اگر پڑھے جاتے ہین تو اُنکا خلاصہ ایک مجموعی نقشہ مین مرتب نہین کیا جاتا اور اگر یہ بھی کیا جائے تو محنت اور مشقت اُسمین کیجائیگی وہ وصول نہوگی کیونکہ چھ مین پانچ بالکل لغو ہوتے ہین۔

اس تجویز کو جس سے ایک مصنوعی اصلاح صرف زر کثیر خرچ کرنے کے بعد عمل مین آسکتی تھی نامستحسن قرار دینے کے بعد اُنھون نے اصلاح کے اصل امور کو تجویز کیا۔ اور یہ امور وہ ہین جنکو اُنھون نے بزمانہ مابعد پنجاب مین مقرر ہوکر وہان اور اصل تو یہ ہے کہ تمام ہندوستان مین جاری کیا۔ یعنی یہ کہ صدر جیلخانے اور ضلع کے جیلخانے قائم ہون جرائم پیشہ اشخاص کے اقسام قرار پائین۔ جیلخانون مین اول درجہ کے ڈاکٹر مقرر ہون۔ اور جن سرکاری افسرون پر دنیا بھر کی جوابدہی اور ساری محنت اور مشقت پڑتی ہے مگر اُنکو تنخواہ کم ملتی ہے اُنکے مشاہرہ مین ترقی کیجائے کیونکہ اُنھین کے رویہ پر ساری کارروائی منحصر ہے۔ چنانچہ جان لارنس نے بیان کیا ہے کہ مجسٹریٹ ہمیشہ چاہے جیسا مستعد اور لائق ہو لیکن اگر یہ عملہ بدمعاش ہوا اور موجودہ انتظام مین یہ بات ہرگھڑی پائی جائیگی گو بظاہر معاملات کی صورت کیسی ہی معقول اور قابل تعریف کیون نہ معلوم ہوتی ہو تو ممکن نہین کہ اندر اندر ہر طرح کی بدعملی نہوتی جائے اور اسکو دیکھکر جاہل شخص بھی حیرت مین آجائیگا۔ نقشہ جات آپ کے پاس بہت درست کرکے پہونچائے جائینگے لیکن اُنسے جیلخانے کی اصل کیفیت اُسیقدر معلوم ہوگی جسقدر مین بنگلہ کا حال بیان کرسکتا ہون۔ لوگ بڑے شوق سے کہا کرتے ہین کہ دیسی آدمی بڑے بدچلن ہین اور اُسمین شک نہین کہ وہ ایسے ہین بھی لیکن دیکھنا چاہیے کہ زیادہ تر اُنکو کسنے ایسا بنا رکھا ہے۔ اُن کے آگے کس نے وہ دام طمع پھیلا رکھا ہے جس سے وہ خود بخود جا کر پھنس جایا کرتے ہین۔ مجھکو بہت اچھی طرح سے یقین ہے کہ اس قسم کی طمع اگر دکھائے تو اکثر یورپین اُسمین مبتلا ہو جائین۔ ہم سب لوگ خوب جانتے ہین کہ سویلینون کو لارڈ کارنوالس نے ایماندار بنایا۔ ۱۸۳۴ء مین جب اس دستور کے متعلق ایک بڑا بھاری انقلاب پیدا ہوا اور یورپ کے لوگ کثرت سے عہدون پر مقرر کیے گئے تو پہلی کارروائی یہی عمل مین آئی کہ اُنکی تنخواہون مین اضافہ کیا گیا۔ علی ہذا القیاس تحصیلدارون کی جماعت کی طرف خیال کیجیے کہ گذشتہ برسون سے اُنکی حالت کسقدر درست ہوگئی ہے اور اسوجہ سے اُنکا چال چلن کہانتک سنبھل گیا ہے۔ مجھکو تمامتر یقین ہے کہ اس زمانہ مین جیسا ایماندار ایک تحصیلدار پایا جاتا تھا اب ویسے دس پائے جاتے ہین۔

ماہ نومبر ۱۸۳۵ء مین جان لارنس کی سوانح عمری کے متعلق ایک انقلابی زمانہ پیش آیا۔ ابتک اعلیٰ اشخاص کی رعایت یا توجیہ سے اُنکو کوئی نفع نہین حاصل ہوا تھا۔ قسمت نے جسقدر اُنکی یاوری کی تھی اُس سے زیادہ اُنھون نے قسمت کی یاوری کی تھی۔ وہ تمام درجہ کے سول سَرونٹ کو پاس کرچکے تھے گو معمولی سویلینون کی نسبت اسمین اُنھون نے تیزی نہین ظاہر کی تھی بلکہ سستی سے پاس کیا تھا۔ خاص طور پر جسقدر تجربہ اُنھون نے حاصل کیا تھا اپنی ذات خاص سے حاصل کیا تھا اور اُسمین بیحد کوشش کی تھی۔ اُنکی شہرت جسقدر ہوئی تھی وہ سب

ص ۱۰۱

ایک ضلع کے سول سرونٹ کی ترقی کے متعلق ایک ضلع کے سول سرونٹ کی ترقی کے متعلق

انکی کارگذاری کے باعث سے تھی سوائے اسکے اور کسیوجہ سے نہین تھی۔ برخلاف سر چارلس ہنگامے کے (جو سے باعتبار اُس عروج کے جسکو بزمانہ مابعد انھون نے حاصل کیا تھا جان لارنس کا مقابلہ کرنا بعید ہے اور جسکو آتے کے ساتھ ہی لارڈ ولسلی نے اپنے پرون کے نیچے کر لیا اور ایک عہدہ سے دوسرے عہدہ تک پہنچاتے چلے گئے) جان لارنس کو گورنمنٹ ہوس کی سرپرستی سے کوئی واسطہ نہین رہا۔ وہ ہندوستان مین اگر لارڈ ولیم بینٹنگ لارڈ آکلینڈ اور لارڈ ایلنبرا ان تین گورنر جنرلون کا زیادہ تر زمانہ دیکھ چکے تھے اور ایسی کوئی بات ظاہر نہین ہوتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہو کہ وہ اچھی طرح سے اُنکا نام بھی جانتے ہون۔ اِس بارے مین اُنکے اور اُنکے بھائی ہنری کے مابین جو تفاوت ہے وہ بخوبی روشن ہے۔ کیونکہ جارج لارنس نے اپنے بھائی ہنری کے لیے جب وہ صرف ۲۶ برس کے تھے براہ راست کمانڈر انچیف کو درخواست بھیجکر گھوڑچڑھے تو پخانہ مین ایک عہدہ دلوا دیا تھا۔ دوسرے سال اسی طرح گورنر جنرل کو درخواست دلوا کر محکمہ پیمائش مال مین ایک جگہ بہم پہونچا دی۔ پھر ۱۸۲۹ء مین اُنکے دوست فریڈرک کری نے گورنر جنرل مابعد کے ذریعہ سے سرحدی انسپکشن فیروزپور مین انکو ایک عہدہ دلوایا۔ اور اسطور پر (جیسا کہ اُنھون نے خود بیان کیا ہے) "میرا قدم رکاب پر جما دیا جہان سے ایک جست مین کامل پر جا کر متمکن ہو سکا"۔ یہ بات نہین ہے کہ اُنھین سے کسی عہدہ کے ملنے مین کسی طرح کا لوث یا بیجا رعایت کو تعلق ہوا ہو۔ ہر صورت مین عہدہ کے دینے والون نے جب اُنکو منتخب کیا تو اُنکو اُسی کام کے لیے سب مین لائق ہی پایا بلکہ عہدہ سے زیادہ لیاقت دیکھی۔ لیکن مجھکو اس امر کا بیان کرنا مقصود ہے کہ اس زمانہ تک خواہ جس سبب سے ہو جان لارنس کا نام عوام کی سرپرستی کرنے والے حکام کے آگے پیش نہین ہوا تھا۔ لیکن اب بڑے بڑے طوفان خیز زمانے آرہے تھے اور جن اتفاق سے ابتدائی زمانہ ملازمت ہندوستان مین گورنر جنرل سے تقرب حاصل ہو گیا

لارڈ ایلنبرا کو الحاق سندھ کی نیکنامی خواہ بدنامی کے ساتھ جو اُنسے منسوب ہے اُنکی افراط و تفریط کے عین زمانہ شباب مین لارڈ موصوف کے اُن حاکمون نے جنکو وہ ابتک اپنا محکوم سمجھتے آئے تھے واپس لیا کر لیا "پنجاب آئی مینوسنڈ" یہ مختصر اور دنیا بھر مین مشہور فقرہ جسکو پنچ نے اُس نامی گرامی اور خودرائے سپاہی پر چسپت کیا تھا بالکل درست تھا اور اُسکی کل ذمہ داری لارڈ موصوف کو گو وہ مزاج کے بہت شاندار تھے برداشت کر لینا چاہیے تھی لیکن بدقسمتی سے یہ نہو سکا۔ اُسکو بہ عموم تمام قوم نے برداشت کیا اور ہماری قومی تاریخ پر اسکا ایک داغ ہمیشہ باقی رہ جائیگا۔ اُس کارروائی پر نہ صرف سر جیمس آؤٹرم ایسے بہادر سپاہیون اور سر ہنری پاٹنجر اور کپتان ایسٹوک ایسے سول حاکمون نے جو برسون سے عین موقع پر رہے تھے اور جو حقیقت حال سے بخوبی تمام آگاہ تھے الزام لگایا تھا بلکہ مطابق اُسکے جیسا سر گلبرٹ اسٹون نے حال مین بیان کیا ہے اسکو ایک ایسے جلیہ وزرا نے بالاتفاق ناپسند کیا جسمین مختلف یا متضاد اور مختلف وسیع تجربہ کے لوگ مثل سر رابرٹ پیل ڈیوک آف ولنگٹن اور خود سر گلبرٹ اسٹون کے شامل تھے

مگر جس حالت مین ایک بات ہو چکی تھی تو خیال کیا گیا کہ اب اسکا معدوم کرنا ممکن نہین ہے۔ گورنمنٹ نے اپنی اعلی ذمہ داریون کے اعتبار سے تجویز کیا کہ اب امرمذکور کے معدوم کرنے مین اور بھی زیادہ خرابی پڑے گی اور اس سبب سے ارکان سلطنت مجبور ہوے کہ اس فخرآمیز مورونی قباحتون کے خوفناک مترو کہ کو آیندہ نسلون کے لیے چھوڑ جائین۔ بیشک صوبون کے وہ فرمانروا بڑا غضب کرتے ہین جنکو انگلستان کی وسیع اور بھاری سلطنت کے اعتبار سے بڑا اختیار دیا گیا ہے اور وہ اُس اختیار کو ناجائز لڑائیون اور بلاضرورت ملکون کے شامل سلطنت کرنے مین استعمال کرتے ہین اور اسطور پر قوم کے ہاتھ اور ایمان کو پہلے ہی سے مجبور اور اسکی تاریخ سے ناانصافی کو ہمیشہ کے لیے ملحق کر دیتے ہین۔ یہ امر ضروری خیال کیا جا سکتا ہے کہ انکو یہ اختیار سپرد کیا جائے اور بعض اوقات اُس اختیار کا عمل مین لانا بھی ضروری متصور ہو سکتا ہے لیکن جس حالت مین وہ اس اختیار کو بُرے طور پر استعمال کرین تو انکو سمجھنا چاہیے کہ وہ قدیم زمانے کی کنسٹی ٹیوشنل نوآبادی یونان کے جدید قانون تجویز کرنے والون کی طرح آپ رسّی سے گردن باندھتے ہین۔

دریاے ستلج کے اُس پار کے ملکون مین جری اور مفسد سپاہیون کی ایک جماعت نے شورش مچا رکھی تھی۔ یہ لوگ گذشتہ چند سال (اور اصل تو یہ ہے کہ رنجیت سنگھ شیر پنجاب کی قوی حکومت ختم ہونے کے زمانہ) سے خود اپنی گورنمنٹ کو نیچا دکھاتے چلے آتے تھے اور اب یقین کیا جاتا تھا کہ برٹش انڈیا پر یہ لوگ جس وقت حملہ کر بیٹھین اُنسے تعجب نہین ہے۔ پس ایسی حالت مین وہان کے معاملات بنھالنے کے لیے لارڈ ولبرز کے بعد بہترین سپاہی کی حاجت تھی۔ اس کام کے لیے وہ استاد کامل فن تلاش کیا گیا جسنے ادنی درجہ کی فوجی ملازمت کے زمانے مین چار زخم کھائے تھے۔ چار گھوڑے لڑائیون مین اسکی رانون کے نیچے ہلاک ہوے تھے اور جنگ پنسولا یعنی جزیرہ نما مین ۹ تمغے حاصل کیے تھے۔ اور بحیثیت لفٹنٹ کرنیل جنگ البوہر کے طوفان کو پلٹا دیا تھا بلکہ اُس سے گویا جنگ پنسولا کی صورت بدل گئی تھی۔ یہ عالی دماغ سپہ آنریبل ہنری ہارڈنگ صاحب کا ذکر ہے۔ انکو انگلستان کی کورٹ آف ڈیریکٹرس نے معمول سے کہین زیادہ بھروسہ کے ساتھ اس غرض سے گورنر جنرل مقرر کیا تھا کہ (اگر ممکن ہو تو) امن وامان قائم کرین اور نئے نئے جو گورنر جنرل مقرر ہوتے ہین مثاندنکی نسبت معمول سے کہین زیادہ اقرار صالح کے ساتھ انھون نے امن وامان قائم کرنے کا بیڑا اٹھایا تھا۔ چنانچہ سر گلبرٹ اسٹون نے جوانکے عہد کی وزارت کے سبب سے پچھلے می القائم اور سب سے زیادہ نامی گرامی ممبر باقی رہ گئے ہین انھی حال ہی مین بیان کیا ہے کہ "میرے بادشاہ وقت کے عہد مین جو نسلین قائم ہوئین انمین ایسا کوئی شخص مقرر نہین ہوا جو اُنسے زیادہ مغز اور فن جنگ سے ماہر ہو یا اینہمہ فوجی ناموری حاصل کرنے کی اُنسے کم خواہش رکھتا ہو"۔ لیکن یہان اگر انھون نے صورت معاملات کو اپنی تدبیر دن کے مقابلہ مین قوی تر پایا۔ انھون نے دریافت کیا

کہ اُنکے پیشتر کے جنگ پسند گورنر جنرل نے استعفاظ سرحد کی جو تیاریان کی تھین وہ روز افزون خطرہ کے مقابلہ مین ناکافی تھین اور اپنی ساری ہنرمندی صرف کرکے اگرچہ اب تک اُنکو صلح کی اُمید تھی مگر جنگ کی تیاری کے خیال سے) ہندوستان مین پہونچنے کے ایک سال سے کچھ ہی زیادہ عرصہ تک کے اندر اُنھون نے اس خوبصورتی کے ساتھ مقامات مخطور پر ہماری فوجون کی تعداد المضاعف کرلی کہ عوام ہند پر اُنکا کچھ حال ظاہر نہونے پایا۔

اسطرح کا کامل سپاہی بغیر اسکے کہ سرحد پر جاکر بذات خاص ملاحظہ کرتا قانع نہین رہ سکتا تھا۔ اُنکا راستہ دہلی کی طرف سے تھا اور ۱۱ نومبر ۱۸۴۶ء کو وہ پہلے پہل وہان کے کلکٹر اور مجسٹریٹ یعنی صاحب سوانح عمری ہذا سے ملاقی ہوے۔ چونکہ وہ سپاہی کے گھر مین پیدا ہوے تھے اور سپاہیون ہی مین تعلیم پائی تھی اس سبب سے گمان نہین ہوسکتا کہ وہ سول معاملات سے بہت کچھ واقفیت رکھتے ہون لیکن جیسا کہ آخر کو ظاہر ہوا وہ ایک ہی نگاہ مین جان لارنس کی فوجی اور سول خلقی اور کسبی صفتون کو تاڑ گئے اور اُنکے معرف ہوے۔ بادی النظر مین دونون پر ایک دوسرے کا عمدہ اثر پڑا۔ گورنر جنرل کے دل پر مجسٹریٹ کی استعداد فراست اور واقفیت کسب کی کیونکہ ویران حصہ شہر مین جو آباد حصہ شہر کے چارون طرف واقع تھا جب گورنر جنرل سوار ہوکر سیر کے لیے گئے تو یہ مجسٹریٹ اُنکے ساتھ ہوے اور آپاشی اور ایصال مالگزاری کے سب رموز بیان کیے۔ اور ادھر مجسٹریٹ کے دل پر گورنر جنرل کی بے تکلفی ملنساری اور فوجی اُنگ کا اثر ظاہر ہوا۔ چنانچہ جان لارنس نے اپنے بھائی ہنری لارنس کو جو چٹھیان لکھی تھی اُنمین میری تلاش کی ہوی چٹھیون سے مقدم ترین تواریخ کی ایک چٹھی مین جان لارنس لکھتے ہین کہ "مین گیارھوین تاریخ گورنر جنرل سے ملا۔ وہ کل یہان داخل ہوے۔ مین اُنکو بہت پسند کرتا ہون۔ وہ ایک پسندیدہ خصائل اور مآل اندیش شخص ہین لیکن اُنکی باتون سے عام طور پر مجھکو یہ نہین معلوم ہوتا کہ وہ ذی قابلیت آدمی ہون۔ کرنیل اور مسٹن صاحب یہ دو آدمی تو اچھے اُنکے ساتھ ہین باقی اور سب کے سب محض کندۂ ناتراش ہین۔ ابتو ہر ہر بات سے صلح کے آثار نمودار ہین میرے نزدیک اب لڑائی ہوتی معلوم نہین ہوتی۔ وہ انیسوین تاریخ یہان سے رخصت اور براہ راست انبالہ کو روانہ ہونگے۔ مجھکو تو بظاہر یہ نہین معلوم ہوتا کہ وہ سول معاملات سے زیادہ واقفیت یا ایسی باتون سے ذوق رکھتے ہون لیکن فوجی صیغہ کے تمام اُمور مین بڑے چوکس ہین"۔

ایک دوسری چٹھی سے جو اُسکے چند روز بعد یعنی ۲۷ نومبر کی لکھی ہوئی ہے خود جان لارنس کی کارروائیون کا حال کسیقدر ظاہر ہوتا ہے۔ اُسمین لکھا ہے۔ "میرٹ کی سپاہ بڑی عجلت مین طلب کی گئی ہے اور مین یقین کرتا ہون کہ اسکو براڈفوٹ صاحب نے طلب کیا ہے۔ کوٹپ صاحب کا دماغ بالکل جنگی خیالات سے معمور ہے لیکن میرے نزدیک یہ جھوٹ موٹ کی دھمکی ہے اسمین شک نہین کہ گورنر جنرل کو بھی اس معاملہ سے کچھ آگاہی نہین تھی کیونکہ اُنکے بعض خاص الخاص ایڈیکانگ گھوڑ دوڑون کے تماشہ مین مشغول تھے۔ ..... مجھکو دم بھر کی

مہلت نہین ہے کیونکہ میرے مددگار سب کے سب چلے گئے اور میرے شریک مجھ سے پہلے کہ یہ حال ہے کہ وہ بیچارہ جسکی شادی کو ابھی چند مہینے گذرے ہین قریب مرگ ہے مین الفنسٹن صاحب کو آپ کے پاس بھیجونگا۔ وہ ایک عمدہ انشا پرداز ہے لیکن بالکل کیطرفہ آدمی ہے۔ اور اگرچہ وہ ہمیشہ گویا بہت دلائل اور اسناد کے ساتھ انشا کرتا ہے لیکن اسکی تحریر اُسکے خیال کے برابر ہمیشہ صحیح نہین ہوتی۔ اور اس بات کا خیال کرنا کچھ دشوار نہین ہے کہ جان لارنس نے جو تاریخ جنگ کے بڑے شائق تھے جسوقت سَر ہنری ہارڈنگ کے پہونچنے پر الفنسٹن صاحب (اور انکی تعریف ابھی بیان ہوچکی ہے) کی تحریرات متعلقہ جنگ البوئیر کا خیال کرکے انکو پڑھا ہوگا اور اس نوجوان لفٹنٹ گرنل کی نسبت جسنے اب گورنر جنرلی کے عہدہ پر ترقی پائی تھی یہ عبارت دیکھی ہوگی کہ "وہ ایک نوجوان سپاہی ہے جو جنرل کی آنکھ اور غازی کا دل رکھتا ہے" تو انکو کسقدر لطف حاصل ہوا ہوگا۔

جن پیمیون کا مین نے اوپر حوالہ دیا ہے انکی نسبت دو ایک باتون کی تفصیل اس موقع پر لازم ہے۔ اولاً یہ یاد رکھنا چاہیے کہ گورنر جنرل کی عدم قابلیت کی نسبت جو خیال پیدا ہوا تھا وہ جان الفنسٹن کا ابتدائی خیال تھا جسکو اُنھون نے قلم کی رو مین لکھدیا کیونکہ یہ جان لارنس کا معمولی طریقہ تھا لیکن بعد کو اس خیال مین بہت کچھ ترمیم ہوگئی۔ البتہ آخر مین جان لارنس نے گورنر جنرل موصوف کے بارے مین جو رائے قائم کی وہ قریب قریب اُس رائے کے برابر تھی جسکو اُنکے بھائی ہنری نے اپنی نہایت قریب واقفکاری کے ذریعہ سے قائم کیا تھا اور جو اُنکی وفات کے بعد اُنکے مضامین کے مجموعہ مین مشتہر ہوئی[1]۔

ثانیاً سَر ہنری ہارڈنگ اس بات سے بخوبی آگاہ تھے کہ سول معاملات مین مجھکو مداخلت نہین ہے۔ اور اس ناواقفی کی حالت مین جو اُنھون نے معاملات مذکور مین دست اندازی نہین کی تو یہ بڑی دانائی کی۔ انگلستان سے روانہ ہونے کے قبل شل اور دانشمند گورنر جنرلون کے اُس شخص کی صلاح لی جو اُس زمانے کے زندہ اشخاص مین سب سے بڑھکر ہندوستان کے حالات جانتا تھا۔ اور اگر بعد کے تمام گورنر جنرلون نے بھی اس بات کی پیروی کی ہوتی تو کیا عمدہ بات تھی۔ اسوقت مونٹ سٹوارٹ الفنسٹون صاحب نے جنکی جانب یہ اشارہ تھا سب سے بڑھکر اس بات کی صلاح دی کہ "محکمہ سول کی فروعات مین دست اندازی نہ کیجیے گا"۔ چنانچہ جب وہ کلکتہ مین داخل ہوے تو اسی صلاح پر عمل کرکے اُنھون نے گورنمنٹ کے سکرٹریون کو طلب کیا اور کہا کہ آپ لوگ بہتر سے بہتر جو صلاح مجھکو دینا چاہتے ہون وہ تحریر کے ذریعہ سے دین اور آنکو تنبیہ کردیا کہ اگر آپ لوگ ایسے معاملات کے متعلق میرے ناواقف ہونیکی وجہ سے کچھ اپنا فائدہ حاصل کرینگے تو خواہ اُسوقت خواہ بعد کو آپ لوگون کیحق مین نہایت مضر ہوگا۔

[1] مارٹن صاحب کی تاریخ ہندوستان صفحہ ۲۷۲ جلد سوم

ثالث اُن چٹھیون سے ایک نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ "وہ ظاہر اہر شے سے خاموشی معلوم ہوتی ہے میرے نزدیک لڑائی نہوگی"۔ کہان تو یہ بات اور کہان اُسی روز (۷ انومبر کو) یہ لکھا آیا کہ دربار لاہور نے برٹش انڈیا پر حملہ کرنے کا قصد کیا ہے۔ سوائے اسکے اور کوئی بات نہ تھی کہ نجمون نے کہا تھا کہ ابھی ساعت نہین ہے جس سے صرف ایک روز کار روائیان معطل ہوگئی تھین۔ مابعد مہینے کی گیارھوین تاریخ سکھون کی فوج نے دریاے ستلج سے عبور کرنا شروع کیا اور پندرھوین تاریخ تک تمام فوج خالصہ جسمین ساٹھ ہزار سپاہی اور چالیس ہزار اُنکے ہمراہی اور ۱۸۰ بھاری توپین تھین بلا مزاحمت انگریزی علداری مین اُتر آئی۔ اب اس مقام پر بہت اچھی طرح سے یہ سوال کیا جاسکتا ہے کہ خود جان لارنس اور گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف اور سرحد کے سب سے بڑھکر تجربہ کار افسر یعنی ٹیلر اور پراڈفٹ وغیرہ سب کے سب بالاتفاق کیونکر یہ راے قائم کرسکے کہ فی الحال کوئی اندیشہ کی جگہ نہین ہے۔ یہ خیال اگلو البتہ تھا کہ اگر اکالیون کے گروہ (جو مسلمانون کے غازیون کے مشابہ تھے) کیسوقت حملہ کرکے اُنکی جانستانی کی کوشش کرین تو کچھ تعجب نہین ہے۔ لیکن اُنمین سے ایک شخص کو بھی یہ خوف نہین تھا کہ کوئی فوج بالقصد قریب اگر ان پر حملہ آور ہوگی۔ اصل امر یہ ہے کہ دربار لاہور سے حملہ کرنے کے خفیہ احکام زیادہ تر اس امید پر نہین کہ برٹش ہندوستان فتح ہو بلکہ خود اپنی حفاظت قائم رکھنے کی غرض سے صادر ہوے تھے۔ اُنکو اس بات کے اندیشہ کی وجہ پائی جاتی تھی کہ اُنکی فتنہ انگیز فوج جو مقام ہیرو شیما کی طرح لاہور کی محافظ تھی اُنکے ہٹانے اور پامال کرنے مین کوشش کرے گی۔ کیا یہ بہتر نہوتا اگر وہ دوسرے مقامات کے لوگون کو بھی اس سے مطلع کر رکھتے۔ اگر سکھ فوج ہندوستان پر حملہ آور ہونے مین پامال ہوجاتی تو سرداران پنجاب اسوقت تک بھی برٹش حکام کی رعایت پر اُمید کرسکتے تھے۔ اور اگر وہ کامیاب ہوتی تو وہ اطمینان کے ساتھ مال غنیمت مین حصہ بٹانے کے لیے دوڑتے۔ دربار کے باہر شخص کے لیے یہ امر دشوار تھا کہ ایسی بیخبری اور ظلم کی حکمت عملی کا حال پہلے سے معلوم کرسکتا کہ کیا ہوگا۔ جیسا کہ جان لارنس نے اپنی ایک چٹھی مین خوب ہی لکھا ہے اُسکے مطابق "کوئی شخص نہین کہ سکتا تھا کہ ہیوقوف لوگ کیا کرینگے"۔ لیکن انگریزی حکام کی صفائی کر دینے کے واسطے اس بات کا بیان کر دینا بھی پر ضرور ہے کہ اُنھون نے ایسے امور کی بھی تیاریان کرلی تھین جنکا اگلو اندیشہ تک نہ تھا۔ اور سکھ لوگ انگریزی علداری مین داخل بھی نہونے پائے تھے کہ ایک فوج اُسقدر کافی سامان کے ساتھ اُنکے مقابلہ کے لیے آگے بڑھائی گئی کہ جو کچھ احاطہ امکان کے اندر ہو اُسکو انجام کرسکے۔ ص۱۰

فیروزپور مین سر جان ٹیلر نے بڑی بہادری کے ساتھ سکھون پر حملہ کیا۔ حالانکہ اُنکی تعداد انگریزی فوج کی چھ گونی تھی مگر وہ تاب مقاومت نہ لاسکے اور دوگروہون مین اپنی جمعیت کو تقسیم کرکے ایک کو بجانب ندکی اور دوسری کو بسمت فیروزشاہ روانہ کیا۔ اور ۱۸ اور ۲۱ دسمبر کو صف بندی کی دو لڑائیان ایسے غنیم سے ہوئین کہ خوشقسمتی سے بیشتر اُس طرح کے غنیم سے کبھی سابقہ نہین پڑا تھا۔ اس لڑائی کی دلچسپی بالکل اُس جنگ کے مشابہ ہے جو رُوم اور

پیرس کے مابین ہوئی تھی جب پہلے پہل رومی لشکر اہل مقدونیہ کی صفوف کے مقابل ہوا اور ایک قومی سپاہ بندی کے سپاہیون نے اپنے تئین ایک اعلی درجہ کی قواعد دان اور آزمودہ کار عارتیی فوج کے مقابلہ مین پایا۔ تسلج کے معرکہ مین جو اسوقت کہلاتا تھا سکھون نے جو فرانس اور اُلی کے افسرون کی تعلیم پائے ہوے تھے اور جنمین نیزی اور قومی جوش بھرا ہوا تھا اول دل بنگال کے سپاہی سے جو کمپنی کا نمکخوار تھا اور صرف اسی پاس نمک کی وجہ سے لڑتا تھا تلوار کی۔ اگر ہماری فوج مین صرف ہندوستانی سپاہی ہوتے تو نتیجہ اُنکے مفید مطلب نہ پیدا ہوتا۔ بگڑی ہوئی لڑائی کے سنبھالنے مین نامی گرامی آزمودہ کار کمانڈر انچیف سر ہیوگف کی بیباکانہ شجاعت اور گورنر جنرل کی بہادرانہ سرگرمی باعث ہوئی جنھون نے قدیم زمانے کے ایمپیریٹر آفریکانس کی طرح خوشی سے اپنی اعلی جگہ چھوڑکر اس بات پر قناعت کرلی تھی کہ درجۂ دوم کے منصب کو اختیار کرین اور سکھ سپاہی جو پسپا ہوے اور طوفان کو آتا دیکھکر عجز ظاہر کرنے لگے تو یہ لال سنگھ اور تیج سنگھ وغیرہ سکھ کمانیرون کی دغابازی کے سبب سے ظہور مین آیا۔

لیکن جنگ مدکی ایک اور بڑی بھاری لڑائی کا مقدمہ تھی۔ اُسکے تین دن بعد اصل لڑائی مقام فیروزپور مین ہوئی سکھون کی فوج نے جسکی تعداد تینتیس ہزار تھی ایک حصن حصین بناکر نہایت بھاری مورچہ قائم کیا تھا۔ اور ایک سو بھاری توپین حفاظت کے لیے لگائی تھین۔ جس روز یہ لڑائی ہوئی وہ سال بھر مین سب سے چھوٹا دن تھا اور اُس روز سہ پہر کے وقت سر ہیوگف نے اپنی معمولی بیباکی سے حکم دیا کہ قلیم کے مورچون کو توپون سے اوڑا دو۔ بار بار ہماری توپخانے کے گولے غنیم کی توپون کے مُنھ پر جا جاکر پڑتے تھے اور بار بار پیادہ سکھ پلٹنون کے لوگ جو اُنکے مقابلہ مین قدم جمائے کھڑے ہوے تھے نقصان عظیم پہونچا پہونچا کر اُنکو پیچھے ہٹا دیتے تھے۔ ہندوستانی لڑائی مین اس بات کا ہمکو پہلے پہل تجربہ ہوا اور اُسیوقت پہلے پہل ہمکو اپنے دشمنون کی وقت تسلیم کرنا پڑی۔ جب رات ہوگئی تو ہماری فوج نے اپنی تئین نصف دشمن کے مورچہ کے اندر اور نصف اُسکے باہر پایا جہان سے وہ نہ آگے بڑھ سکتی تھی اور نہ پیچھے ہٹ سکتی تھی۔ اس سخت وحشت ناک ہنگامہ مین رجمنٹین رجمنٹون مین اور افسر سپاہیون مین خلط ملط ہوگئے تھے۔ غنیم کے معسکر مین کئی جگہہ آگ لگی ہوئی تھی اور رہ رہ کر جب باروت اوڑتی تھی تو اور زیادہ اشتعال ہوتا تھا۔ لیکن اُنکی بھاری توپین ابتک ہمارے آدمیون پر جو تھکے ماندے برفشانی زمین پر تین سو گز سے بھی کم فاصلہ پر پڑے ہوے تھے چل رہی تھین اس رات کو جو بہت واجبی طور سے "شب پرآشوب" بیان کی گئی ہے گورنر جنرل نے جنگی کیفیت یہ تھی کہ کبھی تو ایک شکستہ دل آدمیون کے گروہ اور کبھی دوسرے کے پاس جا بیٹھتے اور دوسرے دن کے کام کرنے کے لیے اُنکو شاباش کرتے اور پھر دوسرے وقت اُسی تاریکی مین اُنکی رہبری کرکے جنگی توپ موسومہ "فتح جنگ" کے مقابلے مین جو ہماری فوجون کا کام تمام کیے ڈالتی تھی دھاوا کرتے اور کامیابی کے ساتھ اُنمین کیل ٹھکوا دیتے وہ کام کیا جسکا خیال کرکے بس کسی نہ کسی ہومری سردار یا اسکندر اعظم

ص ۱۸۶

یا ہنیبل بال یا قیصر روم ہی کا قصہ یاد آتا ہے۔ "نپولین لڑوار (جنگ پنٹسولا) کے غازی کا یہ کہنا کچھ بیجا نہین تھا کہ "مین نے ایسی عجیب رات کبھی نہین دیکھی تھی"۔ اور پھر صبح کے طالع ہونے پر پیرس کی طرح جسکی دلچسپ لڑائی جو رومیون کے مقابلہ مین ہوئی تھی اسکے بہت مشابہ معلوم ہوتی تھی وہ یہ بھی بہت واجبی طور سے کہہ سکتے تھے کہ "اگر اسطرح کی فتح ایک مرتبہ اور ہوئی تو پھر ہم کسی کام کے نہ رہینگے"۔[1]

لیکن سلطنت ہندوستان کی خوش نصیبی سے لال سنگھ کی دغابازی دوسرے دن صبح کو اور بھی آشکارا ہوگئی اور ہماری بدل جہد سے فتح حاصل ہوئی تھی وہ اور بھی زیادہ قطعی ثابت ہوئی۔ غنیم کے عسکر پر ہمارا قبضہ ہوگیا اُسکی فوج بھگا دیگئی اور ایک نئی فوج جو بسرکردگی بیچ سنگھ فیروزپور سے آئی تھی اور جسے ابتک تو ہمارے نہین لگپنی تھی پہلے تو بعض نامعلوم وجوہ سے ہماری تھکی ماندی فوج پر حملہ کرنے مین جسے چھتیس گھنٹہ سے منہ مین دانہ نہین لگایا تھا اور جسکے پاس اب ایک آواز بھر کا بھی گولہ بارود نہین رہا تھا تامل کرتی رہی اور شام تک سکھون کی تمام فوج علانیہ پیچھے ہٹنے لگی۔ غدر کے عین نازک زمانے کے سوا غالبًا ہندوستان کے لیے کبھی اُس سے بھاری خطرہ نہ پیدا ہوا ہوگا جیسا ان دو دنون اور اس "شب پرآشوب" کو رہا تھا جسنے جو فتح حاصل کی تھی وہ بالکل مثل گاؤگامیلا کی فتح کی تھی اور اگر سر ہیوری اُرگ نے جنکی فوج کا ساتوان حصہ تباہ ہوگیا تھا اور دس بارہ اُنکے بریگیڈیر کمانڈنگ اُنکے پہلو مین مجروح یا مقتول پڑے تھے اور جو بعلاوہ اور نامی گرامی اشخاص کے جنھون نے حال کی تاریخ ہندوستان مین ناموری حاصل کی تھی ڈی آرسی ثانی صاحب اور براڈفوٹ صاحب کی ہلاکت پر ماتم کر رہے تھے اُس جفاکش اور مستعد مجسٹریٹ کا جسکے ساتوان نے حال مین اتنے دلچسپ ایام بمقام دہلی گذارے تھے خیال نکیا ہوتا تو یہ فتح ویسی ہی رہتی جیسی گاؤگامیلا کی فتح رہی تھی۔ اسی زمانے مین جب اس ہنگامہ کی عین نازک حالت تھی گورنر جنرل نے بوجہ عدم موجودگی ماتحت جنگ واتواپ محاصرہ وسامان رسد اپنی فہمندی کے سنبھالنے اور اپنی فرودگاہ تک واپس آنے سے بدیں وجہ مجبور ہوکر کہ اسمین سکھون کی شکستہ دل فوج کو پھر حملہ کرنے کا موقع ملتا اپنے دست خاص سے بکمال عجلت (جیسا کہ چٹھی کے مضامین سے ظاہر ہے) ایک نہایت تاکیدی چٹھی دہلی کے کلکٹر اور مجسٹریٹ کے نام اس مضمون کی روانہ کی کہ آپ ہماری مدد کو چلے آئین۔ چنانچہ اسطور پر یہ موقع اس شخص کو جو اسکے قابل اور وہ موقع اسکے قابل تھا ملا۔ اُسنے اپنا پاؤن رکاب پر رکھدیا اور یہ ممکن نہ تھا کہ وہ اچک کر زین تک نہ پہونچ سکتا۔

دہلی کے قرب وجوار مین جنگ کی تیاریون فوجون کی آمدورفت اور یہ بھی کہنا چاہیے کہ گورنر جنرل یا کمانڈر انچیف کے خیمہ و خرگاہ سے جو صلح کے ایام مین بھی بڑی سڑک کی راہ شمال مغرب طرف جانے مین آدم سے گدرتے تھے ہر شے کی قلت ہو رہی تھی۔ ہم ابھی بیان کر چکے ہین کہ جان لارنس قاعدہ بیگاری کی بدولت

[1] دیکھو حالات دلچسپ جنگ مذکور کنگلیک صاحب کی مشہور تاریخ سکھ ص ۳۰۱۔ تا ص ۳۰۳

کے اظہار مین قاصر نہین رہے تھے اور عجیب بات ہے کہ اب وہی قاعدہ نہایت اکثار کے ساتھ جیسا کہ پیشتر کبھی نہین ہوا تھا خود انکو برتنا پڑا۔ انکو نیک و باطل کی تمیز کا جو خیال رہتا تھا اُس سے وہ اور بھی اس قابل ہوئے کہ جو کام اُنکے ذمہ عائد کیا گیا تھا اُسکو اور عمدہ طور سے انجام کرین نہ یہ کہ وجہ مذکورۂ بالا سے اُنکے کام مین کچھ خلل اندازی پڑتی۔ اُنھون نے کچھ تو اپنے ذاتی دباؤ اور کچھ کامل معاوضہ دینے کے وعدے جسکے بارے مین اُنھون نے یہ خیال رکھا کہ وہ مستحق آدمیون کو پہونچے اُس قلیل آبادی کے ملک مین تھوڑے ہی عرصے کے اندر چار ہزار چھکڑون کی ایک حیرت انگیز تعداد جمع کر لی اور یہ انتظام کیا کہ ہر گاڑی کو اُسکا مالک ہانکے چنانچہ اُنکے حسن انتظام کا نتیجہ یہ ہوا کہ گاڑیانون مین سے ایک بھی غائب نہونے پایا۔ جسوقت دہلی کا بڑا میگزین جہان لوگ رات دن بندوق کی گولیون اور توپ کے گولون کے ڈھالنے اور ہر قسم کے مہلک آلات کے بنانے مین مصروف تھے اپنے حصہ کا کام تمام کر چکا تو جان لارنس نے معاً تمام گاڑیان بار کرا کے شمالی سڑک کے راستہ سے دو سو میل کے سفر پر روانہ کر دین تاکہ اُس سے سو براؤن کی فتح عظیم مین سب سے بھاری مدد پہونچ سکے۔ اسمین شک نہین کہ اگر جان لارنس کوشش نکرتے تو سو براؤن کی لڑائی فتح نہ ہوتی یا بہرحال اگر ہوتی تو معلوم نہین کس زمانہ تک اُسمین تعویق ہو جاتی۔ سکمون کو یہ دیکھکر کہ مقام فیروزپور مین جو فتح ہمکو حاصل ہوئی تھی اُسکو ہم سنبھال سکے اور حوصلہ ہوا اور اس امر کو ہماری بزدلی پر محمول کر کے بسر کردگی رنجور سنگھ دریاے ستلج سے عبور کر کے مقام بدوان مین سڑسینی اِنتہ کو شکست فاش دی مگر صاحب موصوف نے بتاریخ ۲۸۔ جنوری مقام علی ال جن ہزبت دی گی ایکان پہونچکر کے

ص ۱۸۹

سکھ بدستور اگرچہ ہر طرف سے گھیرے ہوئے تھے اپنے ارادہ سے باز نہین رہے

اور حوصلہ اور بہادری سے حرکت کرتے رہے

سکھون کے سردار کا انگریزون کے پاس آنا

سکھون کے سردار کا انگریزون کے پاس آنا

سکھون کی فوج کا موضع بدوان مین ڈیرا ڈالنا

سکھون کی فوج کا موضع بدوان مین ڈیرا ڈالنا

سکھ لوگ لڑے تھے اُنکے پس پشت بڑے چوڑے پاٹ کا چڑھا ہوا دریا واقع تھا اور اس سبب سے صدہا آدمی جو توپوں کے گولوں یا تلوار سے بچ جاتے دریا مین بہ گئے۔

جنگ سبراؤن نے معرکہ اور کارزار دونون کا خاتمہ کردیا۔ ملک پنجاب لارڈ ہارڈنگ کے قبضہ قدرت مین در آیا اور چونکہ خالصہ فوج نے بے سبب ہمارے علاقون پر حملہ کیا تھا اسلیے لارڈ موصوف کو بلا مزاحمت احدے اس بات کا حق حاصل ہوگیا کہ کل ملک کو سلطنت انگریزی مین شامل کرلین۔ لیکن اسمین بڑی بڑی مشکلین تھین۔ سب سے ناموافق تھا۔ ہماری فوج جو صرف ۳۰۰۰ گورون سے شامل تھی بالکل خستہ تھی۔ ایسے وسیع اور مفلس ملک کے انتظام مین اخراجات کثیر ہونے کا گمان غالب تھا۔ سرکار کمپنی اور اُسکے بہتیرے ملازمین کے نزدیک غیر ضروری علاقجات کا شامل سلطنت کرنا طوعاً و کرہاً ناپسند تھا۔ اس بات کا خیال کیا جاتا تھا کہ خوفناک اور ناتربیت پذیر افاغنہ اور ہمالوگون کے مابین ایک بہادر اور کسیقدر شائستہ قوم کا آرمین رکھنا بدرجہ غایت ضرور ہے کیونکہ افاغنہ کے فتح کرنے مین نہ تو ہمارا کوئی کام نکلتا ہے اور نہ نام ہے۔ پس یہ جمیع امور پنجاب کے شامل سلطنت کرنے کا خلاف تھے اور سر ہنری ہارڈنگ نے اپنی دوراندیشی اور اس اعتدال پسندی سے جو اُنکی عادت مین داخل تھی یہ تجویز کیا کہ صرف ایک حصہ ملک پر قناعت کیجاے (حالانکہ وہ کل ملک پر تسلط کرسکتے تھے) اور سکھون کو اپنی آزادی قائم رکھنے کا ایک موقع اور موقع دیا جاے بشرطیکہ وہ دیانتداری کے ساتھ اس موقع سے فائدہ حاصل کرین۔ جب پہلے پہل سکھون نے خروج کیا تھا تو سر ہنری ہارڈنگ نے ضابطہ کے ساتھ یہ اشتہار دیا تھا کہ دریاے ستلج کے اس پار سکھون کا جو محفوظ ملک واقع ہے وہ سب شامل سلطنت انگریزی کرلیا جائیگا اور اب اُنھون نے تجویز کیا کہ خالصہ کا زور توڑ دیا جاے اور اس مقصد کے حاصل ہونے کے لیے دوآبہ جالندھر یعنی وہ وسیع ضلع جو دریاے ستلج کے اُس پار اُسکے اور دریاے بیاس کے مابین واقع ہے صاف اور پہاڑی اضلاع کے جو دریاے بیاس کے اُس پار قرب جوار مین واقع ہین اور علاقہ کانگڑا نورپور اور ناادون اور وہان سے لیکر ملک تبت کے کنارے تک سارا ملک سرکار انگریزی کی عملداری مین شامل کیا جاے مقررہ دستور کے مطابق اخراجات جنگ بھی قوم مفتوح کے ذمہ عائد کیے گئے لیکن دربار نے جو اوباشی اور مفلسی مین بھی مبتلا تھا ظاہر کیا کہ وہ اخراجات کے ادا کرنے کی قدرت نہین رکھتا چنانچہ اسکے بدلے گورنر جنرل نے تجویز کیا کہ کوہستان جمون اور خطہ جنت نظیر کشمیر پر قبضہ کرلیا جاے لیکن پنجاب کے خودسر رہنے کی حالت مین یہ ممکن نہ تھا کہ خاطر خواہ طور پر ملک جمون قبضہ مین رکھا جاتا۔ چنانچہ ایک بڑی معیوب حکمت عملی کی بنا پر جو بیلے سے تجویز کی گئی تھی اور جسکی وجہ سے بدقسمت کشمیر ابتک مصیبتون مین مبتلا رہتے چلے جاتے ہین ہم نے وہ ملک دوگرا راجپوت مسمی گلاب سنگھ کے حوالہ کردیا اور اُسنے اُسیوقت ہمکو وہ نقد روپیہ دیدیا جو اُسنے دربار لاہور سے کاٹ کاٹ کر بھر رکھا تھا۔ وہ ایک ناعاقبت اندیش اور شریر شخص تھا مگر بڑا لائق فرمانروا تھا اور ہماری حکومت کے تابع

ص ۱۶۹

ہونے کی قابل تھا اور اُسوقت خالصہ والون کی مزید یورش روکنے مین وہ صرف ایک امر کے خیال سے شائد ہماری مدد کرنے پر رضامند ہوسکتا تھا جو سوائے اُسکے ذاتی فائدہ کے اور کچھ نہین تھا۔

مگر اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس ملک کو ہم نے شامل سلطنت کرکے اُسکو اپنے قبضہ مین رکھنے کا قصد کیا تھا اسپر بعینی دوآبہ جالندھر پر حکومت کرنے والا کون شخص تھا۔ سوائے اُس زور آور کلکٹر کے اور کون ہوتا جسنے تمام ضلع دہلی مین اپنی لیاقت حسن انتظام کفایت شعاری اور محنت و جانفشانی مین اپنے تئین گھر گھر مشہور کر رکھا تھا اور جس سے وثوق کے ساتھ یہ اُمید کیجاسکتی تھی کہ جسطرح دہلی کے اطراف مین وہ جاٹون راجپوتون اور گوجرون پر حکومت کرچکا ہے اُسیطرح کوہستان کے راجپوتون گودیون اور کشمیریون کو اپنے تابع فرمان رکھ سکیگا۔ اس شورانگیز زمانے مین صرف دو قلیل التعداد دیسی پلٹنون اور ایک دیسی توپخانے کے ذریعہ سے تمام ہندوستان کی دارالسلطنت پر قبضہ رکھا حالانکہ اُسوقت جنگ کا بازار گرم ہورہا تھا اور یہ سب تیاریان ہماری جانب سے نہین بلکہ ہمارے خلاف تھین۔ ہمارے علاقہ سے دو سو میل کے فاصلے پر یورش ہورہی تھی۔ باوصف اس امر کے کہ دہلی کی آبادی بالکل برانگیختہ تھی وہ خطرہ کے اس تین مہینے کے زمانے مین ایام صلح کی طرح صرف ایک اردلی ساتھ لیے ہوے شہر بھر مین گھوڑے پر سوار پھرا کیا۔ سَر تھَیوفِلَس مَیٹکاف کو چونکہ پہلے ہی سے معلوم تھا کہ پنجاب کا ملک شامل سلطنت کیا جائیگا اسوجہ سے اُنھون نے ممالک مغربی و شمالی کے نامی گرامی لفٹنٹ گورنر ٹامَسَن صاحب کو ایک چٹھی مین لکھا تھا کہ آپ جان لارنس کو بھیجدیجیے ہم دریاے ستلج کے اُس پار والے ملک مین جو حال ہی مین شامل سلطنت کیا گیا ہے اُنکو ایک عالیشان عہدہ دینگے ٹامَسَن صاحب نے جو سب کے پہلے اپنے خاص صوبہ کی حفاظت کے ذمہ دار تھے خیال کیا کہ ایسے نازک وقت مین جان لارنس کا جدا کرنا ناممکن ہے اور اسلیے اُنھون نے ایک دوسرے افسر کو جو اُس عہدہ کے لیے بخوبی موزون تھا بھیجدیا۔ لیکن وہ "بخوبی موزون افسر" اُسیطرح جہان سے آیا تھا وہانکو واپس کیا گیا اور اُسکے بعد جو یہ تاکیدی پیام گیا کہ "جان لارنس کو فوراً بھیجدیجیے" اُس سے ظاہر ہے کہ گورنر جنرل کی نگاہ کچھ ایسی ویسی نہ تھی اُنھون نے ٹھان لیا تھا کہ اس عہدہ پر اسی شخص کو مقرر کرینگے اور جسوقت جنگ کا خاتمہ ہوا تو دوآبہ جالندھر کی فرمانروائی سوائے جان لارنس کے اور کسی شخص کو نہین[1] دی۔ بنابران یکم مارچ ۱۸۴۶ء کو جان لارنس

[1] مین نے اس واقعہ کے حالات ایک دلچسپ اور تحقیق کتاب سے جسکو جان ٹامَسَن نے جان لارنس کے بارے مین تصنیف کی تھی اخذ کیے ہین جس زمانے کا ذکر ہے اُسی زمانے مین جان ٹھامَسَن گورنر جنرل ممالک مغربی و شمالی کے سکریٹری تھے۔ پہلے پہل جو افسر دہلی سے ٹامَسَن صاحب کے پاس روانہ کیا گیا تھا اُسکی نسبت وہ لکھتے ہین کہ وہ گو یہ شخص بڑی علی اور عقلی قابلیت رکھتا تھا لیکن اُسنے اس طرح کی استعداد و مانی اور جہانگیری نہین ظاہر کی تھی جو اس نئے صوبہ مین ہمارے انتظام کے لیے موزون ہوتی۔ جس عہدہ پر آخر کو جان لارنس مقرر کیے گئے اُسکے لیے یہ شخص بمقابلہ جان لارنس کے بہت کم موزون تھے۔ اور ٹامَسَن صاحب ایسے نصف مزاج اور قدردان اور بے نظیر مدبر سے ایسے شخص کے اصلاح کے عہدے پر مقرر کرنے مین جیسی چوک ہوئی ایسی حقیقت مین اُن سے بہت کم ہوئی ہوگی"۔

کے نام حکم پہونچا کہ وہ سکھون کی مذہبی دارالسلطنت امرتسر مین جاکر اپنے اُس دشوار اور معزز عہدہ کی بابت جسپر وہ صرف اپنی لیاقتون کی وجہسے مقرر ہوے تھے گورنر جنرل کی ہداتین حاصل کرین۔

مین اب اس باب کو ختم کرتا ہون اور خاتمہ پر کرنل بالکارس رامزے کی چند ذاتی یادداشتین بیان کرونگا یہ صاحب وہ ہین جنھون نے چند سال بیشتر مقام بُون مین جان لارنس سے نیاز حاصل کیا تھا اور اب اتفاق سے اُسوقت پھر دونون مین بکجائی کی صورت پیدا ہوگئی تھی ان یادداشتون سے بہت واضح طور پر چندنامی گرامی اشخاص متعلقہ معرکہ ستلج کی کیفیت ہویدا ہوتی ہے۔ اپنی یادداشت مین وہ لکھتے ہین کہ۔

جب سکھون کی پہلی لڑائی کے ایام مین مین بمبئی سے صدر مقام لشکرگاہ مین شریک ہونے کے لیے جاتا تھا تو دہلی مین پہونچکر مجھکو معلوم ہوا کہ میرے بُون کے پرانے دوست وہان کے کلکٹر ہین۔ مجھکو اس ملاقات کا حال خوب یاد ہے وہ اپنی کوٹھی کے باہر والے زینہ پر ہندوراو سے جو اُس زمانے مین انگریزون کی رفاقت کا بڑا دم بھرتا تھا اور جسکا مکان بعد کو اسلیے بہت مشہور ہوا کہ دہلی کی پہاڑی پر سب سے زیادہ خطرناک وہی مقام تھا کچھ باتین کر رہے تھے۔ اور اپنی آستینون کو چڑھا چڑھا کر پٹھے مل رہے تھے جو انکی عادت مین داخل تھا۔ مجھکو دیکھکر وہ بہت خوش ہوے اور کج خلقی کے ساتھ اپنے مہمان سے یہ کہکر کہ "مسٹر رائو اب تم جاؤ" اُسکو رخصت کیا۔ اُسنے جھک کر سلام کیا اور وہان سے چلتا ہوا پرانے زمانے کی کچھ باتین کرنے کے بعد اُنھون نے مجھسے کہا کہ مجھکو ابھی آج ہی کل مین کسی ضروری کام کے لیے لارنس صاحب نے لشکرگاہ مین طلب کیا ہے اور اگر آپ دو دن ٹھہر جائین تو میرا آپ کا ساتھ ہو جائے۔

اس تجویز کے مطابق ہم دونون شخص پالکی ڈاک کی سواری پر ساتھ ساتھ روانہ ہوے۔ رات کے وقت اُنکو سخت ہیضہ ہوا۔ اُنکی طبیعت ایسی علیل ہوگئی کہ مین تو سمجھا کہ وہ راستہ ہی مین مر جائینگے۔ لیکن خوبی قسمت سے ایک سویلین یعنی ولیم فریزر صاحب کے نیچے لگئے۔ وہ ضلع کے دورے کو جاتے تھے اور یہان ہم بخوبی تمام مریض کا علاج معالجہ کر سکے جس سے اُنکی جان بچگئی۔ وہ ایسے قوی ہیکل شخص تھے کہ چند ہی گھنٹہ بعد وہ سفر کرنے کے قابل ہوگئے۔ اسکے بہت برسون کے بعد عین اُس زمانے مین جب وہ گورنر جنرل مقرر کیے گئے تھے مجھکو ایک مرتبہ وہ لندن کی سڑکون پر ملے۔ اور یہان اُس شب کا اشارہ کرکے اُنھون نے کہا کہ "اگر آپ نے اس روز میری جان نہ بچائی ہوتی تو مین آج گورنر جنرل کاہے کو ہوتا"

لودیانے مین ہمارے اُنکے مفارقت ہوئی۔ وہ تو صدر مقام لشکرگاہ کی طرف روانہ ہوے اور مجھکو چونکہ اُسوقت تک کوئی سرکاری منصب نہین حاصل ہوا تھا اسلیے مین کچھ دنون تک وہین ٹھہرا گیا۔ باینہمہ مجھکو کچھ روزون کے بعد شہر فرید لارنس کے سابقہ مین رہنا اور اُنکی ناراضی ایک امر مین اُٹھانا پڑی۔ بعد اسکے مجھکو حکم ملا کہ کچھ گھوڑے لودیانے اور فیروزپور کے مابین بیگار پر دلاؤ۔ یہ گھوڑے مہاراجہ پٹیالے کے تھے۔ ایک مقام پر مجھکو ایک نہایت ہی عمدہ گھوڑا ملگیا تھا لیکن بدقسمتی سے وہ مانجھے کے کسی سکھ کا جانور نکلا جو عہدنامہ کے تعمیل ہونے کے بعد پٹیالہ کے رسالے مین اپنے کسی عزیز سے ملنے آیا تھا

ص ۱۹۱ — لارنس بالکارس رامزے اور ولیم فریزر کی ملاقات کا حال جو بُون مین واقع ہوئی تھی

مین جب گھوڑے پر سوار جاتا تھا تو اُسنے میرے اوپر بندوق چلائی اور مین بہت بچا کر وہان سے نکل گیا۔ لاہور کے لشکر گاہ مین مین اُسوقت پہونچا جب گورنر جنرل اور اُنکے مصاحبین نوجوان مہاراجہ سے ملاقات کرنے اور اُسکو اپنا سطیج بناتے جاتے وہان ایک بڑا دربار منعقد ہوا اور جسوقت کوہ نور والا ہیرا ہمارے ملاحظہ کے لیے پیش کیا گیا تو ڈیوڈ ڈوڈس اُنکے سکریٹری صیغہ خارجہ اُنکے تحویلدار مقرر ہوے۔ ظاہر وہ بڑے شکی آدمی تھے اور ہر ہر اشاف افسر سے خود جاکر اُنکو لے لیتے تھے۔ جسوقت اُنھون نے ہیرا میرے ہاتھ مین دیا تو اُسوقت سر ہنری لارنس نے اُنکو دیکھنے کے لیے طلب کیا۔ مین نے معمولی طور پر دوسرے افسر کو دیدیا اور مجھکو وہ وقت آج تک نہین بھولتا جب وہ نہایت بیتابی سے اُس کے لینے کے لیے دوڑے اور ایک اشاف افسر سے کہنے لگے کہ لائے بس اب مجھکو دیدیجئے۔

ص ۱۹۲

اُس شب مین نے گورنر جنرل کی میز پر کھانا کھایا جہان نامی گرامی اشخاص کا ایک مجمع کثیر فراہم تھا۔ مین سر چارلس مٹکاف اور الفنسٹون لارڈ ولفٹ چارلس وسٹ (جو بعد کو ارل ڈنی لاقاز ہوگئے) سر ہنری لارنس ہربرٹ ایڈورڈس اور مین سمجھتا ہون کہ جان لارنس بھی موجود تھے۔ چونکہ روشنی سے میری آنکھ جھلائی جاتی تھی اور مین بہتی سے دور دراز سفر کرکے اُسوقت تھکا ماندا آیا تھا اس سبب سے کھانے کے لیے بیٹھتے ہی مجھکو نیند آگئی۔ اسی آونگھنے کی حالت مین مین نے سر ہنری لارنس کو یہ کہتے ہوے سنا کہ "سوینے دو یہ بیچارہ لڑکا بہت خستہ ہے"۔ میز کے برخاستے وقت ایک قصہ ایسا پڑا کہ مین بیدار ہوگیا اور اُسکی سرگذشت یہ ہے کہ ہربرٹ ایڈورڈس بھی اسی جلسہ مین شریک تھے اور وہ "برہمنی بل" کے نام سے بڑے پرزور مضامین کچھ دنون سے اخبارات مین چھپوا رہے تھے۔ پس جسوقت لوگ کھانا کھا چکے تو آرتھر آرڈنگ (بیچارے ریجنالڈ آرتھر) نے جو اُنکے باپ کے بڑے دوست تھے اُنسے کہا کہ آپ میرے ساتھ ایک گلاس شراب نوش کرین۔ ہر شخص عموماً اور سر چارلس مٹکاف خصوصاً ایڈورڈس کی طرف دیکھنے لگے کیونکہ بیان کیا گیا تھا کہ اس زمانے مین اس نوجوان افسر کو جو عہدہ دیا گیا تھا وہ صرف اس خیال سے دیا گیا تھا کہ وہ پرجوش مضامین کے لکھنے سے باز آئے۔ الغرض لشکر گاہ مین یہ گپ اوڑ رہی تھی۔ اور اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جب اُس "ذوجۂ بل آرتھر" نے اپنے فصیح طفلانہ لہجہ سے کہا ہوگا کہ "مین سمجھتا ہون کہ اب آپ برہمنی بل والے ارٹکل پھر نہ لکھینگے۔ کیون مسٹر ایڈورڈس شائد آپ اب تو نہ لکھینگے"۔ تو حاضرین جلسہ مین اُسوقت کیسا قہقہہ پڑا ہوگا۔ آرڈ آرڈنگ سے زیادہ دل کھولکر کوئی نہین ہنسا اور اُنھون نے خوش طبعی کی راہ سے منھی باندھ کر اپنے بیٹے کی طرف ہاتھ ہلایا۔

کھانے کے بعد مجھکو ایک طویل اقامت نما عیب شخص نے آگھیرا اور کہا کہ "آپ کو دیسیون کے ساتھ ایسی زبردستی نہ دکھانا چاہیے"۔ مین نے کہا اسسے آپکا مطلب کیا ہے۔ اُسنے جواب دیا کہ "آپ نے ابھی اُس روز میرا گھوڑا پکڑ لیا"۔ مین نے کہا "مجھکو ترک پر کے گھوڑے پکڑنے کا حکم ملا تھا"۔ اُسنے کہا کہ "یہ سچ ہے لیکن سکھون کے گھوڑے پکڑنے کا تو حکم نہین تھا"۔ مین نے جھڑک کر کہا کہ "مگر اُسنے تو مجھکو گولی سے مارہی ڈالا تھا"۔ یہ عیب شخص سر ہنری لارنس تھے اور اُنھون نے کہا "تو اُسکا یہ فعل بیشک جائز تھا۔ عہدنامہ پر دستخط ہوچکے تھے

اور وہ اپنے دوستوں کو دیکھنے جاتا تھا درمیان مین آپ اُنکا مال غصب کرنے لگے"۔ ایسے موقع پر سوائے سر تسلیم خم کرنے کے ص ۱۹۳
اور مجھسے کچھ نہ بن آئی کیونکہ اُنکا کوئی جواب نہین تھا۔ بیچارے سر چارلس نیپیر بہت بیمار اُداس تھے کہ جنگ کی شدت کے زمانے مین وہ پہونچ نہ سکے۔ جب مین گورنر بمبئی کے اسٹاف مین جاکر شریک ہونے کے لیے واپس چلنے لگا تو اُنھون نے مجھسے کہا کہ سندھ تک ہمارے ساتھ ہی چلئے۔ مگر جس روز وہ جانے والے تھے اُسکے پیشتر کی رات کو مین علیل ہوگیا۔ سر چارلس نے پہلی منزل ۳۵ میل کی گھوڑے کی سواری پر طے کی اور دوسری منزل مین پھر اسیقدر فاصلہ طے کیا۔ پس اب کوئی امید اس بات کی نہین رہ گئی تھی کہ مین اُنسے جاکر ملجاؤنگا۔ باایںہمہ خوش قسمتی سے اسکا نتیجہ اچھا نکلا کیونکہ سر ہنری ہارڈنگ نے مجھکو اپنے پرسنل اسٹاف مین داخل کر لیا۔

اس زمانے کے حالات **جان لارنس** مین نے بہت کچھ دیکھے۔ وہ ہمیشہ بڑی ہنسی دلگی کیا کرتے تھے اور اب اسوقت بھی اُنکی یہ ظرافت روکنے سے نہین رک سکتی تھی۔ ایک روز اتفاق سے مین اور وہ اور تین چار دوسرے اشخاص ایک ہی ہاتھی پر لاہور کی سڑکون پر جسکے سامنے ہماری لشکر گاہ تھی چلے جاتے تھے ایک افسر کو اُنھون نے تن تنہا ایک ہاتھی پر آتے ہوے دیکھکر اپنا ہاتھی اُسکے قریب بڑھایا اور مجھسے کہا کہ "بھائی دیکھو یہان بڑی چھلش ہے اگر تم ایک شخص اُسمین سے چلے جاؤ جب بھی بہت جگہ نکل آئے۔ اُس پر ایک بڑے بزرگ سیرت شریف النفس حضرت بیٹھے ہین وہ بڑی خوشی سے تمکو بلالینگے۔ یے بس جاؤ یہان سے اچک کر اُس ہاتھی پر ہو رہو"۔ مین مقر ہون کہ مجھکو ان بزرگ سیرت شریف النفس حضرت کی طرف سے شک تھا اسلیے مین نے اُنکی گردن مین ہاتھ ڈالدیے کہ بہادو دونون ہاتھیون کے درمیان مین نہ آجاؤن جب مین اسطرح سے دوسرے ہاتھی پر چڑھ گیا تو وہ حضرت ہیری طرف غرا کر بولے کہ یہ آپ جو اسطرح سے مجھپر چھاندپڑے تو اُنکا کیا منشا تھا"۔ مین نے کہا وہ حضرت اسمین میرا قصور نہین ہے۔ بلکہ **جان لارنس** نے مجھسے کہا کہ وہ بڑے خلیق شخص ہین اور تمکو ہاتھ پھیلا کر لین گے"۔ اُنھون نے جواب دیا کہ "بہت اچھا مین اُنسے اسکا بدلا لے لون گا"۔ یہ بزرگ وضع کلین کرنل ایسٹوارٹ فوجی سکرٹر گورنمنٹ ہند تھے۔ یہ صاحب گو نہایت ہی لائق شخص تھے مگر خلیق تو نہ تھے۔

باب ہشتم

کمشنر علاقجات آزوے سنہ ۱۸۴۷ء

ص ۱۹۴

اب ہم سوانح عمری **جان لارنس** کی اُس نوبت پر پہونچی ہین جب وہ سابق کی نسبت زیادہ کارگزاری کے عہدہ پر آئے اور اُن عہدون سے جو کیسی ہی نازک کیون نہون مگر پھر بھی ماتحتی کے تھے نکل کر خود سری کے منصب پر فائز ہوئے۔ اور اُس رعایا پر حکمرانی کرنے کے درجہ سے جو ہماری تابع فرمان رہتی چلی آئی تھی ایسی قوم کی فرمانروائی پر مامور کیے گئے جس پر ابتک ہماری حکومت کا کبھی دباؤ

نہین پڑا تھا اور جو ابھی حال ہی مین اس بات کی کوشش بلیغ کر چکی تھی کہ شمال مغربی ہندوستان سے ہمکو قطعاً خارج کر دے جسمین ایک مرتبہ وہ قریب قریب کامیاب ہی ہوگئی تھی۔

یہ ترقی اس طرح کی تھی جیسے شیر بکبارگی جست کر کے دور تک پہونچ جاتا ہے چنانچہ اسی جست مین بحالت عنفوان شباب یعنی جب انکی عمر ۲۴ برس کی تھی وہ اپنے اکثر ہمرا برابر والون بلکہ بہتیرے بڑون سے گوے سبقت لیگئے اور جن لوگون کو سطور سے انھون نے نیچا دکھایا تھا انکے دلون مین رشک وحسد کی آگ بھڑکا دی جسکا اثر آج تک رفع نہین ہوا ہے قول شاعر

تھی نہ جب تک دوستی کوئی نہ تھا اپنا رقیب ۔۔۔ یار سے یاری جو کی دشمن زمانہ ہوگیا

جان لارنس کے جو خیالات خطوط اور افعال اس زمانے کے ہین وہ صرف انکے احباب واقارب ہی سے تعلق نہین رکھتے اور نہ صرف انھین ہندوستانیون سے جن پر وہ حکمران تھے۔ بلکہ اس زمانے سے انمین وسعت پیدا ہوتی گئی۔ وہ گورنر جنرل ہند اور اس زمانے کے قریب الوقوع اہم معاملات پر بھی حاوی ہین۔ اور جان لارنس اب بخوبی تمام اس نئے عہدے کی قدر کرنے لگے اور اپنے دل مین سمجھنے لگے کہ اس سے آیندہ میرے حق مین بہبودی متصور ہے اور یہ ضرور نہین ہے کہ محض انتظار پر خواہ مخواہ قناعت کرون۔ چنانچہ یہ سب باتین اس امر سے ثابت ہوتی ہین کہ انھون نے مثل اور ہونہار افسرون کے بڑی بڑی جلدون مین اُن چٹھیون کو جمع کرنا شروع کیا جو نہ محض خانگی اور نہ بالکل سرکاری کہی جاسکتی ہین مگر انسے حکام ہند کی خط کتابت کا ایک بڑا بھاری ذخیرہ مترتب ہوتا ہے اور ہندوستان مین وہ "نیم سرکاری" مراسلت کے نام سے معروف ہین اس طریقہ کو بزمانہ مابعد انھون نے پھر کبھی فروگذاشت نہین کیا اور سوانح نگار کو اس زمانہ تک جو یہ شکایت چلی آتی تھی کہ مواد تحریرات کی قلت ہے اب اسکے بالکل برعکس یہ شکایت پیدا ہوتی ہے کہ اس زمانے کے بعد کی تحریرات لاتعد ولاتحصی ہین جنکے دیکھنے سے طبیعت پریشان ہوتی ہے۔ انسے اصل امر مقصود غیر کامل طور پر ظاہر نہین ہوتا بلکہ وہ تاریخی باتین جو خاص لطف رکھتی ہین یا جن سے جان لارنس کی حقیقت ظاہر ہوتی ہے انتخاب واقتباس معقول کرنے کے بعد اخذ کی گئی ہین۔

جان لارنس کے ایام ملازمت مین کشمیری جالندھر پڑی کثیر الاشغالی کا زمانہ تھا۔ اور اسواسطے پہلے اس بات کی تحقیقات بہتر ہوگی کہ جس ملک پر وہ اعلی حاکم مقرر کیے گئے تھے اسکی کیفیت جغرافیہ اور تاریخ کی رو سے کیا تھی۔ دوآبہ جالندھر دریاے ستلج اور بیاس کے درمیان واقع ہے اور اسکا زیادہ تر حصہ سرسبز اور جاٹون سے اباد ہے۔ جاٹون کی کیفیت جان لارنس نے یہ لکھی ہے کہ "یہ لوگ نہایت محنتی اور مشقتی اور بڑے حلیم اور فرمان پذیر قوم سے تعلق رکھتے ہین۔ انھون نے تمام ملک کی زمین کو آباد کردیا اور ہماری حکومت کے تابع رہنے مین بہت خوش ہین"۔ اس دوآبہ کا شمالی حصہ پست پہاڑیون سے

ص ۱۹۵

جسکے اندر تنگ گھاٹیان واقع ہین شامل ہے اور وہ راجپوتون سے آباد ہے۔ اور یہ لوگ اُس زمانے مین بہت سے فرقون کے مابین منقسم ہوگئے تھے اور اپنے اپنے خاص رئیسون کی نگرانی مین رہتے تھے۔ دوآبہ خاص کے علاوہ ۳۰۰۰ مربع میل کا ایک اور پہاڑی حصہ ہے جسمین ۵۰۰۰۰۰ آدمی ہین۔ یہ حصہ زمین اُس برفستانی سلسلہ کوہ کے نیچے جسکی چوٹیان ۱۶۰۰۰ فیٹ تک بلند ہین حدود لداخ واقع چینی تاتار تک اسیطرح پھیلا ہوا چلا گیا ہے۔ اور اس بلند ملک مین بوتلمونی عالم آب و ہوا اور قوم کی ہر ایک کیفیت عالیشان راجپوت سے لیکر مسکین گورکھا اور جنگلی ہے تک مشاہدہ مین آسکتی ہے۔ پنجاب کے تین بھاری دریا یعنی راوی اور چناب بھی یہین سے نکلے ہین۔ جس شہر کی وجہ سے اس ملک کی خاص تاریخی شہرت ہوی اور جسکی کیفیت مین تفصیل کے ساتھ آگے بیان کرونگا وہ کانگڑہ کا مشہور قلعہ ہے۔ لیکن یہ کل ملک جسمین بہتیرے چھوٹے چھوٹے کوہستانی (اور اگر صنعتاً نہین تو قدرتاً مضبوط) قلعے واقع ہین اور ایک ایک قلعہ پر ایک ایک رئیس حاکم ہے اپنی بہادری اور وقار ذاتی کے لیے مشہور ہے۔ کیا یہ ممکن تھا کہ یہ چھوٹے چھوٹے قلعے اُس صلح آمیز طریقہ سے جسطرح اس زمانے کے چند برس پیشتر اُس شہر پناہ والے موضع کے لوگون نے یکہ و تنہا گلگیر دہلی کی تالیف قلوب سے اطاعت قبول کرلی تھی نووارد کمشنر کا حکم مان لیتے۔ ص ۱۹۶

جان لارنس نے ذرا بھی اپنے کام کے انصرام مین تاخیر نہین کی۔ یکم مارچ ۱۸۴۳ء کو بمقام امرتسر گورنر جنرل نے انکو اس عہدہ پر مقرر کیا تھا اور ۳۰ ماہ مذکور کو گورنر جنرل ممدوح جالندھر مین انکی ملاقات بازید کرنے گئے جہان انھون نے وہ کام جو ایک نوکسوب صوبہ کے فرمانروا کے لیے سب سے زیادہ ضروری اور دشوار ہے یعنے بندوبست مال کا کام شروع کر دیا تھا گو اس زمانے مین یہ بندوبست اصل مین سرسری ہی طور پر کیا گیا تھا انکو اُمید تھی کہ اُنکے صوبہ کے کامون کا یہ خاص حصہ ماہ اپریل کے پہلے ہفتہ تک تکمیل پا جائیگا۔ لیکن دریاے بیاس کی دوسری جانب سے ایک سکھ سردار نے جو حملہ کیا اور کوہستانی ملک مین شورش مچائی تو انھون نے اپنے قلم کو طاق پر رکھدیا اور تلوار ہاتھ مین لیکر اُترطرف ہوشیارپور کو روانہ ہوئے۔ اس پہلے مہینے مین وہ اپنی نئی عملداری مین تن تنہا کام کرتے رہے۔ چنانچہ وہ خود بیان کرتے ہین کہ "اتنک میرے کسی ماتحت نے میرا ہاتھ نہین بٹایا۔ مین ہر روز دس گھنٹہ سے لیکر ۱۲ گھنٹہ تک کام کرتا ہون۔ اور آپ بھی ہر روز کا بہت کچھ کام پڑا چلا ہے۔ ۱۰ اپریل تک منجملہ اُن چار ماتحتون کے جنکا اُنسے وعدہ کیا گیا تھا دو افسر آئے اُنمین سے ایک تو کسیقدر ناتجربہ کار اور بیقاعدہ شخص تھا اور جب تک وہ رہا کانٹے کی طرح اُنکو کھٹکتا ہی رہا۔ دوسرا شخص بڑی لیاقت اور استعداد کا آدمی تھا اور وہ اگرچہ مالی معاملات سے بہرہ وافی نہین رکھتا تھا اور اس سبب سے اس محکمہ خاص مین اُسکی ذات سے مدد نہین پہونچ سکتی تھی لیکن جان لارنس کی تعلیم سے وہ آخر مین اس صیغہ کا

ایک مستند ماہر ہوگیا۔ یہ رابرٹ کسٹ کا ذکر ہے اور اُنسے جان لارنس سے جو دوستی ہوئی وہ عمر بھر قائم رہی۔ رابرٹ کسٹ نے پہلے پہل اپنے اعلیٰ افسر سے ملاقات کرنے کا حال تیس برس کے زمانے کے بعد اسطور پر ضبط تحریر کیا ہے۔

ماہ اپریل ۱۸۳۶ء مین بمقام ہوشیارپور صدر مقام دوآبہ جالندھر جہان مین پہلے پہل مقرر ہوا تھا جان لارنس سے پہلے پہل ملاقات ہونے کی کیفیت مجھکو ایسی معلوم ہوتی ہے جیسے کل کی بات تھی۔ جب مین اُنکے حضور پہونچا تو اُسوقت وہ پُوشاسُر جنرل سے ڈاک کی نئی سڑکون کی بابت گفتگو اور اپنی چھاونیون کی حدبندی کے متعلق نگاہیز افسر فوج سے بحث کررہے تھے ہیری لمسڈن جو اُسوقت ایک کم عمر ماتحت فوجی افسر تھے چٹھیون کی نقل کررہے تھے۔ چند یورپین اشخاص کے غول مین پیسون سکھ اور مسلمان زمیندار جمع تھے اور اپنے نئے حاکم سے لگان نقدی کی تشخیص کا عہد و پیمان کررہے تھے۔

جان لارنس ہمہ تن مستعد بیٹھے تھے رکوٹ اترا ہمراہ رکھا تھا آئینین کمپنیون تک چڑھی تھین) اور اپنی رعایا پروا جی مطالبہ سرکاری کی بابت افہام و تفہیم کررہے تھے اور انصاف کے قدرتی اصول آنکو سمجھاتے جاتے تھے کیونکہ ہر شخص جب اپنے پٹے پر دستخط کرنے کے لیے قلم چھونے لگتا تھا (جو ناخواندہ اشخاص کے دستخط کرنے کی علامت ہے) تو وہ انگلش گورنمنٹ کا ایک نیا اصول تثلیث اُنکو آواز بلند پڑھکر یہ سناتے تھے کہ

بیوہ کو مت جلاؤ

بیٹی مت مارو

کوڑھی کو زندہ مت دفن کرو

اور پرانے سفید داڑھی والے لوگ جنہین سے بعض بعض کے گھرون مین نہ کوئی بیوہ اور نہ کوئی عورت تھی۔ وہ اِس نئے موئے کے احکام کو گاتے ہوئے چلے جاتے تھے جو دوسرے سال نہایت سختی کے ساتھ نافذ کرائے گئے۔ یہان اگر مجھکو پہلے پہل ستعدی کے انتظام اور معجل تعمیل احکام کے معنی معلوم ہوے جو عمدہ نظم و نسق کے خاص ارکان ہین۔ اور اس مقام پر مجھکو اول اول اُس شخص سے آگاہی ہوئی جو میرا مقتدا میرا دوست اور میرا استاد رہا تا انکہ اُسکے تیس برس بعد مین بمقام کلکتہ اُسکے کونسل نوڈ مین بیٹھا اور چرچ مشن سوسائٹی کے معاملات پر بالتفصیل مشورہ لیا اور اُسکی کمیٹی مین برخلاف اُس امر کے جسکو وہ جنگ دوم افغانستان کی غلط حکمت عملی سمجھتا تھا شریک ہوا۔

ہربرٹ ایڈورڈ کہ وہ بھی جان لارنس کے ایک ابتدائی ماتحت تھے اس زمانے کا کچھ حال اپنے اول اول خیالات کے مطابق بیان کرتے ہین جو اس مقام پر قابل ذکر ہے۔

مجھکو ہندوستان مین آئے ہوے تھوڑا ہی عرصہ گذرا تھا اور معہذا مجھکو اپنے فرائض منصبی کے متعلق بہت ہی کم واقفیت پیدا ہوئی تھی کہ دفعتاً ماہ مئی ۱۸۴۳ء مین علاقجات آنروے ستلج مین ہا تحتی مسٹر جان لارنس میرا تبادلہ ہوگیا

ص ۱۹

لہ ہربرٹ ایڈورڈ جن کی وفات ۱۸۶۵ء مین ہوئی ہندوستان کی دو بہادر اقوام سے دو مرتبہ پیچیدہ اور نازک موقعون پر تنہا نمٹے تھے پہلی مرتبہ ۱۸۴۸ء مین بنوں کے بلوے کے وقت اور دوسری مرتبہ ۱۸۵۷ء مین ہزارہ کے بلوے کے وقت۔ ۱۸۴۳ء مین جان لارنس سے پہلے پہل ملاقات ہوئی تھی اور ۱۸۴۷ء مین جان لارنس نے اُنکو اپنے ساتھ راجپوتانہ مین لیجانے کی کوشش کی تھی۔ ۱۸۴۸ء مین ہربرٹ ایڈورڈ نے جان لارنس کے ساتھ ملتان کی مہم مین شرکت کی تھی۔ ۱۸۵۱ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۵۳ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ پنجاب واپس آئے تھے۔ ۱۸۵۴ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ ہزارہ مین گئے تھے۔ ۱۸۵۷ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ ہزارہ مین گئے تھے۔ ۱۸۵۸ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۵۹ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۶۰ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۶۱ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۶۲ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۶۳ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۶۴ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔ ۱۸۶۵ء مین ہربرٹ ایڈورڈ جان لارنس کے ساتھ راجپوتانہ مین گئے تھے۔

مین نے اپنے آنے کی رپورٹ کرنے مین اس بات کی خواہش ظاہر کی کہ آپ مجھکو کسی بریگیڈ یا ڈویژن کی ماتحتی مین مقرر کرینگے تو شخص کی ماتحتی مین نہ مقرر کرینگے۔ اُنھون نے میری چٹھی کا جواب مختصراً چند سطرون مین لکھا اور اُسمین یہ تحریر کیا کہ "وہ آپ کا مقصد ہونا چاہیے کہ کسی عمدہ افسر کی ماتحتی مین رسپیے عام اس سے کہ وہ فوج کا آدمی ہو یا سویلین ہو"۔ اس فقرہ کے ساتھ ہی جس سے سختی اور اُنکی طبیعت کا خاصہ ظاہر ہوتا ہے اُنھون نے مجھکو حکم دیا کہ آپ جالندھر کو روانہ ہون اور وہان کے ڈویژنل کمشنر کی استعنی کا کام کرین۔ اسکے بعد جب سال ختم ہونے کے قریب پہونچا تو جالندھر مین آئے اور مین اُنکی خدمت مین نیاز حاصل کرنے کے قابل ہوسکا۔ پہلے تو مین نے اُنکو ایک عجیب شخص تصور کیا اور چونکہ وہ اپنے ماتحتون کی تمام کارروائیون کو بڑے غور سے دیکھتے رہتے تھے اسوجہ سے میرا وہ خیال اور بھی بڑھ گیا اور کچھ بات یہ بھی تھی کہ اُنکی حرکات وسکنات اور خارجی شکل وشباہت روکھی معلوم ہوتی تھی لیکن بعد کو معلوم ہوا کہ ان ظاہری علامتون کے اندر نہایت ہی محبتی اور رحیم قلب چھپا ہوا تھا۔

میرے کام مین ضرور بیضا بطگیان اور غلطیان ہوتی ہون گی جنکا ضابطہ کے ساتھ اظہار کیا جاتا تھا لیکن چونکہ مین ایک ناتجربہ کار کم عمر سویلین تھا اسوجہ سے اُنھون نے بہت کچھ درگذر کیا اور گورنمنٹ کی خدمت مین میری رپورٹ اچھی کی۔ اسکے بعد ڈپٹی کمشنر کی علالت کے سبب سے بارہا مجھکو کمشنر سے ملاقات کرنے کا موقع ملا۔ ابتدا مین اُنکی طرف سے جو خوف مجھکو پیدا ہوا تھا وہ بہت جلد جاتا رہا اور مجھسے اُنسے بخوبی دوستی اور محبت ہوگئی۔ گو وہ خود بالکل عدیم الفرصت تھے مگر جس شخص کو اپنی خدمات کے انجام مین اُنسے صلاح اور مشورہ کرنے کی حاجت ہوئی اُس سے اُنھون نے کبھی اغماض نہین کیا۔ اُنکی اصولی اور فروعی واقفیت تمام معاملات متعلقہ خزانہ وال وپولیس وعدالت مین بہت وسیع تھی جہان سے بڑھکر اُنکو اور کسی بات مین لطف نہین ملتا تھا کہ اپنے وسیع معلومات کے ذخیرہ کو ہلوگون کے فائدہ سے استعمال کرین۔ اُنکو خود کام کرنے کا اسقدر ہوکا رہتا تھا جسکی کچھ حد نہین ہے اور وہ چاہتے تھے کہ ہر شخص کو میری طرح کام کرنے کی خواہش رہے اور میرے نزدیک اُنکا یہ خیال بیجا نہین تھا۔ کاہل اور کام چرا آدمی کو وہ اپنے پاس پھٹکنے نہین دیتے تھے۔ میرے نزدیک ہدایت کے چند اصول وہ ایسے رکھتے تھے جو اُسکے خمیر مین داخل ہوگئے تھے اور جو برابر ہم لوگون کے دلون پر مرتسم کیے جاتے تھے۔ اور وہ یہ تھے کہ گورنمنٹ کی خدمت اداکرنا چاہیے وقیسیون کا خیال رکھنا چاہیے کام کو ترتیب اور تعمیل کے ساتھ انجام کرنا چاہیے اپنی جان کو عزیز نہ رکھنا چاہیے اور لوگون کے مابین انصاف کرنا چاہیے۔ اُنھون نے اپنے برتاؤ سے ان اصولون کی تمثیل پیدا کردی اور بہت سے متقدمین دبستان پنجاب نے اپنے اپنے دماغ کی ان باتون کا اثر اپنے افعال پر بھی پڑتے ہوے دیکھ لیا۔

جان لارنس اپنے فرائض منصبی کے انجام مین جو ہمت باندھتے تھے اُسکے سامنے وقت اور دشواری سب دور ہو جاتی تھی اور انکو دو آبہ مین آئے ہوے ابھی ایک مہینے سے زیادہ عرصہ نہین گذرا تھا کہ اُنھون نے اُس مردانہ صاف باطنی اور سادگی سے جو اُنکے تمام زمانۂ ملازمت مین نمودار رہی فریڈرک کرٹی صاحب کمشنر گورنمنٹ صیغۂ خارجہ سے صاف صاف بیان کردیا کہ کسقدر کام اُنھون نے کیا اور کسقدر نہین کیا ہے اور اپنے

نزدیک کس تاریخ تک کون سا کام کر سکینگے۔ جو افسر لوگون کی نسبت خودستائی پر محمول کیا جاتا وہ جان لارنس کی نسبت محض اظہار حقیقت حال تصور کیا گیا یعنی یہ کہ نہ تو اُس مین کسی طرح کا عجز وانکسار تھا اور نہ کسی قسم کی خودستائی اور نمائش تھی۔ چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ

جہانتک بحیثیت افسر نگران میری ذات خاص سے تعلق ہے وہانتک تو مین کہ سکتا ہون کہ جسقدر ملک میرے حوالہ کیا گیا ہے مین اُسکے دو چند ملک کا انتظام کر لیتا۔ لیکن ان باتون کے نتائج عامل افسرون کی قابلیت پر منحصر ہین۔ میری ماتحتی مین جو پانچ افسر نامزد کیے گئے اُنمین تین شخص ابتک اپنے کام پر نہین آئے باقی دو آدمیون کو آئے ہوے ابھی صرف چار روز کا عرصہ ہوا ہے۔ اگر پانچون شخص موجود ہوتے تو مین کوہستان اور میدان ہر جگہ کا انتظام عمدہ ترین طریقے سے کر لیتا اگر چہ باستثناے ـــــ ہر شخص اپنے کام سے بالکل ناآشنا ہے۔ ممکن ہے کہ نیکلسن صاحب میری نسبت دو چند علاقہ (داقع این روے دریاے ستلج) پر حکمرانی کر سکتے ہون مگر خیال کیجیے کہ اُسمین سے دو ثلث پُرانا ملک ہے جسکا بندوبست عرصہ سے ہو چکا ہے یا نکہ اُسکو ہو جانا چاہیے تھا۔ مین آپ سے صرف چھ مہینے اور انتظار کرنے کی استدعا کرتا ہون۔ اُس زمانے کے گذرنے کے بعد آپ دونون مقامون کے سول انتظام کا باہم مقابلہ کر لیجیے گا . . . . ـــــ بہرحال میرے نزدیک آپکو چاہیے کہ ہنری لمسڈن صاحب کو میری ماتحتی مین مقرر کرین۔ وہ ایک اچھے زباندان اور بہت مستعد شخص ہین۔ اگر آپ کم عمر نوجوانون کو بھیجین گے تو پہلے سال اُنکی ذات سے بہت کم کام نکل سکیگا۔ بہرکیف جیسا آپ بہتر سمجھین ویسا کرین۔ میرا کام صرف اسقدر ہے کہ جسطرح کے آدمی آپ بھیجین اُنسے مین اپنے مقدور بھر عمدہ طور سے کام لون۔

جو درخواست اسطور سے کی گئی تھی وہ باضابطہ منظور کی گئی اور ہنری لمسڈن جنکی تلوار سے اُس زمانے کی بہت سی سرحدی لڑائیون مین اچھے اچھے کام انجام ہو چکے تھے اور جو بہت برسون تک جان لارنس کے "سرحدی افسرون" مین ایک بڑے اولوالعزم شخص رہے فوراً آن پہونچے۔ اُنکے ساتھ لفٹنٹ اڈورڈ لیک متعلقہ انجینیران بنگال بھی آئے جو بعد کو پنجاب کے ایک بڑے لائق مدبر اور سیاہی گذرے اور جنکو اُسوقت نورپور کے مالی بندوبست کا کام سپرد کیا گیا۔ جان لارنس اپنے بھائی ہنری کو کہتے ہین کہ "مین لیک کو بہت پسند کرتا ہون وہ ایک اچھے نوخیز افسر ہین لیکن آپ کے تمام پولیٹکل افسران فوج زیادہ تر حکمت عملی کا خیال کرتے ہین رعایا کے حالات اور ملک کی اندرونی فلاح پر اسقدر توجہ نہین کرتے" اس بات پر لحاظ کرنے سے ایک خوشی معلوم ہوتی ہے کہ دو آبہ جالندھر مین جان لارنس کے جو ماتحت ابتدا مین مقرر ہوے تھے اُنمین سے چار شخص یعنی کنٹ صاحب لمسڈن صاحب لیک صاحب اور ہربرٹ ایڈورڈ صاحب اُنکے عمر بھر کے دوست ہو گئے حالانکہ اُنکی حکومت بہت سخت تھی اور کام کرنے کا ہوکا تھا یا شاید انمین سبون سے اگر اُنمین اور جان لارنس مین دوستی ہو گئی ہو تو کچھ عجب نہین ہے۔

ص ۱۹۹

جان لارنس جنوبی ملک مین اپنا کام ابھی انجام بھی نہ کر چکے تھے کہ کوہستان پر سے اُنکے پاس خبر پہونچی کہ قلعہ کوٹ کانگڑہ کے پھاٹک باغیون نے بند کر دیے اُسکے برجون اور خندقون وغیرہ کی مرمت کرائی اور اُنکے اولوالعزم سرغنہ نے تین سو آزمودہ کار سکھ سپاہیون کی جمعیت سے لفٹنٹ جوزف ڈیوی کنگھم کی قلیل سپاہ پر جو سکھون کے ایک بڑے لائق اور محقق مورخ تھے تین گولے توپ کے چلائے اور اعلان کیا کہ جب تک رنجیت سنگھ شیر پنجاب خود قبر سے اُٹھکر نہ آئیگا اور قلعہ کی کنجیان نہ طلب کرے گا اُسوقت تک ہم کوٹ کانگڑہ کی کنجیان نہ دینگے جس کو ہستانی قلعہ سے یہ متمردانہ صدا بلند ہوئی تھی اُسکی تاریخ کا گذشتہ دو ہزار برس سے پتہ لگتا تھا اور وہ تاریخ بھی شکوک اور مشتبہ نہین تھی۔ "اُس زمانے مین جب ہمارے ابا واجداد غیر مہذب اور وحشی تھے اور سلطنت روم محض ابتدائی حالت مین تھی اس ملک مین کٹوچ نام کی ایک ریاست تھی اُسکی ایک اتفاقیہ گورنمنٹ[1] کانگڑہ مین تھی"۔ اور وہان کے فرمانروا کم و بیش اُس زمانے سے گرد و نواح کی پہاڑی ریاستون پر حکومت کرتے رہے۔ یہ قلعہ ایک دُھالو اور جداگانہ پہاڑی پر جو چار سو فیٹ بلند ہے واقع ہے اور اصل پہاڑیون کے سلسلہ سے صرف ایک تنگ چٹ کے ذریعہ سے جو کوئی بیس گز چوڑی ہوگی ملتی ہے یہ چٹ مضبوط حصارون کے ذریعہ سے جو ٹھونس چٹانون مین ملا کر بنائے گئے ہین مستحکم کی گئی ہے یعنی اس کام کے لیے چٹان تراشے گئے ہین۔ اور ایک چکر دار راستہ سات پھاٹکون کی راہ سے ہوتا ہوا قلعہ تک گیا ہے۔ ہنری لارنس نے سمعی خبر کے مطابق اُسکا حال سر جان کے کو یہ لکھا تھا کہ "اس قلعہ کو بمنزلہ جبرالٹر کے سمجھنا چاہیے۔ وہ پانچ میل کے حلقہ مین ہے اور اندر جانے کا صرف ایک راستہ ہے اور اُس راستہ کی حفاظت کے لیے بھی ۱۳ پھاٹک ہین اور ہر پھاٹک ایک دوسرے کے بعد واقع ہے"۔ ایسے قلعہ کو جسکے نیچے ایک دائمی چشمہ بہا کرتا ہے کوئی دیسی سلطنت یا تو بتدریج فاقہ کشی کی نوبت کو پہونچا کر یا دغابازی سے فتح کر سکتی تھی۔ اور ان کوہستانی لوگون سے برخلاف سکھ سرداران لاہور کے عموماً یہی یقین تھا کہ وہ آخری وقت تک جنگ کرینگے۔

ولیم فاتح کے انگلستان مین داخل ہونے کے پچاس برس بیشتر محمود غزنوی نے کانگڑہ کی دولت کا شہرہ سنکر اُسپر دھاوا کیا اور اپنے سخت تعصب کے استعمال مین وہان کے مقدس مندر جوالامکھی کو غارت کیا۔ سولھوین صدی عیسوی مین شاہنشاہ اعظم اکبر نے بزمانہ الزبتہ ملکہ انگلستان خود وہان غنیمت کی اور بقول ٹوڈرمل جو اُنکا وزیر خزانہ تھا "اُنکا سارا مغز نکال لیا صرف ہڈیان چھوڑ دین"۔ جس سے مراد یہ ہے کہ جن گھاٹیون کے لیے کانگڑہ کی دولت اور خوبصورتی مشہور ہے اُن سب پر قبضہ کر لیا اور صرف ویران

حق

[1] دیکھو کانگڑہ رپورٹ مرتبہ جانوٹ بارنس صاحب۔ اُسمین قلعہ ایلان قلعہ اور اُنکی تاریخ کا بہت دلچسپ حال مرقوم ہے اور اس تحریر کا مین بدیہ نہایت شکر گذار ہون۔

پہاڑیون

پہاڑیان چھوڑ دین۔ آغاز صدی موجودہ مین سنسار چند نے جو کٹوچ راجپوتون کا خاندانی راجہ تھا شاہنشاہ مغلیہ کے مقابلہ مین علم بغاوت بلند کیا اور قلعہ کانگڑہ پر جو اُنکے آباؤ اجداد کا وطن تھا قبضہ کرکے وہان سے قرب وجوار کی پہاڑی ریاستون کو فتح کرنا شروع کیا۔ جن پہاڑیون کو حملہ کا اندیشہ تھا اُنھون نے گورکھاؤن کو اپنی حمایت کے لیے طلب کیا اور سنسار چند نے سکھون کو اپنی مدد کے لیے بلایا۔ اور اس اچھوتے قلعے کے سامنے جسپر شہر کبھی دھاوا نہین ہوا تھا سکھ اور گورکھا لوگ پہلے پہل ایک خونریز لڑائی مین مصروف ہوے۔ سکھ لوگ فتحیاب ہوے اور رویاہ بازرنجیت سنگھ نے اس لڑائی کی جڑ پر خود اپنا تصرف کرکے اُسکے ذریعہ سے کل پہاڑی ملک کے تابع فرمان رکھنے کا بندوبست کرلیا۔ الغرض جس قلعہ نے پرنسپ گورنمنٹ کے لیے اپنے پھاٹک کھولنے سے انکار کیا تھا اُسکی تاریخ اور حالت یہ تھی۔

حال ۲

جان لارنس نے اس ضروری معاملہ پر بخوبی توجہ کی اور بتاریخ یکم مئی ہنری لمسڈن کو ہمراہ لیکر معرکہ پر روانہ ہوے۔ اثنائے راہ مین تمام پہاڑی سردارون نے اطاعت قبول کی اور بعضون نے دل سے مدد دینے کا بھی وعدہ کیا جنمین راجہ منڈی اور راجہ نادون کا نام قابل بیان ہے۔ وہان پہونچکر اُنکو معلوم ہوا کہ ہنوز قلعہ سر نہین ہوا حالانکہ ایک لشکر ہندوستانی پیادون کا جو ایک مہینے پیشتر آشتی کے ساتھ اُسپر قبضہ کرنے کے لیے روانہ کیا گیا تھا اُسکا محاصرہ کیے ہوے تھا۔ وقت اسی طرح گذرتا جاتا تھا۔ انگلش فوجی حکام جالندھر اس بات کو گوارا نہین کرتے تھے کہ حال کی جنگ مین جو گورے سپاہی شریک ہوکر مبتلاے مصیبت رہے تھے اور ابھی آرام تک نہین لینے پائے تھے وہ کانگڑہ کی گھاٹیون مین کسی تعداد تک بھیجکر وہان کی سخت دھوپ مین تباہ ہون اور یہ بھی گمان نہین تھا کہ بھاری توپین وہانتک پہونچ سکینگی کیونکہ سڑک وہان کوئی بھی نہ تھی۔ آغاز صدی حال مین اس قلعہ نے جب اُسکا گورکھاؤن نے محاصرہ کیا تھا تین برس تک مقابلہ کیا تھا اور جان لارنس کے دل مین یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ پیشتر جتنے سال تک اس قلعہ نے گورکھاؤن کا مقابلہ کیا تھا اگر انگریزون سے اُتنے مہینے تک بھی مقابلہ رہا تو تمام کوہستان مین زبردست جنگ قائم ہوجائیگی۔ اسلیے اُنھون نے ہنیلے صاحب کو جو اُس کے نیر جنرل تھے لکھا کہ آپ کچھ بھاری توپین بھیجدیجیے۔ اور ہنری لمسڈن صاحب کو اس بات کے واسطے روانہ کیا کہ دریاے بیاس سے جہان سب سڑکین اکٹھی ہین آگے کا سب سے عمدہ راستہ تجویز کرین۔ ہنری لارنس جو اس اثنا مین برزیڈنسی لاہور کے دشوار بلکہ مشکل خدمتون کے انجام کرنے پر مقرر کیے گیے تھے اُس موقع پر جہان اسقدر خوف پیدا ہورہا تھا بعجلت تمام آئے وہ اپنے ساتھ راجہ دینا ناتھ کو بھی جو دربار سکھ کا سب سے لائق اور ذی اختیار رکن تھا اس امید پر لیتے آئے کہ قلعے کے تین ہزار آزمودہ کار سکھ سپاہیون کو ترغیب دیجاے کہ وہ آشتی سے اطاعت قبول کرلین۔ لیکن دینا ناتھ رنجیت سنگھ نہ تھا اور یہان قلعہ کے دلاور افسر

کمان نے پھر یہی کہلا بھیجا کہ جب تک رنجیت سنگھ قبر سے اُٹھکر نہ آئینگے اُسوقت تک ہم اطاعت نہ قبول کرینگے بلکہ تا دم مرگ لڑتے رہینگے۔ دینانا تو نے بہت کچھ وعدہ وعید کیے کہ ہم وہان کی فوج متعینہ کی باقی تنخواہ ادا کرینگے اُنکو سفر خرچ دینگے اور بحفاظت تمام اُنکے مکانون کو پہونچا دینگے مگر کچھ فائدہ نہوا۔ اُنھون نے ایک نہ مانی اور اطاعت قبول کرنے سے انکار ہی کرتے گئے اور جو کچھ نتیجہ ہوا اُسکو مین حتی الامکان بہت قریب خاص جان لارنس کی عبارت مین بیان کیے دیتا ہون۔ وہو ہذا

ص۳۰ اس اثنا مین دیسی سپاہ کی اور لک معہ دو ضرب بھاری توپون کے دریاے بیاس کے ایسے مقام تک پہونچ گئی جہان سے کانگڑہ بہت ہی قریب ہے۔ یہان پر میدانی ملک تمام ہوتا ہے اور کانگڑہ کی پہاڑیون مین اقوام محامرہ کی قسم سے آج تک کوئی چڑھی نہین گئی ہے۔ وہان سواے ایک تنگ پگڈنڈی کے اور کوئی سڑک نہین تھی لیکن نہرنی لمٹنڈن نے مناسب راستہ تجویز کر چکے تھے اور انجینیرون نے توپین لیجانے کے واسطے ایک عارضی سڑک تیار کرانا شروع کر دی۔

ایک ہفتہ کے اندر سڑک کا کام تمام ہوگیا اور توپین ہمارے کیمپ سے چالیس میل کے فاصلے تک آگئین۔ ہمارا کیمپ اس پہاڑی کے نیچے قائم ہوا تھا جسپر قلعہ واقع تھا۔ شام کو منجملہ محصورین قلعہ کچھ لوگ بطور سفارت ہماری شرطون کی سماعت کے لیے آئے۔ اسمین تین بوڑھے شخص تھے جو صلح پسند اور خلیق مگر مستقل مزاج تھے۔ وہ کرنل لارنس اور مجھسے کئی گھنٹہ تک عالمہ کی گفتگو کرتے رہے آخر کو جب وہ سلام کرنے کے لیے اُٹھے اور قریب تھا کہ رخصت ہون تو مین نے اُنسے کہا کہ آپ لوگ ٹھہر جاے اور علی الصباح بچشم خود توپون کو پہاڑی پر چڑھتی ہوئی دیکھ لیجیے۔ اُنھون نے اس بات کو سنا اور ہماری تجویز پر رضامند ہوے لیکن اُنکے قیافے سے معلوم ہوتا تھا کہ جیسے اُنکو اس بات پر یقین نہین تھا۔ چار بجے رات کو یہ لوگ خوشی کے نعرون کی گونجتی ہوئی آواز سنکر بیدار ہوے۔ اپنے اپنے کا واک بستر دن سے اُٹھکر کیبارگی باہر نکل پڑے اور سمجھے کہ قلعہ والون نے باہر نکل کر حملہ کیا ہے۔ لیکن تھوڑی دیر مین اُنکا یہ شک رفع ہوگیا کیونکہ اسکے چند لمحہ کے بعد اُنھون نے دیکھا کہ دو بڑے بڑے ہاتھی اٹھارہ پونڈ والی توپ کو دو بہ کے ساتھ آہستہ آہستہ کھینچے لیے جاتے ہین اور ایک تیسرا ہاتھی اُسکو پیچھے سے ڈھکیلتا جاتا ہے۔ اس طریقہ سے پکے بعد دیگرے ہر ایک توپ تنگ راستہ سے نکالی گئی اور صدہا ہندوستانی سپاہیون کی مدد سے وہ نوکیلی پہاڑیونکی طرف سے نکالی گئین جنکی کوہ مین آگے بڑھنا بالکل محال معلوم ہوتا تھا۔ سکھ سردار جو آئے تھے بڑی حیرت سے دیکھتے رہے مگر زبان سے کچھ نہین بولے جب پہلی توپ بھی نکل گئی تو وہ لوگ رخصت ہوے اور اپنے قلعہ کو واپس آئے۔ ایک گھنٹہ کے عرصے مین سفید نشان بلند کیا گیا۔ وہانکی متعینہ فوج کی جمعیت ایک ایک آدمی کے چلے جانے سے شکست ہوگئی۔ ہر شخص اپنے ہتیار رکھدیتا تھا اور چپ چاپ میدان کے ملک کا راستہ لیتا تھا۔ یہ ایک بڑا بھاری ہنگامہ تھا مگر خیریت ہوئی کہ ٹل گئی اور سب کے سب چلے گئے

جب یہ فوجی حرکتین عمل مین آرہی تھین اور بغیر اسکے کہ ایک قطرہ خون کا گرتا اس مستحکم قلعہ پر فتحمندی حاصل ہو رہی تھی (اور فتحمندی بھی اسطرح کی کہ جہان کوئی قطرہ خون کا نہین گرا وہان یہ بات بھی ہوئی کہ کامل فتح حاصل

ہوئی جسطرح دہلی کے سابق گلکٹر یعنی جان لارنس نے اُس ضلع کے ایک موضع مین حاصل کی تھی جسکا ذکر اوپر آچکا ہے) تو ضلع کے انتظام سے ایک روز بھی غفلت نہین رہی۔ پولیس کے لوگ ملک بھر مین تعینات کر کر دیے گئے مناسب مقامات پر عدالتین مقرر کی گئین اور سررشتہ بندوبست مال کی بھی تکمیل کر دی گئی۔ جس زمانے مین کمشنر صاحب یہ کام جسکو اُنکے اعلیٰ حاکم نے بمقام جالندھر و ہوشیارپور شروع کیا تھا ختم اور لینک صاحب نور پور مین مالی بندوبست کرتے تھے تو صاحب کمشنر نے اس بات کی تدبیر کی کہ خود کانگڑہ ہری پور تا دون اپنی اور گلو کا بندوبست ختم کر دین۔ اُنھون نے اس کام کے انجام مین صدہا میل کا سفر کیا اور یکم مئی یعنی سرکاری سال کے شروع ہونے کے پیشتر یا آنکہ اپنی تقرری کے دو مہینے کے بعد تک تمام کام اتمام کو پہونچا دیا۔ ص۲۰۳

جان لارنس نے اپنے ابتدائی ایام مین دیسیون سے جو ربط و ارتباط پیدا کیا تھا وہ اب اُنکے بڑے کام آیا۔ جس اصلاح کے عمل مین لانے کی اُنکو دلی آرزو تھی (یعنی یہ کہ بٹائی کے بدلے نقدی لگان قائم ہو) وہ دیسیون کے خیالات کے بالکل خلاف تھی کیونکہ اُنکے اباواجداد قدیم الایام سے سرکاری مطالبات بجاے نقد جنس مین ادا کرتے آتے تھے۔ اُنکی خوشی اسی مین تھی کہ اُنکے ساتھ قدیم زمانے کا برتاو قائم رکھا جائے اور بعض اوقات بجاعت کثیر اور کبھی فرداً فرداً جان لارنس کے پاس آنے اور اس امر کی استدعا کرنے لگے کہ جو کچھ وہ قدیم زمانے سے کرتے آتے تھے اُسکی اُنکو اجازت دیجائے۔ صاحب کمشنر نے جو اپنی تجویز کے عمل مین لانے پر (خواہ اُنکو رضامند کر کے خواہ اور کسی صورت سے) مصمم بالقصد ہو چکے تھے ان دقیانوسی زمانیکے آدمیون کو بہت کچھ سمجھایا کہ جدید طریقہ مین یہ فوائد اور پرانے طریقہ مین انواع و اقسام کے نقصانات تصور ہین۔ اُن لوگون نے خوشی سے تو نہین مگر اپنی مجبوری اور مفلسی کی وجہ سے رضامندی کی۔ اور جب ایک مرتبہ یہ اصلاح عمل مین آگئی اور اُسکے فوائد معلوم ہونے لگے تو پھر کسی کو بھی پرانے طریقہ پر عود کرنیکی خواہش باقی نہین رہ گئی۔ درمیانی اشخاص اور مستاجران مالگزاری جو زراعت پیشہ اشخاص کو اپنا شکار بنایا کرتے تھے ہمیشہ کے لیے نیست و نابود ہو گئے اور اندازاً دریافت کیا گیا کہ اس طریقہ کی اجرا سے ہر شخص کے مطالبہ مین پندرہ سے لیکر بیس فیصدی تک کی تخفیف ہو گئی۔ حالانکہ سرکاری خزانے مین قریب قریب وہی مبلغ سابق مین آکر رہی

مجھکو خوب یاد ہے کہ جنگ روم و روس کے شروع ہونے کے کچھ پیشتر جب مجھسے اور لارڈ ڈلہوزی سے ملاقات ہوئی تھی تو اُنھون نے بیان کیا تھا کہ دیسی باشندگان ہند کو بٹائی کے قدیم طریقہ کو چھوڑ کر نقدی لگان کے طریقہ پر رضامند کرنے مین انتہاے مرتبہ کی دقت پڑی تھی۔ اور اُنھون نے یہ بھی کہا تھا کہ ملک روم مین جو جو خرابیان وہان کی رعایا پر پڑتی ہین بجنسہ اسیطرح کی خرابی دیسی حکومت مین ہے اور رعایاے روم اُس خاص اصلاح کے جاری ہونے مین ضرور مزاحمت کرے گی جو اسیطرح کی اور اصلاحون کی ابتدا ہو گی۔

جان لارنس نے اس ملک مین جو اصلاحین کی تھین وہ عموماً بہت مفید تھین چنانچہ یہ امر جارج بارنس ص۲۰۴

کی تجویز سے جو بعد کو اُنکی جگہ مقرر ہوے صاف ثابت ہوتا ہے۔ جارج بارنس صاحب اُسکے سات برس بعد اپنی کانگڑہ رپورٹ مین لکھتے ہین کہ۔

بٹائی کی جگہ نقدی لگان بہت خفیف شرح کے حساب سے قائم کیا گیا اور لوگ کچھ دنون تک دونون طریقون کا فرق دیکھنے کے بعد نئے طریقے سے رضامند ہونے لگے۔ مجھکو بیان کرنا چاہیے کہ صاحب کمشنر (جان لارنس) کی اس تدبیر مین بڑی بھاری کامیابی حاصل ہوی۔ نبدوبست بھی ضلع مین بہت واجبی طور سے اور بہتر طور پر عمل مین آیا اور لوگ اس تبادلہ سے اسقدر خوش ہین کہ وہ اپنے طریقہ کے اختیار کرنے کے بدلے کچھ زائد شرح لگان کا دینا قبول کرلین گے۔ نقدی لگان کے مشخص ہو جانے سے وہ لوگ اپنے اپنے رقبہ اراضیات کے مالک ہوگئے۔ اب اُنکو اختیار ہے کہ جس قسم کا غلہ چاہین بوئین۔ وہ اب سلف گورنمنٹ اور سلامت روی کے اصول سیکھ گئے اور جاہل محض اہل جتون کے بدلے ہوشیار اور چالاک فرماعین ہوگئے۔ اُنکو اسوقت اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے کا جو اختیار دیا گیا ہے اُس کے وہ بڑے معترف ہین اور محنت اور مشقت کرنے پر جو بہبودی کے آثار وہ دیکھتے ہین اُس سے اُنکے دل مین ولولہ پیدا ہوتا ہے۔

اور زمینداران ضلع کانگڑہ کے حالات جو انکے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور انکے اخلاق

اس پہاڑی ملک اور وہان کے راجاؤن کا جو حال ابھی مین نے بیان کیا اُس سے یہ نتیجہ پیدا ہوگا کہ منصفانہ طور پر اگر کوئی خاطر خواہ فیصلہ کیا جاتا اور اُنکے دعوون کا تصفیہ ہوتا تو یہ بڑی ضروری بات تھی۔ اس امر پر فی الفور توجہ کی گئی۔ ہر ہر زمیندار کی حالتون پر کامل طور سے غور کیا گیا۔ تمام جاگیرین جو اُنکے قبضہ مین پائی گئین وہ بحال رکھی گئین اور ساتھی اُنکے سکھون کے عہد حکومت مین جو فوجی خدمت اور اوگاہن اُنسے لیجاتی تھی اور وہ تنگ و پریشان رہتے تھے یہ سب چیزین معاف کردی گئین ہمارے قبضہ کرنے کی حالت مین آزادی کے جو اختیارات اُنمین پائے گئے وہ سب بحال رکھے گئے لیکن جان لارنس نے اُن اصولون پر جو اکثر اُنکے آخری ایام ملازمت مین پیش آئینگے عمل کرکے ثابت قدمی کے ساتھ کہا کہ اگر اس قسم کے حقوق ایک مرتبہ ساقط ہوگئے ہون گے تو وہ پھر نہ دیے جائینگے۔ سَرفرد رکن کرنی کے نام اُنھون نے جو چٹھیان لکھی تھین اُنمین سے ایک چٹھی کا ایک فقرہ اس مقام پر بالتخصیص قابل ذکر ہے کیونکہ اُس سے اب اتنے عرصہ دراز کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ ایک امر کے متعلق اُنکے اور اُنکے بھائی کے مابین اُسوقت زمین آسمان کا فرق تھا جب وہ پنجاب کی ایک ہی کونسل مین شریک مشورت مین نشست کرتے تھے۔ اور وہ مضمون یہ ہے جو ذیل مین درج کیا جاتا ہے۔

مین نے اُنکمن صاحب کی رپورٹ جو کوہستان شملہ کے بارے مین ہے پڑھی۔ اُنکے خیالات شاہی خاندانون اور تاجدارون کی نسبت قابل تعظیم ہین۔ یہ راجہ لوگ بنزلہ اُنکے ہین جیسے ہمارے ملک مین برزمانہ سابق چھوٹے چھوٹے بیرن لوگ ہوتے تھے۔ اُنکے چھوٹے چھوٹے قلعے تھے جہان سے وہ ملک گیری کے لیے ایک دوسرے پر حملہ کرتے تھے وہ صرف تلوار کے زور سے حکومت کرتے تھے اور اسی حق کے ذریعہ سے اپنی اراضیات پر قابض رہتے تھے۔ زبردست

ص ۲۰۵ آپ اپنے اور اپنے بھائیون کے مابین اسوقت زمین آسمان کا فرق تھا جب وہ پنجاب کی ایک ہی کونسل مین شریک مشورت مین نشست کرتے تھے

کمزوروں کو پامال کرتے تھے۔ گورکھا لوگ انکو فتح کرلیتے لیکن اُنھون نے سکھون کو طلب کیا اور سکھون نے گورکھاؤن کو نکال دیا اور خود ملک کو فتح کرلیا۔ پہاڑی لوگ سکھون سے جو انکو تنگ کرتے تھے نجات پانے مین بہت خوش تھے اسلیے اُنھون نے ہمکو بھی اپنی مشترک غرض مین شامل کرلیا۔ میری راے فی الحقیقت یہی ہے کہ انکو پھر اُنکی قدیم قوت اور بڑے بڑے علاقے واپس دینا بالکل غلط ہے۔ سکھون کے زمانے مین جو جاگیرین اُنھون نے اپنے قبضے مین رکھی تھین وہ بحال رکھی جائین اور اگر گذشتہ جنگ مین اُنھون نے عمدہ خدمت انجام کی ہو تو اُنکے معاوضہ مین اُنکو تمغہ انعام دیا جائے یا اگر سالانہ رقم دینا منظور ہو تو وہ بھی بطور نقدی وظیفہ کے دیجائے لیکن اُنکو مزید اختیار ہرگز نہ دینا چاہیے۔ پہاڑی لوگ میدانی ملک کے لوگون سے عقل مین کمین کوتاہ ہین اور وہان کے سردار لوگ عوام سے بدتر ہین۔ اُنکے تحت حکومت بیشک تہذیب کو عروج نہ ہوگا۔ دخترکشی ستی کی رسم اور جادوگرون کے سزا دینے کا عام رواج ہے۔ علاوہ برین یہ خیال کرنا بھی ایک غلطی ہے کہ راجاؤن اور سردارون کو ذی اختیار کرنے سے ملک بادشاہ کا دوست ہوجاتا ہے۔ اگر ایک لاکھ روپیہ بھبندی مین کم کردیا جاے اور لوگ آرام و آسائش سے اپنے اپنے گھرون مین رہنے پائین تو یہ امر اُس سے بہتر ہے کہ راجاؤن کو تین لاکھ روپیہ حوالہ کردیا جاے۔ اصل بہبودی اسی مین ہے کہ ہمارے قوانین ہمارا ضابطہ جاری کیجیے اور ہماری قابلیت اور دوراندیشی اُنکو تعلیم کیجیے۔

ایک اور رسم بدجو بُنائی کے دستور سے بھی زیادہ لوگون کے دلون مین جاگزین ہوگئی تھی ممالک مغربی و شمالی اور دوآبہ جالندھر کی اقوام مین پائی جاتی تھی۔ وہ دستور دخترکشی کا تھا جو دنیا کے اور حصون مین یا تو محض سنگدلی یا افلاس کے سبب سے مگر ہندوستان کے اس حصہ مین زیادہ تر خاندانی نخوت کی وجہ سے جاری تھا۔ راجپوت لوگ اپنی قوم مین کسی دوسرے گھرانے کے لڑکے کو جو اُنسے ذات مین کم ہو اپنی بیٹی دینا گوارا نہین کرتے اور خاص اپنے گھرانے کے کسی لڑکے کے ساتھ بیٹی کی شادی کرنا جائز سمجھتے ہین۔ پس بیٹی کے لیے معقول شوہر کا تلاش کرنا اور زمانہ سلف سے جو دستور چلا آتا ہے اُسکے مطابق جہیز کے لیے اوقات سے زیادہ اخراجات کا بہم پہونچانا اور کنواری عورت کی نسبت اہالیان خاندان کا شک رکھنا اور اپنے موروثی مکان کی خلوت مین چین و آرام کے ساتھ بسر کرنا یہ سب باتین ایک جگہ جمع ہوکر پدرانہ محبت کو لڑکی کی طرف سے منقطع کردیتی ہین دخترکشی کی یہ کثرت تھی کہ جسوقت انسانی ہمدردی کرنے والون نے پہلے پہل اس امر کی جانب توجہ کی تو معلوم ہوا کہ دیہات کی جماعتون مین کسی کے گھر ایک لڑکی نہین ہے۔ ص ۳۰۶

لیکن اس مقام پر بیان کرنا مناسب ہے کہ دخترکشی کچھ ہندوستان ہی پر موقوف اور منحصر نہین رہی جب ہندوستان مین ہماری توجہ اس جانب مبذول ہوئی تو اُسکے بارہ سو برس بلکہ کچھ اور زمانہ پیشتر ملک عرب کے مصلح اعظم نے اس امر کو معیوب قرار دیکر اُسکی ممانعت کی تھی۔ عربون مین یہ ایک ضرب المثل جاری تھی کہ "عورتون کو اس عالم سے دوسرے عالم کو منتقل کردینے مین بڑا فائدہ ہے اور قبر بہترین داماد ہے"۔

ایسی افسوسناک حالتون مین نوکتخدا عربی دولہا دولہن کے حقین سب سے بہتر یہ دعا تھی کہ "خدا میان بی بی مین موافقت پیدا کرے دونون کو قائم و برقرار رکھے اولاد ہو مگر آل نہو"۔ اس رواج پر جو اُس زمانے مین بہت متداول تھا رسول معظم عربی نے نہایت درشت الفاظ سے نفرین کی اور فرمایا ہے کہ "روز قیامت کو معصوم لڑکی اپنے قاتل سے پوچھے گی کہ تو نے مجھکو کس سبب سے قتل کیا تھا" اور پھر عجب شریف لہجہ سے وہی رسول متنبہ کرتا ہے کہ "[1] اور مقرر کرتے ہین واسطے اللہ کے بنیان پاکی ہے اُسکو اور واسطے اُنکے ہے جو کچھ کہ چاہین اور جب خبر دیا جاتا ہے ایک اُن کا ساتھ بیٹی کے ہو جاتا ہے منہ اُنکا کالا اور غم سے بھرا ہوتا ہے چھپتا پھرتا ہے قوم سے برائی سے اُس چیز کی کہ بشارت دیا گیا ہے ساتھ اُسکے آیا نگاہ رکھے اُسکو اوپر ذلت کے یا گاڑے اُسکو بیچ مٹی کے"۔ ساتوین صدی مین عرب لوگون کے درمیان حضرت محمد صلعم نے جس اصلاح کی ابتدا کی تھی یا ایک حد تک جسکو پورا کیا تھا وہ اس بات کے لیے رہگئی تھی کہ عیسائی فاتحان ہند اُسکو اپنے ذمہ لین اور نیسوین صدی مین ایک درجہ تک اُسکی تعمیل کرین۔ اور یہ بات لارنسون اور اُنکے تابعین (شاید سب سے زیادہ چارلس رکنیس) کے لیے رہگئی تھی کہ بمقام پنجاب و اضلاع متصلہ ملک پنجاب سب سے بڑھکر اس مہم مین کمر باندھین پھر یہ دستور کچھ راجپوتون ہی تک محدود نہین تھا۔ بیدیون مین جو کھتری قوم کا ایک فرقہ ہے اور جن کے نسل کا سلسلہ گرونانک تک پہونچتا ہے یہ دستور اور بھی زیادہ عام تھا۔ اُنھون نے اپنے گھرانون مین کبھی ایک لڑکی بھی زندہ نہین رہنے دی تھی۔ اور جسوقت بیدی اونا کو جو اس فرقہ کا افسر (بلکہ اصل تو یہ ہے کہ مذہب سکھ کا دینی پیشوا) تھا جان لارنس نے اطلاع دی کہ تم اپنی جاگیر کے اندر دخترکشی کے رسم کو موقوف کراؤ تو اُسنے یہ جواب دیا کہ اگر صاحب کی یہ مرضی ہے تو مین اپنے حریم مین جانا ہی ترک کردون گا اور جہانتک بن پڑیگا اور لوگون پر دباؤ ڈالون گا کہ اس رسم سے وہ بھی احتراز کرین لیکن یہ بات البتہ میرے امکان سے خارج ہے کہ مین اپنے کل تابعین کو حکم دیدون کہ وہ اتنے قدیم دستور کو ترک کردین۔ جان لارنس نے اسکے جواب مین پھر کہلا بھیجا کہ "تمکو یہ ضرور کرنا ہوگا ورنہ اُسکے بدلے جاگیر کو چھوڑنا پڑیگا"۔ اس پرانے خیال کے خشک مغز گرو نے امر آخر کو جسمین خطرہ کم تھا قبول کرلیا اور اپنی املاصیات سے دست بردار ہوا۔

جن لوگون نے جان لارنس کو کبھی دیکھا نہین ہے بلکہ مین نے اُنکے احوال کی تحریر سے جو تذکرہ کا نقشہ کھینچکر دکھانا چاہا ہے اُسکی پوری بیانتک میرے ساتھی ہے وہ بہت اچھی طرح سے قیاس کرسکتے ہین کہ جس فرقہ کے ایسے ہر دل عزیز دستور کو وہ بیخ و بن سے اُکھاڑنے کی تدبیر مین تھے جب اُس کل دینی فرقہ کی ایک سنجیدہ نیابت اُنکے خدمت مین حاضر ہوئی اور گورنر جنرل کے اس اشتہار کی بنیاد پر اپنا دعوی قائم

[1] قرآن مجید سورہ شانزدہم ۱۶

کیا کہ اُنکے تمام حقوق اور دستور قائم رکھے جائینگے تو اُنھون نے کس صبر و تحمل کے ساتھ اُنکی سماعت کی ہوگی۔ چنانچہ وہ اپنے ایک دوست کو لکھتے ہین کہ

یہ بیدی لوگ کچھ عجیب خلقت کے آدمی ہین آپ کو میرے اس بیان کا مشکل سے یقین ہوگا کہ اُنھون نے علانیہ مجھکو اس امر کی درخواست دی کہ اُنکو تمام لڑکیون کے ہلاک کرنے کی اجازت دیجائے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ تک وہ برابر اس دستور کو جاری رکھتے آئے تھے۔ مین نے اُنکے بعض لوگ جو بہت معزز تھے طلب کیے اور اُنسے کہا کہ یہ بڑا بھاری جرم ہے صدہا آدمیون کے سامنے بیان کیا کہ ہلوگ اس دستور کو نہایت ہی نامستحسن سمجھتے ہین اور آخر مین اُنسے یہ کہدیا کہ گورنمنٹ اس رسم بد کو تو کبھی اپنی عملداری مین برتنے نہ دیگی اِسمین تو کسی طرح کا شک ہی نہین ہے بلکہ مزید براں وہ ہر شخص کو جو اس قسم کے قتل مین ماخوذ ہوگا پھانسی کی سزا دیگی۔ مین نے اُنسے یہ بھی کہا کہ جب تک خاطر خواہ طور پر اس امر کا فیصلہ نہو جائیگا اُسوقت تک گورنمنٹ اُنکی کوئی جاگیر بحال نہ کرے گی۔ اب وہ اپنی جماعت کے سربرآوردہ اشخاص کو اس امر کے استصواب راے کے لیے جمع کر رہے ہین۔ اس اثنا مین تمام سردارون کے نام مین نے اشتہارات جاری کیے اور چٹھیان لکھ بھیجی ہین۔ اُنمین بیدیون کا تو ذکر نہین کیا ہے لیکن یہ اعلان کر دیا ہے کہ سرکار رسم دخترکشی اور جذامیون کے زندہ دفن کرنے یا اُنکو دریا مین ڈال دینے سے نہایت برہم ہے اور جو لوگ ایسا کرین گے اُنکو سخت سزا دیگی۔ بیدیون کے پاس سے جواب آتے ہی مین فوراً ان سب امور کی گورنمنٹ کو رپورٹ کرون گا۔

اور جن لوگون نے جان لارنس کو دیکھا ہے اور نہایت متانت کی باتون مین بھی اُنکے مذاق سے خط اُٹھایا ہے اور اُنکے مجتہدی پڑے ہوے اور موسم زدہ چہرہ کی شکنون پر غور کیا ہے وہ اس اشارے اور رمز کی بات کو بہت اچھی طرح سے سمجھ جائینگے کہ اپنے آخری ایام مین رشاید لیدیون کے غول مین پہنچکر جب وہ کسی ایسے خاندان کی نسبت جسمین کثرت سے لڑکیان موجود ہوتی تھین یہ سنتے تھے کہ اس خاندان مین اور کوئی لڑکی پیدا ہوئی ہے تو کہتے تھے کہ "ہے مس ہے"۔ وہ بیدی لوگ فی الجملہ کچھ ایسے خراب نہ تھے مجھکو اپنی حکومت ہندوستان کے متعلق صرف اسی بات کا افسوس ہے کہ مین نے دخترکشی کے معاملہ مین اسقدر سختی کی"۔ ص۲۰۰

اس زمانے مین اُنھون نے جو چٹھیان لکھی تھین اُنمین سے اِدھر اُدھر کے بعض فقرات (گو اس بات کو یاد رکھنا چاہیے کہ اس زمانے مین اور اُنکی تمام زندگی کے ایام مین بھی یہ چٹھیان خاص کرکے فروعی باتون کے متعلق رہین اور اسواسطے آیندہ نسل کے لوگون کو اُنسے بہت کم حظ مل سکتا ہے) سے ظاہر ہوگا کہ وہ کسی کا اہل یا نالائق ماتحت کی طرف سے کسقدر مشکوک رہتے تھے۔ اُنکے مزاج مین ظرافت کیسی بڑی ہوئی تھی اور ایک ذرا سے خطرہ کو جو سارا ہندوستان تباہ کر دیتا وہ پہلے ہی سے تمیز کر لیتے تھے

جب سپاہ کا گڑہ کی بغاوت کے بارے مین اُنھون نے لکھا تھا کہ اُسکی جانب سے سخت مخالفت کا احتمال پایا جاتا ہے تو اُسوقت یہ راے ظاہر کی تھی کہ میرے نزدیک کانگڑہ کے باغی لوگ زیادہ عرصے تک بغاوت قائم نہ رکھ سکینگے جبوقت ملک اُنکے خلاف ہے اور خود اُنکا دربار اُنسے برسرا نہین ہے تو اُنکی مخالفت مضمحل ہے مگر ہان احمق لوگ جو کر گزرین اُنسے بعید نہین ہے"۔ انسان کی حماقت کی طرف سے جو یہ معقول بے اعتباری اُنکے دل مین رہتی تھی وہ عوام الناس کے ساتھ برتاو کرنے مین اکثر اُنکے کام آئی۔ سکھون کے ایک گیر بزرن کے مقابلے مین جب اُنھون نے ایک مرتبہ چڑھائی کی تھی تو رنجور سنگھ کو (کیونکہ وہ بھی سکھ تھا) اپنے ہمراہ لیجانا اسوجہ سے منظور نہین کیا کہ "وہ پہاڑی ریاستون کا باجگزار تھا اور اس سبب سے وہان کے گاؤنون پر تصرف کرنے کی اُسکو بہت موقعے مل سکتے تھے اور ظاہرا اُسکی طرف سے یہ امید نہین معلوم ہوتی تھی کہ وہ ایسے موقعون سے مستفید ہونے مین کوتاہی کریگا"۔ جب بیدیون نے شکایت کی کہ ہمارے قرب وجوار کے ملک سے آپ کے یہان جو سپاہ بھرتی کی گئی ہے اُسنے بڑی غارتگری اور ایذا رسانی کی ہے تو جان لارنس نے جواب دیا کہ "اگر اُنھون نے ایسا کیا ہو تو کچھ عجب نہین ہے لیکن مضائقہ ہی کیا ہے قتل الموذی قبل الایذاء"۔

اور سرکش ماتحت کے بارے مین جسکا ذکر اوپر مین کر چکا ہون وہ اپنے بھائی ہنری کو لکھتے ہین کہ۔

مجھکو ــــ کی تمام رپورٹین واپس کرنا پڑین جو محض خراب تھین۔ وہ کام تو کچھ نہین کرتے اور کہتے یہ ہین کہ کام مجھکو مارے ڈالتا ہے۔ یہ مار واقعی بڑی بیقصوری کی ہوگی۔

اور پھر دوسری چٹھی مین تحریر کرتے ہین کہ

میری سمجھ مین واقعی کچھ نہین آتا کہ مین ــــ کو کیا کرون۔ وہ برائے نام کام کرتے ہین بلکہ بالکل نہین کرتے۔ گو صوبہ بھر مین اُنکے ماتحت سب سے زیادہ ہین مگر اسپر بھی وہ کثرت کار کے شاکی ہین۔ اُنمین کسیقدر لیاقت تو ہے مگر مزاج کے بڑے سخت اور تند اور محض بیقاعدہ شخص ہین۔ اُنھون نے ابھی چند روز ہوے ایک شخص کو توہین عدالت کے جرم مین قید کر دیا۔ کاشکے گورنر خبر اُنکو برزبدتث مقرر کر دیتے۔ بلوہ پیدا کرنے کے لیے اُنکی ذات تنہا کافی ہے۔

اور چونکہ اُنھون نے ہمیشہ اس اصول پر عملدرآمد کیا کہ پیٹھ پیچھے ایک حرف کسی کی ایسی شکایت نہ کرنا چاہیے جو اُسکے مُنھ کے سامنے بیان کرنے کے قابل نہو اسلیے مشارالیہ کے نام وہ یہ مضمون تحریر کرتے ہین میرے پیارے ــــ

اُنکی چٹھی مجھکو ملی۔ چونکہ مین کسی طرح اُن خیالات سے جو آپ نے چٹھی مذکور مین ظاہر کیے ہین اتفاق نہین کر سکتا اسواسطے مین بہتر اور مناسب تر سمجھتا ہون کہ قبل اسکے کہ مین سرکاری طور سے اس معاملہ پر کوئی توجہ کرون نجی طور پر بھی

آپکو اسکی اطلاع دیدون - میرا خیال یہ ہے کہ حال کی خط کتابت مین مین کسی طرح مورد الزام نہین ہوسکتا ہون - مین سمجھتا ہون کہ جس دن سے آپ اس قسمت مین آئے مین نے ہر طرح سے آپ کا خیال رکھا اور جب میرا اختیار چلا تو آپ کی اعانت کی مگر چونکہ مجھکو اپنے فرائض منصبی کا بھی کسیقدر خیال ہے اسلیے بمجبوری مجھکو آپ کی بیضا بلگیون کی خبر لینا پڑی اور مین سمجھتا ہون کہ جو کچھ مین نے اس بارے مین کیا ہے اُسکے بیان کرنے مین مجھکو کوئی باک نہین ہے - آپ کے حساب سے مین بالکل غلطی پر ہون اور اپنے نزدیک مین برسرصواب ہون - لیکن مین آپ کی چٹھی کو بغیر جواب لکھے ہوے داخل دفتر کرنا نہین چاہتا - آپ چاہین اس امر کو تسلیم کرلین کہ آپ کو شکایت کی وجہ ہے - ممکن ہے کہ آپ نے محنت شاقہ کی ہو لیکن مین تو صرف نتائج کے ذریعہ سے اپنی راے قائم کرسکتا ہون اور مین بلا تامل کہتا ہون کہ جو کچھ آپ نے کیا ہے اُسمین میرے نزدیک آپ اپنے اندازہ کے مطابق بھی کام کرنے مین قاصر رہے ہین -

اس قسم کی بھی ایک چٹھی جان لارنس کے مجموعہ چٹھیات مین درج نہین ہے بلکہ اور بھی ہین لیکن اب یہ بھی نہین کہ وہ کثیر التعداد ہون کیونکہ عموماً وہ اپنے اس قسم کے ماتحتون کو اگر ریزیڈنسی مین نہین تو اس قسم کے دوسرے عہدون پر جو اُنکے لیے موزون ہوتے تھے بھیجدیا کرتے تھے - جب کوئی تعریف کا موقع ہوتا تھا تو وہ اکثر اسکے خلاف اصول پر عمل کرتے تھے - وہ کسی شخص کی تعریف اس کے منہ پر بہت کم کرتے تھے اور اسی وجہ سے بعض لوگون نے بیان کیا ہے کہ وہ دوسرے اشخاص کی لیاقت سے اعتراف کرنے مین بہت کوتاہی کرتے تھے - لیکن جیسا کہ مین آخر مین بیان کرونگا وہ ہر مستحق شخص کی تعریف اسکی غیبت مین انتہا سے زیادہ کیا کرتے تھے -

اس مقام پر اُنکے کاغذات سے مین ایک بہت ابتدائی زمانے کا اشارہ ایک خطرہ کی نسبت بیان کرتا ہون جسکے معنی اگر قرار واقعی حکام کے دلنشین ہوتے تو ہندوستان کا بلوہ ٹل جاتا یا اُسمین تاخیر ہوتی اور وہ یہ ہے "سرکار کو جسقدر راجپوتون کی حاجت ہو کوہستان سے قواعدان خواہ غیر قواعدان سپاہ کے لیے مل سکتے ہین - ہزارہا آدمی سکھون کی فوج مین ملازم تھے اور اسیطرح وہ ہماری فوج مین بھی ملازمت کرینگے ہماری قواعدان سپاہ مین یہ لوگ بڑے کام آئینگے کیونکہ وہ ملک کے مختلف حصون کے رہنے والے ہونگے مین نہین سمجھتا کہ وہ کہین جانے یا کچھ کرنے مین انکار کرینگے اور ملک اودھ کے سپاہیون کے مقابلہ مین اُنکے خیالات اور تعاصد بالکل مغائر ہونگے - موجودہ انتظام کے بموجب ہمارے سپاہی سب کے سب اودھ خواہ اطراف ملک اودھ کے ہین - اور انمین سے اکثر برہمن ہین چنانچہ اسی وجہ سے جب کوئی جھگڑا ہوتا ہے تو سب کے سب ایک ہوجاتے ہین - یہان کے راجپوت لوگ بہت اچھے آدمی ہین اور چونکہ گھرون پر اُنکے وجہ معیشت کی کوئی شے نہین ہے اسواسطے وہ خوشی سے ہماری ملازمت قبول کرتے ہین" -

اون مشاغل مین جنکا مین نے بیان کیا جان لارنس کے زمانہ کمشنری کے تین مہینے بسر ہوے تین برس تک وہ اس عہدے پر ممتاز رہے اور اُس سارے زمانے کی کیفیت اسی تین مہینے کے حالات سے قیاس کیجا سکتی ہے۔ اور اُنسے (گو کسیقدر چھوٹے نمونہ مین) معلوم ہوگیا کہ پنجاب بورڈ اور چیف کمشنری پنجاب مین کیا کیا خدمتین انجام کرنا ہونگی۔ یہ مہینے محنت شاقہ اور جلد جلد ترقی ہونے کے تھے اور ماہ جون مین جب اُنکو کسیقدر امید اس بات کی پیدا ہونے لگی تھی کہ اب بارہ گھنٹہ روز کام کرنے سے کسیقدر نجات ملا کریگی تو وہ دفعتاً تپ ولرزہ کے عارضہ مین سخت مبتلا ہوگئے۔ اس علالت کی وجہ سے اُنکو بنظر تبدیلی آب وہوا شملہ پر جہان اُنکے اہل وعیال رہتے تھے جانا پڑا۔ اُنکے جانے کے پیشتر اُنکے بھائی ہنری عام معاملات پنجاب کے متعلق گورنر جنرل سے کچھ صلاح ومشورہ کرنے کے لیے پہاڑ پر روانہ ہو چکے تھے۔ لیکن وہ بھی ریذیڈنسی لاہور کا کام کرتے کرتے چور ہوگئے تھے اور چونکہ جارج مینک گریگر نے بھی جو اس عہدہ کے متعلق اُنکے خاص ماتحت تھے رخصت طلب کی تو چند ہفتے کی آرام کے بعد لارڈ ہارڈنگ نے جان لارنس سے جو یون ہی کثرت کار سے چور ہو چکے تھے کہا کہ جہان آپ جالندھر کی کمشنری کا کام کرتے ہین وہان کچھ دنون کے لیے دارالسلطنت پنجاب مین اپنے بھائی کے دشوار عہدہ کا کام بھی دیکھ لیجیے۔ جان لارنس نے جسطور پر دونون کاموں کو ایک مین شامل کرلیا اور پھر ایک کو دوسرے کے توسط سے مدد پہونچائی اسکا حال آیندہ باب سے معلوم ہوگا

باب نہم

قائم مقام رزیڈنٹ لاہور ۱۸۴۸ء الغایت ۱۸۴۹ء

جس واحد العین فتاح پنجاب نے اپنے طول طویل عہد مین اس مقام سے لیکر جہان پانچ دریاؤن کا پانی ایک دھارے مین ملکر ایک بحر خار بنتا ہے کوہ ہمالیہ کی اُن چوٹیون تک جو ہمیشہ برف سے منجمد رہتی ہین بلکہ اُنکے اُس پار بھی سلسلہ کوہ قراقرم تک اپنی سلطنت قائم کرلی تھی اور ایک طرف افاغنہ اور دوسری جانب عظیم الشان مغلون سے اُنکے بعض بعض نہایت عمدہ صوبے نکال لیے تھے اُسنے ۱۸۳۹ء مین انتقال کیا۔ اتفاق سے اسی سال مین وہ نوجوان انگریز نیولین جسکے مقسوم مین ایک دن رنجیت سنگھ کے فتح کیے ہوے ملک پر حکمرانی کرنا اور دریا دین پنجاب مین رنجیت سنگھ نے جو تخم ریزی کی تھی اُسکی فصل درو کرنا یعنی اُس سے فائدہ اُٹھانا لکھا تھا اُا وہ مین قریب مرگ پڑا تھا مگر اُسنے گویا اسطور پر کہ جیسے اُسکو آیندہ کسی بڑے کام کے انجام کرنے کے لیے کارکنان قضاوقدر نے محفوظ کر رکھا تھا اپنے دل مین ٹھان کر بیٹھا تھا کہ مین اپنی تئین مرنے نہ دونگا۔ رنجیت سنگھ نے اپنے عہد مین آتش مزاج خالصہ سپاہ کے لیے بہت سا کام تلاش یا پیدا کر دیا تھا لیکن اُسنے اپنے شہزور ہاتھ سے

انکو روکے بھی رکھا اور سوائے ایک مرتبہ کے (یعنی ۱۸۰۹ء مین جب اُسنے دریاے ستلج کے بہلے دریاے جمنا کو اپنی جنوب مشرقی سرحد قرار دینے کا دعوی کیا ہے) اپنے انگریز پڑوسیون سے ربط وضبط ہی رکھا۔ یہ بات نہین تھی کہ وہ آیندہ کی کیفیت سے بیفکر اور غافل ہو۔ گو وہ پڑھنے لکھنے سے نابلد تھا لیکن اُس پر بھی بڑا دوراندیش تھا اور ایک مرتبہ جیساکہ مشہور عام ہے اُسنے ایک نقشہ اس بات کا طلب کیا تھا کہ انگریز لوگ ہندوستان کے کن کن مقامات پر قابض ہین۔ ان مقامات کا نشان سرخی سے دیا گیا تھا اور جسوقت بتلانے والے نے یکے بعد دیگرے مدراس بمبئی بنگال اور ممالک مغربی وشمالی پر اُنگلی رکھ رکھ کے دکھانا شروع کیا کہ یہ ایک طرح کا جونگ معلوم ہوتا ہے وہ سب مقبوضہ ملک ہے تو اُسنے چلاکر کہا کہ "بس اب کچھ دنون مین سب لال ہی لال ہوجائیگا" اُسنے امرناگزیر سمجھکر سرتسلیم خم اور نقشہ کو بند کیا (شاید مسلمان بھی امرناگزیر کے مسئلہ پر اسقدر قناعت نہ کرتے یعنی تقدیر پر شاکر نہوتے) لیکن نہایت ثابت قدمی بالعمل کے ساتھ یہ خیال کیا کہ اگر دوراندیشی کے ساتھ انسداد کیا جائیگا تو خرابی میرے عہد مین نہین بلکہ میرے جانشین کے عہد مین واقع ہوگی۔

رنجیت سنگھ کی وفات کے بعد چھ برس تک بدعملی رہی۔ زبردست شخص تو اُٹھ چکا تھا۔ اور حکومت اور جان اُسیطرح سے ضائع ہونے لگی جسطرح مشرقی بادشاہون کی وفات کے بعد بطور معمول ہوا کرتا ہے۔ یکے بعد دیگرے اُسکے خاص قرابتمند اور وزرا آگے بڑھے لیکن نتیجہ صرف یہ ہوا کہ جو تخت پر بیٹھا وہ (جسطرح بعہد نِرْغَنِی۔ تِنْبِنِی اور اَمْرَنِی مقام سمرنا مین بعد کلنا اُتھو اور وینیس روم مین گذرے تھے) تھوڑے ہی دنون مین حکومت اور زندگی دونون سے محروم ہوا۔ "جو لوگ اَمْرَنِی کے پیرو تھے اُنکو تا بعین تِنْبِنِی پر غلبہ ہوا اور اسیطرح سے تِنْبِنِی مرگیا اور اَمْرَنِی نے سلطنت کی ملا۔ یہ بڑا جامع اور مانع فقرہ اس بات کے سمجھنے کے لیے ہے کہ مشرقی خاندانون اور اکثر مشرقی لوگون کی یہی گت ہوتی ہے۔ اگر صفحے کے صفحے اس بات کی تشریح کے لیے سیاہ کیے جاتے تو اُنسے اسقدر صراحت نہوتی جسقدر اس ایک فقرہ سے ہوتی ہے۔ جس طرح کی حکومتین اُس زمانے مین لاہور مین تھین یا اسوقت کابل مین ہوتی ہین اُنمین سے منجملہ دس کے نوکی یہ کیفیت ہوتی تھی کہ آج قاضی جی کو قاتلون کو قتل کیا اور کل خود مقتول ہوے۔ آخرکار دلیپ سنگھ رنجیت سنگھ کا ایک فرزند خورد سال جو فی الحال اِنگلِسْتَان مین شاہی شان وشوکت کے ساتھ بطور ایک اِنگلش جنٹلمین کے سیر وشکار مین مشغول ہے اپنے باپ کا جانشین قرار دیا گیا۔ لیکن ایک طفل صغرسن کو خالصہ کی حکومت سپرد کرنا جسکے معنی یہ تھے کہ آیندہ سالہا سال تک کے لیے حکومت اُنکی مان رانی چندا (جو سازشین کیا کرتی تھین) اور لال سنگھ کے حوالے کردیجاے جو رانی پر ہر طرح سے حاوی تھا۔

رانی مان اور نابالغ لڑکا اور نالائق وزرا ان سب لوگون کو معلوم تھا کہ اُنکی بادشاہی محض برائے نام ہے

سنہ ۱۸۴۶ء کی سرحدی جنگ

کچھ انکو حکومت نہین ہے اور وہ بادشاہی بھی صرف خالصہ فوج کی بدولت ہے - یہ ایک فتنہ انگیز گرجوش اور متعصب سپاہ تھی جسکو یہ کچھ نہین معلوم تھا کہ کس مقام پر وار کرنا چاہیے - اُسکی تعداد تقریباً ۸۰ ہزار تھی جسکو فرانس اور اٹلی کے جزنون نے تعلیم دی تھی اور اُس زمانے مین جس طرح کا توپخانہ عمدہ سے عمدہ تیار ہوسکتا تھا اُسکے پاس موجود تھا - سردارون نے جیسا کہ مین ابھی بیان کرچکا ہون اپنی پُرطیش اور بیباک سپاہ کے اندیشہ سے بنظر حفاظت ذاتی انگریزون سے مخالفت اختیار کرلی تھی اور معرکہ ستلج کی تاریخ سے لیکر دو مہینے تک کے عرصے مین جو چار لڑائیان ہوین اُنسے اگر سپاہ خالصہ کو آخر مین یہ معلوم ہوا کہ اُنکا حریف اُنسے بھی زیادہ قوی ہے تو انگریزون پر بھی یہ ثابت ہوگیا کہ ابتک جن دشمنون سے انکو مقابلہ کرنا پڑا تھا اُنمین سکھون کے برابر کوئی نہین تھا - چنانچہ جان لارنس بیان کرتے ہین کہ ص ۲۱۳

جس طرح اس معرکہ کے قبل اور بعد ہم نے اور لڑائیون کو ابتدا مین حقیر سمجھکر شروع کیا تھا اسی طرح اس لڑائی کو بھی شروع کیا - لیکن ابھی جنگ شروع بھی نہ ہونے پائی تھی کہ ہم اپنے غنیم کا لوہا ماننے لگے اور ہم پر ثابت ہونے لگا کہ وہ نہایت بہادر مستقل مزاج اور خوفناک دشمن ہین اور اُنکے ایسے دشمن سے ہمکو ہندوستان مین کبھی مقابلہ نہین کرنا پڑا تھا ابتک تمام لڑائیون مین ہم یہی خیال کرتے آئے تھے کہ جسوقت غنیم سے مقابلہ ہوگا تو ہمکو ضرور فتح حاصل ہوگی گو ہماری تعداد کبھی کبھی بیشمار کیون نہو - لیکن اس معرکہ مین ہم نے دیکھا کہ سکھ لوگ ثابت قدمی سے اپنی توپون پر کھڑے ہوے جان ہی نہین دیا کیے بلکہ توپون کے چھن جانے کے بعد اُنکی پیادہ سپاہ بھی ہمت نہین ہاری اور ہم پر فتح حاصل کرنے کے عزم سے گرم پیکار رہی

باوصف ایسے ایسے بہادرون کی موجودگی کے جو فیروزشاہ اور سبراؤن کی لڑائیون کے فتح کرنے دار تھے سَر ہنری ہارڈنگ معقول شرطون پر صلح کرنے کے لیے رضامند ہوگئے - اُنکی آزادی اُنکے حوالے کی گئی صغیر سن مہاراجہ اور مہارانی کے اُتشا کے حقوق جنھون نے اس جنگ مین خالصہ فوج کے ساتھ اسطرح کی سازش کی تھی حسب ضابطہ تسلیم کیے گئے اور گورنمنٹ پنجاب متعینہ لاہور کی صریحی استدعا سے ایک انگلش رزیڈنٹ جسکی مدد کے لیے دس ہزار آدمی تعینات کیے گئے نو مہینے تک مقرر رہا - اُسکی خدمتین نہایت نازک تھین - ہنگامہ کا فرو کرنا مگر بڑی ہوئی فوج کے بیشمار آدمیون کو قتل کرنا درکنار کو اس امر کی مدد دینا کہ ناخوش رعایا کو خوش رکھ سکے اور بدانتظامی کے بدلے امن وامان قائم کرسکے گورنمنٹ سکھ کو سال کے ختم ہونے کے بعد اس قابل کردیتا کہ وہ اپنے بھروسہ پر قیام کرسکے اور اسطور پر سکھون کی بہادر قوم کو ایک مرتبہ پھر اپنی اصلاح کا موقع مل سکے یہ سب شریف کام رزیڈنٹ کے ذمہ عائد کیے گئے جسکا کوئی حصہ نہین تھا - یہ موقع اس صورت کے واسطے دیا گیا تھا جب سکھ لوگ نیک نیتی سے عمل کرین اور ہم کسی زیادہ مناسب موقع کے منتظر نہین تھے اور پھر ہمنے اعتدال کے ساتھ جو یہ معاملہ کیا تھا تو وہ کچھ ہماری حاجتون کے خیال سے نہین کیا گیا تھا اور

ان تمام باتون کی تعمیل ہونے کا بھروسہ صرف عہدہ رزیڈنٹ کے انتخاب پر کیا گیا تھا۔ اس کام کے لیے بہتر سے بہتر ہندوستان بھر مین جو شخص دستیاب ہوسکتا تھا اور جو افتادہ لوگون کا صرف انکی افتادگی کے لحاظ سے حامی تھا یعنی وہ شخص جو اپنی اولوالعزمی اور بہادری کے برابر حلم اور سمجھ بھی رکھتا تھا سَر ہنری ہارڈنگ کے حکم سے اس عہدہ پر مقرر ہونے کے لیے روانہ کیا گیا۔ اور اگر شہر تڑ آنے کسی حق شناس ہاتھ سے فتح ہوسکتا تھا اور کرنی ہندوستانی ریاست باوصف ہندوستانی ہونے کے بھی اس ایک طرح کے سرخ رنگ سے جو تمام جزیرہ ص ۳۴۳
نمانے ہندمین ہمالیہ سے لیکر اس کماری تک پھیلتا جاتا تھا بچ سکتی تھی تو وہ حق شناس ہاتھ سَر ہنری لارنس کا تھا
اُنھون نے فوراً دل لگاکر کام کرنا شروع کیا۔ دربار کی مرضی سے اُنھون نے سپاہ کی تعداد کم کردی۔ اُنمین سے بہتیرے سپاہیون کو ہماری فوج مین پھر بھرتی ہونے پر آمادہ کیا۔ جو لوگ مدتون سے اپنے سردارون کے ہاتھ سے مصیبتین اُٹھاتے آتے تھے اُنکی کینہ کشی کے خیال کو دور کیا اور لاہور مین گاؤکشی کا جو ہنگامہ ہوا تھا اُسکو فرو کیا۔ یہ معاملہ ایسا تھا جسمین ایک خوفناک بلوہ قائم ہوجاتا لیکن اُنھون نے صرف مجرم کی ایک جان ہلاک کرکے سارا جھگڑا فیصل کردیا۔ گاؤکشی کا مسئلہ جیسا کہ مین سابق کے ایک باب مین بیان کرچکا ہون ہندوستان کے منظمون کے لیے ایک اہم امر ہے۔ ایک دیسی رئیس نے کپتان اِنیسٹوک سے کہا تھا کہ "آپ انگریز لوگ جب تک گائے ذبح کرتے اور اُسکی کھال اُدھیڑتے رہینگے اُسوقت تک ہمارے آپ کے درمیان ہمیشہ ایک آہنی دیوار حائل رہے گی جو ہرگز ہٹ نہین سکتی"۔ اور اگرچہ سکھون نے اپنے ہندو مذہب کی بہت سی باتین چھوڑدی ہین لیکن اس مقدس جانور کی بزرگی اب تک اُنکے دلون مین اُسیطرح (اور شائد تمام چیزون سے زیادہ) باقی ہے۔ لیکن سَر ہنری لارنس جیسا کہ مین بیان کرآیا ہون کانگڑہ اور وہان سے شملہ کو قبل اسکے کہ وہ اپنا دشوار کام شروع کرتے طلب ہوگئے تھے اور اس لیے اُنکی غیر حاضری کے ایام مین یہ بار اُنکے بھائی جان کی چوڑی پشت پر پڑا جسکو اُنھون نے خوشی سے قبول کیا۔

اِس بات کے بیان کرنے مین جان لارنس کی کسیطرح سے سبکی متصور نہین ہے کہ رزیڈنٹی لاہور کا کام جسقدر سَر ہنری کے لیے موزون تھا اُسقدر جان لارنس کے لیے نہین تھا۔ یہان ہر طرف دیسی امیرون کا سابقہ تھا جنسے وہ بہت کم ہمدردی رکھتے تھے۔ اور شائد اُسکی وجہ کچھ تو یہ ہے کہ وہ اُنکے حالات ذرہ ذرہ جانتے اور اُنکو بخوبی پہچانتے تھے اور میرے نزدیک کچھ وجہ یہ بھی تھی کہ وہ ان دو قسم کی برائیون مین اپنے بھائی کے برابر بہت کم تمیز کرسکتے تھے یعنی ایک تو وہ جو ایسے انتظام کے لازمی اور ضروری نتیجے ہین جسکے باعث سے اُنکا ظہور ہوتا ہے اور ایک وہ جو خاص خاص شخص کی بدمعاشی کے سبب سے پیدا ہوتی ہین۔ بہرحال اُنکو بہت کم وثوق کے ساتھ اس بات کا اعتقاد تھا کہ ہندوستانی حکومت کے تحت مین ازسرنو کوئی خاطرخواہ

انتظام ہو سکیگا۔ پس اُنکی شائستگی کی یہی ایک بڑی بھاری بات ہے کہ جس امر کی طرف سے اُنکو یقین نہ تھا اُسکی تعمیل کے لیے اُنھون نے اپنے تئین مصروف کیا۔ ہنری لارنس کے ہاتھ مین جو کام بے انتہا نازک اور دشوار معلوم ہوتا وہ جان لارنس کے ہاتھ مین اور بھی زیادہ نازک اور دشوار اسوجہ سے معلوم ہوا کہ وہ اپنے بھائی کی قائم مقامی پر مقرر ہوے تھے اور اسلیے اُنکو لازم ہوا کہ جن جن باتون کے متعلق اُنکے اور ہنری کے خیالات مین اختلاف عظیم تھا اُنمین بھی وہ اپنے بھائی کے عام خیالات کی پیروی کرتے۔ پھر مسئلہ کچھ بہت دور نہ تھا اور ہنری لارنس اُس خبر کے ذریعہ سے جو اُنکا نائب اُنکے پاس برابر پہونچایا کرتا تھا ہر ایک ضروری امر مین جو بمقام لاہور کیا جاتا دست اندازی کر سکتے تھے۔ اور چونکہ انکو معلوم تھا کہ عام باتون مین میرے بھائی کی راے مجھسے مختلف ہے اس سبب سے وہ اُس صورت مین بھی اختلاف پر خردہ گیری کرنے کے لیے آمادہ رہتے تھے جب نہ وہ اختلاف مقصود ہوتا تھا اور نہ اُنکا وجود پایا جاتا تھا۔ پس منفرد اور متفرق ذمہ داریون مین جو عیوب ہوتے ہین وہ ان سب باتون کی وجہ سے اور بھی بڑھ گئے تھے۔ کیونکہ ہنری حرف گیری اور بطلان کے لیے ہمہ دم بہت نزدیک رہتے تھے مگر ضروری مشکل معاملات مین مدد دینے کے لیے اُسقدر نزدیک نہین رہتے تھے۔

ماہ اگست سے دسمبر ۱۸۴۶ء تک مین جان لارنس کی کارروائیون کو تین قسم کے خطوط کے ذریعہ سے دریافت کیا ہے اور یہ بات صرف اسی زمانے کی بابت مجھکو حاصل ہو سکتی ہے۔ اُنمین سے ہر قسم کی ایک چٹھی ہر ہر روز کی لکھی ہوئی ہے پہلی قسم کی چٹھیان سرکاری مراسلات سے شامل ہین جو بڑی احتیاط اور تفصیل کے ساتھ گورنمنٹ ہند کے نام لکھی گئی ہین۔ دوسری قسم کی چٹھیان نیم سرکاری ہین اور وہ اُنکے دوست سر فریڈرک کیرنی کے نام ہین۔ تیسری قسم کی چٹھیان خانگی ہین اور بڑی عجلت کی گھسیٹی ہوئی ہین۔ اُنمین طرز عبارت بلکہ قواعد صرف ونحو کا بھی خیال نہین کیا گیا ہے۔ اور یہ چٹھیان اُنکے بھائی ہنری کے نام ہین۔ چونکہ مجھکو اور بہت ضروری واقعات لکھنا ہین اس سبب سے مین بجز چند چٹھیون کے اقتباسات کے زیادہ نہین محول کر سکتا اور مین ان سب مین خانگی چٹھیون کو ترجیح دیتا ہون کیونکہ وہ بہت کم مجھکو دستیاب ہوی ہین اور جسقدر دستیاب ہوئی ہین تھوڑا تھوڑا سب کا ذکر کر سکتا ہون۔ تین چٹھیون کے اقتباسات ذیل مین درج کرتا ہون جنکے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ وہ اُنکے اس عہدہ پر پہونچنے کے ساتھ ہی ایک ایک کر کے تین دن مین لکھی گئی تھین۔ اُن چٹھیون سے صرف اُنکے ابتدائی خیالات مگر کمال تازگی کے ساتھ ظاہر ہوتے ہین اور اُنسے بہیئت مجموعی اُن خود غرض اور سازشی سردارون کی ایک صاف تصویر نمودار ہوتی ہے جو انگریزون سے مزید نفرت رکھنے کے ساتھ اُنمین بھی ایک دوسرے سے عداوت رکھتے تھے۔ اُن چٹھیون سے عیاش مہارانی اور اُسکے وزیر لال سنگھ کا احوال اور قائم مقام برزیڈنٹ کی اُن کوششون کی کیفیت ظاہر ہوتی ہے جو سپاہ کی باقی تنخواہ کے دلوانے

خزانہ کو ایک خاطر خواہ حالت پر پہونچانے اور اکین سلطنت مین رفاہ خلائق کا تصور ابہت خیال پیدا کرنے اور ملک کو پھر ایک مرتبہ اس بات کا موقع دلوانے مین کی گئی تھین کہ جسوقت ہماری فوج کی واپسی کا زمانہ آئے
ص ۲۱۶ تو وہ بذات خاص اپنے تئین سنبھال سکے۔ مجھکو اس مقام پر یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ ان تینون قسم کی چٹھیون کو بہیئت مجموعی دیکھنے سے جان لارنس کے اس غیر دلچسپ اور نامحسود کام مین مصروف ہونے کا حال جیسا کچھ ظاہر ہوگا وہ اُنکے اقتباسات سے گو کسی نہج پر کیون نہ کیے جائین ہرگز ظاہر نہین ہوسکتا۔ کیونکہ ان چٹھیون سے بخوبی تمام ذہن نشین ہو جائیگا کہ اُنھون نے کیسی مستعدی اور لیاقت ثابت قدمی اور تحمل اور اپنے بھائی کی خیر خواہی اور محض بے غرضی سے کام کیا۔ وہ چٹھیان یہ ہین۔

مقام لاہور ۲۶ اگست ۱۸۴۶ء

میرے پیارے ہال۔ مجھکو یہان کے حالات کا طولا ربیان کرنے کی بہت کم فرصت ہے۔ کام اسقدر ہے کہ مجھکو دن بھر اُس مین مشغول رہنا پڑتا ہے۔ اور گرمی کی وہ شدت ہے کہ جسقدر کام ہوسکتا ہے بس اُسیکو غنیمت سمجھنا ہون صورت حالات مین خموشی ہے۔ فوج مین قواعد و انتظام اسقدر بڑھا ہوا ہے کہ مین نے اپنی یاد مین شاید اُس سے زیادہ نہ دیکھا ہوگا اور شہر ایسا صاف اور آب و ہوا کے اعتبار سے موافق ہے کہ شائد ہندوستان کا کوئی شہر ویسا نہوگا۔ ہم روزمرہ سوار ہوکر نکلتے ہین لیکن جو سپاہ موقوف کردی گئی ہے اُسمین کا کوئی سپاہی ہمکو کبھی نہین ملا۔ مین نے سُنا ہے کہ وہ سب چپ چاپ اپنے گھرون مین بیٹھے ہین اور حقیقت مین بھی ایسا ہی ہے۔ مجھکو تو کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ ہماری فوج کے واپس چلے آنے کے بعد راجہ لال سنگھ اپنی سلطنت کو سنبھال نہ سکین۔ اور اگر وہ اُسمین قاصر رہے تو اُنکا خاص قصور ہے میرے نزدیک اگر وہ دیانتداری سے کارروائی کرین تو سردارون کو موافق کر لینے مین اُنکے واسطے کوئی دقت نہین ہے وہ وعدہ تو ہر ایک امر کا کرتے ہین لیکن میری راے مین وہ گورنمنٹ کی خواہش پر عمل کرنے کی فکر نہین کرتے اور اُسکی وجہ کچھ یہی نہین ہے کہ وہ لارڈ ہارڈنج کی مخالفت چاہتے ہون بلکہ اصل مین اُنکو مقصود یہ ہے کہ سردارون کے بارے مین وہ اُنتک جس حکمت عملی کا برتاؤ کرتے آئے ہین اُسکو قائم رکھ سکین۔ لوگ رانی سے واسطہ رکھنے کی وجہ سے اُنکو بہت ذلیل سمجھتے اور اُن سے نفرت بھی کرتے ہین لیکن مجھکو اس بات کا بھی یقین کلی نہین ہے کہ اُنکا جانشین عام اس سے کہ کوئی ہو زیادہ ہردل عزیز ہوگا۔ ظاہرا وہ میرے آنے سے بہت خائف معلوم ہوتے ہین اور مین نے بعض بعض رئیسون کو جو اپنی ملاقات کی اجازت دی تو اُس سے بھی اُنکو اندیشہ ہوا ہے۔ بااینہمہ اس سے اُنکو فائدہ پہونچیگا۔ جب تک وہ یہ بات کا اختیار رکھتے تھے یا اپنے دل مین سمجھتے تھے کہ مجھکو وہ اختیار حاصل ہے اُسوقت تک وہ اس زمانے کی نسبت لاپرواہی مین نے اُنسے بیان کیا کہ مین آپ کا سچا دوست ہون اور اگرچہ مین ہر شخص کی بات سننے پر آمادہ ہوگیا مگر اس امر پر آمادہ نہین ہون کہ جو کچھ سنون وہ سب قبول کر لون۔ اور سوائے اسکے جس بات کو مین سمجھون گا کہ وہ قابل اطمینان

نہین ہے اُسکو مین تم سے مخفی نہ رکھون گا۔ مہارانی بہت اچھی ہین۔ لوگ کہتے ہین کہ اب اُنکی نظر عنایت مہاراجہ پر تھی وہان محلسرا کے اور دو ملازمون پر مبذول ہوگئی ہے اور غالباً ان صغیرہ گناہون کی معافی کے لیے فقرا کے ساتھ بہت سلوک کیا کرتی ہین ۔

مقام لاہور مورخہ ۷ اگست

میرے پیارے ہال۔ یہانکے معاملات بدستور ہین۔ ارکان دربار کسیقدر اضطراب مین ہین اور آپسمین خفیہ صلاح ومشورہ کر رہے ہین۔ سنتے ہین کہ فی الحال راجہ کے چال چلن مین کچھ اصلاح ہوئی ہے علی الخصوص اُسوقت سے جب مین یہان داخل ہوا۔ لیکن سردار لوگ اُنکے بہت کم معترف ہین اور کہتے ہین کہ راجہ صرف ہماری وجہ سے ایسا کرتے ہین۔ بعض لوگ کہتے ہین کہ وہ ہماری فوج کے چلے جانے سے متاسف ہونگے کیونکہ اُس صورت مین اُن کا اختیار اور بھی کامل ہوجائیگا اور اُسوقت جو اُنکے دل مین آئیگا کر سکینگے۔ اسمین شک نہین کہ بعض اوقات وہ ہماری مداخلت کو نہایت ناخوشگوار سمجھتے ہین لیکن فی الجملہ مجھکو یقین ہے کہ وہ اور رانی بھی ہمارے چلے جانے سے ڈرتی ہین۔ سمجھے ہال۔ بڑے ہوشیار شخص ہیں۔ رنجور سنگھ کے ایک رفیق سے جسکو مین دو آبہ جالندھر مین رہنے کی وقت سے جانتا ہون کہ اُسپر رنجور سنگھ کو بڑا بھروسہ ہے دیر تک ملاقات رہی۔ اُسکا بیان ہے کہ تمام سردار لوگ لال سنگھ وزیر کے خلاف ہین مگر یہ کہ جب تک انگریز لوگ یہان رہینگے اُسوقت تک وہ کچھ نہ کرینگے اور اصل تو یہ ہے کہ جب انگریز لوگ چلے جائینگے تو بھی وہ کچھ نہ کرینگے کیونکہ اُنمین اور اُنکے ساتھ فوج کو بھی دوسری جنگ کا خوف ہے مگر یہ کہ وہ لال سنگھ سے نفرت کرتے ہین۔ مین نے اُس سے پوچھا کہ سردار لوگ آخر چاہتے کیا ہین وہ میرے پاس کیون نہین آتے اور اپنی شکایتون کا حال مجھسے کیون نہین کہتے۔ اُسکے جواب مین اُس نے کہا کہ اگر میرے لوگ ایسا کرین تو انگریزی فوج کے واپس روانہ ہوتے ہی لال سنگھ اُنسے انتقام لینے پر آمادہ ہوجائے۔ مین نے استفسار کیا کہ سردار لوگ کس بات سے خوش ہونگے۔ اگر اُنکا معاملہ اُنھین کی رائے پر چھوڑدیا جائے تو وہ کیا تجویز کرینگے۔ اُسنے کہا کہ جب تک مہاراجہ سن بلوغ کو پہونچکر آپ اپنا کام کرنے کے لائق نہین ہوتے اُسوقت تک سردار لوگ یہ چاہتے ہین کہ کوئی ایسا افسر مقرر ہو جو اُنکے اور وزیر کے درمیان متوسط ہو۔ وزیر کو اس بات کی اجازت نہ ملنے پائے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق جاگیرین دے دیکر قدیم سردارون کی بیخ کنی کرے اور سرکاری معاملات مین سرداران سے بھی مشورہ لیا جائے یہ نہین کہ جو کچھ وزیر چاہے بطور مالک خودمختار کر گزرے۔ اُسنے کہا کہ بحیثیت قومی سکھ لوگ لال سنگھ کی اطاعت نہ کرینگے اور اُنکے لوگون نے اچھا برتاؤ کیا تو یہ صرف انگریزون کا ڈر تھا۔ مین نے کہا یہ سب باتین تو بہت اچھی ہین لیکن سردار لوگ بھی تو ایک دوسرے سے برابر عداوت رکھتے ہین اور اگرچہ یہ ہوسکتا ہے کہ وہ وزیر کے برباد کرنے پر باہم متفق ہوجائین مگر جس شخص کو وہ خود مسند پر بیٹھائینگے اُسکے ساتھ بھی وہ اسی طرح کا برتاؤ کرینگے وزیر کا ہونا ہی لوگون کے ناپسند ہے۔ اُسنے کہا کہ اگر آپ ایک تحریر کو جسپر سرداروں کے دستخط ثبت ہین اور جسمین اُنھون نے اپنے خیالات ظاہر کیے ہین گورنمنٹ کے

ص ۲۱۰

پاس بھیجنے کو کہین تو مین وہ تحریر آپ کو دکھاؤن۔

میرے دل مین تو یہ بات آتی ہے کہ جسوقت فوج یہان سے جانے لگے تو بہتر ہوگا کہ (بشرطیکہ صاحب گورنر جنرل بہادر معترض نہون) تمام جاگیرون کی ایک فہرست مرتب کرلیجاے اور ہماری رضامندی سے ایک مرتبہ ہمیشہ کے لیے ہر ہر سردار کی جاگیر اُسقدر کم کردیجائے جہان تک ریاست کی ضرورتین اُنکی مقتضی ہون اور بعد اُسکے (۱) وزیر کو اجازت نہ رہے کہ وہ بغیر ہماری رضامندی کے مزید اراضیات ضبط کرسکے (۲) مہاراجہ کی نابالغی کے زمانے مین راج کی اراضیات کو منتقل نہ کرسکے اور اصل مین تو یہ ہونا چاہیے کہ وہ کسی طرح کی جاگیر نہ دے سکے۔ (۳) بعض بعض سردار جو سب سے زیادہ ذی عزت ہون تمام ضروری معاملات کے متعلق وزارت مین وزیر کے شریک کیے جائین تاکہ اُن پر سب کے سامنے بحث ہو اور اہم معاملات کے متعلق اصولاً کوئی تغیر و تبدل عمل مین نہ آنے پائے الا اُسوقت جب اکثر راے سے اُنکی منظوری ہوجائے۔ مین سمجھتا ہون کہ اس طرح کی بعض بعض باتون سے گورنمنٹ سکھ کو استحکام اور وقت ہوجائیگی۔ اگر وزرا معمولی طور کی مستعدی بھی ظاہر کرتے ہین تو کوئی وجہ نہین ہے کہ وہ معاملات کا بندوبست نہ کرسکین مگر اس پر بھی مجھکو اندیشہ ہے کہ وہ ناکام ہونگے۔ جب تک کوئی انگریز وزیر کی گردن پر سوار اور اُسکی ناک مین نکیل دیے رہیگا اُسوقت تک وزیر سیدھا چلا جائیگا لیکن ادھر وہ ہٹا اور اُدھر وزیر شتر بے مہار کی طرح غلط راہ کی جانب چلنے لگا۔

ص ۲۱۲ ۲۸ اگست

میرے پیارے ہالی۔ مین خوش ہون کہ آپ موت سے بچگئے گو اپنے علم مین مین نے کسی سے یہ نہین کہا کہ آپ مرنے والے تھے۔ یہان کے معاملات بالکل خاموشی کی حالت مین تو نہین مگر کسیقدر ساکت ہین۔ سردار لوگ لال سنگھ سے روز بروز برافروختہ ہوتے جاتے ہین۔ وہ بڑی حفاظتون سے باہر نکلتا ہے اور بغیر ہماری بدرقہ کے حرکت نہین کرتا۔ خود بھی ہتیار لگاے رہتا ہے۔ آج صبح کو وہ شالامار باغ مین ہمارے ساتھ تھا۔ اور مین نے دیکھا کہ اُسکی ڈاب مین ایک دو ضربہ تپنچہ لگا ہوا تھا جو تیار تھا اور ٹوپی چڑھی ہوئی تھی۔ اسپر بھی مین سمجھتا ہون کہ کسی نہ کسی روز وہ مارا جائیگا اور شاید پنجاب کے لیے یہ سب سے بہتر بات ہوگی۔ کیونکہ اس صورت مین سردار لوگ یا تو سردار لینا سنگھ یا چترسنگھ کو وزیر قرار دینگے۔ اور لال سنگھ صرف ہمارے ہی قوی بازو کے زور سے علیحدہ ہوسکتا ہے۔ اگر پنجاب مین وہ چھوڑدیا گیا تو اُسکی وجہ سے تمام ملک مین ناراضی پھیل جائیگی اور رانی اُسکو کسی طرح سے نہ چھوڑیگی۔ اس روز پھر دو بدل ہوئی تھی جسمین رانی نے کہا کہ مین دنیا بھر مین تمھارے ساتھ پھرون گی مگر تمکو نہ چھوڑون گی۔ وہ ایک بڑا کاذب مگر اُسمین بھی لیاقت کا آدمی ہے۔ اگر کوئی شخص صرف اتنی بات پر اُسکو آمادہ کرے کہ وہ واجبی طور سے کارروائی کیا کرے تو پھر تمام مزاحمون کو وہ دور کرسکتا ہے۔ مین نے آج دیکھا کہ اُسنے جنرل رام سنگھ پر بڑی توجہ کی۔ یہ شخص لیاقت اور کارگذاری دکھانے مین

استعداد رکھتا ہے اگر اسطرح کے چند سکھ سپاہی بھی اسکے قریب جمع ہو گئے تو اسکی حالت بہت کچھ بدل دینگے۔ لیکن آپ اُن باتون پر خوب غور کرینگے جو کل مین نے وزیر کے اختیارات محدود کرنے کے بارے مین لکھی تھین۔ بغیر اسکے کہ اسکے اختیارات محدود کیے جائین اُسکا قیام دشوار ہے۔

مین سَر جان لِنٹلر کو بہت پسند کرتا ہون۔ وہ فوج سے خوب قواعد لیتے ہین اور خود بھی الگ بہت اچھے شخص ہین۔ مین نہین سمجھتا کہ مین نے ہندوستانی سپاہیون کے ساتھ کبھی ایسا عمدہ سلوک ہوتے دیکھا ہو جیسا وہ کرتے ہین۔ اگر بعد کو لڑائی ہوئی تو ہمکو وقت کم ہوگی۔ ہماری فرمانروائی کے بارے مین پیشتر یہان کے لوگ جو رائے رکھتے تھے اب وہ بدل گئی۔ یہ بڑی خرابی کی بات ہے کہ جب ہم کسی ملک پر قبضہ کرتے ہین تو وہان کے معاملات خوب درست رہتے ہین کیونکہ ملک کے لوگ دیکھتے ہین کہ نئی سلطنت ہونے سے بڑے فائدے پہونچتے ہین اور اس سبب سے وہ خوش رہتے ہین۔ لیکن جسوقت وہ لوگ مرکھپ جاتے ہین یا پرانے زمانے کی وقت اور بدعملی کو بھول جاتے ہین تو پھر ذرا ذرا سی باتون مین ہمارے انتظام سے مکدر اور ناراض ہونے لگتے ہین جالندھر کے معاملات بخوبی طے ہوتے جاتے ہین۔ میرے نزدیک کنٹ صاحب اور لِنگ صاحب اچھے افسر نکلینگے۔ ــــ صاحب سے ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ مشقت کی روٹی کھائین۔ بوڑھے طوطے تھوڑا ہی پڑھتے ہین۔ پیاری ننھی بی بی کے خبرگیران رہیے گا۔

اسکے چند روز بعد جب جان لارنس نے دیکھا کہ ملک مذکور کو اُسکے حال پر چھوڑ دینے کی دقتین روز بروز بڑھتی ہی جاتی ہین تو رفتہ رفتہ اُنکے دل مین یہ خیال پیدا ہوا کہ جب تک خرد سال مہاراجہ سن بلوغ کو نہ پہونچین اُسوقت تک ملک کا انتظام ہم لوگون کے اختیار مین رہنا بہتر ہے۔ چنانچہ ایک چٹھی مین وہ لکھتے ہین کہ

۸۔ ستمبر۔

مجھکو یقین ہے کہ اگر ہم نے ملک چھوڑ دیا تو یہان کے معاملات سنبھل نہ سکین گے۔ جہانتک مین اپنے طور پر دیکھ سکتا ہون وہانتک مجھکو یہی امر صائب اور قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ ملک چیفسبرنی کے سپرد کیا جائے یعنی یہ کہ مہاراجہ کے سن بلوغ کو پہونچنے تک اُنکے ملک کا انتظام ہمارے ہاتھ رہے مجھکو یقین ہے کہ سردار لوگ اس امر مین اتفاق کرینگے۔ ص۲۱۹

دوسری چٹھیون مین جس آزادی سے اُنھون نے اُس دغابازی کا حال بیان کیا جو اُن کے گرد و پیش ہو رہی تھی اور جس آزادی کے ساتھ اُسکی نسبت اپنی رائے ظاہر کی اُس سے کسیقدر اُنکے بھائی اور شائد بھائی سے بھی زیادہ بالادست حکام کو ناراضی ہوئی اور وہ اسطور پر اپنی برارت کرتے ہین

۱۳ ستمبر۔

میرے پیارے ہال۔ اڈورڈس صاحب آج بمبکو روانہ ہوتے ہین اور پندرھوین تک جمون مین پہونچ جائینگے۔ مجھکو امید ہے کہ لمنڈن صاحب دو ایک روز کے عرصہ مین واپس آجائینگے کیونکہ شہر کے صیغہ متفرقات کا کام اسقدر ہے جسکے انجام کرنے مین ایک آدمی کا پورا وقت درکار ہے۔ مین نے آج ایک مختصر چٹھی گوزفنٹ کو لکھی ہے۔ مین نے حتی الامکان رائین بہت کم دین۔ باایہمہ اکثر واقعات لفظی اعتبار سے بمنزلہ رایون کے ہین اور یہ رائین بھی غیر لوگون کی ہین۔ مین نے اپنی سب چٹھیان دیکھین اور اُنسے کوئی بڑا بھاری اختلاف نہین پیدا ہوتا سوائے اُسکے جو ملکی معاملات پر راے دینے مین کسی شخص کے لیے مستثنی کیے جاسکتے ہین۔ بے حاشیہ چھوڑے ہوے تو نقشہ کا بنانا ذرا مشکل امر ہے۔ مین نے بیان کیا تھا کہ میرے نزدیک راجہ کے لیے سب سے بھاری وقت یہ ہے کہ سردار لوگ رضامند رکھے جائین اور اگر اس امر کا وہ بندوبست کر سکین تو تمام معاملات سنبھل جائین۔ وہی راے میری اسوقت بھی ہے۔ لیکن اُنسے سردارون کو رضامند نہین کیا اور زیادہ خرابی کی بات یہ ہے کہ دوسرے امور کے متعلق جو کچھ وہ کر سکتا تھا وہ بھی نہین کیا۔ اب مجھکو کلی یقین ہے کہ اسکو ناکامی ہوگی لیکن اسکی یہ ناکامی اسی کے قصورون سے ظہور مین آئیگی خارجی اسباب کو اس سے کچھ تعلق نہوگا۔ بعض باتون کے اعتبار سے تو وہ عمدہ کارروائی کرنے کا بڑا خواہشمند ہے لیکن اُسکا طریقہ غلط ہے اور باوجود اسکے کہ دلائل کے ساتھ نصیحتون پر لحاظ کرے وہ محض جھوٹ بولتا ہے۔ شتر مرغ کی طرح اُسکا بھی یہی خیال ہے کہ اگر سر چھپ جائے تو اُسکے نزدیک سارا جسم چھپ جائیگا۔ چنانچہ اُسکا خیال یہ ہے کہ اگر ہم لوگون کو اسکی کارروائی کا حال معلوم نہوگا تو سب طرح سے بہتری ہوگی۔ مین قیاس کرتا ہون کہ یہ کشمیر کا مسئلہ گوزفنٹ کی حکمت عملی پنجاب کو منقلب کردیگا۔ مالگزاری کے نقشہ جات جو آج آئے ہین وہ قابل اطمینان ہین۔ بیس لاکھ روپیہ مجھکو وصول ہو چکا۔ آیندہ ایک ہفتہ کے اندر سب مالگزاری وصول ہو جائیگی۔

اگر ملک پر قبضہ کرلینا ضرور معلوم ہوا تو دیوان مولراج سے علیحدہ بندوبست کرکے اسکو اپنی ماتحتی مین بحیثیت دیوان بحال رکھنا ایک عمدہ تدبیر ہوگی۔ وہ سکھون کو اکیس لاکھ روپیہ دیتا ہے اور ایک بڑی بھاری فوج قائم رکھے ہوے ہے۔ اس ملک کے تفصیلوار نقشجات ہمکو دستیاب نہین ہوسکتے کیونکہ کبھی نقشے تیار ہی نہین کیے گئے بیان کیا گیا ہے کہ اقل درجہ چالیس لاکھ روپیہ وصول ہوتا ہے۔ مین سمجھتا ہون کہ جب جواہر سنگھ مارا گیا تھا تو اُس زمانے مین دیوان بائیس لاکھ دینے پر رضامند ہوا تھا۔ اگر ہم پنجاب کو لے لین تو میرے نزدیک اس قسم کے بندوبست سے معاملات سلجھ جائینگے۔ مین اس حکمت عملی کی صلاح نہین دیتا ہون بلکہ میری راے اسکے بالکل برعکس ہے مین صرف اس امر کو سوچ رہا ہون کہ ویسا کرنے کی حالت مین ہلوگ کیا انتظام کرسکینگے۔ مجھکو ابتک محنت شاقہ کرنا صفحہ ۲۲ پڑتی ہے۔ ہر روز دس گھنٹہ تک برابر کرسی سے سر کنے کی مہلت نہین ملتی۔ میری سمجھ مین درحقیقت یہ نہین آتا کہ

اگر خبر گیری کے لیے ہین نہوتا تو اُس ملک کی کیا گت ہوتی۔

جس صفائی اور قابلیت کے ساتھ جان لارنس نے اپنے خیالات ان باتون اور اسیطرح کے دوسرے معاملات کے متعلق گورنمنٹ کی خدمت مین پیش کیے اور جس مدبرانہ واقفیت کے ساتھ اُس زمانے مین بھی وہ معاملات بتا دئے جو ایک دن نہایت ہی اہم ثابت ہونیوالے تھے اور جن کے حل کرنے کی پوری جوابدہی اُنھین پر آنے والی تھی ایک طول طویل اور فصیح و بلیغ مراسلہ مورخہ ۱۱ ستمبر کے مندرجہ ذیل اقتباس سے ظاہر ہو جائیگی۔

چونکہ مجھکو یہ یقین معلوم ہے کہ گورنمنٹ اگر لاہور سے اپنی فوج واپس طلب کرلے گی یا وہان قائم رکھے گی تو ان دونون باتون کا نتیجہ کیا ہوگا اس سبب سے شاید اُسکے بارے مین کوئی چارۂ کار بتانا میرے حد اختیار منصبی سے خارج ہے پس اس بات کا الزام گوارا کرکے مین عالیجناب گورنر جنرل بہادر کو صلاح دیتا ہون کہ گورنمنٹ کے لیے مصلحت اسی مین ہے کہ جب تک مہاراجہ سن بلوغ کو نہ پہونچین اُسوقت تک کے لیے دلایتاً گورنمنٹ ملک کو اپنے انتظام مین داخل کرلے۔ مین کہ سکتا ہون کہ بدعملی پھیلانے کے لیے اس ملک کو چھوڑ دینا ہرگز قرین مصلحت اور جائز نہین ہے اور مین خیال کرتا ہون کہ اگر ہلوگ خود ملک کو لے لینگے تو عوام پنجاب جو قوی خیال رکھتے ہین اُسکو پسند نہ کرینگے۔ اسمین شک نہین کہ جن لوگون کو ہماری فرمانروائی کے فوائد معلوم ہین اور جو لوگ حفاظت جان و مال کو عزیز جانتے ہین کامل مذہبی اعتدال اور ترقی تجارت و زراعت کے قدردان ہین وہ ضرور خوش ہونگے لیکن ذی اختیار اشخاص کے گروہ مین ایسے بہت لوگ ہین جو ہماری فرمانروائی کے مخالف ہین۔ اس قسم کے اشخاص مین سردار اور بڑے بڑے جاگیردار اور ہندوون اور مسلمانون کے علما اور خاص کرکے نوکری پیشہ لوگ داخل ہین۔ اُنکے لیے ہمارے انتظام مین کوئی وجہ معیشت پیدا نہین ہوتی یا اُنکو جس طریقے سے وہ چاہتے ہین اُس طریقے سے نہین ملتی۔

میرے نزدیک ہلوگون کا قیام صرف اس بات پر منحصر ہے کہ ایک ملک کے دیسی رئیسون کا رعب و اختیار رفتہ رفتہ کم کردین اور جب اُنکو دوامی جاگیر بھی عطا کرین تو اُن لوگون کو جو کبھی کسی قانون کے پابند نہین رہے اور ہمیشہ اپنی خوشی اور مرضی کے مطابق عمل کرتے رہے قواعد و قوانین کا پابند کردین۔ دیسی انتظام کے بموجب ہر ایک جاگیردار ایک چھوٹا بادشاہ ہے جو جان چھوڑ دینے اور جان لینے کا اختیار رکھتا ہے۔ وہ مالگزاری وصول کرتا ہے محصول لگاتا ہے۔ فیصلہ مقدمات کے لیے کچہری کرتا ہے مختصر یہ کہ قدیم زمانہ کا بیرن ہوتا ہے۔ جب تک وہ دربار سے رسم و راہ قائم رکھ سکتا ہے یا اُس سے مخالفت کرسکتا ہے اُسوقت تک اُس پر دنیا کے کسی شخص کی کوئی جوابدہی نہین رہتی۔ لیکن ہماری حکومت مین یہ سب باتین بدل جاتی ہین وہ صرف قانون کی رو سے مالگزاری وصول کرسکتا ہے اپنی رعایا کے چوپائے یا اطفال گرفتار کرنے سے ممنوع رکھا جاتا ہے

حل ۳۱

اور جن افعال کے لیے کچھ مدت پیشتر وہ معفو تھا اور انکا ارتکاب کرتا تھا اب انکے لیے ماخوذ کیا جاتا ہے اور سزایاب ہوتا ہے۔ پس ایسا شخص کیونکر ہماری عملداری سے رضامند ہوسکتا ہے۔ وہ نہ ہماری ملازمت کی قابلیت رکھتا ہے اور نہ اُسکو ہماری نوکری کرنے کی آرزو ہوتی ہے۔ اُسکا شغل گیا گذرا ہوا اور اب نئے شغل کے سیکھنے کا یا تو سن نہین رکھتا یا کاہل سے نہین سیکھتا ہے۔ غیر قواعد دان سوارون اور پیدلون کے بڑے بڑے گروہ بے روزگار پڑے ہوے ہین اور بڑے لوگون کی جمعیت بڑھاتے جاتے ہین۔ اہل قلم تک شاکی ہین۔ دیسی حکومت کے زمانے مین جو بیشمار دولت اُنھون نے جمع کی تھی اب ہماری عملداری مین وہ نہین جمع ہوسکتی ہے۔ تحصیلدار ضلع یا کسی دفتر حسابی کا مہر جو ہماری عملداری مین مستعدی اور جانفشانی کرکے بیس روپیہ سے لیکر ۲۰۰ روپیہ ماہوار تک ترقی کرسکتا ہے وہ پنجاب مین بشرطیکہ تیز چالاک آدمی ہو لکھو کھا روپیہ جمع کرسکتا ہے۔ امام الدین نے جو اسوقت کشمیر کا حاکم ہے دس برس کے عرصے مین ایک کرور روپیہ جمع کرلیا ہے۔ اس شخص کا باپ جب پہلے پہل کام کرنے لگا تھا تو اسکے پاس ایک جبہ بھی نہ تھا۔ ... جن لوگون کو ہماری حکومت سے بے انتہا فائدہ پہنچا ہے وہ بھی ہماری حکومت سے خوش نہین ہین۔ وہ پیشتر کی خرابیون کو بھول جاتے ہین اور موجودہ زمانے کی خفیف باتون پر لحاظ کرتے ہین۔ سوداگر اور مہاجن لوگ جو ہماری حکومت مین بہت جلد روپیہ پیدا اور کامیابی حاصل کرتے ہین اور جنکی نسبت کہا جاسکتا ہے کہ آپکر کسی طرح کا محصول نہین لگتا وہ بھی اکثر نہایت ہی خفیف باتون اور بالکل بیوجہ امور مین چنگھاڑ چنگھاڑ کر شکایت کرنے لگتے ہین۔ مین نے یہ باتین اسوجہ سے بیان کی ہین کہ مبادا اہلوگ اُس خیال کی ترغیب مین نہ آجائین جو بالیقین میرے نزدیک پنجاب کے اکثر درجہ کے لوگون مین عموماً اس امر کے مفید مطلب پایا جاتا ہے کہ ہلوگ اس ملک کی حکومت اپنے اختیار مین کرلین

یومًا فیومًا بڑے بڑے سردار جان لارنس کی ملاقات کو آنے لگے اُنمین سے ہر شخص کے دل مین وزیر کی طرف سے اور بلکہ اپنے اکثر ہمجنس سردارون کی جانب سے بھی عناد ہوتا تھا اور ہر شخص خود غرضی سے یہی چاہتا تھا کہ میرا کام نکلے۔ ضلع دہلی مین دیسی اشخاص سے جان لارنس جو ضبط و ربط رکھ چکے تھے اُس سے اُنکو بڑا تجربہ حاصل ہوگیا تھا۔ اسوجہ سے وہ نیک و بد مین تمیز کرکے اصل اصل باتین چن لیتے تھے اور اُن باتون کے ذریعہ سے گورنمنٹ لاہور کی اذیت دہ حکمت عملی اور اُن تمام مقتضائے حقوق کا جو دربار مین ظاہر کیے جاتے تھے حال دریافت کرلیتے تھے۔ وہ دغابازون کے ساتھ اُنکے جواب مین دغابازی نہین کرتے تھے بلکہ راستبازی کا برتاؤ کرتے تھے۔ یہی برتاؤ اُنھون نے ہمیشہ کیا چنانچہ بعد اُس زمانے کے گلاپو صاحب نے اُدمی چند کے ساتھ جو ناشدنی عہد و پیمان کیے اُن سے لیکر لارنس کے عہد و پیمان کے زمانے تک جو امیر شیر علی سے کیے گئے تھے ہندوستانیون کے ساتھ برتاؤ کرنے مین ہم نے دورنگی کے بدلے راستبازی اور ملکی وکالت کے بدلے مدبری ہی پر عمل کیا اور جہان کہین یہ برتاؤ

کیا گیا آخر مین اُس سے عمدہ ترین حکمت عملی پایۂ ثبوت کو پہونچی۔

جان لارنس کی چٹھیات موسومہ گورنمنٹ گویا لاہور کے ہر ہر مشہور سکھ سردار کی تصویرون کا ایک تصویر خانہ ہین۔ طوالت کے خوف سے مین اس مقام پر انکو درج نہین کر سکتا۔ جسوقت مہاراجہ رنجیت سنگھ بیمار کی تمام عیاشیون سے کنارہ کش ہوگیا تھا اور سازشون کا بانی مبانی تھا جان لارنس کی ملاقات کو آیا تو اسکو اس بات کے معلوم ہونے سے کمال حیرت ہوئی کہ ان باتون سے جان لارنس اُسی کے برابر واقف تھے۔ یہ تو بنی حدادا ور الیشا کا قصہ ہوا۔ بادشاہ شام کے رفقا جب حیران ہوے تو انھون نے اپنے مالک سے کہا کہ "پیغمبر بنی اسرائیل بادشاہ بنی اسرائیل سے وہ باتین بتا دیتا ہے جو تو اپنی خوابگاہ مین بیان کرتا ہے"۔ وزیر نے جواب ملازمون سے دریافت کیا کہ جان لارنس کو ہر ہر بات کی خبر کیونکر پہونچ جاتی ہے محض بیہودہ تھا۔ اس زمانے کے بارہ برس پیشتر اپنی پت کے تمام لوگ بیساختہ یہی کہا کرتے تھے کہ "جان لارنس سب جانتا ہے" اور ملازمان دربار لاہور بھی اپنے سرا سیمہ مالک سے سوائے اسکے اور کچھ جواب نہ دے سکے کہ "جان لارنس سب جانتا ہے"۔

اُنکی چٹھیون کے چند مختصر اقتباسات اس غرض سے مین درج ذیل کرتا ہون کہ دربار کے اندر اور باہر کی کارروائیون سے جان لارنس کے واقف ہونے کی نسبت جو کچھ مین نے اوپر بیان کیا ہے وہ بخوبی سمجھ مین آجائے۔ مہارانی اور لال سنگھ کے درمیان جو انکا آشنا تھا روز لڑائی اور روز ملاپ ہوا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ اس قیاسی قصور پر کہ لال سنگھ نے خبر نہین لی مہارانی کو نہایت غصہ آگیا۔

انھون نے ایک لیٹا پانی سے بھری ہوی اُٹھائی اور اسکو وزیر کے سر پر دے مارا۔ منگلا نامی بڑھیا نے شور و غل سُنکر اور اس امر کی ناواقفیت سے کہ اصل سبب کیا تھا اور لوگونکو خبر کر دی اور جسوقت مکان کی دوسری عورتین دوڑی ہوی آئین تو انھون نے دیکھا کہ راجہ اپنا ٹوٹا سر لیے ہوے محل سے چپکے چپکے بھاگا جاتا ہے۔ اُس روز وہ بہت مغموم تھا اور کھانا نہین کھایا یا اینہمہ اب سب باتین گئی گذری ہوگئین۔ ..... کل ایک افغان نے ایک خفیف جھگڑے مین شہر کی ایک عورت کو زخمی کیا۔ اسکے بعد ایک درزی کو جو اسکے پکڑنے کے لیے گیا تھا زخم پہونچایا اور بعد اسکے اپنے تئین زخمی کیا۔ اب وہ مرگیا۔ باقی دونون آدمیون کے بھی بچنے کی کوئی امید نہین ہے ..... راجہ بنسبت اور امور متعلقہ رفاہ خلائق کے اس طرح کی بدمعاشیون مین زیادہ متوجہ رہتا ہے۔ پنجاب بھر مین سوائے مہارانی کے کوئی شخص اسکی تائید نہ کریگا اور مہارانی بھی اپنی صائب تر رائے کے خلاف ایسا کرینگے۔ مجملاً اک ایک یہ خبر سُنی گئی ہے کہ دسہرہ کے روز مہارانی کے سارے بدن کو لال سنگھ نے گلاب سے تر کیا۔ یہان کے لوگون کا خیال ہے کہ راجہ مذکور ہمارا بنایا ہوا ہے۔ مین نے لوگون سے بارہا وہی الفاظ کہے جو آپ کی چٹھی مین درج تھے یعنی یہ کہ

ص ۲۲۲ سلسلہ سکھ اور راجہ رنجیت سنگھ کی سوانح عمری کا ایک جزو ہے جو کہ ہندوستان کے ایک مشہور مدبر اور ایجنٹ گورنر جنرل کے ایجنٹ کی تحریر سے ہے جو کہ ایک عرصہ تک دربار لاہور مین رہا ہے اور جسکو دربار کے اندرونی حالات سے اچھی طرح واقفیت ہوگی۔ ترجمہ

ہم نے اُسکو صرف اسوجہ سے مقرر کیا کہ اُسکو مہارانی نے منتخب کیا تھا۔ مجھکو یقین ہے کہ راجہ کو اسقدر خوف کسی سے نہین ہے جسقدر میری طرف سے ہے اور اُس پر بھی مین دیکھتا ہون کہ مین کچھ نہین کر سکتا۔۔۔۔ کل مین بھائی رام سنگھ کے جنازے کے ساتھ گیا تھا اور جہان وہ جلایا گیا تھا وہان جاکر شریک ہوا۔ لوگ کہتے ہین کہ وہ پچاس لاکھ روپیہ چھوڑ کر مرا ہے۔ اسمین کا ایک بڑا حصہ لڑائیون کے شروع ہونے کے پیشتر بنارس کو بھیجدیا گیا تھا۔ ایسے موقعون پر یہان کا دستور ہے کہ لاش کو کشمیری دوشالون مین لپیٹتے ہین اور وہ بھی لاش کے ساتھ جلا دیے جاتے ہین۔ جسقدر دوشالے لاش کے لیے درکار تھے اُسقدر متوفی کی ازواج اور ورثا مین سے کسی نے مہیا نہ کیے حالانکہ بیان کیا گیا ہے کہ متوفی کئی سو دوشالے چھوڑ کر مرا ہے۔ آخر کو تین دوشالے راجہ نے ایک دوشالہ دیوان مولراج نے اور تین پرانے دوشالے متوفی کے گھر والون نے دیے۔ یہ عزت اور ایمان کھوکر دولت جمع کرنے کا نتیجہ ہے کہ اُسکے حریص ورثا تجہیز و تکفین کے لیے اتنی بے حقیقت شے کا دینا بھی گوارا نہ کر سکے۔۔۔۔ جس دن مولراج نے بج کی ملاقات کرنے کی اجازت حاصل کی تھی اُس روز اصالتاً وہ نذر دینے کو کھی جو پہلے اُسنے وکالتاً دینا چاہی تھی۔ مین نے اُس سے کہا کہ صاحب لوگ رشوت یا نذر نہین لیتے ہین۔ ظاہرا اُس سے اُسکو بڑا تعجب گزرا اور اُسنے کسیقدر طنز کے ساتھ مجھسے پوچھا کہ کیا صاحب لوگون مین سے کوئی بھی ایسا نہین کرتا ہے۔ مین نے جواب دیا کہ کمین سو مین ایک اور وہ ایک شخص اس قابل نہین ہے جسکو رشوت دیجائے کیونکہ اُسپر چاہے جسقدر بھروسہ کیا جائے مگر اُسکا نہ تو کچھ اختیار اور نہ وقعت ہوتی ہے"۔ ظاہرا یہ سنکر وہ بہت متحیر ہوا اور مجھسے کہا کہ اب تک تو مین نے آپ لوگون سے بہت کم واسطہ رکھا مگر آیندہ مین آپ لوگون کا سچا دوست رہون گا اور جو کچھ حکم ہوگا اُسکی تعمیل کرنے پر مستعد رہونگا۔

اپنی روزمرہ کی ملاقاتون اور غور و فکر بلیغ سے جان لارنس نے جو عام نتیجہ نکالا تھا وہ قابل تسلیم یا لائق اعتماد ہی نہین تھا بلکہ بالکل صحیح تھا۔ اور وہ نتیجہ اُنھون نے یہ نکالا تھا کہ "میری رائے مین یہان کے کسی شخص یا کسی جماعت پر ذرا بھی اعتماد نہ کرنا چاہیے۔ یہان صداقت اور ایمانداری کسی مین نام کو بھی نہین پائی جاتی۔ ہر شخص بس اسی امر پر تیار رہتا ہے کہ اپنے ہمسایہ کے خلاف فساد اور سازش کرکے اُسکو زک پہونچاے یہ لوگ ہر طرح کی قسم کھائینگے ہر ایک قول و اقرار کو مان لینگے مگر سب کچھ اس بات کے لیے کرینگے کہ دغابازی کرنے کا اور زیادہ موقع ملجائے"۔

اُدھر تو خاص پنجاب مین ناراضی پھیلنے کے یہ پرانے اور روز افزون اسباب موجود تھے۔ اور ایک نامنصفانہ بندوبست۔ کے ذریعہ سے ملک کشمیر اور اُسکے بدقسمت باشندے اپنی مرضی کے خلاف گویا یہ تصور ہوکر کہ وہ محض لکڑی کے کندے تھے گلاب سنگھ کے نام منتقل ہونے والا تھا۔ گلاب سنگھ ایک دوگرا راجپوت تھا جسکو اہالیان کشمیر سے کسیطرح کا تعلق نہین تھا۔ یہ انتظام صفائی کے ساتھ عمل مین آنے والا نہین معلوم ہوتا تھا اور اُس سے اندیشہ تھا کہ کسی نہ کسی وقت خطرناک فوجی کارروایتون مین ہمکو گون کو مصروف ہونا پڑے گا۔

ص ۲۲

پھر ادھر امام الدین اور گلاب سنگھ کے مابین عرصہ سے جھگڑا چلا آتا تھا۔ امام الدین اُس زمانے مین دربار لاہور کے ماتحت کشمیر کا فرمانروا تھا اور گلاب سنگھ وہ شخص تھا جسکو اصل مین ہم نے اُسکی جگہ مقرر کرنے کی ذمہ داری کی تھی امام الدین نے ایسے نفع کے عہدہ کو کسی دوسرے شخص علی الخصوص اپنے باطنی عدو کے لیے چھوڑنا گوارا نہ کیا اور جیسا کہ بعد کو معلوم ہوا لال سنگھ نے بھی اُسکو تقویت دی جو اس انتظام مین شریک تھا۔ پس ان سب باتون کے زور پر امام الدین نے احکام دربار کی تعمیل سے انکار کیا اور ایک اعلیٰ افسر جو اُسکے اختیار سے ملک کو نکالکر اپنے انتظام مین رکھنے کے لیے گیا تھا اُسکو امام الدین نے مار ڈالا اور اُسکی فوج کو ہٹا دیا۔ ص ۲۲۴

لارڈ ہارڈنگ نے اس عہد شکنی کے فعل سے برافروختہ ہوکر اور اس بات کا اندیشہ کرکے کہ آخر مین اس کا نتیجہ کیا ہوگا بتوسط جان لارنس دربار کے نام تاکیدی حکم بھیجا کہ وہ امام الدین کو خارج کرکے اپنے عہد و پیمان کی تعمیل کرے۔ دربار نے پہلے تو یہ حیلہ و حوالہ کیا کہ یہ سب قصہ غلط ہے۔ اُسکے بعد اور عذر و معذرت کرکے اس بات کی کوشش کی کہ جہانتک ممکن ہو یہ بات ٹال دیجائے۔ لیکن جان لارنس نے ثابت قدمی کی اور دربار کو اُس بات پر مجبور کیا جو بالطبع اُس کو ناگوار تھی۔ چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ "پنج سنگھ نے کوچ کرنے مین بڑی سستی کی۔ اور مین خیال کرتا ہون کہ وہ بڑا بزدل ہے۔ اگر ہلوگون نے تاکید نہ کی ہوتی تو وہ ایک انچ آگے نہ بڑھتا۔ مین نے جاکر اُسکو تسلی دی اور اُس سے کہا کہ اگر تم ذرا بھی محنت کروگے تو تمھارا بڑا نام ہوگا اور ہماری خوشنودی ہوگی"۔

آخر کو سات ہزار سکھ ایک جگہ جمع ہوے اور جان لارنس کی آنکھون کے سامنے دریاے راوی کے اُس پار اُتارے گئے جان لارنس ۲۔ اکتوبر کو لکھتے ہین کہ

میرے سامنے ساری فوج آج صبح کو دریا پار اُتاری گئی۔ سکھ لوگ ہم لوگون کی نسبت اپنی فوج زیادہ آسانی کے ساتھ دریا پار اُتارنا جانتے ہین۔ سپاہی تو خیر بہت کچھ ثابت قدمی کے ساتھ روانہ ہوے لیکن سردارون کو البتہ ڈھکیل ڈھکیل کر شہر سے نکالنا پڑا۔ سپاہیون نے بہت عمدہ برتاو کیا۔ اُنکی طرف سے مجھکو ذرا بھی دقت نہین پڑی۔ مگر سردارون نے اُسیقدر بُرائی کی۔ ایسے کمبخت لوگ مین نے کبھی نہین دیکھے۔ رنجور سنگھ اور دو ایک آدمی اور ابھی تک روانہ نہین ہوے۔ وہ ساعت ہی بچا رہے ہین اور مین ہر روز دو مرتبہ ایک سوار اُنکے یہان بھیجتا ہون کہ ابھی تک ساعت بنی یا نہین۔

لیکن فوجی حرکتون کو دیکھکر جیسا کہ ہمیشہ ہوتا آیا تھا جان کے دل مین پھر ولولہ جنگ و جدل پیدا ہوآیا۔ پرانی اولوالعزمی جسکو اُنکی بہن اور اتفاقات زمانہ نے خاموش کر دیا تھا اتنی قوت کے ساتھ اُنمین موجود تھی اور اُسکے بارے مین اُنھون نے اپنے دوست کرنی کو اپنے یہ خیالات ظاہر کیے۔

۴۔ اکتوبر۔

اگر گورنمنٹ کی مرضی ہوتی تو مین بڑی خوشی سے سیالکوٹ کو پنج سنگھ کے ساتھ جاتا۔ اس سے بہتر مجھکو اور کچھ نہین معلوم

ہوتا - کاشکے گمان بھکو بھاتی تو مین بات کتے شیخ جی کا فیصلہ کر دیتا - لیکن لارڈ ہارڈنگ کو شاید یہ خیال ہوگا کہ سپاہ گری میرا کام نہین ہے اور شائد میرے لیے یہی بہتر ہے کہ یہان مقیم رہون اور دربار مین امن و امان قائم رکھون - جب تک ہملوگ ان لوگونکو شکنجہ مین نہ کسین گے اُسوقت تک اُنسے کچھ نہوگا -

ص ۲۲۵ اس اثنا مین جان لارنس کو چارنا چار یہ یقین ہوتا جاتا تھا کہ شیخ امام الدین کو برابر دربار سے خفیہ ہدایتین پہونچتی ہین اور اگر ایسا ہے تو لال سنگھ بیشک اپنی تمام کوشش اسی بات مین صرف کریگا کہ مہم کو ناکامی ہو اور بلکہ جو مطلب اُسکی روانگی کا تھا وہ حاصل نہونے پائے - چنانچہ اس خیال سے بندوبست کیا گیا کہ ہنری لارنس شملہ سے آئین اور کچھ اپنی خاص سپاہ لیکر سکھ فوج کے ہمراہ جاکر اسکو اپنے اختیار مین رکھین - ہربرٹ ایڈورڈس یہی کام کرنے کے لیے گلاب سنگھ کے ساتھ کیے گئے جو مخالفت کرنے پر آمادہ تھا اور یہ چاہتا تھا کہ نئی رعایا کے لوٹنے کا کوئی بہانہ ملجاے - یہ نیا شخص جسکو ہم نے نامزد کیا تھا اُسپر حقیقت مین ہمکو فخر کرنے کی بہت کم وجہ تھی - جان لارنس بیان کرتے ہین کہ "جالندھر اور لاہور مین گو وہ مشہور عام ہے لیکن مین نے کسی شخص کو اُسکے حق مین ایک کلمہ نیک کہتے ہوے نہین سنا" - ایک تیسرا شاہد جسکو اُسکے حالات کے موازنہ کرنے کا بہت عمدہ موقع حاصل تھا بیان کرتا ہے کہ "وہ خلقتاً حریص اور ظالم ہے - وہ دیدہ و دانستہ اس غرض سے انتہاے مرتبہ کی سنگدلی کے افعال کا مرتکب ہوتا ہے کہ اُسکے نام سے ہر شخص خوف کھانے لگے اور کوئی شخص اُسکی قوت مین دست اندازی کرنے کی جرات نہ کرسکے" - الغرض بدقسمتی کی صورت مین جس شخص کو بذریعہ افواج سکھ سکھون کی خواہش اور بلکہ اُس رعایا کی خواہش کے خلاف بھی جو بدقسمتی سے شخص مذکور کے تحت مین آنے والی تھی دنیا کے سب سے زیادہ دلچسپ ملک کے تحت حکومت پر بٹھانے کا کام ہمارے سپرد تھا اُسکی یہ کیفیت تھی - اور بیچارے ہنری لارنس کو جو اپنے نہایت اعلی اصول (گو اسمین اُنکی غلط فہمی تھی کہ یہ اصول اعلی تھے) کی تحریک سے اس انتظام کی صلاح دینے پر راغب ہوے تھے اپنے بہترین احباب کی نکتہ چینیون اور خود اپنے ایمان کے خیال سے "اپنے دوست گلاب سنگھ" (جیسا کہ جان لارنس اُنکو دلگی مین کہا کرتے تھے) کی تائید کرنے مین اکثر بڑی مشکل معلوم ہوئی - یہ ایک نہایت ہی ناگوار کام تھا تسکین کی صرف یہ بات تھی کہ جس شیخ کو اُسکی جگہ مقرر کرنا تھا وہ اُس سے بھی بدتر تھا - ایک شخص نے جو امام الدین کی خصلتون سے بخوبی تمام واقف تھا اُسکی نسبت بیان کیا ہے کہ "حرص تحت ظلم فساد یہ سب باتین لاپروائی عیاشی شہوت پرستی اور بزدلی کے ساتھ خلط ملط ہوکر اُسمین عجیب طرح کی کیفیت سے پائی جاتی تھین - فی الواقع ان دونون شخصون کے مابین مابہ الامتیاز بہت کم تھا - جان لارنس کہتے ہین کہ "اگر گلاب سنگھ نے ایک زندہ سر دلکی

لہ اس نقرہ کو لیپل گرفن نے اپنی کتاب موسومہ "حکمرانی لارڈ ڈلہوزی" جلد اول صفحہ ۳۳ مین نقل کیا ہے -

کھال کھنچوائی تھی تو امام الدین نے ایک پنڈت کو گرم پانی مین لوبلوا ڈالا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ دونون کے دونون بڑے محبوب آدمی تھے ۔"

ص ۲۲۶ جب یہ مہم ایک مرتبہ ہنری لارنس کی نگرانی مین روانہ ہوگئی تو پھر اسکی کیفیت ضمیمت رہی۔ ہنری لارنس کو معلوم تھا کہ لاہور مین میرے پیچھے سازش ہوتی ہوگی اور جو فوج میرے ساتھ آئی ہے وہ بھی اسی گھات مین ہوگی۔ لیکن وکیل لال سنگھ کے کان مین کسی نے یہ کہدیا کہ اگر ہنری پر ذرا بھی آنچ آئی تو ان کے بھائی جان جنکی مستقل مزاجی کا حال لال سنگھ کو بخوبی تمام معلوم تھا فوراً قلعہ پر قبضہ اور لال سنگھ کو قید کرکے خود مہاراجہ کو گرفتار کرلینگے۔ اور اس سبب سے اس نواح کا سارا خطرہ رفع ہوگیا۔ بعد کو جو کچھ ہوا وہ خود ہنری لارنس کی مرضی اور مستعدی سے عمل مین آیا۔ امام الدین نے عین اسوقت جب سکھون کی فوج جوانکے مقابلہ کو بھیجی گئی تھی یہ بحث کررہی تھی کہ آیا ہم امام الدین پر چڑھائی کرین یا نہ کرین اطاعت قبول کرلی اور سب لوگ رضامندی کے ساتھ لاہور کو واپس آئے۔ یہان تنخ سے جنسے برسون سے جمخرچ کا حساب نہین سمجھا یا تھا کہا گیا کہ اپنی نظامت کے زمانے کا حساب سمجھا جائے اور اپنی فوج کی تنخواہ ادا کرکے اسکو موقوف کرے اور اپنے مخالفانہ افعال کی جوابدہی کرے۔ امام الدین کی جب غرض لاحق تھی تو اُسنے لال سنگھ کی ہدایتون پر عمل کیا تھا مگر اب اس سے گوارا نہ ہوسکا کہ لال سنگھ کے لیے خاموشی اختیار کرکے اپنے تئین مصیبت مین پھنسائے۔ اسلیے لاہور جاتے ہوے اُسنے وہ تمام خفیہ احکام جنکے مطابق وہ ابتک عمل کرتا آیا تھا پیش کردیے۔

اب ۱۰ دسمبر کو اصل مجرم وزیر لال سنگھ خاص اپنے وزیرون اور بڑے بڑے سردارون کے آگے جہان پرنشن کمشنر سر فریڈرک کری سر جان لٹلر کرنل گوڈنی ہنری لارنس اور جان لارنس بھی موجود تھے تحقیقات کے لیے پیش کیا گیا۔ یہ ایک بڑا بھاری شاہی مقدمہ تھا اسکے حالات سابقہ حالات موجودہ اور نتیجہ آیندہ یہ سب باتین سخت حیرت انگیز تھین۔ دربار مین لال سنگھ کے دستخطی کاغذات کا پیش ہونا انکی اصلیت لال سنگھ کا بلاحجت و دلیل انکار کرنا اپنے ہی وزیرون سے اسکا ماخوذ ہونا مہارانی کا اس بات کو سنکر شور و فریاد کرنا کہ لال سنگھ وزارت ہی سے جدا نہ کیا جائے گا بلکہ مہارانی کے پاس عمر بھر نہ جانے پائے گا پھر حبس خیمہ مین لال سنگھ شاہانہ تجمل سے داخل ہوا تھا وہان سے قیدی کی حیثیت سے اُسکا نکلنا اور نہ معلوم اسکے کہ ایک قطرہ خون کا گرتا یا ہنگامہ کی ذرا بھی کوئی علامت پائی جاتی سکھون کی دارالسلطنت سے برٹش سرحد کی چھاونی فیروزپور کو اسکا منتقل کیا جانا یہ چند باتین اس مقدمہ کی تحقیقات مین بڑی وحشت انگیز تھین۔

لیکن اسکے نتائج اور بھی قابل لحاظ ہین۔ کیونکہ آٹھ سردارون کی جس کونسل نے لال سنگھ کی جگہ حکومت کا کام اختیار کیا تھا اُسنے دیکھا کہ ہمارلوگون کا ارادہ یہ ہے کہ اگر ملک پر ہمارا کامل اختیار نہ رہیگا تو ہم اسکو چھوڑدینگے

یعنی یہ کہ پنجاب کا کل انتظام انگریزی پریزیڈنسی کے سپرد کیا جاے جو دربار کے ذریعہ سے کام کرے اور جسوقت مہاراجہ سن بلوغ کو پہونچین تو ملک کو خود مختارانہ طور پر واپس کر دے۔ یہ دریافت کرکے کل سرداروں اور ارکین سلطنت کا ایک گروہ جسمین سب کا دن شخص تھے ہمارے پاس آیا اور اُسنے یک دل و یکزبان ہوکر اس بات کی التجا کی کہ جو شرطین آپ کونطور ہین اُنھین شرطون کے ساتھ ملک مین رہیے۔ اور اسطور پر بذریعہ عہدنامہ پیرا اول خود سرداروں کی خواہش اور نابالغ راجہ کی ماں کی رضامندی سے گو وہ رضامندی کیسی ہی ناگواری کے ساتھ ہوئی ہنری لارنس آٹھ برس کے لیے پنجاب کی مسند فرمانروائی اعظم پر متمکن کیے گئے۔

اس نئے انتظام سے اُنکو اپنی لیاقت اور خلائق دوستی دکھانے کے لیے کسیقدر آزادی حاصل ہوئی اب تک اُنکے ہاتھ پاؤن گویا بندے ہوے تھے اور صرف اسطرح کے لوگون کو صلاح دے سکتے تھے جنھون نے اپنے کان بند کر لیے تھے یا اُنکہ صلاح کے ناپسند ہونے کی حالت مین ایسا کرتے۔ مگر اب اسوقت سے بذریعہ عہدنامہ اُنکو ریاست کے ہر ایک محکمہ مین غیر محدود اختیار دیا گیا تھا اور اُنھون نے معًا اپنے ماتحتون کا ایک ایسا گروہ اپنے پاس لاکر جمع کیا جنکی ایسی باہمی محبت اور ہمدردی کبھی ہندوستان کے افسرون مین نہین پائی گئی۔ جارج لارنس۔ ہربرٹ اڈورڈس۔ جان لکسن۔ اڈورڈ لیک۔ ہینری لارنس۔ آرتھر کاکس۔ لیون بورنگ۔ ہیری لمسڈن۔ رچرڈ ٹیلر۔ جارج نیک گریگر۔ رچرڈ پالک۔ اور جان بیچر۔ انمین سے ہر ایک کا نام کم و بیش تاریخی طور پر مشہور ہوگیا اور اکثر نام اس سوانح عمری مین بکرات و مرات آئینگے۔ ان لوگون نے ہنری لارنس کی ماتحتی مین جان لگا کر اس بات کی کوشش کرنا شروع کی کہ سکھون کی عملداری مین جو خرابیان واقع ہوی تھین وہ رفع ہو جائین اور اپنی کشادہ دلی سے خیال کیا کہ آخر کو یہ ملک داخل سلطنت انگریزی ہونے پائے۔ اور اسی دلسوزی سے اُنھون نے اسوقت بھی کام کیا جب الحاق پنجاب واجب العمل ہوگیا اور اُنکا ہر دل عزیز چیف پنجاب کے بورڈ آف ایڈمنسٹریشن کا اعلی افسر مقرر ہوا۔ جسوقت بورڈ جسمین بہت سے ایسے لوگ جمع تھے جو چھوٹے بھائی کے مختلف اوصاف کے اسیقدر معتقد و معترف تھے جسقدر بڑے بھائی کے تھے تو اُنھون نے اسی طرح کی گرمجوشی سے جان لارنس کی ماتحتی مین جب وہ چیف کمشنر مقرر ہوے کام کیا۔ جسوقت عذر شروع ہوا تو یہ لوگ اور بھی پہلو بہ پہلو ہوکر کھڑے ہوے (مگر ہمارا یہ قول اُسیوقت صادق ہوسکتا ہے اگر پہلو بہ پہلو کا لفظ ان لوگون کے بارے مین استعمال کیا جاسکتا ہو جو ایک دوسرے سے صدہا میل کے فاصلہ پر تھے اور جنکو کبھی شاذونادر کسی گورمے پمڑے والے آدمی کی صورت دکھائی دیتی تھی) اور صوبہ کا انتظام اسطور سے کیا کہ گویا بالکل امن و امان کا زمانہ تھا اور اپنی اپنی حد اختیارات سے کمین بڑھ بڑھکر کام کیا۔ اور پھر اُسکے بعد ایک مرتبہ اُس زمانے کے گذرنے پر ایک نہ ایک طور سے دور دراز مقامات مین جداگانہ عہدون پر نہایت کامیابی کے ساتھ قریب قریب

سر جان لارنس

ص ۲۲۳

کل ہندوستان کی حکومت کی ۔

عہدنامہ بیراؤل کی تکمیل سے ہنری لارنس کو تو اتنا بھاری عہدہ ملا اور جان لارنس اُنکے بھائی کو دوآبہ جالندھر مین اپنی مناسب خدمت پر عود کرنے کی فرصت ملگئی ۔ اپنے بھائی کی محبت اور سرکاری کام کے جوش مین اُنھون نے نو مہینے اپنے اہل و عیال کو بالکل فراموش کردیا اور پانچ مہینے (اگست سے دسمبر تک) بلاشرکت لاہور کے کام مین اپنے تئین مشغول و مصروف رکھا ۔ لیکن جو کام اُنکے حوالے کیا گیا تھا اُسکی مجبوریون اور مایوسیون سے وہ نہایت تنگ ہوگئے تھے اور اُسکی وجہ زیادہ تر یہ ہے کہ اُنکو معلوم تھا کہ جالندھر مین جو میرے سب ہین وہ سب سے نئے ہین اور جن خدمات کے انجام کے لیے ممالک مغربی و شمالی کے سب سے زیادہ تجربہ کار اشخاص کی ضرورت ہے اُنکو وہ بوجہ احسن انجام نہ کرسکینگے ۔ چنانچہ ۴ ۔ نومبر کو جان لارنس نے کرنیل صاحب کو یہ چٹھی لکھی تھی ۔

لاہور کوئی ناظر خواہ مقام نہین ہے ۔ مجھکو جب اس مقام سے رخصت ہونے کی اجازت ملے گی تو کچھ افسوس نہوگا ۔ مہربانی کرکے مجھے اطلاع دیجیے کہ جسوقت شیخ امام الدین کا استیصال ہوجائیگا اور میرے بھائی واپس آجائینگے تو مین جالندھر مین آسکونگا یا نہین ۔ گورنمنٹ مجھسے جس بات کی خواہش کریگی مین وہی کرونگا لیکن میری اپنی خواہش یہ ہے کہ مین جالندھر ہی مین رہون ۔ یہ ایک نیا ملک ہے اور میرے اتمھون کے لیے ضرور ہے کہ کوئی اُنکو ہدایت کرتا رہے ۔ اور مین چاہتا ہون کہ اُس ملک مین اپنا نشان چھوڑ جاؤن تاکہ بزمانہ مابعد لوگ میرے ایام حکومت کو خوشی کے ساتھ یاد کرسکین ۔

یہ ایک ولیرانہ خواہش یا بلکہ پیشین گوئی تھی ۔ اور پیشین گوئی اسطرح کی تھی کہ جب کسی اس قسم کے آدمی کے مُنھ سے نکلتی ہے تو وہ ضرور پوری ہوجاتی ہے ۔ یہ پیشین گوئی کچھ دوآبہ جالندھر ہی مین پوری نہین ہوئی بلکہ جسوقت یہ الفاظ مُنھ سے نکلے تھے اُسکے دو سال کے عرصے مین جان لارنس کو معلوم ہوا کہ جس حالت مین ہندوستان کے دوسرے مقامات مین لڑائیان ہورہی تھین تو وہان بالکل امن و امان تھی ۔ اور پھر کچھ یہ بھی نہین کہ صرف پنجاب کے وسیع ملک مین جہان کے دیسی لوگ اُنکو اپنا خودمختار فرمانروا کہتے ہین بلکہ تمام ہندوستان مین وہ صلح قائم رکھ سکے ۔ اِسوقت (۱۱ مئی ۱۸۵۷ء کو) جب مین یہ الفاظ لکھ رہا ہون تو ساتھی اُسکے اخبار ٹیمس مین مین بہت سے ہندوستانی راجاؤن کی چھپوائی چٹھیان دیکھ رہا ہون گو اُنکو اُنمین سے کسی صوبہ سے تعلق نہین ہے جسپر براہ راست جان لارنس کی حکومت رہی مگر اُسپر بھی "سرمایہ یادگار لارنس" کے لیے اُنھون نے بڑے شکرگزاری کے الفاظ سے اپنے اپنے حصہ کے چندہ پر دستخط کیے ہین ۔ چنانچہ ازانجملہ راجہ شیوراج سنگھ کاشی پور نے یہ یادگار الفاظ استعمال کیے ہین ۔ "ہم نے لارڈ لارنس کی افسوسناک وفات کا حال سنا تو اُسے انتہائے مرتبہ کا صدمہ ہوا ۔ ہندوستان مین ایسا لائق اور عاقل فرمانروا کبھی نہین گزرا ۔ اُنکا بے لوث انصاف

ص ۲۲۹

اور علاقلانہ انتظام لوگون کے دلون پر ایسا گہرا اثر پیدا کر گیا ہے جسکا نشان کبھی مٹنے والا نہین ہے - پس ہم لوگون پر ایک ایسے عظیم الشان مدبر کی یادگار مین اپنے اپنے حصے کی عزت افزائی ضرور حاصل کرنا چاہیے جسنے ایک نہایت ہی نازک وقت ملک مین امن و امان قائم کی اور لوگون کو خوش رکھا - اور اپنی بے نظیر دانائی دوراندیشی انصاف اور جرات دکھا کر انگلستان اور ہندوستان کے رشتہ محبت کو استوار کر دیا" پس ایک نوجوان شخص کی یہ خواہش کہ وہ ملک مین اپنا نشان "چھوڑ جائے اور بزمانہ مابعد دیسی لوگ اسکے ایام حکومت کو خوشی کے ساتھ یاد کر سکین" اس سے زیادہ کثرت اور زیادہ کامیابی کے ساتھ کیا پوری ہوگی -

جب جان لارنس لاہور سے واپس جاکر جالندھر مین پہونچے تو انھون نے دیکھا کہ بندوبست الگزاری کی کارروائی جارج کرسچین کی نگرانی مین خوب ہو رہی ہے - یہ صاحب ایک نوجوان سوِلین تھے جنکو جان لارنس نے لاہور مین دیکھکر حد سے زیادہ پسند کیا تھا کہ اس شخص سے بہت بڑے بڑے کام ظہور مین آئینگے - سب کے پہلے اسکا ذکر میرے پاس کے کاغذات مین اس وقت کا ہے جب امام الدین نے اطاعت قبول کرلی تھی اور دوستانہ طور سے (کرسچین صاحب کے خیال کے مطابق نہایت ہی دوستانہ طور سے لاہور کو واپس آتا تھا) لاہور کو آتا تھا اور اس مضمون سے راقم مضمون کا خاصہ طبیعت نہایت عمدہ طور سے ہویدا ہوتا ہے - چنانچہ جان لارنس نے لکھا ہے کہ "کرسچین صاحب یہ پوچھتے جاتے ہین کہ کیا کسی شخص کو بھی پھانسی نہ دیجائیگی اور اس آواز بازگشت کے سننے سے اور اس معلوم ہوتے ہین کہ پھانسی کسی کو نہ دیجائیگی" اور جان لارنس نے لاہور سے جاکر اپنے بندوبست کے کام مین مشغول ہونے کے قبل کرسچین صاحب کو جو ہدایت کی تھی وہ اس سے بھی زیادہ نادر ہے - جان لارنس نے کہا تھا کہ "مین امید کرتا ہون کہ زیادہ سے زیادہ دیر ہونے کی حالت مین ماہ دسمبر تک مین جالندھر مین پہونچونگا - لیکن اگر اس عرصہ مین میرا آنا نہوا تو خیال رکھیے گا کہ بندوبست کم شرح سے عمل مین لایا جاے - اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو مین عمر بھر آپ کا دشمن رہونگا - دیکھیے کیسی وجہ سے آپکو سخت بندوبست کرنے کی ترغیب نہونے پائے" - اسی زمانے مین ایک دوسرے لائق افسر یعنی جارج بارنس صاحب جنکی رپورٹ کا گذرہ کو مین اوپر اقتباساً محول کر چکا ہون بندوبست کے کام مین مقرر کیے گئے تھے اور کنٹ صاحب اور لیک صاحب اور ہربرٹ ایڈورڈس صاحب بہت تیزی کے ساتھ اپنی کسنی اور ناتجربہ کاری کے الزام کو جو ان پر عائد کیا گیا تھا (اور یہی ایک الزام ایسا ہے جو ہمیشہ دور کیا جا سکتا ہے اور اسکی اصلاح کیجا سکتی ہے) دور کرتے جاتے تھے - ص ۲۳

لیکن اب جان لارنس کو ایک بڑی بھاری مشکل یعنی اس بات کا سامنا پڑا کہ معزول گورنمنٹ کے جاگیرداروں کی نسبت کیا برتاو کیا جائے - یہی وقت بزمانہ مابعد انکو پنجاب مین بھی پیش آئی تھی - اس معاملہ کی

اصل تکرار اور اُسکا جو کچھ فیصلہ کیا گیا بہتر ہے کہ مین یکبارگی اُسکا حال بیان کرون اور جہانتک ممکن ہوسکے خود جان لارنس کے الفاظ سے اُسکی صراحت کرون۔

پنجاب کے دوسرے حصّون کی طرح دوآبہ جالندھر کی بھی زیادہ تر زمین جاگیردارون کے قبضہ مین تھی یہ لوگ اُن سکھ فتاحون کے جاگیردار تھے جنھون نے مغلون کے قبضہ سے ملک کو نکال لیا تھا۔ عہدنامہ امرتسر کی رو سے یہ کل علاقہ برٹش گورنمنٹ کے حوالہ کر دیا گیا تھا۔ اور بحیثیت فاتح یہ ہمکو گون کا حق تھا کہ انصاف اور حکمت عملی کا قرار واقعی لحاظ کر کے جسطرح ہمکو بہتر سے بہتر معلوم ہوتا اسطرح عمل کرتے۔ اسمین شک نہین کہ ملک کے قبضہ اور انتظام کا خرچ آمدنی سے نکالنا ازبس ضرور تھا۔ اور اب تجویز طلب یہی امر تھا کہ کس طریقہ سے اُسکا بندوبست کیا جائے مگس اراضی کا بڑھانا غیر ممکن تھا (جو ہندوستان مین اصل آمدنی خزانے کی ہے) کیونکہ عوام الناس کی قلیل آمدنی اسقدر وسعت نہین رکھتی تھی جسمین اضافہ کی گنجائش ہوتی۔ اور اصل تو یہ ہے کہ اسمین اضافہ اُسوقت بھی ہو چکا تھا پس ہمکو صرف ایک تدبیر عمدہ معلوم ہوئی اور وہ یہ تھی کہ جاگیرون کی مقدار کم کر دیجائے۔ اکثر جاگیردار فوجی یا کسی عام خدمت اور بعض بعض لوگ مذہبی خدمت کے عوض جاگیرین پائے ہوے تھے۔ اس قسم کے انتظامات کی اب کوئی ضرورت باقی نہین رہی تھی۔ اور جان لارنس کے روبرو جاگیردن کے قیام کے بارے مین جو درخواستین گزرتی تھین تو وہ کسیقدر بیباکانہ طور پر اُنکا جواب دیتے تھے۔ یعنی یہ کہ "ہمکو نہ تمھارے سپاہی درکار ہین اور نہ تمھاری دعاؤن کی حاجت ہے اور ہم جاگیرون کا بار اُٹھا نہین سکتے"۔ بنا بران اِن تمام جاگیرون کا معاوضہ نقدی قرار دیدیا گیا۔ حسب رسدی جاگیرون کی مقدار گھٹا دیگئی اور اُنکا باقی حصّہ قائم رہنے دیا گیا۔ جو جاگیرین زیادہ قدیم تھین وہ ورثاے ذکور کے لیے دواماً بحال رکھی گئی اور جو جاگیرین قریب ترزمانہ کی تھین وہ صرف قابض جاگیردارون کی حین حیات تک کے لیے چھوڑ دی گئین۔

اِن تدبیرون سے بعض بعض دقتین البتہ پیش آئین اور کچھ عداوت بھی پیدا ہوئی اور اس بات کا افسوس بھی کیا گیا۔ لیکن اصل تو یہ ہے کہ اسمین کوئی بات خلاف انصاف نہین ہوئی اور دیسی خیالات کے مطابق بھی کوئی ناانصافی نہین ہوئی۔ آج تک کوئی دیسی نسل دوسری نسل کے بادشاہون پر غالب آنے کے بعد ایسی نہین گزری جسنے اپنے پیشرو کے بادشاہ کی کارروائیون مین تغیر و تبدل نہ کیا ہو۔ پھر سب بات کی ایک بات یہ ہے کہ عوام الناس کے فائدے کے لیے اس تغیر کی ازبس ضرورت تھی۔ ملک (اور ملک سے میری مراد ہر حالت مین جمہور عوام کو سمجھنا چاہیے۔ اور اسمین سے جس شخص کے نشتر لگتا اسی کے زخم سے خون نکلتا) دو قسم کے انتظامات کا تحمل نہین ہوسکتا تھا یعنی ایک تو ہمارا انتظام جس کی رو سے باقاعدہ وظائف اور نقد مشاہرہ مقرر ہوتا ہے اور دوسرا بڑے بڑے علاقون کا انتظام جو جاگیردن کے برقرار رکھنے مین متصور تھا

ص ۳۲

یہ سب جاگیردار باوصف اس امر کے کہ اُنمین سے اکثر لوگ فی الواقع ہماری عملداری مین جاگیرین رکھتے تھے اور ہمارے زیر حفاظت تھے اُسوقت جب سکھون نے ملک گیری کے لیے ہمارے علاقجات پر حملہ کیا تو اُنکے شریک ہوگئے۔ اگر یہ امر جائز تھا کہ گورنمنٹ پنجاب پر شش علاقہ پر حملہ کرنے کی پاداش مین ایک بڑے بھاری علاقہ سے محروم کیجاتی تو یہ بھی اوسیطرح جائز تھا کہ اُسکے جاگیردار لوگ بھی اپنے حصہ کے موافق اپنے اضلال کا خمیازہ اُٹھاتے۔ اسمین شک نہین کہ اگر وہ لوگ کسی ملک کو فتح کرتے اور اُسکے ساتھ کوئی برتاؤ کرتے تو اُس برتاوسے ہماری یہ کارروائی بیشک زیادہ فیاضانہ اصول پر مبنی ہوتی۔ خاص کرکے اس امر کی نسبت ہماری کشادہ دلی اور بھی زیادہ ثابت ہوتی ہے جو رنجیت سنگھ نے میدانی ملک کے لوگون کو فتح کرکے اُنکے ساتھ کیا تھا بہرحال ہماری تدبیرین کامیابی کے ساتھ جائز قرار پائین۔ بڑے بڑے جاگیردارون نے بہیئت مجموعی اپنی تبدیل شدہ حیثیت کو قبول کرلیا کسی طرح کی مزاحمت نہین کی اور وفادار رہے اور سب سے بڑھکر یہ بات ہے کہ گو بہ نسبت قرب وجوار کے کوہستانی سردارون کے اُنکی طرف کسیقدر لاپروائی کی گئی مگر سوائے ایک شخص کے جنگ دوم سکھ مین سکھون کے اغوا کرنے پر بھی اُنکا کوئی شریک نہین ہوا۔ اور یہ مستثنیٰ شخص بیدی بکرم سنگھ سکھون کا بڑا گرو اور دختر کشی کا خاص حامی تھا جسنے اپنی حکومت ثابت کرنے کے لیے ایسا کیا تھا۔

لیکن چونکہ یہ معاملہ بڑا اہم ہے اور چونکہ بڑے بھائی اور چھوٹے بھائی کے مابین اس بارے مین نہایت اختلاف ہوگیا تھا اسواسطے ہم اُسکا بیان خاص جان لارنس کی عبارت سے کرینگے۔ ذیل مین سر فرڈرک کیری کے نام کی ایک چٹھی مورخہ ۱۷ اکتوبر ۱۸۴۶ء درج کیجاتی ہے جس سے اُنکے خیالات بالتفصیل ظاہر ہو جائینگے۔

مین مندرجۂ ذیل معاملہ مین اپنی راے کا ازبس خواہشمند ہون۔ جالندھر مین کوئی ۵۰۰ گانون ہون گے جو پانچ لاکھ روپے کی مالیت کے ہین۔ ان گانون کو مختلف سکھ سردارون نے سترہ یا اسّی برس کے زمانہ ہوا جب فتح کیا تھا۔ بعض صورتون مین چار چار بلکہ پانچ پانچ گانون ایک ایک یا دو دو اشخاص کے قبضہ مین ہین اور باقی گانون مین تیس تیس بلکہ چالیس چالیس پشتی دار ہین۔ مین نے گورنمنٹ سے اس امر کی سفارش کرنے کی تجویز کی ہے کہ ان تمام صورتون مین صرف عین حیاتی قبضہ بحال رکھا جائے اور ہر شخص قابض کے فوت ہونے پر اُسکا حصہ ضبط سرکار ہو جائے۔ میرے بھائی کی یہ راے ہے کہ کچھ لگان مقرر کرکے اُنکا قبضہ دوام کے لیے بحال رکھا جائے۔ آپ کی کیا راے ہے۔ یہ ذاتی املاک نہین ہے بلکہ گورنمنٹ کے حقوق ہین جو منتقل کردیے گئے ہین اُن لوگون نے وہ املاکین زبردستی سے حاصل کی تھین اور اب اسی قاعدہ وزور سے ضبط کیجاتی ہین۔ ہم گورنمنٹ کا حق کیون چھوڑنے لگے۔ مین اس بات کے کرنے مین کوئی حکمت عملی نہین پاتا۔ اُنکی تعلقات کا خیال کیا جائے تو یہ لوگ کبھی ہماری مدد کرنے والے نہین ہین اور ملک کے حق مین اُنکی ذات سے بڑا نقصان متصور ہے پس کیا وجہ ہے کہ وہ رفتہ رفتہ دور نہ کیے جائین اور اُنکی اولاد پھر اسی قابلہ رانی کے کام پر پہونچا دیجائے جو اُنکا آبائی پیشہ تھا

حاشیہ ۲۳

سب سے زیادہ مشکل کی بات تو یہ ہے کہ قانون وراثت ہنود کی رو سے یہ اراضیات رفتہ رفتہ جزو لاینجزی تک منقسم ہو جائینگی۔ اور چونکہ یہ قبضہ دار لوگ مالک نہین ہین اسی سبب سے وہ اپنی اپنی زمین کے چھوٹے مستاجر نہونگے بلکہ خواہ مخواہ کے مردادمی بنے رہینگے نہ تو شیخی کے مارے مزدوری محنت کرینگے اور نہ بھوکون مرنے پر رضامند ہونگے۔ اگر آپ یہ قاعدہ مقرر کر دیجیے کہ وراثت صرف خلف اکبر کو ملا کرے تو اس سے بھی کوئی اصلاح نہوگی کیونکہ اسمین اگر ایک خوش تو دس ناراض ہونگے اور پھر دستور و رواج کی خلاف ورزی بھی کرنا پڑے گی۔ رفتہ رفتہ ان جاگیرداروں سے نجات حاصل کرتے جائینگے اگر آپ یہ رائے دین کہ ورثا مقدار مین تو مین کہتا ہون کہ ایسا کیون نہ کیا جائے کہ جس وقت تقسیم مین ایک گانون کی پیمان ہونے لگین تو حصہ داروں کو مستی کا حساب لگا کر نقد معاوضہ دلوا دیا جائے۔

گو جان لارنس کا کام جالندھر مین نہایت سخت تھا لیکن انھون نے اس بات کی کبھی کوشش نہین کی کہ انکو کام کم کرنا پڑے۔ اور جسوقت انھون نے سنا کہ ان کے ہمجنس کمشنر آنروے دریائے ستلج یعنی کرنل نکلسن کا کام ایک سشن جج مقرر کر کے کم کیا جاتا ہے تو انھون نے الیٹ صاحب سکرٹری گورنمنٹ کو بہت زور دیکر ایک ایسی (یعنی سول صیغہ کے مال سے جدا کرنے کی) تدبیر پر اعتراض کیا جسمین انکے نزدیک ہندوستان کے لیے سخت خطرات متصور تھے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ۔

مین اپنے بیان کے لیے کوئی سشن جج نہین چاہتا۔ گو میرے یہان کثرت سے کام ہے مگر مین یہ نہین کہتا کہ میرے انجام کیے نہین ہوتا۔ مجھکو صیغہ سول کے صیغہ مال سے جدا کرنے مین سخت اعتراض ہے۔ عدالت دیوانی ایک اوبار کی نشانی ہے انکا ضابطہ توجیت اراضیات ملک کے حق مین بدرجہ غایت مضر ہے۔ کیونکہ زراعت پیشہ اشخاص اس عدالت مین اپنے حقوق کو حاصل نہین کر سکتے۔ وہ ضابطہ ممالک مغربی و شمالی کے لوگون کو تباہ کیے ڈالتا ہے۔ اور جہان جہان جاری ہوگا وہان یہی حال کریگا۔ یہان ہم بخوبی کام کر رہے ہین۔ مین سمجھتا ہون کہ یہ ضلع ممالک مغربی و شمالی کے لیے ایک نمونہ ہوگا اور اگر آپ بہت سی جاگیرین رہنے نہ دینگے تو گورنمنٹ کے اخراجات نہایت عمدگی کے ساتھ چلے جائینگے۔ ط۲۳

ماہ جولائی ۱۸۴۷ء مین جان لارنس یہی سشن عدالت کرنے اور اپیلین سننے کے لیے جالندھر مین آئے اور جب وہ اس کام مین مشغول تھے اور شہر اور خزانہ سے تھوڑی ہی دور کے فاصلہ پر ایک مکان مین کچہری کر رہے تھے تو گاوکشی والا ہنگامہ ہوا۔ یہ وہ ہنگامہ تھا جسنے انکے ابتدائی زمانہ کی کارروائیون کو بہت اچھی طرح سے یاد دلا دیا ہوگا۔ ہندو لوگ جو سکھون کے عہد حکومت مین اپنے اس مقدس جانور کی حفاظت رکھنے کے عادی چلے آئے تھے بتعداد کثیر اس کچہری مین اکٹھے ہوئے جہان ہر کمشنر انکا اسسٹنٹ کمشنر اجلاس کر رہے تھے اور حال مین جو حکم دیا گیا تھا کہ غذا کے لیے گایون کے ذبح کرنے کی اجازت ہے اسکے خلاف استغاثہ کرنے لگے۔ انکاٹ صاحب نے اس حکم مین دست اندازی کرنے سے انکار کیا۔ اسپر

کوئی پندرہ سو آدمی کے قریب کِشنر صاحب کی کچہری کو ذرا نہ چلے گئے اور چارون طرف سے کچہری کو گھیر لیا۔ اور جب جان لارنس نے کہا کہ وہ حکم گورنر جنرل کا ہے اور ستر دنہین ہو سکتا تو وہ علانیہ تمرد شعاری کرنے لگے اُنکے نوکرون پر حملہ ہوا اور مارے گئے۔ جن پندرہ سوارون نے اُنکے منتشر کرنے کا قصد کیا تھا اُنکو اُن لوگون نے گھوڑون پر سے کھینچ لیا اور جسوقت جان لارنس باہر نکلے تو خود اُنپر ٹوٹ پڑنے لگے۔ اُنھون نے حکم دیا کہ سول خزانہ سے ایک کمپنی سپاہیون کی طلب کیجائے اور اُنکا صوبہ دار ایک مجمع کثیر اور جم غفیر کو دیکھکر اُنکے پاس اکٹھا ہوا اور جسوقت سپاہیون پر یورش ہونے لگی اور گورون کی جان مخطور ہوئی تو اُسنے اپنے سپاہیون کو حکم دیا کہ کھڑے ہو جاؤ اور بندوقون پر سنگینین چڑھاؤ۔ اس حکم کا دیا جانا بدمعاشون کے لیے کافی تھا۔ وہ لوگ منتشر ہو کر بھاگ گئے اور خطرہ جاتا رہا۔ جسطرح پیشتر جان لارنس کو ایک مرتبہ اتفاق پڑا تھا اُسیطرح اس مرتبہ بھی ان لوگون نے کینہ کشی کی راہ سے بازار کی دکانین بند کر دین۔ دو ہفتہ تک دکانین بند رہین اور سب کاروبار معطل رہا۔ لیکن اُس سے کچھ اور نقصان نہین ہوا اور نہ جان لارنس کو اُس مرتبہ کی طرح غلہ منگوا کر بازار مین رکھوانا پڑا۔

جان لارنس کا وقت دیکھ دیکھکر بڑے لطف سے گزرتا تھا کہ اُنکی نگرانی مین دوآبہ جالندھر کا کام بوجہ احسن انجام ہو رہا ہے۔ لیکن ماہ اگست مین اُنکو پھر یہ کام چھوڑنا اور اُس بے لطف سفارت پر لاہور کو جانا پڑا۔ ہنری لارنس ایک مدت سے پنجاب مین انتظامی کاکام کرتے آتے تھے اور اُنکا بدن کام کرتے کرتے تھک گیا تھا اور اب پورے اختیارات کے ساتھ اتنا بڑا بھاری کام جو اُنکے سپرد ہوا تو وہ اور بھی چور ہو گئے۔ اپنے لائق ماتحتون کی اعانت اور فائدہ رسانی خلائق کے اُس میدان وسیع کے جوش مین جو اُسوقت اُنکو نئے اختیارات کی رو سے سپرد ہوا تھا گذشتہ سات مہینے کے عرصے سے (جسمین تین مہینے شدت کی گرمی کے تھے) جان پر کھیل کر کام کرتے آئے تھے۔ جنگ ستلج کے قبل جس زائد از ضرورت فوج کی تعداد ۵۰۰۰۰ تک پہونچ گئی تھی اُسکو گھٹا کر بیس ہزار کی تعداد تک پہونچانا موقوف کیے ہوئے سپاہیون کی تنخواہین دلوا کر اُنکو صلح آمیز کامون مین مشغول کرنا جو سپاہی باقی رہ گئے تھے اُنکو قواعد کا پابند کرانا اور اُنکی تنخواہ ماہ بماہ ادا کر کے اُنکو اُنکی قسمت پر شاکر رکھنا ناجائز تنکسون کو موقوف کرانا اور جو باقی رکھے گئے تھے اُنکو ایک درجہ اعتدال مین لانا خالصہ عہد کے ٹکس وصول کرنے والون سے جو منڈیون کی طرح ملک کو چاٹ گئے تھے اُنکی ناجائز وصول کی ہوئی رقمون کو واپس لینا اور آیندہ کے لیے اُنکو اس بات پر کہ جو کچھ وہ وصول کرین وہ سرکاری خزانہ مین داخل کرین قائم رکھوانا اور ایک آسان طور کا مجموعہ تعزیرات جو ملک کی حاجتون اور سمجھ بوجھ کے مطابق ہو مرتب کرانا یہ چند امور منجملہ اُن باتون کے ہین جنکی تکمیل مین ہنری لارنس مصروف تھے اور کچھ کچھ درجہ تکمیل کو پہونچے بھی لگے تھے مجموعہ تعزیرات کی ترتیب کے لیے عین اُس زمانہ کے پیشتر جب اُنکی تندرستی نے جواب دیا تھا اُنھون نے مواضع کے

صـ۲۳

پہنچا کر ... سردار دن کو لاہور مین طلب کیا تھا جنھون نے چند مہینے نہایت خاموشی سے گوشہ مین بیٹھکر رعایا کے یونر منضبط التحریر ... جون اور دستورات کو ایک تحریری قانون مین منضبط کیا جسکا اسیوقت ہمیشہ کے لیے نفاذ ہونے والا تھا[۵]

عہدنامہ کی رو سے ہنری لارنس کو جو "غیر محدود اختیار" دیا گیا تھا اسکو عملدرآمد کے وقت انھون نے اچھا خاصہ محدود پایا - کیونکہ انکے کامون کی فہرست کا ایک جزو یہ تھا کہ جہانتک ممکن ہو وہ دربار کے ذریعہ سے کارروائی کرین - اور دربار کا قریب قریب ہر ممبر جیسا کہ انھون نے خود تسلیم کیا ہے راشی اور خودغرض تھا اور رانی سے جو ابتداہی سے انگریزی مزاحمت کی دشمن تھی اب اور بھی امید نہین رہی تھی کہ وہ دوستانہ برتاؤ کریگی کیونکہ اسکا آشنا اس سے جدا کر دیا گیا تھا - اس ہندو مسیلینا نے (جیسا کہ لارڈ ہارڈنگ اور ہربرٹ اڈورڈس نے جانخواہ بیجا طور پر اسکو موسوم کیا) بہرکیف اپنے پراسنے آشنا کے بدلے نئے آشنا تلاش کرکے اپنی تسکین کرلی اور اسکے تھوڑے ہی دنون کے بعد اسکی لونڈی سماۃ منگلا لال سنگھ اور مولراج طاقتور اور نیم خودمختار فرمانروائے ملتان کے نام کی بغاوت آمنر چھپیان لیجاتے ہوئے پکڑی گئی - آخر کار اسنے پریزیڈنٹ وزرا اور کل دربار کی توہین کرکے اپنی بے اعتدالیون کا خاتمہ کیا - بندوبست کیا گیا تھا کہ ایک بڑا دربار جمع ہو اور اسمین تیج سنگھ پریزیڈنٹ کونسل کو راجہ سیالکوٹ کا خطاب اور گدی دیجائے اور دوسرے مستحق سردارون کے ساتھ بھی علی قدرمراتب سلوک کیا جاے - اس کام کے لیے بخومیون سے حسب معمول مشورہ کیا گیا اور اس تقریب مین تمام مشاہیر عہد خالصہ شریک ہونے کے لیے بلائے گئے - لیکن جسوقت تیج سنگھ خردسال راجہ کے سامنے تلک لگوانے کے لیے جو راجہ مقرر ہونے کی علامت ہے جھکا تو اسنے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور اپنی نعلی کرسی پر اکڑ کر ایک سکھائے ہوے طریقہ سے کہنے لگا کہ ہم تلک نہ لگانگے اور کسطرح اپنی ہٹ سے باز نہ آیا[۵]

یہ توہین ایسی نہین تھی جس سے چشم پوشی کیجاتی اور ہنری لارنس نے جو اس بات کو خوب جانتے تھے کہ ہمارا نی برابر میراز ور توڑنے کے لیے سازشین کرتی آئی تھی دربار کی پوری منظوری اور رضامندی سے حکم دیا کہ خردسال راجہ اپنی ناعاقبت اندیش مان سے علیحدہ کیا جائے - وہ بہت کچھ روئی پیٹی لیکن کچھ فائدہ نہوا اور ایک ڈولی مین سوار کراکے شنکرپور کو جو وہان سے بیس میل کے فاصلے پر تھا بھیجدی گئی - اسمین کچھ زیادہ دقت نہین پڑی - لال سنگھ کی طرح وہ بھی علیحدہ کردی گئی - یہان اگر اسنے اور خوفناک سازشین کرنا شروع کین اور اسکے انسداد کے لیے تازہ تدبیرین عمل مین لانا پڑین - دوسری جنگ افغانستان کے زمانہ کے

ص ۲۳

مدراس کی فوج کی بغاوت کے بعد ہی

کے شروع ہونے کی وجہ سے ملتان کی بغاوت

مسمی ... کی بغاوت کے ... سے ... کے ... کے ... ک

قریب وہ بنارس کو منتقل کر دیگئی جہان سے وہ درزن کا بھیس بدلکر نیپال کو بھاگ گئی اور پھر طرح طرح کے انقلابات کے بعد وہان سے اِنگلستان چلی گئی۔

رانی کا لاہور سے نکلوانا ہنری لارنس کا رزیڈنٹ کی حیثیت مین پہلا کام تھا۔ اُنکی تندرستی نے اُنکو جواب دیا اور ماہ اگست مین وہ شملہ کو چلے گئے جہان سے اِنگلستان جاتے وقت وہ سیاحانہ طور پر ایک مرتبہ لاہور مین اور آئے۔ اُنکی زندگی کے حالات کا ایک نہایت ضروری اور شائد بڑی خوشی کا باب اسوقت اختتام کو پہونچا۔ لاہور مین اُنکو اُنکے حوصلہ کے برابر کام ملا۔ وہ طرح طرح کا کام اور مختلف مشاغل اور افکار کی باتون کو بہت پسند کرتے تھے اور اُنکو گویا انفاس حیات سمجھتے تھے۔ چونکہ اُنکے مزاج پر ہر ایک بات کا اثر بہت جلد پیدا ہو جاتا تھا اس باعث سے جب کسی دیسی ریاست کو دیکھتے تھے کہ اُسمین کچھ تاریخی عمدگی اور عقلمندی پائی جاتی ہے تو اُسکے بچانے کی کوشش کرنے لگتے تھے اور حال مین الحاق کا جو قصد کیا گیا تھا اور جس سے ہندوستان کی بیشمار خودمختار ریاستون کی بربادی متصور تھی تو اُنھون نے بڑی کوشش کی کہ ایسا نہونے پائے۔ اُنکو سرکاری حکمت عملی کے اہم معاملات کو اُسطرح سے دیکھنا نہین پڑا جسطرح بعد کو ایک اس سے بھی زیادہ حیثیت اور مرتبہ کے عہدہ یعنی پریسیڈنسی بورڈ آف ایڈمنسٹریشن پنجاب کے متعلق اِنگلستان سے واپس آتے ہی کام کرنا پڑا کیونکہ باوصف اُنکی تمام فیاضانہ کوششون کے اب اُسکا الحاق ضروری پایا گیا۔ اُنکا کام بالکل خلائق دوستی کا تھا اور ایسے کام مین معزز اور ہوشیار آدمیون کو زیادہ اختلاف کرنے کی شکل سے گنجائش ملے گی۔ اُنکے گرد ایسے ماتحتون کا ایک گروہ جمع تھا "جنمین سے ہر شخص اُنکا دوست تھا اور اُنمین سے اکثر لوگ پنجاب مین اُنھین کے لائے ہوئے تھے"۔ اور اُنکے تمام خیالات اور ہمدردیون مین اُنکے شریک تھے۔ اُسکے علاوہ بروقت ضرورت اُنکے بھائی نے اُنکی مدد کی۔ اور یہ بھائی وہ تھا جسکا بازو اسیقدر زور آور تھا جس قدر اُسکا دل کشادہ اور باقاعدہ اور طبیعت کام اور محنت کرنے کی طرف مائل تھی۔ ہنری لارنس بیان کرتے ہین کہ "میرے ماتحتون مین ہر شخص بہت عمدہ تھا۔ اُنمین سے اکثر چیدہ اور منتخب لوگ تھے لیکن مجھکو خاص مدد اپنے بھائی جان سے ملی۔ اگر وہ نہوتے تو بیشک مجھکو اپنی کارروائی مین سخت دقت ہوتی۔ تین مرتبہ جب مین چند دنون کے لیے غیر حاضر ہوا تو میرا کام اُنھون نے انجام دیا۔۔۔۔ بہت سی باتون کے متعلق وہ میرے بڑے کام آئے اور ہمیشہ مجھکو اُسیطرح کی مدد دی جسطرح بھائی بھائی کی مدد کرسکتا ہے"۔

یہ شکرگزاری کشادہ دلی کو بھی اُسیطرح ظاہر کرتی ہے جسطرح بشاشت کو ظاہر کرتی ہے۔ اور اسواسطے اُسکی جانب خاص توجہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ ہنری کے بعض زیادہ عمدہ کام کرنے والون اور شائد ہنری سے بڑھکر اپنے ماتحتون کو زیادہ مستعد رکھنے اور اُس مستعدی کے ذریعہ سے عمدہ کام کرنے کے لیے مجبور رکھنے مین

صفحہ ۲۳

ہنری جان لارنس

اور کوئی شخص استاد نہوگا) نے شکایت کی ہے کہ جان نے جو پنجاب کے انتظام مین کامیابی حاصل کی تو یہ پہل اُن تخمون کا تھا جنکے بونے مین اُنھون نے بہت کم شرکت کی تھی۔ لیکن یہ رائے ہنری لارنس کی البتہ نہین تھی جیسا کہ مندرجہ بالا چٹھی سے ثابت ہے۔

بمقابلہ ان عمدہ کام کرنے والون کے بڑی عقلمندی اور صحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ جان مین بالکل ہنری اور ہنری مین بالکل جان کی تعلیم کا اثر تھا۔ جسطرح لوتھر کے شاگرد لوتھر اور سینٹ پال کے چیلے سینٹ پال سے اُسیطرح ہنری اپنے استاد جان اور جان اپنے استاد ہنری سے بڑھ گئے تھے۔ اگر زمانہ ملازمت کا خیال کیا جائے تو دیکھنا چاہیے کہ اس دو برس کے زمانہ مین جو عہدنامہ امرتسر (واقع مارچ ۱۸۴۶ء) اور غدر ملتان (واقع اپریل ۱۸۴۸ء) کے درمیان ختم ہوا ہنری تو صرف دس مہینے لاہور مین رہے تھے اور جان نے کم سے کم چودہ مہینے وہان قیام اور ہنری کی قائم مقامی کی۔ اور پھر جو کام اُنھون نے انجام کیا وہ اُن چٹھیون سے جنکو مین نے محول کیا ہے بخوبی ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ بعض بعض چھوٹی باتون کے متعلق حکمت عملی مین دونون بھائیون کی رائے جیسا کہ اسطرح کے مختلف المزاج آدمیون مین ہوا کرتا ہے مختلف تھی لیکن وہ ایک دوسرے کے رقیب کسی طرح سے نہین تھے اور نہ ایک کو دوسرے کا حسد تھا۔ دونون مین سے کسی نے اس بات کی کبھی کوشش نہین کی کہ ہم اپنے دوسرے بھائی کو نیچا دکھائین۔ استعداد قابلیت اور جانفشانی مین دونون بھائی بخوبی ایک دوسرے کے مماثل تھے اور جو شخص ایک کی مذمت کرکے دوسرے کی تعریف کرتا تو دونون کو بُرا معلوم ہوتا۔

بالآخر اس بات کے اندازہ کے لیے کہ ہنری کی اس زمانہ کی خوشی بمقابلہ اُنکے دوسرے اور مشہور تر زمانہ کے کیسی تھی یہ یاد رکھنا چاہیے کہ رزیڈنٹ کی حیثیت مین وہ اپنے ایک ایسے اعلیٰ افسر کی ماتحتی مین کام کرتے تھے جو ہمدردی اولوالعزمی اور خلائق دوستی مین اُنھین کا مثل اور اس سبب سے اُنکے دل کا شخص تھا۔ یہ اُنکو اور وہ اُنکو آزادانہ اور دوستانہ طور پر تحریر کیا کرتا تھا چنانچہ میرے پاس دونون کی چٹھیون کا ایک ذخیرہ اس بات کے ثبوت مین موجود ہے — جب ہنری لارنس انگلستان سے پلٹ کر آئے تو وہ باتین بالکل اور ہی طرح کی ہوگئین۔ کیونکہ لارڈ ڈلہوسی اور اُنکے مابین اسی طرح کا اختلاف تھا جیسا دو بڑے بھاری شخصون اور پختہ اصولون کے آدمیون کے درمیان ہوا کرتا ہے۔ دونون مین سے ہر شخص اسقدر اپنا اپنا اختلاف ظاہر کرتا تھا کہ بڑے سے بڑے متحمل اور کمزور شخص کی خاموشی مین بھی فرق آجاتا ہے ہنری لارنس کا لارڈ ڈلہوزی کے بارے مین جو کچھ خیال تھا اُسکو ہنری نے خود اپنی علاقانہ تحریر مین جو اُنکے انتظام کے حالات مین لکھی گئی ہے اور اُنکے مجموعہ تحریرات مین محفوظ اور منضبط ہے بیان کر دیا ہے اور جو خیال لارڈ ڈلہوزی کا

ص ۲۳

ہنری لارنس کے بارے مین تھا وہ اس راے سے جو ہندوستان مین مشہور عام تھی کہ گورنر جنرل ہنری لارنس کے اختیار مین ہین صریح البیان ہے اُس زمانے مین بیان کیا جاتا تھا کہ گورنر جنرل نے سرحدات پرنس آف ویلز کے اُس پارٹ مین "لارنسون" کی ایک حکومت قائم کی ہے اور اُس ملک کے اندر وہ خود لارنسون ہی کے محکوم ہین - لارڈ ہارڈنگ اپنے دوست کو اپنے ہمراہ انگلستان لے گئے اور اثناے راہ مین اُنکے لیے سرجان ہابہوس پریسیڈنٹ بورڈ آف کنٹرول کو یہ چٹھی لکھی -

میرے پیارے سرجان - مین آپ سے چند باتین ایک ایسے امر کی نسبت بیان کرنا چاہتا ہون جس پر سابق مین بھی آپ نے توجہ کی تھی مین گرنل لارنس کو خطاب کے بینی - نی - ملنے کے بارے مین یہ اشارہ کرتا ہون - اپنی نسبت کوئی تاکید کرنا مجھکو مقصود نہین ہے - اور اُنکا استحقاق ایسا زبردست اور واجبی ہے کہ اگر مجھکو کوئی خطاب ملتا تو مین اپنے اوپر اُنھین کو سبقت دیتا - اگر انگلستان واپس جانے پر حضور ملکہ معظمہ کی طرف سے اُنکو یہ خطاب مرحمت ہو سکا تو میری بڑی خوشی ہوگی - آغاز ۱۸۴۶ء مین جنگ کے ختم ہونے کے بعد سے اب تک وہ علی الاتصال جانفشانی کرتے آتے ہین جسمین اُنکو نہایت کامیابی حاصل ہوئی - اُنکی جسمانی قوت اور دماغی اوصاف کا حال اُسوقت بہت اچھی طرح سے ظاہر ہوگیا جب وہ موسم برسات ۱۸۴۶ء مین سکھ سپاہ کو کشمیر کی گھاٹیون سے لے گئے تھے یہ وہ فوج ہے جو غدر کے وقت سے اب تک خود اپنی گورنمنٹ کی بغاوت اور ہماری مخالفت سے باز نہین آئی تھی - اور نامبردہ نے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے بڑی قابلیت اور کامل کامیابی سے گورنمنٹ پنجاب کا کام انجام کیا - ایک نہایت ہی مستحق افسر کے بارے مین یہ سعی کرنے کا میرا اچھلا کام ہے جسکو مین بہ نیت صلاح انجام کرتا ہون اور ہندوستان مین جو افسر مین چھوڑ آیا ہون اُنمین میرے دوست کرنل لارنس سے بڑھکر کوئی شخص گورنمنٹ کی عنایت کا زیادہ مستحق نہین ہے - اور کوئی کام جو آپ میری خوشی کا کر سکتے ہین اس سے بڑھکر نہین ہے کہ مین اس مستحق عزت شخص کو اس عزت سے سرفراز ہوتے ہوے مشاہدہ کر لون -

یہ بیان کرنے کی حاجت نہین معلوم ہوتی ہے کہ لارڈ ہارڈنگ کی یہ سعی نہایت توجہ سے سنی گئی اور انگلستان مین پہونچنے سے ایک مہینے کے اندر ہنری لارنس کو عام تحسین اور آفرین کے ساتھ وہ عزت حاصل ہوگئی جسکا اُنھون نے ایسا عمدہ استحقاق پیدا کیا تھا اور جسکی بابت اُنکے شفیق دوست ہارڈنگ ابتداہی سے جب اُنکی ملازمت ہندوستان کا زمانہ شروع ہونے والا تھا پیشین گوئی کر چکے تھے اور اونکی بہن سے کہا تھا کہ "یون تو تمھارے سب بھائی اچھا کام کرینگے لیکن ہنری جب تک سر ہنری لارنس نہو جائینگے اُسوقت تک نہ مرینگے"

ف ۱ ۔ ۱۸۴۶ء مین جب پنجاب کی جنگ ختم ہوئی تھی تو گورنمنٹ ہند نے سرحد پر ایک ایجنسی قائم کی تھی جسکا افسر اعلی لارنس بھائی تھا

ص ۲۳۹

باب دہم

سکھوں کی دوسری لڑائی ۱۸۴۸ء

جان لارنس دوسری مرتبہ لاہور مین اپنے بھائی کی قائم مقامی کرتے وقت عرصہ دراز تک جو مقیم رہے اُسکا حال اُنکے پہلے مرتبہ کے قیام شہر مذکور کی نسبت اگر زیادہ اختصار کے ساتھ بیان کر دیا جائے تو کچھ مضائقہ نہین ہے۔ کیونکہ جو تصویر اول مرتبہ کے قیام کی مین نے جدوجہد کرکے کھینچی ہے کسیقدر الٹ پھیر کے ساتھ وہی اس مرتبہ بھی کام دے سکتی ہے۔ لال سنگھ اور مہارانی کے خارج البلد کردینے سے تردد کے بعض اصل اسباب تو رفع ہوگئے تھے لیکن زیادہ مُزمن مشکلین مثلاً زر پرستی اور خود غرضی سوتن کا عمل مین آنا اور اُن سرداروں کے خزانون کا خالی ہونا جنکی وساطت سے رزیڈنٹ کارروائی کرنے کا پابند تھا یہ باتین اب بھی اپنی اصلی حالت پر تھین۔ یہ امور بالقوی اُن کوششون کے مانع ہوے جو مذکورہ بالا دقتون کی انگریزی طریقہ سے اصلاح کرنے کے متعلق شاید حد سے زیادہ مستعدی کے ساتھ عمل مین لائی گئی تھین اور جان لارنس کی طبیعت والے آدمی کے لیے کسی اور ارادی مخالفت کی نسبت اس غیر ارادی مزاحمت کو تحمل کے ساتھ تسلیم کرلینا اور بھی مشکل تھا۔ اسمین کچھ شک نہین کہ جو کامل اختیارات اُنکو عہدنامہ کی رو سے ملے تھے اُنکے سبب سے اُنکے استفادہ کا میدان بہ نسبت اُسکے جو پیشتر اُنکے واسطے کھلا تھا اور زیادہ وسیع ہوگیا اور اپنے بھائی کے ماتحتون کی مدد سے جنھون نے سرسری بندوبست کی تکمیل اور سستی دفتر کشی اور بردہ فروشی ان تین بڑی اخلاقی برائیون کے استیصال کی غرض سے تمام ملک کا دورہ کیا تھا اُن اختیارات سے پورا فائدہ حاصل کیا۔ جسوقت ہم اُن انقلابات کو جو رنجیت سنگھ کے مرنے کے بعد واقع ہوے یاد کرتے ہین تو اس بات پر کمال حیرت ہوتی ہے کہ یہ کم عمر انگلش اشخاص اپنی خداترسی کے کامون پر محض یکہ وتنہا کس اطمینان سے ہر چہار طرف گھومتے پھرتے لیکن باوصف ان تقویتون کے دوسری مرتبہ کے قیام لاہور کے متعلق کچھ اور باتین تھین جو جان لارنس ص ۲۴۰ کو قیام سابق کی باتون سے بھی زیادہ ناگوار معلوم ہوین۔ اُنسے کہا گیا تھا کہ وہ اس عہدہ پر براہ راست اپنے بھائی کے قائم مقام نہین کیے جاتے ہین جو خود بہنری لارنس کی خواہش تھی بلکہ وہ فریڈرک کرنی صاحب کے قائم مقام کیے جاتے ہین جو آیندہ کسیوقت غیر مقررہ پر آچک کر اس عہدہ کا اختیار اُنکے ہاتھون سے لے لینگے۔ کرنی صاحب کو کونسل کلکتہ کی ممبری مل ہی چکی تھی۔ اُنکو پنجاب کے حالات کم معلوم تھے اور لارنس اُنسے خوب آگاہ تھے۔ علاوہ برین خود وہ سردار جن پر اوائل مین جان لارنس کے سیدھے سادے اقوال اور بے تکلفی کسیقدر گراں گذرتی تھی اب اُنکی حاضر جوابی مبالغہ گفتگو اور اُس محبتی دل کی قدر کرنے لگے تھے جو اُنمین سے بعضون کو اپنے ساتھ تقیا اور بعضون کو علیحدہ کردیتا تھا۔ اپنے بھائی کو وہ لکھتے ہین کہ "ارکان دربار پر سے جانے سے ملول ہین بوڑھے

تیج سنگھ نے مجھسے ایک سال کی رخصت مانگی۔ دینا ناتھ تک اس تبادلہ کو پسند نہین کرتا۔ حالانکہ مجھکو یقین معلوم ہے کہ مین اسکے نزدیک عزیز نہین رہ سکتا ہون۔ کل اُسنے بسبیل تذکرہ مجھسے کہا کہ کام ہرگز نہ چلے گا۔ اُسنے یہی الفاظ استعمال کیے کہ آپ سے ہم بات چیت اصرار و دوبدل سب کچھ کر سکتے ہین آپ ہماری سنگت کے آدمی ہین لیکن گریفی صاحب سے ہماری کچھ نہ چل سکیگی" اُسپر طرہ یہ کہ لارڈ ہارڈنگ کے اس انتظام کو خود گریفی صاحب نے بھی ناپسند اور اپنے دل مین یہ خیال کیا کہ مین لارنسون کو صرف تنگ کرنے جاتا ہون۔ تھوڑا بہت رنج طرفین کو ہوا۔ لیکن اس قسم کی کدورت اگر جان کے سینہ مین اسوقت بھی ذرا ظہور باقی رکھگئی تھی وہ آخر مین گریفی صاحب کے آنے پر انکی باہمی ملاقات کے تپاک اور اُس بھی سے جو انگلستان کو روانہ ہونیکے چندہی روز پیشتر لارڈ ہارڈنگ نے انکو لکھی تھی ضرور رفع ہوگئی ہوگی۔ چٹھی یہ ہے۔

مقام سنیٹنڈ ہرز مورخہ ۲۰ جنوری ۱۸۴۴ء

میرے پیارے لارنس۔ ہمارا جہاز گفتہ بھر مین روانہ ہوگا اور یہ اپنی پہلی چٹھی مین ساحل بنگالہ سے صرف اُس شکرگزاری کے اظہار کے لیے لکھ رہا ہون جو مجھکو اس امر کے لیے ادا کرنا چاہیے کہ آپ اور آپکے بھائی ہنری اور جارج لارنس نے میری اُن امیدون سے جو مین نے ابتدا مین آپ لوگون کی قابلیت و صوابدیدانے کے بارے مین قائم کی تھین اسقدر بڑھکر کام کیا۔ مین نے آپکی بیش بہا خدمتون سے اپنا عہدہ چھوڑنیکے قبل اعتراف کیا ہے اور مین نے ستائش کی ہے کہ آپ یا تو شملہ مین اسی سال یا اوده مین دوسرے سال یا گریفی صاحب کے کلکتہ واپس آنیکی حالت مین قبل اسکے کہ آپکے بھائی تندرست ہوکر گورنمنٹ پنجاب کا پھر کام کرنیکے لائق ہون لاہور مین مقرر کیے جائین۔ مین نے یہ یقین آپکو لکھی ہین یقین ہے کہ اُنسے آپ کے بھائی نے آپکو اطلاع دی ہوگی کیونکہ لاہور کے انتظامات کے متعلق (اور وہ ظاہر آپکے مقاصد کے خلاف ہین) جو فیصلے ہوے ہین وہ ظاہری مقاصد کی تکمیل کے سوا اور امور کی تکمیل کے لیے کیے گئے ہین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ پارسال کے جازون مین بمقام لاہور آپ کے بھائی جیسے تھے اُسی اب یقیناً کہین اسپے ہین ۔ اگر گورنمنٹ مین کوئی فوجی جگہ خالی ہوئی تو مین ہی نہین خیال کرتا ہون کہ آنکو ٹیلر صاحب کی جگہ مقرر ہونا چاہیے بلکہ فی الواقع وہ آنکی جگہ مقرر ہونگے اور لندن مین ہونے سے آنکی یہ سب جائز امیدین بحسبی آئین بخوبی قابلیت ہے پوری ہوجائینگی۔ اُنکے عروج کے لیے صرف آنکی صحت درکار ہے اور میرے نزدیک آنکی تندرستی مین کوئی بڑا خلل نہین واقع ہوا ہے جو لاعلاج ہو۔

رقعہ محبت آمیز لارڈ ہارڈنگ

مگر یہ حالات مین قبل از وقت بیان کر رہا ہون۔ ماقبل موسم برسات مین جان لارنس کے لاہور مین پہونچتے ہی سکھ سردارون کی کونسل معہ اپنے صدر انجمن دیوان دینا ناتھ کے آنکی خدمت مین حاضر ہوئی اور یہ تمہید اُٹھاکر کہ لارڈ ہارڈنگ مہاراجہ اور عام ریاست کے اصل سرپرست ہین اولاد کی طرح بھروسہ کرکے یہ استدعا کی کہ قیام فوج انگریزی کے مصارف ادا کرنے کا ریاست کی طرف سے جو وعدہ کیا گیا تھا تو اب وہ روپیہ یکقلم معاف کردیا جاے۔ اور عرض کی کہ ہمارے پاس روپیہ مطلق نہین ہے اور ہم کسیطرح یہ روپیہ ادا نہین کرسکتے

ص ۲۴۱

جان نے بیساختہ یہی جواب دیا کہ یہ ہونے کا نہین - اگر ریاست کی آمدنی سلامت روی اور انصاف کے ساتھ صرف کیجاے تو ریاست کے تمام اخراجات بخوبی اُس سے نکل سکتے ہین - اور اپنی عادت کے مطابق اس معاملہ کی اصل کیفیت سے بخوبی آگاہی حاصل کرکے اُنھون نے اپنے بھائی کو یہ تجویز لکھ بھیجی کہ معاملات مال کی درستی کے لیے یہ ضرور ہے کہ کاردار یعنی تحصیلدار لوگ اس بات پر مجبور کیے جائین کہ وہ اوقات معینہ پر اپنے حسابات ریزیڈنٹ کے روبرو پیش کیا کرین اور ریزیڈنٹ کے دستخط بغیر کوئی رقم خرچ نہونے پائے - اور یہ بات سب سے زیادہ وقیع تھی - چنانچہ اصل تحریر یہ ہے -

مجھکو معلوم ہے کہ حتی الامکان آپ کونسل کے توسط سے کام ہونے کی زیادہ خواہش رکھتے ہین اور اسمین شک نہین کہ جہانتک عملدرآمد ہوسکے یہ اصول بہت درست ہے - لیکن ابتک جسقدر مداخلت فروعی باتون مین ہم کرتے آئے ہین میرے نزدیک اُنسے زیادہ باتون مین دست اندازی کرنے کی ضرورت ہوگی - مین خیال کرتا ہون کہ مجھکو اپنا راستہ صاف معلوم ہوتا ہے اور مین دیکھتا ہون کہ فلان امر مجھسے ہوسکے گا - ممکن ہے کہ آپ کے خیالات یہنون اور مین بہرحال ایک سانڈ پڑیا ہون - پس کیسے زیادہ اور کیسے کم دست اندازی کرون - کیسے سب باتون کو اسیطرح رہنے دون اور کیسے تمام دربار کو زیر وزبر کردون - مین سرکاری خواہش کے طور پر گورنمنٹ کو اس بارے مین کچھ نہ لکھون گا - جو کچھ آپ مناسب سمجھین سو کرین - شیخ امام الدین کا روپیہ آج جالندھر مین ہمارے خزانہ مین بس اسیقدر روپیہ ہے -

گو یہ تجویز تمام پہلوؤن سے مدلل تھی مگر اُسکی وجہ سے جیسا کہ امید تھی جان لارنس کی اُنکے بھائی کی طرف سے سخت چشم نمائی ہوئی کیونکہ ہنری لارنس مدبرون کی نگاہ سے واصلباقی کا جانچنا کبھی منظور نہین کرتے تھے اور جان نے جواب مین لکھا کہ الحاق کے روکنے کا بس یہی ایک آخری موقع تھا جس سے ہر شخص پناہ مانگ سکتا ہے

رزیڈنسی کے ایک ماتحت لیفٹن ٹوپنگ صاحب نے جو بعد کو میسور کے ایک نامی گرامی چیف کمشنر ہوے اپنے چیف کے کچھ دلچسپ حالات اس زمانہ کے متعلق جو اپنی یادداشتون مین لکھے تھے وہ مجھکو بھی ملگئے اور ذیل مین درج کیے جاتے ہین - صاحب موصوف لکھتے ہین کہ -

اُن ابتدائی ایام مین جان لارنس تقریر کے بڑے چست تھے اور جہانتک مجھکو یاد ہے وہ زمانہ علم کی نسبت اُنکی سختی کا زیادہ اظہار کرتا تھا - وہ نیم تبسم ہوکر پنجاب کے سردارون کو بڑی بڑی باتین کہ جاتے تھے جنکو سنکر وہ بھبک اُٹھتے تھے حالانکہ یہ کیسقدر ہنسی کی راہ سے ایسا کرتے تھے - وہ اُس زمانہ مین واقعی سخت زبان تھے اور سردار لوگ اُنسے بہت ڈرتے تھے - لیکن باوصف سخت کلامی کے ہم ماتحت لوگ اُنکو اسقدر عزیز سمجھتے تھے کہ جسوقت ہم لوگون نے سنا کہ سر ہنری کی جگہ اُنکے بھائی کے بدلے جن پر ہمکو بے انتہا بھروسہ تھا سرفرڈرک کریگی آئینگے تو ہم لوگون مین ایک کھلبلی مچگئی - ہنری کی غیر حاضری کے زمانے مین اُنکے وقت طلب کامون مین عارضی طور پر جان نے اُنکی اعانت کی

اور وہان کی بد انتظامی کے بدلے انتظام قائم کرنے مین بڑی تکلیف اُٹھائی - فروعی باتون مین وہ اپنے بھائی کی نسبت کمین زیادہ قابلیت رکھتے تھے گو وہ سردارون کی طرف کم لحاظ کرتے تھے - اُنھون نے ایک ایسی حالت مین مالگزاری کا بندوبست قائم کیا جب اُسکی حالت بالکل ابتر تھی - مُجوّزہ سیٹل صیغہ کے متعلق بہت سی اصلاحین کین اور ایک قاعدہ جو ہمارے یہان کے پرمنی پوشیع کے مشابہ ہے جاری کیا جس سے بڑا فائدہ ہوا - اخراجات کم کرنے کی کوشش مین اُنھون نے اس بات کی سخت تاکید کی کہ خرچ کی کوئی رقم بغیر میرے دستخط کے برآمد نہونے پائے - اس تجویز کے متعلق دربار نے بہت کچھ عذر و معذرت کی اور شائد اُس کے عذرات بالکل بیوجہ بھی نہین تھے کیونکہ دستخط کرنے کا یہ اختیار اصل مین تمام محکمہ کی صدارت تھی -

جب راے بھاج سنگھ وکیل دربار ہر روز صبح کے وقت اُنسے کاغذ دستخط کرانے لاتے تھے تو وہ کہا کرتے تھے کہ "وِل بھاج سنگھ آج کیا یاد دغا ہے" اور دربار مین سردارون سے وہ مطلق العنانی کے ساتھ گفتگو کرتے تھے تکلف کے فقرے نہین استعمال کرتے تھے - چنانچہ نورالدین کو جو گورنسل کا ایک رکن تھا یہ بات بہت بُری معلوم ہوتی تھی - دربار کے لوگ گو اُنکی بڑی تعظیم کرتے تھے لیکن اُنکے بھائی کے برابر اُنکی محبت نہین کرتے تھے - اُنکی عادت مین تصنع مطلق نہین تھا اور اپنے کمرہ مین آستین چڑھاکر اور چرٹ منہ مین دباکر بیٹھتے تھے اور ہندوستانی محرر کو احکام لکھواتے جاتے تھے - وہ زمین پر بیٹھتا تھا اور کاغذات پڑھ پڑھکر سناتا جاتا تھا اور لکی بی بی اُنکے پاس بیٹھکر اپنے سینے پرونے کا کام کرتی تھین - اُنکے سادے اور بے تکلف طریقہ کو ہم سب لوگ پسند کرتے تھے گو اُنکی بیباکانہ گفتگو سے بعض اوقات تکلف والے آدمیون کو برا لگتا تھا - ہم سب لوگ جانتے تھے کہ وہ ایک بڑے رعب داب کے آدمی ہین - اُس زمانہ مین بھی وہ فرمانروائی کی باتون سے بہت اچھی طرح واقف تھے کیونکہ مجھکو یاد ہے کہ جس زمانے مین آپر انڈیا مین بڑا فساد برپا تھا تو اُنھون نے ایک مرتبہ کہا تھا کہ اگر آپر انڈیا کا انتظام مجھکو ملے تو مین ابھی اُسکا بیڑا اُٹھاتا ہون - اُنھون نے اس امر کو کچھ شیخی کی راہ سے نہین بیان کیا تھا بلکہ اپنی ہمیشہ کی عادت کے مطابق صرف اپنی راستبازی کی وجہ سے اُنھون نے ایسا کہا تھا -

لاہور مین جان لارنس کی سرکاری خدمتون کی دقت اور پریشانی کسی زائد خانگی راحت سے بھی کم نہین ہوئی - نہ اس زمانہ مین اور نہ اوسکی زمانہ مین برادران لارنس نے سامان عیش و نشاط یا تزک و احتشام کی جانب توجہ کی - ایوان رزیڈنسی مین اسباب آسائش سے معدودے چند چیزین تھین اور جو چیزین علی العموم ضروریات زندگی سے تصور کیجاتی ہین وہ بھی افراط سے نہ تھین - بناؤ سنگار کی جانب سے ہنری کو جان لارنس ہی کیطرح کچھ عدم توجہی نہ تھی - بلکہ اُنکو اپنے گرد و پیش کی چیزون کی اون سے بھی زیادہ لاپروائی تھی - جسنیچہ مین وہ اور اُنکی میم صاحب بیٹھکر کام کرتی تھین اُسمین صرف ایک بتی جلتی تھی اور اُسکے جلنے یا خاموش ہو جانے کی بھی کچھ خبر نتھی اور یہ بتی بھی کسی شمعدان مین نہین جلتی تھی بلکہ جیسا کہ ایک شاہد عینی نے مجھسے بیان

ص ۳۴

سر ہنری لارنس کی سادی زندگی اور بے تکلف طریقہ کی تعریف - ہندوستانی محرر کو احکام لکھوانا - لکی بی بی کا اُنکے پاس بیٹھکر سینے پرونے کا کام کرنا - اُنکے سادے اور بے تکلف طریقہ کو سب لوگ پسند کرتے تھے - اُنکی بیباکانہ گفتگو سے بعض اوقات تکلف والے آدمیون کو برا لگتا تھا - اُنکی دانشمندی - اُنکا انتظام ممکو ملے تو مین ابھی اُسکا بیڑا اُٹھاتا ہون - اُنکی سادگی

کیا ہے پینے شراب کی ایک خالی بوتل کے منھ پر لگی رہتی تھی - اور ایک مرتبہ جب کسی دوسرے کام کے لیے ایک اور شمع کی ضرورت ہوئی تو ہنری نے کمال سادہ پن سے کہا کہ پہلے کوئی شخص پیر کی ایک اور بوتل پی لے تو دوسری شمع تیار ہو - "نزک مشرقی" کی یہ ایک عجیب شرح ہوتی لیکن سب کے پہلے شاید پیوریٹن فرقہ کا وہی سب سے بڑا شاگرد اسکا قدردان تھا - چونکہ ہنری لارنس نہایت ہی مہمان نواز شخص تھے اس باعث سے وہ اکثر اتنے آدمیوں کو دعوت مین طلب کیا کرتے تھے جنکے بیٹھنے کی بھی اُنکے گھر مین جگہ نہین ملتی تھی - اور پھر اُنکے کھانے کے لیے کسی چیز کا منگوانا بھی بعض اوقات بھول جاتے تھے - اور کبھی کبھی کوئی عاقبت اندیش دوست جو اپنے چیف کے معاملات کی خبر گیری رکھتا پوشیدہ طور سے دریافت کر لیتا کہ آیا کھانے کے لیے آپ نے کہلا بھیجا ہے اور نہین تو جو چیز کم پڑتی اسکو اپنی میز سے لیکر بھیج دیتا -

جب جان لارنس اپنے بھائی کی جگہ پر زیدنسی مین آئے تو اُنھون نے بہت کچھ عاقبت اندیشی کی لیکن اُسپر بھی ایسی کوئی شے مہیا نہین ہوئی جسکو عیش و آرام کی شے سے منسوب کیا جا سکتا ہو - اُنکے عیال و اطفال بیشک اُنکے ہمراہ تھے اس نعمت سے ۱۸۴۶ء مین نو مہینے اور ۱۸۴۷ء مین پانچ مہینے وہ محروم رہے تھے - لیکن یہ مکان جو برادران لارنس کی ایسی برسی ہوئی مہمان نوازیون اور سادی جانبین کے لیے کفایت کرتا تھا اور جسمین بزرگانہ طور پر اکثر لوگون اور ماتحتون کے ایک بڑے گروہ کی پرورش ہوتی تھی گرنی صاحب کے آنے پر اُنکے واسطے کفایت نہ کر سکا جو جان لارنس کی جگہ مقرر ہوئے تھے - اسطور پر ملک اور کام کی دقتون مین مکان کی دقتون کا اور اضافہ ہوا اور جان لارنس کی چٹھیون سے انتخاب کر کے خانگی انتظامات کے متعلق جو دو ایک فروعی باتین مین اس مقام پر درج کرتا ہون شاید دوسری اور زیادہ ہوشیار نسلون کے لیے خالی از منفعت نہونگی - جان لارنس اُنکی میم صاحبہ تین لڑکے اور ایک انگریز ملازم ان سب کے درمیان دو کمرے بٹے ہوئے تھے جو ۱۶ فیٹ کے لمبے اور ۱۲ فیٹ کے چوڑے تھے - ہنری لارنس اور رابرٹ پیئر (جواب لارڈ لارنس آف پیگنڈ الامین) یہ تیسرے کمرے مین رہتے تھے اور ماتحت لوگ خوش قسمت تھے کہ جسطرح آدھے مکان مین اُنکے افسر جان لارنس رہتے تھے اسیطرح آدھا مکان اُنکے حصہ مین تھا - الغرض جس مرسہ مین ہندوستان کے بعض بڑے بڑے منتظمون نے تعلیم پائی تھی اُنکے طرز معاشرت کی یہ کیفیت تھی - یہ فروعی باتین حقیر معلوم ہونگی لیکن وہ ایک خاص وقت اور فائدہ رکھتی ہین کیونکہ وہ مقام یہی تھا جہان سے (ہنری اور جان لارنس ان دونون بھائیون کی استادانہ تعلیم کی بدولت) ایک پورے گروہ نے سادگی اور قناعت کا کام مین مصروف رہنے اور جو اب تک ہندوستان کی اصلی قوت کہی جا سکتی ہے دیسیون کے ساتھ غمخواری کرنے کا سبق سیکھا اور اُنکو بھیر بکری نہین بھلایا - اسی طرح کے اسباب اور اسیطرح کے اثر سے ہماری عمارت سلطنت

ہندوستان

ہندوستان کے عمدہ ترین حصے تیار ہوے - یہ وہ سلطنت ہے جو اپنی عظمت مین سلطنت روتہ الکبری کے برابر ہوگی اور فی الجملہ اُسکی حکومت اسی خالص نیت سے کی گئی کہ اُسکے باشندون کو نفع پہونچے یہ بات رومیون کو کبھی خواب مین بھی نہ میسر ہوئی ہوگی" قدیم زمانہ کے سیٹیہ نئی لوگون نے بھی اسی طرح کی زندگی اختیار کی تھی سرئیس اور اُسکے بھائی رومیٹوکس نے بھی ایسا ہی کیا تھا - اور سلطنت روم کو جو شرف حاصل ہوا وہ سب اسی بات کے طفیل سے تھا"

جان لارنس نے اس مرتبہ لاہور مین ایک ایسی دوستی پیدا کی تھی جسمین پھر کبھی خلل نہین ہوا اور اُسکا بیان اس مقام پر درج کرنیکے قابل ہے ہماری نقابضت پنجاب کی خاص حالتون کے سبب سے لاہور ہندوستان بھر مین سب سے زیادہ ضروری چھاونی تھا - سرجان لٹلر جو ایک نہایت عمدہ جنرل تھے وہ اس قسمت کے کمانیر تھے اور سبوقت کالن کیمبل صاحب (یہ وہ مشہور سپاہی ہین جنھون نے بازگشت بمقام کرونا کے وقت بڑا بہادری کا کام کیا تھا وِلوریا مین جنگ کی تھی اور نا اُمیدی کی حالت مین بمقام سیٹن بہادرسیٹن زخمی ہوے تھے) چین کی فوجی کارروائی سے کنارہ کشی کرکے اپنی نامی رجمنٹ نمبر ۹۰ کی سرکردگی سے واپس آتے تھے تو لارڈ ہارڈنگ نے خطرہ کے مقام پر معین کرنے کے لیے اُنکو بھی ٹھہرالیا اور لاہور مین ایک بریگیڈ کی کمان دی - یہان پہلے تو ہنری اور بعد اُسکے جان لارنس کے وہ بڑے دوست ہوگئے - اپنے روزنامچہ مین وہ لکھتے ہین کہ "مجھکو اس بات کے معلوم ہونے سے نہایت خوشی حاصل ہوئی کہ جان لارنس اپنے بھائی کی غیر حاضری کے زمانہ مین اُنکے قائم مقام مقرر ہونگے" شکار مین وہ اکثر جان لارنس کے ساتھ جاتے تھے اس کام مین شق دیرینہ کے سبب سے سولیٹین افسر فوجی افسر سے زیادہ ماہر تھا - جان لارنس حکمی نشانہ لگاتے تھے - مین نے اُنکے دوستون کی زبانی سنا ہے کہ وہ کبھی پر بیٹھے بیٹھے چلتی گاڑی سے پستول لیکر لومڑی کا شکار کر لیتے تھے اور ادھر کالن کیمبل صاحب افسوس کے ساتھ اس امر سے اعتراف کرتے ہین کہ "مجھکو ہاتھی کی پشت سے کبھی کبھی ایک پر نہین ملا" جسوقت یہ بندوبست کیا گیا کہ جان لارنس اپنا عہدہ کرنی صاحب کو خالی کردین تو لاہور کے تمام افسرون مین کیسکو اسقدر صدمہ نہین ہوا جسقدر کالن کیمبل کو ہوا - چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ "مجھے کمال افسوس ہے کہ جان لارنس یہان سے جاتے ہین وہ ایک نفیس رکیمبل صاحب کی سوانح عمری دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جسوقت کسی کی بے انتہا تعریف کرتے تھے تو اس لفظ کو استعمال کرتے تھے - یار باش اور ایماندار ہی آدمی نہین تھے بلکہ پولیٹیکل معاملات مین وہ ایسے مستند شخص تھے کہ اگر میرے ایام قیام پنجاب مین کوئی فتور برپا ہوتا تو اُنسے بڑھکر کوئی شخص نہین تھا جس سے مین صلاح لیتا"[1]

[1] سوانح عمری لارڈ گلارنس موٴلفہ جی ٹی ٹشیڈول جلد اول صفحات ۱۴۰ و ۱۵۹ -

لارڈ ڈلہوسی جدید گورنر جنرل جب ۱۲ جنوری ۱۸۴۸ء کو داخل ہندوستان ہوے تو معمولی اعزاز کے ساتھ گورنمنٹ ہوس مین انکا استقبال ہوا اور دوسرے ہفتہ مین لارڈ ہارڈنگ مع ہنری لارنس سوار ہوے جہاز روانہ انگلستان ہوئے اور اپنے جانشین کی دلجمعی کر گئے کہ جہانتک مین دیکھ سکتا ہون "آیندہ سات برس تک ہندوستان مین ایک ضرب توپ کے چلانے کی ضرورت نہوگی" لیکن کرنی صاحب ابتک لاہور مین نہین پہونچے تھے اور جان لارنس بشاشت سے کام کرتے جاتے تھے حالانکہ وہ اپنے اس مقام کے عہدے سے بالکل مطمئن نہ تھے - تاریخ ۱۱ نومبر انھون نے اپنے موسومہ جانشین کو لکھا وو مجھے امید ہے کہ جہانتک جلد آسانی کے ساتھ آپ سے ممکن ہوگا یہان پہونچ جائینگے - میری کیفیت تو یہ ہے کہ پنجاب سے جسقدر جلد مین باہر نکلون اسیقدر بہتر ہے لیکن آیندہ فروری کے مہینے مین وہ پھر پنجاب سے نہ نکلنے پائے اور آخر کو جب انھون نے سنا کہ کرنی صاحب درحقیقت روانہ ہو چکے ہین تو انھون نے اپنی معمولی بیغرضی کے ساتھ اپنے بھائی ہنری کو لکھا کہ بہتر ہوگا کہ آپ اب مناسب وقت پر لاہور مین آئین - یہ مناسب نہین معلوم ہوتا کہ آپ بغیر تندرستی حاصل کیے انگلستان سے چلے آئین - چنانچہ وہ بھائی کو لکھتے ہین کہ -

اگر ضرورت ہوگی تو قبل اسکے کہ آپ آئین مین یہان پھر چلا آونگا جیسا کہ پیشتر بھی مین آپ کو تحریر کر چکا ہون - لیکن بہتر ہوتا کہ کرنی صاحب برابر قیام کرتے - اس گھڑی گھڑی کے تبادلہ مین بڑی خرابی پڑتی ہے - کسی شخص کو اپنی تدبیرین پوری کرنیکا وقت نہین ملتا اور اسواسطے وہ کوئی زیادہ عمدہ کام نہین کر سکتا - .... - اگر میری یا انکی نیکنامی کا تعلق ہوتا تو بھی خراب بات تھی لیکن اب اس سے بھی بدتر ہے میرے یا آپ کے ہونے کی حالت مین تو خرابی ہی تھی مگر اب اور بھی زیادہ خرابی ہوگی کیونکہ چلے پر کا تو اپنا کوئی شخص پسند نہین کرتا - گورنمنٹ کے پاس سے ابھی ابھی میرے یہان اس مضمون کی ایک تحریر آئی ہے کہ جب تک کرنی صاحب آنہ لینگے اسوقت تک کچھ نہوگا اس صورت مین چھ ہفتے اور ضائع ہونگے - دو مہینے کے عرصے مین ملتان بھر کی تشخیص کر ڈالتا - وسط مارچ مین جو لوگ وہان بھیجے جائینگے وہ ادھر ادھر گھومنے مین علیل ہو جانے کے سوا اور کچھ نہ کر سکینگے اور دو چند وقت مین بھی کام انکے کرنے سے تمام نہوگا -

پنجاب مین جو آتش فساد عنقریب مشتعل اور اسکے سبب سے الحاق ہونے والا تھا اسکے متعلقہ حالات کے اعتبار سے لازم تھا کہ جان لارنس کے مندرجۂ بالا اقوال پر فی الفور لحاظ کیا جاتا - اگر جان لارنس کو اپنے طور پر اس معاملہ مین کارروائی کرنے کا اختیار دیا جاتا تو وہ آثر گاکس کو جنوری کے مہینے مین بجانب ملتان روانہ کر دیتے اور سکھون کی دوسری لڑائی جسمین محض بیجا غلطیان سرزد ہوین اور بے سود خونریزیان حاصل ہوین ہرگز نہونے پاتین جس رزیڈنٹ کا عرصہ دراز سے انتظار ہو رہا تھا وہ ۲۰ مارچ کو پہونچا اور باوصف سابق کی شکر رنجیون کے دونون مین خوب یکجائی رہی - دونون مین تمام ضروری معاملات پر بحث ہوئی اور آخر کو بالکلیہ اتفاق راے رہا - نئی ہدایتین

ص ۲۴۶

سر فریڈرک کرنی کا لاہور مین پہونچنا - مہاراجہ دلیپ سنگھ کا لاہور مین آنا - کونسل مین انکا حلف وفاداری لینا - دربار مین انکا تخت پر بیٹھنا - کرنی صاحب کا انکے داہنے ہاتھ کرسی پر بیٹھنا - مہاراجہ کا ان سے ملاقات کرنا - کرنی صاحب کا مہاراجہ سے ملاقات کرنا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو خلعت دینا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو خلعت دینا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو نذر دینا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو نذر دینا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو ہار پہنانا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو ہار پہنانا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو عطر لگانا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو عطر لگانا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو پان دینا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو پان دینا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو رخصت کرنا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو رخصت کرنا - کرنی صاحب کا مہاراجہ کو سلام کرنا - مہاراجہ کا کرنی صاحب کو سلام کرن

تیار ہو چکی تھین اور دو شخصون کے حواب ماتحت میانمیر کو بھیجدیے گئے - رزیڈنسی مین ماتحت لوگ جو اب تک اپنے گھر کی طرح اور بہنہری اور جان لارنس اگلے بزرگون کی طرح رہتے آئے تھے اب وہ زمانہ ہمیشہ کے لیے گیا گذرا ہوا چنانچہ جان لارنس اپنے بھائی کو لکھتے ہین کہ "میرے اور آپ کے زمانہ مین جس مقام پر نہ تخلیہ اور نہ آسایش تھی اب وہان غالبًا دونون باتون کی افراط ہوگی" ۷ مارچ سیٹ پیٹرکس ڈے" کو جان لارنس کے ایک دوسرا فرزند نہری (جیسا کہ اُسکا باپ شاید اپنے خاندانی نسب اور امام طفولیت کی خانہ بدوشیون کو جانکر اسکو خوب یاد ہونگی خیال کرکے بڑی خوشی سے لکھتا ہے) پیدا ہوا اور ۳ اپریل کو کل خاندان لارنس معہ بچہ کے جو اس زمانہ مین صرف پندرہ روز کا تھا جالندھر کو روانہ ہوا اور اپنے اس روانگی سے نہایت خوش تھا - جان لارنس ببسبیل تعیل اپنے صوبہ کا دورہ کرکے مع الخیر دھرم سالہ کے خوش سواد پہاڑ پر جہان انھون نے ایک مکان خریدہ کیا تھا پہونچے - یہان اگر جان لارنس سمجھے کہ اب اس سرد آب و ہوا مین چند ہفتے بفراغت رہنا ملے گا صرف ایک مرتبہ ضرورت کے وقت مقدمات سشن کرنے کے لیے میدانی ملک مین جانا پڑے گا - اور اس خیال سے انکو ایسی مسرت حاصل ہوئی کہ وہ اپنے دل مین خیال کرنے لگے کہ دیکھیے یہ اُمید پوری ہوتی ہے یا نہین - چنانچہ وہ اُمید پوری نہونے پائی - کیونکہ چند روز بھی نہ گزرنے پائے تھے کہ یہ خبر آئی کہ وانس اگنیو اور اینڈرسن صاحب یہ دونون افسر جو ملتان کو بھیجے گئے تھے فریب سے مارڈالے گئے - اور اب گورنمنٹ اس بات مین جسکو جان لارنس نے پہلے ہی سے دریافت کرکے اُسکے دور کرنے کی کوشش کی تھی پس وپیش کرنے لگی کہ آیا ہم فوراً فوجی کاروایان شروع کردین جن سے وسط موسم گرما مین ہندوستان کے گرم ترین مقام کو جانا پڑتا تھا یا آیندہ موسم سرما تک کاروایان معطل رکھنے کی حالت مین اس بات کا اور بھی زیادہ خطرہ اُٹھائین کہ دشمن لوگ ہمکو سمجھین کہ وہ لڑائی مین ہچکتے ہین اور اس بات کا موقع دین کہ پہلے تو ملتان مین ہر طرح کی بغاوت پھیلجاے اُسکے بعد تمام ملک پنجاب مین اُسکے شعلے پہونچ جائین

اب دیکھنا چاہیے کہ کن حالتون کی وجہ سے ہم اپریل فیصلہ ناک پس وپیش کی حالت مین پھنسے تھے —

مولراج دیوان ملتان مشہور و معروف ساون مل کا بیٹا اور جانشین تھا جسکو رنجیت سنگھ نے اس مستحکم قلعہ کی خبرگیری کا کام سپرد کیا تھا جو آخر مین اُسکے ہاتھ سے فتح ہوا - ملتان کے قلعجات اسکندر اعظم کے زمانہ سے مشہور و معروف ہین اور یہ ممکن نہین معلوم ہوتا تھا کہ جو سردار اُسپر قبضہ رکھتا تھا وہ اور کسی شخص پر بھروسہ کرتا - مشرقی فرمانروایون کے اعتبار سے ساون مل ایک اچھا فرمانروا تھا - اور بیس سال تک فرمانروائی کرنے کے بعد جسمین اُسنے بیشمار دولت جمع کرلی تھی اپنے بیٹے مولراج کو اپنی دولت اور سلطنت کا وارث چھوڑکر ۱۸۴۴ء مین فوت کیا - سکھون مین چاہے جو عمدہ صفتین پائی جاتی ہون لیکن وہ شدت سے زر پرست ہین انکو جزیرہ نماے ہندوستان کے یہودی اور ارمنی کہنا روا ہے چنانچہ لال سنگھ نے بحیثیت قائم مقام مہاراجہ مولراج سے ایک

ص ۲۴۴ سلسلہ بیان ملتان کا کہ کیونکر مولراج ملتان کا فرمانروا ہوا

ص ۲۴۴

کرور روپیہ بطور نذرانہ طلب کیا۔ اس امر مین طرفین سے جو کدہوئی وہ صرف روپیہ کے لیے ہوئی اختیار کے لیے نہین ہوئی اور مولراج نے پہلے ہی سے اس خرابی کے مقابلہ کا بندوبست کر رکھا تھا۔ لیکن آخر کو جان لارنس نے ترغیب دیکر اور اسکی حفاظت کا وعدہ کر کے لاہور مین طلب کیا۔ اور یہان سخت مگر دوستانہ قول اقرار کے بعد زر نذرانہ ادا کرنے کا فیصلہ کر دیا گیا۔ لیکن جب مولراج نے ایک مرتبہ بیزاری کی حالت مین استعفا دینے کی خواہش ظاہر کی تو انکا استعفا قبول کر لیا گیا۔ ایک دوسرا سردار اسکی جگہ مقرر کیا گیا اور دو انگریزی افسرون کو حکم دیا گیا کہ وہ سردار مذکور کے ساتھ ملتان کو جائین اور جسطرح پنجاب کے اور حصون مین کارروائی ہوتی ہے اسی طرح وہان بھی کرین۔ آرتھر کاکس صاحب جنکو جان لارنس نے "ایک عمدہ دلیر نیک مزاج شخص" بیان کیا ہے اور جو سکھون سے بہت اچھی طرح واقفیت رکھتے تھے انکو دونون بھائیون نے اس نازک کام کے لیے منتخب کیا۔ لیکن چونکہ صدر مقام سے ایک حکم اس مضمون کا آگیا تھا کہ جب تک نئے ریزیڈنٹ صاحب دلیپ سنگھ اسوقت تک کوئی کارروائی نہ کیجاے ایسلیے تین مہینے کی اور تاخیر ہو گئی۔ اور بغاوت ملتان کی ترقی کے لیے اور وقت ملگیا۔ جب کرنل صاحب آئے تو انھون نے وانس اگنیو (یہ ایک سوئلین تھے) اور لفٹنٹ اینڈرسن (یہ لارنس صاحب کے نسبتی بھائی تھے) کو اس خطرناک کام کے لیے منتخب کیا۔ اور سکھون اور گورکھاون کی پانچ سو مخلوط فوج کے ذریعہ سے نئے دیوان کو مولراج سے گورنمنٹ لینے کے لیے روانہ کیا۔ بدقسمتی سے یہ لوگ اپنے محافظ فوج کے ہمراہ نہین گئے۔ وہ دریا کے راستہ سے گئے اور فوج محافظ خشکی کی راہ سے گئی۔ چنانچہ اس طور پر سفر کے ختم ہونے کے بعد انکے اصل محافظون نے انکو معلوم بھی نہین کیا کہ کون ہین۔

اسکے بعد جو کچھ ملتان مین آیا وہ بخوبی تمام مشہور ہے۔ اور اسکو ایسے ایسے اہل قلم لکھ چکے ہین کہ اب اسکے بیانکی حاجت نہین ہے۔ وانس اگنیو اور اینڈرسن صاحب جب مولراج کی طرف والے پھاٹک کی راہ سے گھوڑون پر سوار جاتے تھے تو اوپر حملہ ہوا اور انکی سپاہ کا جو حصہ انتک وفادار رہگیا تھا اسنے بارہ گھنٹہ تک بہادری سے مقابلہ کیا تا انکہ دونون صاحب نہایت ظلم سے مارے گئے اور انکی لاش کے ساتھ طرح طرح کی بیحرمتی کی گئی۔ ابتدا مین جو حملہ (اور یہ حملہ اسی کے مشابہ تھا جو فی الحال ہماری سفارت کابل پر ہوا ہے) کیا گیا تھا اسکا حملہ آورون نے پیشتر سے کوئی قصد نہین کر رکھا تھا۔ اور حکام نے تو اور بھی اسکا ارادہ نہین کیا تھا۔ لیکن ایشیائی شہرون مین یورپ کے شہرون سے بھی زیادہ عام لوگ برے افعال کے وسائل پاکر انکے مرتکب ہو جاتے ہین زیادہ دلیر اور لاپروا لوگ بیدل یا خیر اندیش آدمیون کو محض دیکھا دیکھی اپنا شریک بنا لیتے ہین اور اسطور پر چند آدمیون کے قصور مین تمام شہر شریک ہو جاتا ہے۔ لیکن بہرحال مولراج نے برخلاف بدقسمت سابق فرمانروا کے کابل کے جرم مذکور کے ہو جانے کے بعد اسکو خود اختیار کر کے اپنا جرم بنا لیا اور سکھون ہندوون اور افاغنہ

ص ۴۴

تمام باشندگان پنجاب کے نام اس مضمون کا اشتہار جاری کر دیا کہ سب کے سب اجنبیوں کے دور کرنے پر آمادہ ہو جائین —

اب اگر عجلت اور مستعدی سے کارروائی کرنے کا کوئی وقت تھا تو وہ یہی تھا — اس موقع پر پردیسیوں کے چال وچلن کا امتحان کرنا اور ہر ہر صاحب حکومت آدمی کو جانچنا لازم تھا — لارڈ ہارڈنگ اور ہنری لارنس اس موقع پر جو کچھ کارروائی کرتے وہ اُس کارروائی سے بخوبی ثابت ہو سکتی ہے جو کشمیر مین امام الدین کی نسبت کی گئی تھی — اور جو کچھ گرنی صاحب آزادانہ اختیار پانے کی حالت مین کرتے اسکا قیاس اِن تدبیروں سے کیا جا سکتا ہے کہ اُنھون نے فوراً ملتان کی جانب سپاہ بھجوائی اور اگر حکام بالادست کے صریح احکام کے خلاف نہین تو اُنکی خواہشون کے خلاف ہر حالت مین بعد کو فوج کشی کی — اور جان لارنس کو اس معاملہ مین جو کچھ کرنا تھا اسکا حال بلاشک وشبہ اُن چٹھیون سے ظاہر ہے جو اسوقت میرے سامنے رکھی ہوئی ہین — یہ چٹھیان اُس اعم دانشمندی کے ذریعہ سے نہین لکھی گئی تھین جو وقوع واقعہ کے بعد ہر شخص مین آجاتی ہے اور اس امر کو ظاہر کرتی ہے کہ راقم اُس صورت مین جب اُسکے کرنے کا کوئی اختیار باقی نہ رہگیا ہو کیا کر سکتا تھا — بلکہ جس روز خبر مذکور آئی اُسی دن اُنھون نے الیٹ صاحب سکرٹری گورنمنٹ گرنی صاحب ریزیڈنٹ گورنر جنرل اور ہیوئیلر صاحب پولیٹیکل ایجنٹ لدھیانہ کمان جالندھر کے نام اُسی وقت گھسیٹ کر روانہ کین — ریزیڈنٹ گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف کے مابین متواتر جو نامہ وپیام رہا اور اُسکا کوئی نتیجہ نہ نکلا اُسکی تلاش مین محنت کرنے سے میرے لیے زیادہ تر یہی لازم ہے کہ جان لارنس کی چٹھیون اور اُنکے خیالات کو ظاہر کرون —

اب اس بات کو دیکھنا چاہیے کہ صورت معاملات کیا تھی — کمانڈر انچیف ایک بہادر اور شیر دل شخص تھے لیکن وہ ہمیشہ افراط پر مائل رہتے تھے — جسوقت وہ جوش مین ہوتے اور کہین بندوق کی ایک آواز سن لیتے تو پھر اُنکی کارروائی اور جرات مین کوئی بات اُٹھہ نہ رہتی — اور جسوقت وہ سرد پڑتے تھے تو اُنمین اسطرح کی عاقبت اندیشی آجاتی تھی جو کسی کم بہادری والے آدمی مین اگر پائی جاتی تو وہ سستی بلکہ بزدلی مین مطعون ہوتا — گورنر جنرل ابھی سے نئے ہندوستان مین آئے تھے — اُنکی عمر ابھی صرف ۴۶ برس کی تھی اور جیسا کہ ایسے موقعون پر اکثر ہوا کرتا ہے جسوقت یہ نازک معاملہ اُنکے روبرو پیش ہوا تو اپنی تیزی طبیعت اور پختہ ارادے کے کام مین لانیکے بدلے دوسرون کی مشورت پر بھروسہ کیا — ہندوستان کی تمام کارروائیون مین جو اُنکے گورنر جنرلی کے زمانے مین اُنکے ذریعہ سے عمل مین آئین شائد اِسی موقع کی بابت اُنکے اوپر اعتراض ہو سکتا ہے — اُن دونون حکام بالادست کی رائے آخر مین یہ قرار پائی کہ اب کسی جنگی کارروائی کا قصد کر کے انگریزی سپاہ کو جو کسمپرسی مین پھنسانے کا وقت نہین رہا — یا جیسا کہ ہنری لارنس نے طنزاً لکھا ہے اُنھون نے یہ قطعی قصد کیا کہ موسم سرما مین ایک بڑا شکار کھیلین گے اور گورنر جنرل کو

ص ۲۵

اپنا رہنما بنائینگے ۔ اگر اُس صلاح پر جو جان لارنس نے دی تھی اور ایک بڑے درجہ تک کرنی صاحب نے بھی جسکی تائید کی تھی عمل کیا جاتا تو ہم بلا مبالغہ کہ سکتے ہین کہ بگمان غالب فساد ملتان (جیسا کہ اسیطرح کی اور حالتون مین ہم ہمیشہ ہندوستان مین دیکھ چکے ہین) شروع ہوتے ہی ختم ہو جاتا اور صرف ایک مقامی ہنگامہ ہو کر رہ جاتا ۔

قتل کا ارتکاب ۲۰ اپریل کو ہوا ۔ اور جان لارنس کے دور دراز پہاڑی اسٹیشن پر جو کوہ ہمالیہ کی برفانی چوٹیون کے نیچے واقع ہے ۳۰ اپریل کو اس معاملہ کی خبر پہونچی ۔ اُسی روز اُنھون نے نہایت زور دیکر اپنے ڈھب سے دو چٹھیان ایسٹ اور کرنی صاحب کے نام لکھین جنکے اقتباسات مین آگے درج کرونگا جسوقت ہم ان چٹھیون کو پڑھتے ہین تو ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ اس شخص مین کیسی خداداد ذکاوت اور عقل تھی کہ بادی النظر ہی مین اصل حقیقت اس فساد کی اُسکو معلوم ہوگئی اور ایسی تدبیرین دفعتاً سوچ لین جن سے فی الحقیقت اُسکا انسداد متصور تھا ۔ اُسکی یہ باتین اُس بڑے نازک وقت کا مقدمہ تھین جو بزمانہ مابعد اُسکے اوپر آن کر پڑا تھا ۔ گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف دونون سے وہ جدا (اور شاید یہ خوش نصیبی کی بات تھی کہ وہ جدا) ہو گیا تھا ۔ اُسوقت اُسکا کام تجویز بتلانے یعنی رائے دینے کے بدلے حکم دینا خیال کرنے کے بدلے کارروائی کرنا اور آداب واداب اور افسری کے قواعد کو اس مقصد کے لیئے شکست کرنا تھا کہ اُن باتون سے بدرجہا بڑھکر کوئی کام کیا جاے اور جو طوفان اُس زمانہ مین اُٹھا تھا وہ خاموش کیا جائے ۔ خیر ایسٹ صاحب کے نام اُنھون نے یہ چٹھی لکھی تھی ۔

میرے پیارے ایسٹ صاحب ۔ مجھکو کرنی صاحب کی تحریر مورخہ ۲۵ ماہ روان سے ملتان کے افسوسناک واقعہ کی ابھی ابھی خبر پہونچی ہے ۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بیچارے اگنیو اور اینڈرسن صاحب مارے گئے ۔ مین نے کرنی صاحب کو لکھا ہے کہ اگر میری خدمت کام آسکتی ہو تو مین وہان آنے کے لیے موجود ہون ۔ مین ایسی جگہ پر جہان میری ضرورت نہو خواہ مخواہ کو پیش قدمی نہین چاہتا لیکن اس قسم کے نازک وقت مین مین اپنی طرف سے کام کرنے کی اشد عاکرنا مناسب سمجھتا ہون ۔ کرنی صاحب اس بات پر آمادہ معلوم ہوتے ہین کہ اس معاملہ کو دبا رہنے دین اور ملتان پر فوج کشی نہ کرین ۔ مین نے اُنکو جو جواب لکھا ہے اُسکی ایک نقل آپکے پاس بھی روانہ کیے دیتا ہون ۔ اسمین شک نہین کہ آج کل کا موسم فوج کشی کے لیے موزون نہین ہے لیکن جو خرابیان فوج کشی مین ہین خاموش رہنے مین اُنسے بھی زیادہ متصور ہین ۔ اگر فوراً باغیون کا انسداد نہ کیا جائے گا تو نیون پشاور اور ہزارہ کے تمام انگریزون کی جانین معرض خطر مین رہینگی ۔ دو سال کا عرصہ ہوا کہ کشمیر مین ہمارے آدمی اسی طرح کے خطرہ سے بال بال بچگئے اُسوقت یہ مسئلہ زیر بحث تھا کہ یا تو شیخ اطاعت قبول کرلے یا اُسپر فوج کشی کیجائے ۔ اگر ہم ایسا نہین کرتے تو ہماری جو سپاہ ابھی نوکری سے چھوڑائی گئی ہے وہ سب ایک جگہ جمع ہو جائیگی اور باغیون کی شریک ہو کر یورش کرے گی ۔

اُسی دن جان لارنس نے کرنی صاحب کو یہ چٹھی لکھی ۔

گو مولراج کا چال چلن کیسا ہی برا کیون نہو مگر اس بات مین مجھکو شبہ ہے کہ وہ اصل ہنگامہ کا بانی ہے ۔ آپ اس

بات پر نہین کیجیے کہ وہ مقتضاے وقت سے مجبور ہوگیا ہوگا۔ یہ ایک مشہور بات ہے کہ وہ انتہا مرتبہ کا بزدل ہے اور ابتدا مین اُسنے جن خاص باتون پر اصرار کیا تھا اُسمین سے ایک بات یہ تھی کہ قبل اسکے کہ پھور دینا عوام مین شہرت ہو اسکو وہان سے چلے جانے کی اجازت دیدیجاے۔ یہ اکثر واقع ہوا ہے کہ کسی ہنگامہ مین سکھ لوگ آپسمین ایک دوسرے سے نہین لڑے اور کمزور فریق اپنے قوی تر فریق سے شریک ہوگیا۔ تاہم یہ بات باور نہین آتی کہ خان سنگھ کی سپاہ نے اُسطرح کا برتاو کیا ہو جیسا کہ بیان کیگیا ہے اب مجھکو اس بات کا بڑا اندیشہ ہے کہ دربار کی کوئی فوج ملتان پر چڑھائی کرنے کی حالت مین وہی برتاو نہ کرے جو خان سنگھ کی سپاہ نے کیا ہے۔ باوصف گرمی اور خراب فصل کے مین اسی بات کی صلاح دون گا کہ فوج کشی کیجائے۔ ورنہ جو آپ کو اندیشہ ہے بہون ہزارہ اور پشاور مین بھی فساد ہوگا۔ ملتان کوئی زبردست مقام نہین ہے افسر لوگ رضامند یا غیر رضامند ہون مگر انکو اپنے سپاہیون کے بچانے کے لیے ضرور جانا ہوگا۔ آپ کے دفتر مین وہان کی قلعہ بندیون کا ایک نقشہ ہوگا جسکو بیچارے اَنڈرسن صاحب نے کھینچا تھا۔ میرے نزدیک ایک بریگیڈ فیروزپور اور جالندھر سے لینا اور دو یورپین اور جتنی دیسی حصص فوج لیکر ملتان پر چڑھائی کرنا چاہیے۔ یہ مقام محاصرہ کی تاب نہ لاسکیگا۔ وہان سے تھوڑی ہی بلندی پر اگر گولے چلائے جائینگے تو قلعہ شہر ہو جائیگا۔ اس کارروائی مین میرے نزدیک بھی بہت سے اعتراضات ہوسکتے ہین لیکن مین سمجھتا ہون کہ دوسری کارروائیان اس سے بھی بڑھکر قابل اعتراض ہونگی۔ دربار نہ تو کچھ کرتا ہے اور نہ کریگا۔ مین نے اُسکو کبھی کچھ کرتے ہوے نہین دیکھا۔ بہرحال سبقت ہماری جانب سے ہونا چاہیے اگر آپ مجھکو کسی کام کے لائق خیال کرین تو صرف آپکے کہنے کی دیر ہوگی۔ مین بارنس صاحب کو اپنا کام حوالہ کرکے کانگڑہ سے پانچ روز کے عرصہ مین پہونچ سکتا ہون۔ اس معاملہ مین میری کوئی ذاتی خواہش نہین ہے لیکن اگر مین کسی کام آسکون تو ایسے نازک وقت مین مجھپر آپکی اعانت کرنا فرض ہے مین دینا نگر کے راستہ سے آونگا۔

ص۲۵ دوسرے روز پھر اُنھون نے ایک چٹھی گرینی صاحب کے نام اس مضمون کی لکھی۔

میرے پیارے گرینی صاحب۔ مین نے جبسے آپکی تحریر کے ذریعہ سے معاملہ ملتان کی خبر سنی اُسوقت سے اُسپر غور کرتا رہا۔ میری راے ابتک یہی ہوتی ہے کہ قلعہ پر ہماری فوج چڑھائی کرے اور یہ چڑھائی سکھون کی اعانت کے طور پر نہین بلکہ خاص ہماری طرف سے ہو۔ میری خواہش یہ ہے کہ وہ مقام محصور کیا جاے اور اگر وہان کی باغی سپاہ اطاعت نہ قبول کرے تو مصلحت وقت دیکھکر قلعہ گولون سے اوڑایا جائے اور خالصہ سپاہ کو ایک ایسا سبق پڑھا دیا جاے جو ہمیشہ کے لیے اُسکو یاد رہے۔ اگر آپ موسم سرما تک کچھ کارروائی نہ کرینگے تو مجھکو اندیشہ ہے کہ ملک مین بلوہ ہو جائیگا اور دوسرے مقامات پر بھی فساد ہوگا۔ آپ نہ تو اُس حصہ ملک سے مالگزاری وصول کرسکینگے اور نہ قرب وجوار کے اضلاع کی مالگزاری وصول ہوگی اصل تو یہ ہے کہ اگر تاخیر ہوئی تو معلوم نہین کیا ہو جائے۔ اگر آپ ہماری فوجین بھیجنا مصلحت نہ سمجھین تو اُس صورت مین بہتر ہوگا کہ آپ کسی سکھ کو نہ روانہ کرین کیونکہ وہ بالیقین باغیون کے شریک ہو جائینگے۔ مین نہین سمجھتا کہ مولراج نے سازش کی ہے

اسمین اُسکا نقصان سب طرح کا ہے اور فائدہ کسی طرح کا نہین ہے اگر وہ چاہتا تو ملتان مین رہ سکتا تھا لیکن اسمین شک نہین کہ آپ نے اُسپر ثابت کیا کہ وہ اپکی خواہش کے مطابق ملتان مین رہے۔ اپنی خوشی سے نہ رہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ نہ تو ملتان کا چھوڑنا اور نہ ہماری شرطون کا پابند ہوکر وہان رہنا پسند کرکے اُسنے اپنے نزدیک اس فساد کو خفیف سمجھکر جائز رکھا ہو مگر یہ بات ظاہر ہو جائے کہ اس صوبہ کی فرمانروائی کسقدر مشکل ہے۔ جو کچھ ہو اب اسوقت باغیون کی تنبیہ مین ایک روز کی بھی تاخیر مناسب نہین ہے۔ جس روز اُنکو خبر ہوچکیگی کہ لاہور سے فوج روانہ ہوئی ہے اسی روز اُنکی آدھی قوت زائل ہو جائیگی اور اگر تاخیر ہوئی تو ہزارہا آدمی اُنکے نشان کے نیچے جمع ہو جائینگے آپ کا دوست صادق جان لارنس

مکرر یہ کہ ہمکو اپنے افسرون کا بدلہ جن سے لینا چاہیے وہ سکھون کی گوزنمنٹ نہین ہے۔ فقط

ان عجلت کی گھسیٹی ہوئی چھیون مین جو صلاح دی گئی تھی اُس سے زیادہ صائب صلاح کا دینا محال ہے لیکن بدقسمتی سے اُس پر عمل نہین کیا گیا یا اگر عمل ہوا تو اتنی تاخیر کے بعد جب اُس سے کوئی فائدہ نہوا۔ یہ سچ ہے کہ جان لارنس کو ملتان کی قوت کے بارے مین غلط اطلاع ملی تھی جیسا کہ اُنھون نے اُس زمانے کے چند روز کے بعد خود ہی اعتراف کیا ہے اور یہ بیان کیا ہے کہ بغیر قلعہ شکن توپخانہ کے چڑھائی کرنا خلاف مصلحت ہے۔ لیکن کیا قلعہ شکن توپخانہ حکم دینے کے ساتھ ہی کوچ کرنے کے لیے فیروزپور مین تیار نہین بیٹھا تھا۔ جو دریاے ستلج کی راہ سے ایسے مقام تک جا سکتا تھا جہان سے قلعہ صرف چالیس میل رہ جاتا۔ اور کیا لارڈ ہارڈنگ نے فیروزپور جالندھر اور لاہور مین تین گشتی بریگیڈ بھیجو حکم چڑھائی کرنے کے لیے جو تعینات کر رکھے تھے وہ صراحتاً اس بات کے واسطے نہین تھے کہ اسی طرح کی بغاوتون کے وقت اُنسے کام لیا جاتا۔ اُس زمانہ تک مولراج نے محاصرہ کے لیے کوئی تیاری نہین کی تھی اور اگر فوراً چڑھائی کیجاتی اور اسکے ساتھ یہ خبر پہونچتی کہ توپین پیچھے آتی ہین تو شائد اس باغی جمعیت کا بالکل زور ٹوٹ جاتا جو گوہار کی طرح جمع ہو رہی تھی۔ اور گرمی کی یہ کیفیت ہے کہ اگر انگریزون نے ہمیشہ عمدہ موسم کے لیے ساری کارروائیان موقوف رکھی ہوتین تو ہندوستان کبھی اُنکے ہاتھ سے فتح نہو سکتا۔ قلعہ سری رنگ پٹن مہرسی کو عین وسط فصل گرما مین سر ہوا تھا۔ اور جیسا کہ جان لارنس کو اُسی بات کا خیال تھا وہ بڑے اطمینان سے اس بات کو یاد کرتے کہ قلعہ سر کرنے والی جمعیت کے افسر اُنکے والد تھے جو تپتی ہوئی زمین پر رفنہ دیوار قلعہ کے پاس کئی گھنٹہ تک زخمی پڑے رہے تھے لیکن اسپر بھی جھگڑا تمام کر دیا تھا۔ جب علیگڈھ فتح ہوا اور آسانی کی لڑائی ہوئی تو ستمبر کا مہینہ تھا اور یہ فصل تندرستی کے حق مین اور بھی زیادہ خراب ہے۔ اور جون کے مہینے مین خود جان لارنس نے تیلکھا بائی سے دہلی کی طرف اپنی فوجون کو جمع کرکے چڑھائی کی تھی۔

خوش قسمتی سے پنجاب کے ایک دوسرے حصہ یعنی دیرہ جات مین ایک نوجوان ماتحت اُس زمانے مین مال پیائش کے کام پر تھا جو گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف سے نہین بلکہ کشمیر و آبہ جالندھر کی راے سے تمامتر متفق اور

فوراً کارروائی کرنے کا موجد تھا۔ اگنیو صاحب کی طرف سے چند عجلت مین کمیٹی ہوئی سطرون کی ایک چٹھی جسکے لفافہ کی عبارت یہ تھی "بنام جنرل وان کورٹ لینڈ مقام بنون یا آنجا کہ صاحب موصوف باشند موصول باد" ۱۴ اپریل کو ڈیرہ فتح خان کے قریب ہربرٹ اڈورڈس صاحب کے ہاتھ آگئی جہان وہ خیمہ زن تھے اور اسکے ذریعہ سے اس واقعہ کی انکو خبر پہونچی۔ انھون نے اپنے کسی اعلی افسر سے استصواب رائے کرنے کی انتظار نہ کی اور دل مین یہ ٹھان لی کہ جہانتک ہوسکے مین اس بارے مین اعانت کرونگا۔ اس پر شور ضلع مین ایک افسر مال کے ساتھ حفاظت کے لیے جو چند آدمی تھے انکو ہمراہ لیکر اور اس بات سے بخوبی آگاہ ہوکر کہ ان مین سے صرف چند ہی آدمی بھروسہ کے قابل ہین انھون نے کشتیان جمع کرکے دریاے سندھ سے عبور کیا اور لیہ پر جو دوآبہ سندہ ساگر کا صدر مقام ہے قبضہ کیا اور وہان یا اسی جگہ کے کسی قریب مقام سے انھون نے بقول خود اسطرح سے مولراج کے حملہ کا انتظار کیا "جیسے ٹریپ چیتے پر بھوکتا ہے"۔ چونکہ وہ خوب جانتے تھے کہ پنجاب مین مختلف اقوام کے لوگ آپسمین سخت عداوت رکھتے ہین اس سبب سے انھون نے ... ۳ پٹھان بھرتی کئے اور اسطور پر بالکل اس قاعدہ کے برعکس کارروائی کی جس سے بزمانہ ما بعد غدر کے ایام مین ہمکو بڑا فائدہ حاصل ہوا۔ انھون نے سرحد کے مسلمانون کو ملتان کے سکھون اور مسلمانون سے مقابلہ کرنے کے لیے ہتیار دئے جسطرح سے بعد کو انھون نے سکھون کو دہلی کے مسلمانون اور ہندوون سے مقابلہ کرنے کے لیے مسلح کیا تھا۔ ادھر تو انھون نے یہ سپاہ جمع کی اور ادہر وان کورٹ لینڈ صاحب کو جو ایک بڑے لائق افسر تھے اور سکھون کی فوج مین نوکر رہ چکے تھے بنون سے طلب کیا اور کچھ سپاہ بسرکردگی لینک صاحب بہاولپور سے منگائی اور اس سب فوج کے ذریعہ سے ۱۸ جون کو جو جنگ دائرلو کی سا گیرہ کارروز تھا مقام کینیری مین ایک سخت جنگ کے بعد مولراج کو شکست دی اور سید حاملتان کی طرف اسکو بھگا دیا۔ بعد اسکے چند روز کے گزرنے پر تعاقب کرکے پھر ایک دوسری لڑائی مین بمقام سدوسائین اسکو زک دی اور مولراج اور اسکی سپاہ کو درحقیقت اسکے قلعہ کے اندر بند کردیا۔ کرنی صاحب کو صاحب موصوف نے لکھا کہ "اب دھاوا کرنے کا بس یہی وقت ہے مجھکو اس بات کا خیال کرکے سخت قلق گزرتا ہے کہ میری گردن کی رسی بس اسی مقام تک مجھکو پہونچا سکتی ہے اور آگے نہین بڑھ سکتا"۔ انھون نے چڑھائی کرنے کے قبل چند بھاری توپین ایک بم کے گولون کا توپخانہ کچھ سفر میانا کے لوگ اور اسکی نگرانی کے لیے بمبئی پیونیر بس اسیقدر مدد چاہی تھی لیکن بدقسمتی سے یہ مدد نہ پہونچی اور اب وہ اپنے اختیار کے باہر کام نہین کرسکتے تھے کیونکہ انکی گردن کی رسی انکو آگے بڑھنے نہین دیتی تھی"۔ لیکن ایک نوجوان ماتحت فوجی عہدہ دار کی حیثیت سے انھون نے جو کوششین کین وہ بیشک اس شخص کے مناسب حال تھین جسنے اس زمانہ کے چند برس بعد ایک اور بھی زیادہ خطرناک وقت مین خاص ملک کے باغیون اور بیرونی ممالک کے دشمنون کا مقابلہ کرکے سرحدی مقام

صفحہ ۲۵۴

پشاور کو بہادری سے محفوظ رکھا۔ اس دو مرتبہ کی فتح کا حال سنکر رنجیت سنگھ نے جسکی مخالفت اب تک حکام بالادست کرتے جاتے تھے یا اگر اعانت دیتے تھے تو محض برائے نام دیتے تھے خاص اپنی ذمہ داری سے ایک سپاہ بسرکردگی جنرل ہوشن فوج ملتان کی شرکت کے لیے لاہور سے روانہ کی۔ لیکن اب وقت گزر چکا تھا۔ عام طور اُسکے روکے رک نہین سکتا تھا۔ زیادہ سے زیادہ وہ صرف اسقدر کرسکتی تھی کہ فساد کی ترقی نہونے دیتی اور سب سے زیادہ خرابی کی بات یہ ہے کہ جان لارنس نے جو تنبیہ کی تھی کہ سکھون کی فوج سے کام نہ لیا جاے ورنہ وہ اپنے ہموطنون سے سازش کرلینگے اُس سے لاپروائی کی گئی اور اُسکا نتیجہ جو کچھ ہوا وہ ظاہر ہے۔ شیر سنگھ سکھ کا پنہ اس نازک وقت مین ضنیم کے مقابلہ کو گیا۔ ملتان کا محاصرہ جو شروع ہو چکا تھا وہ وقوع مین آنے لگا اور "مذہبی نقارہ" جسکی پہلی آواز شمال و مغرب جانب بمقام ہزارہ و پشاور کانون مین آچکی تھی اب بجانب جنوب زور و شور سے ملتان مین بجنے لگا اور سکھون کو نذر کرنے لگا کہ ہر ہر مقام کے لوگ جمع ہو جائین اور گرنتھ کے نام پر اجنبیون سے لڑنے کے لیے تیار ہو جائین۔ فیروز شاہ اور سبراؤن کے آزمودہ کار سپاہی پھر ایک مرتبہ کھڑکی اور ہل چھوڑ چھوڑ کر جدید جمہوری سلطنت خالصہ کی اعانت کے لیے دوڑنے لگے۔ وہ لوگ فیروز شاہ کی شبانہ لڑائی کے بدلے چلیان والا کی لڑائی مین اسی طرح کی شکست اُٹھانے اور پرنسپ لوگون کو سبراون مین جو سربلند ترین قہمندی حاصل ہوئی تھی اُسکے بدلے گجرات کی اور بھی زیادہ سربلند لڑائی مین منہ کی کھانے بغیر واپس آنے والے نہین تھے۔

پس ملتان کا فساد ہماری تاخیرون کی وجہ سے بڑھتے بڑھتے پنجاب بھر مین پھیلگیا تھا اور ۱۸۴۸ء کے بعد سے ایتک جو کچھ اصلاح ہوئی تھی وہ سب برباد ہوئی جاتی تھی۔ اسکے علاوہ حدود پنجاب کے اُس پار گلاب سنگھ جسکو ہمنے کشمیر کا بادشاہ بنایا تھا اُسکی نسبت بیان کیا جاتا تھا کہ وہ صرف دفع الوقتی کر رہا ہے۔ اور دوست محمد جو سب سے زیادہ مہیب تھا اُن لوگون سے نفرت کر رہا تھا جنھون نے اُسکے تخت کے چھیننے مین اپنی مرضی ظاہر کی تھی اور پھر صرف اپنی مجبوری کے باعث سے اُسکو اُسکا تخت واپس کر دیا تھا۔ اب اُسنے اپنے جانی دشمنون کے ساتھ بھی جو اُسکی قوم اور مذہب کے عدو تھے ہمارے خلاف دوستی کرلی۔ گویا خرابی کے لیے آب و آتش مین اتفاق ہوا تھا سکھ اور افغان اپنی تواریخ مین پہلے پہل پہلو بہ پہلو استادہ ہو کر ہم سے لڑنے کے لیے تیار ہوئے۔ پشاور جو شیر پنجاب کا بہترین ملک مفتوحہ تھا وہ پھر افغانون کے ہاتھ مین جانے لگا اور دوست محمد اپنی عمر بھر جو شیخ چلی کے منصوبے باندھتا رہا ہوگا اُنکی اصل مین تکمیل ہونے لگی۔

خطرہ کی شدت دیکھکر آخر کو انگریزی شیر بھی چیتنے کے لیے تیاری کرنے لگا۔ مدد کے لیے بڑی بڑی سپاہ بمبئی سے طلب کی گئی دوسری نوجین بسبیل تجمل بنگال سے روانہ ہوین۔ لارڈ ڈلہوسی اپنی عاقبت اندیشیون

۲۰ ص

اور صلاح کارون کو دور کرکے ماہ اکتوبر مین کلکتہ سے میدان کارزار کی جانب روانہ ہوئے ۔ جسوقت وہ روانہ ہونے کو تھے تو بمقام بارکپور ایک مجمع عام مین اُنھون نے یہ تقریر کی کہ "قوم سکھ نے جسطور سے جنگ طلب کی ہے ایسا کبھی سننے مین نہین آیا اور اسطرح سے کسیکو جنگ کی ترغیب نہوئی ہوگی مگر صاحبو یاد رکھنا کیونکر اُنسے اس کا انتقام لیا جاتا ہے" ۔ اور ماہ اکتوبر مین (یعنی اگینیو اور اینڈرسن صاحب کے قتل ہونے کے ٹھیک چھ مہینے کے بعد) وہ فوج ظفر موج جو انتقام لینے والی تھی فیروزپور مین آکر مجتمع ہوئی ۔

اس جنگ کی اُن تفصیلات سے جو جان لارنس اُنکے صوبہ دوآبہ جالندھر اُنکے شرکائے کار اور اُنکی آیندہ کارروائی سے تعلق نہین رکھتی ہین راقم سوانح عمری ہذا کو کوئی سروکار نہین ہے ۔ صرف ایک مختصر بیان کافی ہوگا ۔ یہ عظیم الشان فوج جو جمع ہوئی تھی اُسکی کمان لارڈ گف کو نومبر کے مہینے مین ملی ۔ یہ فوج اپنے تمام شعبون سے درست تھی سوارون باربرداری کے جانورون سامان جنگ اور توپون سے بخوبی تمام تیار تھی ۔ ہندوستان مین عرصہ سے جو لوگ تجربہ اُٹھاتے آئے ہین اُنکا قول ہے کہ ہمارے نزدیک یہ فوج جہان جاتی وہان جو چاہتی سو کرتی ۔ لیکن پہلے پہل ۲۱ نومبر کو مقام رام نگر واقع دہلے چناب پر جو لڑائی ہوئی اُس سے ایک بڑا خلل پڑگیا اور منجملہ اور بڑے بڑے نقصانات کے کیپٹن صاحب اور ڈیلیٹری ہوئیلاک صاحب بھی کام آئے ۔ دوسرا معرکہ جو ۳ دسمبر کو سعداللہ پور مین ہوا گو اُسکی نسبت گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف دلیری سے دعویٰ کرسکتے کہ ہمکو فتح حاصل ہوئی لیکن اصل یہ ہے کہ سکھ لوگ مصلحت وقت دیکھکر ترتیب وانتظام کے ساتھ چناب سے جسلم یعنی ایک عمدہ مقام جنگ سے ایک اور زیادہ بہتر مقام کو بجانب عقب چلے گئے ۔ اور اب لارڈ گف نے جنگی عادت سے گورنر جنرل بخوبی تمام واقف تھے اور اسلیے اُنسے عاقبت اندیشی کی سخت تاکید کردی تھی چھ ہفتے کی اور مہلت مانگی ۔ آخر کار ۱۱ جنوری کو وہ آگے بڑھے اور تیرھوین تاریخ سہ پہر کو تین بجے (کیونکہ چند توپ کے گولے جنکی آدھی قوت ہنوز باقی تھی اُاکر ڈھلکنے لگے اور اس سے اُنمین جنگی جوش شدت سے پیدا ہوگیا) اس آتش مزاج بوڑھے جنرل نے برخلاف اُس عبرت انگیز تجربہ کے جو مُدکی اور فیروزشاہ کی لڑائیون مین حاصل ہوچکا تھا حکم دیا کہ حملہ کیا جائے ۔

چلیانوالا کی لڑائی اس طرح کے تذبذب اور مایوسی سے شامل تھی کہ گو ہماری فوج کے ایک بہت بڑے حصے نے داد شجاعت دی لیکن وہ قطعی شکست سے زیادہ ہمارے حق مین خطرناک تھی ۔ پیادون کے ایک بریگیڈ نے اس عجلت سے چڑھائی کی جس سے وہ بالکل خستگی اور ضیق کی حالت مین غنیم کی توپون کے سامنے پہونچگیا اور نتیجہ یہ ہوا کہ نقصان عظیم اُٹھاکر فوراً پیچھے ہٹا ۔ سوارون کا ایک بریگیڈ اسطور سے غنیم کے مقابلہ کو بڑھا کہ نہ تو اُسکے آگے پھیر چھاڑ کرنے کے لیے اسکر مشکر گوگ تھے اور نہ عقب مین کوئی جمعیت مدد کرنے کے لیے تھی ۔ ص۵۵

پھر ہماری توپین اُنکے عقب مین اسطور سے رکھی گئی تھین کہ بریگیڈ کی مدد کے لیے اُنھین سے ایک ضرب بھی نہین چھوڑی جاسکتی تھی - کمانیر جو حکم دیتا تھا کبھی تو سُنا اور کبھی غلط سُنا اور کبھی بالکل سُنا ہی نہین جاتا تھا اور جو لوگ برخاستہ خاطر تھے وہ اُس سے خوش ہوکر یہ مطلب نکالتے تھے کہ اب پیچھے ہٹنا چاہیے - پیچھے ہٹنے مین ہر شخص اپنی اپنی جان لیکر بھاگا - اسمین ڈریگون کی ٹرمپٹ نمبر ۱ نے ہماری توپون اور گولہ اندازون اور اُن لوگون کو بھی جو عقب مین رجمانہ کام کرتے تھے پامال کردیا - تین رجمنٹون کی جھنڈیان اور چار توپین غنیم کے قبضہ مین آگئین اور ہمارے کل ۸۹ - افسر اور ۲۳۵۰ - سپاہی مارے گئے - الغرض اس مصیبت خیز لڑائی کے حالات یہ ہین جسکو اس اعتبار سے (جیسا کہ قیاس کیا گیا ہے) کہ ہم نے بارہ توپین غنیم سے چھین لی تھین گو زبردست اور رکما نڈر انچیف نے اپنے سرکاری مراسلات مین اسطور پر بیان کرنے کی کوشش کی کہ ہمکو ایک اوفتح حاصل ہوئی لیکن گورنر جنرل نے ایک نج کی چٹھی مین جو میرے آگے رکھی ہوئی ہے اس جنگ کی نسبت مع سابق کی دو لڑائیون کے یہ بیان کیا ہے کہ "تین افسوسناک غیر خاطر خواہ لڑائیان یکے بعد دیگرے ہوئین" - حقیقت حال سے تمام ہندوستان آگاہ تھا اور جو لوگ اس بات سے واقف ہین کہ "فتح چلیان والا" کی خبر پہونچنے پر انگلستان مین کیسا تردد اور ساتھی اُسکے رسوائی ہوئی اُنکو یہ بھی یاد ہوگا کہ اُس پرانے بہادر سپاہی گمر میباک جنرل کی موقوفی سے جو ہماری سکو لڑائیون کا مارشلس تھا عوام انگلستان کو ایک طرح کی تسکین ہوئی -

سول اور فوجی حکام اعلی نے ابتک جنگ مین جو کارروائیان کی تھین اُنسے اطمینان کی وجہ بہت کم پیدا ہوئی - لیکن ایک گروہ کے آدمی یعنی بانیان مدرسہ تعلیم افسران پنجاب یا وہ لوگ اور بھی تھے جنھون نے فوجی ملازمت مین انتظام ملک اور انتظام ملک کے کام پر فن جنگ کی قابلیت حاصل کی تھی - یہ لوگ تھین رزیڈنٹ کے حیثیت سے بیرونی حصہ جات پنجاب مین رہتے تھے اور اس تاریک زمانہ مین اعزاز حاصل کرکے اپنے اعلی افسرون کے عیوب کے دور کرنے مین بے انتہا کامیابی حاصل کی تھی - جو کچھ ہربرٹ اڈورڈز نے اس ضلع مین اور اسکے باہر کیا تھا اُسکا حال بیان ہوچکا ہے - لیکن جان لارنس بمقام پشاور ہیمس ایبٹ بمقام ہزارہ ہربرٹ بمقام قلعہ اٹک رچرڈ ٹیلر بمقام ڈیرہ جات اور جان لارنس بمقام وہ آبہ جالندھر (جو شل اور اکثر افسرون کے بیرونی ملک سے بالکل جدا ہوگئے تھے یا ایسی سپاہ رکھتے تھے جسپر مطلق بھروسہ نہین کیا جاسکتا تھا اور سب کے سب ایک ایسی ویسی آبادی کے درمیان مصور تھے جسکی حقیقت دریافت کرنے کا ابھی تک اُنکو بہت کم موقع ملا تھا) یہ لوگ اپنی بہادری سے اس امید پر اپنے اپنے عہدون پر جمے ہوے تھے کہ جب تک اعلی حکام حقیقت حال پر یقین کرکے لڑائی کا سامان نہ کرین اس وقت تک عام بلوہ کو روکنا یا اسمین خلل ڈالنا چاہیے - اب ہم خوشی کے ساتھ اعلی حکام کی نغزش رائے بیجا یا کارروائی مقسم الاختیار

حاشیہ
سر ہنری لارنس کی بہت سی تحریرین ہماری نظر سے گذری ہین جو اُنھون نے اپنے بھائی جارج لارنس کو لکھی تھین اور جو اُنکے پاس محفوظ تھین اُنمین سے ایک تحریر کا ترجمہ ہم نے اس کتاب مین درج کیا ہے - اس تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ سر ہنری لارنس کو اس جنگ کی نسبت کیا رائے تھی اور وہ اس کو کیا سمجھتے تھے - اس تحریر کے ترجمہ کے ساتھ ہم نے اُنکی ایک اور تحریر کا ترجمہ بھی درج کیا ہے جو اُنھون نے اس جنگ کے بعد لکھی تھی - اس تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس جنگ کے بعد اُنکی رائے اس جنگ کی نسبت کیا ہوگئی تھی - اس تحریر کے ترجمہ کے ساتھ ہم نے اُنکی ایک اور تحریر کا ترجمہ بھی درج کیا ہے جو اُنھون نے اس جنگ کے بعد لکھی تھی - اس تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس جنگ کے بعد اُنکی رائے اس جنگ کی نسبت کیا ہوگئی تھی - اس تحریر کے ترجمہ کے ساتھ ہم نے اُنکی ایک اور تحریر کا ترجمہ بھی درج کیا ہے جو اُنھون نے اس جنگ کے بعد لکھی تھی - اس تحریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس جنگ کے بعد اُنکی رائے اس جنگ کی نسبت کیا ہوگئی تھی -

صفحہ ۲۵۵

حکام متناقض احکام غیر قطعی لڑائیون اور جھوٹی فتحمندیون کے بدلے اُس ثابت قدمی مہمات کی مستعدی اور عاقبت اندیشی کے بیان پر آتے ہین جو سرکار رائیٹ انڈیا کمپنی کے ان تمام ملازمون مین پائی جاتی تھی۔ جن لوگون کی مدد سے جنگ چلیان والا کا حال سننے کے قابل ہوا اور جنگ گجرات کی فتح ممکن ہوئی وہی لوگ تھے۔ اُنمین سے بعض اشخاص سلسلہ قرابت بعض بعض سلسلہ اتحاد اور بعض لوگ سلسلہ ملازمت یکجائی کی وجہ سے متفق تھے اور صاحب سوانح عمری ہذا کی ہمدردی مین توسب کے سب متحد اور شریک تھے۔ سکھون کی دوسری لڑائی مین اُنھون نے جان لارنس کے پہلو بہ پہلو جو کچھ کیا وہ گویا اُسی بات کی تیاری تھی جو نو برس کے بعد بلوہ ہندوستان کے فرو کرنے مین اُنکو یا اُنکے جانشینون کو کرنا تھی۔ اُنمین سے ہر ایک کے حال کا بیان بجنسہ مثل اُسکے باقی ہمجنسون کے ہے چنانچہ اُنمین سے بعض سربرآوردہ ترین اشخاص کا جو حال مین لکھتا ہون اُس سے بخوبی تمام ظاہر ہوگا۔

پہلے جارج لارنس کو لیجیے۔ یہ پشاور مین تعینات تھے اور اگرچہ اُنکی فوج کو چترسنگھ نے جو فوج مذکور کے سپاہیون کا اصل فرمانروا تھا منت و آرزو کرکے فساد کرنے پر آمادہ کردیا تھا لیکن اُنھون نے سکھون پر اپنا رعب قائم رکھا جو اُنکے تمام اہالیان خاندان کو ظاہرا ایک موروثی حق کے طور پر حاصل رہا۔ وہ غازیانہ بہادری کے ساتھ سکھون اور افغانون کے بھی مقابلہ مین اپنے عہدہ پر جمے رہے تا آنکہ جب دم بھر کے لیے بھی وہان ٹھہرنا ممکن نہوا تو محصور ریزیڈنسی سے خفیتاً نکل پڑے اور ایک افغان نے جسکو سرنہری لارنس نے خاص مرداریون کا پابند کیا تھا پکڑ کر دشمنون کے حوالہ کردیا۔ سکھون نے جو ایک بڑی شریف قوم ہے اور جس مین فطرتی وغابازی اور ناشکری نہین پائی جاتی ہے اُنکے ساتھ قیدی کے طور پر نہین بلکہ اپنے معزز مہمان کی طرح سلوک کیا۔ اور کہا کہ ہمارے ساتھ آپ اور آپ کے بھائیون نے سوائے مہربانی کے کچھ نہین کیا ہے ہمنے جو بظاہر مجبوری سے اسقدر سختی دکھائی اُسکی بابت آپ سے معافی مانگتے ہین اور کچھ دیر کے بعد اُنکو اجازت دی کہ ہمارے حق مین کوئی برائی نہ کرنے کا اقرار کرکے اپنے انگریزی ہمگوار نگر کو چلے جائین۔

لفٹنٹ ہربرٹ کی یہ کیفیت ہے کہ جب افغانی حملہ کا خوف تھا اور چترسنگھ سب سے زیادہ ضروری چھاونی اٹک پر (جو دریاے سندھ کے اس مقام پر واقع ہے جہان اُسکا پانی پایاب ہے) قبضہ کرنے کے لیے بغاوت پھیلا چکا تھا تو نکلسن صاحب کی جگہ پر جارج لارنس نے اُنکو روانہ کیا تھا۔ وہ پٹھانون کی ایک قلیل سپاہ سے چھ ہفتے تک اُس ویران قلعہ کو سنبھالے رہے۔ اور ان پٹھانون کا یہ قول تھا کہ جب تک خود دوست محمد ہمارے سامنے نہ آئیگا اُسوقت تک ہم آپکو نہ چھوڑینگے۔ اور جسوقت یہ بات بھی وقوع پزیر ہوئی اور اُنھون نے دیکھا کہ ہمارے اہل و عیال امیر کے قبضہ مین ہین تو اُنھون نے افسوس کے ساتھ کہا کہ اب ہم کچھ نہین کرسکتے

ص ۲۵۹ جینٹس[1] اَیبٹ صاحب کا حال اور بھی حیرت انگیز ہے (یہی ایک انگریز ایسے تھے جو ابھی تک خیوا کی جانب آنکھ لگائے تھے) اِن صاحب کی کیفیت حکام بالادست اکثر غلط سمجھا یا اُنکو ناپسند کیا کیے جیسا کہ بعد کو ظاہر ہو جائیگا لیکن یہ نہایت مہربان اور بہادر شخص تھے اور شاید ہنری لارنس کے دوستون مین یہی ایک شخص تھے جنھون نے اُنکی عادات کا حال سب سے زیادہ قدردانی کے ساتھ بیان کیا ہے[2]۔ وہ ایسے لوگون کے درمیان تعینات کیے گئے تھے جو وحشی اور جاہل تھے اور اس قسم کے باشندگان ہزارہ کے درمیان وہ قریب قریب یکہ و تنہا رہتے تھے۔ سکھون کی سنگدلی اور ظلم سے بھی جو اُنکے ملک مین ہمیشہ دس رجمنٹین تعینات کیے رہے وہ کبھی اُنکے مطیع نہین ہوئے اور اب اُنکی اعانت سے اُنھون نے سکھون کی ایک بڑی بھاری فوج کے مقابلہ مین جو چتر سنگھ کے زیر کمان تھی پانچ مہینے تک قلعہ سری کوٹ کو بچایا اور قلعہ مذکور کو اُسوقت چھوڑا جب لڑائی کا خاتمہ ہوگیا۔ اپنی حکومت کے زمانہ مین جو بعد اسکے پانچ برس تک رہی اُنھون نے اس خطہ کے سب سے زیادہ وحشی اور مطلق العنان لوگون کو پنجاب کے سب سے زیادہ مرفہ حال اور صلح پسند اضلاع کے باشندون کے مثل بنا دیا۔ اور اگر اُنکو گورنمنٹ کی طرف سے کوئی ظاہری نشان اعزاز کا حاصل نہین ہوا تو وہ بات جو اُنکو سب سے زیادہ پسند تھی حاصل ہوئی یعنی یہ کہ اُنکی رعایا دل و جان سے اُنکی دوست ہوگئی۔ اُن لوگون کے درمیان سے اُنکے چلے جانے کے بعد برسون تک دیسی لوگ اُنکو بمحبت یاد کیا کیے کیونکہ اُنکے اطفال کو وہ شیرینی کھلایا کرتے تھے کیونکہ اُنکی عادت تھی کہ جب کبھی باہر نکلتے تھے تو لڑکون کے دینے کے لیے شیرینی اپنے ساتھ لیجایا کرتے تھے اور جس پتھر پر وہ تھوڑی دیر جاکر بیٹھا کرتے تھے اُسکی طرف یہ لوگ اشارہ کرکے کہا کرتے تھے کہ "بابا اَیبٹ اسی پتھر پر بیٹھا کرتے تھے"[3]۔ اس شخص مین جو صفتین تھین اُنکا یہ نعم البدل بہ نسبت اُس پرستش کے کمین بہتر تھا جو بنون کے جنگلی باشندے بکلسن غازی کی کیا کرتے تھے جسکا حال آگے چلکر بیان کیا جائیگا۔ پس یہ امر بہت صحیح ہے کہ جس شخص مین شیر کی سی بہادری ہو اُسمین عورت کے مانند رقیق القلبی اور بچون کی ایسی معصومیت کا بھی موجود ہونا کچھ بعید از قیاس نہین ہے اور اسلیے بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ اُسکا حقیقی اور مناسب نعم البدل نہ ملے۔

رچرڈ ٹیلر کا یہ حال ہے کہ جب اوڈرڈ سن صاحب ملتان کو روانہ ہوئے تھے تو اُنکو ڈیرہ جات مین چھوڑ گئے تھے اور اُنھون نے بھی عین موقع پر جو کرتا تھا وہ کیا۔ کچھ ناتجربہ کار پٹھان لوگون کو بھرتی کرکے اُنھون نے سکھ سپاہیون سے سرحد کو صاف کیا نواب ٹانک سے ایک حصہ توپخانہ کا مستعار لیا اور قلعہ لوکی کو جسپر سکھون کی ص ۲۶۰

۱؎ دیکھو اُنکی یادداشت مندرجہ سوانح عمری سر ہنری لارنس جلد دوم صفحہ ۱۴۶ تا ۱۵۲

۲؎ رچرڈس صاحب کی کتاب موسومہ "نیو ٹوئنس اِن ماتھ ونشرن پنجاب" صفحہ ۲۶۔

دورِ جمعبتین دس توپون سے قابض تھین وقتاً چارون طرف سے گھیر لیا۔ اُنکے جب گولے صرف ہو گئے تو نالہ سے گول پتھر لے لیکر اپنے کمزور توپخانہ سے مارنا شروع کیے۔ فوج مین نام کو ایک گورا نہ تھا اور کہین سے مدد پہونچنے کی امید تھی چارون طرف متعصب مسلمانون کی آبادی تھی اور اُدھر یہ خوف تھا کہ کابل سے ایک فوج آتی ہے جو خرم کی طرف کوچ کر چکی ہے۔ مگر باوصف اِن سب باتون کے اُنھون نے اپنے ارادہ کو فسخ نہین کیا اور ایک مہینے تک محاصرہ کیے رہنے کے بعد قلعہ کو سر کیا اور دریاے ستلج کے اُس پار والے صوبجات پر ہمارا قبضہ قائم رکھا[1]۔ اس بہادری کے کام کا حال انگلستان مین بہت کم مشہور ہے۔ جہانتک مین جانتا ہون کسی انگریزی کتاب مین بھی یہ حال مذکور نہین ہے اور اگرچہ اسکے بعد بھی اسی طرح کی سرحدی مہمین اور بھی اُنکے ہاتھ سے سر ہوین جو ہرگز نظر انداز کرنے کے قابل نہین تھین لیکن رفتہ رفتہ اب تک اُسی طرح ہوتی رہین۔ آئی رہ گئے۔ لیکن سوانح عمری ہذا مین اس بات کا لکھنا بے محل نہوگا کہ ۲ر جولائی ۱۸۵۹ء کو وہ ایک ایسے اعزاز سے معزز ہوے جو (اگرچہ یہ غمناک مضمون ہے) اُنکے نزدیک سرکاری طور سے اعلیٰ سے اعلیٰ خطاب کی نسبت بھی زیادہ وقیع معلوم ہوا ہوگا۔ کیونکہ اُس روز جان لارنس کا جنازہ وسط منسٹر کے قبرستان مین دفن ہونے جاتا تھا تو بیشمار ہندوستان کے فوجی افسرون اور مدبرون مین اُس تاجدار توپی کے پہننے کے لیے وہی منتخب کیے گئے تھے جسکو اُنکے دوست اور چیف نے اس لیاقت کے ساتھ حاصل کیا اور پہنا تھا۔

اِس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ نکلسن صاحب کاٹن صاحب نیسفیلڈ صاحب اور ریک صاحب کا جہان جہان کام ہوا یا جہان اُنھون نے اپنے لیے کام پیدا کیا وہان اُنھون نے اپنے فرض منصبی کو بخوبی تمام ادا کیا۔ لیکن اب دیکھنا چاہیے کہ خود جان لارنس نے کیا کیا۔

اُنکا ذکر ہم نے اس بیان پر چھوڑا ہے کہ فتور ملتان کے بعد اُنھون نے گویا غصہ ہوکر گورنر جنرل اور جالندھر کے بریگیڈیر ینرا اور لاہور کے رزیڈنٹ کو لکھا کہ فوراً سخت کارروائی کرنا لازم ہے۔ اُنکی راے پر جس سبب سے عمل نہین کیا گیا اور نتیجہ وہی ہوا جو اُنکو پہلے سے معلوم تھا۔ اُنکو بذات خاص ملتان جانے کی بڑی اضطراب تھی لیکن فساد اسقدر جلد پھیلنے لگا جس سے گمان یہی پیدا ہوا کہ ملتان کے باغی یا اُنکے جاسوس خاص اُنھین کے صوبہ مین پہونچ جائینگے۔ اُنکو معلوم تھا کہ اگر پنجاب مین بلوہ ہوا تو اُنکے دوآبہ پر بھی اُسکا اثر پڑیگا اور اسلیے اُنھون نے اُسکی تیاریان شروع کر دین۔ اب ہم اختصار کے ساتھ اُنکی کارروائیون کا کچھ حال بیان کرینگے۔

اس صوبہ کو انگریزی عملداری مین شامل ہوے دو برس سے کچھ ہی زیادہ عرصہ ہوا ہوگا اور ایک بہادر

ص ۲۶۱

[1] دیکھو مضمون مندرجہ اخبار تیمس مطبوعہ ۸ر جولائی ۱۸۵۹ء جسکا عنوان یہ ہے کہ "انگلستان لارڈ لارنس کے جنازے کے ساتھ"

اور مستعد رعایا کو جو ہمارے مقابلہ مین گرم پیکار ہو چکی تھی دوستانہ کرنے پر آمادہ کرنے اور انتظام کی سخت ترین برائیون کے دور کرنے اور "عمدہ تر برتاو اور زیادہ انصافانہ قوانین" کے نئے قواعد کو اشاعت و ترویج دینے کے لیے یہ ایک بہت قلیل زمانہ تھا۔ لیکن اسپر بھی باوصف اس امر کے کہ اکثر وہ لاہور مین رہے جان لارنس کو مندرجۂ بالا باتون کی تکمیل مین کامیابی حاصل ہوئی اور اب اُنکو اُسکا ثمرہ ملا۔ اسمین شک نہین کہ بغیر بیشمار سختیان جھیلے ہوئے یہ ممکن نہین ہے کہ کسی گورنمنٹ کا انتظام موقوف ہو کر اُسکے بدلے دوسرا انتظام قائم ہو جائے۔ صدہا اشخاص جو گورنمنٹ سابق کی ماتحتی مین عہدے پائے ہوئے تھے یا اُسکی ذات سے توقع رکھتے تھے خواہ مخواہ اُنکی وجہ معیشت جاتی رہی اور صدہا سپاہیون نے یہ دیکھکر کہ اب ہر جگہ امن و امان اور حفاظت کو ترقی ہے خیال کرنا شروع کیا کہ اب ہمارا کام جاتا رہا۔ بیسیون جاگیرداراس بات کو دیکھکر کہ اُنکے انتظام یا بدانتظامی کا حق اُنسے لے لیا گیا برہم ہو گئے اور یہکو بیان کرنا چاہیے کہ جان لارنس نے ایک واحد شخص کی تنبیہ اور تادیب مین جب اُنکے نزدیک اُس سے انصافاً اور ضرور ثار فاً خلائق متصور ہوا تو کبھی دریغ نہین کیا۔ ایسی حالت مین یہ کوئی تعجب کی بات نہین تھی کہ اسقدر ناراضی پھیل تھی بلکہ تعجب کی بات یہ ہے کہ اُنکے عاقلانہ اور اعتدال آمیز تبادلون سے وہ ناراض بہت کم ہوے۔ اور مقام حیرت یہ نہین ہے کہ اُس حکومت کے خلاف جو باوصف ہر طرح کے اعتدال کے معاً مفسدون کی سرکوبی کر دیتی تھی اسقدر اور ایسے بے اثر فسادات اُٹھے بلکہ متحیر اس بات پر ہونا چاہیے کہ ایسے قلیل فسادات ہوئے اور اُنکی اعانت کرنے والے بہت کم تھے اور اس آسانی کے ساتھ رفع ہو گئے۔

دوآبہ جالندھر مین جسقدر کام کے آثار پائے جاتے تھے اُسکے مقابلہ مین وہان کی سپاہ بہت قلیل تھی خاص جالندھر مین چار ولیسی اور ایک ولایتی رجمنٹ تھی اور کچھ غیر قواعد دان سوار اور ایک باٹری توپخانہ کی تھی۔ انکے علاوہ دیسی فوج کی چھوٹی چھوٹی جماعتین تھین جو ہوشیارپور اور کانگڑہ ایسے ضروری مقامات پر تعینات تھین۔ اور (جان لارنس کے کام کے لیے سب سے زیادہ ضروری اس باعث سے کہ فوراً حکم کی تعمیل ہو سکتی تھی) گورکھ جنگی پولیس کے دو حصے تھے جنمین سے ایک حصہ سکھون اور دوسرا پہاڑی راجپوتون سے شامل تھا۔ الغرض صرف اسقدر فوج کل صوبہ کی حفاظت کے لیے تھی اور اسمین سے بھی ایک بہت بڑا حصہ باری دوآبہ کی لڑائیون مین کھنچ گیا تھا۔

حاشیہ ۲۶ طوفان بغاوت کے آثار پہلے پہل ماہ مئی مین یعنی ایگنیو صاحب کے قتل سے دو ہفتہ کے اندر ظاہر ہوئے۔ ملتان کے جاسوسون نے پہاڑی اضلاع مین جا کر وہان کے سردارون کو بغاوت پھیلانے پر آمادہ کرنا شروع کیا اور اُنسے وعدہ کیا کہ تمھارے تمام حقوق اور دستورات از سر نو بحال کیے جائینگے۔ اسی زمانہ مین بھائی مہاراجہ سنگھ نے جو رنجیت سنگھ کے روبرو ایک سازش کرنے کی بابت قانونی حقوق سے محروم

کر دیا گیا تھا اپنے تقدس کے ذریعہ سے لوگون کو اپنی راہ پر لانا شروع کر دیا اور دریاے بیاس کے اُترطرف کئی سو آدمی اُسنے جمع کر لیے۔ اُسکا قصد جیسا کہ اُسکی حرکتون سے ظاہر ہوا یہ تھا کہ برٹش عملداری پر حملہ کیا جاے لیکن دریاے مذکور کے اصل اولیا کو یہ بات معلوم نہ تھی کہ کس کس مقام پر اُسکا پانی پایاب ہے اسلیے وہ دریاے چناب کی طرف پلٹ گیا۔ وہان بعض مسلمانون نے جو یہ جانتے تھے کہ سکھون کی حکومت سے انگریزون کی حکومت بہتر ہے اسپر حملہ کیا اور لوگ کہتے ہین کہ اپنے مشہور سُرخی گھوڑے پر سوار ہوکر دریا مین کود پڑا اور پھر وہان سے غائب ہوگیا۔ لیکن یہ ممکن نہین کہ کوئی گرو کے کی موت مرا ہو۔ وہ اچھی خاصی طرح زندہ رہا ہوگا اور اسلیے جابجا پھر نمودار ہوا تا آنکہ آخر کو وانسٹارٹ صاحب نے جالندھر مین اسکو گرفتار کیا جسکا حال آگے چلکر بیان کیا جائیگا۔

اواخر اگست مین اور ایک فتور برپا ہوا۔ رام سنگھ نے جو زیر نور پور لاور یہ ایک چھوٹی سی پہاڑی ریاست ہے) کا بیٹا تھا اُن سفاکون کا ایک گروہ ساتھ لیکر جسکو اُسنے جمون کی پہاڑیون سے جمع کیا تھا دریاے راوی سے عبور کیا اور شاہ پور کے قلعہ پر قبضہ حاصل کرکے یہ منادی کرا دی کہ انگریزی حکومت اُٹھگئی اور نور پور مین ایک بڑے موقع کی جگہ پر اپنا مورچہ قائم کیا۔ چارلس سانڈرس صاحب ڈپٹی کمشنر ہوشیار پور جو بقول جان لارنس ایک بڑے عاقبت اندیش افسر تھے اور میری ماتحتی مین عہدہ سے عہدہ جو لوگ رہے اُنمین ایک یہ بھی تھے یہ سب کے پہلے فیشر صاحب کی خبر قواعد دان سپاہ کو ہمراہ لیکر موقع واردات پر پہونچے اُنکے بعد فوراً بارنس صاحب ڈپٹی کمشنر کانگڑہ اور خود جان لارنس کمشنر جالندھر جاکر موجود ہوے۔ اور سپاہ بھی آئی اور چند روز کے عرصہ مین باغی کا مورچہ شکست کر دیا گیا (۱۰ ستمبر ۱۸۴۸ء) بیشمار مال غنیمت ہاتھ لگا اور راجہ سنگھ بڑی مشکلون کے ساتھ جان بچاکر سکھون کی اُس فوج مین جو بمقام رسول مجتمع تھی جا ملا۔

اس اثنا مین جیسا کہ مین نے بیان کیا ہے تمام پنجاب مین فساد پھیلتا جاتا تھا۔ حکام بالادست نے ایسی کوئی کارروائی نہین کی جو اُس فساد کو دور کرتی۔ چھ مہینے پیشتر سے یکم نومبر کی تاریخ لڑائی شروع کرنے کے واسطے مقرر کی گئی تھی اور فساد جو تیزی کے ساتھ ملک مین پھیلتا جاتا تھا وہ کمانڈر انچیف کی راے مین ایسا متصور نہین ہوتا تھا جس سے وہ اپنی تدبیر کو بدل دیتے۔ صوبہ کے ایک انتہائیہ کنارہ پر شیر سنگھ اور دوسرے پر چتر سنگھ نے فتور برپا کیا اور اسی وجہ سے ملتان کا محاصرہ کیا گیا اُدھر شیر سنگھ نے جو چڑھائی کی اُسکا کچھ جواب نہین دیا گیا اور ادھر لاہور کا بھی خطرہ تھا جسکی کمزوری کا حال اگر اُسکو معلوم ہوتا تو وہ ضرور اُسپر متعاقبہ کر لیتا۔ ان سب باتون کا جو نتیجہ ہونا چاہیے وہی ظہور مین آیا۔ دوسرداردن کے سوا اور سب سردار باغیون کے شریک ہوگئے اور تمام میدانی ملک اُنکے اختیار مین آگیا۔

ص ۲۶۳

۲۵- ستمبر کو جان لارنس نے برگیڈیر نہولیز متعینہ جالندھر کو جو چٹھی بھیجی تھی اسکے چند اقتباسات اس نظر سے ذیل مین درج کیے جاتے ہین تاکہ لوگون کو معلوم ہو جاے کہ اس عام بلوہ کے خیال سے انکو کن کن خطرات سے محافظت کرنا تھی اور اس کام کے لیے کسقدر قلیل وسائل انکو حاصل تھے- وہ اقتباسات یہ ہین

مجھکو آپکی چٹھی مورخہ ۱۹- ستمبر ابھی ابھی وصول ہوئی- قطعی طور پر جو کچھ قرار پاے آپ یقین رکھیے کہ آپ کے ساتھ اسکے انجام کرنے مین مین دل سے مستعد اور رضامند ہونگا- اور اگر آپ کو ظاہر مین یہ معلوم ہو کہ مین اپنے خیالات کے اظہار مین اپنے حد اختیارات سے بڑھا جاتا ہون تو آپ مجھے معاف کرینگے- مین نے کانگڑہ اور نورپور کے بارے مین جو کچھ تجویز کیا ہے اسپر آپکے اعتراضات اسی صورت مین عائد ہو سکتے ہین جب فوج آپکی تجویز کے مطابق تعینات کیجائے- یہ امر میری خواہشون کے بالعکس ایک ایسی مشکل پیدا کرتا ہے جو کسی طرح سے رفع نہین ہو سکتی- لیکن مین عنقریب آپ کو لکھونگا کہ جو کچھ مین نے تجویز کیا ہے اسکے لیے کیا انتظام کرنا ہوگا؟ اور اس بات کو آپ ہی کی رائے پر چھوڑتا ہون کہ یہ میری راے کیسی ہے- کانگڑہ کے بارے مین میرا یہ خیال ہے کہ اگر ایک پرا بھی کسی حصہ سپاہ کا خالی ہو سکے تو وہ وہان کے قلعہ پر تعینات کیا جائے کیونکہ اس انتظام سے کسی فساد کی حالت مین تمام کوہستانی سپاہ اسکے انسداد کے لیے پہونچ سکیگی- سپاہی ایسے کام کے لیے بہت موزون ہین اور قواعد دان سپاہیون کی نسبت زیادہ آسانی سے انکی نقل و حرکت عمل مین آسکتی ہے- موجودہ انتظام کے بموجب زیادہ سے زیادہ صرف دو کمپنیان یعنی ۱۵۰- آدمی ہین علیحدہ کر سکتا ہون باقی لوگ قلعون مین ہین کیونکہ زیادہ جمعیت کانگڑہ مین درکار ہے- اگر وقت پر ایک قلیل سپاہ بھی پہونچ جاتی ہے تو باغی لوگ پریشان ہو کر تتر بتر ہو جاتے ہین اور اپنی جمعیت بڑھانے نہین پاتے ہین- اگر انپر کیلگرگی حملہ نہ کیا گیا تو روز بروز انکی جمعیت بڑھتی جائیگی دوست دشمن سب انکے شریک ہو جاینگے کیونکہ وہ گانودن کو لوٹ لیتے ہین اور برباد کر ڈالتے ہین اور لوگون کو جبرًا اپنے ساتھ شامل کر لیتے ہین- چنانچہ رام سنگھ کی یہی کیفیت تھی- وہ ہر گانون کے مقدم کو مار ڈالتا تھا اور لوگون کو گرفتار کر لیتا تھا- جس روز ہم نے اُسپر حملہ کیا تھا اُسکے دو روز پیشتر ان مقامات کے ۱۵۰- آدمی اُسکے شریک ہو گئے تھے- کوہستانی سپاہ کیطرف مین بے اعتمادی نہین کرتا میرا خیال ہے کہ وہ ہماری وفادار رہے گی حالانکہ لاہور کے لوگ اسکے خلاف کہتے ہین- لیکن اگر وہ سپاہ کسی مقام پر پوری جمعیت کے ساتھ اور اُدھر قواعد دان سپاہ کانگڑہ مین رہے گی تو اسمین بلوہ عام کے ہونے کا خطرہ رہے گا- ..... ان پہاڑیون پر سب نوکری سے چھوڑائے ہوے سپاہی بھرے ہین جو ہمارے دشمن تو نہین ہین لیکن وہ عیش اور نوکری کی تلاش مین ہین اور میدان دوآبہ جالندھر کی نسبت ایسے مقامات پر اور بھی زیادہ خطرہ ہے- ..... دوآبہ جالندھر مین نوکری سے چھوڑائے ہوے سپاہی صدہا سے چند ہین ملک کھلا ہوا ہے اور کوئی قلعہ نہین ہے- میرے نزدیک دو جماعت سپاہ پیدل اور دو جماعت غیر قواعد دان سوار اور ایک توپخانہ سے سب طرح کی حفاظت ہو جائیگی- کوہستان کا رقبہ تین ہزار مربع میل ہے جسمین تمام سپاہی بھرے ہوے ہین اور انکی حفاظت کے لیے صرف تین کمپنیان نورپور مین اور ٹوکل سکھ سپاہ کا ایک حصہ کانگڑہ مین ہے- اگر گوبند گڑھ مین کسی حصہ سپاہ کے تعینات

حس ۳

کرنے کی ضرورت سمجھی جائے تو اسمین شک نہین کہ کانگڑہ کی بھی بندگبری لازم ہے اور اگر ہمنے کوئی بڑا حصہ سپاہ کا جدا کر لیا تو پھر یہ ممکن نہوگا۔ آپ صرف اس بات پر خیال کیجیے کہ اگر کوہستان مین عام فساد برپا ہوا تو اسکا نتیجہ کیا ہوگا۔ سرکین غیر محفوظ ہو جائینگی شہرلٹ جائینگے اور مالگزاری وصول نہوگی۔

مین اس بات کے دریافت کرنے مین قاصر رہا کہ جان لارنس کی درخواست آخر کو پذیرا ہوئی یا نہین لیکن بہرحال وہ دو تین مہینے تک اپنی گشتی کو ہستانی سپاہ کو لیے ہوے آج یہان اور کل وہان گھومتے ہی رہے اور جہان کہین فساد پایا گیا فوراً اسکا انسداد کیا اور صفت یہ کہ جان اور روپیہ کا نقصان بہت ہی کم ہوا۔ انہین کی کامل منظوری اور صلاح سے ہوپ گرانٹ صاحب نے جو جالندھر کی کسی جماعت سپاہ کو کوہستانی ملک کے لیے دینا گوارا نہین کرتے تھے انہین کا ایک حصہ ساتھ لیکر خاص انکے ضلع سے باری دوآبہ پر چڑھائی کی اور وہان کے فسادکو دور کرکے وہان کے چند قلعون پر قبضہ کیا۔

ماہ نومبر مین خبر آئی کہ پٹھان کوٹ کے سرحدی قلعہ کو جہان صرف پچاس سکہ سپاہی کانگڑہ کے اور کچھ پونچھ کے لوگ حفاظت کے واسطے تعینات تھے ایک ہزار باغیون نے گھیر لیا ہے جو باری دوآبہ اور کشمیر مین جمع ہوے تھے۔ یہ بڑے خطرہ کا مقام تھا کیونکہ قلعہ بھاری اور سپاہ محافظ قلیل تھی۔ وہان صرف پانچ دن کا گولہ بارود اور رسد تھی اور چونکہ قلعہ مذکور پر سکہ سپاہی تعینات تھے اس سبب سے خیال بھی تھا کہ مبادا لوگ اسکو غنیم کے حوالہ کر دین۔ بارنس صاحب نے رات بھر مین کوچ کرکے وہان کے سپاہیون کو بچا لیا اور محاصرین کو بجانب دینا نگر جو سکھون کی سرحد پر ہے پلٹا دیا۔ اور دوسری شب جان لارنس نے (حضرت یوشع کی طرح جب اسی طور کی ضرورت سے انکو جیشو یوشع لوگون نے طلب کیا تھا) رات بھر سفر کرکے دریاے بیاس سے عبور کیا اور پنجاب مین داخل ہوکر اسوقت باغیون پر چھاپہ مارنے کا قصد کیا جب وہ خواب مین تھے۔ انکو ایک گھنٹہ کی دیر ہوگئی لیکن بہادری سے انکا تعاقب کرکے انکو بھگا دیا۔ اپنی رپورٹ مین وہ لکھتے ہین کہ "گو سکھون کی فوج اس بات سے واقف تھی کہ ہلوگ انکی سرکوبی کو جاتے ہین مگر اسپر بھی انسے بڑی جرات اور پھرتی ظاہر کی"

یہ یاد رکھنی کی بات ہے کہ میدانی ملک کے باشندون کے خلاف جو ہماری حکومت سے رضامند ہی نہ تھے بلکہ اسکو پسند کرتے تھے کوہستان کے تمام سردار اپنے قدیم دستورات کے موقوف ہو جانے سے کم و بیش واجبی طور سے برہم تھے اور جو شعلہ اسوقت نکلا تھا وہ چارون طرف بھڑک بھڑک کر پھیلتا جاتا تھا۔ کوہستانی ملک کے دوسرے کنارے پر کٹوچ کے سردار نے علم بغاوت بلند کرکے مقام ٹیرہ کے قدیم محل اور اسکے متصل قلعون کو سر کیا اور پرتھی راج کے موقوف ہونے کی سلامی مرکر کے اشتہار دیا۔ اسی زمانے مین راجہ جیسوان نے کوہستان کے نشیب مین اور راجہ دتاپور اور بندی اونا نے میدانی ملک سے ہمارے خلاف بغاوت

ص ۲۶۵

شروع کی۔ لارنس صاحب نے اپنی فوج کے دو حصہ کرکے ایک حصہ کی سرداری بارنس صاحب کو دی اور آنکو سردار کٹوچ کی طرف روانہ کیا اور خود پانچ سو سکھ سپاہی اور چار توپین لیکر دوسرے باغیون کی سرکوبی کے لیے وادی جلیسوان کو روانہ ہوے۔ دونون مہمون مین بخوبی کامیابی حاصل ہوئی۔ بارنس صاحب نے اپنے حریف کو گرفتار اور اُسکے قلعجات پر قبضہ کیا اور لارنس صاحب نے بھی یہی کہا۔ اور بعد اُسکے اپنی فوج کے اور دو حصہ کرکے ایک کے ذریعہ سے اُنب کے اوپر کی پہاڑی جو دشمنون کے قبضہ مین تھی فتح کی اور دوسرے سے قلعہ کو برباد کیا۔ دونون راجہ گرفتار ہوآئے۔

بیدی اُونا کو اگر زک نہ دیجاتی تو وہ بڑا بیدسب دشمن تھا اُسکے قبضہ مین کوہستان اور میدانی ملک کے بڑے بڑے علاقے تھے اور نہایت ہی حریص اور متکبر شخص تھا۔ علاوہ برین جیسا کہ مین اوپر بیان کرآیا ہون وہ سکھون کا بڑا گرو تھا کیونکہ سب سے بڑے گرونانک کی نسل سے تھا۔ یہ حیثیت اُسنے اپنے بھائی کو مغلوب کرکے پیدا کی تھی جسکو اُسنے لڑائی مین مار ڈالا تھا۔ ایسا شخص ہماری مخالفت کرنے مین کبھی قاصر نہ رہتا اور ہمارا عدو اسوجہ سے وہ اور بھی ہوگیا تھا کہ ہم نے دختر کشی کے موقوف کرنے مین جو بیدی فرقہ کے لوگون کو اسقدر عزیز ہے اسطرح کی کوششین کی تھین۔ باایمہ اُسکے اکثر لوگون نے اسکی طرف سے لڑنا قبول نہین کیا اور جب جان لارنس جو ظاہرا رایگان کوہستان کی طرح اُسکے خلاف بھی فوج کشی کرنے پر تلے ہوے تھے سکھون کے ایک گروہ کے ساتھ آگے بڑھے تو اُسنے اپنا قلعہ چھوڑدیا اور شیر سنگھ کے معسکر مین جاکر پناہ لی۔ مجھکو یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ بعد کی لڑائی مین جو مایوسی اور تباہی آئی اُسکو برداشت کرنے کے بعد آخر مین اسنے اطاعت قبول کرلی اور پھر اپنی عمر بھر امرتسر مین انگریزون کا پنشنخوار رہا۔ ۲۶ ط

بیدی کے علاقہ سکھ کی جانب پلٹ جانے پر جان لارنس کی کارزار کا خاتمہ ہوگیا۔ یہ کارزار صرف تیرہ دن تک رہی لیکن باوصف اس امر کے کہ سب معاملات چھوٹے چھوٹے تھے کامیابی مثل بڑے معرکون کے حاصل ہوئی۔ جس کارزار مین کشت وخون نہین ہوتا اُسپر موج کی نگاہ بہت کم جاتی ہے اور اُسکی وجہین (بشرطیکہ دعیہ مرض معالجہ اور حفاظت جان کسی کی ہلاکت سے بہتر ہو) وہ ہین جنکے باعث سے اُسکی طرف اور زیادہ توجہ کرنا لازم آتا ہے۔ اس تاریخ کے بعد سے پھر دوآبہ جالندھر مین کبھی ایک توپ بھی نہین چلی حتی کہ جب مصیبت انگیز جنگ چلیان والا کے نتیجہ کی صدا پہونچنے سے احتمال تھا کہ ایک آدہ کوشش باغیون کی طرف سے اور ہوگی تو اُسوقت بھی کچھ نہین ہوا۔ اور یہ سب صرف کمشنر صاحب کی دانائی لیاقت محنت اور استقلال مزاج کا نتیجہ ہے۔ معدودے چند آدمیون کے بھروسہ پر جو اصل کارزار کے وقت جانچنے تک قابل اعتماد بھی نتھے اُنھون نے اپنے صوبہ کے نہایت ہی برانگیختہ مقامات کا فتور رفع کرنے کا بیڑا اُٹھایا خود اپنے انتظام کے

ذریعہ سے کنسرپٹ کا سامان جمع کیا فوجی حکام کو کام کی طرف متوجہ رکھا ملک کی سول گورنمنٹ قایم رکھی سکھوں کو سکھوں کے مقابلہ مین لڑوایا اور نہایت تعصب المذہب اشخاص کو انکے اعلیٰ گرووں کے مقابلہ مین کھڑا کیا۔ اس یادگار سال کے ماہ نومبر مین یزان پنجاب اور بھی لغزش کھانے یا جیسا کہ ابتدائی تین لڑائیون سے ظاہر ہوتا تھا سکھون کی جانب جھکنے لگا۔ اگر دوآبہ جالندھر مین بھی آتش فساد مشتعل ہوتی اور ہماری مجبور فوج کے یمین و یسار اور عقب کی طرف سے بھی خطرہ متصور ہوتا تو معلوم نہین کسقدر خرابی پڑتی۔ اگر گلاب سنگھ اپنے حال پر چھوڑ دیا جاتا اور چارون طرف سے باغیون کے بس مین آجاتا تو یقیناً وہ بھی انکا شریک ہوجاتا اور غالباً کم سے کم جنگ گجرات کے پیشتر چلیان والا کی ایسی ایک اور لڑائی ہوتی۔

ایسے کارہائے نمایان پر توجہ کرنے مین وہ نامی گرامی اور کامل شخص قاصر نہین رہ سکتا تھا جو لارڈ ڈلہوسی کی جگہ گورنر جنرل مقرر ہوا تھا اور جو پس و پیش کرنے کی ان خفیف علامتون کو بھی چھوڑنے لگا تھا جنکی وجہ سے ابتداے ورود ہندوستان مین اسنے اورون کی راے سے سہل انکاری کی تھی اور جو اسوقت سے ہر شخص کو شائبہ بے اعتبار کھائی کے ساتھ یہ ظاہر کرنے لگا تھا کہ مین صرف اپنے بھروسہ پر رہنا گوارا کرسکتا ہون۔

حصہ ۲۶ لارڈ ڈلہوسی جنکی طرف یہ اشارہ تھا فیروزپور سے ہنری لارنس کو لکھتے ہین کہ "مین خیال اس امر کے کہ کوئی اشتہار بغیر پیری سابق منظوری کے جاری ہو اور خیال اس امر کے کہ گورنمنٹ اور اسکے افسر اتفاق کے ساتھ کارروائی کرین اور اختلاف راے نہونے پائے مین اس مقام کو جو بالکل سرحد کے کنارے ہے چلا آیا ہون اور صرف اسی سبب سے مین یہان ٹھہرا ہوا ہون"۔

اس بات کو لوگ فوراً یقین کرینگے کہ جو بے سلیقگی اور تاخیر اور خرابیان اوائل کارزار مین واقع ہوین اونکے وقوع کے پیشتر چاندیدہ کاتبانہ خفیف اور نوجوان اور اپنی دشمن کے گورنر جنرل کے درمیان بہت کچھ طول کلام اور ردوبدل ہوئی ہوگی۔ لارڈ ڈلہوسی کی متممہ چٹھیات موسومہ ہنری لارنس سے جنکو انکے حق القائم فرزند نے عنایت کرکے میرے حوالہ کردیا ہے چند اقتباسات مین ذیل مین درج کرتا ہون۔ لارڈ لارنس کی چٹھیات اکتوبر ۱۸۴۸ء نہایت ستمبر ۱۸۴۹ء مین جو باتین رہگئی ہین وہ بہت کچھ اقتباسات مذکور سے پوری ہوجائینگی اور اسنے ایک کام یہ بھی نکلیگا کہ اس زمانے کے بعد سے مقدرات برادران لارنس پر جو شخص اسقدر اثر پیدا کرنے والا آیا تھا اسکی کیفیت ایک امر کے متعلق (اور مین سمجھتا ہون کہ وہ امر نہایت ہی نامرغوب ہے) بہت وضاحت کے ساتھ ظاہر ہوجائیگی۔ ان چٹھیون کے ذریعہ سے برادران لارنس اور صاحب موصوف یعنی لارڈ ڈلہوسی کے باہمی تعلقات کے متعلق اسقدر مسرت خیز اور دردانگیز باتین معلوم ہونگی کہ اس مقام پر مین ضرور انکو درج کرونگا۔ یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ لارڈ ڈلہوسی کی خط کتابت مین ایک خاص لطف یہ ہے کہ انکا زیادہ تر حصہ (یعنی وہ سب چٹھیان

جن پر اُنکے اوصیا کا کلی اختیار ہے) اُنکی وفات سے پچاس برس بعد تک کے لیے مہر کرکے رکھدیا گیا ہے کہ کوئی کھولنے نہ پائے - چونکہ وہ اپنی تدبیرات کے مسلم ہونے پر یقین رکھتے تھے اسلیے اُنھون نے یہ بندوبست کیا کہ اُنکے معصر لوگ تعجیل کے ساتھ تعریف یا مذمت پر مستعد نہو جائین اور اسواسطے اُسکو رہنے دیا ہے کہ آیندہ نسل اُسے غور و فکر کرنے کے بعد اُسکی نسبت رائے دین - پس جو کچھ نتیجہ ہلوگ اُنکی خط کتابت کے اس جزو سے نکالین اُسکو کسیقدر احتیاط سے نکالنا چاہیے گو وہ برادران لارنس ہی کی خط کتابت کے برابر وسعت اور وقعت کیون نہ رکھتی ہو

ہنری لارنس جیسا کہ مین اوپر بیان کر آیا ہون ایک سال کی رخصت لیکر انگلستان کو گئے تھے جسمین یہ شرط تھی کہ ضرورت کی حالت مین وہ دو برس تک بڑھ سکتی ہے - لیکن غدر ملتان کی خبر سے اُنھون نے قصد کیا کہ جسقدر جلد ممکن ہو وہ اپنے تئین اپنے عہدہ پر پہونچائین - وہ نومبر کے مہینے مین انگلستان سے روانہ ہوئے دسمبر مین بمبئی پہونچے وہان سے بسبیل تعجیل ملتان کو گئے وہان کے آخری محاصرہ مین شریک ہوئے پھر ملتان سے ۹ جنوری کو کوچ کیا اور شہر مذکور کے فتح ہونے کی خبر (گو قلعہ کے فتح ہونے کی خبر نہین لائے تھے) سب سے پیشتر لارڈ ڈلہوسی کو پہونچائی - وہان سے کمانڈر انچیف کے مستکر کو گئے اور ۱۳ تاریخ کو چلیان والا کی مصیبت انگیز لڑائی مین اگر موجود ہوے - وہ ابھی انگلستان سے ہندوستان مین آنے بھی نہ پائے تھے کہ اُنکی نیکی کا اثر پڑنے لگا - سکھون نے یہ کہنا شروع کیا کہ اُنکے جانے کے ساتھ ہی فساد اُٹھکھڑا ہوا اور ہمکو امید ہے کہ اُنکے آنے کی خبر پہونچتے ہی امن و امان ہو جائیگی - ہنری لارنس کے اقبال کا یہ عام عقیدہ ہی لارڈ ڈلہوسی کا یہ جوش ابھارنے کو کافی تھا کہ وہ اپنا قدم آگے بڑھا کر اپنے ماتحت پر ظاہر کرین کہ اقبال یا ادبار کے پیدا کرنے والے ہنری لارنس نہین ہین بلکہ لارڈ ڈلہوسی ہین اور وہ اب کوئی بات بغیر اپنا آخری حکم لگائے ہوے ہونے نہ دینگے - ہم یہ نہین کہ سکتے کہ اُنکا یہ خیال بیجا تھا - اُس زمانے مین افواہین اور رہی تھین کہ مولراج کا قصد تھا کہ جسوقت ہنری لارنس آئین تو اُسیوقت اُنکی اطاعت قبول کرلے کیونکہ اُسکو اُمید تھی کہ بہ نسبت کسی دوسرے شخص کے وہ زیادہ رعایتی شرائط کو قبول کرینگے - لیکن ۱۲ دسمبر کو گورنر جنرل نے سرہند سے ایک چٹھی اس ارادہ سے بھیجی کہ سر ہنری لارنس کو پہونچنے کے ساتھ وہ چٹھی ملی اور مذکور کے متعلق جو غلط فہمیان ہوون وہ رفع ہو جائین - اُس چٹھی کا اقتباس یہ ہے

مجھے آپ کو یہ اطلاع دینا ہے کہ مین مولراج کی ایک شرط بھی کسی طرح کی نہ قبول کرونگا اور نہ سوائے اِس امر کے کہ وہ بلا شرط اطاعت قبول کرلے اور کسی تجویز کی سماعت کرونگا - اگر وہ گرفتار ہوا تو اُسکے مقدمہ کی انصافانہ طور پر گو وہ اس بات کا مستحق نہین ہے تحقیقات ہوگی - اور اگر اُس تحقیقات مین (جیسا کہ دراصل بھی وہی ہے) ثابت ہوا کہ وہ دغاباز ہے مہینون تک سرکار انگریزی کے مقابلہ مین شمشیر بکف رہا یا انگریزی افسرون کے قتل مین اُسکی سازش تھی تو جسقدر مجھکو اُنکے زندہ ہونے کا یقین ہے اُسیقدر آپ اس بات کا یقین کر لیجیے کہ اُسکو ضرور پھانسی دیجائیگی - لیکن آپ کو اب صرف یہی ایک جواب

۲۶ ضمن

اسکو دیا ہوگا کہ "بلاشرط اطاعت قبول کرو"۔ جو کچھ مین نے آپکو لکھا ہے بعد کو وہی ظہور مین آئیگا۔

قبل اسکے ۱۳ نومبر کو جب لڑائی نہین شروع ہوئی تھی انھون نے ایک چٹھی الہ آباد سے لکھی تھی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ لارڈ ہارڈنگ نے اس زمانہ مین بھی الحاق کی ضرورت اپنے دل مین تسلیم کر لی تھی۔ اور جن لوگون نے اس سوانح عمری کو یہانتک دیکھا ہے انمین سے بہت کم لوگ ایسے ہون گے جو اس امر مین تیج سنگھ کی رائے سے اتفاق کرینگے اور انکی رائے سے نہ کرینگے۔ لارڈ ہارڈنگ لکھتے ہین کہ

ہماری قطعی حکمت عملی کا اظہار اسوقت تک ضرور نہین ہے جب تک طغیان فرو اور سکھون کا فساد رفع نہ کر دیا جائے لیکن مین اس امر سے اعتراف کرتا ہون کہ درمیان مین کوئی ٹھراؤ کا مقام رکھنا نہین چاہتا تیج اور خیبر کے درمیان ایک قوی ہندو گورنمنٹ کے قائم رکھنے کے متعلق جیسے برنکر لارڈ ہارڈنگ کی حکمت عملی کا سچا مؤید کوئی نہوگا۔ ایسی گورنمنٹ کے قائم رکھنے کے لیے انسان سے جہانتک تائید ہوسکتی ہے وہانتک مین نے تائید کی اور اس حکمت عملی کو قائم رکھا لیکن اب مین ایسا کرنے مین کسی طرح کی مصلحت نہین دیکھتا۔ اور جو کچھ مین کر رہا ہون اپنے نزدیک بہترین امر سمجھکر کر رہا ہون۔ ص ۲۶۹

۱۸۔ جنوری کو یعنی جنگ چلیان والا کے پانچ دن کے بعد ہنری لارنس اپنی قدیم قیامگاہ لاہور مین آئے جہان یکماہ بعد سے انکو اپنے سابق کے عہدہ ریزیڈنسی پر پھر عود کرنا تھا اور یہان جنگ چلیان والا کی "فتحمندی" کا نتیجہ انھون نے یہ دیکھا کہ کمان کے برنگیڈیر ہیرے نے اُنسے مفتوح سکھون کے آگے ہر منصے مین خلل ڈالنے کے لیے بھائیون کے جھگڑے اور پلٹون کے تڑوانے کا ذکر کیا۔ لارڈ ہارڈنگ ہنری لارنس کو لکھتے ہین کہ

آپ کہتے ہین کہ مین نے لاہور جاکر جو کچھ دیکھا اور سنا اُس سے مجھکو رنج ہوا اور وہی رنج مجھکو بھی ہے اور عرصے سے چلا آتا ہے لیکن یہ البتہ مجھکو معلوم نہین ہے کہ ہم سب لوگون کا رنج ایک ہی امر کے متعلق ہے یا اور امور مین ہے۔

ایک اور چٹھی مین فیروزپور سے لکھتے ہین۔

آپ اس کا کچھ خیال نہ کرین کہ صوبجات دریائے ستلج پر آپ کی حکومت کے بارے مین اور لوگ کیا کہتے اور اسکو پسند کرتے یا نہین کرتے ہین۔ مین سمجھتا ہون کہ آپ نفع سرکار کے خیال سے اسکو بہتر سمجھینگے اور یہ ہر شخص کے لیے کافی حلہ ہے۔ گرنل ——— کی گو شمالی کیجیے کیونکہ بے اسکے چارہ نہین ہے۔ جنرل ——— مین انسان کا صبر و استقلال نام کو چھو نہین گیا ہے۔ برنگیڈیر ——— کو بلطائف الحیل یا خوف دلاکر نکال دیجیے۔

جس چٹھی مین لارڈ ہارڈنگ نے جو ابھی ہندوستان مین تازہ وارد تھے اور پنجاب کو دیکھا تک نہ تھا ہنری لارنس کی زجر و توبیخ کی تھی اور اسکا سبب وہ اشتہار نہین تھا جسکو انھون نے خود اپنے حکم سے مشتہر کرایا تھا بلکہ ایک اور اشتہار کا مسودہ تھا جسکو انھون نے گورنر جنرل موصوف کی کامل منظوری سے تیار اور بعد اسکے آخری منظوری کے لیے اُنکے پاس بھیجا تھا اور اُنکی ناراضی کی اصل وجہ یہ ہوئی کہ ہنری لارنس نے ایک بہادر دشمن کی نسبت

کچھ بیان اپنے ذاتی خیالات کے مطابق کیا تھا) اسکا ایک بڑا حصہ سَر ہنری مرِیوَیل صاحب اپنی سوانح عمری سَر ہنری لارنس مین چھپوا چکے ہین۔ بس اب اس مقام پر اسکے مکرر محول کرنے کی کچھ حاجت نہین ہے۔ اگر اس قسم کی چٹھی سَر ہنری لارنس سے کمتر ذیحس اور اناداشخص کو ملتی تو وہ برق ہو جاتا اور جو لوگ اس بات کو جانتے ہین کہ کیا انھون نے کیا اور کون وہ تھے وہ اسوقت بھی اس چٹھی کو پڑھکر افسوس کرین گے۔

الغرض ہمارے بعض عمدہ ترین سرکاری ملازمان ہندوستان کا یہ نتیجہ ہوا اور وہ ایک ناگزیر نتیجہ ہے۔ اور یہ اُنکی حالت کے متعلق ایک ایسا سقم ہے جو انقلاب حالات گورنمنٹ ہند اُسکے اور انگلستان کے مابین سہولت آمد و رفت یورپ اور ہندوستان کے پولیٹیکل معاملات کی روز افزون ترقی اور اُس جوش جماعت کے ساتھ جو اسطور پر دور دراز کے ممالک پر پڑتا ہے اور بھی بڑھتا جاتا ہے۔ نیا وائسرائے جیسا کہ ابھی حال ہی مین ہوا ہے عاقلانہ خواہ غیر عاقلانہ طور پر اسی قصد سے آتا ہے کہ اپنے جانشین سابق یا جیسا کہ اکثر ہوا کرتا ہے اپنے عاقل ترین جانشین سابق کی کارروائی کو بدل دے۔ اس کام کے لیے اسکو حکمت عملی مذکور کے ادنی سرمایہ کار دین کو آزاد کرنا یا اُنسے نجات حاصل کرنا پڑتا ہے اور یہ امر کہ اس بات سے وہ اُنکے زوال مین سہولت پیدا کرتا ہے یا عداوت کو اور زیادہ بڑھا دیتا ہے اُنکی ہمدردی اور کشادہ دلی پر موقوف ہے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ جسقدر ایک سرمایہ کار کو ایک گورنر جنرل معتمد سمجھتا ہے اُسیقدر دوسرا گورنر جنرل اُسکو غیر معتمد سمجھتا ہے۔ کسی خاص امر سے جسقدر زیادہ اُسکو واقفیت حاصل ہوتی ہے اُسیقدر اُسکے بارے مین اُسکی رائے کم کیجاتی ہے۔ شائد سرشت انسانی کا خاصہ یہی ہے۔ صرف شہر اَلٹنسٹر کے عوام النّاس ہی دنیا مین ایسے نہ تھے جنھون نے آرنسٹائیر کو صرف اسوجہ سے نکال دیا تھا کہ اُسکو "سب بیگ" کہتے کہتے وہ عاجز آگئے تھے۔ پس یا گورنر جنرل ہندوستان کے کسی افسر سے جس طرحکا برتاؤ کرتا ہے بعض اوقات افسر مذکور کی لیاقتون کے بالکل برعکس ہو جاتا ہے۔ اور یہ بات اُس صورت مین اور بھی زیادہ ہوتی ہے جب نیا وائسرائے صرف اسی بات کا بیڑا اٹھا کر نہین آتا ہے کہ وہ ایک نئی حکمت عملی پیدا کریگا بلکہ پہلے ہی سے اُسکا نقشہ کھینچے لاتا ہے۔ کیونکہ ادھر تو وہ خود (سوائے اُن بعض شاذونادر صورتون کے جب سوءِ سَرِوِس کے ذریعہ سے اُسکی ترقی ہوتی ہے) اپنے تجربہ کے مطابق ہندوستان کے حالات سے محض نابلد ہوتا ہے اور ادھر انگلستان مین اُسکو ایسے اشخاص تعلیم دیتے ہین جو قیاساً اُس سے بھی کم واقف ہوتے ہین۔ اسلیے سب کے پہلے اُسکی کارروائی یہی ہوتی ہے کہ جو لوگ حقیقت حال سے واقف ہوتے اور اُسکے خلاف رائے دیتے ہین اُنکو وہ کسی نہ کسی طرح سے گنی مار مار کر نکال دیتا ہے حالانکہ وہ اتنے برسون کا تجربہ رکھتے ہین جتنے مہینون کا اُسکو تجربہ نہوگا۔ حال کے ایک وائسرائے نے کہا تھا کہ[1]

[1] جلد دوم صفحہ ۱۲۳

"مین مقامی تجربہ کے متعلق ایک بات بھی نہ سنونگا" اور یہ اُس وقت کی بات ہے جب ایک ایسے افسر نے جو سرحد افغانستان سے اپنے گھر کے برابر واقفیت رکھتا تھا اپنے تجربہ کے نتائج پیش کیے تھے اور اُسوقت مقتضائے حالات کے اعتبار سے مناسب یہی تھا کہ اُن باتون سے وائسرائے موصوف حرف حرف کا فائدہ اُٹھاتا۔ اُسنے تو یہ کہکر فرصت پائی کہ مین مقامی تجربہ کے متعلق ایک بات بھی نہ سنونگا مگر اُسکا نتیجہ جو کچھ ہوا وہ ہندوستان و انگلستان کو اپنے نقصان کا خیال کرکے برسون تک نہ بھولے گا۔

ص ۲۶ یہ بات نہین ہے کہ مین لارڈ ڈلہوسی کو دم بھر کے لیے بھی لارڈ ولیسلی سے تشبیہ دون یا ہنری لارنس کی مثال کسی امر کے اعتبار سے اُن عمر بھر کے "پاسبانان سرحد" سے دون جنکو حال کے وائسرائے نے "جھک سلام کیا" اور کہا کہ "بس رخصت" حالانکہ اُسکو لازم تھا کہ پوچھتے پوچھتے اُنکا دماغ چاٹ جاتا یا اگر اُنکی نصیحت اُسکو پسند نہ آتی تو بہرحال اُسکو یاد رکھتا اور اپنی خدمتون مین اُنکے ذریعہ سے فائدہ اُٹھاتا۔ لارڈ ڈلہوسی مین چاہے جو عیوب ہون مگر اُنکی نظر بالکل رفاہ خلائق پر تھی اور اُنکا ارادہ یہی رہتا تھا کہ جو کچھ کرین اُسکے پیشتر جہانتک اُسکے بارے مین واقفیت حاصل ہوسکے حاصل کرین۔ وہ اپنے ہر ایک ماتحت پر جسکو اس قابل سمجھتے تھے اعتماد کرتے تھے مگر اس شرط سے کہ ماتحت مذکور اپنا اختلاف ظاہر کرنے کے بعد پھر اُنکے حکم کی تعمیل کرتا۔ اور جب کوئی اچھا شخص ہوتا تو وہ ضرور اُسکو اچھا تسلیم کرتے تھے چنانچہ اس سے اُنکے دشمن بھی اقرار کرینگے۔

۱۳ فروری کو ہنری لارنس کے نام کی چٹھی مین وہ لکھتے ہین کہ آپ اپنے خیالات آزادانہ طور سے ظاہر کرتے ہین اور مجھکو امید ہے کہ آیندہ کے لیے بھی اسی طرح ظاہر کرتے رہینگے۔ اگر ہم لوگون کی راے خلاف ہوگی تو ہم کہدینگے کہ ہماری راے خلاف ہے لیکن میرے اس قول سے (اور اس مقام پر وہ بیشک ہنری کے دماغی سقم کی نسبت اشارہ کرتے ہین) یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ کچھ بے اعتباری ہے"۔ اس سے بھی پیشتر ۳ فروری کی ایک چٹھی مین اُنھون نے ہنری لارنس کو لکھا تھا کہ "ابھی مین آپکو کمال راستی کے ساتھ یہ لکھ چکا ہون کہ مجھکو آپ کی قابلیت آپ کے زور اور آپ کے تجربہ پر پورا بھروسہ ہے۔ اور جب مجھکو آپ مین ان اوصاف کے موجود ہونے کا یقین ہے تو اپنی جو کچھ راے آپ ظاہر کرینگے مین اُسکو نہایت وقیع سمجھکر اُسپر کامل غور کرونگا"۔

میرے نزدیک لارڈ ڈلہوسی کا اپنے ماتحتون کی نسبت یہی انداز رہا اور اب اس تشریح کے بعد مین اُنکی پشمیون کے بعض بعض فقرات اس بات کے سمجھانے کے لیے بیان کرتا ہون کہ اُنکی تحریر مین کیسا زور تھا اپنی ذات پر وہ کسقدر بھروسہ رکھتے تھے خاص اپنی راے پر چلنا اُنکو کسقدر پسند تھا اور فوجی حکام علی الخصوص بہادر اور جاندیدہ کمانڈر انچیف کی غلطیون اور عیبون پر کیسی چشم نمائی کرتے تھے (بعض اوقات یہ چشم نمائی ایک سوءتمکین کی کوتہ بینی ہوتی تھی جو اُن تمام وقتون کو نہین دیکھ سکتا تھا جنکی کیفیت فوجی حکام پر اظہر من الشمس تھی۔)

وہ مسئلہ جسکی بابت ہنری لارنس ایسے فرمانبردار افسر پر بھی عتاب آیا تھا مفتوح سردارون (بشرطیکہ وہ مفتوح کہے جا سکتے ہون) کے ساتھ برتاؤ کرنے کا معاملہ تھا۔ ہنری لارنس خوانکے حالات سے بخوبی آگاہ اور اُن لوگون مین خود بھی متعارف تھے اپنی معمولی کشادہ دلی سے یہ چاہتے تھے کہ جہانتک ممکن ہو آسان شرائط پر اُنکے ساتھ معاملہ کیا جائے لیکن لارڈ ڈلہوسی کہتے تھے کہ ہم اس قسم کی ایک بات بھی نہ سنین گے۔ یہ مغرور طاقتور سردار اگر اطاعت بھی قبول کرلینگے تو سوائے اسکے اُنکے ساتھ اور کچھ نہین ہو سکتا کہ "اُنکی جائیداد کیجائے اور کچھ گزارہ مقرر کردیا جائے"۔ اور آخر کو جب یہ لوگ اُنکے ہاتھ لگے تو جو کچھ اُنھون نے کہا تھا وہی کیا۔ "چترسنگھ اور شیرسنگھ کو اس بات کی اجازت نہین دیجا سکتی کہ وہ اپنے گھر پر رہین اور فوجت پاکر سازشین کیا کرین" اور اُنھون نے جارج لارنس اور انگلش لیڈیون کے ساتھ جو بہادرانہ برتاؤ کیا تھا (اور جنکی رہائی کے متعلق لارڈ ڈلہوسی نے بھی جیسا کہ اُسکی خط وکتابت سے ثابت ہے بڑی ہمدردی ظاہر کی تھی) وہ لارڈ ڈلہوسی کے نزدیک اس بات کی کوئی وجہ نہین تصور کیا گیا کہ اُن لوگون کے ساتھ بھی علوہمتی کا برتاو ہوتا۔ چنانچہ ایک چٹھی مین لارڈ موصوف لکھتے ہین کہ "اُنکے ساتھ آسان شرطین اس بنیاد پر کہ اُنھون نے قیدیون کے ساتھ عمدہ سلوک کیا ہے کرنے کے بارے مین میری کچھ اور رائے ہے۔ میرے نزدیک چترسنگھ اور اُسکے بیٹون نے جو اپنے بہترین دوستونکو گرفتار کر کے قیدی بنایا تو اُنمین اُنکی خونخواری کچھ کم نہین ظاہر ہوتی ہے اور اُنکے ساتھ جو بدسلوکی نہین کی تو اُسکی وجہ صرف یہ ہے کہ اُنھون نے غیر ممکن الحصول بہ نامی سے اپنے تئین محفوظ رکھا سوائے اسکے اور کچھ نہین ہے"۔ ہنری لارنس نے یوما فیوما اُن سردارون کے بارے مین جنکا قصور کم تھا نہایت زوردے دیکر چٹھیان لکھین مگر اُنکا کچھ فائدہ نہوا۔ لارڈ ڈلہوسی نے جواب دیا کہ

اُنکے لیے گزارہ کے سوا اور کچھ نہین ہے۔ گزارہ کی مقدار پر بحث کرنے کی اجازت دیجائیگی لیکن اُنکی جائداد ہر قسم کی ضبط سرکار ہوگی۔ ... اس اثنا مین اُنکو کسی مقام پر نظر بند رکھا جائے لیکن مقام کے مقرر ہونے تک اُنکی جائداد مقدق رہے۔ اگر وہ بھاگ گئے تو یہ عہد کالعدم ہوجائیگا اور اگر گرفتار ہوآئے تو مین اُنکو قید کرونگا۔ اور اگر اُنھون نے پھر فتور کیا تو جسطرح اُنکے اسوقت اور میرے اُس وقت تک زندہ رہنے کا یقین ہے اُسیطرح اس بات کا بھی یقین کرنا چاہیے کہ مین اُنکو پھانسی دونگا۔

پھر گیارہ فروری کو لکھتے ہین کہ۔

کمپ مین جہانتک کمانڈر انچیف کا تعلق ہے ہر شے روز بروز بترہوتی جاتی ہے ... مجھکو عمدہ خبر کے آنے کی کوئی امید نہین رہی اور اب مین اس خوشخبری کے آنے کا منتظر ہون کہ ہزاکسلنسی کے "خون نے جوش نہین مارا" بلکہ چند روز کا انتظار کمک پہونچنے کے لیے اور کیا جس سے آیندہ کارروائی مین یقین کے ساتھ کام کرنے کا اُنکو

موقع ملیگا۔ مین نے آج انکو آیندہ کارروائیان کرنے کی ہدایت ایسے الفاظ مین دی ہے جو انکو بہت ناگوار گذرین گی لیکن اُسکی ضرورت اور مصلحت تھی تاکہ انکو اشتباہ ہو جائے اور یہ سمجھ جائین کہ مین انکو اپنی جوابدہی مین رکھنا چاہتا ہون۔

دوسرے روز نہرنی لارنس کی اس درخواست کا اشارہ کرکے کہ وہ لشکر گاہ مین جائین اور نو راور عاقبت اندیشی پیدا کرنے کے لیے اپنا اثر ڈالین اُنھون نے یہ چٹھی لکھی۔ ص ۲۴۲

یہ بات ابھی سے بدنامی کے ساتھ مشہور ہو چکی ہے کہ نہ آپ اور نہ کوئی دوسرا شخص کمانڈر انچیف کے دل پر اپنا کوئی بھاری اثر ڈال سکتا ہے۔ اگر آپ ایسا کر سکتے تو چلیان والا کی لڑائی کا وہ حال نہوتا جو ہوا ہے۔ ۔ ۔ ۔ ہم چاہے جو کچھ کرین لیکن ہندوستان مین ہماری حکومت کا وہ رعب جو پہلے تھا مشکل سے پیدا ہوگا۔ اور نہ ہماری فوجی عظمت کا اثر ہوگا جسکی وجہ کچھ تو وہ ہے جو واقعات سے ثابت ہوتی ہے اور کچھ یہ ہے کہ بے عقل منافق طبع اور ذلیل باتین تمام ہندوستان کے انگریزون مین از اعلیٰ تا بہ ادنیٰ اختلاف پیدا کر رہی ہین۔ ۔ ۔ ۔ علاوہ بریں مین بھی کسی کا محکوم ہون اور اُسنے سب کے پہلے مجھکو ملک کے فتح کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسکی مین تعمیل کرونگا انشاءاللہ تعالےٰ۔

اس مقام پر بیان کرنا چاہیے کہ لارڈ گف خود لارڈ ڈلہوسی کی ہدایتون کے بموجب اُس کمک کے منتظر تھے جو جنرل ہوِش بڑی تعجیل کے ساتھ ملتان کو لیے جاتے تھے تاکہ وہ ملک آلیتی تو دوسری لڑائی کی جو کم اُٹھاتے۔ اور اسی معطلی کی حالت مین یہ خبر پہونچی کہ غنیم جو ہمارے مقابلہ مین بمقام رسول لشکر ڈالے پڑا تھا وہ یکبارگی اپنی جگہ چھوڑکر خدا جانے کس طرف چلدیا کیونکہ ہمارے بعض مخبرون نے خبر دی تھی کہ وہ لوگ پورب طرف جہلم کو اور باقیماندہ پچھم طرف گجرات کو چلے گئے ہین۔ لارڈ ڈلہوسی بتاریخ ۱۵ فروری نہرنی لارنس کو لکھتے ہین کہ۔

آپ نے خوب لکھا ہے کہ جاے حیرت ہے کہ سکھ لوگ اسطور سے ہمارے گرد گھوم رہے ہین اور کچھ قرض نہین کیا جاتا۔ اسکے بارے مین جو کچھ کہا جائے ٹھیک ہے۔ میرے پاس کمانڈر انچیف کی آج ایک چٹھی آئی ہے جو چیتان سے ۴ تاریخ

یہ متعاہبت جلد حل ہوگیا اور یہ دریافت ہوا کہ شیر سنگھ لارڈ گف کی داہنی جانب کا مورچہ چھوڑکر اُنکے عقب مین آیا اور گجرات مین اپنا صدر مقام قائم کیا اور اپنی فوج کا ایک حصہ دریاے چناب کے بھی اُس پار اُتارا اور اسطور پر غیر محفوظ شہر لاہور پر حملہ کرنے کی دھمکی دی یا آنکھ دکھلانے کے لیے ایسا کیا۔ اس اثنا مین لارڈ گف کو جو مہینہ بھر سے اپنے بھاری سازوسامان کے اخراجات کے شاکی تھے لیکن اپنے کمپ سے اُسکے منتقل کرنے پر رضامند نہین تھے قریب سے دشمن کا تعاقب کرنا غیر ممکن پایا اور اُسکے عبور دریا مین مانع ہونے کے لیے ایک بریگیڈ کو بھی علیحدہ کرنا ممکن نہ سمجھا۔ لارڈ ڈلہوسی لکھتے ہین کہ۔

افسوس ہے کہ ہماری سپہ سالاری یوما فیوما تنزل پزیر ہوتی جاتی ہے ۔ ۔ ۔ مین نہایت تحمل کے ساتھ اس

اعلان کا انتظار کر رہا ہون کہ غنیم کہان ہے اور ہماری طرف سے کیا کارروائی ہوتی ہے۔ فی الحال تو میرے پاس کمانڈر انچیف کی خبر آئی ہے جسکے معنی تاویلاً یہ لگائے جا سکتے ہین کہ کل تک کے لیے اُنکا حکم منسوخ کر دیا گیا ہے"۔

لارڈ ڈلہوسی کی ایک چٹھی مورخہ ۲۰ فروری موسومہ ہنری لارنس لارڈ موصوف کے خاصہ طبیعت کو اس شدت سے ظاہر اور اُنکے زور دماغ بیجگی رائے اور قوت بیان کو اس وضاحت کے ساتھ عیان کرتی ہے اور ساتھی اُسکے اس امر کو کہ جسطرح کی فرمانبرداری وہ اپنے ماتحتون سے چاہتے تھے اُسیطرح یہ بھی چاہتے تھے کہ وہ لوگ اپنے ماتحتون کو اُسیطرح سے مطیع رکھین اس صفائی کے ساتھ ثابت کرتی ہے کہ مین اسکو پورا پورا درج کرنے مین کسیطرح کی عذرخواہی نہین کرتا ہون۔ وہو ہذا۔

آپ نے جو خبرین بھیجین فی الجملہ قابل تسکین ہین اور مین خدا سے دعا کرتا ہون کہ بہت جلد مجھکو فتح نمایان حاصل ہو جس سے سب خوش ہون اور ملک مین امن وامان ہو۔ آپ نے جنرل کیمپبل (سر کالن) کے بارے مین جو لکھا ہے کہ اُنھون نے آپ سے ذکر کیا کہ وہ جہلم سے اس سال عبور کرنے کا کوئی خیال نہین پایا جاتا اُسپر مین نے بہت غور کیا"۔ آپکے بھائی اسکے پیشتر آپکو اس امر کے متعلق یقین دلا چکے ہونگے جسکا اُنھون نے اتفاقیہ طور پر مجھسے بیان کیا۔ کمانڈر انچیف کے معسکر مین جو خیال ہے اُسکا تو اور بھی کچھ مطلب نہین نکلتا۔ کمپ کا کام یہ ہے کہ وہ لڑائی تلاش کرے اور مین خیال کو تلاش کرتا ہون اور کمپ نے ابتک جو خیال پیدا کیا ہے وہ ایسی معیوب اور بری طرح کا ہے کہ اُس سے مجھکو اس بات کی ترغیب نہین ہوتی کہ مین اپنے مناسب لوازم منصبی کی تعمیل سے انحراف کرون۔ آپکی چٹھی کا تفصیلی جواب اس شب کو لکھنے مین بڑا طول ہوگا۔ مین عام طور پر صرف یہ بات بیان کیے دیتا ہون کہ کمپ مذکور اسی فصل مین دریاے جہلم اور اگر خدا نے چاہا تو دریاے سندھ سے بھی عبور کریگا اور کمانڈر انچیف اور جنرل نیپئر دِل یا محکمہ کے لوگ نہ عبور کرینگے۔ جنرل گلبرٹ کمان کرینگے اور مجھکو امید ہے کہ سب کام بوجہ احسن انجام پائیگا۔ یہ سب باتین کچھ روز پیشتہ مین کمانڈر انچیف کو لکھ چکا ہون اور اُنکو اختیار اور ہدایت دی ہے کہ بشرط ضرورت خود بندوبست کرین اور جو باتین مناسب سمجھین حتی الامکان اُنکو درست کر دین۔

آپ نے نیچراڈورڈس کے بارے مین جو کچھ لکھا ہے اُس سے مجھکو سخت تعجب ہوا بلکہ یہ کہیے کہ تعجب تو کچھ نہین مگر کمال رنج ہوا۔ (یہان اس بات کو بیان کر دینا چاہیے کہ اڈورڈس صاحب پٹھانون کی ایک رجمنٹ کو جسکی وفاداری مین اُنکو شبہ تھا بغیر اسکے کہ سر ہنری لارنس سے پہلے اجازت لے لینے شکست کر دیا تھا)۔ آپکے طرز عبارت سے مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ مجھکو یہ کہنے کی حاجت نہین ہے کہ آپ کو نیچر اڈورڈس سے سخت بازپرس کرنا لازم ہے۔ مگر اس بات کو جو مین بارہا بیان کر چکا ہون یہان ایک مرتبہ پھر مین بیان کرتا ہون کہ رزیڈنسی مین نیچر اڈورڈس کے علاوہ ایسے لوگ ہین جو بظاہر اسوقت اپنے تئین اقل درجہ کو گورنر جنرل تصور کرتے ہین۔ اُنکے سر سے آپ یہ سودا جسقدر جلد نکال دینگے

اسیقدر اُنکے اور آپکے آرام کے حق مین بھی سفید ہوگا۔ مجھکو اس بات مین شک نہین ہے کہ آپ بہت جلد اُنکے لیے قرئی اور زیبا تلاش کرلینگے۔ اور مین تو جسوقت کچھ اور امن و امان قائم ہوئی دم بھر کے لیے یہ باتین گوارا نہ کرونگا اور میجر اڈورڈس سی۔ بی۔ سے لیکر ادنی درجہ کے عہدہ دار تک جو حال مین بھرتی ہوا ہو جو کوئی ایسا کریگا اُسکی خبر لونگا۔ کل پھر آپکو لکھونگا۔

راقم آپکا صادق دوست ڈلہوسی

معرفین لارڈ ڈلہوسی (اور یہ امر ضرور قابل تسلیم ہے کہ یہ نوک جھوک مذاق اور اکثر موقع کی چٹپٹیان ایسی نہین ہین جن سے کوئی شخص اُنکے ساتھ محبت کرے) اور معرفین لارڈ گف (جن کے ساتھ باوصف اُنکی غلطیون اور لغزش رائے کے اُنکی بہادری اور فوجی سطوت کے سبب سے لوگ الفت کرتے تھے) یکسان طور پر خیال کرینگے کہ گو کمانڈر انچیف مذکور پر صاف صاف یہ نوکین اور چشم نمایان ہوتی تھین مگر وہ نہایت غور و فکر کے ساتھ اور مسلسل اُستادانہ کارروائیون کے ذریعہ سے ایک ایسی سربلند فتح کی تیاریان کر رہے تھے جو اُنکے تین ہندوستان مین نہوئی ہوگی۔ جنگ گجرات ۲۱ فروری کو ہوئی۔ لارڈ گف نے ۲۰۰۰۰ سپاہیون اور سو توپون سے سکھون پر حملہ کیا جو ایک منتخب اور مستحکم مقام مین ۵۰۰۰۰ سپاہیون اور ساٹھ توپون کی جمعیت سے صف آرا تھے۔ اپنے سخت تجربہ یا یہ کہیے کہ لارڈ ڈلہوسی کی پرزور چٹپیون کی مدد سے جو اسوقت میرے سامنے رکھی ہوئی ہین اُنھون نے اپنی صف آرائی کے قواعد کو بدل دیا اور سر جان چیپ انجینیر اور سر ہنری گریٹیٹ کی حاظر نصیحت سے جو اُنکے دامادتھے اُسوقت تک اپنے تین اور اپنے سپاہیون کو روکے رکھا جب تک توپخانہ کا مناسب کام درجہ اتمام کو نہ پہونچ گیا۔ جب سکھون کی توپین خاموش کردی گئین تو اُسوقت بھی وہ بہادرون کی طرح لڑے گئے لیکن وہ بالکل برباد کردیے گئے اور گلبرٹ صاحب نے جو ہندوستان بھر مین سب سے عمدہ شہسوار تھے کئی دن تک بسواری پشت زین تباہ شدہ فوج کا تعاقب کیا تا آنکہ آخر مین اُسنے اپنی توپین سامان جنگ اور انگریزی قیدی (جو لارڈ ڈلہوسی کے نزدیک سب سے زیادہ ضروری تھے) اُنکے حوالہ کردیے۔

جسوقت سکھون کی اس فوج نے جو عالیشان سپاہ خالصہ کی یادگار رہگئی تھی آخری مرتبہ اطاعت قبول کی اُسوقت کی کیفیتین اسطرح کی حیرت انگیز تھین کہ ہندوستان مین بہت کم دیکھنے مین آئی ہونگی۔ بقول اڈوِن آرنالڈ "۳۵ سردارون نے شریفانہ نفس کشی سے اپنی تلوارین گلبرٹ صاحب کے قدمون پر ڈال دین اور سکھ سپاہی گورون کی دورویہ قطارکے درمیان سے جو سڑک پر آراستہ کی گئی تھی ایک ایک کرکے گزرے اور ہتیارون کے انبار پر جو بڑھتا جاتا تھا اپنی ڈھال تلوار اور بندوق ڈالتے اور پھر اُسکی فولادی روح کو سلام کرکے میدان کی طرف عام آدمیون کے طور پر چلے جاتے تھے"۔ لیکن اُسوقت کی کیفیت (جیسا کہ مجھسے ایک شاہد نے بیان کیا ہے) اور بھی زیادہ دلکش تھی جب ہر ایک سوار ہمیشہ کے لیے اُس جانور سے جسکو وہ اپنی ملک ص

سمجھتا تھا جدا ہوتا تھا (یہ وہ بہادر گھوڑا تھا جسنے بڑے بڑے سخت معرکون مین اُسکو حفاظت کے ساتھ رکھا تھا) یہ امر ایسا تھا کہ سکھ لوگ بھی باوصف اپنے اس تحمل کے اُسکو برداشت نہین کر سکتے تھے۔ وہ اپنے وفادار رفیق کے ہر ہر جزو بدن کو چومتے اور تھپکی دیتے تھے اور بعد اُسکے استقلال کے ساتھ چلے جاتے تھے۔ لیکن اُنکا یہ استقلال شکست ہوجاتا تھا وہ پھر پیچھے پھیر کر دیکھتے ایک بار اور پیار کرتے اور پھر آخر مرتبہ چلتے وقت آنکھ مین آنسو بھر لاتے اور چلا کر یہ کہتے تھے کہ "آج رنجیت سنگھ مرگئے"۔ یہ الفاظ ہمارے اور سکھون کے باہمی تعلقات اُنکی بہادرانہ مخالفت اور اُس سے بھی زیادہ بہادرانہ ناگزیر تبعیت کی کلید ہین۔

لیکن گلبرٹ صاحب کا کام ابھی تمام نہین ہوا تھا۔ وہ سیدھے آگے بڑھتے اور تعاقب کرتے چلے گئے اور افغانی سپاہ کو جو سکھون کی مدد کو آئی تھی دریاے سندھ کے اُس پار نکال کر پشاور اور وہان سے خیبر کی محرابون تک جو خوش قسمتی سے اُنکی سدراہ ہوئین بھگا دیا۔ اسطور پر جنگ گجرات سے صرف لڑائی نہین بلکہ کارزاری کا خاتمہ ہوگیا۔ فہمندی کے جوش مین پیشتر کی سب خرابیان فراموش ہوگئین اور فاتح گجرات نے بڑی آب وتاب سے اپنی کمان سر چارلس نیپیر کے حوالہ کر دینے کا موقع پایا جو کمال عجلت کے ساتھ اُنکی جگہ مقرر کرنے کے لیے بھیجے گئے تھے اور آغاز ماہ مئی مین انگلستان سے یہان پہونچ گئے تھے۔

اب فیصلہ کے صلہ مین کل ملک پنجاب معہ پشاور وصوبجات آنروے دریاے سندھ لارڈ ڈلہوسی کے قدمون پر آگرا اور وہ ایسے شخص نہین تھے جو عام خواہ خاص اسباب کا خیال کر کے اُسکی طرف سے اپنے پاؤن سمیٹ لیتے۔ اپنے ایک سرکاری کاغذ مین جو اُس زمانے کے ایک یا دو سال کے بعد لکھا گیا تھا اُنھون نے تحریر کیا تھا کہ "مین یہ موقع پاکے اپنی قوی اور سمجھی بوجھی راے ظاہر کرتا ہون کہ سرکار انگریزی ایک صائب اور عاقلانہ حکمت عملی کی عملدرآمد مین اپنے تئین پابند سمجھتی ہے کہ اسطرح جب اُسکو علاقہ یا مالگزاری کے بڑھانیکا کوئی جائز موقع ملے تو اُسکو ترک یا فراموش نہ کرے" (یہ راے انصافانہ خواہ غیر انصافانہ اور ضروری خواہ غیر ضروری اور قرین مصلحت خواہ خلاف مصلحت ہو مگر بہت سی دیسی ریاستون کے لیے بمنزلہ سزاے موت کے تھی)۔ لیکن پنجاب کے بارے مین انصاف کے متعلق کوئی اعتراض نہین ہوسکتا تھا اور مصلحت یا ضرورت کے بارے مین بہت کم کہا جاسکتا تھا بلکہ وہان کے لیے بطور قاعدہ کلیہ وہ راے چسپان ہوسکتی تھی۔ ہمارے اوپر سکھون نے دو مرتبہ بغیر اسکے کہ اُنکو کسیطرح کا اشتعال دیا جاتا حملہ کیا اور دوسری مرتبہ تو ایسی حالتون سے اُنھون نے مخالفت کی جن سے صراحتاً اُن پر دغابازی ناشکرگزاری اور قلبی عداوت کا جرم عائد ہوسکتا ہے۔ خالصہ کو جسنے کو اُسکی اندرونی کمزوری سے بچانے کے لیے لارڈ ڈلہوسی اور لارڈ ہارڈنگ اور جان اور ہنری لارنس نے نہایت ایمانداری اور بے انتہا رعایت کے ساتھ جو تجربہ کیا اُسمین ناکامی حاصل ہوئی۔ ابتدا مین ہملوگ اپنی خواہش کے

بالکل خلاف اور سرداروں کی متفق علیہ استدعا اور اصرار سے اُنکے ملک مین رہے اور اُدھر ہم لوگون نے اُنکی استدعا قبول کی کہ دغابازی سے وہ مستعد بجنگ ہوگئے اور اپنی گرمجوشی فوجی قواعد اور بہادری سے پھر ایک مرتبہ ہماری سلطنت ہندوستان کی حفاظت مین خطرہ پیدا کردیا۔

لارڈ ڈلہوسی نے اس لڑائی کی ایک ابتدائی ہی نوبت مین اس طرف توجہ کی تھی کہ اُسکا آخری نتیجہ کیا ہوگا اور ہنری لارنس ایسے شخص نے بھی جو دیسی ریاستون کے ایسے بہادر مؤید تھے صرف آدھے دل سے اپنے خیالات اُنکی بربادی کے خلاف ظاہر کیے۔ گو وہ اس امر سے انکار کرتے تھے کہ الحاق قرین مصلحت ہے لیکن وہ اس امر کو تسلیم کرتے تھے کہ اُسکے قرین انصاف ہونے مین کچھ شک نہین ہے۔ جان لارنس نے اُن باتون کا جن سے ہندوستان کی حفاظت متصور تھی خیال کرکے صاف صاف یہی راے دی کہ الحاق قرین مصلحت اور قرین انصاف بھی ہے۔

اِس زمانہ کے جو کاغذات میرے سامنے رکھے ہوے ہین اُنکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ماہ جنوری سے دونون بھائی لاہور مین یکجا رہتے تھے۔ اور جب قریب الوقوع معاملہ الحاق پنجاب کے متعلق گورنر جنرل اور رزیڈنٹ کی باہمی ملاقات ضرور ہوئی تو ہمکو اس بات پر تعجب نہ کرنا چاہیے کہ اُنھون نے خود جانے کے بدلے ایک ایسے کام کے لیے جو اُنکے ناپسند تھا اپنے بھائی کے بھیجنے کو ترجیح دی۔ یہ ضروری ملاقات ۱۲ مارچ کو فیروزپور مین واقع ہوئی اور دوسرے روز جان لارنس "دو مرتبہ بڑی دیر تک گفتگو کرنے کے بعد" لاہور کو "اپنے بھائی سے اُس امر کا خلاصہ بیان کرنے کے لیے" واپس آئے جسپر بحث ہوئی تھی یعنی یہ دو باتین کہنے آئے کہ لارڈ ڈلہوسی کا ارادہ کیا ہے اور اُسکی کسطرح سے تعمیل کیجائیگی۔ میرے نزدیک لارڈ ڈلہوسی کو اُس شخص پر جو بزمانہ آیندہ اُنکے ص ۲۷ تمام ماتحتون سے زیادہ نام پیدا کرنے والا تھا اپنی نظر ڈالنے کا یہ پہلا ہی موقع ملا تھا۔ لیکن جان لارنس نے سکھون کی پہلی لڑائی مین بحیثیت چیف کمشنر دہلی جو زور ظاہر کیا تھا اور صلح اور جنگ کے ایام مین دو آبہ جالندھر جسطرح حکومت کی تھی اور اُنکی خط کتابت موسومہ سکریٹری گورنمنٹ کو جو دیکھا بھالا تھا اُن سب باتون کا نتیجہ نکال کر لارڈ موصوف نے پہلے ہی اُنکو پرکھ لیا تھا اور جس حیثیت کے وہ آدمی تھے اُسکے مطابق اُنکو سمجھنے لگے تھے۔ گو لارڈ ڈلہوسی اسطرح کے آدمی تھے کہ وہ اپنے ہی اوپر اعتماد رکھتے اور اپنی ہی راے کو کافی سمجھتے تھے مگر اسپر بھی اپنے ماتحت سے جسکی صلاح بزمانہ مابعد اُنھون نے اکثر اور ایسی حالت مین بھی پوچھی جب اُنکا جواب پیشتر کے دیے ہوے جواب سے متفق نہین پایا گیا اُنھون نے پوچھا کہ "کہیے کیا کرنا ہوگا۔ پنجاب کے بارے مین اب کیا کیا جائے"۔ اور جان لارنس نے جو خوب جانتے تھے کہ گورنر جنرل نے ہر حالت مین صوبہ کو سلطنت کے شامل کرنے کا قصد مصمم کرلیا ہے کمال اختصار کے ساتھ یہ جواب دیا کہ "اُسکو اب ملحق

کر لیجیے"۔ گورنر جنرل نے مشکل کے بعد مشکل کا بیان کرنا شروع کیا لیکن جسطرح ڈیما ستھنیز حکیم نے اس سوال کے جواب مین کہ "فصیح البیان کے لیے کون سی تین باتین درکار ہین" یہ کہا تھا کہ "کام۔ کام۔ کام" اسی طرح جان لارنس نے بھی ہر مشکل کے جواب مین جیسا کہ وہ سب سے بہتر اور آسان سمجھتے تھے بس یہی ایک جواب دیا کہ "اب اسکو ملحق کر لیجیے"۔ پنجاب کے فوراً شامل سلطنت کر لینے مین آسانی تھی کیونکہ اُسوقت لوگ قلعون کے نیچے روندے پڑے تھے۔ پھر گزشتہ سال موسم گرما کی جو مشکلات اور خطرات ایسے مہلک نتائج دکھا چکے تھے اُنکے بھی نجات ممکن تھی اور سب کے بعد فوراً صوبہ کے ملحق کرنے مین یہ بات بھی متصور تھی کہ ڈیرکٹران انگلستان بھی معاً اسکو قبول کر لیتے۔

۲۹۔ مارچ کو لارڈ ڈلہوسی نے اپنے سکریٹری سر ہنری ایلیٹ صاحب کو اس بات کا اختیار سپرد کر کے لاہور روانہ کیا کہ پنجاب کے بارے مین جو کچھ انکا ارادہ تھا اسکو ایلیٹ صاحب بارعام مین ظاہر کر دین۔ اور دوسرے دن سر ہنری لارنس ریزیڈنٹ اور اُنکے بھائی جان لارنس اور سکھ دربار کے وہ لوگ جو وفادار باقی رہگئے تھے ان سب کے روبرو جہان وہ خردسال مہاراجہ بھی موجود تھے جو آخری مرتبہ کے لیے رنجیت سنگھ کے تخت پر بیٹھے تھے ایلیٹ صاحب نے اس اشتہار کو جو سر نوشت مین لکھ گیا تھا باآواز بلند اسطور سے پڑھا کہ رنجیت سنگھ کا خاندان تخت نشینی سے معزول کیا گیا خردسال مہاراجہ کا پانچ لاکھ روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر ہوا اور اختیار دیا گیا کہ حدود پنجاب کے باہر جہان چاہین سکونت اختیار کرین اور پانچ دریاؤن (پنجاب) کا ملک معہ زر و زیورات رائج علی الصبح عدیم المثال الماس موسومہ "کوہ نور" برٹش سلطنت کے قبضہ مین در آیا۔ حاضرین نے اس اشتہار کو خاموشی اور کسیقدر بے اعتنائی سے سماعت کیا۔ الحق کہ یہ کارروائی خرابی اور بہبودی کے ہیبت ناک احتمالات پر متحمل تھی۔ اُسکی وجہ سے ہنری لارنس کی نہایت مشتاقانہ امیدین اور انتہاے مرتبہ کی فیاضانہ آرزوئین خاک مین مل گئین لیکن جو کچھ گزر چکا تھا اُسکی رو سے یہی جائز قرار دیا گیا حالانکہ غیر ضروری الحاقون کا بڑے سے بڑا مستقل مزاج مخالف بھی اس بات کو تسلیم کریگا کہ نتائج کے اعتبار سے جو کچھ جائز ہو سکتا تھا اُس سے بھی یہ کارروائی بڑھکر ہوئی۔

باب یازدہم

پنجاب پر حکومت کی کارگزاری ۱۸۴۹ء لغایت ۱۸۵۸ء

پنجاب کا الحاق تو ہو چکا تھا لیکن اُسپر حکومت کس طریقہ سے ہوتی۔ ایک تو یہ ممکن تھا کہ سندھ کی طرح وہ بھی ایک خالص فوجی حکومت کے اختیار مین کر دیا جاتا۔ یہ طریقہ خود رائے اور نامور سر چارلس نیپیر فاتح سندھ کو دل سے پسند تھا جو بحیثیت کمانڈر انچیف ہندوستان مین داخل ہوا چاہتے تھے۔ صاحب موصوف تمام سویلینون کے نام سے تو نفرت کرتے ہی تھے لیکن اپنی نفرت اور تحقیر کا ایک خاص حصہ اُن "فوجی مدبرون"

کے لیے اُنھون نے رکھ چھوڑا تھا جنھون نے لال کوٹ اُتار کر اور کالا کوٹ پہنکر یہ ظاہر کیا تھا کہ وہ دیدہ و دانستہ نور چھوڑ کر ظلمت کو پسند کر رہے ہین ۔ مگر با اینہمہ (جیسا کہ خود سر چارلس مٹکیلف اس بات سے انکار نہین کر سکتے تھے) ہندوستان کو اُسکی اصلی حالت پر لانے کے واسطے بہت کچھ کوشش کر رہے تھے ۔ اور اگر وہ نہین تو دوسری بات یہ ممکن تھی کہ اکثر صوبے جو زیادہ عرصہ سے ہماری حکومت مین رہ چکے تھے اور جہان زیادہ امن وامان تھی اُنکی تقلید کیجاتی ۔ یعنی یہ کہ پنجاب کے لیے ایک خالص سِوِل گورنمنٹ کسی تربیت یافتہ سِوِلین کی ماتحتی مین مقرر کیجاتی جسکا پہلا مقصد یہ ہوتا کہ وہ پنجاب کو خرید فتوحات کا پاتراب نہ قرار دیتا بلکہ انیسٹ انڈیا کمپنی پر یہ ثابت کرتا کہ اُس ملک پر بخوبی حکمرانی بھی ہوسکتی ہے اور ساتھ ہی اسکے یہ بات بھی اُس سے پیدا ہوسکتی ہے کہ اُسکے ذریعہ سے روپیہ فوج اور ملکی عظمت حاصل ہو ۔ یہ وہ طریقہ تھا جسکی نسبت امید کیجاسکتی تھی کہ ایسے گورنر جنرل کو اگر وہ پسند آئے تو کچھ عجب نہین ہے جسنے سکھون کی سرحد تک پہونچنے کے پیشتر کبھی ایک گولی چلنے کی بھی آواز نہین سُنی تھی اور جو (اُسوقت لوگ یہی یقین کرتے تھے) فوجی حکومت کو اسیقدر ناپسند کرتا تھا جسقدر سَر چارلس مٹکیلف سِوِل حکومت کو ناپسند کرتے تھے ۔

پس اس صورت مین سَر چارلس مٹکیلف کے طریقہ پر عمل ہوتا یا لارڈ ڈلہوسی کے طریقہ پر دونون مین سے کسی طریقہ پر نہین اور پھر دونون یعنی دونون کے بین بین ایک طریقہ پر ۔ لارڈ ڈلہوسی اس بات کی بنیاد پر کہ صوبہ بلحاظ حکومت کرنے کا جن لوگون کو حق مرجع حاصل ہے مین اُنسے خوب واقف ہون جس تدبیر کو بتاتے تھے وہ ہماری سلطنت ہند کی تواریخ مین ویسی ہی نادر تھی جیسی کہ وہ بادی النظر مین بھی بیسود معلوم ہوتی تھی ۔ پنجاب کی حکومت کسی شخص واحد کے ہاتھ مین عام اس سے کہ وہ سپاہی یا مدبر یا دونون مین ایک مشترک حیثیت کا کامل شخص ہوتا نہین دیجاتی تھی بلکہ وہ حکومت ایک بورڈ کے سپرد کیجاتی تھی جسکا ہر ممبر دونون صیغون کے افسرون سے منتخب ہوکر مقرر ہونے والا اور "اپنی اپنی محنت اور سب کی جوابدہی" کے ایک طریقہ سے کام کرنے والا تھا ص ۲۸۱

اس جدید انتظام کی تردید مین سَر چارلس مٹکیلف نے لکھا تھا کہ "بورڈ مین شاذونادر کسی طرح کی قابلیت پائی جاتی ہے" ۔ اور دوسرے مبصرون نے جو کم مخالف نتھے اس خاص بورڈ کے متخالف اور متناقض ارکان سے آگاہ ہونے کی وجہ سے کہا تھا کہ وہ ابتدا ہی سے فی نفسہ قابل اعتراض ہے ۔ کیونکہ ابتدا ہی سے اُسکی موقوفی کے اسباب مہیا کیے گئے تھے ۔ یہ اقوال صحیح تھے لیکن صرف ایک محدود درجہ تک صحیح تھے ۔ بورڈ فی نفسہ ایک "امر بین بین" ہے اور اسواسطے ایک شخص واحد علی الخصوص اُسوقت جب شخص مذکور کی طبیعت مین جوش ذکاوت ہو) اپنے محکومون مین جو اتفاق جمعیت اور انفراد پیدا کرسکتا ہے وہ بورڈ کے ذریعہ سے نہین پیدا ہوسکتا ہے ۔ پھر ایک یہ امر ناگزیر تھا کہ ہنری اور جان لارنس ایسے

جو دو مخالف اور اُسپر بھی اپنے اپنے دشمنگ کے کامل عناصر مجتمع ہوئے تھے اون کے مابین کسی نہ کسی روز آتش اختلاف کے مشتعل ہو جانیکا اندیشہ تھا۔ کوہ آتش فشان برسون تک خاموش کیون نہ رہے لیکن پھر بھی وہ کوہ آتش فشان ہے۔

لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ چونکہ بورڈ کا انتظام زیادہ عرصہ تک قائم رہنے والا نہین تھا اس سبب سے اُسمین ابتداہی سے خاموشی پائی جاتی ہو۔ اُسنے ٹھیک ٹھیک وہی کام کیا جو اُس سے مقصود تھا اور ویسا عمدہ کام فی الواقع تینون مبرون مین سے کوئی شخص اکیلا نہ کرسکتا۔ یہ بورڈ تین برس تک قائم رہا اور اُس تین سال کے عرصہ مین جو کام (خواہ میرون کی کمیسی ہی جانفشانی سے) انجام ہوا اگر ایک میر تنہا عمر بھر مین وہی کام انجام کرتا تو اسکو پشیمان ہونا پڑتا۔ اگر بورڈ مذکور کو اس امر مین کامیابی حاصل ہوئی کہ اُسکے ذریعہ سے نہایت جنگجو اور مفسد لوگ جنھون نے کبھی ہماری حکومت ہندوستان کی اطاعت نہین قبول کی تھی مطیع ہوگئے ہون اور صرف مطیع ہی نہین بلکہ خوش رہے ہون اگر بورڈ کے ذریعہ سے صراحتاً اور معناً انکی تلوارون کے ہل اور برچھیون کے ہنسیے بنگئے ہون اور اگر بورڈ نے مختلف قومون اور مختلف درجون کے باشندون کے ساتھ جو پنچایت مین پائے جاتے ہین برتاو کرنے مین اسطور پر پرانا قاعدہ موقوف اور نیا قاعدہ جاری کر دیا ہو جس سے فی الجملہ تکلیف اور نقصان معدودے چند اور فائدہ بیترے اشخاص (اور مین آگے چلکر بیان کرتا ہون کہ اُسنے یہ اور اسکے علاوہ اور بھی بہت سے کام انجام کیے) کو پہونچا ہو تو بیشک اسکی وجہ سے ایک بڑا شریف کام انجام کو پہونچا۔ وہ کام ہی اسکی عمدگی کا بہترین ثبوت ہوا اور اسکے بانی کو جو کچھ توقع اور اُسکے نامی گرامی مبرون کو اُس سے جو بڑی بڑی امیدین تھین وہ سب پوری ہوئین۔

بورڈ مذکور کے لیے تین مبر یعنی رکن مقرر ہونے والے تھے۔ اُسکا افسر اگر گویا موروثی حقدار کے طور پر وہ شخص مقرر کیا گیا جو قبل الحاق پہلے بحیثیت رزیڈنٹ اور پھر گویا بطور نخوت ملک بھر مین سب سے اعلی عہدہ پر رہا تھا۔ یہ بہادر اور اولوالعزم محنتی اور جفاکش ہنری لارنس تھے ایک نئے صوبہ کے انتظام پر انکا مقرر ہونا لارڈ ولزلی ایسے خودرائے آدمی اور خود ہنری لارنس کے لیے بھی قابل تعریف ہے۔ لارڈ ولزلی کے دوست اور معاون اور اُنکے جانشین کے مابین کچھ شکر رنجی ہو چکی تھی اور دونون کے درمیان اسطور کا اختلاف پیدا ہوگیا تھا جو بظاہر کسی طرح کی باہمی برد باری سے رفع ہونے والا نہین معلوم ہوتا تھا۔ لیکن لارڈ ولزلی جیسا کہ مین بیان کرچکا ہون اپنے مخالف لوگون سے بھی جنھین وہ جانتے تھے کہ کوٹ کوٹ کر میری مخالفت کا مادہ بھرا ہوا ہے بعزت و اعتماد برتاو کرسکے۔ اور فی الواقع وہ اسطرح کے آدمی نہین تھے کہ محض اختلاف مزاج کی جہت سے ہنری لارنس کے اُن دعوؤن کو نظر انداز کرتے جو صاحب موصوف کو اپنی سابق خدمات سکھون کی واقفیت اور اُن پر رعب رکھنے

ص ۲۸۲

حاصل ہے۔ اگر لارڈ ڈلہوزی اس بات کی خواہش کرتے کہ ہنری لارنس راستہ سے ہٹا دیئے جائیں اور کوئی دوسرا شخص انکی طبیعت کے موافق مقرر ہو جو صرف ایک کل کے طور پر انکے ہاتھوں کے ذریعہ سے کام کرے اور جو احکام وہ صادر کریں انھیں کی تحریر اور تعمیل پر قانع رہے تو انکے لیے یہ نہایت آسان بات تھی اور وہ اس بات کو بغیر مطعون ہونے کے عمل میں لا سکتے تھے۔ کیونکہ ہنری لارنس نے یہ دیکھکر کہ الحاق کے خلاف انکے جو شکوک تھے وہ آخر میں مسترد کر دیے گئے از خود لارڈ ڈلہوزی کے ہاتھوں پر اپنا استعفا رکھدیا تھا اور اگر لارڈ ڈلہوزی نے اُنسے مکرر غور کرنے کے لیے باصرار نہ کہا ہوتا کہ جو باتیں آپ کو منظور ہیں وہ جانے نہ پائینگی اور آپکے لاہور میں رہنے سے انکو اور تائید پہونچیگی تو فی الواقع وہ اپنا ارادہ پورا ہی کر دیتے لیکن لارڈ ڈلہوزی کی اس دلیل کا کوئی جواب نہ تھا۔ اور اُس دلیل کے لیے لارڈ ڈلہوزی بھی قابل تعظیم ہیں کیونکہ جس حالت میں انکو اپنے اور اپنے اس تحت کے درمیان اختلاف ہونے کا حال معلوم تھا تو گویا انھوں نے اپنی طبیعت کے خلاف یہ امر کیا تھا اور پھر ہنری لارنس بھی خیال کر سکتے ہونگے کہ گویہ امر انکو کیسا ہی ناگوار کیوں نہ گزرتا ہو مگر ہر حالت میں واجب التعمیل ہے۔ ص ۲۹۳

ہنری لارنس کے بعد بورڈ میں اگر قدامت کے اعتبار سے نہیں تو خاندانی نام اور ضلع ہوشیارپور اور خاص لاہور کے کارہائے نمایاں کے اعتبار سے جان لارنس کا نمبر تھا۔ اقوام سکھ کے متعلق انکی واقفیت اُنکے بھائی کی نسبت کم تھی لیکن فروعات کی مداخلت مالی کام کا سلیقہ علی الاتصال کام کرنے کی صلاحیت اور سول صیغہ کی عام تعلیمات میں وہ اپنے بھائی سے بڑھے ہوئے تھے۔ جو شخص گزشتہ دو سال کے عرصہ سے دوآبہ جالندھر کی حکومت (مثل جان لارنس کے) کرتا آیا تھا اور اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ سکھوں کی دوسری لڑائی میں عرصہ تک جو شتبہ کارزار رہی اُسمیں اُس حکومت سے نہایت فائدہ پہونچا وہ صراحتاً چار اور دوآبوں کی حکومت میں جو ہمارے ہاتھ آئی تھی ایک پرزور آواز سے اپنی راے ظاہر کر سکتا تھا۔

لیکن بورڈ میں دو ممبروں سے زیادہ کا مقرر ہونا لازم ہے اور چارلس گریول میسنل تیسرے ممبر جو بورڈ مذکور کا کام کرنے کے لیے بلائے گئے تھے ہر دو برادران لارنس سے زیادہ ہموار اور حکیمانہ مزاج رکھتے تھے۔ جان کی طرح وہ بھی ایک سولین تھے جنھوں نے اپنی کارآموزی کا زمانہ اُسوقت کے ایک نہایت عمدہ اسکول میں جو ہندوستان بھر سے بڑھا ہوا تھا یعنی مترنس برڈ اور ٹامیسن صاحب کی صحبت میں بمقام ممالک مغربی و شمالی ختم کیا تھا۔ وہ صاحب عمل نہیں بلکہ صاحب فکر تھے اور شاید اُنکا اسی صفت سے متصف ہونا بہتر ہوا کیونکہ یہ دونوں بھائی گو بڑے بڑے عمدہ اوصاف رکھتے تھے لیکن پلے درجہ کے صاحب عمل تھے۔ پس اس صورت میں میسنل صاحب دونوں کو روکتے تھے مگر جسطرح وہ دونوں ایک دوسرے کو روکتے تھے اُنسے اُنکے روکنے کا طریقہ مختلف تھا۔ وہ ایک بڑے حیرت انگیز طور پر ہر کارروائی میں جو تجویز کیجاتی تھی اُسکے معائب کو تلاش

کر لیتے تھے اور ایک طور کی پرجوش بے لوثی کے ساتھ کبھی تو جان کی مخالفت سے ہنری اور کبھی ہنری کی مخالفت مین جان کی طرفداری کر کے دلیل پیش کرتے تھے ۔ اسطور پر وہ ایسے معاملات کے متعلق اصل عاقلانہ تدبیر سے عمل کر سکتے تھے جو اور صورتون مین خواہ ہنری لارنس کی شخصی یا جان لارنس کی ہمدردی میلان طبع کے سبب سے نہایت افراط اور تفریط کے ساتھ وقوع پزیر ہوتے ۔ اگر وہ خاص اپنی راے سے کوئی بات کرنے مین اچھے نہ تھے تو یہ امر بہت قرین قیاس ہے کہ اُنکے شرکا کے خیالات جنکو شرکا کے مذکور اپنی اپنی کوششون کی افراط و تفریط کے ساتھ عمل مین لانا چاہتے تھے مینیجل صاحب کی خاص صفتون کے سبب سے نہایت اصلاح پاکر ظہور مین آتے تھے جس سے اُنمین خرابی بہت کم ہوتی ہے اور بعض اوقات زیادہ عمدگی آجاتی تھی ۔ ص ۲۶۴

لیکن بُورڈ کی ترکیب مین لارڈ ڈلہوسی نے جسطرح سے سول اور فوجی دونون قسم کے حکام شامل کیے تھے اُسی طرح سے براہ عاقبت اندیشی لارڈ موصوف نے اُنکے ماتحتون کو بھی دونون صیغون سے برابر برابر منتخب کیا ۔ جارج کیمپبل سکریٹری جن پر جان لارنس نے عرصہ سے انکھ گڑا رکھی تھی اور بلوں صاحب کے علاوہ جنکو بالتخصیص لارڈ ڈلہوسی نے اسسٹنٹ سکریٹری مقرر کیا تھا جدید صوبہ کی چار قسمتون (یعنی لاہور جلندھر ملتان اور ریاست) کے لیے چار کمشنر مقرر کیے ۔ پھر اُنکی ماتحتی مین ۲۰ ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر جہانتک ممکن ہو سکا سول اور فوجی صیغہ سے برابر برابر منتخب کر کے مقرر کیے ۔ قریب الوقوع الحاق کے ذکر مین لارڈ ڈلہوسی نے بتاریخ ۲۶ فروری ہنری لارنس کو لکھا تھا کہ "آپ کو آپ کی مدد کے لیے ہندوستان کے بہترین اشخاص ملین گے جنمین آپ کے بھائی جان کا نام سب پر مقدم ہے" ۔ اور لارڈ موصوف نے جو کہا تھا وہ ہی کیا بھی ۔

لیکن قبل اسکے کہ مین بُورڈ کی کارگزاریون کا حال عموماً اور رجہانتک کہ دونون کا حال جدا جدا کر کے بیان کرنا ممکن ہے) جان لارنس کا خصوصاً بیان کرون بہتر ہوگا کہ کچھ مختصر کیفیت اُس ملک کی وسعت رعایا اور خاص خاص قدرتی امور کی ظاہر کرون جن پر صاحبان بُورڈ حکومت کرنے والے تھے اور جو (مین بلا خوف خطا یہ پیشین گوئی کر سکتا ہون) دنیا کے قائم رہنے تک لارنس کے نام کے ساتھ یادگار رہیگا ۔

وہ پانچون عظیم الشان دریا (یعنی ستلج یا سَتَدرو چناب اور جہلم) جنکی وجہ سے اُس ملک کا نام جسمین ہو کر وہ نکلے ہین "پنجاب" قرار پایا ہے کوہ ہمالیہ کی برفانی چوٹیون سے عموماً ایک ہی سمت یعنی شمال شرقاً و جنوب باً بہتے ہوئے چلے گئے ہین اور آخر کو سب کے سب دریاے سندھ کے چوڑے پاٹ مین اگر ملتے ہین ۔ ان چھ دریاؤن سے جو اتر سے دکھن طرف بتدریج تنگ ہوتے چلے گئے ہین پانچ چھین زمین کی گھر گئی ہین اور ہر جٹ دو دریاؤن کے درمیان واقع ہونے سے دوآبہ کہلاتی ہے ۔ دوآبہ جالندھر جو

دریائے ستلج اور بیاس کے مابین واقع ہے اُن سب سے زیادہ زرخیز اور پرامن ہے۔ گزشتہ دو سال کے عرصہ سے یہ دوآبہ جان لارنس کے زیر حکومت رہ چکا تھا اور اُسکی خاص خاص باتیں کافی طور سے مین اوپر بیان کر چکا ہون۔ باری دوآبہ جو اسکے بعد دریائے بیاس اور راوی کے مابین واقع ہے وہ نہایت چنی ورى ملک ہے اور اقل درجہ اُسکا شمالی حصہ پانچون دوآبون سے زیادہ آباد ہے۔ اُسمین کل ملک کا صدر مقام سلطنت یعنی لاہور اور تجارتی اور مذہبی صدر مقام امرتسر بھی واقع ہے۔ وہ قوم سکھ کا مابہا (یعنی "درمیانی مکان") ہے جہان سکھون کے نہایت متبرک گرو رہتے ہین۔ رنجیت سنگھ کا دربار سعہ ذی اختیار سردارون کے اور رنجیت سنگھ کی فوج ظفر موج اور اُنکے معرکہ آرا غازی سب یہین گزرے ہین۔ بارے دوآب کے اُس پار اور اُسکے بعد دریائے راوی اور چناب کے درمیان رچنا دوآبہ اور پھر اُسکے بعد چناب اور جہلم کے مابین بچ دوآبہ ہے۔ چلیانوالا اور گجرات جہان ابھی نامی گرامی لڑائیان ہو چکی تھین وہ اسی دوآبہ مین واقع ہین۔ ان سب کے بعد سندھ ساگر کا دوآبہ ہے اور اُسکو سندھ ساگر اسوجہ سے کہتے ہین کہ دریا کے سیلاب سے اس دوآبہ کی بہت سی زمین پانی مین ڈوب جاتی ہے۔ یہ دوآبہ سب سے بڑا اور سب سے زیادہ آباد اور شور ہے۔

دریائے سندھ کے اُس پار اُسکے اور کوہ سلیمان کے مابین درجہ پیشاور اور درجہ اسمعیل درجہ فتح اور درجہ غازی خان کا ضلع ہے جو ان تین دیرون کی وجہ سے دیرہ جات کہلاتا ہے۔ یہ خطہ افغانی سردارون کا مسکن رہا ہے۔ وہ خاص پنجاب کا کوئی حصہ نہین ہے لیکن اُسکی حفاظت کے انتظام پر کل صوبہ اور ہماری کل سلطنت ہندوستان کی مضبوطی منحصر ہے جیسا کہ بعد کے بیان سے ظاہر ہوگا۔

پنجاب کے پہ دریاون کے اِدھر اُدھر پندرہ میل کے چوڑے قطعات زمین ایسے واقع ہین جو دریا کی طغیانی اور سیلاب سے شاداب رہتے ہین اور اُنمین افراط سے غلہ پیدا ہوتا ہے لیکن ان قطعات ملک سے زرخیزی وسعت اور ہر ایک قدرتی فائدہ مین بڑھکر وہ چٹ زمین کی ہے جو دامن کوہ ہمالیہ مین واقع ہے اور دریائے تین دوآبون کا شمالی حصہ اُسی کے اندر واقع ہے۔ بمقابلہ اور مقامات کے یہان کی ہوا بہت معتدل ہے۔ بارش اچھی ہوتی ہے بیشمار چشمے اور نالے مین سے دریاؤن کو اعانت پہونچتی ہے اُسمین واقع ہین۔ اور تھوڑی سی محنت اور تھوڑی سی کاریگری مین ہر سال دو بھاری فصلین تیار ہو جاتی ہین۔ اگر کل پنجاب اپنے اس زرخیز ترین حصہ کے برابر ہوتا تو وہ اپنے مقابلہ مین قریب قریب بنگالہ کو بھی مات کر دیتا۔ لیکن یہ بات نہین ہے۔ کیونکہ زرخیز زمین کی چھوٹی چھوٹی چٹون کے درمیان جو طرف بڑے دریاؤن کی وجہ سے شاداب ہین بڑے بڑے شور قطعات زمین واقع ہین جہان غلہ یا روئی تمباکو یا نیشکر ہی کی زراعت کیا ب نہین ہے بلکہ گھاس یا جنگل اور خاردار درخت بھی صرف جا بجا پائے جاتے ہین۔ اس زمین مین اکثر مقامات پر نمی یا کھار پائی جاتی ہے۔ گرمی انتہا سے زیادہ

ص ۲۸۵

ص ۲۸۶

شدید ہے اور جنگلون مین بیشمار درندے اور موذی جانور بھرے پڑے ہوے ہین جنکی غذا سالہا سال سے یہ ہستی چلی آئی ہے کہ آبادی اضلاع کے مویشی پکڑ لیجاتے ہین اور انھین کو کھاتے ہین۔

پس پنجاب ایک ایسا ملک ہے جو انتہا مرتبہ کا آباد اور انتہا درجہ کا ویران بھی ہے۔ اسکا ایک حصہ تو مثل بنگالہ کے آباد ہے اور دوسرے حصہ مین نام کے لیے بھی کہین ایک آدمی نہین پایا جاتا۔ ایک حصہ تو مثل جنت کے لہلہاتا ہے اور دوسرا حصہ مثل ریگستان سندہ اور راجپوتانہ کے بالکل اوسر اور بنجر ہے۔ پہاڑی اضلاع جنمین مری سے خوشابی اور وہان سے تا بہ وادی کانگڑہ و دھرم سالہ و شملہ گرمیون مین رہنے کے لیے ایسے مقامات پلسے جاتے ہین جنکو "فردوس بر روے زمین" کہنا زیبا ہے۔ یہ مقامات گرمی کے دنون مین بھی نہایت لطیف رہتے ہین۔ اور لاہور اور ملتان کے میادین قریب قریب اس طرح کے ہین جہان گرمیون مین یورپین لوگون کا رہنا ناممکن ہے۔ جسوقت رفقاے رسول عربی نے ملک عرب کی تمازت آفتاب مین لڑنے سے کچھ سہل انکاری ظاہر کی تو آنحضرت نے جواب دیا کہ اگر ریگستان عرب مین بڑی گرمی ہے تو "جہنم کی گرمی اُس سے بھی زیادہ تیز ہے" اور اس بات کو سنکر وہ لڑنے اور مرنے کے لیے مستعد ہوگئے کہ جہان کام ہو وہان چلینگے۔ لیکن بدقسمتی سے ملتان مین جس یورپین کو گرمی کے ایام مین اگر رہنا پڑیگا وہ وہان کے لوگون کی اس ضرب المثل کو صحیح سمجھنے لگیگا کہ "جب ملتان موجود تھا تو خدا نے جہنم کو ناحق بنایا"۔

پنجاب اور ہندوستان کی حدود کا رکھان قضا و قدر نے خود نہایت صفائی کے ساتھ معین کر دی ہین۔ اتر طرف کوہ ہمالیہ چینی تاتاری یا روسی حملون کا محافظ ہے۔ پچھم طرف سلسلہ کوہ سلیمان جو دریاے سندہ کے برابر برابر بہ خط متوازی چلا گیا ہے ہمالیہ ہی کے برابر مستحکم اور دشوار گزار سرحد ہے۔ اسمین شک نہین کہ کوہ سلیمان کے اندر گھاٹیان نکلی ہین اور موافق حالتون مین اسکندر اعظم اور تیمور تاتاری اور بابر اور نادر شاہ ایسے حملہ آورون کو اسطرف سے راستہ ملگیا۔ لیکن اُن فتاحون کا کسی ایسے غنیم سے مقابلہ نہین ہوا جو قابل ذکر ہو اور پھر ہم لوگون کی خوش قسمتی سے اصل پہاڑ کے بعد اور چھوٹے چھوٹے سلسلے چلے گئے ہین اور پھر اُنکے بعد ریق و دق ریگستان دور دور تک واقع ہین اور انمین آبادی بھی اسیطرح کی ناہموار جنگلی اور خونخوار ہے جیسا ملک ہے اور یہ سب باتین ہندوستان کی حفاظت کے حق مین بہت مفید اور غنیم کے لیے مضر ہین۔ کوئی دشمن جو افغانستان کی جانب سے آئے اسکے لیے علمی خواہ قدرتی کسی قسم کی حصار بندی اُس سے زیادہ دشواری نہین پیدا کر سکتی۔ اور اس بات کو بھی بیان کرنا چاہیے کہ اُن مقامات سے کوئی بھاری دشمن نہین پیدا ہو سکتا ہے۔

پنجاب کی حدود کے اندر صرف نمک والا پہاڑ ہے جو دریاے سندہ کو بمقام کالا باغ طے کرکے پورب

ص ۲۸۴

طرف پنڈی وادن خان واقع دریاے جہلم تک چلا گیا ہے اور دوآبہ سندھ ساگر کو دو حصون مین تقسیم کرتا ہے۔ تجارت کے اعتبار سے وہ بہت ہی ضروری پہاڑ ہے۔ کیونکہ نمک انسانی ضروریات مین سب پر مقدم ہے اور اُسمین جسقدر نمک نکل سکتا ہے اُسکی کوئی حد نہین ہے۔ اُسکے نیچے سے بڑی بڑی نمک کی کانین نکل گئی ہین اور خاص کر کے کالا باغ مین ایک عجب طرح کی دلچسپ کیفیت پائی جاتی ہے جہان خونی رنگ کی چٹانون کے درمیان برف کی ایسی سفید چوٹیان دکھائی دیتی ہین۔ نمک والے پہاڑ کے اُترطرف راولپنڈی کا ضلع ہے اور پھر اُسکے اُس پار جنگلی اور پہاڑی ملک ہزارہ کا ہے۔ اس ملک مین تمام نالے اور کھوے چلے گئے ہین جنمین وہ پہاڑی ڈاکو بستے ہین جو اسکندر اعظم کے وقت سے قرب وجوار کے لوگون سے فعلبندی لیتے چلے آئے تھے اور نہ بزور تیغ اور نہ بزور وفریب آج تک کبھی مطیع ہوئے لیکن اب جمیشن ایبٹ اور اُنکے لائق جانشین جان نیکلسن کی پدرانہ شفقت سے وہ لوگ بھی ہمارے مطیع ومنقاد ہوگئے تھے۔

پنجاب کی قومین بھی اسیطرح کی مختلف ہین جیسی دانکی قدرتی کیفیتین انواع واقسام کی پائی جاتی ہین۔ گو اصل سکھ لوگ کل آبادی مین چیدہ ومنتخب ہین لیکن شاید اُنکی تعداد بہت قلیل یعنی کل آبادی صرف چھٹا حصہ ہے۔ ایک اور چھٹا حصہ قدیم زمانہ کے گوجرون اور گھکھرون اور حال کے راجپوتون اور دوسری اقوام ہنود سے شامل ہے۔ باقیماندہ لوگ (یعنی باشندگان دوآبہ سندھ ساگر واضلاع ملتان ہزارہ پشاور ودیرہ جات کم وبیش) سب مسلمان ہین۔ فاتحان انگلشیہ کو جنمون نے پنجاب پر تسلط کیا تھا اس بات کے خیال کرنے سے کچھ کم اطمینان نہوا ہوگا کہ اگر اُنھون نے سکھون کی سلطنت معدوم کردی تو اُنکی چار چند رعایا کو اقل درجہ مذہبی آزادی اور ظلم وجبر سے نجات بخشی۔ سکھ لوگ ہندوستان کی تمام اقوام سے زیادہ بہادر اور جسری ہین۔ ص۲۸۸
اُنھون نے دو بڑی بھاری لڑائیون مین ہمارے ساتھ انتہا مرتبہ کی خیرخواہی کی اور اب بظاہر اُنھون نے مردانہ نفس کشی سے یہ بات قبول کرلی تھی کہ اگر ہم انصاف واعتدال سے اُنکے ساتھ برتاؤ کرین گے تو وہ ہماری اصلی حکومت کے مقر ومعترف رہینگے۔

سب سے زیادہ سخت مشکل اُن صحرائی اور جنگجو قومون کا مطیع رکھنا تھا جو ہزارہ کے اُترطرف سے سندھ تک ہماری کل مغربی سرحد پر آباد تھین۔ یہ قومین مدتون سے میدانی اقطاع کے صلح پسند اور مستقل باشندون سے آپسمین لڑتی اور جھگڑتی آئی تھین اور بخیت سکھ کے سودمند ترکہ کو جن ورثا نے پایا تھا وہ مشکل سے اس بات کے شاکی ہوسکتے تھے کہ اُنھون نے ایک عمدہ شے ایک خراب شے کے ساتھ پائی۔ پشاور کے لیے افاغنہ اور سکھ لوگون کے درمیان ہمیشہ جنگ وجدل ہوتی رہی۔ وہ ایک ایسے مقام پر واقع ہے جسکے سامنے درہ خیبر منہ کھولے کھڑا ہے۔ درہ خیبر تین طرف پہاڑون سے گھرا ہوا ہے اور وہان اسطرح کے لوگ آباد ہین

جو زمانہ سلف سے اُن مسافروں پر جنکا اُدھر سے گزر ہوتا ہے نظر بندی وصول کرتے رہے اور دنیا کے سب سے نامی گرامی فاتح تحفہ رشوت خواہ خراج کے طور پر ہمیشہ کچھ نہ کچھ انکو دیتے رہے اور انھون نے خود کبھی کسی طرح کا محصول کسیکو نہین دیا۔ پس درہ پشاور پر بادی النظر مین بھی خیال کرنے سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ اس اور غیر گھاٹی مین انتہا مرتبہ کے منافق لوگ انواع و اقسام کے بھرے پڑے ہین اور اُسپر قبضہ قائم رکھنے کے لیے لوگون کو ہمیشہ ہتیارون دنیا بھر کی فکر اور پریشانی اور کبھی کبھی مہم روانہ کرنے کا بار اُٹھانا پڑا ہے بلکہ بعض اوقات جب کلکتہ کے شکان عقل کی طرف سے کچھ بدعنوانی ہوئی تو دور دراز فاصلہ تک فوجین بھیجکر جنگ کرنا پڑی ہے جسمین اگر فتح بھی حاصل ہوئی تو وہ شکست سے بدتر ثابت ہوئی۔

اور جو بیان ضلع پشاور پر صادق آتا ہے وہ ایک کمتر مناسبت کے ساتھ کل سرحد آزدے دریاے سندھ پر صادق آسکتا ہے مثلاً درہ کوہاٹ کو پشاور سے جو دو طول طویل اور خطرناک راستہ گئے ہین وہ آفریدیون کے علاقہ مین ہوکر نکلے ہین اور انمین پانی کا قحط ہے۔ درہ بنون کو بھی کوہاٹ سے اسی طرح کے دو راستہ گئے ہین اور اسیطرح جہانتک کوہ سلیمان ہے وہان تک ڈاکو لوگ راستے مین بستے ہین اور دیرہ جات کے لوگ قدرتی طور پر اُنکے ہاتھ کاٹنکا بنے ہوئے ہین۔ فی الجملہ اندازہ کیا گیا تھا کہ یہ سرحدی جرگے ایک لاکھ آدمیون کی جمعیت سے ہمارا مقابلہ کرینگے جو سب کے سب متعصب سب کے سب مسلح بسلاح حرب سب کے سب انتہا مرتبہ کے قادر انداز تھے اور سب کے سب ایک ایسے ملک مین بستے تھے جو انکی لوٹ مار کے لیے انتہا مرتبہ کو موزون لیکن باقاعدہ فوجی کارروائیون کے لیے بالکل ناموزون تھا۔ ص۲۸۹

پس پنجاب کے بورڈ کو جو فی الحال قائم کیا گیا تھا ایسے ملک اور ایسے لوگون کے ساتھ سابقہ پڑنے والا تھا جسکی عام کیفیت اور خاص حادثین یہ تین سوال پیدا ہوتا ہے کہ جو ملکی خواہ تمدنی دستورات خاص کر کے رنجیت سنگھ کی زبردست گورنمنٹ کے قائم کئے ہوئے کامل خواہ ناقص دستورات باقی رہ گئے تھے اُنسے بورڈ کے کام مین آسانی یا دقت پیدا ہوئی۔

اسمین شک نہین کہ رنجیت سنگھ ایک لائق اور بہادر فرمانروا تھا لیکن یہ بہادری اور قابلیت اسیطرح کی تھی جیسی اہل مشرق سمجھتے ہین۔ اسکی گورنمنٹ کے دو مقصد صرف یہ تھے کہ ایک عمدہ سپاہ و تیار اور خزانہ پُر رہے ملک کے لوگ چونکہ بڑے تن و توش کے تھے اور فوجی اور مذہبی دونون طرح کا جوش اُنمین بھرا ہوا تھا اس لیے رنجیت سنگھ کا اول مطلب بخوبی حاصل ہوگیا۔ اور پھر جب فتح کے بعد فتح اور ایک صوبہ کے بعد دوسرا صوبہ بزور سپاہ خالصہ عمل کیا گیا تو دوسرا مشابہی جس نے سلطنت کے نام کو ڈبو دیا پورا ہوگیا۔ اس وقت طلب مسئلہ پر کہ روزمرہ کی ضروریات کی چیزون مین کن اشیا پر ٹیکس لگانا اور کن اشیا پر ٹیکس نہ لگانا چاہیے رنجیت سنگھ نے

مطلق توجہ نہین کی - کیونکہ اُسنے یکسان سب اشیا پر محصول لگا دیا - مکانات و اراضیات بازار کے خلات اور کھیت کی اسناده فصل تجارت داخلہ و خارجہ اشیاے صنعت و حرفت و اشیاے قدرتی تکلفات کی چیزون اور ضروریات زندگی کی جیسے دن پر یکسان محصول لگا دیا گیا - ذی اختیار حکام صوبجات مثل ساون مل وغیرہ اور مفصلات کے کاردار لوگ آزادانہ طور پر ٹرنسٹ لینے کے لیے چھوڑ دیے گئے کہ وہ جس شخص سے پائین جھپٹ کر بڑی بڑی رقمین لاہور کو روانہ کرین اور خاص اپنی جیب جسطرح چاہین بھر لین - صدر مقام کی گورنمنٹ نہ اُنسے کسی طرح کا حساب طلب کرتی تھی اور نہ وہ بھیجتے تھے - خود رنجیت سنگھ کی بھی ایک دندانہ دار لکڑی تھی اور ظاہر ہے کہ جو شخص نہ لکھنا اور نہ پڑھنا جانتا ہو وہ سوائے اسکے اور کیا کر سکتا ہے - فرد واصلباقی کا نام ہی نہ تھا کہ وہ کیا شے ہے بخشی فوج کو فرد حساب تیار کرنے کی فکر اُسوقت ہوتی تھی جب اسکو دنیا مین کوئی کام کسی طرح کا کرنا نہین ہوتا تھا - مجموقت یہ ملک مسلل سلطنت انگریزی ہوا تو ہمنے دریافت کیا کہ سولہ برس کی واصلباقی اُسنے پیش کی - سزائین بہت کم اور سادہ طور کی دیجاتی تھین - سرقہ یا معمولی قتل عمد کے جرم مین صرف جرمانہ کیا جاتا تھا - غایت درجہ کے سنگین جرائم مین سزاے قطع اعضا دیجاتی تھی یعنی ناک کان یا ہاتھ کاٹے جاتے تھے اور جو سب سے زیادہ سنگین جرائم کے مجرم ہوتے تھے اُنکی رگین کاٹ ڈالی جاتی تھین - اُوینٹورا نامے ایک اٹلی کے سپاہی نے جو بڑھتے بڑھتے ضلع پشاور کا حاکم ہو گیا تھا عبرت کے لیے اور بھی زیادہ ظالمانہ سزائین دینا شروع کین جو معلوم ہوتا ہے کہ خاص اسی کام کے لیے رکھ چھوڑا گیا تھا - اُسکی فرمانروائی ایک قہر مجسم تھی اُسکو نہ تو خدا کا خوف اور نہ انسان کا ڈر تھا - وہ ہر قسم کا ظلم و جبر کرتا پھرتا تھا جو لوگ اُسکی ہر جرم نیت کی مخالفت کرتے تھے اُنکو وہ توپ کے سامنے کھڑا کر کے اُڑا دیتا تھا یا اُنکو برہنہ کر کے اور اُنکے بدن پر شہد ملکر باہر نکال دیتا تھا کہ وہ تمازت آفتاب سے ہلاک ہو جائین - بعضون کو وہ سول پر چڑھا دیتا یا اُنکی کھال ادھڑوا ڈالتا تھا اور جیسا کہ بیان کیا گیا ہے بعض اوقات اس سنگدلی کے کام کو وہ اپنے ہاتھون سے شروع کرتا تھا —

ص ۲۹

جیلخانے معدودے چند تھے اور جو کچھ ہمکو ملے وہ بھی خالی پائے گئے - رنجیت سنگھ کی پولیس کا اصل کام یہ نہ تھا کہ جرم کا انسداد کرے یا اُس کا سراغ لگائے بلکہ اُسکا کام یہ تھا کہ کوئی ہنگامہ نہونے دے اور فوج کی نقل و حرکت مین آسانی پیدا کرے - وہ سڑکین جو سڑکین کہلاتی ہین وہان ایک بھی نہ تھی — ریل یا ڈاک وغیرہ کی قسم سے کوئی سواری یا پل نہ تھا اسپتالون اور پاگلخانون کا کہین نام نہ تھا - پس بُورڈ کو جہان کام بہت کچھ کرنا تھا وہان کسی کیے ہوے کام کو شمار کم تھا - ہنری لارنس اپنے ماتحتون کی مدد سے بحیثیت رزیڈنٹ برمبی خراہیون کی شکایت کر چکے تھے اور فوج کی تنخواہ ادا کرنے اور ٹکسون کی ترمیم اور ٹکس وصول کرنے والون کے ظلم و جبر کے روکنے مین بہت کچھ کوشش اُنکی جانب سے ہو چکی تھی - اور اب جس حالت مین وہ پریسیڈنٹ بورڈ

اور اُنکے بھائی جانِ اُنکے اصل مددگار مقرر ہوئے تو وہ اب بغیر اُس کام کے انجام کئے ہوئے خاموش نہین رہنے والے تھے جسمین اُنھون نے ہاتھ لگایا اور ایک نہایت ہی قلیل زمانہ مین ایک حیرت انگیز طور پر انصاف اور آئین جہانداری کی ایک ایسی عمارت کھڑی کرلی تھی جو ہماری ضرورت کے وقت یقینی طور پر ایک بڑی مدد پہونچانے والی تھی۔

سب کے پہلے اور سب سے مشکل کام جو بُوزُرگ کو انجام کرنا تھا وہ یہ تھا کہ ملک مین امن و امان قائم ہو۔ اسمین شک نہین کہ جن بڑے بڑے بہادر دشمنون نے مقام فیروز شاہ اور چلیان والا کی لڑائیون مین ہماری سلطنت ہندوستان ہی کو ہلا دیا تھا اُنمین سے ایک بڑا حصّہ جنگ گجرات کے بعد اس بات کا مقروض معترف ہونے لگا کہ ہمارا ستارہ ابھی عروج پر ہے اور پھر جیسا کہ مین بیان کر چکا ہون بتاریخ ۱۲- مارچ اپنی تلوارین رکھ رکھکر ایک انبار جمع کر دیا اور ہر شخص ایک ایک روپیہ اپنی جیب مین لیکر پھر اُس ہل پر کام کرنے کے لیے بھیجدیا گیا تھا جسکو چھوڑ کر وہ فوج مین بھرتی ہوا تھا۔ اب اُن معدودے چند آدمیون کا پانسہ پلٹنا تھا جو اس لڑائی کے زمانہ مین ہمارے خیر خواہ رہے تھے۔

حصّہ ۲۱ ہمارے بلانے پر ہمارے حکم کا اتباع کرکے وہ قدیم سکھ سردارون کے حشم و خدم کے ساتھ یکجا جمع ہو کر لاہور مین آئے۔ اُنمین جو لوگ ضعیف اور ناتوان تھے اُنکو پنشن دیدی گئی۔ باقی لوگون کو اُنکی بالیقا ماہ تنخواہ ادا کر دی گئی اور اس بات کی اجازت دی گئی کہ وہ پھر ہماری نوکری کرین جس سے بعد کو اُنھون نے بہت کچھ فائدہ حاصل کیا۔

اسطور پر ہم نے سکھون کی فوج کو شکست کیا۔ اور اب یہ کام باقی رہا کہ رعایا کے ہتیار لے لیے جائین تاکہ وہ ارتکاب جرائم سنگین اور غدر و فساد پیدا کرنے سے جو ہتیارون کے پاس رہنے مین متصور تھا باز رہین۔ ہتیار کا باندھنا جیسا کہ مشرقی یُورُوپ کی تواریخ سے اتبک ظاہر ہے ایک ایسا حق ہے جو نیم شایستہ اور وحشی دونون قسم کے لوگون کے نزدیک عزیز سمجھا اور اکثر اُنکی سلامتی کے حق مین مفید خیال کیا گیا ہے۔ لیکن اب سے ملک پنجاب مین وہ امن جسکو کامل امن کہنا چاہیے ہماری امید کے موافق قائم ہونے والا تھا۔ چنانچہ الحاق کے چھ ہفتہ بعد اس مضمون کا اشتہار ہر جگہ جاری کیا گیا کہ کل رعیت اپنے اپنے ہتیار رکھدے اور عجیب بات ہے کہ ہر ہر جگہ اُسکی تعمیل ہوئی۔ ایک لاکھ بیس ہزار ہتیار ہر قدر اور ہر قسم کے لوگون نے از خود داخل کر دیے۔ اُنمین سے اکثر ہتیار دشمن کی نسبت اُنکے باندھنے والون کے حق مین زیادہ خطرناک تھے۔ اور انیسوین صدی عیسوی کی توپ اور بندوق سے لیکر زمانہ راجہ پورا اور اسکندر اعظم یعنی ۳۰۰۰ برس قبل سنہ عیسوی تک کے چکر یا کمان اور تیر تھے اس قاعدہ سے صرف ہزارہ اور سرحد آنروے سندھ کے کوہستانی مستثنے کیے گئے اور ان لوگون کو اجازت اور صرف اجازت ہی نہین بلکہ حکم دیا گیا کہ وہ ہتیار باندھین کیونکہ اُنسے اس ابتدائی زمانے مین ہتیار لے لینا بنظر اسکے تھا کہ وہ اپنے سرحد پار کے ہمسایون کا بے عذر شکار بنا دیے جاتے۔

جو تک اپنے قدرتی محافظان امن (یا یہ کہیے کہ شکست کنندگان امن) سے محروم کر دیا گیا اُس کی حفاظت کا کام واجبی طور سے فاتحون کے سپرد اُسپر خطر سرحدی راستہ کی حفاظت کے لیے یہ بندوبست کیا گیا کہ دس رجمنٹین (پانچ پلٹنین اور پانچ رسالے) خاص ملک کے لوگون سے قائم کیجائین۔ اور مختلف قومون (ہندوستانی پنجابی اور مسلمان) کے لوگ خوشی سے اگر بھرتی ہوئے۔ اندیشہ اس بات کا تھا کہ سکھ لوگ بکثرت بھرتی ہونگے مگر صرف وہی لوگ پیچھے رہ گئے اور اُسوقت یہی معلوم ہوتا تھا کہ گویا ہم برخلاف اپنے تمام اصولون کے اس بات پر مجبور ہونگے کہ پنجاب پر ایک ایسی فوج کے ذریعہ سے قبضہ رکھین جسمین اُس ملک کے سب سے زیادہ بہادر لوگ شامل نہون۔ یہ خطرہ بہت جلد رفع ہوگیا۔ سکھون کے شبہات بہت جلد جاتے رہے اور اُس زمانہ کے بعد جب جب اور جہان جہان اُنکی ضرورت ہوئی وہان اُنھون نے بڑی بہادری سے ہماری خدمتین انجام کین وہ ہماری طرف سے اپنی خاص سرحد پر جس ثابت قدمی سے لڑے اُسیطرح ہندوستان کے دوسرے مقامات اور دریاے اراوّدی اور دریاے یانگسی کیانگ مین اُنھون نے داد شجاعت دی۔ تیگنڈا کے تہمند کوچ مین وہ شریک ہوے۔ اور جزیرہ سائپرس پر جو تازہ تازہ شامل سلطنت برطانیہ ہوا تھا ایک آسیب کی طرح جا پڑے اور پھر اس سے بھی زیادہ قریب زمانہ مین وہ ہمارے ساتھ قلعہ تل الکبیر کی فصیل کے روبرو شانہ بشانہ کھڑے رہے اور تھاہو کے فیض رسان دھاوے مین بھی وہ ہمارے شریک تھے۔

بہت سی غیر قواعدوان پنجابی رجمنٹون نے اپنے بھرتی ہونے کے ایک ہی سال کے اندر ہماری ملازمت مین اپنا خون بہایا اور پھر اس زمانہ کے بعد کسی اور معاملہ مین اُنکو بہت کم اپنا خون بہانا پڑا۔ آفریدیون سواتیون اور سرحد پار کی دوسری سرکش قومون کو معلوم ہوگیا کہ اُنکے پڑوس مین جو بڑے صلح پسند لوگ رہتے ہین اُنمین اندر اندر غضب کی قوت بھری ہوئی ہے جسکو اپنی حفاظت کے متعلق کسی طرحکا اندیشہ نہونے سے اشتعال نہین پیدا ہوسکتا۔ اور ان قومون کے لوگون نے اپنی لوٹ مار کسیقدر کم کر دینے کی نسبت میلان کرنا شروع کیا۔ تین گھوڑ چڑھے توپخانہ کی باٹریون اور ایک حصہ پیادہ شتر سوار متعینہ دیرہ اسمیل خان مین اور مشہور "حصہ سیاہ گائیڈ" پر گشتی سپاہ حفاظت سرحد کا بندوبست ختم کر دیا گیا۔

لیکن "سیاہ گائیڈ" وہ مشہور فوجی جماعت تھی اور اُس کا بیان اس کتاب مین آگے اتنے مقامات پر آئیگا کہ اُسکے کچھ خاص حالات اس مقام پر لکھنا مناسب ہین۔ اس فوج کی ابتدا اُس راے سے ہوئی جو عالی دماغ ہنری لارنس نے سکھون کی پہلی لڑائی کے ختم ہونے کے بعد دی تھی۔ اوائل مین صرف ۲۸۰ سوار اور پیادون سے یہ جماعت قائم ہوئی لیکن بجبال اُن خدمات کے جو روز بروز اُسپر پڑتی گئین اُنکی تعداد سہ چند کر دی گئی۔ اس سے بڑھکر لاپروا اور ساتھی اُسکے بیش بہا جماعت آدمیون کی کبھی نہ قائم ہوئی ہوگی۔ اگلے زمانہ کی فوج

کا رنہیجینا کی طرح جسمین اُس ہر ایک ملک کی ہر ہر قوم کا ایک ایک آدمی نمونہ کے طور پر شامل کیا گیا تھا جہان اس بڑی جمہوری سلطنت کا ہر جگہ موجود رہنے والے جہازات کا بیڑا پہونچ سکتا تھا اس گاڈسن والی سپاہ مین بھی ہر قوم ہر مقام ہر زبان اور ہر مذہب کے وہ لوگ جو شمالی اور شمال مغربی ہند مین دستیاب ہو سکتے تھے شامل تھے۔ اسمین ہر طرح کے چال چلن کے لوگ اور بعض اس قسم کے اشخاص شامل تھے جو کسی وضع کے پابند نہ تھے۔ سراغ رسانی مین انتہائے مرتبہ کے عیار مویشی چرانے مین انگشت نمائے عالم اور ڈاکہ ڈالنے مین بالکل بیباک لوگ اس سپاہ مین بھرتی کیے گئے تھے وہ ایک اوسط درجہ کی قواعد کے پابند کیے گئے تھے زیادہ تاکیدی قواعد کے پابند نہین کیے گئے تھے انکو بھوری وردی پہنائی جاتی تھی تاکہ جس مقام پر وہ جاتے ہون وہان سے تھوڑے فاصلہ پر بھی انکو کوئی تمیز نہ کر سکے۔ انکو ایک بھاری شرح سے مشاہرہ دیا جاتا تھا اور تھوڑے ہی عرصہ مین وہ اس بات کے واسطے تیار ہو گئے کہ "جس مقام پر جس بات کے کرنے کی ضرورت ہو اسکو انجام کرین"۔ انکی کارروائی کا اصل اصول یہ تھا کہ "ہمہ وقت تیار رہنا چاہیے"۔ جفاکشی بہادری فراست مقامی واقفیت ثابت قدمی یہ وہ صفتین تھین جو سپاہ گاڈسن کے ہر آدمی مین پائی جاتی تھین۔ ہماری پانچسو میل کی مغربی سرحد پر جہان بیسیون وحشی قومین آباد تھین جہان کہین کارروائیون کی ضرورت ہوتی تھی وہان کے لیے سپاہ گاڈسن مین ایسے لوگ ضرور نکل آتے تھے جو ضلع مذکور کی زبان مین گفتگو کر سکتے تھے۔ یہ لوگ انکی خطرناک گھاٹیون سے پہلے بھی واقف تھے اور اب بھی وہان جا سکتے تھے اور یہ بتا سکتے تھے کہ غنیم کے لشکر کا پڑاؤ یا قزاقون کا قافلہ کس مقام پر ٹھہرا ہوا ہے۔ اسطور پر گاڈسن کے لوگ ایک نئے مگر صحیح مفہوم کے اعتبار سے گویا "محکمہ مخبری" پنجاب کے برابر تھے۔ یہ لوگ دلاوری سے غنیم کی نقل و حرکت کا سراغ لگاتے تھے لمبے کوچ کرتے تھے اور مایوسی کی حالت مین کام آتے تھے۔ چونکہ انکو لفٹننٹ ہیری لمسڈن صاحب نے بھرتی کیا تھا اسوجہ سے وہ اُسوقت بھی سرحد کی لڑائیون اور جنگ دوم سکھ مین عمدہ خدمات انجام کر چکے تھے۔ انکو عنقریب سر کالن کیمبل صاحب کی ماتحتی مین میمندون اور انھین کے مثل دوسرے جرگون سے لڑنا اور آخر مین کامیابی حاصل کرنا تھا۔ پھر سب کے بعد اُس عظیم الشان سلسلہ کمک کی پہلی کڑی انھین کو بننا تھا جسکی وجہ سے نہایت خطرہ کے زمانہ مین پنجاب بالکل فوج سے خالی ہو گیا اور ساری فوج انتہائے مرتبہ کی عجلت کے ساتھ دہلی کو روانہ کر دی گئی۔ جسوقت ہنری ڈیلی صاحب کمانیر فوج مذکور اپنی مغز سفارت پر نہایت عجلت کے ساتھ روانہ ہونے لگے تو انھون نے کہا کہ "مین ایک ایسا لمبا کوچ کرتا اور اسکا ارادہ رکھتا ہون جیسا آج تک ہندوستان مین کسی نے نہ سنا ہوگا"۔ اور جو کچھ انھون نے اپنے منھ سے کہا تھا اسکو کر کے دکھا دیا۔ سال کے گرم ترین موسم مین انھون نے ۲۲ روز کے عرصہ مین پشاور سے دہلی تک ۵۸۰ میل کا سفر طے کیا۔

ص ۲۹۳

سر کالن کیمبل کی سرکردگی مین ہنری ڈیلی صاحب کا پشاور سے دہلی تک ۵۸۰ میل کا سفر طے کرنا

پس کوئی تعجب کی بات نہین ہے جو دہلی کی قسلیل مصور فوج نے متواتر خوشی کے نعرے مار کر اُنکا استقبال کیا اور یہ استقبال صرف اُنھین لوگون کی جمعیت کا نہین کیا گیا جسمین بالائی ہندوستان کے قریب قریب ہر فرقہ کے خیر خواہ اور ہوشیار لوگ نمونہ کے طور پر شامل تھے بلکہ بطور اُس تنگ کے مقدمہ کے اُنکا استقبال ہوا جو پنجاب سے بحکم جان لارنس اور باعانت منٹگمری نکلسن اڈورڈس وچیمبرلین صاحب اور اسیطرح کے اور دس بارہ افسرون کے اس خطرناک مہم پر متواتر تیزی کے ساتھ چلی آتی تھی۔ رصفحہ ۲۹۴

وہ تمام سرحدی فوج جسکا مین نے بیان کیا طول طویل بحث کے بعد براہ راست بوروڈ کے ماتحت کی گئی اور بریگیڈیر گرجنرل ہاج سن اُسکے کمانڈر مقرر کیے گئے۔ سرحد کا ایک اور صرف وہی ایک حصہ لارڈ ڈلہوزی کے نزدیک کل سلطنت کے لیے اسقدر ضروری خیال کیا گیا کہ وہان قواعد دان سپاہ تعینات کی گئی۔ یہ مقام درہ پشاور تھا جسکی حفاظت کے لیے (معہ درہ خیبر کے جو افغانستان اور وہان سے آگے بڑھکر وسط ایشیا کے جانے کا سیدھا راستہ تھا اور چونکہ وہان پر دریاے سندہ سے عبور کرنے کے بہت اچھے اچھے پایے مقامات واقع ہین اسلیے بجانب عقب ہندوستان کا بھی وہان سے عمدہ راستہ تھا) دس ہزار کی ایک فوج جسمین ۳۰۰۰ گورے تھے تعینات کی گئی۔ بوروڈ اپنی تدبیرات سے ظاہر کر چکی تھی کہ وہ اس یونانی ضرب المثل پر عمل کرنے لگی تھی کہ "شہر دیوارون سے نہین بلکہ آدمیون سے تیار ہوتا ہے"۔ لیکن اسکے اختیار مین آدمی قابل تھے اور خطرناک پہاڑ بہت قریب تھے۔ بعض بعض جگہ ہماری سرحد سے صرف دو میل کے فاصلہ پر واقع تھے اور ایسے قریب تھے کہ مثل دوسری سرحدات ہندوستان کے وہان پر صرف "اہل اسپارٹا کے حصار" کی طرح حصار قائم کرنے کا کوئی فائدہ نہ تھا۔ اسلیے تجویز کیا گیا کہ ہزارہ سے دیرہ اسمعیل خان تک صرف اُن مقامون پر جو نہایت خطرناک ہون بھاری قلعے بنائے جائین اور وہ اسطرح کے ہون کہ محاصرہ کی تاب لاسکین پھر اسکے بعد وادی ٹانک سے لیکر سندھ تک بارہ بارہ میل کے فاصلہ پر چھوٹی چھوٹی مسلح چھاونیان مقرر کیجائین اور یہ سب چھاونیان ایک عمدہ فوجی سڑک کے ذریعہ سے ایک مین ملا دی جائین اور اُس سڑک سے ایک جانب خطرناک پہاڑون کی طرف اور دوسری جانب دریاے موافق کی سمت سڑکون کی شاخین نکالی جائین۔ یہ حفاظت کی تدبیرین ایسی عاقلانہ اور کامل تھین اور دلیسیون کا تحمل اور واقفیت ایسی قابل تعریف تھی اور جو افسر اُس کام کے انجام کرنے کے لیے مقرر کیے گئے تھے وہ ایسے ثابت قدم چابک دست اور بیباک تھے کہ اُس زمانہ کے بعد سے آیندہ پھر کبھی پنجاب کی امن و امان مین بیرونی جانب سے کوئی خلل نہین پڑا پس اسطور پر بوروڈ نے جو جنگی کارروائیان کین وہ لڑائی کے لیے نہین بلکہ صلح کے لیے کی گئین اور تمام فوجی تیاریون کو صلح کے واسطے ہونا چاہیے۔ مخالفت کے بدلے مدافعت اور مخالفت کی حکمت عملی کے بدلے

ص ۲۹۵ مدافعت کی حکمت عملی کی تیاری کرنا چاہیے لیکن ارادہ یہ ہونا چاہیئے کہ جو کوئی اپنے راستہ مین آئے تو اُسکے مقابلہ مین جمے کھڑے رہین۔ اور مین نے ان انتظامات کو جو بالارادہ سب کے پہلے بیان کیا تو اُسکی غرض تھی کہ وہ انتظام پنجاب کے متعلق سب سے زیادہ بھاری بات تھی بلکہ اس نظر سے بیان کیا ہے کہ چونکہ اُنین پوری کامیابی حاصل ہوئی اسواسطے وہ انتظام پنجاب کے متعلق سب سے کم مشکل کی تدبیرین تھین۔ سرحدی حفاظت کے متعلق اور جو تدبیرین ہوین اُن سب کے اصل اصول یہی تھے جو اوپر بیان کیے گئے اور اب اُنکا بیان جسقدر کم کیا جائے اُسیقدر زیادہ یقین کے ساتھ یہ سمجھنا چاہیے کہ اُنکا منشا بخوبی تمام پورا ہوا۔ لارنسون نے ان خطوہ اور وقت کی چھاونیون پر بطور "پاسبانان سرحد" جانرنج لارنس رسیل ٹیلر فکلسن راڈورڈس ایبٹ ہیجر کیپٹن پاکنہم لمسڈن الصیغہ جمع اور چیمبرلین (صیغہ جمع) کو جو منتخب کیا تھا تو یہ سب کے سب چیدہ آدمی تھے اور جس تحمل اور بہادری کے کام کے لیے وہ مقرر کیے گئے تھے اُسکی کمال لیاقت رکھتے تھے۔ افسوس ہے کہ ان لوگون کی تاریخ کے لکھنے والے نہین ہین۔ تاہم یہ لوگ وہی تھے جنکو بشمول دوسرے اشخاص کے جو ایمانداری سے اُنکے قدم باقدم چلے تھے حال کے ایک ولیراے نے ایک نئی سرحدی حکمت عملی قائم کرنے کی غرض سے اپنے سرکاری کاغذات مین راستبازی کو چھوڑ کر دیدہ و دانستہ ذلیل کرنا چاہا۔ لائق مستعد پختہ راے سرکاری ملازمون پر جو یکے بعد دیگرے نسلاً بعد نسلٍ مقرر ہوئے اس سے زیادہ ظالمانہ اور ناانصافانہ حملہ کبھی نہوا ہوگا۔ لیکن اُنکی ناموری اس حملہ کے بعد بھی باقی رہ گئی اور اُنکی حکمت عملی کی دانشمندی بخوبی تمام اُن افسوسناک نتایج سے ثابت ہگئی جو ایک مرتبہ کے انحراف کرنے مین پیدا ہوئے۔ بہرحال اُنکا کام (یعنی مخالفت کا نہین بلکہ مدافعت کا اور ملک گیری کا نہین بلکہ اشاعت تہذیب کا) جان لارنس کی نمود اور شہرت کے اس سبب سے زیادہ ابھرے ہوئے زمانہ مین اس عمدگی سے درجۂ تکمیل کو پہونچا کہ اُنکا سوانح نگار صلح کی مفید اور پائدار کامیابیون کے خیال مین جنگ کی کامیابیون کو فراموش کرکے اس بات پر قناعت کرسکتا ہے کہ نیوزڈ نے سرحد کا جو کچھ اور جن عام اصولون سے حفاظت کے لیے بندوبست کیا تھا اُسکے مندرجۂ بالا بیان کے بعد بالکل اُسکو قلمانداز کردے اور صرف شاذونادر موقعون کا جب زیادہ خطرہ ہوا جابجا بیان کرے کہ نیوزڈ نے ضرورت کے وقت کس طرح سے تدارک کیا۔

جب رعایا سے ہتیار لے لیے گئے اور سرحد کی حفاظت کردی گئی تو اُسکے بعد نیوزڈ نے سراغ رسانی اور انسداد جرائم کی طرف توجہ کی۔ اس مقصد کے پورا کرنے کو اُسنے دو بڑی بڑی جماعتین پولیس کی قائم کین ایک کا کام یہ تھا کہ جرم کا انسداد کرے اور اُسکا انتظام فوجی قاعدہ کے طور پر تھا اور دوسری کا کام یہ تھا کہ ص ۲۹۶ مجرمون کا سراغ لگائے۔ اول قسم کی پولیس کے لوگ معہ پیادہ و سوار ۰۰۰ ۸ تھے اُنمین سے اکثر لوگ دربار یا فوج کی قسمتی مین عمدہ خدمتین انجام کرچکے تھے اور سکھون کی دوسری لڑائی مین ہمارے خیرخواہ رہے تھے

انکو یہ خدمت سپرد تھی کہ خزانون جیلخانون اور سرحدی تھانون پر پہرا دین سڑکون کی نگہبانی (جسوقت کہ ضرورت ہو اُسیوقت) کرین۔ اور صوبہ مین جہان قریب قریب امن وامان قائم ہوگئی تھی جس مقام پر ڈاکون کا گروہ پایا جاے اُسکا تعاقب کرین۔ دوسرا گروہ جسکی تعداد ۷۰۰ تھی اور جو ۲۳ تھانون پر منقسم تھا اُسکا کام یہ تھا کہ جرمون کا سراغ لگاے گرفتار کرے اور فوج کے لیے سامان رسد اور دریا مین جانے کے لیے کشتیان مہیا کرے۔

بُوروڈ نے عقلمندی کے ساتھ اپنے تئین اِس پر اعتماد کرکے دیسی تحصیلدارون کو پولیس کا انتظام رکھنے اور اُنکی نگرانی کرنے کا اختیار دیدیا اور اسطور پر جو مقامی واقفیت اُنکو حاصل تھی اور سواے اُنکے دوسرا شخص نہین جانتا تھا اُس سے فایدہ حاصل کیا۔ دیہات کے چوکیدارون کو جو قدیم انتظام کے بموجب بہت ضروری اشخاص تھے اور جنکی تنخواہ موضع والون سے لیکر دیجاتی تھی اُن افسرون نے بدستور بحال رہنے دیا جو شمالی مغربی دیہات کی جماعتون کے پیش بہا فوائد کو بخوبی تمام جانتے تھے۔

جن اضلاع مین بہت کثرت سے جرمون کا ارتکاب ہوا کرتا تھا اُنکے لیے خاص خاص تدبیرین عمل مین لاناپڑین۔ مثلاً درہ پشاور سفاکون کا مسکن تھا۔ یہان بڑے بڑے جرم علانیہ ہوا کرتے تھے۔ جس مقام پر زمین مین کوئی غار تھا جہان کہین کوئی خندق اور خاص کرکے کسی سلمان پیر کا مزار تھا وہان ضرور مسلح رہزن بھرے رہتے تھے۔ پھر دو آبون کے درمیان بھی جو جنگلون جھاڑیون یا لمبی لمبی گھاس سے جیسا کہ مین بیان کرآیا ہون زمانہ قدیم سے ڈھکے ہوے پڑے تھے موقعیون کے چور رہتے تھے۔ اس قدرتی گھنی چراگاہ مین تمام مویشی جو قریب کی زرخیز اراضیات واقع ساحل دریا سے چرنے آتے تھے اپنے خوشی کے مطابق ادھر اُدھر پھرا کرتے تھے مگر آپسر بھی اپنے اصل مالکون کی نگاہ سے غائب ہوجاتے تھے۔ اب اگر کوئی کسان اس پیچیدہ کلاپ کے غارمین اپنے مویشی کے تلاش کرنے کے لیے جسکو جنگلی چور اپنا واجبی حق تصور کرکے پکڑ لیجاتے تھے جاتا تو اس سے زیادہ اور کیا حماقت تھی۔ جانور کا دستیاب ہونا تو درکنار وہان سے اُنکے صحیح سلامت اور زندہ بچ آنے ہی کی امید نہین ہوسکتی تھی۔ پنجابی لوگون کی سرشت مین یہ بات داخل نہین ہے کہ وہ موہوم امید پر کوشش کرین اور اسلیے درمیانی دو آبے قدیم زمانہ کے اونٹاپین کی طرح صدہا گیگسیون سے آباد تھے جنھون نے برٹش قبضہ کے زمانہ تک ہرکیولیز کے ایسے کسی شخص سے خوف کرنے کی کوئی وجہ نہین پائی تھی۔

اب دیکھنا چاہیے کہ بُوروڈ نے ان اضلاع کے متعلق کیا کارروائی کی۔ شہر پشاور کے گرد پولیس کی چوکیون کی قطارین بندھ گیین۔ خندق اور غار پاٹ دیے گئے اور اضلاع متصلہ تک سڑکون کا ایک جال باندھ دیا گیا۔ اُن دو آبون مین جہان اونٹون کی پگڈنڈی کے سوا اور کسی طرح کا راستہ کبھی نہین دیکھا گیا

مختلف اطراف مین سرکین نکالی گئین اور اُنپر گرد آوری کے لیے پولیس کے سوار تعینات کیے گئے اور سب سے زیادہ ضروری امر یہ ہے کہ پیشہ ور سراغ رسان مقرر کیے گئے - یہ وہ لوگ تھے جنکے حیرت انگیز ہنر سے جان مالکم نے بمقام دہلی و پانی پت و گوڑگانون مجرمون کا تعاقب کرنے مین بارہا فائدہ حاصل کیا - یہ وہ لوگ تھے جنکے محسوسات قدرتی خواہ مصنوعی قوت تجویز سے تجاوز کرکے ایک غیر معمولی درجہ کی قوت کو پہونچ گئے تھے - وہ ایک سخت زمین پر ایسا نقش قدم محسوس کر لیتے تھے جو معمولی آنکھ کو کبھی دکھائی نہین دے سکتا - وہ بتا دیتے تھے کہ کسقدر مویشی نہایت گھنے جنگل اور موٹی گھاس مین ہوکر کسطرف سے گئے ہین اور پچاس پچاس میل تک تعاقب کرکے اُسکا پتا لگا لیتے تھے اور یہ پیشگی کہہ دیتے تھے کہ کتنے آدمی اور کتنے جانور ادھر سے بھاگے ہین - یہان تک کہ پتہ لگاتے لگاتے آخر کو کسی دور دراز پڑاو تک پہونچ جاتے تھے اور وہان اُنکی ہنرمندی کا چشمدید ثبوت بہم پہونچ جاتا تھا -

لیکن بوڑھ کو جن جن جرائم کا مدارک کرنا ضرور تھا اُنمین مویشیون کی چوری ہی سب سے زیادہ بڑی ہوئی نہین تھی - پنجاب کی تاریخ مین ڈکیتی ہمیشہ ہوتی چلی آتی تھی - سکھون نے اسکے گہوارے مین پرورش پائی اور جون جون وہ بڑھتے گئے اُسیطرح اُسکی بھی ترقی ہوتی گئی - اور جسطرح اس زمانہ مین یورپ کی تواریخ کے واقعات وقوع پزیر ہوئے اُسیطرح یہان بھی ڈاکوؤن کے اُن گروہون نے جو نہایت کامیاب ہوے اپنی تلوار کے یقینی زور سے بیشمار روپیہ اور مویشی جمع کرکے حسب معمول آخر مین اپنے لیے بڑے بڑے علاقے اور زبردست ریاستین پیدا کرلین - اسطور پر لوٹیرون کے سرغنہ کو اپنے پیشہ سے نادم ہونے کا کوئی سبب نہین رہگیا - نہایت رقیق خون جو پنجاب مین پایا جاتا ہے اکثر اُنکی رگون مین دوڑنے لگا اور اُنکے پیشہ سے اُنکو اُسقدر عزت حاصل ہوئی جسقدر اُنکی ذات سے اُنکے پیشہ کو حاصل ہوئی تھی - رنجیت سنگھ کی زبردست حکومت کے پابند ہونے یا یہ کہیے کہ اُسکی بیرونی فتوحات سے اور زیادہ وسعت پانے کی وجہ سے اس بدعملی کے زمانہ مین جو رنجیت سنگھ کی وفات کے بعد آیا ڈکیتی کو اور بھی زیادہ ترقی ہوئی اور جب آخر مین ہم نے اُسکی فوج کو بالکل شکست کر دیا تو اُنمین سے زیادہ دلیر لوگ جو ہماری ملازمت حاصل نہ کرسکے یا اُسکی خواہش نہ کی اپنے مروجہ وقت پیشہ کی جانب بالطبع راغب ہونے لگے - اضلاع لاہور و امرتسر مین یہ لوگ جوق جوق جمع ہونے لگے - لیکن سخت تدبیرون اور معقول مدارک سے بہت جلد خرابی رفع کر دی گئی - پہلے سال صرف امرتسر مین ۲۷ ڈکیتون کو سزاے موت دی گئی دوسرے سال صرف سات آدمیون کو پھانسی ہوئی اور چندہی سال کے عرصہ مین پنجاب سے یہ جرم بالکل موقوف ہوگیا

لیکن ایک جرم اس سے بھی زیادہ پر دغا وہان ہوا کرتا تھا جسکی نسبت پیشتر پنجاب مین کسی کو شبہ بھی نہین ہوا تھا - ہندوستان کے دوسرے حصون مین ٹھگی کا مروج ہونا چند سال پیشتر سے دریافت ہوا تھا - لیکن بوجہ عملیات سحر جو اُسکے متعلق کیے جاتے تھے اور مذہبی رسوم و پردہ سازشون انتہا درجہ کی سنگدلی اور عیاری

اور اس پیشہ کے لوگون کی بیحد گرمجوشی سے اُسکی عام شہرت ہوگئی تھی۔ کرنل سلیمن نے اُسکے رموز کو مع تمام دقائق متعلقہ کے دریافت کیا اور اُسکے بعد کرنل پینڈر ایلیٹ نے ایک مشہور قصہ سے جسمین کچھ مبالغہ نہین کیا گیا ہے تمام جہان پر اُسکی حقیقت ظاہر کر دی۔

ٹھگیتون کے کامل استیصال کے بعد جب کنوون اور جنگلون مین لاشین دریافت ہوئین تو اول اول اُس امر سے یہ شبہ پیدا ہوا کہ ہماری عملداری کے اندر اسطرح کے دوسرے جرائم بھی ہوتے ہون گے۔ مُردون سے تو کوئی حال اُنکی زبانی معلوم نہین ہوسکتا اور ہندوستان کے ٹھگ ایسے کچے نہین ہین کہ وہ اپنا کام ادھورا چھوڑ جائین۔ ان ٹھگون کی کیفیت یہ تھی کہ راہ مین مسافرون کے ساتھ ہولیتے تھے اُن پر اپنا اعتماد پیدا کر دیتے تھے اُنکی ساری کیفیت دریافت کر لیتے تھے اور پھر جب اُنکے ساتھ مسافر لوگ بیٹھکر کھانا کھانے لگتے تھے تو اپنے مہلک انگوچھے کے پیچ سے تھوڑی دیر کے لیے اُنکو بیہوش کر دیتے تھے اور کوئی آدھا گلا گھوٹا ہوا مسافر کبھی اُنکے ہاتھ سے بچ کر جانے نہین پاتا تھا کہ وہ اپنے ساتھی مسافرون کا حال اورون سے جاکر بیان کرتا۔ لیکن پنجاب کے ٹھگ اپنے پیشہ کے کچے تھے۔ یہ ہنر ابھی چند ہی عرصہ سے اُن لوگون مین ہندوستان سے آکر مروج ہوا تھا اور پہلے پہل جس اُستاد نے اُنکو اختیار کیا تھا رنجیت سنگھ نے اُنکا پتہ لگاکر اُنکو پھانسی دیدی تھی۔ اُنکے جانشین انگوچھا استعمال کرنے کی ترکیب مین مشاق نہین تھے اور اس سبب سے وہ اپنے شکار کو تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے تھے اور بعد اُسکے اُنکی لاش کو اُسیطرح گرم اُس قبر مین دفن کر دینے کے بدلے جسکو اُنکا استاد مسافرون سے باتین کرتے وقت کھود لیتا تھا اکثر لاپروائی کے ساتھ مرکب پر سڑنے کے لیے چھوڑ دیتے تھے آخر کو ایک برہمن جسکا گلا دو تہائی کے قریب گھوٹا گیا تھا اور جو مردہ سمجھکر چھوڑ دیا گیا تھا اچھا ہوگیا اور اُسنے اپنا قصہ بیان کیا۔ اُس پتہ سے اُنکا سراغ لگایا گیا۔ ٹھگون کی سراغ رسانی کے لیے انعامات مقرر ہوئے اور وعدہ کیا گیا کہ جو لوگ سرکاری گواہ بن جائینگے اُنکا قصور معاف کر دیا جائیگا اور تحقیقات کے لیے ایک خاص افسر مقرر ہوا۔ سرکاری گواہون نے دو سو چوہتر آدمیون کی جو حال مین شکار ہوئے تھے ایک فہرست پیش کی۔ اُنھین لوگون نے پیشہ ور ٹھگون کی ایک دوسری فہرست پیش کی جو چھپواکر ہر مقام پر مشتہر کرائی گئی۔ اُنمین سے اکثر لوگ گرفتار ہوے اور اُنکے اقرار قلمبند کیے گئے۔ اور لوگ بالکل مفقود الخبر ہوگئے۔ وہ سرکاری گواہ اکثر برٹش افسر کو جنگلون مین کوسون تک لیجاتے تھے جہان بظاہر کوئی ایسی علامت نہین پائی جاتی تھی جس سے اُنکو کچھ پتہ معلوم ہو یا کوئی نئی بات یاد پڑے۔ لیکن آخر کو تکلیف اور زحمت اٹھانے کے بعد ایک مقام پر پہنچکر وہ کھڑے ہو جاتے تھے اور کہتے تھے کہ "یہان کھود و یہان کھود و" اور چند پھاوڑے جہان پڑے وہان مقتول کی لاش یا اُسکی ہڈیان نکل آئین۔ ایک پکڈنڈی پر اسطور سے تھوڑی ہی وسعت مین ۵۲ قبرین برآمد ہوئین

ص ۹۹

اور سب مین کھودنے پر لاشین نکلین - ایک ٹھگ سے جب اُسکے مقتولین کی تعداد دریافت کی گئی تو اُسنے اُسنگ مین آکر سچے جوش سے یہ جواب دیا کہ "صاحب یہ کیونکر مین تبلا سکتا ہون بھلا آپ کو یاد ہے کہ ہر ہر شکار مین آپ نے کتنے جانور مارے تھے - ٹھگی ہمکو گون کا شکار ہے ماہ"[1]

دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ پنجاب کے ٹھگ خاص کر کے مذہبی یعنی حلال خورون کی قوم سے تھے - وہ ضعیف الاعتقاد اسی طرح کے تھے جیسے ٹھگ اور سنگدل تھے - کسی بدشگون چڑیا یا چوپایہ کے دیکھنے سے اُنکا ایسا ارادہ بدل جایا کرتا تھا جو رحمدلی یا چشم نمائی سے کبھی نہ بدلتا - اس قسم کے ہزار ہا مذہبی سکھ لوگ چندی سال کے اندر اپنی بداطواریون کی سزا کو پہونچائے گئے - سکھ لوگون نے اُنکو خارج از ذات قرار دیا اور یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے کہ وہ اسقدر جلد ذات سے خارج ہو گئے - پنجاب بُوَرڈ نے ایک بہت عمدہ ارادہ کیا تھا کہ اگر وہ ذات کے خیالات کو بدل نہ سکے تو اقل درجہ اُن کمبخت لوگون کی حالت کو زیادہ درست کر دین اور سخت نگرانی رکھنے اور اُنکے لیے کوئی شغل پیدا کر دینے کے ذریعہ سے اُنکو ایک شائستہ قوم بنا دین - کئی برس تک یہ لوگ انتظام پنجاب کے سب سے زیادہ مفید کامون یعنی نہرباری دوآبہ اور بڑی سڑک پر پہرہ کا حال آگے بیان کیا جائیگا شامل رکھے گئے - اور غدر کے زمانہ مین جب دہلی سے سفر مینا کے لیے صدا بلند ہونے لگی تو جان لارنس نے انھین لوگون کو جنھون نے اپنے تئین خارج از ذات بنا رکھا تھا اُس کام کے لیے منتخب کیا اور اُنھون نے دہلی اور لکھنؤ دونون جگہ نہایت قابل تعریف کام کیا - ان آدمیون کو پھر اصلاح پر لانا اور ایک نہایت قلیل زمانہ مین ڈکیتی اور ٹھگی ان دونون بھاری جرمون کا ہمیشہ کے لیے انسداد کر دینا پنجاب بُوَرڈ کی تعریف اور رفاہ خلائق کے متعلق کوئی چھوٹا کام نہین ہے -

دختر کشی بھی اسی قسم کا ایک معاملہ تھا جسکا انسداد ڈکیتی اور ٹھگی کے بعد بالطبع لازم سمجھا گیا - لیکن اسکے بارے مین پیشتر مین کچھ بیان کر چکا ہون اور اُنکا انسداد جو ان چار دوآبون کے درمیان کیا گیا تھا زیادہ تر جان لارنس کی چیف کمشنری کے زمانہ سے متعلق ہے جنھون نے پہلے دوآبہ جالندھر مین اُنکا تدارک کیا تھا بُوَرڈ کے زمانہ سے اُسکو چندان تعلق نہین ہے -

جرمون کی بحث پر غور کرنے مین برادران لارنس نے سزا دینے کے ضمنی مقصد یعنی مجرمون کی اصلاح سے بھی عدم توجہی نہین کی - چونکہ رعیت سنگھ کے سزا دینے کا سیدھا طریقہ یہ تھا کہ وہ مجرمون پر جرمانہ کرتا یا اُنکی ران کی رگین کٹوا ڈالتا تھا اس سبب سے اُسپر جیلخانہ پُر کرنے کا الزام کبھی عائد نہو سکا - اُسکے انتظام مین دو سو سے زیادہ آدمی جیلخانہ مین نہین تھے اور ہمارے انتظام کے زمانہ مین دس ہزار قیدی جیلخانہ مین رہتے تھے -

[1] آرنالڈ صاحب کی سوانح عمری لارڈ لارنس مؤلفہ بیلی - جلد اول صفحہ ۲۵۹

لیکن ان لوگون کو بعوض ہاتھ پاؤن کٹوانے یا زنجیرون سے ستون مین باندھنے یا کسی خشک کنوین مین ڈالدینے کے بدلے ایک سخت قاعدہ کا تو حقیقت مین پابند کیا گیا اور سخت کام لیا گیا لیکن انکو اچھا کپڑا اچھا کھانا عمدہ مکان دیا گیا اور کچھ لکھنے پڑھنے اور پیشہ وری کی ابتدائی باتین تعلیم کی گئین۔ سچیس جیلخانے مختلف قدا ور مختلف نمونون کے پنجاب بوڑڈ کے مختلف اضلاع مین تعمیر کرائے گئے۔ لاہور کا صدر جیلخانہ کفایت شعاری تندرستی اور قیدیون کی نگرانی تقسیم اور اخلاقی اصلاح کی نظر سے بھی ایک نرالی وضع کا بنوایا گیا۔ اسطور پر جان لارنس ڈاکٹر جارلس ہیملٹن نے کی کوشش اور مستعدی سے اس طریقہ کے مطابق جسکو وہ عرصہ سے برتنا چاہتے تھے اصلاح کے کام عمل مین لاسکے۔

واضع قوانین کے متعلق جہانتک ممکن تھا دیسیون کا رواج بنا آئین قرار دیا گیا۔ قدیم زمانہ کے عقلا کی طرح بوڈ اس بات سے خوب واقف تھی کہ "عمدہ رواج عمدہ آئین سے بھی زیادہ ضروری ہے"۔ اصل تو یہ ہے کہ قانون صرف اسی حدتک کارگر ہوتا ہے جہانتک کہ رواج کا ماخذ یا قائم مقام ہوتا ہے۔ بنابران ص۳۱
ایک مجموعہ دیسی دستورات کا جمع کیا گیا جو دستورات بالکل خراب تھے اور قابل اصلاح نہین تھے انکی ممانعت کی گئی اور جو جو دستورات نکاح اور طلاق کے متعلق تھے اور مثل اور شرقی ملکون کی عورتون کے ذلیل کرنے کے بارے مین تھے پہلے آئین ترمیم کی گئی بعد اسکے وہ منظور کیے گئے۔ جو دستورات وراثت یا تبنیت یا اسی قسم کی اور باتون کے متعلق تھے وہ فوراً جاری کیے گئے۔ تحصیلدار لوگ جو مقامی واقفیت کے باعث سے چھوٹے چھوٹے مقامی معاملات کے بہترین مبصر خیال کیے گئے انکو اختیارات پولیس مفوضہ حال کے سوا جوڈیشل اختیارات بھی سپرد کیے گئے۔ اسطور پر ہر گانون یا زمرہ دیہات قریب کے لیے اسکی ایک عدالت قائم کی گئی جو رواج قدیم الایام کے ذریعہ سے اسیطرح رائج چلی آتی ہے۔ اور اگرچہ ڈپٹی کمشنر کے یہان اپیل کرنے کا حق معین کر دیا گیا لیکن زیادہ تر مقدمات خاص انھین عدالتون مین طے ہو جاتے تھے اس مقام پر یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ ہر درجہ کے انگریزی افسر ان ضوابط پر صرف نام کے لیے نہین بلکہ درصل عملدرآمد مین کاربند ہونے لگے اور سب کے سب اہل مشرق کے اس مرغوب الطبع اصول کی پابندی کرنے لگے کہ اگر عدالت گستری کی تمام غلطیان رفع نہو سکین تو تاخیر کو ہر حالت مین دور کرنا چاہیے۔

لیکن آئین سے کوئی اصلاح بغیر اسکے عمل مین نہین آسکتی تھی کہ مال اور خاص کر کے اس بڑی رقم یعنی مطالبہ اراضیات کا جس پر ہر شے کا دارمدار ہے بندوبست کیا جاتا۔ مطالبہ اراضیات پیداوار زمین کا وہ مختلف القسم حصہ ہے جسکا گورنمنٹ کو بطور اپنے حق کے دعوی رہتا ہے۔ دیسی گورنمنٹ کے زیر انتظام اکثر وہ جنس کے ذریعہ سے ادا کیا جاتا ہے اور جب فصل درو ہوتی ہے تو قلیل تنخواہون کے

افسر جو پوری رشوت پانے کی حالت مین کاشتکار سے بہت کم اور نہ پانے کی حالت مین انتہا سے زیادہ غلہ لیا کرتے ہین وسکو وصول کرتے ہین۔ اور دونون صورتون مین ایک بڑی مقدار تک کی رقمین خزانہ شاہی مین جانے کے بدلے ٹکس وصول کرنے والون ہی کی جیبون مین رہ جاتی ہن۔ انگریزون کے انتظام سے ضلع کی پیداوار کی اوسط مختلف برسون کے تفتیشات سے نکالکر اسکے مطابق گورنمنٹ کا نقدی حصہ مروجہ نرخ کی اور بھی کم شرح کے حساب سے لگاکر قرار دیا گیا۔ اس انتظام سے سب کا فائدہ ہوا لیکن سب سے زیادہ کاشتکار کا فائدہ ہوا۔ اسمین ہر طرح سے بڑی بچت ہوئی کیونکہ ایک سال کے دو چند یا سہ چند تخمینہ کے بدلے دس برس یا تیس سال کا یکبارگی اندازہ کیا گیا۔ اور تحصیل باجبر اور دوسری خرابیون کا جہانتک ممکن تھا انسداد کیا گیا۔ اگر انگلش گورنمنٹ نے ہندوستان کے حق مین سوائے اسکے اور کوئی بہبودی کی بات نہین کی تو صرف یہی ایک بات اسکے قیام کے لیے کافی تھی۔ ص۳

اب دیکھنا چاہیے کہ جسوقت پنجاب ورثاے رنجیت سنگھ کے ہاتھ سے نکلکر بورڈ کے اختیار مین آیا تو اسکی مالی حالت کیا تھی۔ برادران لارنس اپنی پریزیڈنسی کے زمانہ مین رنجیت سنگھ کے کاواک اور جلدبازی کے انتظام مین اسقدر اصلاح پیدا کرچکے تھے کہ بورڈ کو کوئی بات ازسرنو شروع کرنا نہ تھی بلکہ جو کچھ شروع ہوچکا تھا صرف اسکو ترقی دینا تھی۔ قسمت آزمودے ستلج مین (قطع نظر اس سرسری بندوبست کے جو جان لارنس نے اس خوبی کے ساتھ کیا تھا) نہایت احتیاط سے پیائش اور سی سالہ بندوبست کا کام ہورہا تھا اور اب عنقریب ختم ہوا چاہتا تھا۔ خاص پنجاب کے بڑے بڑے حصون مین سرسری بندوبست ہوگیا تھا اور اب اسمین صرف اسقدر کام اور باقی رہگیا تھا کہ جہان جہان غلطی پائی جائے اسکی ترمیم ہوجائے اور باقیماندہ حصون کی اسیطرح سے پیائش ہوجائے۔ چونکہ یہ پیائش ایک ایسے ملک کی تھی جس سے ابتک بالکل ناقص طور پر حکومت حاصل تھی اسلیے اسکی میعاد تین برس سے کم اور دس برس سے زیادہ نہین مقرر ہونے والی تھی۔ نوعیت اراضیات کی قسمین بھی بیشمار اور پیچیدہ تھین لیکن اسوقت انپر لحاظ کرنا لازم تھا۔ اور بورڈ کی معزز جماعت نے انکو کسی حالت مین برباد نہین کیا بلکہ از سرنو تازہ کرکے قائم رکھا۔ رنجیت سنگھ کے زمانہ مین اراضی کا ٹکس نصف پیداوار خام تھا اور عموماً بذریعہ اجناس ادا کیا جاتا تھا۔ اس جنس کے قاعدہ ادا ے مالگزاری کو ہم نے موقوف کیا (گو امر مذکور بغیر اسکے عمل مین نہین آنے پایا کہ ٹکس دینے والون کی جانب سے سخت مخالفت ہوئی) اور اسکی تعداد سابق کی نسبت نصف بلکہ چوتھائی رہ گئی۔ اور اس رعایت سے سرکار کا بھی کچھ نقصان نہین ہوا کیونکہ پنجاب کے بہت زیادہ ضروری خطہ ملتان اور دوسرے بیرونی مقامات کی مالگزاری بڑھنے آنے لگی اور ٹکس وصول کرنے والون کو جو نا جائز رقمین ملتی تھین انکے موقوف اور مفسد جاگیردارون کی جاگہ

ضبط کرنے سے ہماری تحصیل وصول کی کارروائیون مین اور زیادہ سہولت پیدا ہوگی۔

مین دوآبہ جالندھر کے حالات مین جاگیرون اور دوسرے حقوق انتقالات مالگزاری سرکار کے فیصلہ کا وقت طلب مسئلہ بیان کرچکا ہون۔ اس مسئلہ کے متعلق برادران لارنس کے مابین نہایت اختلاف تھا اور چونکہ اس مسئلہ کو ہر ایک بھائی کی آیندہ کارروائی سے ایک بہت بھاری تعلق رہا اسلیے مین اُسکا بیان باب آیندہ کے لیے اُٹھائے رکھتا ہون کیونکہ اُس باب کو حالات متعلقہ کے اعتبار سے بلکہ سوانح عمری کے مضامین سے تعلق ہوگا جیسا کہ باب ہذا کو خاص کرکے تاریخی حالات سے تعلق ہے۔ صص ۳۰

معاملات خزانہ کے متعلق بوجوڑ کی حکمت عملی ہمیشہ فیاضانہ رہی۔ تیرنگاہ رنجیت سنگھ نے جن ۷۰ ساہاہ محصول تجارت قائم کیا تھا ہنری لارنس نے اُنکی تعداد گھٹاکر صرف ۲۰ تک محدود کی۔ اور ان محدود محصولون کے بھی وصول کرنے مین حفاظت کے لیے یہ ضرور پایا گیا کہ سرحد کے چارون طرف انسداد رکھنے والی پولیس کی جمعیت قائم رکھی جائے۔ راہداری اور گھاٹون کا محصول پنجاب کے جس جس مقام مین جہانتک ممکن تھا اُس درجہ تک رنجیت سنگھ نے جاری کیا۔ تجارت کی کوئی چیز جو ملک مین ہوکر گزرتی تھی اُسکی بابت کم سے کم دس بارہ مرتبہ محصول دینا پڑتا تھا۔ یکم جنوری ۱۸۴۸ء کو یعنی الحاق کے دس مہینے بعد تمام محاصل شہر اور راہداری اور محصول اشیاے تجارت داخلہ وخارجہ یکقلم موقوف کردیا گیا۔ سرحد کی انسدادی سپاہ موقوف کردی گئی اور تجارت کے راستے چارون طرف سے کھول دیے گئے کہ جس جانب اُنکا بالطبع میلان ہو وہان بلاتقیید وہ ترقی حاصل کرسکے۔ ان تخفیفون کے پورا کرنے کے لیے شرابون پر محصول لگایا گیا جسکی ہر امر کے اعتبار سے ضرورت تھی محصول اِسٹامپ کا قاعدہ جاری ہوا۔ گھاٹون کا محصول صرف خاص خاص معبرون پر قائم رکھا گیا اور ایک محصول نمک (جو اُسوقت کے حالات کے اعتبار سے تو ضروری تھا لیکن اصولاً وہ خالی از اعتراض نہین تھا کیونکہ ضروریات زندگی کی ایک شے) پر لگایا گیا تھا۔ نمک والے پہاڑ مین جو یہ معدنی شے بمقدار کثیر برآمد ہوتی تھی آیندہ سے اُسکا انتظام گورنمنٹ نے اپنے ہاتھ مین لیا اور اُسکے محصول کی مضبوطی کے لیے اس بات کی ممانعت کردی گئی کہ قرب وجوار کے اور اضلاع سے ملک مین نمک نہ آنے پائے۔ مالی انتظام مین جو اور سب طرح سے نہایت ہی عمدہ تھا بس یہ ایک داغ لگ گیا۔ لیکن ولیسیون نے اُسپر کچھ اعتراض نہین کیا اور وہ اُسپر کچھ بار نہین ہوا۔

اب اسطرح کے انتظامات سے اگر ملک یکبارگی مرفہ حال نہین معلوم ہوا تو یہ گورنمنٹ کا قصور نہین ہے بلکہ اُن حالتون کا قصور ہے جن پر کچھ قابو نہین چل سکتا تھا۔ الحاق کے بعد تین فصلین نہایت عمدہ ورہین خالصہ فوج کے سپاہیون نے کسانی یا مزدوری کرنا شروع کی اور چونکہ لگان کے کم اور ملک مین امن وامان کے

قائم ہونے سے زراعت کو ترقی ہوئی اسوجہ سے مدتون کی افتادہ اراضیات بھی آباد ہوگئین۔ اسطور پر بازارون مین جنس کے انبار لگ گئے اور اُسکے بیچنے کے ابتک کافی وسائل بہم نہین پہونچائے گئے تھے جس سے فوراً سب غلہ منتقل ہو جاتا۔ کاشتکارون کو تخفیف شدہ شرح سے بھی لگان کے ادا کرنے مین وقت معلوم ہوئی مزید کی لگان کی فریاد بلند ہوئی اور چونکہ گورنمنٹ اسقدر فیاض تھی اس سبب سے وہ فریاد بیکار نہین گئی — اسطور پر ملک کی ترقی کرنے سے عارضی طور پر جو ناراضی پیدا ہوئی تھی اُسکے سبب سے باشندون کی حالت اور بھی زیادہ سرسبز ہوگئی۔

مین اس بات کو بیان کرچکا ہون کہ بورڈ نے پنجاب مین جیلخانے بنوائے اور مغربی سرحد پر قطار در قطار قلعے تعمیر کرائے لیکن اُنکے سوا اور بھی سرکاری عمارتین اور تعمیرات کے کام تھے بلکی اگر ہماری حکومت کی ابتدائی حالت مین چندان ضرورت نہ تھی تو اُسکے قیام اور کامیابی کے اعتبار سے ہر حالت مین اشد ضرورت تھی — ہم عام طور پر جن کامون کو "ترقی وسائل ملک" اور یہ ملک وہ تھا جہان کے بعض بعض حصون مین کارکنان قضاو قدر نے اسقدر بربکتین دی تھین اور انسان نے اُنسے غفلت کی تھی) کہا کرتے ہین اُنکے لیے ایک محکمہ اور اگر محکمہ نہین تو ایک زبردست حاکم کی ضرورت تھی اور لارڈ ڈلہوسی نے جو ہنری لارنس سے وعدہ کیا تھا کہ "ہم آپ کو ملک بھر سے چنکر عمدہ آدمی دینگے" مثل اور باتون کے حرف حرف اُسکو پورا کیا۔ کیونکہ انھون نے انکو ایک ایسا سول انجینیر دیا جو اُس زمانے مین (بلکہ شاید ہر زمانہ مین) ہندوستان بھر کے انجینیرون سے اس کام کے لیے پسندیدہ و منتخب تھا۔ کرنل رابرٹ نیپیر نے زبردست نسی کے زمانہ مین بطور شیر انجینیر کے ہنری لارنس کی ماتحتی مین کام کیا تھا انھون نے اس پار سے اُس پار تک کل ملک کا دورہ کیا تھا اور اُسکی حالتون اور ضرورتون سے خوب واقف تھے۔ علاوہ بریں وہ نہایت بلند خیال شخص تھے۔ اُنمین بعض بعض باتین عالی طبع ارسطاطالیس کی پائی جاتی تھین وہ بہادری اور کشادہ دلی کے گویا دیوتا تھے جیسا کہ اُنکے مابعد کی کل کارروائیون سے بخوبی ظاہر ہے۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا کہ ایک کام نہایت ہی عمدہ اور بہت ہی کم خرچ مین ہو جائے تو نیپیر کو اُسکا اہتمام سپرد کر دیتا۔ وہ عمدہ سرکاری عمارتین جو پنجاب کی فخر ہین اور ہندوستان مین آج تمام عمارتون کا نمونہ خیال کیجاتی ہین نیپیر کی ذکاوت کا اظہار کر رہی ہین۔

نیپیر صاحب کی ماتحتی مین ایک معقول اسٹاف مقرر کیا گیا۔ ان سب مین اول نمبر لفٹنٹ الگزینڈر ریکر کا ہے جن کا نام اکثر مقامات پر اس سوانح عمری مین آئیگا اور جو نیپیر اور نکلسن ہنری اور جان لارنس ایسے مختلف الطبائع اشخاص کے مورد الطاف رہ سکے چیف انجینیر موصوف کو ہر ہر کام کے مصارف کے لیے بھاری رقمین حوالہ کی گئین۔ اور بڑی سڑک اور بڑی بڑی نہرون کے عالیشان کامون کے لیے

ص ۳۰۵ خاص خاص رقمین انکو دلوائی گئین - لیکن سڑکین اور نہرین ایک دن مین نہین بنتی ہین اور ایسے معاملات مین بورڈ کا کام تکمیل کے بدلے تیاری اور کامیابی حاصل کرنے کے بدلے دقتین اُٹھانے کا تھا - لیکن اس ابتدائی زمانہ مین بھی سڑکون کی صرف تجویزین اور پیائش ہی نہین ہوئی بلکہ دراصل وہ تیار کی گئین - سنپیئر صاحب کے دفتر مین جو نقشہ تیار کیا گیا تھا اور جو اول رپورٹ پنجاب کے ساتھ منسلک ہے اُسمین سڑکون کا ایک پورا جال بندھا ہوا ہے (جسمین کچھ فوجی سڑکین کچھ داخلہ اور خارجہ تجارت کی سڑکین چوڑی ہے اور چار ون طرف کی شاخون کے نشانات بنے ہین) بعض بعض سڑکون کی صرف تجویزین اور پیائش ہوئی تھی بعضون کی داغ بیل لگی تھی یا کامل طور سے تیار ہوگئی تھین اور ملک کے نقشہ مین ایسی معلوم ہوتی تھین جیسے انسان کے جسم مین شرائین ورباط وغیرہ رگین پھیلی ہوتی ہین —

اُس رپورٹ پنجاب کے ایک فقرہ مین (اوراس رپورٹ سے انتظام پنجاب کے متعلق میری اس مختصر تحریر کو بڑی مدد ملی) وہ تمام کارروائیان ایک جگہ جمع کردی گئی ہین جو ہمارے قبضہ کی تاریخ سے تین برس تک کے عرصے مین سڑکون کی تعمیر کے متعلق عمل مین لائی گئین - وہ فقرہ یہ ہے "۱۳۴۹ میل سڑک کا راستہ صاف کرکے اُسپر سڑک تعمیر ہوگئی - ۸۵۳ میل سڑک زیر تعمیر ہے - ۲۴۸۷ میل پر داغ بیل لگ گئی ہے اور ۵۲۷۲ میل کی پیائش ہوگئی ہے اسمین چوراہون اور شاخون کی سڑکین نہین شامل ہین" - رومن لوگ قدیم زمانہ مین سڑکون کے بڑے بنانے والے تھے اور یہ انگریزی زمانہ ہی کی بڑی بھاری بات ہے - لیکن وہ بڑی سڑک بھی جو کلکتہ سے پشاور کو گئی ہے باعتبار اُن دقتون کے جو پیدا ہوین اور باعتبار اُس طریقہ کے جسطرح وہ رفع ہوین فن انجینیری کے متعلق رومیون کی سب سے بڑی ہوئی کاریگری یعنی اپیئین وے کی کامیابی سے مقابلہ کا دعوی کرسکتی ہے جسکے ذریعہ سے شہر رومہ الکبری برنڈوزیم اور شہر قلیمنین شہر آرینم سے ملحق ہوگیا تھا اور رابرٹ سنپیئر کی ناموری اور کارروائی کا بھی اُن تمام باتون مین جو خواہ بڑے مردم شماری کرنے والے اپیئین خواہ کانسل فلیمینس مین پائی جاتی تھین بہت اچھی طرح سے مقابلہ کیا جاسکتا ہے - یہ کانسل حکومت امرا اور حیلہ سازی کا بڑا دشمن تھا اور وہان کے مشہور سرکس اور سڑک کی تعمیر اُسی نے کی تھی جس سے اُسکا نام ہمیشہ یادگار رہے گا —

سابق کی گورنمنٹون نے سڑکون کی نسبت نہرین تعمیر کرنے کے ذریعہ سے پنجاب کی ترقی مین بہت کچھ کوشش کی تھی - مغلون نے جو ہر کام مین ہاتھ لگاکر اُسکو درجۂ کمال تک پہونچا دیتے تھے اس نہر کے کام مین سب سے زیادہ ناموری حاصل کی - ضلع ملتان مین نہرون کا جال بندھا ہوا تھا - اور دیسیون کے اُس طریقہ کو جس سے ہر گانون والے کو نہرون کی مرمت کے متعلق اپنے حصہ کے مطابق محنت کرنا خواہ روپیہ ص ۳۰۶

دینا پڑا تھا۔ ایلفنسٹن صاحب نے ایسا عہدہ اور بکار آمد پایا کہ اُسکو اسی طرح چھوڑ دینے پر اُنھوں نے قناعت کی۔ پھر وہ آبپاری کے شمال مین ہنسلی یا شاہ نہر کے نام سے ایک نہر دریاے راوی کے اُس مقام سے جہان وہ پہاڑون سے جدا ہوتا ہے لاہور تک (یہ فاصلہ ۱۱۰ میل ہے) گئی تھی۔ یہ ایک بڑا بھاری کام تھا۔ لیکن اس نہر کی وجہ سے کوئی افتادہ زمین آباد نہین ہوئی اور نہ نیے گانون بسے۔ اُس سے صرف شاہی کامون یعنی شاہی محلسرا لاہور کے حوضون اور فوارون مین پانی پہونچتا تھا۔ اسلیے بُوزڈ نے ایک دوسرا بھاری کام تجویز کیا جو انگلشس گورنمنٹ ہند کے لیے اسی طرح کی ناموری کا باعث ہے جس طرح نہر ہنسلی سے ویسیون کی شہرت ہوئی۔ دریاے راوی کے عین اسی مقام سے جہان ہنسلی نہر نکالی گئی ہے (گویا اُسکے جواب کے طور پر) ایک نہر نکالنے کی تجویز کی گئی کہ وہ شہر دیپالپور اور امرتسر سے گزرتی ہوئی اور کل دوآبہ مین ہوتی ہوئی اوپر کی جانب ان اضلاع مین جہان اُسکی کمال ضرورت ہے ساٹھ میل سے لیکر ۸۰ میل تک کی تین شاخین پہونچائے اور بعد اُسکے جنوب کی طرف جہان بڑی دور تک زمین افتادہ ہے وہان کے خالی تالابون اور خشک نالون کو بھرے جہر مقام پر نئے موضعون کے آباد ہونے کی ضرورت پیدا کرے اور جو مواضع ویران ہوگئے ہین اُنکو از سر نو شاداب کرکے ۲۴۷ میل کے چکر کے بعد پھر دریاے راوی سے ملتان کے اسطرف ملجاے۔ یہ نئی نہر واقعی کئی برس کا کام تھا لیکن ہر طرح کا بھروسہ کرکے شروع کیا گیا اور جان لارنس کی کمشنری کے زمانہ مین درجہ تکمیل کو پہونچا۔ "موجد تواریخ" اپنے حالات مصر کے بیان مین جو ہمیشہ تازہ اور نیا معلوم ہوتا رہیگا وہان کے جان بخش دریا کی طلسماتی قوت سے نتیجہ ہوکر اُسکو ایک زندہ شخص قرار دیتا اور یہ کلمات اُسکی نسبت استعمال کرتا ہے۔ کہ "اے دریاے نیل مصر کی کل زمین کا خالق تو ہے۔ محنت اور مشقت تو ہی کرتا ہے۔ فیض تیری ہی ذات سے پہونچتا ہے۔ کبھی یہ اور کبھی وہ خیال لوگون مین تو پیدا کرتا ہے تیرا ہی سب اختیار ہے جو چاہے کرے اور جو چاہے نہ کرے"۔ لیکن جن الفاظ سے ہیروڈوٹس نے دریاے نیل اور اُسکے اندر دریاے دیوتا کے رہنے کا ذکر کیا ہے وہ کمال مشابہت کے ساتھ پنجاب کے دریاؤن اور اُس خلائق دوست مدبر کے بارے مین صادق آسکتے ہین جسنے بیسون نہرون اور صدہا خندقون اور نالیون کے ذریعہ سے اُن دریاؤن کو موڑ موڑ کر ریگستانون کو شاداب کردیا ہے اور ایک خوش سواد زمین کو ایسا بنا دیا ہے جسمین ضرورت سے زیادہ اجناس پیدا ہوتی ہین۔

اب مین اُن سب سے زیادہ اہم معاملات پر بحث کر چکا جن پر بُوزڈ کو فوراً توجہ کرنے کی ضرورت تھی لیکن اُنکے علاوہ دوسرے معاملات بھی تھے جن پر کم مستعد فرمانروا اُس وقت تک مطلق توجہ نہ کرتے جب تک اُنپر کام کا بار زیادہ ہلکا نہ ہوجاتا۔ ایک وقت طلب معاملہ یہ پیش آیا کہ ملک کے سکّے انواع و اقسام کے تھے

دوسری بات زبانون کا اختلاف اور تیسرا امر یہ تھا کہ ناپ اور تول کے پیمانے مختلف تھے۔ تعلیم اور زراعت کا انتظام نہین تھا۔ جنگلات اور حفظان صحت اور گرمی مین حکام کے رہنے کے مقامات کا انتظام ان تمام باتون کے لیے فوراً توجہ درکار تھی اور اسی ضرورت کے مطابق بہت جلد اپنی توجہ کی گئی۔ چند چند سطرین ہر ایک امر کے بیان کو کافی ہون گی تاکہ برادران لارنس کے نقشۂ کارگزاری کی خانہ پری ہو جاے۔

پنجاب مین جو مختلف قسم کے سکون اور زبانون کا خلط ملط پایا گیا اسکی وجہ بہت آسانی کے ساتھ یہ بیان کیجا سکتی ہے کہ اس ملک پر علی الاتصال بیرونی حملے اور ملک کے اندر طرح طرح کے انقلابات ہوتے رہے۔ سکون کا مضروب کرانا ہر مقام پر ایک شاہی قوت خیال کیا گیا ہے لیکن مشرق مین اس بات کا جیسا خاص خیال رکھا جاتا ہے ویسا اور کہین نہین ہے۔ اس لحاظ سے پہلا امر جو کوئی فاتح یا نوخیز چندروزہ حاکم کرتا ہے وہ یہی ہوتا ہے کہ اپنے نام کا سکہ جاری کراتا ہے۔ چنانچہ اس طور پر صرف ایک قسمت لیہ مین ۲۰ قسم کے مختلف سکے رائج پاے گئے اور کشمیر کا روپیہ کمپنی کے روپیہ کے صرف دو ثلث کے برابر تھا اور پھر یہ کمپنی کا روپیہ مال کی کھرائی اور قیمت مین قدیم نانک شاہی روپیہ سے ادنی درجہ کا تھا۔ یہ نانک شاہی روپیہ سکھون کے مذہب اور قوت کی علامت تھا جو امرتسر اور لاہور مین ضرب ہوا تھا۔ اور پھر صرف اتنی ہی خرابی نہین تھی کیونکہ نانک شاہی روپیہ بھی کم سے کم تیس طرح کا رائج تھا۔ تجارت پیشہ لوگون کی حیرانی اور پریشانی ناجائز طور کا منافع اور بٹہ کا خسارہ یہ سب خرابیان جو سکون کے اس اختلاف کی وجہ سے پڑتی تھین بہت اچھی طرح سے قیاس مین آسکتی ہین۔ ناخواندہ لوگون کا اسمین سب سے زیادہ نقصان اور سکون کے ضرب کرنے والون صرافون اور شاہ سرداروں کا بھی خاص فائدہ تھا۔ یہ ایک ایسا معاملہ تھا جسمین فوراً ہماری دست اندازی درکار تھی۔ متروک الرواج سکے فوراً طلب کیے گئے اور گلانے کے لیے بمبئی اور کلکتہ کو بھیجدیے گئے اور وہان سے انکے بدلے نئے سکے جن پر بڑے گرویا عالیشان مغل بادشاہ کا کلیتہ تھا بلکہ ملکہ انگلستان کا سکہ بنا تھا ضرب ہوکر پنجاب کو روانہ کیے گئے اسطور پر ملک کے سکے سب یکسان ہونے لگے اور تین سال کے عرصہ مین یہ ہوا کہ سرکار کی جو مالگزاری پرتش خزانہ مین داخل ہوئی اسمین تین ثلث انگریزی سکے تھے۔ ص ۳۰

اسی طرح پنجاب کی زبانین بھی مختلف تھین۔ گورکھی یا گرنتھ کی زبان مثل سنسکرت کے بولنے کی نہین بلکہ صرف لکھنے کی تھی۔ پچھم طرف بالکل کنارۂ سرحد پر جو دو آبے واقع ہین وہان فارسی یا اسی کی اور شاخین رائج تھین اور مشرقی کنارے پر پنجابی جو ایک طور کی بگڑی ہوئی اردو ہے بولی جاتی تھی۔ سندھ کے ایک ضلع مین پشتو اور دوسرے ضلع مین بلوچی بولی جاتی تھی۔ پس ایسے اختلاف السنہ کی حالت مین جو شہر بابل کی السنہ کے مشابہ ہے کسی مستقل طور کی گورنمنٹ کا قائم ہونا اور عدالت گستری کا عمل مین آنا سخت مشکل بات تھی۔ لیکن اسمین کوئی ترکیب

کارگر نہین ہوسکتی تھی کہ (قطع نظر عدالت گستری کے) سب لوگون پر ایک زبان بولنے کے لیے اس طرح سے جبر کیا جاتا جسطرح روسیون نے ملک پولینڈ مین کیا ہے۔ آخر کو ایک بندوبست یہ قرار پایا کہ نصف مشرقی حصہ پنجاب مین دفتر کی زبان اردو اور نصف مغربی حصہ مین فارسی قرار دیجائے اور اس مین مین کی تجویز کی ابھی طرح سے عملدرآمد ہوسکے

تعلیم کے متعلق پہلے تین برسون کا کام صرف ابتدائی طور پر رہا۔ امر اول اس بات کا دریافت کرنا تھا کہ دمیسون نے اسمین کیا تدبیر کی ہے اور رابرٹ منٹگمری (پنجاب کے متعلق یہ نام اس مقام پر پہلے یہان بیان کیا گیا ہے لیکن بعد کو انکا تعلق پنجاب سے مثل برادران لارنس کے رہیگا) نے بڑی چستی سے اپنے تئین اس کام مین مشغول کیا۔ انکو اس امر کے دریافت ہونے سے بڑی حیرت اور مسرت ہوئی کہ تمام ملک پنجاب مین ہر درجہ کے لوگون کے لیے ابتدائی مکتب مہیا تھے اور برخلاف ہندوستان کے اور حصون کے زراعت پیشہ لوگون کے اطفال اقل درجہ راجپوت برہمن کھتری ان اعلی ذات کے اطفال کے برابر پڑھنے جاتے تھے اور اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز امر یہ دریافت ہوا کہ تعلیم نسوان کی جانب سے بھی جو ہندوستان کے اور حصون مین کمین نہین ہے وہان غفلت نہین کیجاتی تھی۔ مثلاً لاہور مین لڑکیون کے ۱۶ مکتب تھے اور اوسطاً چھ لڑکیان ہر مکتب مین پڑھتی تھین اور اسپر طرہ یہ کہ سب کی سب مسلمان تھین۔ اصل تو یہ ہے کہ وہان پڑھنے لکھنے کی خواہش علی العموم پائی جاتی تھی۔ اسمین شک نہین کہ ان دیسی مکاتب مین کچھ بہت بھاری پڑھائی نہین ہوتی تھی۔ صرف اسقدر تعلیم دیجاتی تھی کہ ہر ہر مذہب کے طالب علم اپنی مذہبی مقدس کتاب کا پڑھنا اور کچھ لکھنا اور حساب سیکھتے تھے۔ بہرحال یہ کیا کم تھا کہ سکھ لوگ اپنے سود در سود کا حساب صحیح صحیح لگا لیتے تھے اور گانون کے پٹواری کا کام کرنے کے لائق اپنے تئین بنا لیتے تھے۔ ان مکتبون کی عمارتین بالکل حقیر قسم کی تھین۔ کہین کوئی چھپر یا کچہ پریل کہین کسی مسجد یا مندر کا احاطہ مکتب خانہ کا کام دیتا تھا۔ بعض مقامات پر درخت کے سایہ کے سوا کچھ بھی نہین ہوتا تھا۔ معلم کا وظیفہ جو کچھ مقرر تھا اسکا خیال کرکے کچھ ہنسی اور کچھ رونا آتا ہے۔ کبھی لڑکے اور کبھی انکے والدین کچھ اناج یا شیرینی اسکو دیجایا کرتے تھے اور اسی پر وہ پڑھاتا تھا۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عاقبت اندیشی سے تمام موجودہ تعلیمی اوقاف کو قائم رکھا اور پنجاب کے ہر ہر شہر مین ایک صدر اسکول قائم کیا گیا۔ امرتسر کا مدرسہ زیادہ اولوالعزمی کے ساتھ قائم ہوا۔ وہان کے مدرسہ مین اسقدر شاخین مقرر کی گئین جسقدر مذاہب یا زبانین شہر مین پائی جاتی تھین۔ الحاق کے دوسرے سال اس مدرسہ مین ۱۵۳ اور چوتھے سال ۲۰۸ طالب علم پڑھتے تھے۔ اسوقت یہ امید کی گئی کہ اسطور پر پنجابی لوگ جب تعلیم پا جائین گے تو ان کم و بیش ضروری عہدون پر مقرر ہونے لگین گے جو اب تک صرف ہندوستانیون کے ہاتھ مین تھے۔

حاشیہ

درختون کے جنگلون مین نہونے کے متعلق جہانتک انسداد ممکن تھا یہ احکام جاری کیے گئے کہ تمام موجودہ جنگلون کی احتیاط کے ساتھ حفاظت کیجاے سرکاری عمارتون کے گرداشجار لگائے جائین بڑی سڑکون کے دونون طرف اور بڑی بڑی نہرون کے برابر برابر درخت لگائے جائین۔ اسطور پر آیندہ نسلون کے لیے سایہ اور درختون کا بندوبست مقول کردیا گیا اور جلانے کی لکڑی کے لیے جوایسے ملک مین جہان کوئلہ کا قحط ہونہایت ضروری شے ہے یہ حکم دیا گیا کہ بڑے بڑے جنگلون کی حفاظت کیجاے اور لکڑی بیچنے والے بے احتیاطی سے جو درخت کی جڑتک کاٹ کر خراب کرڈالتے ہین وہ ممنع کیے جائین اور جنگلون مین ازسرنو درخت بوئے جائین اور انکی حفاظت کیجاے۔ گھاس کے مشہور میدان جہان کی عمدہ پیداوار نگہبانی کرنے والے پر دار لوگ خود اپنے تصرف مین لاتے تھے اور رنجیت سنگھ کے رسالے کے لیے صرف خس وخاشاک بھیجا کرتے تھے آیندہ سے انگریزی افسر اذورڈ پرنسپ صاحب کی نگرانی مین سپرد کیے گئے اور انھون نے اس بات کی تدبیرین کین کہ آیندہ سے سرکار کا مال خاص سرکار کے کام مین آئے۔

کھیتون مین جو چیزین بوئی جاتی تھین فصل وضرورت کو دیکھکر مناسب طور پر انکے بدلتے رہنے کا مسئلہ زراعت پیشہ اشخاص کی سمجھ مین نہین آتا تھا اور جہانتک سمجھتے تھے اُسپر اسقدر بھی عمل نہین کرتے تھے ص ۳۱۱
کیونکہ پنجاب کے یہ زراعت پیشہ اشخاص اس ہاتھ سے کماتے اور اُس ہاتھ سے کھاتے رہتے ہین اور جب کھانے بھر کو بھی میسر نہین آتا تو قناعت کے ساتھ اپنے تئین حوالہ مرگ کردیتے ہین۔ غور کرنے سے معلوم ہوا کہ تکس کم کرنے کا پہلا نتیجہ ایک یہ ظہور مین آیا کہ ناعاقبت اندیش کاشتکارون نے ہر جگہ غلہ بونا شروع کردیا اسلیے بازارون مین غلہ کی مانگ کم ہوگئی اور زمین کو بھی اُسی مناسبت سے نقصان پہونچا۔ اس خرابی کے رفع کرنے کے لیے پنجاب بورڈ نے مزاحمت کرکے روئی تمباکو پٹوہ نیشکر اور ان چیزون کی کاشتکاری کو مروج کرایا جنکی جڑین کام آتی ہین اور اس مین کامیابی حاصل ہوئی۔ ملک مین توت کے درخت کثرت سے موجود ہی تھے اور ریشم کے کیڑون کی پرورش کرنے سے خاص پنجاب مین ریشم کی تجارت کھل گئی۔ جو قطعات زمین لکڑی کے درخت بونے کے لیے علیحدہ کیے گئے تھے انمین پچاس نئی قسمون کے جنگلی درخت نصب کرائے گئے اور چائے کی زراعت جسکو نائیسن صاحب اور انکے ماتحتون نے ممالک مغربی وشمالی مین رواج دیا تھا مری کے پہاڑون اور مشہور کانگڑہ گھاٹی کے نشیبی میدانون مین رواج دی گئی۔ اسطور پر ایک نیا ملک ایک تازہ تجارت کے لیے کھل گیا اور یہ تجارت اُس قسم کی تھی جو افیون کیطرح تمامتر قابل اعتراض نہ تھی۔

خدا کے فضل سے ممالک مشرقی مین تدابیر حفظان صحت سے بالکل غفلت رہا کرتی ہے۔ بڑے سے بڑے شہرون کا بھی یہ حال ہوتا ہے کہ نہ سڑکون پر کھرنجہ ہوتا ہے نہ نالیان بنی ہوتی ہین اور نہ صفائی کیجاتی ہے

جانوروں کی لاشین جہان وہ مرتے ہین اُسی جگہ سڑنے کے لیے چھوڑ دیجاتی ہین اور مضافات شہر شہرون سے بھی بدتر ہوتے ہین - وہ اصل مین مثل اُن "انبارون" یا "تودون" کے ہوتے ہین جنکا انجیل مین ذکر کیا گیا ہے اور شرقی شہر کے گرد و پیش اسطرح کے مزبلے ضرور ہوا کرتے ہین - اسوجہ سے ہوا خراب ہوجاتی ہے پانی کثیف رہتا ہے ہمیشہ وبائین آیا کرتی ہین اور جب سے یورپین لوگون نے سرکاری تقسیمات تیار کرنے کا خوفناک خیال اہل شرق کے دلون مین پیدا کیا اُسوقت سے یہ اور بھی زیادہ خوفناک بات معلوم ہونے لگی کہ انھین وجہون سے شرقی شہرون مین بے انتہا آدمی ہلاک ہوا کرتے ہین - لاہور کی نسبت مشہور ہے کہ "ہر کہ لاہور ندید از تکم ما در نزاید" لیکن باوصف اس شہرت کے شہر مذکور کی گندگی اور مقامات سے بھی بڑھی ہوئی تھی - جب انگریزی فوج ایک مقام پر حوالی شہر مین ویران مکانون اور پشتہا پشت کی وبائی قبرون کے درمیان تعینات ہوئی تو فطرت نے تنبیہ دہی کی طرح اپنا انتقام انگریزی فوج سے لینا شروع کیا - اور ابتدا سے حفظان صحت کی جو تدبیرین کی گئین اُن سے اور بھی خرابی پیدا ہوئی - علم حکمت کے ذریعہ سے بغیر اسکے ایسی خلافتون کی کانون سے بیمارئی کے اسباب رفع نہین ہوسکتے جب تک اُنکی روزافزون ترقی کا استیصال نہ کیا جائے - لیکن چند سال کی کوششون سے ایک ایسے ملک مین جہان ہمیشہ بیماری رہتی تھی صفائی پیدا ہونے لگی - لاہور مین جانچ میگگریگر اور اوسترین ہنٹی - بی - سانڈرسن صاحب مجسٹریٹ مقام مذکور کی بندوبست سے اُن شہرون کی ہیئت ہی بدل گئی - گو اُنکے ناگزیر انتظام مین کسیقدر شہر کی وہ خوبی اور رونق جو اہل شرق کی آنکھون کو بھلی معلوم ہوتی ہے جاتی رہی لیکن باشندون کی تندرستی آسودگی اور خوشحالی کو اُس سے بہت ترقی ہوئی

ان معاملات کے متعلق نوبرو نے رعایا کے ساتھ صرف پدری سلوک کرنے پر قناعت نہین کی - یہ بات اکثر بیان کی گئی ہے کہ شرقیون کے لیے سب سے عمدہ گورنمنٹ وہ ہے جو فیاض اور خود مختار ہو - یعنی یہ کہ ایسی گورنمنٹ ہو جو اپنی رعایا کے لیے خود سب باتین کرے اور رعایا آپ کچھ نہ کرے - لیکن لارنسون نے یہ خیال ہرگز اپنے دلون مین نہین پیدا کیا ہر ایک شہر مین جو بات ہوتی تھی انگریزی مجسٹریٹ کے حکم سے ہوتی تھی اور اُسکی مدد کیواسطے خاص اُس شہر کے لوگونکی ایک کونسل ہوتی تھی اور اُن لوگون کو جب ایک مرتبہ حرکت دیدیجاتی تھی تو وہ سیدھے راستے رومین چلے جاتے تھے - پس پہلے پہل جس ملک مین میونسپلٹی کی بنیاد قائم ہوئی وہ اُسکے لیے کچھ کیطرح ناموزون نہین تھا -

میدانی ملکون کی اس تدبیر حفظان صحت کے ساتھ پہاڑون پر بھی تبدیل آب و ہوا کے لیے مکانات کا بندوبست کیا گیا - پشاور راولپنڈی اور جہلم کی بڑی بڑی چھاونیون کی فوجون کے لیے ۱۸۵۱ء مین مری کے خوش سواد پہاڑ پر ہر ایک پہاڑی چھاونی قائم کی گئی - اس مقام کا ذکر اس سوانح عمری مین اکثر جگہ آئیگا کیونکہ آیندہ آٹھ سال تک افسران پنجاب پر جو حد سے زیادہ مشقت کرنے کا کام پڑا تو اُس زمانہ مین وہ لوگ اپنی تعیناتی کے

ص ۳۱۱

مقام

مقام کی نسبت زیادہ آرام حاصل کرنے کے لیے عارضی طور پر وہین جایا کرتے تھے اور کچھ دنون کے بعد پھر اپنے اصل مقام پر ممنت کرنے کے لیے تازہ ہوا آیا کرتے تھے۔ دوسری پہاڑی چھاونی پنجاب کی غیر قواعد دان سپاہ کے لیے جو تجویز کی گئی تھی وہ دریاے سندھ کے اُس پار کوہ بدار الدین پر قائم کی گئی اور لاہور اور سیالکوٹ کے لیے ایک تیسری چھاونی کوہستان چمبا پر قائم ہوئی — اس آخری چھاونی کا نام لارنسٹون کی تجویز سے گورنر جنرل کے نام پر رکھا گیا جنکی علالت نے تجویز کے مطابق وہ غور و فکر اور کارروائی کرنے پر ہمیشہ قانع رہے تھے۔ ساتھی اسکے ملک کے مشہور مقامات مین ڈسپنسریان مقرر کی گین — انکا انتظام اُن ویسیون کے سپرد کیا گیا جنھون نے انگریزی تعلیم پائی تھی۔ مشرقی مرضی و دوا علاج کے بدلے عموماً دعا تعویذ پر زیادہ اعتقاد رکھتے ہین اور جسوقت ہم یہ خیال کرتے ہین کہ مشرقی اطبا محض جاہل ہوتے ہین تو ہم اسی بات کو غنیمت سمجھتے ہین — لیکن پنجابی لوگ دیسی ڈاکٹرون کے ہاتھ سے وہ دوائین خوشی کے ساتھ لینے لگے جنکے انگریزی ڈاکٹر کے ہاتھ سے لینے مین اُنکو انکار تھا۔ اور اُمید کی گئی کہ جسوقت اُنکو انگریزی دواؤن کی خوبیون کا یقین ہو جائیگا تو وہ اُنکے بنانے والے انگریزون پر بھی بہت جلد اعتماد کرنے لگینگے

ص ۳۱۲

انتظام ڈاکخانہ باربرداری کے جانورون اور چھکڑون کے بیگار مین پکڑے جانے کا انسداد نمک کی کانون کے کام مین ترقی اور ملک کی تاریخی عمارتون وغیرہ کی مرمت مین توجہ غرض اس طرح کی چھوٹی چھوٹی باتون کے متعلق پنجاب کو جو فائدہ پہونچایا گیا اُنکا بیان کرنا کچھ ضرور نہین ہے۔ اس بات کے ظاہر کرنے کے لیے کافی بیان ہو چکا کہ برادران لارنس نے ہر امر پر برابر توجہ کی اُنکا منشا ہمیشہ یہی رہا کہ جو کام کیا جا سکتا ہو وہ تلاش کیا جائے اور اس بات کا حیلہ اُنھون نے کبھی تلاش نہین کیا کہ فلان کام انجام نہو سکیگا — اور اُن فروعی باتون مین سے جنکا عام انتظام پنجاب کے متعلق مین نے اوپر بیان کیا ہے اگر کسی شخص کو کوئی بات چندان قابل لحاظ نہ معلوم ہو تو مین اُسکا جواب یہ دیتا ہون کہ ادنی چیزون سے کمال کی حالت پیدا ہوتی ہے لیکن فی نفسہ کمال کوئی ادنی شے نہین ہے —

اب صرف یہ بات بیان کرنا باقی رہی کہ پنجاب مین آمدنی اچھی خاصی ہوئی اور ہندوستان مین جسطرح کا افلاس پایا جاتا ہے اُسکے اعتبار سے یہ امر بہت لحاظ کرنے کے قابل ہے۔ گو یہ امر صحیح ہے کہ ہماری سلطنتون کی فرد و اصلباقی ہمیشہ مہاجنی کوٹھی کی فرد و اصلباقی کے برابر نہین ہوتی اور بہادری کے ساتھ آمدنی کی طرف چندان توجہ نکرنا انجام کو بھی عقلمندی ہی نہین ثابت کرتا بلکہ کفایت شعاری کو بھی ثابت کرتا ہے۔ لیکن بُزدلی کو شُشون اور یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ زیادہ تر جان لارنس کی اعلی واقفیت معاملات خزانہ کے سبب سے (ایسے وقت مین بھی جب کل ملک کا انتظام نئے سرے اور وہ بھی انجمن کی ایسی عجلت کے ساتھ ہو رہا تھا) ملک پنجاب

کا انتظام نہایت سخت تجارتی ازمایشون کی حالت مین سنبھل سکا۔ ہم اول تین سال کی افراد واصلباتی کی
ص ۳۱۳ نسبت کچھ نہین بیان کرتے ہین جب ایک سال ۵۲ دوسرے سال ۶۴۔ اور تیسرے سال ۷۰ لاکھ روپیہ
کی بچت ہوئی تھی (کیونکہ یہ بچت زیادہ تر جاگیرون کی قرقی اور نزول املاک کے نیلام کی وجہ سے ہوئی تھی۔
مگر چوتھے سال جب یہ خاص خاص آمدنیان قریب قریب بالکل موقوف ہوگئی تھین اور بڑی سڑک اور
بڑی نہر کی تعمیر تین بحساب روپیہ صرف ہورہا تھا تو ۳۵ لاکھ روپیہ کی بچت ہوئی تھی۔ ٹوڈ نے نہ تو خود اس امر سے
چشم پوشی کی اور نہ اپنے حکام بالادست سے اسکو مخفی رکھا کہ انھون نے آیندہ دس سال کے زمانہ تک ان تعمیرات
سرکاری کے متعلق زر کثیر صرف کرنے کی تجویز کی تھی۔ بلکہ انھون نے اپنے سچے اعتماد سے ٹھان لیا تھا کہ اگر
اس مد مین روپیہ صرف کیا جائیگا تو اس سے مزید فائدہ ہوگا اور اس قلت کے دس سال کے عرصہ مین بھی جسکے
بعد بہتیرے دس دس سال کثرت کے آئینگے بارہ بارہ لاکھ کی بچت ہوا کریگی۔ یہ پیشبندیان گو کیسی ہی خیالی کیون
نہ معلوم ہوئی ہون مگر واقعات سے صحیح ثابت ہوین۔ بندوبست اراضیات مین برابر تخفیف ہوتی گئی مگر اسپر بھی آمدنی
برھتی گئی۔ ۱۸۴۹ء مین جب صوبہ پنجاب سرکاری عملداری مین شامل کیا گیا تھا اسکی آمدنی ایک کرور ۲۴ لاکھ تھی
اور غدر کے سال یعنی ۱۸۵۷ء کی آمدنی دو کرور پانچ لاکھ تھی۔ اس جانکندنی کے سال مین چیف کمشنر نے صرف
اسقدر آمدنی ہی نہین وصول کی (اور یہ آمدنی ان وسیلون سے وصول کی گئی جو صرف امن وامان کے ایام مین
کام دے سکتے ہین) بلکہ تو فیر سے نقد بیس لاکھ روپیہ دہلی کو بھیجدیا۔

حکومت پنجاب کے باریک بینون نے جو یہ اشارہ کرکے کہ صوبہ مذکور کی حدود کے اندر پچاس ہزار سپاہیون
کی ایک بھاری فوج تعینات ہے یہ بحث کی کہ انکا سارا خرچ پنجاب کے حساب مین شامل کیا جائے انکا کچھ
فائدہ نہوا کیونکہ لارڈ ڈلہوسی نے بڑے فخر کے ساتھ اسکی یہ تردید کی کہ اگر ہماری سرحد دریاے ستلج ہی قرار پاتا تو وہان
جسقدر فوج رکھنے کی ضرورت ہوتی وہ اس فوج سے کچھ کم نہوتی جسکی کوہ سلیمان کی سرحدات کی حفاظت کے لیے
ضرورت ہوئی ہے۔ پنجاب پر واجبی طور سے صرف اسقدر فوج کا بار عائد کیا جاسکتا ہے جو اس مفروضہ
سرحد کی نسبت موجودہ سرحد کی فوج مین زیادہ پڑتا ہے (اور یہ صرف وڈیو روپین رجمنٹون کا خرچ تھا) لیکن
اگر یہ خرچہ پنجاب سے نہین دیا گیا تو بھی نتایج کے لحاظ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ انمین حد سے زیادہ کامیابی
ہوئی۔ ایسے اہم ملک مین یہ امر ہمیشہ بلکہ اکثر اوقات ضروری نہین ہے کہ لڑائی کا خرچہ اس لڑائی کے جائز یا ناجائز
ہونے کے حساب سے دیا جائے۔ لیکن اس بات پر غور کرنے سے اطمینان حاصل ہوتا ہے کہ سکھون کی دوسری
ص ۳۱۴ مین جو جبرا ہمکو لڑنا پڑین اور جو اصل مین مدافعت کی لڑائیان تھین علاوہ ان بیشمار فائدون کے جو مفتوح لوگونکو
پہونچے مالی معاملات کی طرف سے بھی کامیابی حاصل ہوئی۔ اور افغانہ کی لڑائیون مین جو بالکل فوج کشی کی

بنیاد پر تھین اور جسکی تاریخ سخت بیوقوفی اور بی انصافی کا الزام عائد کرتی ہے روپیہ کا اُسیقدر نقصان ہوا جسقدر کہ اُس غلطی کی پاداش مین لازم تھا۔ جنگ اول افاغنہ کی غلطیون اور جرمون کے نقصانات جو کل خزانہ ہند پر پڑے تھے ابھی تک وہ پورے نہین ہوئے اور دیکھیے دوسری لڑائی کے نقصانات کب پورے ہوتے ہین ۔

مین پنجاب بورڈ کے انتظام کا بیان اس سے بہتر طریقہ پر ختم نہین کرسکتا ہون کہ آخر مین یہ تین مضامین (یعنی اولا پورٹ پنجاب کا آخری فقرہ جسمکی نیابت پر زیادہ تر یہ باب لکھا گیا ہے ثانیاً لارڈ ڈلہوسی کی تحریر جو اُس فقرہ کی نسبت لکھی گئی تھی ثالثاً ڈیرکٹران انگلستان کا جواب) محول کرون ۔

اپنی واجبی ذاتی قدردانی کے جوش مین اور اسیطرح جھوٹے انکسار اور تکبر سے احتراز کرکے صاحبان بورڈ نے اپنی گزشتہ محنتون اور آیندہ امیدون کا خلاصہ حال اسطور پر تحریر کیا ہے ۔

بورڈ نے زمانہ الحاق سے لیکر اپنے تمام صیغون کے انتظام کی کیفیت اُسقدر اختصار کے ساتھ بیان کی ہی کہ اصل مطلب کے سمجھنے اور ہر شے کے علیحدہ علیحدہ ظاہر ہو جانے مین کوئی دقت نہ واقع ہو۔ یہ بیان کر دیا گیا ہے کہ کیونکر ملک کے اندر امن و امان قائم کیا گیا سرحد کی حفاظت کی گئی مختلف سرکاری محکمات قائم کیے گئے سنگین جرائم کا انسداد کیا گیا اور قانون تعزیرات نافذ کیا گیا اور جیلخانون مین ضابطہ مقرر کیا گیا کیونکر سول عدالتون کا انتظام ہوا۔ کیونکر ٹکس مقرر اور مالگزاری وصول کی گئی۔ تجارت کو آزادی اور زراعت کو مدد دی گئی۔ کیونکر آیندہ ترقی کے لیے تدبیر کی گئی اور بالآخر خزانہ کا کیونکر انتظام کیا گیا۔ جناب سملی اقتاب گورنر جنرل بہادر نے ملک کو دیکھا اور انتظامی عملہ کا بنفس نفیس ملاحظہ کیا ہے۔ اور حضور ممدوح اس امر کی نسبت راے دینگے کہ آیا گورنمنٹ کی خواہشین پوری ہوین یا نہین ملک زیادہ تر دولتمند اور رعایا زیادہ خوش اور آسودہ حال ہے۔ کوئی بڑا بھاری انقلاب اُسوقت تک نہین پیدا ہوسکتا جب تک کسی گروہ عوام کو نقصان نہ پہونچے گا۔ جب کسی سلطنت کو زوال آتا ہے تو اُسکے رئیسون اور کسیقدر اُسکے موید ون کو بھی نقصان پہونچتا ہے۔ کوئی ذی اختیار فرقہ یا جماعت جسکو کسی زمانہ مین ملکی اولوالعزمی یا مذہبی جوش رہا ہوگا وہ معمولی طور کی معاشرت اور عام شاغل زندگی کو بغیر اُسکے قبول نہین کرسکتی کہ اپنے ذی اختیار مگر خلایق دوست فاتحون سے کسیقدر ناراضی اور کچھ عداوت ظاہر کرے ۔ لیکن گمان غالب یہی ہے کہ انگریزی عملداری کے اثر سے جمہور عوام کی حیثیت اور اخلاقی حالت مین ترقی ہوگی۔ ص ۳۱

ارکان بورڈ اس امر سے چشم پوشی نہین کرتے کہ اُنھون نے اُس انتظام کی عملدرآمد مین اکثر گورنمنٹون کے تجربہ متعلقہ ملک ہندوستان کو پیش نظر رکھا علی الخصوص گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی کے ذریعہ سے اُنکو ایک نہایت عمدہ مثال ملی۔ جو کچھ عیوب ہین اُنسے بھی ارکان بورڈ چشم پوشی نہین کرتے لیکن اُسپر بھی وہ اس بات کے بیان کرنے کی جرات کرسکتے ہین کہ اس گذشتہ کارگزاری کے حالات سے اُنکو آیندہ کے لیے عمدہ امید پیدا ہوتی ہے ۔

(دستخط) ہنری ایم۔ لارنس پریسیڈنٹ بجانب لارنس پنجیر مجسٹریٹ فنگلرنی جنرل نمبر

مقام لاہور مورخہ ۹ اگست ۱۸۵۶ء

لارڈ ڈلہوسی رپورٹ مذکور کی نسبت طول طویل کیفیت لکھنے کے بعد مندرجۂ ذیل عبارت تحریر کرتے ہین اور ایسے بہت کم لوگ ہون گے جو غور و فکر کرنے کے بعد اسپر صاد نہ کرینگے۔

اس مفید اور خاطر خواہ نتیجہ پر آنریبل کمپنی ممبران بورڈ آف ایڈمنسٹریشن یعنی سر ہنری لارنس سر جان لارنس سر چارلس میٹکاف اور انکے جانشین سر فریڈرک گبنی کی خاص شکرگزار ہے۔ مین خود اپنی جانب سے نہایت پرزور طور پر ظاہر کرنا چاہتا ہون کہ ان نامی افسرون کی گورنمنٹ ہند شکرگزار اور انکی قابلیت مستعدی صواب دید رائے اور محنت و جانفشانی کی معرف ہے کہ انھون نے اپنی دشواری اور جوابدہی کے کام کو اسطرح سے انجام دیا اور مین کئی برس سے نہایت غور کے ساتھ شکرگزاری ان کارگزارون کو دیکھتا آتا ہون۔ مین استدعا کرتا ہون کہ وہ گورنر جنرل باجلاس کونسل کی کمال خوشنودی اور شکرگزاری قبول کرینگے۔ اور ساتھی اس کے مین اس بات کی اجازت طلب کرتا ہون کہ ان کارروائیون کی کیفیت آنریبل کورٹ آف ڈیرکٹرس کے غور اور ملاحظہ کے لیے پیش کرون۔

(دستخط) ڈلہوسی

۹ مئی ۱۸۵۳ء

بالآخر ڈیرکٹران ایسٹ انڈیا کمپنی نے جنکی نسبت انکے نامی گرامی اور خاص مشیر سر جان کے نے بہت واجبی طور سے کہا ہے کہ "وہ بہت اچھے مالک ہین لیکن کلمات تحسین کے استعمال کرنے مین سخت دلگرفتہ ہین" رپورٹ پنجاب اور اسکے متعلق لارڈ ڈلہوسی کی لکھی ہوئی کیفیت کے وصول ہونے پر کلمات تحسین ہی نہین استعمال کیے بلکہ اپنا سچا جوش ظاہر کیا۔ چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ۔

ہم اس امر کے بیان کرنے مین تاخیر نہ کرینگے کہ ہمکو اس عاقلانہ اور بدرجہ غایت کامیاب انتظام کی رپورٹ پڑھکر کمال اطمینان ہوا۔ الحاق پنجاب کے بعد جو قلیل عرصہ گزرا اسمین امید سے کہین بہتر نتائج پیدا ہوے جو برسون کی کوشش اور محنت کا ثمرہ معلوم ہوتے ہین۔ وہ ہیبتناک تعداد کی فوج جسکے ملحق کرنے مین اسقدر لڑائیون کی ضرورت ہوئی تھی خاموشی سے شکست کردی گئی اور اسکے مفسد سپاہی محنت و مشقت کے کامون مین مشغول ہوگئے۔ اب ملک بھر مین امن و امان اور آسودگی کا دور دورا ہے۔ اور جرائم کی تعداد شمار سے اور سوبون کے جہان عمدہ سے عمدہ انتظام ہوتا ہے بہت کم ہے۔ داور ہی کی ہر شخص کے لیے بغیر اسکے کہ اسکو ضوابط سرکاری مین زیادہ فکر کرنا پڑے آسانی ہوگئی۔ تجارت اور صنعت و حرفت بالکل آزاد ہوگئی۔ اس قسم کا کنٹس جس سے ظلم متصور تھا اور لوگون پر ایک بار عظیم معلوم ہوتا تھا بہت کچھ موقوف کر دیا گیا۔ سرکاری لگان جو پیشتر چنائی تھا اب اسکے بدلے نقدی مقرر کر دیا گیا اور قریب قریب کل ملک مین مالگزاری کا بندوبست مکمل ہوگیا۔ اور یہ بندوبست اس طور پر عمل مین لایا گیا کہ سابق کی نسبت بہت کم تخفیف مطالبہ سرکار کے متعلق کردی گئی۔ اثنائے بندوبست مین جو نازہ باتین پایہ تحقیق کو پہونچین انسے بہت کچھ فائدہ حاصل کیا گیا اور ہندوستان کے متعلق جو ہماری واقفیت ناقص تھی اور اسکی

ص ۳۱۶

وجہ سے خلیلیان ہوتی تھین اب بڑی ہوشیاری سے اسکے بارے مین کوشش کی گئی کہ وہ خلیلیان نہونے پائین - زراعت مین ایک بڑے درجہ تک ترقی ہوئی ہے - گو یہ سب اخراجات وقوع مین آئے تاہم سیول اور فوجی صیغہ کا خرچ منہا کرنیکے بعد پہلے سال ۵۲ دوسرے سال ساڑھے چوسٹھ لاکھ روپیہ کی بچت ہوئی ..... اس قسم کے نتیجون سے یونرلارڈ نیپ باجلاس گورنمنٹ اور گورنمنٹ ہند کے عام حسن انتظام کا بخوبی اثبات ہوتا ہے - ہم اگر اس بات پر نہ کرین تو بجا ہے کہ ہمارے سیول اور فوجی صیغون کے افسر ہم پہنچے جو اسقدر قلیل زمانہ مین ایسی عاقلانہ اور فیاضانہ تدبیرین عمل مین لاسکے - ان ادنی درجہ کے ماتحت افسران عامل نے اپنی کارگزاری مین وہ اعزاز حاصل کیا جو انکی عزت افزائی کی راہ دیکھ رہا ہے - میمبران بورڈ انتظامیہ یعنی سرہنری لارنس سر جان لارنس مسٹر ثامسن اور مسٹر بنسٹر گرنی نے اپنے تئین اس امر کا مستحق ثابت کردیا کہ وہ اعلی درجہ کے منتظمان ہند مین قرار دیے جائین -

مقام لندن مورخہ ۲۶ - اکتوبر ۱۸۵۲ء

ہم ہین آپ کے دوستان صادق

(دستخط) آرتھر ایلیس ہے - اوکلیفنٹن وغیرہ

اگر اس مقام پر کوئی نکتہ چین عداوتاً یا اور کسی طرح سے یہ کہے کہ لارڈ ڈلہوزی نے جو کلمات تحسین بورڈ کے بارے مین استعمال کیے تھے وہ اقل درجہ کچھ کچھ خاص لارڈ موصوف ہی کی کارگزاریون سے نسبت رکھتے تھے اور اسلیے انکی بابت لارڈ موصوف ہی کی تعریف ہوئی اور ڈائرکٹرون نے صرف رپورٹ کی تشریح کرنے والون ہی کی تحریر پر اپنی راے ظاہر کی انکو بذات خاص حقیقت حال سے چندان آگاہی نہ تھی تو شاید اسکے جواب مین صرف یہ امر کافی ہوگا کہ بلوہ ہندوستان کی طرف اشارہ کرکے پوچھا جائے کہ پنجاب کے انتظام کے متعلق جو کچھ صاحبان بورڈ نے اپنا تجربہ ظاہر کیا تھا آیا حرف حرف واقعات سے بھی اسکی تصدیق ہوگئی یا نہین - اگر اس انتظام مین کسی طرح کا نقص ہوتا تو اُس سخت آزمائش کے زمانہ مین ضرور اسکا حال کھل گیا ہوتا اور وہ حال اس نقص کو بالکل عیان کردیتا - ص ۲۱

لیکن اس مقام پر اتنا اور بیان کرنا دوسرے اشخاص کے لیے عموماً اور میرے نزدیک خصوصاً لطف خاص سے خالی نہین ہے کہ اُس شخص سے جسکو شاید منجملہ اور تمام اشخاص کے جو اسوقت بقید حیات ہین حقیقت حال پر سب سے زیادہ آگاہی حاصل ہے اور جو جان لارنس کے عمدہ ترین زمانہ ملازمت مین برسون انکا رازدار رہا ہے یعنی سر رچرڈ ٹمپل سے ایک مرتبہ کئی گھنٹہ تک بات چیت کرنے کے بعد روداد مین مین نے یہ پوچھا تھا کہ اتنے عرصہ دراز کے بعد اب غور کرنے سے آیا آپ کو یہ خیال گزرتا ہے کہ "رپورٹ پنجاب" کے کسی حصہ مین بے انتہا رنگ آمیزی کی گئی تھی اور اگر وہ دوبارا لکھی جائین تو آیا آپ یہ چاہینگے کہ اُسمین کچھ ترمیم کیجائے - سر رچرڈ ٹمپل سکریٹری بورڈ نہ تھے لیکن جیسا کہ باب آیندہ سے ظاہر ہوگا قطعی طور پر

اُسکے موقوف ہونے کے کچھ مدت پیشتر اُنھون نے سکریٹری کے ایک ضروری حصہ کا کام انجام دیا تھا۔ وہ علم اُنھین کا تھا جسنے لارنسون کے خیالات کو ضبط تحریر مین لانے اور اُنکی کارگزاریون کے درج کتاب کرنے مین زیادہ تر مدد دی اور یہ بھی لکھنے کی کچھ حاجت نہین ہے کہ بعد کو ہندوستان کا ایک گوشہ بھی ایسا نہین رہا جسکو اُنھون نے ملاحظہ نہ کیا ہو یا جو خاص اُنکے تحت حکومت نہ رہا ہو۔ پرانے زمانہ کے جہانگشت یونانیون کی طرح اُنھون نے ایسے ایسے شہرون کو دیکھا جہان مختلف قومون کے آدمی آباد ہین اور اُنکے خیالات سے آگاہی حاصل کی۔ وہ لارنس کے اکثر ہمعصرون کے بعد تک زندہ رہے اور ایک دوسری پشت کی حکومت یا خدمت کی جوانسے اور اُنکے ہمعصرون سے واقف نہین ہے۔ لیکن میرے سوال کا اُنھون نے یہ جواب دیا کہ "پورے ہمارے پنجاب" مین ایسا ایک لفظ بھی نہین ہے جسکو مین چاہتا کہ وہ نہ لکھا جاتا برخلاف اُسکے مین اس امر کو واجب سمجھتا ہون کہ اسوقت بورڈ کی کارگزاریون کو اُسوقت سے بھی زیادہ شد و مد کے ساتھ بیان کرون۔ اُس زمانہ کے بعد مین قریب قریب ہر صوبہ ہندوستان کی حکومت مین شریک رہا اور اب اُن سب گزشتہ باتون پر خیال کرکے مین آپکے ظاہر کرتا ہون کہ مین نے ایسی کوئی گورنمنٹ نہین دیکھی جسکا لارنسون کی حکومت پنجاب سے مقابلہ کیا جاسکتا ہو"۔

باب دوازدہم

ہنری اور جان لارنس ۱۸۴۹ء تا نہایت ۱۸۵۷ء

باب سابق مین جہانتک ہو سکا وضاحت اور اختصار کے ساتھ مین نے بورڈ انتظامیہ پنجاب کے نظر و نسق کی کیفیت بیان کی کہ کن کن باتون کے انجام کرنے کا ارادہ کیا تھا اور کن کن باتون کی تکمیل کردی۔ اسمین شک نہین کہ باب مذکور من حیث ہو ہو سیاق سوانح عمری کے مطابق نہین ہے کیونکہ اُسمین مین ایسی کوئی بات بہت کم بیان کرسکا جو خاص جان لارنس کے متعلق ہوتی اور اُنکے دوسرے شرکا سے اُسکو کچھ لگاؤ نہ تھا۔ امر مذکور مین دشواری اس وجہ سے لاحق ہوئی کہ ہر سہ ممبران بورڈ بالاشتراک کام کے ذمہ دار تھے اور انتظام یہ تھا کہ تمام ضروری تدبیرین اُنکے روبرو اُنکی مشترک حیثیت سے پیش ہون اور اُنکے کام کا قاعدہ یہ بندھا ہوا تھا کہ اصولاً ہر حالت مین وہ مشترک مقصد سے کارروائی کرتے تھے۔ پس مین اس بات کو پھر ایک مرتبہ بیان کرتا ہون کہ باب سابق سیاق سوانح عمری کے مطابق نہین ہے۔ لیکن اُس وجہ سے سوانح عمری ہذا کے لیے اپنی ضروری ہونے مین وہ کچھ کم نہین ہے۔ کیونکہ خانگی خطوط کی عدم موجودگی کی حالت مین ہم مجبور ہین کہ زیادہ تر جان لارنس کی کارروائیون سے اُنکی نسبت اپنی رائے قائم کرین۔ اور اُنکو جو شہرت حاصل ہوئی میرے نزدیک اُنکا اصل باعث یہی ہے کہ ان ایام مین اور بعد کے جب اُنکو بذات واحد ذمہ داری اور اختیار

حاصل ہوا وُاسوقت بھی اُنھون نے پنجاب مین ایسی ایسی کارگزاریان کین۔ اور یہی وجہ ہے کہ جب فساد برپا ہوا تو وہ اُسکا مقابلہ اور استیصال کرسکے۔ اگر وہ پیشتر سے اپنے زبردست انتظام سے بھی بڑھکر کوئی بات نہ کرسکے ہوتے تو اُنکا زبردست انتظام بھی اُس نازک زمانہ مین پنجاب کو اپنے پنجہ مین نہ رکھ سکتا۔ بلوہ ہندوستان کا استیصال جسکے فخر کی بات ہے لیکن جس بات سے اُس استیصال کا حصول مین آنا پیشتر ہی سے ممکن معلوم ہوسکا اُسکے افتخار کا پایہ اور بھی بڑھگیا ہے

اب اس باب مین یہ مقصد ہے کہ اُس زمانہ انتظام بتوزیز (مارچ ۱۸۴۹ء تا نہایت جنوری ۱۸۵۲ء) تک کے متعلق جان لارنس کے وہ حالات بیان کردون جو اُنکے ذاتی اور خانگی معاملات سے زیادہ تر خصوصیت رکھتے ہین۔ اور اُنکی خاص کارگزاریون کو زیادہ وضاحت کے ساتھ ظاہر کردون۔ اور اس مقصد کے لیے اُنکی نیم سرکاری چٹھیون کے ایسے مضامین اقتباس کرکے درج کردون جو ہر زمانہ مین مذاق پیدا کرسکتے ہین — ص ۲۱۹

ایک اعتبار سے یہ اُنکے نہایت رنج یعنی دونون بھائیون کی مفارقت (جو ناگزیر اور لاعلاج تھی) کا زمانہ ہے جو ایسے لائق اور عالی ہمت اور اپنے فرائض منصبی مین سرگرم تھے اور اُنمین سے ہر ایک دوسرے بھائی پر اسطرح سے جان دیتا تھا کہ اسطرح کے بھائی بہت کم نکلینگے۔ لیکن وہ معاملہ ایسا نہین ہے جسکے قلم انداز کرنے کا مجھکو اختیار ہو برٹرین مرویل صاحب نے بحیثیت سوانح نگار سر ہنری لارنس نہایت قابلیت اور انصاف کے ساتھ اپنے مذاق کے مطابق اسپر بحث کی ہے اور اب میرے لیے یہ لازم ہے کہ حتی الوسع نہایت عمدگی کے ساتھ بحیثیت سوانح نگار جان لارنس اپنے مذاق کے موافق اُسکے بارے مین طبع آزمائی کردون۔ خوش قسمتی سے مجھکو کسی ایسے امر کے مخفی رکھنے کا میلان نہین پیدا ہوتا ہے جو دونون مین سے کسی بھائی کی حقیقت حال کا اظہار کرتا ہو۔ دونون کے حالات صاف صاف بیان کردیے جائینگے۔ دونون مین سے کسی کے حالات عیوب سے پاک نہ پائے جائینگے اور مین باتون کو مین عیوب قرار دیتا ہون اُنکے بھی بلا تکلف اور بلا روروعایت بیان کردینے کی کوشش کرون گا کیونکہ دونون بھائی اپنے سوانح نگارون سے اسی امر کے خواہشمند ہوتے۔ لیکن ایسی کوئی بات ہی نہین ہے جسکے بیان کرنے مین کچھ پس وپیش کی حاجت ہو یا جو دونون مین سے کسی کے لیے (گو وہ کیسی ہی ودیعت کیون نہو) نامدوح ہو۔ مثل مشہور ہے کہ آنرا کہ حساب پاک از محاسبہ چہ باک۔

جان لارنس کا بیان مارچ ۱۸۴۹ء تک لکھکر ہم نے چھوڑا تھا جب وہ اطمینان (بشرطیکہ اطمینان کا لفظ اُنکی محنت شاقہ کے زمانہ کی نسبت صادق آسکتا ہو) کے ساتھ اپنے اہالیان خاندان مین رہتے تھے بعد اُسکے اپنے درخواست طلب عہدہ قائم مقامی لاہور سے تخلصی حاصل کرکے اپنے اہل وعیال سمیت اس اُمید پر کشمیری جالندھر کو واپس آئے کہ بہار کی چھاؤنی دھرم سالہ مین کچھ دنون تک اپنے اہل وعیال کے ساتھ سیر و تفریح مین بسر کرینگے۔ اُس نواح مین شکار کثرت سے تھا اور خوش قسمتی سے مین اُنکے

ایام شکار کا ایک دلچسپ واقعہ قریب قریب اُنھیں کی عبارت مین بیان کرسکتا ہون وہ ہنا —

۱۸۴۱ء کا ذکر ہے کہ میرے بھائی رچرڈ میرے اہل وعیال اور مین خود کوہستان کے ایک مقام کو جو دھرم سالہ کے نام سے مشہور اور کانگڑہ کے قریب واقع ہے گیا — وہان کے نواح مین ریچھ کا شکار بہت کثرت سے تھا اس لیے ایک روز رچرڈ اور جارج کرسچین اور مین بہت سے اور ہمراہیون سمیت جو جھاڑیون کو ہلاکر جانورون کے نکالنے کے لیے ساتھ گئے تھے باہر نکلا — تھوڑے ہی دیر کے بعد ہلوگون کو دریافت ہوا کہ ایک بڑا بھاری ریچھ ایک غار مین چھپا ہوا ہے — اس بات کی بڑی کوششین کی گئین کہ وہ باہر نکلے مگر کسیطرح سے نہ نکلا — تاآنکہ ایک پہاڑی آدمی نے کسی نہ کسی طور پر پیچھے سے ایک برچھا اسکے اندر چلایا پہلے تو یہ معلوم ہوا کہ ریچھ کو اس سے کچھ صدمہ نہین پہونچا لیکن آخر کو جب وہ بار بار وہی آزمائش کرنے لگا تو یہ چھ چوٹین کھاکر ایک مرتبہ باہر نکل پڑا اور اپنے دشمنون پر دوڑا — مین نے نگاہ پڑتے ہی اُسپر گولی ماری لیکن وہ گولی سے صرف زخمی ہوکر رہگیا گرانہین — مگر زخم کی وجہ سے اور بھی زیادہ طیش مین آگیا — وہ میری طرف دوڑا — نیچے ہٹنے مین میرا پاؤن ٹھوکر کھاگیا اور مین ٹیلہ پہاڑی پر کانٹون مین ڈھلکتا ہوا نیچے جارہا — آناً فاناً وہ میرے اوپر آن پہونچا اسکی گرم سانس میرے چہرہ پر محسوس ہونے لگی اور مین سمجھا کہ بس اب میرا خاتمہ ہوگیا — لیکن میرے ساتھی مجھکو بچانے دوڑے اور ریچھ خوف کھاکر ایک ایک کو دیکھنے لگا کہ کس پر حملہ کرون لیکن قبل اسکے کہ رچرڈ لارنس اُسپر گولی چلائین اُسنے ایک دراز قد خوبصورت ہندوستانی سپاہی کو دھردبوچا اور اسکی ناک صاف چہرہ پر سے اوتار لی — اب میرے بھائی کی گولی چلگئی لیکن اس مرتبہ بھی وہ صرف زخمی ہوکر رہگیا — خوش قسمتی سے مین نے اتنے عرصہ مین پھر اپنی بندوق تیار کرلی تھی اور ایک گولی اُسکے سر مین مار کر اسکا کام تمام کردیا کیونکہ گولی اُسکے مغز کے اندر رہگئی — مین نے فوراً ایک شخص کو اپنے مکان کی طرف روانہ کیا اور اس سے جو بھیجا کہ کہدیا کہ میم صاحب سے کہدینا کہ پٹیان اور دوسری ضروری چیزین تیار کرکھین گی — لیکن دیکھو کہین یہ نہ کہنا کہ مین زخمی ہوگیا ہون — ادھر تو مین نے آدمی کو مکان پر روانہ کیا اور اُدھر اُس بیچارے کو ایک ٹکٹکی پر لٹاکر ہم سب لوگ بھی گھر کی طرف چلے اس بیچارے کے شدت سے درد تھا اور اُسکا چہرہ بالکل بگڑ گیا تھا — لیکن اُسکو بجز اس بات کے اور کچھ تردد نہ تھا کہ اُسکی شادی عنقریب ہونے والی تھی اور اُسکو اندیشہ تھا کہ شاید اُسکی نوجوان نیکبخت اُسکو دیکھکر اُسکو قبول نہ کرے — مین نے اُسکی بہت کچھ تسلی اور تشفی کی لیکن کچھ فائدہ نہوا —

اس اثنا مین وہ آدمی میرے مکان پر پہونچ گیا تھا اور اُسنے میری زوجہ کو میرا پیام دیکر یہ بھی کہدیا تھا کہ مین زخمی ہوگیا ہون — سلام نہین اُس بدمعاش کو یہ کیا سوجھی لیکن ہان اتنا البتہ ہوا کہ میری میم صاحب بالکل ہول کھاگئین اور کیپٹن اور اپنی اِن دونون بیٹیون کو لیکر میرے ملنے کے لیے روانہ ہوئین — جب اُنھون نے لوگون کو ٹکٹکی لاتے ہوے دیکھا تو وہ سمجھین کہ بس میرا کام تمام ہوگیا لیکن اُنھون نے اور لوگون کے درمیان مجھکو بھی آتا ہوا دیکھکر فوراً پہچان لیا اور جب مین نے کہا کہ مین بخوبی تندرست اور صحیح ہون تو اُنکو اس بات کا یقین نہ آیا — ہم سپاہی کو اُنکے نیچے مین لٹکائے اور ہانپتے

ص ۴۲

خاص ڈاکٹر نے فوراً اسکے زخم دیکھے مگر یہ رائے دی کہ اسکی صورت اب عمر بھر اسی طرح سے بگڑی ہوئی رہیگی۔ اب میرے دل مین یہ خیال آیا کہ ایک ویسی ڈاکٹر اس نواح مین اس بات کے لیے بہت مشہور تھا کہ وہ ناک کا زخم اچھا کرکے چہرہ کو اصلی ہیئت پر بنا دیتا تھا۔ مین نے پیشتر کبھی اس امر کی طرف توجہ نہین کی تھی لیکن اب مجھکو یہ خیال آیا کہ سب کے پہلے اسی کو بلانا اور اس بات کو آزمانا چاہیے کہ میری خدمت مین جس سپاہی کی ناک زخمی ہوگئی ہے اسکا وہ کسطرح سے علاج کرتا ہے۔ چنانچہ مین نے اسکو طلب کیا اور اسکو مریض کے دکھانے کے لیے اپنے ساتھ لیگیا۔ اسنے کہا مین ایک نئی ناک ایسی بنا دون گا جو اسکی اصلی ناک سے کہین عمدہ ہوگی۔ مین نے اس سے کہا کہ تم اپنا کام شروع کرو اور اسنے میرے کہنے کے ساتھ ہی زخمی سپاہی کی پیشانی سے مثلث کی شکل کی تھوڑی کھال کاٹ ڈالی۔ اس کھال کو اسنے اسی مقام پر جہان ناک کو ہونا چاہیے تھا لگایا اور بعد اسکے اسکے چہرہ کی کھال کو کبھی اس طرف اور کبھی اس طرف سے کھینچنا شروع کیا تاکہ اس آدمی کے چہرہ پر ناک کے طور کا کچھ چمڑا ابھرا ہوا دکھائی دینے لگا۔ ایک ہفتہ تک برابر وہ اسی طرح سے کھال کو کھینچتا رہا اور آخر کو ایک ایسی ناک اسکے چہرہ پر پیدا کردی جو اگر اسکی اصلی ناک کی ایسی عمدہ نہ تھی تو ایسی بھی نہ تھی کہ ظاہر مین کوئی شخص اسکو مصنوعی تصور کرسکتا۔ اب یہ نہ پوچھیے کہ سپاہی کس قدر خوش ہوا علی الخصوص اس سبب سے کہ اسکی نوجوان بی بی نے بالکل اصلی ناک کے طور پر اس نئی ناک کو پسند کیا۔ مجھکو یقین ہے کہ اسنے اس شخص کو ضرور ایک بہادر آدمی خیال کیا ہوگا۔ ص ۳۱۱

سپاہی کا تو یہ حال ہے مگر خود جان لارنس ہی بال بال بچگئے۔ جانرج کرسچین نے جو اس غول کے ساتھ تھے اپنے چیف سے کہا کہ "جب مین نے دیکھا کہ یہ پھر اور آپ ٹہلتے ہوے چلے جاتے ہین تو مین اپنے دل مین تصور کرنے لگا کہ میری ترقی کی ترازو جھونکے کھا رہی ہے"۔ اسپر انکے چیف نے کہا کہ "ارے بچہ جی تم بڑے گرو ہو"۔ اور جسوقت وہ اس قصہ کو بیان کیا کرتے تھے تو کہتے تھے کہ جب لڑ مکنے کے بعد مین سنبھل کر کانٹون مین کھڑا ہوا تو اسوقت سپاہی کی طرح میرے تمام بدن پر کانٹے ہی کانٹے معلوم ہوتے تھے چنانچہ میری میم صاحبہ کو میرے سر کے کانٹے نکالتے ہوے ایک ہفتہ گزر گیا تب وہ نکلے۔

انگلیشیو اور اینڈرسن صاحب کے لمان مین قتل ہونے اور قریب الوقوع طوفان کی گھڑگھڑاہٹ پنجاب مین بلند ہونے سے جان لارنس کو ریچھ کا شکار چھوڑکر اس سے زیادہ اضطراب انگیز کیفیتون کے موقع پر جانے کی ضرورت پڑی۔ اہل و عیال کو انھون نے رہنے دیا اور ہدایت کردی کہ جسوقت مین خبر بھیجون تم فوراً امیدانی ملک کے کسی محفوظ مقام کو چلے جانا۔ یہ دھرم سالہ کی چھاونی بہت عمدہ جگہ تھی اور وہان کے پہاڑی لوگ یعنی گورکھے سیدھے سادے اور دلپسند لوگ تھے۔ چنانچہ پہلے پہل اس مقام پر لارنسون کے آنے کی ایک چھوٹی مگر پرتاثیر کیفیت بیان کیجاتی ہے۔ جان لارنس اپنے بھائی کی مدد کے لیے لاہور کو گئے اور اس چھوٹے سے مقام مین انکی میم صاحبہ رہگئی تھین اور سوائے انکے کوئی دوسرا انگریز وہان نہین تھا۔ چنانچہ

اس لحاظ سے وہ چلتے وقت اُسی جگہ کے ایک مقدم موضع سے کہہ گئے تھے کہ تم میری میم صاحبہ کی خبر لیے رہنا اور اس بات کا خیال رکھنا کہ انکو کسی شے کی دقت نہ ہونے پائے۔ یہ بوڑھا آدمی انوکھی وضع کی پہاڑی پونی پہنکر اکثر انکے دیکھنے کے لیے آیا کرتا تھا۔ ایک بڑا بھاری جبّا یا لمبا کرتا کمر پر تسمہ سے بندھا ہوتا تھا اور اس لمبے چغے کرتے کے نیچے سے لگڑیان یا بُھٹیے یا اسی طرح کے اور بیشمار تحائف اور کبھی کبھی کوئی چڑیا یا بکری کا بچہ بھی دیا کرتا تھا اسکو میم صاحبہ کا بڑا خیال رہتا تھا اور ہمیشہ نہایت مہربانی اور اخلاق ظاہر کیا کرتا تھا۔ اُسنے یہ خیال کر کے کہ میم صاحبہ اکیلی گھبراتی ہون گی ایک خیمہ خُفیہ اُنکے شوہر جان لارنس کو بمقام لاہور روانہ کی اور اُسپر لکھا کہ میم صاحبہ اُداس رہتی ہین ہمیشہ سر نہوڑائے رہتی ہین اسلیے مین آپکو صلاح دیتا ہون کہ جسقدر جلد ممکن ہو آپ اُنکے پاس چلے آئیے ورنہ چکور کی طرح اوڑکر یہان سے چلدینگی اور پھر آپ کو پتہ بھی نہ ملیگا کہ کہان گئین۔ الغرض اس سیدھے سادے اور نیک مخلص آدمی کو اسطرح کا انوکھا وسوسہ پیدا ہوا تھا۔ ص۳۲۲

لیکن اس مقدگودی کی خبر گیرون سے بھی دھرم سالہ ایک ایسا محفوظ مقام نہین ہوسکتا تھا کہ ۱۸۴۸ء کے فصل گرما مین مسٹر جان لارنس وہان رہ سکتین۔ کیونکہ بہتیرے پہاڑی سردار بلوہ کرنے کی تیاری مین تھے اور اُنکے شوہر نے بعجلت تمام اُنکو خبر دی کہ بہتر ہوگا کہ تم کوہستان قلعہ کانگڑہ کو چلی جاؤ جہان میرے بھائی پرجُدّ تمھاری مدد کرینگے۔ کانگڑہ وہان سے صرف ۱۲ میل کے فاصلہ پر تھا لیکن سفر اسان نہین تھا اور اسواسطے اُنکے طے کرنے مین بہت زمانہ صرف ہوا۔ اُنکو جھپان کی سواری پر جانا پڑا۔ راستہ مین کئی نالون سے جو طغیانی پر تھے عبور کرنا پڑا اور ان نالون کے عبور کرنے مین کہارون کو جھپان کا مندھے پر رکھکر لیچلنے کے بدلے سر پر اوٹھا کر کے لیچلنا پڑا اور دوسرے آدمیون کو اُنکی مدد کے لیے ادھر ادھر چلنا پڑا تاکہ وہ کہارون کو سنبھالے رہین اور اُنکے پاؤن لغزش نہ کھائین۔ قبل غروب آفتاب یہ مسافر لوگ بخیر و عافیت قلعہ کانگڑہ کی دیوارون کے قریب پہونچگئے اور وہان پہونچنے کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد جان لارنس کے پاس سے اور خبر آئین کہ تملوگ ہوشیار پور اور جالندھر کو چلے آؤ۔ یہان اُنھون نے میم صاحبہ کے لیے ایک مکان لیا تھا اور وہی اُنھون نے اپنی نند مسٹر بارٹن کے ساتھ جنکے شوہر مع چلیان والا مین جان لارنس کے شریک تھے فصل سرما بسر کی۔ اس فصل سرما مین جان لارنس جو اوپریان کی ہوئی بیشمار مہمون مین فوج کے ساتھ رہے تھے عارضی طور پر کئی مرتبہ میم صاحبہ کے دیکھنے کو آیا کیے۔ لیکن آغاز موسم بہار مین انکو اپنے بھائی ہنری سے جو ابھی حال مین انگلستان سے آئے تھے ملنے کے لیے لاہور جانا پڑا۔

آخر مارچ مین ملک پنجاب داخل سلطنت انگریزی کیا گیا اور جان لارنس کو یہ دیکھکر کہ وہ جدید بورڈ انتظامیہ کے ممبر مقرر ہوئے کسیقدر اطمینان ہوا جیسا کہ اُنکی چٹھیون سے ثابت ہوتا ہے۔ گرمی کی فصل بہت تیزی کے

ساتھ چلی آتی تھی اور ریذیڈنسی مین اُسوقت انتہاے مرتبہ کا کام انجام کرنا تھا چنانچہ اس بات کو جیسے عمدہ طور کلائیو نے بیان کیا ہے ۔ پچاس افسرون کے قریب اپنے اہل وعیال سمیت ہندوستان کے مختلف حصون سے روانہ کیے گئے تھے جنکو حکم تھا کہ وہان کے بے سڑک راستون اور مخدوش ملک سے ہوکر جسقدر جلد ممکن ہو اپنے اپنے منازل مقصود مین پونچائین ۔ برادران لارنس اور انکے سکریٹری ہر گھنٹہ مین پورے ۶۰ منٹ برابر کام کرتے رہتے تھے جیسا کہ ہمکو بخوبی یقین ہے ۔ ریذیڈنسی کا ہر ایک کمرہ اور ہر ایک خوابگاہ آدمیون سے بھری ہوئی تھی بلکہ جسقدر جگہ تھی اُس سے کہین زیادہ آدمی تھے اور ہر مقام پر ایک ہجوم مجتمع تھا ۔ لیڈی لارنس کہتی ہین کہ باوصف اُس شدت کی گرمی اور شور وغل کے ہلوگون کو کام کی کثرت اسقدر تھی جس سے شائد بیمار پڑجانے کا اندیشہ پیدا ہوسکتا تھا ۔ ان ایام مین طلسماتی طور پر کام ہوتا تھا اور اسمین شک نہین کہ مجھکو وہ ایام بڑی خوشی کے ساتھ یاد رہینگے ۔ جن اپنے شوہر کے ساتھ شام کیوقت سیر کے لیے نکلنا اُس زمانہ مین کیسا غنیمت سمجھتی تھی اور وہ بھی اُن ایام مین کیسے قوی اور توانا تھے ۔ باوجود کثرت کار کے اُنھون نے میری جانب سے کبھی عدم توجہی نہین کی اور ہمیشہ مجھکو میرے کاروبار مین مدد دیتے رہے اور باوصف اپنی کثیرالاشغالی کے وہ اپنے بھائی کے خانگی معاملات کو بھی دیکھتے بھالتے رہتے تھے ۔ اسمین شک نہین کہ جیسا اُنکے بھائی کا قول تھا وہ اپنے عیال واطفال کے لیے ایک حبہ بھی پس انداز نہ کرسکتے اگر جان نے اُنکو ہر طرح سے مدد نہ دی ہوتی ۔ میرے شوہر جو اپنی جیب خاص کے روپیہ مین ہمیشہ کشادہ دل رہے اور دوسرون کی مدد مین تلے رہے اپنی ذات خاص پر بہت کم خرچ کرتے تھے اور سرکاری روپیہ کے بچانے مین بڑی کفایت شعاری کرتے تھے ہر شخص پر زور ڈال کر یہی کہتے تھے کہ نوٹحقہ صوبہ کے انتظام مین نہایت سلامت روی کے ساتھ چلنا چاہیے ۔ لیکن یہ ایک ایسی مشہور بات ہے جسکے متعلق میرے بیان کی کچھ حاجت نہین ہے ۔ مجھکو صرف یہ بات ظاہر کرنا مقصود ہے کہ دوسرون کے لیے تو وہ بڑی کفایت شعاری کرتے تھے لیکن اپنا روپیہ یا وقت یا تکلیف کسی کی مدد کرنے مین اُنکو عزیز نہین تھی ۔

بورڈ کے اجلاس ہوا کرتے تھے اور صدہا قسم کی باتین ایسی پیش ہوتی تھین جنپر فوراً توجہ کرنے کی حاجت تھی ۔ سر ہنری لارنس کے متعلق بحیثیت پریسیڈنٹ نوٹحقہ صوبہ کا وہ کام تھا جو ہندوستان مین چیف کمشنر (بمقابلہ ہوا کہلاتا ہے ۔ گورنمنٹ عالیہ سے خط کتابت کرنے کا اختیار اُنھین کو تھا اور لارڈ ڈلہوسی کی دلچسپ اور فرحت انگیز چیزین جو میرے سامنے رکھی ہوئی ہین اور ہر روز ایک ایک یا بعض اوقات دو دو اور تین تین الحاق کے چند مہینے پیشتر اور چند مہینے بعد ہنری لارنس کے نام آتی ہین اُنسے دوسرے کا غذات کی عدم موجودگی کی حالت مین بخوبی تمام ظاہر ہوسکتا ہے کہ ہنری لارنس کو بحیثیت پریسیڈنٹ اور بعد اُسکے دوسرے ممبران بورڈ کو کس کس طرح کی مختلف اور دشوار خدمتین انجام کرنا ہوتی تھین ۔ سکھون کی فوج کو موقوف کرنا اور بعد اُسکے اُسمین سے چیدہ چیدہ اشخاص کو پھرتی کرنا رعایا سے ہتیار رکھوانا معزول سردارون کے ساتھ برتاو کرنا غیر قواعد دان سپاہ کو بھرتی کرنا فوج کے

ص ۳۲۳

چھاونیون اور سپاہیون کے لیے باغات کی جگہین تلاش کرنا گاڈیرش اور انجینیرون کے لیے بندوبست کرنا کپتان گنگھم کو حسب الحکم صاحبان ڈائرکٹران کی عاقلانہ اور انصافانہ تاریخ قوم سکھ کی اشاعت کی بنیاد پر (شائد یہ تاریخ نہایت ہی سچائی سے لکھی گئی تھی) موقوف کرنا مولراج کے مقدمہ کی تحقیقات کرنا خرد سال مہاراجہ کی خبر گیری اور مہارانی کا بھاگنا جواہرات راج کا حفاظت سے حراست مین رکھنا (جسکا مفصل حال آگے بیان کیا جائیگا) آفریدیون کی شورہ پشتیان جو بقول لارڈ ڈلہوسی "ایک بدمعاشون کا گروہ" تھے دور کرنا اور سر چارلس نیپئیر جو کل انتظام پنجاب پر حملہ کرنے والے تھے اسکے لیے تیاریان کرنا یہ چند باتین منجملہ ان بیشمار امور کے ہین جن پر لارڈ ڈلہوسی کی چٹھیون مین بحث کی گئی تھی اور وہ سب باتین بحیثیت ممبر تزک جان لارنس کے روبرو پیش ہوتی تھین گو انکو جان لارنس نہین بلکہ انکے بھائی پیش کرتے تھے۔

جان لارنس کی خاص خدمات سول انتظام علی الخصوص بندوبست مال کے متعلق تھین۔ یہ ایک ایسا کام تھا جسکے انجام کرنے کے لیے اپنی اعلی درجہ کی تعلیم سول سروس کی وجہ سے وہ بالتخصیص موزون تھے۔ سالہا سال تک پانی پت مورگرگانون اٹاوہ اور دہلی کے ضلعون مین رہکر جو تجربہ انھون نے حاصل کیا تھا اب اسکا ثمرہ (ثمرہ سے مراد یہ نہین ہے کہ انکو اب آرام تھا بلکہ اور دوچند کام اور ذمہ داری انکے ذمہ عائد تھی) اٹھاتے تھے۔ انھون نے ہر درجہ کے ہندوستانیون مین رہ کر اور ان سے واسطہ قریب رکھکر جو واقفیت پیدا کی تھی (اور یہ واقفیت سوائے اس طریقہ کے اور کسیطرح حاصل نہین ہوسکتی) اور جسکو انھون نے ہمیشہ حفظ رکھا اور اسکی مزاولت ترک کرکے کبھی انکو دل سے فروگذاشت نہین ہونے دیا اب اسکی اعلی مرتبہ کو ضرورت ہوئی۔ مالی پیمائش اور ترمیم بندوبست کے اسرار انکے نزدیک اسرار نہین رہگئے تھے کیونکہ انمین جسطرح کی دقتین پیدا ہوتی ہین ان سب دقتون سے عرصہ تک انکو مقابلہ کرنا پڑا اور اس مقابلہ مین وہ کامیاب ہوئے۔ سر جان کے جو دونون بھائیون کے دوست تھے لکھتے ہین کہ۔

انکو خوب معلوم تھا کہ محالات کی حدبندی کیونکر ہوتی ہے۔ انکی پیداوار مین ترقی پیدا کرنے کا کیا ذریعہ ہے اور اسطرح سے مالگزاری سرکار وصول کرنے کی کیا تدبیر ہے جسمین سرکار کا بے انتہا فائدہ ہو اور رعایا کے حق مین ذرا بھی نقصان نہ ہونے پائے۔ اور اس وسیع تجربہ کے سوا انمین اعلی درجہ کی استعداد اور چابکدستی بھی موجود تھی سائنین جو انون کی ایسی اولوالعزمی اور بوڑھون کا ایسا تجربہ تھا اور کینہ اور بدگوئی کے بارے مین کوئی بات انکے متعلق نہین کہی جاسکتی سوائے اسکے کہ وہ جان لارنس کے بھائی تھے۔

فی الواقع پنجاب مین اسقدر کام انجام کرتا تھا کہ اس تمام تجربہ تمام استعداد اور اس تمام سرگرمی کی بدرجہ غایت اس کام کے لیے ضرورت تھی۔ حکمت عملی معاملات کے متعلق دونون بھائیون کا باہمی اختلاف رائے بہت

جلد آشکار ہونے لگا یا یوں کہیے کہ چونکہ اب دونوں شخص برابر کی کرسی پر ایک میز کے پاس بٹھائے گئے تھے تو اسمیں سے وہ اختلافات اور بھی شدت کے ساتھ ظاہر ہونے لگے۔ ان اختلافات مین کبھی رنگ آمیزی نہین کی گئی برخلاف اسکے دونون نے ایک دوسرے کے اختلافات کو قرار واقعی جائز گردانا چنانچہ جان لارنس کی ان چیزون سے جو انکے بھائی کے نام لکھی گئی تھین اور جنکا اقتباس مین اوپر درج کرچکا ہون یہ امر بخوبی تمام ثابت ہے۔ علاوہ برین جب تک الحاق پنجاب عمل مین نہین آیا تھا صرف اسکی تجویز ہورہی تھی اُسوقت تک جاگیرون اور دیسی رئیسون کے حقوق و منصب کے بارے مین دونون کے درمیان جو تکرار پیدا ہوئی وہ صرف علمی طور کی تھی عمل نہین تھی لیکن اب پنجاب کا الحاق ہوگیا تھا اور جو مسائل پیش ہوتے تھے وہ واجب العمل بحیثیت معاملات کی مد مین داخل کیے جاتے تھے۔ اور اختلافات زیادہ زور کے ساتھ ظاہر کیے جاتے تھے۔ دونون بھائیون کا مزاج تیز تھا اور تیزی کا مزاج اور بھی کم اختیار مین تھا۔ ہر ایک روشن دماغ اور ارادہ مین پختہ تھا۔ بورڈ مین ہر ایک کو بدرجہ مساوی کلام کرنے کا منصب حاصل تھا اور ہر ایک اپنی جو رائے قائم کرتا تھا اسکے قرین مصلحت اور صائب ہونے کا قوی یقین رکھتا تھا۔ لیکن یہ اختلافات بمنزلہ اسکے تھے جیسے کوہ آتش فشان مین آتش فشانی کے قبل پہلے کچھ گھڑگھڑاہٹ کی آواز آتی ہے اور اسکے بعد مہینون تک بلکہ سال سال بھر (اور بعض اوقات مطلق) مادۂ آتش فشان خروج نہین کرتا اور اس آتش فشان بورڈ کی بعض ابتدائی مجلسین بڑی دنگل کی منعقد ہوئی ہونگی۔

ذیل مین اسکی ایک مثال بیان کیجاتی ہے۔ فرمان الحاق کے صادر ہونے کے کچھ ہی پیشتر لارڈ ڈلہوزی نے ہنری لارنس کو لکھا تھا کہ ریاست کے جو جواہرات عنقریب ضبط سرکار ہونے والے ہین انکی حفاظت کا ہر طرح سے بندوبست کیا جائے اور پھر بتاریخ ۲۷ اپریل جب مہارانی کے بارے مین جو ہمارے ہاتھ سے نکلکر چلی گئی تھی لارڈ موصوف نے چٹھی لکھی تو اسمین درج کیا کہ "یہ واقعہ اگر آج کے تین مہینے پیشتر گذرا ہوتا تو اس سے بڑی تکلیف واقع ہوئی ہوتی۔ اب اس سے کچھ خلل نہین پیدا ہوسکتا۔ ساتھی اسکے یہ ایک نامحسن بات ہوئی اور مجھکو واقعہ مذکور سے رنج پیدا ہوا۔ جس حالت مین محافظ لوگ ایسے بے اعتماد ہین تو مجھکو امید ہے کہ وہ جواہرات اور املاک لاہور اچھی طرح سے حفاظت مین رکھے جائینگے جو ضبط سرکار ہون گے اور اگر وہ اُنکے تو مہارانی کے بھاگ جانے کی نسبت وہ ایک بڑا سنگین معاملہ ہوگا"۔ یہ بات اکثر وقوع مین آچکی ہے کہ جب ہماری سلطنت مین جو خواہ تفویض خواہ انقضاے میعاد معینہ خواہ جزبہ الحاق سے اسقدر جلد بڑھتی جاتی ہے کوئی نیا صوبہ شامل ہوا تو ریاست مذکور کے زر و جواہرات غائب ہوگئے۔ میرے سامنے جو چٹھیان رکھی ہوئی ہین انمین اس بات کو پڑھکر ہنسی آتی ہے کہ بارہا مجھ یہ خیال کیا گیا کہ لمحہ ریاستون مین بڑا مال واسباب نکلے گا اور تلاشی کے وقت بالکل خزانہ خالی اور زر و جواہرات غائب پائے گئے تو ہمارے افسرون نے

ملکان سابق کی فضول خرچی خواہ غارتگری خواہ لاپروائی پر کیسا غصہ اور طیش ظاہر کیا۔ اسلیے اس معاملہ مین بڑی احتیاط درکار تھی خاص کرکے اس خیال سے کہ عدیم المثال الماس موسومہ "کوہ نور" بھی انھی مین تھا اور اسکی نسبت یہ ارادہ تھا کہ خرد سال مہاراجہ خوشی سے ملکہ انگلستان کو نذر کرے گا۔

اس بے نظیر الماس کی ابتدا کا اصل حال اسوجہ سے کچھ نہ معلوم ہوا کہ خدا جانے کس کس زمانہ کی کہانیان اس سے منسوب کیجاتی ہین۔ پہلے پہل ہندوستان پر جب تاتاریون نے حملہ کیا تھا تو یہ انکے ہاتھ آیا تھا اور انسے مغلون کے پاس پہونچا۔ عظیم الشان شاہنشاہ بابر نے جو مشرقی بادشاہون مین سب سے زیادہ ہر دل عزیز تھا یان کیا ہے کہ "میرے بیٹے ہمایون نے ایک راجہ کو شکست دیکر اسکے مال غنیمت مین ایک ایسا ہیرا حاصل کیا ہے جو تمام عالم کے نصف روزانہ خرچہ کے قیمت کے برابر ہے"۔[1] اسکے سوایا دو سو برس بعد ایرانی فاتح نادر شاہ نے بابر کی ایک مقتوح اولاد کے سر مین اسکو چمکتا ہوا دیکھکر عامیانہ ظرافت اور کسیقدر اپنے مطلب سے بھی کہا کہ "ہمارے آپ کے دوستی رہے گی لائے اس دوستی کے استحکام کے لیے اپنی اپنی پگڑی بدل لین"۔ چنانچہ فی الواقع پگڑی بدلوّل ہوگئی۔

اسکے بعد جب افغانی فتح احمد شاہ کی باری آئی تو اسنے نادر شاہ کے وارثون سے اسکو چھین لیا اور اسطور پر وہ شاہ شجاع کے قبضہ مین آیا جو آخر کو انگریزون کا پنشنوار اور کٹھ پتلا اور اول جنگ مہلک افغانستان کا حیلہ تھا۔ جب وہ رنجیت سنگھ کا نصف قیدی اور نصف مہمان بنا تو اس واحد العین زر پرست سکھ نے ایسی قیمتی شے کی جابدہی سے اسکو سبکدوش کر دیا۔ جب رنجیت سنگھ اپنے مرض الموت کے بستر علالت پر تھا تو ایک شوخ چشم برہمن نے اس سے کہا کہ آپ اس خوبصورت الماس کو جگناتھ جی کے مندر پر چڑھا دین اور چونکہ مرنے کے وقت اکثر لوگ بڑے الہ والے ہو جاتے ہین اس سبب سے رنجیت سنگھ بھی اس امر پر کچھ نیم راضی ہوگیا تھا لیکن نوشتہ تقدیر تو یہ تھا کہ وہ پنجاب پوزنڈ کی حفاظت مین آئے اور وہان سے تاج انگلستان کے قبضہ مین رہے۔ مین اسکے منتقل ہونے کا ایک قصہ جو مشہور عام نہین ہے بہت مستند ذریعہ سے بیان کرسکتا ہون۔

ابتدا مین جب پوزنڈ کے جلسہ منعقد ہوتے تھے تو ایک مرتبہ الماس مذکور گورنمنٹ پنجاب کے حوالہ کیا گیا اور گورنمنٹ پنجاب نے اسکو جان لارنس کے سپرد کر دیا۔ شاید پوزنڈ کے اور ممبرون نے انکو سب سے زیادہ مشاق اور کارباری لاد راسمین شک نہین کہ بعض معاملات مین وہ ایسے ہی تھے) تصور کیا یا یہ خیال کیا کہ انکی شاندار وضع اور وہ گرہ دار لکڑی (جو انکا نہایت موزون نشان تھا اور) جسکو وہ ہمیشہ اپنے

[1] اڈون آرنالڈ صاحب نے اس بیان کو اپنی کتاب موسومہ "انتظام ڈلہوزی" جلد اول ص۱۱ مین درج کیا ہے۔

ساتھ بیچا کرتے تھے (اس لکڑی کو سکہ لوگون نے ایک قسم کی چابک یا آئیب سمجھکر صاحب عصا کے نام کے اعتبار سے اسکو بہ تسمیہ "جان لارنس" موسوم کیا تھا) الماس مذکور کی حفاظت کا بہترین ذریعہ ہوگی لیکن اس بارے مین اُنکا خیال غلط تھا۔ جو شخص تکلفات زندگی سے اسقدر نابلد تھا اور جسنے اسوقت تک اپنی ذاتِ خاص کا کوئی زیور نہین پہنا تھا جب خطاب وغیرہ حاصل کرنے پر مجبوری اُسکو تمغے لگانا پڑے اور اُسوقت بھی جسنے اس بے قرینہ طور سے اُنکو پہنا تھا کہ کورٹ کسٹومیر نے متاسف ہوکر کہا تھا کہ باوصف تمام جانفشانیون کے آپ کی وجہ سے آپ کی ساری ناموری خاک مین ملجاے گی تو مین پوچھتا ہون کہ ایسے شخص سے کیونکر ایسی بات کی امید ہوسکتی تھی کہ جو بیش بہا الماس اُسکے سپرد کیا گیا تھا اُسکی وہ حفاظت کریگا۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ لکھو کھا آدمیون کی جس بہبودگی کے لیے وہ علاوہ اس کے ذمہ دار تھے بمقابلہ اُسکے اُنکے نزدیک اسکی کیا پرواتھی۔ بہرکیف کچھ ہوشیاری کچھ لاپروائی کے ساتھ اُنھون نے بہت سی چٹھون مین اُسکو لپیٹ کر ایک بالکل بے حقیقت ڈبیہ مین بند کیا اور وہ ڈبیا اپنے وَاسکٹ کی جیب مین ڈالدی۔ ظاہر ہے کہ ایسی حالت مین اُسکے بچنے کی کوئی امید نہین تھی۔ بعد اسکے وہ اپنے کام مین حسب معمول متوجہ رہے اور اُس بیش بہا الماس کا کبھی خیال بھی نہین کیا۔ وہ کھانا کھانے کے وقت اپنے کپڑے بدلتے تھے اور اپنے وَاسکٹ کو اُتار کر علحدہ پھینک دیتے تھے اُنکو کبھی اس امر کا خیال بھی نہین گزرتا تھا کہ ڈبیہ مین وہ ہیرا ہے۔ اسکے چہ ہفتہ کے بعد لارڈ ڈلہوسی کے پاس سے یہ خبر آئی کہ حضور ملکہ معظمہ نے حکم دیا ہے کہ الماس مذکور فی الفور یہان بھیجدیا جاے۔ سَر ہنری نے یہ مضمون بورڈ مین آکر بیان کیا۔ اُسپر جان نے بڑے اطمینان سے کہا کہ "اُسکو فی الفور منگوا بھیجیے"۔ سَر ہنری نے کہا "منگوا کس سے بھیجون۔ وہ تمھارے ہی پاس تو ہے"۔ یہ سننا تھا کہ وہ چونک اُٹھے اور نہایت مضطرب ہوگئے اور اپنے دل مین کہنے لگے کہ "بس آج البتہ مجھپر ایک مشکل پڑی ہے"۔ چنانچہ بعد کو یہ کیفیت اُنھون نے خود لوگون سے بیان کی تھی۔ لیکن وہ اپنے بشرہ پر اسقدر قادر تھے کہ ظاہر مین اپنے اضطراب کی کوئی علامت اُنھون نے پیدا نہونے دی۔ سَر ہنری کے کلام سنکر اُنھون نے کہا کہ "ہان ٹھیک تو ہے مین بھول گیا تھا" اور بعد اُسکے اسطورسے اپنے اجلاس کے کام مین مشغول ہوگئے جیسے یہ کوئی بات ہی نہ تھی۔ لیکن تھوڑی دیر مین اُنکو اپنے رہنے کے کمرے مین جانے کا موقع ملگیا اور چونکہ جو کچھ اُنکے دل مین ہوتا تھا وہی زبان پر رہتا تھا اسوجہ سے اُنھون نے اپنے بوڑھے بیرا کو بلاکر مگا اس سے صاف صاف یہ پوچھا "کیون تمنے کوئی ڈبیہ تو کہین نہین دیکھی۔ کچھ زمانہ ہوا مین نے ایک بکس اپنے وَاسکٹ کی جیب مین ڈالدیا تھا"۔ اُس نے جواب دیا "کیا صاحب آپ ڈبیہ کو پوچھتے ہین وہ ملی تھی مین نے آپکے کسی ٹین والے بکس مین ڈالدی ہے"۔ صاحب بولے "ہان

ص ۳۲۵

وہی چاہیے اُسکو لے آؤ"۔ یہ کہکر بوڑھا پیر ایک ٹوٹے ہوئے ٹین کے صندوقچہ کے قریب گیا اور اُسمین سے وہ ڈبیہ نکالکر اُنکو دلادی ۔ جان لارنس نے کہا "اُسکو کھولو اور کھولکر دیکھو کہ اُسمین کیا ہے ۔ جسوقت وہ شخص کپڑے کی تہین ایک ایک کرکے کھول رہا تھا تو جان لارنس اُسکی طرف نگاہ کرتے جاتے تھے اور جسوقت اُسکے اندر وہ قیمتی الماس نکل آیا تو اُسکو دیکھنے سے بڑی تشفی ہوئی ۔ پیر اکو مطلق اس بات کا حال نہین معلوم تھا کہ اُسکے پاس اسقدر قیمتی جواہر رکھا تھا ۔ اُسنے کہا "صاحب اسمین ایک شیشہ کا ٹکڑا ہے اور کچھ نہین ہے"۔

اسکے بعد "کوہ نور" فوراً بُوڑدُ کے سپرد کر دیا گیا تاکہ وہ حضور ملکہ معظمہ کی خدمت مین روانہ کردے ۔ اور جسوقت جان لارنس نے صاحبان بُوڑدُ سے اپنا قصہ بیان کیا تو وہ بہت ہنسے ۔ مجھکو مستند ذریعہ سے خبر پہونچی ہے کہ تاج انگلستان مین جڑے جانے کے پیشتر یہ الماس اور بھی کئی انقلابی حالتون سے گزرا ۔ لیکن ترکون یا مغلون کے تاج یا ایرانیون یا افغانون اور سکھ فاتح کی جابرانہ تلوار علم ہونے کے زمانہ مین کبھی ایسی انقلابی حالت سے اُسکو گزرنا نہین پڑا اور نہ کم ہو جانے کا کبھی اسقدر خطرہ ہوا جیسا جان لارنس کے وانٹکٹ کی جیب یا اُنکے بوڑھے پیرا کے ٹوٹے ہوئے ٹین کے بکس مین وہ رکھا رہا ۔ بُوڑدُ کے روبرو ادائل ایام مین جسقدر اور جیسے جیسے مشکل کام پیش ہوتے تھے مین نے اُنکو بیان کر دیا ۔ الحاق پنجاب کے زمانہ مین ہنری لارنس کی طبیعت بخوبی تندرست نہین تھی ۔ اُنکے لیے ڈاکٹرون نے تجویز کیا تھا کہ کچھ دنون تک آرام کرنا اُنکی صحت کے لیے ضروری ہے مگر قبل اُس قدر آرام لینے کے وہ انگلستان سے واپس چلے آئے اور جن بدانتظامیون کی وجہ سے وہ سمجھتے تھے کہ سکھون کی دوسری لڑائی واقع ہوئی ہے اُنکے خیال سے اُنکو سخت تردد تھا ۔ الحاق پنجاب سے عمر بھر کی یہ منصوبہ بازی بالکل درہم برہم ہوگئی کہ ایک زبردست دوستانہ خودمختار دیسی ریاست ہمارے اور افغانستان کے وحشی جرگون کے درمیان قائم ہو ص ۳۲ اُنھون نے اپنی تمام فطرتی بہادری اور کشادہ دلی سے ابتدا ہی مین الحاق پنجاب کی مخالفت کی تھی ۔ اُسوقت تک صرف تجویز ہی تجویز کیجاتی تھی ۔ اور اب جسوقت درحقیقت اُسکی عملدرآمد ہوگئی تو اُنھون نے بلاکم وکاست اُسکو قبول کیا اپنے تئین اُس سے ہر طرح کا فائدہ حاصل کرنے مین مشغول کیا اور اُس بہادری اور کشادہ دلی سے رعایتی اشخاص کے زوال پذیر ہونے کے وقت اُنکی طرفداری کی ۔ اُنھون نے لارڈ ڈلہوزی اور اپنے بھائی جان لارنس سے ایک ایک انچ زمین کے لیے ردوبدل کی کیونکہ ان دونون صاحبون کے نزدیک باعتبار افلاس عوام دو طریقون کی گورنمنٹ (یعنی ایک تو دیسی جاگیرون کا انتظام جو بھاری بخششون اور سخاوتی لگان اور نوبی خدمات پر منحصر تھا اور دوسرا ہمارا انتظام جو قانونی مساوات یکسان اور ہلکی تشخیص

اور ہر قسم کی اصلاحات و ترمیمات پنجصر تھا کہ قائم رہنا بالکل ناممکن تھا۔ ٹہنری لارنس کا خیال یہ تھا کہ سردارون کا مرتبہ اور اُنکا اختیار اور املاک اور اُنکے حقوق جسقدر قائم رکھے جائینگے اُسیقدر رہبودی متصور ہے اور جان لارنس اور لارڈ ڈلہوسی کے نزدیک اُن باتون سے اسیقدر خرابی متصور تھی۔ صورت اول مین معدودے چند اور صورت دوم مین بہتیرے اشخاص کا فائدہ متصور تھا۔ یہ مسئلہ منجملہ اُن مسائل کے تھا جن پر ایماندار معزز اور دوراندیش اشخاص بہت اچھی طرح سے اختلاف راے ظاہر کرسکتے ہین۔

شائد لوگ یہ بات کہہ سکتے ہونگے کہ ہنری لارنس کی دلی کیفیتون کے ساتھ اتفاق نہ کرنا اُسیقدر مشکل ہے جسقدر جان لارنس کے خیالات سے ہمدردی نہ کرنا مشکل ہے۔ ایک بھائی مین ہمارے فطرتی خواص کے متعلق جوش طبیعت اور دوسرے بھائی مین ذہنیات اور عملیات کی قوت غالب تھی ۔۔۔ دونون کے دونون رحمدل اور حق شناس تھے اور دونون مین بلاشک وشبہ نیک و بد کے تمیز کرنے کی قوت مثل مطالب قانون کے پائی جاتی تھی۔ لیکن ہنری مین چونکہ رحمدلی کی قوت بہت بڑھی ہوئی پائی جاتی تھی اس سبب سے بعض اوقات اُنکی راے پر اُسکو غلبہ ہوجاتا تھا اور جان لارنس مین راے کی صفائی اس قدر بڑھی ہوئی تھی جو بعض اوقات اُنکی دلی کیفیتون کو مغلوب کرلیتی تھی۔ اگر ایک بھائی کے طرفدار دوسرے بھائی کو متلون المزاج اور ناتجربہ کار اور دوسرے بھائی کے طرفدار اُس پہلے بھائی کو جابر اور سخت مزاج کہتے تو کچھ بیجا نہ تھا۔ لیکن یہ غیرممکن تھا کہ جان کے طرفدار ہنری اور ہنری کے طرفدار جان سے محبت نہ کرتے۔

ہر ایک بھائی اس امر کی کامل واقفیت کے ساتھ کہ دوسرا بھائی جہانتک ممکن ہوگا تمام باتون مین میرے خیالات کی مخالفت کریگا شائد اور بھی زیادہ زور دیکر اُنکو ظاہر کرتا تھا۔ یہ فطرت انسانی کا مقتضا تھا۔ دونون بھائیون مین رد و بدل گرمجوشی اور عداوت بہت بڑھ گئی کیونکہ سردارون کے ساتھ برتاؤ کرنے کا یہ معاملہ ایسا تھا جسکے متعلق وہ پردہ اور بہت سے معاملات تھے اور اُس مسئلہ کی بنیاد پر ان سب معاملات کا باہر گر تعلق پیدا ہوتا تھا۔ لیکن اُسکا نتیجہ جیساکہ مین بیان کرچکا ہون بیشک سلطنت کے حق مین مفید تھا۔ رعایتی اشخاص جیساکہ اُنکے لیے لازم تھا مورد زوال ہوے لیکن ہنری لارنس کی سخت مخالفت کی بدولت اُنکو بتدریج اور بہ تخفیف زوال پہونچا۔ عوام الناس کی قومی آزادی جو جاتی رہی تھی اُسکے بدلے اُنکو ظلم سے نجات اور جان و مال سے حفاظت حاصل ہوئی بڑی بڑی باتون کی تشخیص لگان مین اصلاح ہوگئی اور اُسپر بھی تشخیص ملکی قائم ہوئی اور یہ سب باتین خاص کرکے جان لارنس کے مدبرانہ خیالات اور سخت کوشش سے ظہور مین آئین۔

اسمین شک نہین کہ سردار لوگ جنھون نے مفسدون کی طرفداری کی تھی اگر لارڈ ڈلہوسی ہی کی راے پر چھوڑ دیے جاتے تو اُنکے حق مین بہت خرابی واقع ہوتی۔ لارڈ ڈلہوسی نے تو کہا تھا کہ "بجز اسکے کہ انکی جائداد ضبط ۳۳

ہوا اور کچھ گزارہ دیا جائے اُنکے حق مین اور کسی طرح کی رعایت نہوگی" لیکن ان باتون کے سوا اگر اُنکو کچھ اور حاصل ہوا تو صرف ہنری لارنس کی پرزور اور تاکیدی التجاؤن کا نتیجہ تھا۔ ۲۵ اگست کو ہنری لارنس کے مبالغہ آمیز بیان کے مطابق نہین بلکہ خود لارڈ ڈلہوزی کے بیان کے مطابق ڈیرکٹران انگلستان کی غلط فہمیون سے کیونکہ اُنکو سردارون کی طرف سے پنجاب مین اور لڑائی کے پیدا ہونے کا خوف تھا سرداران مذکور کی حلیہ یہ تھی — وہ تمام خطابات موقوف تمام املاک ضبط ہر ہر شخص کے لیے صرف دو سو روپیہ ماہوار کا وظیفہ۔ ہر شخص ایک محدود رقبۂ زمین کے اندر مقید اور زیر حراست اور اس حکم سے واقف و متنبہ کہ اگر بھاگنے کا قصد ظاہر ہو تو جان سے مارا جائیگا

الحاق پنجاب کی وجہ سے جو کثرت کار اور دقت اور پریشانی لاحق ہوئی تھی اُسکا اثر اُنکے ناتوان جسم پر ابھی سے پڑنے لگا تھا۔ گرمی اس شدت کی تھی کہ اُس فصل مین کبھی اُسقدر شدت نہین ہوئی تھی جو بی لارنس اور ان لوگون کے لیے جو اُس گرمی مین کام کرنے پر مجبور تھے بمنزلہ ملک الموت کے تھے۔ لاہور مین ہر شخص پر اور سب سے زیادہ ہنری لارنس پر تکلیف تھی اور آخر کو بمجبوری اُنکو ایک مہینے کی رخصت لیکر کسولی جانا پڑا۔ اس سبب سے ۱۴ مئی کو جان لارنس پر بہ نسبت ایام پرتعینی کے دوچند پیچیدگی اور دقت کے کام کا بار پڑا۔ لاہور مین اکیلے وہ اور اُنکے ایک شریک ممبر رہ گئے گو وہ صاحب بہت قابلیت رکھتے تھے مگر تعینی کے سوا اپنی طبیعت سے کوئی بات کم پیدا کرتے تھے اور بجاے اِسکے کہ وہ کسی دقت کو رفع کرتے صرف اُسکا اظہار کر دیتے تھے اس سبب سے جان لارنس کو معلوم ہوا کہ ملک کے تمام موجودہ معاملات کے انصرام کا بار اُنھین کی پشت پر آپڑا ہے — طرح ۳۲

ہنری لارنس فطرتاً ایک حرکت دینے کی کل تھے۔ دفتر کا کام اُنکے ناپسند تھا۔ اُنھون نے عرصہ تک سول معاملات مین تعلیم نہین پائی تھی اور اسوجہ سے وہ اس کام کے لیے موزون نہین تھے۔ اُنکے میلان طبع ناتوانی جسم اور بورڈ کے اختلافات سے جو اُنکو ابھی سے ناگوار معلوم ہونے لگے تھے اور کچھ اس اعتبار سے بھی کہ وہ ایسی نوکری چاہتے تھے جسمین اُنکو حد سے زیادہ فائدہ پہونچانے کا یقین ہوتا بہیئت مجموعی یہ گمان پیدا ہوتا تھا کہ جسوقت وہ جائز موقع پائینگے تو لاہور چھوڑ کر دوسرے مقام پر کام کرنے چلے جائینگے۔ ایک نوجوان سولین نے جو ضلع جالندھر مین عہدہ خدمات انجام کر چکا تھا اور جو ایک بڑا بذلہ سنج شخص تھا اُسنے ایک مرتبہ لاہور مین اگر شائد اسیقدر سچائی اور صفائی سے جو لطیفون مین ہوا کرتی ہے یہ کہا تھا کہ پنجاب کا نظم و نسق ایک مشترک تجارتی کوٹھی کے ذریعہ سے کیا جاتا ہے جسمین تین شریک ہین — اور اُنمین سے ایک کی عادت "چلتے پھرتے" دوسرے کی عادت "کام کرتے" اور تیسرے کی عادت "سوتے" رہنے کی ہے ہر سال چار پانچ مہینے نیمون کے نیچے بسر کرنا اور ہر روز تیس سے چالیس میل تک کا سفر کرنا نمک کی کان

قلعہ چیلی نہ شفاخانہ وغیرہ یا بازار کا معائنہ کرنا نہایت جلدی کے ساتھ کسی مضمون کا گھسیٹ دینا اور اپنی ہر وقت مستعد بی بی کے لیے صرف خرما مطالب کی غلطیون کو درست کرنے کے لیے چھوڑ دینا اپنے صوبہ کے ہر ہر حصہ کو خاص اپنی آنکھ سے ملاحظہ کرنا اور اپنی رعایا کے ہر درجہ کے لوگون سے بلا تکلف باتین کرنا اور اپنے ہر ایک اور تمام ماتحتون سے حتی الامکان اُنکے مکانون پر جاکر ملاقاتین کرنا اور اپنے فیاضانہ خیالات اُنمین پیدا کرنا اُنمین سب باتون مین ہنری لارنس کو اپنی زندگی بسر کرنا اور مشاغل کا بدلنا اور تازگی حاصل کرنا اُنکی دلچسپی مین رہنا اور رفاہ خلائق کا لحاظ کرنا پسند تھا اور اُنمین سب باتون سے اُنمون نے ایک ایسی قوت پیدا کی تھی جسکے ذریعہ سے وہ اپنے تمام معاصرین مین بے نظیر تھے یعنی یہ کہ اُن لوگون کے دلون مین اپنی طرف سے انتہا درجہ کی محبت پیدا کردی تھی - وہ ایک اس طرح کے آدمی تھے کہ جن لوگون کو اُنکے حالات دریافت کرنے کا عمدہ موقع ملا تھا اُنکو اپنی جان اُنکے لیے عزیز نہ تھی اور وہ ہر وقت جان نثاری کے لیے تیار تھے پنجاب مین اس قسم کا ایک ہی آدمی نہ تھا بلکہ دس بارہ شخص ایسے تھے جو اُن کے لیے سر کٹھ رہا کرتے تھے - چنانچہ مین نے ان باتون کو پیشتر بھی کئی جگہ بیان کیا ہے -

گو ہنری لارنس کے لیے سفر کرنا اکثر ضروری ہی ہوا کرتا تھا اور جس صوبہ کو وہ جاتے تھے اُسکو اُنکے دورہ سے ہمیشہ فائدہ پہونچتا تھا لیکن بعض اوقات اُسمین ایسی خرابیان پڑتی تھین جنکا اثر بالفصل اُنکے شریکون اور بالآخر خاص اُنمین پر پہونچتا تھا - کچھ یہی بات نہین ہوتی تھی کہ اُنکے چلے جانے سے اُنکے ماتحتون پر کام کا بار زیادہ ہو جاتا تھا بلکہ ماتحت لوگ جس کام کو کرتے تھے اُسمین اُنکو شک و شبہات بیشمار واقع ہوا کرتے تھے - اگر وہ اپنے نزدیک بہت غور و فکر کرکے بھی کام کرتے تو یہ معلوم نہین ہو سکتا تھا کہ اُنکے پریزیڈنٹ صاحب کو بھی اُنکی رائے سے اتفاق ہوگا یا نہوگا - ہنری لارنس کو تو اکثر خود اپنی طبیعت کا حال نہین معلوم ہوتا تھا - وہ نت نئے مزاج اور متلون الطبع تھے اور اسوجہ سے اس بات کا پہلے ہی سے دریافت کر لینا نہایت دشوار تھا کہ اُنکی طبیعت کس امر کی جانب راغب ہوگی کیونکہ یہ صفتین ایسی ہین جو ہر وقت بھٹکتی پھرتی ہین اور کبھی اُنکو قرار نہین رہتا - اور پھر ایک نازک وقت مین ممکن تھا کہ اُنکو پھر کسی طرح کا خیال آجاتا کہ فلان معاملہ مین کیا کارروائی ہوئی ہے اُسوقت وہی کیفیت ہوتی جسطرح مسٹر گلیڈسٹون چند روز کے لیے پارلیمنٹ سے کنارہ کشی کرنے کی حالت مین بہت سی باتون کو جو پوری خواہ ادھوری انجام ہو چکی ہوتی ہین معدوم کر دیتے ہین اگلیز اگر موجود نہو تو بھی وہ اگلیز ہے - پھر لاہور سے اکثر غیر حاضر رہنے کے باعث سے اُنکے بھائی جان کی نمود ہوئی - وہ یہ ہرگز نہین چاہتے تھے کہ مین اپنے کو شہرت دون بلکہ اس امر سے وہ احتراز کرتے تھے - لیکن بعض ضروری باتون کے متعلق بورڈ اور لارڈ ڈلہوسی کے مابین اُنکو رسل و رسائل کا متوسط بنا پڑا اور اُسمین وہ ضمیر گورنر جنرل کو اس بات کا موقع ملا کہ دونون بھائیون کی استعداد

صفحہ ۳۳

لارنس کی نیابت کا زمانہ

چیف کمشنر اودھ کے عہدہ کی پیشکش

لارنس کا استعفا دینا

دربار لاہور کی حالت

لارنس کا لاہور سے رخصت ہونا

لارنس کا ہندوستان سے رخصت ہونا

اور قابلیت کا باہمدگر مقابلہ کرے اور اگر کبھی ضرورت پڑے تو دونون مین سے ایک کو منتخب کرنے کے لیے اپنی راے قائم کر سکے۔ چنانچہ اگر ہنری لارنس اکثر غیر حاضر رہتے تو یہ موقع ہرگز نہ پیدا ہوتا۔

ماہ ستمبر مین ہنری لارنس ہزارہ اور کشمیر کے طول طویل دورہ پر روانہ ہوے لارڈ ڈلہوزی کو یہ بات کچھ ناگوار نہ تھی کہ پریسیڈنٹ بورڈ خود جاکر اپنی آنکھون سے ضلع ہزارہ کا معائنہ کر آئے۔ ضلع جیش ایبٹ صاحب ہی کے تحت حکومت رہا تھا اور معلوم ہوتا ہے کہ لارڈ ڈلہوزی اس حکومت کو شبہ اور غلطی پر مشتمل سمجھتے تھے کیونکہ جیمس ایبٹ صاحب کی بزرگانہ حکومت کی نسبت کسیقدر طنز کے ساتھ اُنھون نے کہا تھا کہ "وہ حکومت پیغمبر اور بادشاہ کی ایسی ہے"۔ لیکن لارڈ موصوف نے اس بارے مین اپنا شبہ ظاہر کیا تھا کہ باقی ممبران بورڈ ہنری لارنس کی عدم موجودگی مین وہان کا کام انجام کر سکینگے۔ "مہلک گرمی" بخوبی تمام اپنا کام کر چکی تھی۔ افسران پنجاب مین سے دس شخص ابھی سے کام کے لائق نہین رہ گئے تھے نیسفیلڈ صاحب بورڈ کے تیسرے ممبر اور کرنیل صاحب سکریٹری بورڈ علیل تھے۔ اوڈوڈس اور نکلسن صاحب جو بذات خاص بہترے آدمیون کے برابر تھے عنقریب رخصت پر جانے والے تھے۔ لیکن جان لارنس اس کل نقصان کے پورا کرنے پر آمادہ ہوگئے اور اسطرح سے اس نقصان کو پورا کیا کہ بہت کم لوگ اُنکی طرح سے کر سکتے۔ اس زمانہ کے بعد سے ظاہر ہوتا ہے کہ پھر برابر لارڈ ڈلہوزی سے وہی خط کتابت کرتے رہے ہر ایک معاملہ کی نسبت جسوقت وہ پیش ہوا اُنھون نے بلا تکلف اپنی راے ظاہر کر دی اور اس بات کا خاص خیال رکھا کہ جس امر مین اُنکے بھائی کی راے اُنکے خلاف ہوئی تو اُس بات کو زور دیکر ظاہر کر دیا۔ اب اس زمانہ مین ایک مہم کی جو خبر آئی تو اس سے اُنکو کام کی کثرت نہین معلوم ہوئی بلکہ وہ یہ سمجھے کہ کچھ دنون کے لیے کام سے سبکدوشی حاصل ہوئی اور اُنکو اپنے پرانے ایام پانی پت کا خیال آگیا۔ ص ۳۳

چتر سنگھ اور شیر سنگھ کے بارے مین ہنری لارنس اور لارڈ ڈلہوزی کے مابین عرصہ تک بے انتہا خط کتابت رہی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ لوگ اپنے مساکن خاص واقع اٹاری مین رہنے کے مجاز کیے گئے لیکن جیسا کہ بعض حکام لاہور کو خیال ہوا وہ ابھی سے آثار بغاوت ظاہر کرنے لگے۔ وہ ہر روز اپنے یہان بیشمار برہمنون اور کھتریون کو کھانا کھلاتے تھے اور یہ بات مشہور عام ہو رہی تھی کہ اٹاری سیالکوٹ اور امرتسر کے درمیان برابر قاصد آتے جاتے رہتے تھے جہان دوسرے زوال رسیدہ سردار رہتے تھے۔ اور اس بات کی بھی سرگوشیان ہو رہی تھین کہ شیر سنگھ اور کابل سے دوست محمد مفسدہ آمیز خط کتابت کرتے تھے۔ جان لارنس لارڈ ڈلہوزی کو لکھتے ہین کہ "برہمن اور بھاٹ یہ دو طرح کے لوگ جو ہمیشہ ہر طرح کی سازشون کے لیے مقرر کیے جاتے ہین یا رہا مقام اٹاری مین دیکھے گئے"۔ یہ ایک اس طرح کا کام تھا جو بحفاظت تمام مقامی افسرون پر چھوڑا جا سکتا تھا لیکن جس شخص نے وینیمن گریفن کے قاتلون کا پتہ لگا لیا تھا اُنکی طبیعت پھر جوش مین آگئی اور اُسنے خود اس

کام مین سب سے زیادہ شریک ہونے کا عزم کیا۔ یکم اکتوبر کو رات کے ایک بجے وہ نگمر صاحب کمشنر لاہور اڈورڈس صاحب اور ہاڈسن صاحب اور تھوڑی سی سپاہ کو ہمراہ لیکر اس مہم پر روانہ ہوے۔ اسوقت چاندنی خوب کھلی ہوئی تھی مطلع صاف تھا اور گھوڑے کو جو ایک ذرا ایڑ دی تو صبح ہوتے ہوتے وہ موقع پر پہونچ گئے۔ ان سب لوگون نے خاموشی کے ساتھ گانون کا محاصرہ کرکے چترسنگھ کو خاص اُسکے مکان مین گرفتار کرلیا اُسکے بیٹے جو بھاگ نکلے تھے اور گھوڑون پر سوار ہوکر چلنے کے ارادہ مین تھے اُنکا بھی تعاقب کرکے اُنھون نے گرفتار کیا اور کامیابی کے ساتھ اس کل جماعت کو اسطرح سے لاہور مین لے آئے کہ اُسوقت تک شہر کے کسی آدمی کو اس مہم کے روانہ ہونے کا شبہہ تک نہین ہوا تھا۔ قریب قریب اسی کے ساتھ ہی امرتسر اور سیالکوٹ کے دوسرے سردار گرفتار ہوے۔ مختلف مقامون مین ہتھیار مدفون نکلے دوست محمد اور گلاب سنگھ کی کچھ باہمی سرشتہ خط کتابت جسکو لارڈ ڈلہوسی نے "کشمی جھاڑیون کے ایک ہرن" سے تعبیر کیا ہے پکڑی گئی اور بدنصیب سردار تھوڑے ہی عرصہ کے بعد ہندوستان کے اور مقامات کو جہان اُنکے رہنے مین خطرہ کی زیادہ تر حفاظت متصور تھی منتقل کردیے گئے۔

بھائی مہاراجہ سنگھ گرچہ سال سابق مین دوآبہ جالندھر کے فساد کا بانی مبانی ہوا تھا اور جو حسب خبر مشہور دریائے چناب مین غرق ہوجانے کے بعد دیناگر مین پھر زندہ ہوگیا تھا اب آخر کو اسی زمانہ مین اسکا بھی قلع قمع کردیا گیا۔ جسطرح آرنلڈ مینسٹر قدیم زمانہ کے باشندگان سینیا یا شامل باشندگان کوہ قاف کے مابین خرق عادت سے غائب ہوکر اور مردون کے درمیان سے واپس آکر صاحب کرامات سمجھا گیا اُسیطرح یہ بھی خیال کیا گیا۔ اُسکے تابعین نے چالاکی سے اُسکا پتہ نہین بتلایا اور قبل اسکے کہ کوئی مہم اسکے مقابلہ مین روانہ کیجاتی وہ پھر جالندھر کیجانب واپس چلا گیا اور وہان فانیشارٹ صاحب نے اُسکو گرفتار کیا۔ اس شخص کے مفسدون سے جدا کردینے کے بعد پھر پنجاب مین فتور برپا ہونے کا دغدغہ نہین رہ گیا۔

دوسرا امر جس پر بورڈ قائم ہونے کے بعد اول ایام بارش مین جان لارنس کا خیال متوجہ رہا وہ ایک کامل رپورٹ کی تیاری تھی جسمین اُنھون نے نہایت جرات کرکے یہ صلاح دی تھی کہ پنجاب مین راہداری کے کل محصولات موقوف کردیے جائین۔ چنانچہ وہ لارڈ ڈلہوسی کو لکھتے ہین کہ "ہماری اصل حکمت عملی یہ ہے کہ جس جس قید کے اُٹھا دینے سے ہمارے انتظامات مین کوئی خلل نہین پڑسکتا وہ سب اُٹھا دیجائین صرف مالگزاری امراضیات قائم رکھی جائے اس تدبیر سے عوام الناس خوش ہوجائینگے خاص کرکے محنت پیشہ اشخاص تو بہت ہی رضامند ہونگے۔ دوسرے محصولات تمام ملکون مین نہایت ناگوار سمجھے جاتے ہین اور اس ملک کے لیے تو وہ بالکل موزون نہین ہین۔ طول طویل خط کتابت کے بعد یہ اصلاح جسکی عرصہ سے

خواہش تھی عمل مین لائی گئی اور اس زمانہ کے بعد سے پنجاب کی تجارت اپنی اصلی راہ پر چھوڑ دی گئی اور اسکی تمام قیدین اور شرطین جو قائم کی گئی تھین دور کردی گئین۔

افسران نظم ونسق پنجاب کو جس امر سے بورڈ کی تقرری کے پہلے سال زیادہ دقت واقع اور بیشبا وقت صرف ہوا وہ یہ تھا کہ جنگ چلیان والا کے بعد عوام الناس نے شور وفریاد بلند کرکے ایک ایسی عقل کے آدمی کو انگلستان سے افواج ہند کی اعلی کمان پر طلب کیا جسکی تجویز مین کسی طرح سے ممکن العمل نہین تھین۔ سنتے ہین کہ جسوقت اس عہدہ کے لیے سر چارلس نیپیئر سے کہا گیا اور انھون نے اسکے قبول کرنے سے انکار کیا تو ڈیوک آف ولنگٹن نے کہا "اگر آپ نہین جاتے ہین تو مین اس عہدہ پر جاؤنگا" انکا مذہب بہت جلد مغلوب ہوا اور انکی اولوالعزمی شعلہ زن ہوئی اور وہ فتوحات واصلاحات کے ایسے بڑے بڑے منصوبے باندھکر انگلستان سے روانہ ہوے جو ہندوستان ایسے ملک مین بھی عمل مین نہین لائے جاسکتے تھے۔

ص ۳۳ ۶ مئی ۱۸۴۹ء کو وہ کلکتہ مین داخل ہوئے اور نہایت عجلت کے ساتھ انھون نے پنجاب شملہ کو چ کیا۔ لیکن ابھی سے ان پر مایوسی ظاہر ہونے لگی۔ انکو تو یہ امید تھی کہ وہان جنگ کی تیاریان ہونگی مگر جاکر دیکھا تو سب طرح کی امن وامان کا دنکا بج رہا تھا۔ ہمارے نیم مفتوح حریف جنگ چلیان والا امن وامان اور نیم خیالی کے ساتھ ہماری مطیع رعایا ہوگئے تھے اور اس مایوسی کی قرار واقعی تکمیل کرنے کے لیے ملک مفتوحہ ایسے مدبران ملک کے اختیار مین منتقل کردیا گیا تھا جنکی مفروضہ نالائقی پر فتاح اور امن قائم کنندہ صلح وجنگ مین برابر حقارت ونفرت کا سنہ برسایا کیا۔ ۲۲ جون کو انھون نے (کمانڈر انچیف) اپنے بھائی کی چٹھی مین لکھا تھا کہ "کاش مین کمانڈر انچیف ہونے کے بدلے گورنر پنجاب ہوتا" خوش قسمتی خواہ بدقسمتی سے وہ اب گورنر پنجاب نہین ہوسکے اور اپنے غصہ مین انھون نے ایسے موقعون کو جو کمانڈر انچیف کے عہدہ کے باعث سے انکو حاصل ہوے تھے ایسی باتون مین استعمال کیا جنکی وجہ سے (اگرچہ ارادہ سے نہین) اور کسی شخص کے لیے دونون مین سے کسی عہدہ کا ملنا دوچند دشوار ہوگیا۔

انکی سوانح عمری مین جو انکے بھائی ولیم کی لکھی ہوئی ہے اور اس سے بھی زیادہ رسالہ "بدنظمی ہند" مین جو انکی وفات کے بعد لکھا گیا عجب عجب طرح کی منافق طبعی خودرائی اور ہرزہ درائی کے مضامین بھرے ہوے ہین اور جو دوراندیشی اور عقلمندی انمین ظاہر کی گئی ہے انکی تکذیب اور تردید کرتے ہین۔ یہ دونون کتابین اور انکے ساتھ خود سر چارلس نیپیئر لارڈ ڈلہوسی اور بورڈ پنجاب کی یادداشتین اور میرے پاس کی وہ چٹھیان جو برادران لارنس اور گورنر جنرل کے مابین آئی گئی تھین میری اس بحث کے لیے ایک سمع خراش مادہ پیدا کرتی ہین۔ اس مخالفت کی تصریح مین ایسی کوئی بات نہین ہے جو کوئی پایدار ذوق پیدا کرسکے۔ لیکن اسکی

بازگشت کی صدائین ابتک اُن اختلافات سے پیدا ہوسکتی ہین جنکی وجہ سے سندھی فرقہ پنجابی فرقہ سے جدا ہوگیا ہے پنجابی فرقہ سے وہ گروہ مراد ہے جو فوجی انتظام (صدر یول انتظام) کا مشیر تھا اور جسنے اب بہت کے ایام مین ایک دوسری خطرناک صورت اختیار کرکے منطین ہندوستان کو دو گروہون مین تقسیم کردیا ہے۔ انمین سے ایک گروہ وہ ہے جو روسیون کی پیشقدمی جانب ہند کے خیال سے یہ چاہتا ہے کہ آگے بڑھکر غنیم کا مقابلہ کیا جائے اور اس تدبیر کے عمل مین لاتے وقت افغانستان اور اُسکے قرب وجوار کے ملک شامل یا داخل سلطنت کرلیے جائین اور دوسرا گروہ وہ ہے جو نہایت استقلال کے ساتھ اصل قدرتی سرحد یعنی دریائے سندھ اور کوہ سلیمان پر تکیہ کرکے یہ چاہتا ہے کہ صرف سرحدات مذکور کے اس پار والے وحشی ممالک پر اُنکے دوست کے طور پر کسی متحمل حملہ کے روکنے کو چڑھائی کیجائے۔ شائد سب سے زیادہ نامی قائم مقام ایک فرقہ کے سَر آرنلڈ فریر اور دوسرے فرقہ کے قائم مقام بلاشک وشبہ لارڈ لارنس ہین اسلیے وہ اختلاف تمامتر اس سوانح عمری سے تعلق رکھتا ہے۔ ص ۳۳

یہ بات تو پیشتر ہی سے معلوم ہوگئی ہوگی کہ اسطرح کے دو کامل استاد اور خود مختار اشخاص کے درمیان جیسے گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف تھے اعلیٰ اقتدار کے لیے ضرور اختلاف واقع ہوگا۔ لیکن اسی طرح یہ امر بھی صاف ظاہر تھا کہ جو شخص بلا حجت وتکرار اعلیٰ اختیار سے مسلح اور اپنی نفس پر اسقدر قادر تھا وہ میدان کانپور سے اوس مشہور اور بیڈھب بوڑھے سپاہی کو ضرور بھگا دیگا جو "بلا وجہ یقین اور بلا اشتعال نفرت کرنے کی خاصیت رکھتا تھا" اور اُسوقت تک کسی بات کو صحیح خیال کرنے پر راغب نہین ہوتا تھا جب تک وہ بات اُسی کی کی ہوئی یا اُسی کے خواہش کے مطابق کی ہوئی نہین ہوتی تھی۔ سَر چارلس نیپیر اُسوقت ساٹھ برس (یعنی اپنے بوڑھے رقیب سے دو چند عمر) کے تھے لیکن اس بات کے خیال نے کہ وہ ۳۰۰۰۰ سپاہیون کے کمانیر تھے اُنکو جوان کردیا تھا۔ اور باوصف ایک سخت بیماری کے جو آخر مین بڑی مہلک ثابت ہوئی اُنھون نے شملہ مین جاکر سخت کوشی کرنا شروع کی اور جیسا کہ وہ خود بیان کرتے ہین ہر روز پندرہ گھنٹہ میز پر بیٹھکر کام کیا کرتے تھے۔ اگر ہم اُس کتاب کا جو سَر چارلس کے بعد لکھی گئی یقین کرین تو اُسکے مطابق پایا جاتا ہے کہ جسوقت اُنکے اور گورنر جنرل کے مابین پہلے پہل ملاقات ہوئی تو دونون کے بشرے سے اختلاف کے آثار ہویدا تھے۔ لارڈ ڈلہوسی نے کہا وہ مجھے اطلاع دی گئی ہے کہ آپکو اپنے اختیارات مین دست اندازی نہ کرنے دون اور مین اس بات کی بڑی خبرداری رکھونگا کہ آپ میرے اختیارین دست اندازی کرنے پائین جس شخص سے بورڈ (یہ بورڈ ابھی نئی قائم ہوئی تھی اور اس سبب سے اُسکو اپنے اصلی سرپرستون سے اعانت کی بہت کچھ امید ہوسکتی تھی) پنجاب کو اب سابقہ پڑنے والا تھا خود اسی کی چشمون اور روزنامچون

سے اقتباسات جو ادھر اُدھر سے منتخب کر کے اس مقام پر محول کیے جاتے ہین اُن سے شخص مذکور یعنی سر چارلس نیپیر کی کیفیت بہ نسبت کسی دوسرے طول طویل بیان کے زیادہ معلوم ہوگی۔ کلکتہ مین پہونچنے کے بعد ہی ۲۲ مئی کو اُنھون نے مقام مذکور سے یہ چٹھی لکھی تھی۔

پنجاب کی حکومت پولیٹکل اشخاص کے ایک محکمہ کے ذریعہ سے ایک عجیب بات ہے اور یہ بات مشکل سے یقین کیجا سکتی ہے کہ ڈلہوزی کا یہ مطلب ہوگا..... اگر یون کا گٹھ ایک مین باندھنے کے بدلے یہ پولیٹکل انتظام اسکو اور بھی کھولے ڈالتا ہے۔ فوجون کی حالت دیکھ دیکھ کر مجھے خوف معلوم ہوتا ہے۔ ہر مقام پر کام دینے کے حق مین وہ کم اور جمعیت مین زیادہ ہے..... پنجاب مین ہم ۷۰ ہزار سپاہی رکھتے ہین یہ فوج وہان کے لیے ضرور نہین ہے اگر عدہ حکومت ہو تو..... ۲۰ سپاہی کافی ہین لیکن یہ جو بورڈ انتظامیہ کہلاتی ہے اُسکے انتظام مین البتہ اسقدر آدمی کافی نہونگے اس بورڈ کے پاس ابتک پولیس کا ایک سپاہی نہین ہے اور ۱۸۰۰۰ آدمی اُسکے یہان کی پہرہ داری کا کام دیتے ہین جنکے بارے مین کمانڈر انچیف اور نہ ایجنٹ جنرل کو کوئی بات معلوم ہے۔ اور کوئی بھاونی ایسی نہین ہے جو اُن لوگون سے قریب ہو۔ ۱۶ میل سے لیکر ۱۰۰ میل تک کے فاصلہ سے کوئی کم نہین ہے۔

ص ۳۳

پھر لکھتے ہین کہ

گو یہ امر عجیب معلوم ہوگا مگر اصل یہ ہے کہ میرا کوئی سرپرست نہین ہے۔ لارڈ ہارڈنگ نے ۱۸ نئی رجمنٹین بھرتی کی تھین اور لارڈ کف کو ایک کمیشن کے تجویز کرنے کا بھی اختیار نہین دیا تھا۔ لارڈ ڈلہوزی نے دس رجمنٹین بھرتی کین اور ایک کمیشن کے تجویز کرنے کا بھکو اختیار نہین دیا۔ اصل تو یہ ہے کہ میرے آنے کے پیشتر ہی سارے کمیشن طے کر دیے گئے تھے۔ صاحبان گورنر جنرل نے یہ کمیشن اپنے لیے مستثنی کر رکھے ہین۔

۲۔ اگست کو دو ہفتے روزنامچہ مین لکھتے ہین کہ

لارڈ ڈلہوزی کے نام اس مضمون کی ایک چٹھی لکھی گئی کہ اگر فوج سول اختیار کی کشش سے بیکدوش نہ کی گئی تو ہندوستان محفوظ نہ رہیگا۔ اسوقت کا دستور تو یہ ہے کہ ہر سول ملازم کے اعوازی گاڑی مقرر ہین خزانہ مین گاڑی ہین اور خدا جانے کہان کہان اسیطرح کے گاڑی مقرر ہین۔ یہانتک کہ جب فوجی گاڑی اور خدمات بھی اُنمین شامل کیجاتی ہین تو سپاہی بالکل نیست و نابود ہوے جاتے ہین۔ اگر مین اس کا انسداد کر سکا تو پھر یہ بات قائم نہ رہنے پائیگی اور لارڈ ڈلہوزی میری مدد کرنے پر بہت اچھی طرح سے آمادہ ہین۔ وہ ایک اچھے آدمی اور نیز شخص معلوم ہوتے ہین لیکن اس بات مین مجھکو شبہ ہے کہ آیا وہ اتنی بڑی وسیع سلطنت کے سنبھالنے کے لائق ہو سکین گی۔

الغرض لارڈ ڈلہوزی کے بارے مین سر چارلس نیپیر کی یہ رائے تھی۔ اب مندرجہ ذیل مضمون سے اُنکی رائے برادران لارنس اور اُنکے تعلقات گورنر جنرل کے بارے مین معلوم ہوگی۔

برادران

برادران لارنس لارڈ ڈلہوزی پر جسقدر اعتماد رکھتے ہین اسکا نظام پنجاب لارڈ ڈلہوزی کا کیا ہوا نہین ہے - یا بہر حال خود انہین کے قول کے مطابق ایسا نہین ہے ... ہنری لارنس ایک عمدہ شخص ہین لیکن انکی لیاقت مین مجھکو شک ہے - اُنکے بھائی جان لارنس کی نسبت لوگ کہتے ہین کہ وہ ایک ہوشیار شخص ہین اور مین بھی کہہ سکتا ہون کہ وہ ایسے ہونگے لیکن ممکن ہے کہ ایک آدمی عمدہ سمجھ رکھتا ہو مگر آپ بھی ایک بڑے ملک کی فرمانروائی نہ کر سکتا ہو -

اب یہ مضمون وہ خاص اپنے بارے مین جیسا کہ انکو خود معلوم ہوا بیان کرتے ہین -

مین فوج ہندوستان کا کمانڈر انچیف ہون لیکن ایک آدمی کو بھی حرکت کرنے کا حکم نہین دے سکتا اور مجھکو ایک چٹھی ایک سکریٹری کے نام لکھنا پڑتی ہے جو دوسرے کو اور وہ دوسرا میرے کو لکھتا ہے اور وہ گورنر جنرل سے اس امر کی استدعا کرتا ہے کہ بٹالا سے ایک کمپنی کے واپس طلب کرنے کا حکم ملے - ضابطہ کیا ہے ایک گورکہ سپاہی کیا غضب ہے کہ ..... ۳ فوج کا کمانڈر بلا اجازت حکام سول تین کمپنیون کو خطرہ کے مقام سے علیحدہ جانے کی اجازت نہ دے سکے - مین تو ہندوستان مین نہ رہون گا -

ص ۳۳ اور اس مقام پر ایک مرتبہ اور انکا بیان جو انھون نے خاص اپنے بارے مین کیا تھا لکھا جاتا ہے اور وہ اس اعتبار سے کہ اگر سر چارلس نیپیر یا بادشاہ انگلستان یا بادشاہ انگلستان سر چارلس نیپیر ہو جاتا تو اپنے خیال کے مطابق وہ افلاطون کی طرح فیلسوف بادشاہ ہون اور بادشاہ فلسفیون کی نظیر سے عظیم الشان اور بحر لطیف و دلکش شے کا ایک عجیب معجون مرکب ہے -

کاشکے مین ہندوستان کا بادشاہ ہوتا - کانگو اور بنگین تک تہلکہ مچا دیتا ... پنجاب کے پانچون دریا ملک سندھ اور دریاے سندھ بحیرہ قلزم اور مالٹا یہ سب تری اور خشکی کے مقامات انگلستان کو ہندوستان سے ملا دینے کے لیے کیا ہی موزون تھے - اگر مین انگلستان کا بادشاہ ہوتا تو ایوان دہلی سے روس و فرانس کے دانت کھٹے کر دیتا - انگلستان کی بحری فوج کو سرتاسر مغرب اور ہندوستان کی بری فوج کو سرتاسر مشرق مین رہنا لازم ہے - اگر ایسا ہو تو ہندوستان ایک دن کے لیے بھی آیندہ "نالائق ظالمون" کے ہاتھ مین نہ رہنے پائے اور نہ انکا دار مدار فروخت افیون پر رہے بلکہ اسکی آبادی کو کثرت ہو اور رعایا صلح آمیز پیشون مین مشغول ہو سکے لیے لازم ہے کہ انگلستان کی صنعت و حرفت کی چیزین اسکے بڑے بڑے دریاؤن کی راہ سے باکثرت فروخت ہون اور جو مختلف اشیا وہان پیدا ہوتی ہین غیر ملک کو جانے کے لیے انھین دریاؤن پر انکا ذخیرہ جمع رہے سارے کراچی بندر تو اب بھی ملک مشرق کا فخر ہو سکتا ہے - خدا کرے کہ مین پھر زندہ جان تیری شان و شوکت دیکھنے کے لیے آسکون -

ہندوستان کے جو اعلی حکام انکے مخالف تھے یا جنکو انھون نے مخالف تصور کیا تھا انکی نسبت انھون نے اپنے خیالات اسی صفائی کے ساتھ ظاہر کیے -

تجربہ کار ہندوستانی حاکم سے میری مراد وہ شخص ہے جو چکنی چپڑی اور بدمحاورہ ہندوستانی باتون سے واقف ہو مگر چوڑا ہوا اور دماغ نہ رکھتا ہو لیکن اپنے دل مین یہ بخوبی سمجھتا ہو کہ سوائے اُس شخص کے جسکو برانڈی شام مین پانی کے بکرے کا گوشت چرٹ اور حقہ سے عرصہ تک تجربہ نہ رہا ہو ہندوستان کے حالات سے اور کوئی آدمی واقفیت نہین حاصل کرسکتا ہے[1]۔

۱۲ — اکتوبر کو یہ بہادر بوڑھے کماندر انچیف جس فوجی دورہ پر شملہ سے روانہ ہوئے تھے اُس دورہ مین ایسے ایسے آدمیون سے انکو بات چیت کرنے کا موقع ملا جنکے بارے مین انکے خیالات تھے جو اوپر بیان کیے گئے اور انسے اعلیٰ اور ادنیٰ اور انکے برابر والے اشخاص کے بارے مین انکی وہ رائین تھین جو اوپر درج کی گئین یہ دورہ اس قصد سے کیا گیا تھا کہ اسکے باعث سے آخر مین بڑی بڑی اصلاحین عمل مین آینگی اور ہر طرح کی فریادین اور شکایتین اوسمین بھری ہوئی تھین۔ اسمین شک نہین کہ انھون نے اپنی تیزنگاہ کے ذریعہ سے فوجی انتظام کے متعلق بہت سی غلطیون کی گرفت کی لیکن انھون نے بلاامتیز نیک و بد تمام موجودہ انتظامات پر ایک سرے سے جو اعتراض کرنا شروع کردیا تو اس سے انکی نکتہ چینیون کا اثر اسقدر نہین پیدا ہوا جسکی وہ سزاوار تھین۔ اسمین شک نہین کہ بارکین ہر ہر مقام کی اصلاح طلب تھین۔ لیکن جس حالت مین انھون نے بُورڈ کو "جہنمی فوجی بُورڈ" اور اسکی بارکون کو کلکتہ کے بلیک ہُول" اور "مذابح" سے تشبیہ دی تو یہ امر یقین معلوم تھا کہ اس سے حکام اور برہم ہونگے اور یہی چاہینگے کہ انکی بارکین صرف بلیک ہُول اور مذابح کی سی رہ جائین۔ بہرحال انتظامات فوج کے متعلق انھون نے جو کچھ اعتراض کیا وہ اصل مین خاص انمین کے صوبہ کے متعلق تھا جسکی نسبت قیاس کیا جاسکتا ہے کہ شائد انھون نے کچھ واقفیت پیدا کی ہوگی۔ لیکن انھون نے اپنے حملہ مین جو کل پنجاب کو شامل کرلیا تو انکا بیان ایسے معاملات کے متعلق سمجھا گیا جن سے انکو مطلق واقفیت حاصل نہ تھی اور نہ اُس واقفیت کے حاصل کرنے کا وہ ارادہ رکھتے تھے۔ اس بات کو یاد رکھنا چاہیے کہ جسوقت وہ اپنا اعتراض نامہ تیار کرنے لگے تھے تو سرسری طور پر انھون نے صرف دو روز کے لیے پنجاب کا دورہ کیا تھا ہنری لارنس سے صرف ایک مرتبہ بیچ کی ملاقات کی اور اسکی نسبت بھی انکو نگی حاصل ہوئی تھی اور جن جن باتون کی اطلاع انھون نے ہم پہونچائی انکی صاف صاف توہین کی۔ چونکہ انکو اس بات کا کامل یقین تھا کہ ہندوستان بھر مین وہی ایک لائق اور ایماندار آدمی تھے اور ہر ایک سول منتظم باستثنائے تھامسن وڈلیو اڈورڈس صاحب جنپر کسی نہ کسی طور سے ظاہر کچھ انکی نظر عنایت ہوگئی تھی انکے نزدیک یا تو بیوقوف یا بدمعاش یا دونون صفتون سے متصف تھا اسلیے گمان نہین تھا کہ وہ "جاہل سولینیون اور خالی دماغ مدبرون

[1] سوانح عمری سر چارلس نیپیر جلد چہارم صفحات ۱۶۹ و ۱۷۰ و ۱۷۳ و ۱۸۱ و ۱۸۳ و ۲۰۰ دیکھو۔

یعنی اُن جنٹلمینون کو چھوڑ دینگے جو لال کوٹ پہنے تھے لیکن سپاہی نہ تھے" اور جنھون نے اس بات کے موقع سے اُنکو محروم کردیا تھا کہ جسطرح اُنھون نے سندھ مین حکومت کی تھی اُسیطرح سے پنجاب مین حکومت کرسکین اور جنکی کارگزاریون کی تشخیص کرنے کا اختیار اب اُنکے ہاتھ مین آیا تھا۔ اور اسلیے اُنھون نے واقعات کے بدلے اپنے تعصبات اور پیشین گوئیون کے بدلے اپنی خواہشات کا خاکہ کھینچکر اس بات مین سہولت پیدا کرلی کہ لارڈ ڈلہوزی کے روبرو پنجاب کی ایک بالکل سیاہ تصویر اس امر کے دکھلانے کے واسطے پیش کرین کہ پیشتر اُسکی کیا کیفیت تھی اور کیا اب ہونے والی تھی۔

۳۰۰۰۔ نومبر کو لاہور مین پہونچے۔ اُسوقت تک اُنکی رپورٹ تمام نہین ہوئی تھی اسلیے اُنکو اس بات کا موقع ملگیا تھا کہ جو شخص رائے ظاہر کرنے کے زیادہ مجاز اور خواہشمند تھے اُنکے ذریعہ سے مقامی حالات دریافت کرلیتے۔ لیکن اُنھون نے لارنسون کی صحبت سے احتراز کیا اُنسے کسی سرکاری معاملہ پر بحث کرنا پسند نہ کیا اور جن جن باتون پر اُنکی مشیر تدبیرین منحصر تھین اُنکی نسبت علی الخصوص بڑی سڑک کے راستہ کی بابت (اور یہ امر ایسا تھا جسپر صوبہ کے تمام فوجی انتظامات کا دارمدار تھا) جو کچھ لارنسون نے پوچھا اُسکا اُنھون نے کچھ جواب نہ دیا۔ برادران لارنس کو اُنسے اتنا بھی دریافت نہوسکا کہ کوئی ایک ہی چھاونی کس مقام پر ہے گی یا اگر وہ لوگ حفاظت سرحد اور محافظان سرحد کے انتظام کے ذمہ دار ہین یا نہین۔ اُنھون نے کہا کہ جب تک ہم اپنی آنکھون سے ہر ہر مقام کو نہ دیکھ لینگے اُسوقت تک کسی چھاونی کی جگہ کے بارے مین کچھ رائے نہ دینگے حالانکہ پیشتر کئی مہینے سے اس امر کے لیے سر والٹر گلبرٹ اور سر کالن کیمبل ایسے دو تجربہ کار سپاہی اُنکے اختیار مین موجود تھے جو تمام حالات سے واقف تھے اور دونون صاحب پنجاب مین اعلی مکان پر ممتاز تھے ص ۳۰۴

جس حالت مین ایسی ایسی باتون کے ہوتے ہوے اُنکی رپورٹ تیار اور پوری کی گئی تھی تو ہم کو اس بات سے کچھ تعجب نہین معلوم ہوتا کہ اُسکے مضامین مبالغہ آمیز اور زیادہ تر بے بنیاد اور نارا ست ہین اُنھون نے بیان کیا تھا کہ سکھ لوگ (یہ امر نہ تو پنجاب گورنمنٹ اور نہ کسی دوسرے شخص کو معلوم تھا مگر سر چارلس نیپیر کو معلوم نہین کہان سے اُسکا القا ہوگیا تھا) روزمرہ جنگلون مین غارون کے اندر توپین ڈھالتے ہین اور ہنگامہ برپا کرنے کی فکر مین ہین۔ گلاب سنگھ کا اختیار بیحد بڑھا ہوا ہے (اگرچہ لارنس نے اُنکو کشمیر سے مفصل حالات اصل مقام پر دریافت کرکے لکھے تھے اور اُنکے قول کے بالکل برعکس ثابت کردکھایا تھا) اور وہ بھی جنگ کی تیاریان کر رہا ہے۔ دوآبہ جالندھر کے شمر طرف پہاڑی ضلع کے باشندے بمنزلہ مفسد سکھ سپاہیون کے ہین سابق مین فرمان پذیر اور رضامند راجپوتون کی طرح جو وہ رہتے اُسطرح اب نہین ہین۔ پہلے راولپنڈی اور پھر وزیرآباد مین تنخواہ کے کم ہونے کی بابت بعض بعض رجمنٹون مین چون

ناراضی ظاہر ہوئی تھی وہ ایسی حالت مین حق بجانب تھی۔ لیکن سر ہنری لارنس نے جیسا کہ ما بعد برسون مین انکو معلوم ہوا انکو بڑھا کر تیس پلٹنون کا اچھا خاصہ بلوہ قرار دیدیا اور یہ لکھا کہ اگر مین اُس مقام پر موجود ہوتا تو اُس سے ہماری سلطنت ہندوستان کا خطرہ متصور تھا حالانکہ لارڈ ڈلہوزی جو اُس سلطنت کے قیام کے ذمہ دار تھے سر ہنری لارنس گلبرٹ جو پنجاب مین اعلیٰ کمان رکھتے تھے نہری اور جان لارنس جو فوج کے ساتھ ملک اور ملک باہر جاتے آتے تھے اور ڈیوس و لنگلٹن جنکو برابر بعد اس بلوہ کی شہادت خود سر ہنری لارنس نے جانچنے کے لیے بھیجی تھی ان سب صاحبون نے بھی یہی رائے دی کہ بلوہ وغیرہ کچھ تھا صرف سر ہنری لارنس کی جدت طبع کا نتیجہ تھا۔ منقوحہ صوبہ پر ۵۴۰۰۰ فوج جو حفاظت کے لیے تعینات تھی اُسکی نسبت سر ہنری لارنس نے بیان کیا تھا کہ اگر مین گورنر ہوتا تو اُسکو گھٹا کر صرف ۲۰۰۰۰ باقی رہنے دیتا اور اُسکے بعد اس تعداد مین بھی تخفیف کر دیتا۔ اس فوج کی صرف اسوجہ سے ضرورت واقع ہوئی تھی کہ گورنمنٹ پنجاب ناقص تھی اور دوسرے بغاوت کے آثار ظاہر ہو رہے تھے۔ غیر قوا عد دان سپاہ اور پولیس وغیرہ جو اُنکے اختیار کے باہر تھی اور جو ملک کی حفاظت کا اصل کام کرتی تھی وہ اُنکے نزدیک مفت کی تنخواہ کھاتی تھی اور سول ملازمان تاج کی مطلق حفاظت نہین کرتی تھی۔ فوجی معاملات کے متعلق اُنکی رائے کا خلاصہ یہ ہے کہ منتظم فوج محض نکمہ چینی کے قابل ہین اور اُنکے انتظام سے ہماری فرمانروائی ابتداہی سے مکروہ ہوتی جاتی ہے اور بلوہ کا گمان پیدا ہوتا جاتا ہے۔ .... یہ گورنمنٹ کمزور اور مسرف ہے حالانکہ اسکو زبردست اور کفایت شعار ہونا چاہیے تھا پھر اپنی ایک معمولی دیانتداری اور ایک طرح کے انکسار سے جو انمین شاذ و نادر ظاہر ہوتا تھا بیان کرتے ہین کہ "فوج کثیر اور خاموش رعایا مجھکو ایک پیغمبر کاذب ثابت کرے گی"۔ لیکن اس اثنا مین گل رپورٹ کا نتیجہ یہ ظاہر ہوا کہ سر ہنری لارنس جو فوجی انتظام تھا وہ پنجاب اور باقی حصص ہندوستان کے لیے ایک نمونہ قرار دیا جاے۔ اور تمام قسمون کی سول گورنمنٹ صریحاً قابل الزام ہے[1]۔

اس قسم کے کاغذ سے ممکن نہ تھا کہ لارڈ ڈلہوزی کو شبہات نہ پیدا ہوتے۔ اس سے لارڈ ڈلہوزی کو بہت ہی ملال ہوا کیونکہ گورنمنٹ پنجاب اونھین کی قائم کی ہوئی تھی۔ لیکن اُس سے جو رنج پہونچا تھا وہ خوشی سے خالی نہ تھا کیونکہ اُس سے لارڈ موصوف اور ممبران بورڈ کو جن پر براہ راست حملہ کیا گیا تھا دندان شکن جواب دینے کا موقع ملا اور اس موقع کو انھون نے فروگذاشت نہین کیا۔ گورنر جنرل کی یادداشت کو خود سر جارج پیجٹ نے چھپوایا تھا لیکن اس بات سے مجھکو آگاہی نہین ہے کہ بورڈ کا جواب بھی اسیطرح سے شائع کیا گیا ہو۔ وہ جواب لارڈ لارنس کی خانگی چھپون مین محفوظ رکھا گیا اور اندرونی شہادت اور جابجا کے دوسرے اشارات سے جو انکی چھپون مین کیے گئے ہین مین یہ رائے قائم کرتا ہون کہ یہ سب انھین کے قلم کا زور تھا۔ وہ ایک سندی سرکاری کاغذ ہے طرز بیان بہت

حاشیہ ۳۱

[1] دیکھو رسالہ "پنجاب ہند" مرتبہ سر جارج پیجٹ اور اسکا مقابلہ کرو سر ہنری لارنس کے جواب سے جو بنگال کلکٹر ریویو جلد ۲۲ مین چھپا تھا۔

اعتدال آمیز ہے اور اُس سے ثابت ہوتا ہے کہ راقم مضمون کو اپنے زور طبیعت دکھانے کی کمال قدرت تھی لیکن اُسنے قلم انداز کیا اور اُس کی عبارت نہایت دلچسپ ہے۔ مین بخوف طوالت اس مقام پر اُسکو تمام وکمال درج نہین کرسکتا ہون۔ اُسکے سب فقرات جو شمار مین ۶۷ ہین اگر اس کتاب مین نقل کیے جائین تو اُسکی ضخامت بیحساب بڑھ جائیگی اور یہ امر میرے نزدیک اور بھی قابل اعتراض معلوم ہوتا ہے کہ کاغذ مذکور کے صرف چیدہ فقرات محول کیے جائین کیونکہ اُسکا ہر ایک فقرہ دوسرے فقرات ماقبل و مابعد سے تعلق رکھتا ہے اور ایک کا استدلال دوسرے سے ہوتا ہے۔ اس قسم کے کاغذ کی اگر جانچ کیجائے تو اُسکے کل مضامین پڑھکر اُسکی جانچ کرنا چاہیے اور امید ہے کہ شاید یہ کاغذ اور اسیطرح کے دوسرے ضروری کاغذات سرکاری جو لارڈ لارنس کے لکھے ہوئے ہین اور جو اس سوانح عمری مین طوالت کے لحاظ سے محول نہوسکے کسی نہ کسی روز ایک جداگانہ مجلد مین شائع ہوکے معاملات کی صورت مشرق مین بھی بہت جلد جلد بدلتی رہتی ہے اور انقلاب ایام سے لارڈ لارنس کے بھی کثر خیالات بظاہر تقویم پارینہ معلوم ہوتے ہونگے لیکن اُنکی تمام تحریرات خیالات اور افعال مین جو ضروری اصول مستتر ہین وہ آج سے سو برس کے بعد بھی اُسیطرح کے صادق معلوم ہونگے جیسے اِسوقت معلوم ہوتے ہین اور ان اصولون سے مثل خزائن زرمدبران ہند کی بہتیری نسلین نئے اور پرانے خزانے جمع کرینگی اور یہ دونون باتین ایک طرح سے یکسین ہونگی کہ کن کن عملی باتون مین ہندوستان کے منتظمون کو اُنکی تقلید کرنا چاہیے اور وہ کون سے خطرات ہین جنسے اُنکو احتراز کرنا مناسب ہے۔ پس بالعوض اسکے کہ اس مقام پر جان لارنس کے جواب حملہ سر چارلس نیپیر سے دو چار خیر مسلسل فقرات اخذ کیے جائین میری رائے ہے کہ ایک مختصر بیان جو پہلے شائد مسودہ کے طور پر لکھا گیا تھا اور جسمین نہایت صحیح مگر سنکسرانہ عبارت سے تقرر بوڑڈ کے بعد پہلے سال کی تجویزون اور کارگزاریون کا حال قلمبند کیا گیا تھا یہان پر درج کرون۔ ظاہرا معلوم ہوتا ہے کہ آخر مین جو جواب تیار ہوا اُسمین یہ بات خاصکر اس خیال سے رہنے دیگئی کہ بوڈ نے اپنے اس الزام کے جواب کو کہ اُنکا انتظام کمزور اور بے اثر تھا گورنر جنرل کی رائے کے لیے چھوڑ دینا بہتر سمجھا جنکے ملاحظہ سے بوڈ کی کارگزاری کا ہفتہ وار خاکہ برابر گزرتا رہتا تھا یہ کارگزاریون کا ایک بڑا بیش قیمت اور سندی کاغذ ہے اور باب سابق سے یہ بات بہت اچھی طرح ثابت ہوگئی ہوگی کہ پہلے سال جن جن باتون کے انجام کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا وہ کس خوش اسلوبی سے انجام ہوئین اور دوسرے اور تیسرے سال امید سے بھی زیادہ ترقی ہوئی۔ جان لارنس اُس کاغذ مین تحریر کرتے ہین کہ ص ۳۴۳

اس سال جسقدر کام طے کیا گیا اُسکی مقدار حیساب تھی۔ تمام پرانے ملازمون کا جائزہ لیا گیا اُنکی تنخواہین جو کسی مہینہ سے باقی تھین ادا کی گئین اور بڑا حصہ برخاست کیا گیا۔ اکثرون کو انعامات دیے گئے اور بیسیون کو پنشن ملی۔

خزانہ اور پولیس کے عملہ کا جدید انتظام کیا گیا اور آسان اور صاف قواعد اُنکی ہدایت کے لیے مقرر کیے گئے۔

بیشمار جاگیردن کی نوعیت جانچی اور کیفیت لکھی گئی اور انکا معاملہ طے کیا گیا۔

صفحہ ۳۴۳ جاگیرداروں اور فاضلان اراضیات کے مابین جو نزاعین پیدا ہوا کرتی ہین انکی تحقیقات اور فیصلہ کے لیے قواعد مقرر کیے گئے۔ فوجون کے حصے سب یکجا جمع کیے گئے اور جائزہ لینے کے بعد برخاست کر دیے گئے جو لوگ نوکر رکھنے کے قابل تھے انکی پولیس کے سواردن مین بھرتی کی گئی اور انکی تنخواہ گورنمنٹ کے ذمہ قرار دیگئی۔ جو اراضیات بطور مدد معاش انکے نام منتقل کی گئی تھین ضبط سرکار ہوئین۔

آیندہ سوم سرامین جو ساحت ہونے والی تھی اسکے متعدہ کے طور پر گانو نکی نشان دہی اور حد بندی کرنے کے لیے افسر مقرر ہوئے اور ملک مین جو اراضیات معافی تھین انکی تحقیقات کے لیے قواعد مرتب اور شائع کیے گئے۔ تجارت داخلہ و خارجہ پر جو محصولات لگائے گئے تھے وہ سب موقوف کیے گئے اور صرف نمک کے محصول کو جو دو روپیہ من لگایا گیا چھوڑ کر (اسمین کھودائی اور گودام تک کی باربرداری کا حصہ بھی شامل ہے) پنجاب کی کل تجارت آزاد کر دی گئی۔ صرف ان محصولات سے چھ لاکھ روپیہ کی آمدنی تھی مگر شمار اسکے موقوف ہو جانے سے رعایا کے حق مین اسکا دوچند فائدہ پہونچا ہوگا۔

اس بات کے متعلق بھی تجویزین عمل مین لائی گئین کہ پرانے سکے متروک کیے جائین اور انکے بدلے کمپنی کا سکہ رواج پذیر ہو۔ اس انتظام سے تمام وجہ کے لوگون علی الخصوص کاشتکارون کو جو فائدہ پہونچا اسکا بہت آسانی سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کیونکہ یہ لوگ اکثر اپنی پیداوار کو ایک طرح کے سکے پر بیچتے اور لگان ادا کرنے کے لیے اسکو دوسرے قسم کے سکہ سے بدلتے تھے۔ پھر نانک شاہی روپیہ ایکلاسرہ قسم کے سکون کا رائج تھا اور پورے پچاس طرح کے دوسرے سکے تھے۔

اس بات کا بھی بندوبست کیا گیا کہ رفتہ رفتہ سہولت کے ساتھ پرانے بٹون اور پیمانون کا رواج شکست کر کے انکے بدلے نئے پیمانے اور نئے بٹے جاری کیے جائین کیونکہ پرانے پیمانے اور بٹے گانون گانون اور شہر شہر مین طرح طرح کے تھے۔

گورنمنٹ نے پانچ لاکھ روپیہ ملکی اصلاحون کے لیے علیحدہ رکھ چھوڑا ہے۔ اگر وہ ہر سال اس رقم کا پانچ گونہ روپیہ دس سال تک نئی سڑکون اور نئی نہرون کے نکالنے مین صرف کرتی رہے گی تو غالبًا اس زمانہ کے ختم ہونے کے بعد آمدنی دوچند ہو جائیگی اور بہ نسبت اس امر کے کہ بیس ہزار آدمی اور فوج مین داخل کیے جائین اس خرچ سے امن و امان اور محافظت ملک کے متعلق زیادہ فائدہ ہوگا۔ انجینیرون کا عملہ ابھی سے مرتب کیا گیا ہے اور باری دوآبہ مین انجینیرون کے گروہ پیمائش کے لیے نکل چکے ہین۔

ہمارے افسرون نے ۱۸۴۹ء مین جو جمع تشخیص کی تھی وہ بحیثیت موجودہ قائم رکھی گئی اور جہان جہان مثلاً ملتان یا مولراج کے ماتحت اضلاع مین تشخیص نہین ہونے پائی تھی وہ اس سال کے آخر تک پوری کر دیجائیگی۔ اس تدبیر کو رعایا نے اشتیاق بہت خوشی سے قبول کر لیگی کیونکہ اسکے سوا دوسری صورتون مین بجائے مالگزاری سرکار وصول کرنے والے اشخاص

اُنکا شکار کر ڈالتے ۔

یہ سب بڑی بڑی تدبیرین جو عمل مین لائی گئی ہین اُنکا نتیجہ بہت جلد ہی پیدا ہوگا کہ جمہور عوام کی اصل آسائش مین ترقی ہوگی اور وہ لوگ ہماری حکومت سے رضامند ہوتے جائینگے فاتحون کی حیثیت سے یہ ممکن نہین ہے کہ جن لوگون کا اختیار ہم نے چھین کر اُنکو اپنا مطیع بنایا ہو اُنکی موجودہ نسل ہم سے موافقت کرے ۔ سپاہیون اور دفاتر کے ملازمون کے ایسے بڑے بڑے گروہ ہین جو اس انقلاب سے بے روزگار ہو گئے ہین ۔ یہ لوگ اپنے زور یا سازش سے فتور برپا کرنے مین اُسوقت پہلو تہی کرینگے جب اُنکے لیے کوئی موجہ شے پیدا ہوگی ۔ یہ عظیم الشان تبادلے بغیر کسی شور و شر کے عمل مین لائے گئے ہین اُنکا حال خاص ہمارے ہم وطنون مین سے بہتیرون کو نہین معلوم ہے اُنمین فوجی فتمندی کی کوئی شان و شوکت نہین ظاہر ہوئی لیکن اسمین شک نہین کہ جن لوگون کی فائدہ رسانی کے لیے اُنکی عملدرآمد ہوئی وہ لوگ بخوبی سمجھتے اور اُنکی قدر کرتے ہین ۔

بیان کیا گیا ہے کہ ملک پنجاب کی حالت ایسی نہین ہے جو رول گورنمنٹ کے لیے موزون ہو یعنی یہ کہ اُسپر فوجی قانون کے ذریعہ سے حکومت ہونا چاہیے اور اُسکے باشندون کو کورٹ مارشل کی برکتون کا پابند کرنا چاہیے ۔ ہمکو امید ہے کہ جو لوگ یہ رائین رکھتے ہین وہ صرف اپنی ہی پیشین گوئیون کا ظہور نہ چاہینگے ۔ ہم نے قریب قریب انمین کی خواہشون کو لکھدیا ہے ۔ انتظام پنجاب کی کارروائیان جس مدد اور اعانت کی مستحق ہین اور اُسکی تدبیرین جس مدد اور اعانت کا نتیجہ ثابت کرتی جاتی ہین صرف اُسکے پہونچنے کی دیر ہے اور جسوقت یہ بات حاصل ہو جائیگی تو ہم بخوبی و خطا پیشین گوئی کر سکتے ہین کہ ملک مین رفتہ رفتہ امن و آمان قائم ہو جائیگی اور جملہ وسط ایشیا کی شاہراہ اور ہندوون اور مسلمانون کی جگہ ہونے سے جو دولت اور آسائش مدتون سے اُسپر حرام ہو گئی وہ پھر عود کرنے لگے گی ۔

سرکاری افسران ہند کے اطمینان کو یہ بات بہت عمدہ ہوگی کہ جن کاغذات کا مین نے اوپر بیان کیا دسمبر ۱۸۴۹ء تک اُنمین سے ایک بھی پیش نہ ہونے پایا ۔ کیونکہ بڑے بڑے مخالف اُس مہینے مین سب بمقام لاہور آکر جمع ہوئے تھے ۔ جس صوبہ کو گورنر جنرل نے شامل سلطنت کیا تھا اُسکی دارالسلطنت مین اس موقع پر پہلے ہی پہل اُنھون نے قدم رکھا تھا ۔ ہنری لارنس اُنکے استقبال کے لیے بہت عجلت کے ساتھ کشمیر سے واپس روانہ ہوے اور سر چارلس نیپیر جیسا کہ مین ابھی بیان کر چکا ہون اپنے فوجی دورہ کی تقریب سے وہان آئے ۔ چونکہ وہ دونون کے مخالف شریک تھے اسوجہ سے دونون ایک جگہ آرہے اگر ایسا نہوتا تو شائد اُنکا ایک جگہ آجانے کی چندان خواہش نہوتی اور سر چارلس نیپیر نے ظاہرا اپنا زیادہ وقت لاہور کی اُن قلعہ بندیون کی تفصیحک مین صرف کیا جو تو نے تجویز کی تعین اور برخلاف اُنکے اپنی راے کے مطابق دوسری قلعہ بندیون کی تجویز مین بھی وہ مصروف رہے ۔ یہ ایک اُس قسم کی دلگی تھی جسکے متعلق بایام مابعد ہنری لارنس نے اُنکو اپنا پارٹنر بنایا اور جیسا کہ اخبار کلکتہ ریویو کے صفحات

ص ۳۴۳

(جنوری ۱۸۵۴ء) سے ظاہر ہوتا ہے بدلائل اُس کو ثابت کیا۔ سرحدی فوج اور چھاونیون بلکہ خاص اسلامیہ کے ضروری معاملات اُسی طرح سے ناتمام رہ گئے اور اُنکے بارے مین کچھ فیصلہ نہوا۔ غیب دان گنگ تھا اور جب تک وہ کلام کرنے پر آمادہ نہ کیا جاسکتا اُسوقت تک تمام انتظامات ضرور بالضرور معطل رہنے والے تھے جس طور پر یہ معاملہ ختم ہوا اُسکا حال مین ایک ایسے شخص کے ذریعہ سے بیان کرسکتا ہون جو اُس موقع پر موجود اور ایک بڑے درجہ تک اُس کام مین شریک تھا۔ مجھکو یقین ہے کہ اس قصہ کو ابتک کسی نے نہ بیان کیا ہوگا اور سر جارج نیپیر کی خاصیت اُس سے بہت اچھی طرح ظاہر ہوتی ہے۔

جب سر جارج نیپیر کے قیام لاہور کا زمانہ قریب اختتام تھا تو ایک روز حسب اتفاق ہر سہ ممبران فوجداری اور منٹگمری صاحب جو اُس زمانہ مین قسمت لاہور کے کمشنر تھے صبح کی سیر کو نکلے اور راستہ مین کچھ فاصلہ پر اُنھون نے دیکھا کہ کمانڈر انچیف اور اُنکے اسٹاف کے لوگ بھی سیر کرنے جاتے ہین۔ ہنری نے جان سے کہا "چلو اسوقت سیدھے کمانڈر انچیف کے پاس چلی چلین اور لاہور کی چھاونیون کی بابت اُنسے کہین کہ آخر آپ کچھ جواب دینگے یا نہین"۔ چنانچہ اُنھون نے ایسا ہی کیا۔ سر جارج نے کہا کہ "آپ یہی بات دریافت کرنا چاہتے ہین کہ چھاونیان کہان نہین گی بہت اچھا آپ لوگ میرے ساتھ چلین" اور یہ کہکر اُنھون نے اپنے گھوڑے کو زور سے مہمیز کیا اور سرپٹ دوڑاتے ہوئے مین چار میل باہر نکل گئے۔ اُنکے اسٹاف کے لوگون نے ہمانتک ممکن ہوسکا اُنکا ساتھ دیا اور ہنری لارنس جان لارنس مینٹیل صاحب اور منٹگمری صاحب جو غالباً کچھ اچھے گھوڑون پر سوار تھے ہمانتک ہوسکا پیچھے پیچھے وہ بھی گئے ــــ یہ دوڑ بالکل مثل جان گلپین کے تھی جسمین سائیس اور "ترک کے بچہ عثمانین" "چور چور" پکارنے والے تو نہین تھے لیکن معاملہ اُسی طرح کا تھا۔ اور یہان سول اور فوجی حکام پنجاب کے بڑے بڑے نامی لوگ تھے۔ آخر کو ہوڑے جنرل نے بیچ میدان مین جاکر اپنے گھوڑے کی لگام اسطرح سے روکی جس سے ظاہر مین معلوم ہوا کہ اتفاق سے وہان گھوڑا ٹھہرا لیا گیا اور اتنی دور دوڑنے کے بعد گھوڑے کے تھمتے ہی اُنھون نے پسینہ مین ڈوبے ہوئے گھوڑون اور ہانپتے ہوئے سوارون کے درمیان سے چلاکر کہا کہ "آپ لوگون نے مجھسے پوچھا تھا کہ چھاونیان کہان نہین گی سو مین بتاتا ہون کہ اس مقام پر نہین گی"۔ بدقسمتی سے جس مقام پر اُنھون نے ایک چپڑ زمین کا کھودا تھا وہ خاص کرکے دلدل اور وبائی خس و خاشاک سے بھرا ہوا نکلا۔ لیکن حکم صادر ہوچکا تھا اور ایان انجینیرون نے جو تعمیر کے کام پر مقرر ہوئے تھے صرف اپنے اختیار سے تجاوز کرکے چھاونیون کو کسیقدر پیچھے ہٹا دیا یہ جگہ بھی ویسی ہی کثیف تھی مگر بمقابلہ اُسکے کسیقدر غنیمت تھی۔ الغرض میانمیر کی مشہور چھاونیون کی ابتدا یہ ہے۔

جب یہ معاملہ طے ہوگیا تو سر جارج کو اپنے فوجی دورہ پر آگے بڑھنے کا موقع مل سکا۔ جان لارنس

صفحہ ۳۴

ساتھ لیکر وہ جمعون مین گئے اور وہان گلاب سنگھ سے ملاقات کی۔ انکا ہمراہی بیان کرتا ہے کہ "کمانڈر انچیف ایک نیک اور خلیق شخص" اور "ہیبت ناک مہاراجہ" "شاید یہ نسبت اور کسی زمانہ کے زیادہ تر خلیق اور پسندیدہ خصال پاتے گئے۔ جب سر ہجارنس اور آگے بڑھے اور وزیرآباد جہلم راولپنڈی اور پشاور کو گئے تو اس امر کا خیال کر کے کہ اسی زمین کو اسکندر اعظم نے بھی طے کیا تھا انکو بڑی خوشی حاصل ہوئی۔ وزیرآباد مین جاکر انکے خیال کے مطابق ہندوستانی سپاہیون مین بوسے بغاوت پیدا ہونیکا انکو تازہ ثبوت ملا اور پشاور مین جاکر جارج لارنس سے جو وہان کے افسر تھے انسے بڑی دوستی ہوگئی۔ گو ایک لارنس وہ بھی تھے اور گو "صلاح دینے کی کوشش" انکے جرم مین جو قابل عفو نہین تھا بوجہ تھے مگر اسپر بھی سر ہجارنس نے انکو ایک بہت معقول شخص" بیان کیا ہے۔

کچھ مختصر فوجی کارروائیان مشہور درہ کوہات کے آفریدیون کے انسداد مین اسی زمانہ مین شروع ہوئی تھین۔ ان وحشی پہاڑیون نے اقرار کیا تھا کہ ایک رقم معینہ کے ملنے پر ہم اپنے علاقہ کی کچھ زمین سڑک بنانے کو دینگے لیکن جب سفید مہینا کے کچھ لوگ اس کام مین جاکر مشغول ہوئے تو انھون نے اپنی معمول عادت کے مطابق رات کے وقت جاکر انپر حملہ کیا اور جو ہتھیارون مین وہ تھکے ماندے لوگ پڑے سوتے تھے انکو طمانچون اور قبل اسکے کہ وہ بیچارے انین سے نکلنے پاتے چھریان مار مار کر انکو ہلاک کر ڈالا۔ سر ہجارنس ان کارروائیون مین شریک ہوئے جو فی نفسہ چندان قابل لحاظ نہین ہین مگر صرف اس نزاع لفظی کے اعتبار سے قابل یادگار ہین جو تلوار دون کے بیان مین داخل ہوتی ہے پیدا ہوئی تھی۔ کیونکہ کمانڈر انچیف کا بیان ہے کہ اگر مین نہوتا تو دونون رجمنٹین جو اس مہم پر بھیجی گئی تھین بوزدکی حماقت سے ہلاک ہوجاتین اور اسکے جواب مین بوزد کا یہ بیان ہے کہ کوئی بھاری لڑائی ہونے ہی نہین پائی اور بالعوض اسکے کہ سر ہجارنس فوج محافظ کی حفاظت کرتے وہ خود کوکل و پاک صاف کی حفاظت مین پشاور کو روانہ کیے گئے۔ بہرحال اس عظیم الشان بوڑھے سپاہی کو آگ کے بیچ آنے کا یہ پہلا موقع ملا تھا اور اپنے فوجی دورہ مین گو وہ ایک طوفانی طریقہ کا تھا اقل درجہ انسے ملک کو دو فائدے پہونچائے۔ ایک تو یہ کہ کمانڈر انچیف کے ساتھ کوچ کے وقت بطور معمول جو فضول سامان حشم و خدم ساتھ ہوتا ہے اور جو اکثر اپنے راستے ضلعون کو ٹڈیون کے بادل کی طرح چاٹ جاتا ہے وہ کچھ زمانہ کے لیے موقوف رہا۔ دوسرا لارڈ ڈلہوسی کو اس بات پر آمادہ کرنے مین انکو کامیابی حاصل ہوئی کہ کچھ گورکھاؤن کو فوج مین داخل کر کے ہندوستانی سپاہیون کی

صفحہ ۳۵

سازش کا خطرہ کم کر دیا جاے صاحب موصوف نے بقول خود ہیبت ناک چھوٹے غازیون کی تلوار کو زیروزبر کر دیا" اور اس آزمایش مین باوصف لارڈ ڈلہوسی اور ہنری لارنس کی غلط فہمیون کے آخر مین نہایت کامیابی حاصل ہوئی۔ ہماری سلطنت کے جس حصہ مین گورکھا سپاہی تیغ آزمائی کے لیے طلب کیے گئے وہان انھون نے ہماری اعانت کے متعلق نہایت عمدہ خدمتین انجام کین۔

جب لارڈ ڈلہوسی سیاحت دریا کے لیے گئے اور سر چارلس نیپیر گویا بہ حیثیت گورنر جنرل انکی تمام تعاملی کرنے لگے تو انھون نے فوج کی تنخواہ کی بابت گورنمنٹ کے حکم کو اپنی رائے سے معطل کر دیا۔ اختیار کا اس طور پر غصب کر لینا سراسر ظلم تھا جسپر گورنر جنرل نے واپس آکر سخت چشم نمائی کی اور سر چارلس نے اسیوقت اپنا استعفا داخل کیا اور ڈیوک آف ولنگٹن نے جو پہلے انکے ہندوستان جانے کے لیے بہت مصر ہوئے تھے مگر اب بلا تامل یہ کہدیا کہ وہ غلطی پر ہین انکا استعفا قبول کر لیا الغرض وہ نامی گرامی تجربہ کار کامل سپاہی اسطرح پر ہندوستان سے چلا گیا انکا آفتاب جو درحقیقت کئی برسے بڑے بڑے دنون تک چمکتا رہا تھا اب آخر کو عین سمندر مین طوفان کے وقت غروب ہوگیا۔ وہ اپنا غصہ مابعد تحریرون کو شایع کرکے برابر نکالتے رہے تاآنکہ انکی شور انگیز روح نے قبر کے اندر جاکر قرار لیا۔ اس زمانہ مین جان لارنس نے جو چٹھیان لکھی تھین انمین سے بعض بعض کے اقتباسات اس مقام پر درج کیے جاتے ہین۔ انسے ظاہر ہوگا کہ جان لارنس کے ذاتی تعلقات ان دو بڑے مخالفون سے کیا تھے اس زمانہ کے سب سے زیادہ اہم معاملات پر انکی کیا رائے تھی ماتحتون سے انکو کسطرح کا تعلق رہا اور انکی علالت اور صحت دونون حالتون مین انکو کیسی کیسی خدمتین انجام کرنا پڑین اور کس خوشی سے ان خدمتون کو انھون نے قبول کر لیا۔ ذیل مین انکا خیال سرحدی فوج کے مسئلہ کے متعلق بیان کیا جاتا ہے یہ خیال انکے بھائی کی رائے اور اس رائے سے بھی جو آخر کو بحال رہی مختلف ہے۔

بنام لارڈ ڈلہوسی

۱۰ دسمبر ۱۸۴۹ء

محمد اندر انجیف ابتک یہین مقیم ہین اور یہ کسیکو نہین معلوم ہے کہ وہ یہان سے کب تک جائینگے میرے بھائی نے سرحد اور غیر قواعد دان سپاہ کے بارے مین جو یادداشت انکو لکھی تھی انکا ابتک انھون نے جواب نہین دیا صرف ملاقات ہونے کے بعد مین نے اس معاملہ مین بہت کچھ غور کیا اور مین مقر ہون کہ میرے نزدیک کمانڈر انچیف کا خود سرحد پر انتظام رکھنا مرجح ہے۔ مین سمجھتا ہون کہ میرے بھائی کا انتظام عمدہ ہے اور اگر بخوبی تمام اسکی تعمیل کیجائے تو اس سے کمال بہبودی متصور ہے لیکن مجکو اندیشہ ہے کہ اگر ہم کو وہ کام کرنا پڑا تو جسقدر کام کی خواہش ظاہر کیجاتی ہے اسکا صرف ایک حصہ انجام ہوسکیگا۔ مجکو فوجی اعزاز کی طمع نہین ہے بلکہ اصل تو یہ ہے کہ مین اس سے کنارہ کشی کرتا ہون۔ ہر ایک سیول اور پولیٹکل افسر جسکو ایسے معاملات مین دست اندازی کرنا پڑیگی وہ گویا اپنی گردن رسی سے بندھوا دیگا۔ عزت اور فائدہ تو فوجی حکام کو حاصل ہوگا اور بدنامی اور نقصان پولیٹکل افسرون پر پڑیگا۔ مین یقین کرتا ہون کہ غیر قواعد دان سپاہی بہ نسبت قواعد دان سپاہیون کے تمام عارضی لڑائیون کے لیے زیادہ موزون ہین لیکن مجکو دل سے یقین ہے کہ اگر غیر قواعد دان سپاہی ہماری ماتحتی مین سرحد کے محافظ رہے تو قواعد دان

ص ۳۴

سپاہیون کے بہتیرے افسر جیسا چاہیے اور جیسا خواہ مخواہ ضرور ہوگا ہماری اعانت کے لیے طلب کیے جائینگے مین چاہتا ہون کہ فوجی افسر اپنا اور سول افسر اپنا کام کرین - سرحد ایک خطرہ کا مقام اور اسواسطے عزت کا مقام ہے اور اسکا ہم لوگون کے سپرد ہونا خلاف قاعدہ ہے - پنجاب مین ہمارے پاس قواعددان اور غیر قواعددان سب ملاکر چون ہزار فوج ہے اور تینتیس ہزار سے کچھ ہی کم نئے آدمی بھرتی ہونے والے ہین یہ تعداد میرے نزدیک ایسے ملک کے لیے زائد از ضرورت ہے -

اسکے تین روز کے بعد پھر وہ اسی رنگ مین لکھتے ہین کہ -

کمانڈر انچیف کل روانہ ہونے والے ہین ہمانتک مین خیال کرسکتا ہون وہانتک تو مجکو یہی معلوم ہوتا ہے کہ فوجون کی تقسیم اور نئی چھاونیون کی بابت فیصلہ کرنے کے لیے وہ سابق سے کچھ زیادہ آمادہ نہین ہین - مین دیکھتا ہون کہ اگر فوراً کام شروع نہ کردیا جائیگا تو اس سال بہت کم کارروائی ہوسکیگی ... بلکہ کچھ بھی نہوسکیگا - اگر پنجاب مین سول گورنمنٹ ہونیکی وجہ سے وہ چاہتے ہین کہ تمام فوجین وہین جمع ہون تو یہ خواہش کس خیال سے کرتے ہین کہ ساری جمعیت سرحد پشاور ہی پر اور ملک کے پانچ حصون مین سے چار حصے فوج سے بالکل خالی چھوڑ دیے جائین -

میرے نزدیک شائد اب وہ خیال کرنے لگے ہین کہ گلاب سنگھ ویسا خوفناک اور جنگ پر آمادہ نہین ہے جیسا وہ تصور کرتے تھے ہین - مین کل لاہور سے سیالکوٹ کو روانہ ہون گا اور مہاراجہ سے ایک بار ملاقات کرکے پلٹ آؤنگا - مجکو معلوم ہوا ہے کہ دس دن مجکو لاہور سے غیر حاضر رہنا پڑیگا - یہان ایک خبر یہ مشہور ہوئی ہے کہ تیس ہندوستانی پلٹن نے وزیرآباد مین بلوہ کیا ہے لیکن مجکو یقین ہے کہ یہ خبر مبالغہ آمیز ہے - مین سمجھتا ہون کہ میرے بھائی کی یہ رائے بہت صحیح ہے کہ ہکو دیسی فوج کثرت سے جمع نہ کرنا چاہیے - ہرنکینڈ سب ظاہر ہین اچھے معلوم ہوتے ہین آٹھ یا دس فوجی حصون کا ایک جگہ رہنا اچھا نہین ہے - اس مین خطرہ متصور ہے علی الخصوص ایسی حالت مین جب انکو کوئی کام کرنا نہین ہے -

پھر ۳ - جنوری ۱۸۵۰ء کو وہ لکھتے ہین کہ

جسطرح سے کمانڈر انچیف فوجون کو تقسیم کررہے ہین یا یہ کہیے کہ انکو چھوڑتے جاتے ہین اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ چاہتے ہین کہ کوئی بلوہ ہو جائے اور وہ اوچک کر اس بلوہ کے دور کرنے مین ناموری حاصل کرین - وہ کہتے ہین کہ سول گورنمنٹ کے لیے اسقدر فوج کا رہنا ضروری ہے اور اسپر بھی وہ اناغہ اور گلاب سنگھ کے حوالہ دیکر انکو جمع کررہے ہین - سول کام کے لیے مزید فوجی حصون کے طلب کرنے سے حضور کو تعب ہوگا - لیکن اگر قواعددان سپاہ متفرق رکھی جائیگی تو پھر اس بات کی ضرورت نہوگی اور وہ بھی اسوقت جب سول خدمت اُن سے نہ لیجائے - اس صورت چھ ہزار پیدل اور ۲۵۰۰ سوار میرے نزدیک کافی ہونگے - حضور کو معلوم ہے کہ سرحد کی حفاظت کے بارے مین میری کیا رائے ہے - سول افسرون کے سرحد کی حفاظت کرنے مین جو بڑے بڑے اعتراضات عائد ص ۳۴۹

ہوتے ہین منجملہ اُنکے ایک اعتراض یہ مانہ ہوتا ہے کہ اُس سے اُنکی جائز خدمات کے انجام کرنے کا وقت اور بھی نہ ملیگا - اکثر اتنا وقت نہین ہے کہ سپاہی اور سویلین دونون کا کام کرین - اگر اُنمین عقلمندی اور واقفیت ہو تو بھی وہ اس کام کو انجام نہین کرسکتے ہین اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سول خدمتون کی طرف سے فروگذاشت ہوگی -

مندرجۂ ذیل فقرہ اس امر کے اعتبار سے بالتخصیص دلچسپ ہے کہ لارڈ ڈلہوسی کی نسبت علی العموم جیسا خیال کیا جاتا ہے اُسکے مطابق لارڈ موصوف نے جاگیرداران پنجاب کے بارے مین سختی نہین کی تھی -

جاگیردارون کے تعلق حضور نے حال مین جس انتظام کی ہدایت کی ہے اس سے بڑا اطمینان ہوا اور یہ نتیجہ امید سے بھی بڑھ گیا - ایک سکھ سردار نے مجھسے کہا کہ ہم لوگون کو اُس سے زیادہ ملا جو رنجیت سنگھ سے ملتا اور اُسپر بھی تمام خدمتون سے ہلکے معاف کردیے گئے - اُسنے بیان کیا کہ جب ہری سنگھ جو سکھ سردارون مین سب سے زیادہ بہادر تھا افاغنہ کے خلاف جنگ کرنے مین مارا گیا تو رنجیت سنگھ نے اُسکی ازواج کو اُسوقت تک قید رکھا جب تک اُنھون نے متوفی کی دولت کا پتہ نہ بتلا دیا - مجھکو اطمینان ہے کہ معمولات کی موقوفی سے بھی لوگ خوش ہونگے علی الخصوص جمہور عوام کو تو اور بھی زیادہ خوشی ہوگی کیونکہ اس تبادلہ سے اُنکے مقاصد اصلی کو بہت جلد فائدہ پہونچیگا - اب مجھکو صرف اس بات کی خواہش باقی رہی کہ ملک مین نہرین جاری ہو جائین - اگر حضور کو اس بارے مین کوئی شک ہو تو سرسری طور پر حضور کے ملتان مین تشریف لانے سے وہ رفع ہو جائیگا - رابرٹ پیئرس بیان اپنے کام پر ہین افسوس ہے کہ بی بی حال ہی مین انتقال کرگئی -

لفٹننٹ جیمس کو جنھون نے چار برس تک سندھ مین کام کیا تھا اور اُس مدت کا زیادہ تر حصہ سول کاموں مین صرف ہوا تھا اور جو اُس زمانہ کے بعد جان لارنس کے بہترین معاونین پنجاب ہونے والے تھے اُنھون نے دو طولانی چٹھیان لکھین اور اُنمین انتظام سندھ کے مفصل حالات کی نسبت استفسار کیا - کیونکہ اُنھون نے جارج پیئرس کے حلون سے اپنے تئین بچانے کی حالت مین اس بات کو بہتر سمجھا کہ لڑائی غنیم ہی کے ملک مین قائم کیجائے مین اُسمین سے بعض منتخب فقرات محول کرتا ہون علی الخصوص وہ فقرات جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ مفصل حالات دریافت کرنے کا اُنکو کسقدر شوق تھا اور جس شخص کو وہ پنجاب مین بلاتے تھے اُسکے حالات پہلے کس ہوشیاری سے وہ دریافت کرلیتے تھے یا وہ فقرات جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ معاملہ سندھ پر اُنھون نے کس راتبازی سے نگاہ کی اور اُنکی خواہش یہی رہی کہ اُنکے حریف کی حکومت مین جو بات عمدہ ہو اُسکی تعریف کرین اور جو بات خراب ہو اُسکو چھوڑ دین -

مین آپ سے یہ بات دریافت کرنا چاہتا ہون کہ سندھ مین کپتان فلیٹنگ کس طرح کے افسر ہین - آیا وہ لائق افسر ہین آیا وہ مال معاملات کو جیسا چاہیے ویسا سمجھتے ہین - آیا وہ بتائی ٹھیکہ یا گاؤن کی ہمہندی سے واقف ہین براہ مہربانی ان سوالون کا جواب دیجیے اور یہ بھی لکھیے کہ آیا وہ دماغ اور جسم قوی رکھتے ہین یعنی یہ کہ وہ آیا محنت شاقہ کرسکتے ہین یا کرسکینگے -

ض ۳۵

مین چاہتا ہون کہ آپ گذشتہ و موجودہ انتظام سندھ سے مجھکو آگاہ کرینگے یعنی یہ کہ سر چارلس نیپیر کے عہد مین کیا انتظام تھا اور پرنگل صاحب کے زمانہ مین کیا انتظام ہوا۔ علی الخصوص آپ سر چارلس نیپیر کے انتظام سے زیادہ تر اطلاع دینگے۔ وہ ایک اول درجہ کے سپاہی اور بالعموم بڑی لیاقت کے آدمی ہین لیکن مین نہین سمجھتا کہ وہ سول صیغہ کی فروعی باتون کا کیونکر بندوبست کر سکینگے انکو رعایا کی زبان و دستورات یا عادات اور مالی محصولات یا پولیس کے انتظامات سے بالکل واقفیت نہین تھی حالانکہ یہ پہلی دونون باتین صرف شعور اور سلیقہ پر منحصر ہین۔ مین اُنکے سکریٹری پرٹون صاحب کو خوب جانتا ہون۔ وہ ایک اچھے شخص ہین لیکن سکریٹری کے کام کے لیے تو فی الواقع وہ ناموزون تھے۔ پر سب سے مقدم بات یہ ہے کہ اُنکے افسران ضلع کو سول معاملات کی تعلیم حاصل نہین ہوئی۔ مین مقر ہون کہ جسوقت مین ان سب باتون کا خیال کرتا ہون تو مجھکو انتظام سندھ کی ان غلطیون ہی پر جو بیان کیجاتی ہین تعجب نہین ہوتا بلکہ مجھکو تو اس بات کی حیرت ہے کہ کوئی ایسی بات عمل مین آئی ہو جسکو انتظام کہا جاسکتا ہے

مین خیال کرتا ہون کہ مین نے سنا تھا کہ مالگزاری اراضی بذریعہ اجناس وصول کیجاتی تھی اور اسکی مقدار ہر موضع مین مقرر نہین تھی بلکہ بٹائی ہوجاتی تھی۔ لیکن شائد حال مین سہ سالہ بندوبست کیا گیا ہے۔ آیا یہ امر صحیح ہے اور اگر ایسا ہے تو یہ بٹائی کا قاعدہ کب تک جاری رہا آپ نے اسکو جاری ہی کیون رکھا کیا اسمین کوئی خرابی نہین واقع ہوتی تھی۔ آیا گورنمنٹ اور رعایا دونون کو نفع جاتے تھے یا صرف گورنمنٹ ہی کو نفع تھی۔ محصولات کی قسم سے آپ کیا کیا وصول کرتے تھے آیا صرف تجارت داخلہ و خارجہ ہی کا محصول تھا یا ادا ہی کا بھی محصول لیا جاتا تھا۔ آیا شہرون مین بھی چنگی لیجاتی تھی۔

قاعدہ پولیس کچھ اسکا بھی بیان کیجیے۔ جوڈیشل صیغہ مین اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ افسر اور گورنر تھے مگر عالمانہ اختیار کسکو تھا آیا ڈسٹرکٹ افسر کو یا اسسٹنٹ کو یعنی یہ کہ آیا اسسٹنٹ لوگ تمام فروعات اور ڈسٹرکٹ افسر ایک قسم کے جج کے طور پر کام کرتا اور اپیلون کو سنتا تھا جیسا کہ مدراس مین میرے نزدیک قاعدہ ہے یا آنکہ ہمارے بنگال کی طرح افسر ضلع کو عالمانہ کامون کی جوابدہی تھی اور اسسٹنٹ لوگ صرف اسکی مدد کو رہتے تھے اس صورت مین اپیلین کون سنتا تھا۔ اگر گورنر سنتے تھے تو ہر اپیل کا انگریزی ترجمہ ضرور داخل ہوتا ہوگا۔ اسکا وقت آپکو کہان سے ملتا تھا آیا گورنر کبھی خود بھی کچہری کرتے تھے اور اگر کرتے تھے تو کس قسم کے مقدمات اُنکے سمان تجویز پاتے تھے۔ جو مقدمات ہمارے یہان کے کمشنرون کو سپرد ہوتے ہین وہ کیونکر تجویز کیے جاتے تھے

صیغہ مال کے متعلق آپ سندھ کی اصل آمدنی کیا خیال کرتے ہین۔ سول صیغہ کے اخراجات مع خرچہ سپاہ پولیس کیا تھے مین آپ سے ٹھیک اصل قیمت نہین پوچھتا ہون آپ صرف اندازاً لکھ دیجیے وہی کفایت کریگی۔ مثلاً یہ کہ اگر آمدنی چالیس لاکھ تو خرچ اسکا آدھا یا تہائی یا چوتھائی تھا۔ جسوقت فرصت ہو مہربانی کرکے اول وقت آدھ گھنٹہ صرف کرکے اس چٹھی کا جواب لکھیے گا۔

ص ۳۵ پس نیپیر صاحب کے لیے یہ ایک بڑے طولانی "آدھ گھنٹہ" کا کام دیا گیا تھا لیکن اُنکا جواب دس دن کے اندر یعنی واپسی ڈاک کے وقت تک پہونچ گیا اور جان لارنس اور بہت سے سوالات اور اشارات کا دریا بہا سکے۔ اُنمین چند باتین اقتباس کرکے مین فیل مین درج کرتا ہون۔

مین نے تین کلکٹروں اور اُنکے مباحثون کا تھوڑا بہت حال سنا۔ سر جارجس ایسے شخص کے لیے صلاح دینے کو یہ کیا ہی عمدہ قاعدہ ہے۔ یہ کیا اچھا انصاف ہے کہ ایک شخص کی پشت پیدون سے لال کردی گئی پانچ سو روپیہ یک جرمانہ ہوا اور اُسکے مقدمہ کی نہ کوئی مثل تیار ہوئی نہ حق اپیل دیا گیا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ آپ کے بعض لوگون نے اس سے بھی زیادہ نقصان پہونچایا ہوگا۔ جالندھر مین میرے ماتحت ایک مسٹر ——— تھے جو سندھ مین بھی رہ چکے تھے اور اُنکے ہاتھون سے مین نے بعض بعض اسیطرح کی سنگدلی کے تدارک دیکھے جنکا مین نے فوراً تدارک کیا۔ .. .. مین سمجھتا ہون کہ اگر سندھ پر ایک انصافانہ طور سے اور خیال کو وسعت دیکر کوئی مضمون لکھا جاے اور اُسمین تمام کیفیتین مفصلاً و مشروحاً قلمبند کی جائین اور تمام عیب وصواب کی باتین راست راست بلاکم وکاست ظاہر کیجائین تو خاص کر ایسے وقت مین لوگ اُسکو بڑے مذاق اور خوشی سے پڑھین۔

جان لارنس نے سر چارلس نیپیر کے حملہ کا حسب ضابطہ جو جواب لکھا تھا معلوم ہوتا ہے کہ وہ آخر مارچ کے قریب قریب ختم ہوا۔ ۳۱ مارچ کو لارڈ ڈلہوزی کے نام اُنھون نے جو چٹھی لکھی تھی اُسمین اسطور پر اُسکا ذکر کیا ہے

ہم نے سر چارلس نیپیر کی تحریر کا جو جواب لکھا ہے امید ہے کہ حضور اُسکو پسند کرینگے۔ ممکن تھا کہ ہم اور بہت کچھ تحریک کرتے لیکن ہماری خواہش ہوئی کہ جہانتک ممکن ہو اپنے طرز بیان کو دوستانہ رکھین۔ ملکی معاملات خواہ جنگ مین ہمیشہ نقصان اُسی کا ہوتا ہے جو مدافعت کے لیے لڑتا ہے۔ حملہ آور کو بہت سے فوائد رہتے ہین اول تو یہ کہ اُسکا نام بہت بھاری ہوتا ہے۔ مین یقین کرتا ہون کہ میرے حملہ اور سندھ مین نہایت حیرت انگیز کامیابی سے طرح کی دقتون مین اور کوئی شخص جو کچھ کرتا اگر اُس سے بہتر نہین تو اُسکے برابر ضرور کیا گیا ہے۔ لیکن یہ خیال میرے نزدیک بالکل محال معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص رعایا کے اوضاع واطوار عادات اور زبان سے بالکل ناواقف ہو اور اُسکے ماتحت لوگ محض نا تربیت یافتہ ہون وہ ایک ملک پر دراصل اسیطرح سے حکومت کر سکیگا جسطرح سے سر چارلس نیپیر خیال کرتے ہین کہ مین نے سندھ کی حکومت کی ہے۔ اُنکو ایک بات کا ہمیشہ بہت بڑا فائدہ حاصل رہا کہ وہ اپنا قصہ آپ ہی اپنے طور پر بیان کیا کرتے ہین۔ ممکن ہے کہ ایک شخص بہت سی غلطیان کرے اور اُسپر بھی امیر سندھ سے بہتر فرمانروا ہو۔

آفریدیون کی شورہ پشتی کے مطابق جو کچھ اُنھون نے لکھا تھا اُن سے بہت اچھی طرح پر ظاہر ہوتا ہے کہ ان وحشی جرگون سے برتاؤ کرنے مین کیا کیا دقتین پڑتی تھین۔ یہ دقتین صرف اُنکے اور اُنکے جانشینان کے عاقلانہ انتظام سے بتدریج کم ہوتی گئین اور یہ تو ابتک نہین کہا جا سکتا کہ اُنکا قرار واقعی تدارک ہو گیا مندرجۂ بالا باتون سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ سرحدی جرگون کے مقابلہ مین جہان جہان ضرور تھا فوج کشی کی صلاح دینے مین بھی وہ غافل نہین رہے۔

کوہاٹ کی موجودہ حالت قابل اطمینان ہونے سے بہت بعید ہے مجھے بڑا اندیشہ ہے کہ ہمارے امکان مین جو کچھ

باتین ہین جنمین سے کوئی بات آفریدیون کو براہ راست پہنچین لاسکتی ہے - اگر کوئی دوسری مہم غور وفکر کرنے کے بعد کافی سپاہ کے ساتھ روانہ کیجاتے تو اُس سے البتہ اسطرح کی کسی بات کا ظہور مین آنا ممکن ہے - صاحب کمانڈر انچیف جنھون نے پہلے ہی پیشاور مین آتے ہی کہا تھا کہ اگر میرے ہاتھ پاؤن جکڑے ہوئے نہوتے تو مین ایک ہفتہ کے اندر کابل کی راہ لیتا اب یہ خواہش ظاہر کرتے ہین کہ صلح کے عہدنامے عمل مین آئین اور وظیفے مقرر کردیے جائین - اگر اس طریقہ مین بھی امن وامان اور حفاظت غالباً مستصور ہو تو اُسکی آزمایش کرنے مین کچھ مضائقہ نہین لیکن حضور اس بات کو خوب یقین کرلین کہ اس طور پر نہ تو سندھیون اور نہ افاغنہ کا مدارک ہوسکتا ہے - جب تک ایک مرتبہ اُنکی معقول تنبیہ نہو جائیگی اُسوقت تک وہ ہمارا روپیہ نامین گے اگر اس تنبیہ کے بعد ہر ہر فرقہ کے سرغنہ کو امتیاز کے ساتھ کچھ زر نقد دیا جائیگا تو اُس سے فائدہ ہوگا - لیکن اس زرنجشی کے قاعدہ مین بھی بڑی بڑی قباحتین ہین - کسی ذی اختیار شخص کو زر نقد کے دینے ہی مین رعب کا کم ہونا متصور ہے - اس بات کا دریافت کرنا بہت مشکل ہے کہ روپیہ کسکو دیا جائے اور کسکو نہ دیا جائے کیونکہ اُن لوگون مین رعب واختیار برابر بدلتا ہی رہتا ہے - جسقدر ہم اُنکو دیتے جائینگے اُسیقدر اُنکی خواہش بڑھتی جائیگی - لارڈ آکلینڈ نے ہرات کابل اور خیبر مین اسیطرح سے لکھو کھا روپیہ صرف کردالا مگر اُس سے بہت کم بلکہ کچھ بھی فائدہ نہوا - جس حالت مین کمانڈر انچیف صلح کی صلاح دے رہے ہین تو ایک پولیٹکل افسر کے لیے فوج کشی کی صلاح دینا بہت مشکل ہے - آفریدی لوگ اسوقت بھی ہم سے برہم ہین اگر اُنکی تنبیہ کی جائیگی تو اُس سے کچھ زیادہ برہم نہون گے مگر یہ البتہ ہوگا کہ وہ ہم سے ڈرنے لگینگے ہماری طرف سے جسطرح اسوقت بیخوف ہین ویسے بیخوف نہ رہینگے - سرگاگن کیمپبل کی ایک چٹھی میرے پاس آئی تھی اُسکو مین اپنی اس چٹھی کے ساتھ منسلک کرتا ہون اس چٹھی سے ظاہر ہوگا کہ آفریدیون کے بارہ مین اُنکے خیالات کیا ہین اور جدید غیر قواعد وان سپاہ اور ہمارے دیسی پیادون کے مابین مابہ الامتیاز کیا ہے - مجھکو تو بذات خاص اول قسم کی سپاہ کی افضلیت پر علی الخصوص کوہستان کے تمام کامون کے لیے کامل الطمینان ہے - ہمارے اودھ کے لوگ اس ملک کے لوگون کے برابر نہین ہین اگر ایک ایک آدمی کا مقابلہ کیا جائے چنانچہ اس بات سے ہر دو فریق واقف ہین

جب کمانڈر انچیف نے تھوڑے زمانہ کے لیے جان لارنس کو تنگ کرنا موقوف کیا اور اُنکو فرصت ملی تو چھبیسوین اپریل کو اُنھون نے ممالک مغربی وشمالی کے نامی گرامی لفٹنٹ گورنر مانیسن صاحب کو ایک ایسے امر کے متعلق جو خاص اُنھین کے مذاق کا تھا ایک چٹھی لکھی یعنی اُنھین دریافت کیا کہ کل ملک پنجاب کی مالی پیمایش اور بندوبست کا بہترین طریقہ کیا ہے - اس زمانہ مین اس معاملہ کی تجویز ہورہی تھی - معاملہ مذکور نہایت دلچسپ اور ضروری ہے کیونکہ ایک ایسے ملک کے لیے جو پہلے پہل شامل سلطنت کیا گیا ہو بندوبست ہر شے کی بنیاد ہے اس لیے مین اُنکی چٹھی کا صرف آخری فقرہ محول کرتا ہون - اُسمین جس امر کی استدعا کی گئی تھی اُسکو اشخاص متعلقہ کی آیندہ حالتون سے بہت کم لگاؤ تھا جیسا کہ بعد کو معلوم ہوگا -

براہ مہربانی مجھکو اس بات سے آگاہ کیجیے کہ اُن باتون کے بارہ مین آپ کی رائے کیا ہے اپنی رائے مین نے کامل طور سے

ص ۳۵

بیان کردی حالانکہ یہ مجھکو معلوم ہے کہ ان باتون کا تجربہ بمقابلہ آپ کے مجھکو بہت کم ہے۔ لیکن آپ کو بھی اُنسے آگاہ کردینے مین کوئی مضائقہ نہین ہے۔ ایک بات یہ بھی مین دریافت کرنا چاہتا ہون کہ اگر دو آبہ مع کے لیے اُوُدورڈ ٹامسن کی ماتحتی مین پرنسپل صاحب کو مین آپ سے مانگون تو آپ کو کچھ عذر تو نہ ہوگا مجھے معلوم ہے کہ آپ پرنسپل کو بہت عزیز رکھتے ہین۔ اگر آپ انکو میرے یہان آنے دینگے تو یادر بھی کشادہ دلی کا کام ہے۔ ہم کو عمدہ آدمیون کی بڑی خواہش ہے۔ ہمارے انتظام کی ساری کامیابی اُنھین کے ملنے نہ ملنے پر موقوف ہے

اس زمانہ مین جان لارنس کو لارڈ ڈلہوسی نے شملہ مین طلب کیا اور یکم مئی ۱۸۵۹ء کو اُنھون نے لارڈ موصوف کی چٹھی کا جو جواب لکھا اُس سے کچھ کچھ اُن دقتون کا حال ظاہر ہوتا ہے جنسے اسوقت تک بھی وہ لاہور مین مقابلہ کر رہے تھے۔

مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ شملہ مین اگر حضور کی قدمبوسی حاصل کرون اور مجھکو یقین کامل ہے کہ اگر کچھ دنون تک مین وہان ٹھہر سکا تو اس سے مجھکو بڑا فائدہ ہوگا لیکن یہان کام کی بہت کثرت ہے اور مجھکو اپنی راے کے مطابق انکے تعمیل ہونے کی اُمید بہت کم ہے اسلیے مین مناسب سمجھتا ہون کہ کچھ دنون کے لیے یہان اور ٹھہر جاؤن حتی الامکان مین جلدی کرونگا۔ جب سے کام کی تقسیم ہوگئی اُسوقت سے ہم سب لوگون نے خاطر خواہ کام کیا لیکن بہت سے معاملات ایسے ہین جنمین ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ مین اپنی راے کے مطابق کام کرون اور اس صورت مین میری عدم موجودگی کے وقت میری راے کے مطابق کام کرنے کا ہرگز کسیکو خیال نہوگا مین اپنے محکمہ کے کام کا اپنے ایام غیر حاضری کی بابت بندوبست کرکے آؤنگا اور جو کام میری عدم موجودگی مین انجام کے قابل نہین ہے اُسکو اپنے وقت واپسی تک کے لیے چھوڑ دونگا۔ میرا قصد ہے کہ یہان سے چارشنبہ کی صبح کو پہنچ کرون اور مجھے امید ہے کہ ہفتہ تک مین شملہ پہونچ جاؤن۔ مجھے یقین ہے کہ اس تاخیر کی بابت حضور کوئی اعتراض نہ فرمائینگے ... کل کی ڈاک مین مجھکو اس بات کے دریافت ہونے سے بڑی خوشی ہوی کہ سَرَبَرٹ ایڈورڈ نے لارڈ کنگ کے عظیم الشان جلسۂ دعوت مین حکام سول سَروِس کی ایسی تعریف کی۔ اس بات کے دیکھنے سے خوشی ہوتی ہے کہ انگلستان مین اگر کسی کی کچھ لیاقت دیکھی جاتی ہے تو لال کوٹ پہننے والے آدمی کے سوا دیکھی جاتی ہے۔

جان لارنس آخر کار شملہ کو گئے وہان صرف دو ہفتہ تک قیام کیا اور اُس زمانہ مین بہت کچھ کام انجام دیا جان لارنس کو شملہ جانے سے تندرستی کے حق مین بہت فائدہ پہونچا اور طول طویل اور سخت موسم گرما مین یہ چند روز کا سفر بمنزلہ قیلولہ کے ہوگیا۔ ایک افسر کے بارے مین جو سرحد پر ایک پولیٹکل خدمت پانے کا خواہشمند تھا اور یہ بھی چاہتا تھا کہ اگر وہ خدمت نہ ملے تو بطرح سندھ مین اُسکو ایک کمشنری کا عہدہ ملا تھا اُسیطرح کا کوئی کام پائے

۳- جولائی کو لارڈ ڈلہوسی سے اُنھون نے یہ باتین بیان کین —

وہ ایک معقول سپاہی ہے لیکن مجھکو بیان کرنا چاہیے کہ سول کام کے لیے وہ کسیطرح موزون نہین اور نہ اُس عہدہ کی جسکی وہ خواہش رکھتا ہے اُس سے کام ہوسکے گا۔ کوئی شخص دو مالکون کی خدمت نہین کرسکتا علاوہ برین ایسے انتظامات مین

مسلمانون کی تعلیم کے متعلق لارڈ ڈلہوسی کے خیالات سے مصنف کا اختلاف اور اُنپر نوٹ

صد ۳۵

ہمیشہ یہ قیمتی خرابی متصور رہتی ہے کہ اُس سے کسی سپاہی کو اگر وہ چاہے تو ہنگامہ برپا کرنے کی بڑی آسانی رہتی ہے۔ لیکن حکومت درحکومت بھی ایک خراب بات ہے اور اُس سے بالیقین افسر ضلع اور اسیطرح کے دوار مجسٹریٹوں کے مابین مخالفت پیدا ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ ہمارے افسر لوگ جب کسی سول افسر کے بارے مین کچھ اور کہنے کی جگہ نہین پاتے ہین تو اکثر کبھی کبھی اُسکی نوعمری کا جال پھیلاتے ہین نوعمری فی نفسہ کوئی عیب نہین ہے جو افسر عامل کی مانع ہو ہندوستان ایسے ملک مین جہان کاہلی اور سستی عام عیوب ہین اگر کوئی نوعمر شخص اپنے کام سے واقف ہو تو اُس سے اور بھی فائدہ متصور ہے۔ ہم روزمرہ دیکھا کرتے ہین کہ اکثر زیادہ سن والے آدمی تجربہ کار نہین ہوتے جس حالت مین دونون ناتجربہ کار ہون تو مین نوعمر آدمی کو زیادہ سن والے آدمی پر ترجیح دیتا ہون کیونکہ شخص اول مین سیکھنے کی صلاحیت زیادہ پائی جاتی ہے اور شخص ثانی زیادہ تر اپنے پرانے خیالات مین محو رہتا ہے۔

۲۲۔ جولائی کی ایک چٹھی مین ایک فقرہ ایسا درج ہے جس سے کچھ کچھ دریافت ہوتا ہے کہ اوائل ایام مین اعلیٰ وادنیٰ ہر ہر افسر پنجاب پر کام کا کسقدر بار تھا۔ برادران لارنس گویا طالبعلمون کے طور پر ایک ایسے اسکول مین گئے تھے جہان کبھی کوئی تعطیل نہین ملتی تھی اور افسران پنجاب کو ظاہرا ایک تعطیل بھی جہانتک اُنکے معلمون کا قابو چل سکتا تھا نہین ملتی تھی یا بہرحال اُسوقت تک تو ہرگز نہین ملتی تھی جبتک وہ جی توڑ کر کام نہین کر لیتے تھے۔ محنت شاقہ کی خواہش کو کیسی ہی کیون نہو لیکن ماہ بماہ جیسا جیسا اُنکے کامون کا میدان زیادہ وسعت کے ساتھ اُنکے سامنے کھلتا جاتا تھا اُسیقدر اُنکی خواہش دوررہوتی جاتی تھی مصلحت اسی مین تھی کہ لکھو کھا تیرہ فام باشندگان پنجاب کے لیے چند گورے آدمی مبتلائے مصیبت ہون اور بشرط ضرورت اپنے تئین ہلاک بھی کرین اسی اصول پر جان لارنس کام کرتے تھے اور جو شخص اُنکی ماتحتی مین آتا تھا اُس سے بھی بشرطیکہ وہ شخص اُنسے بنا ہنا چاہتا اسیطرح کے کام کرنے کی توقع رکھتا۔ لارڈ ڈلہوسی نے صاف صاف تو نہین مگر اشارتاً جان لارنس سے لارڈ ڈلہوسی کے بارے مین جو لارڈ ڈلہوسی کے ایک عزیز قریب اور لارڈ ڈلہوسی کی ماتحتی مین ایک عہدہ پر ملازم تھے تھوڑی رخصت کے لیے کچھ سعی کی اُسکے جواب مین جان لارنس نے لکھا کہ۔

اگر لارڈ ڈلہوسی ہم لوگون کے اختیار پر چھوڑ دیے جاینگے تو ہم ایک امر لازمی سمجھکر کبھی اُنکو رخصت نہ دینگے۔ ہم لوگون نے بالاتفاق تجویز کیا ہے کہ جبتک لوگ بیمار نہون اُسوقت تک ہرگز رخصت کے بارے مین سعی نہ کرین۔ ہم لوگون کو ابتک بہت کچھ کام کرنا باقی ہے اور ابھی دو برس تک یہی کیفیت رہیگی۔ ایک ایک روز جو گزرتا ہے وہ ہم لوگون کے نزدیک نہایت بیش قیمت ہے اور عہدہ افسر کی نسبت جو رفاہ خلائق کا کام کرے یہ نہین خیال ہو سکتا کہ اُسپر بڑی محنت پڑی یا اُنکو اُسنے بہت دنون تک کام کیا ہمارے یہان بہت سے آدمی بیماری کے سارٹیفکٹ پر رخصت گئے ہین اور قریب قریب ہر ہفتہ مین اسطرح کی درخواستین آتی ہی رہتی ہین اور مجھے اندیشہ ہے کہ اکتوبر تک یہی حال رہیگا اگر بارش نے جسکی طرف سے مجھکو اندیشہ ہے

حصہ ۳۵ دھوکا دیا تو ہم لوگ بالکل بیدست و پا ہو جائینگے۔ کام اُسوقت تک کبھی انجام نہوسکے گا جبتک پنجاب کے تمام عامل افسری توڑ کر سخت نہ کرینگے۔

پس ایسی حالت مین یہ کوئی تعجب کی بات نہ تھی کہ افسران پنجاب قوت سے زیادہ کام پڑ جانے کی وجہ سے اسکو چھوڑ چھوڑ کر چلے جانے کے لیے مشہور ہو گئے اور اپنے اعلیٰ افسرون کی مرضی کے خلاف اپنی خستہ اور پژمردہ طبیعتون کو بہلانے کے لیے انکو بغرض تبدیل آب و ہوا مری یا چیپیا یا شملہ کے پہاڑ پر جانا پڑا۔

عارضی تبدیل آب و ہوا اور نقل مقام کو جان لارنس نے صرف اسی حالت مین اپنے لیے جائز رکھا جب اُس زمانہ کے واسطے بھی کسی نہ کسی طرح کا کام مقرر کرلیا کہ اسکو دورہ مین انجام کرتے جائینگے اور وہ ہمیشہ اس بات کے واسطے مستعد رہے کہ اگر دورہ کرنے کے کام پر اُنکے بھائی جنکو وہ کام بہت اچھا معلوم ہوتا تھا جائین تو مین اپنی سیر ہی پر بیٹھا کام کرتا رہون۔ مثلاً یہ بندوبست عرصہ سے ہوا تھا کہ جب لارنس شمال مغربی پنجاب کے دورہ کو نکلین تو جان لارنس اُنکے ساتھ جائین۔ اور وہ بہت خوشی سے اُسوقت کا انتظار کر رہے تھے لیکن ۱۵ ستمبر کی لکھی ہوئی چٹھی کے ایک فقرہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ انکو اپنے بھائی کے خلاف یا اُن پر ترجیح حاصل کرکے ہرگز کسی امر کی خواہش نہین تھی۔ وہ فقرہ یہ ہے۔

مجھکو اس بات کا نہایت ہی شوق ہے کہ سرحد کی سیر کرون۔ لیکن میرے بھائی کو بھی علی الخصوص ایسی حالت مین جب آفریدیون کے خلاف ہمکو کوئی کارروائی کرنا ہو وہان جانے کی خواہش ہے۔ اور عوام کی راے مین انکی خدمتین میری خدمتون کی نسبت زیادہ مفید اور کارگر ہونگی۔ اسلیے مین نے حضور کے ساتھ سرحد پر جانے کی جو استدعا کی تھی اُسکو خوشی سے واپس لیتا ہون۔ مجھے اس بات کے بیان کرنے مین سخت افسوس معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے افسر روز بروز علیل ہوتے جاتے ہین۔ نیچر لنیک اور نیکولسن اٹکاٹ دونون بیمار ہین اور عجب نہین اگر انگلستان چلے جائین۔ ہمارے سول افسرون مین جان لارنس اور کنٹ بہترین افسر ہمارے ہاتھ سے جاتے ہین اُنکی جگہ مقرر کرنے کے لیے اُنکی لیاقت کے برابر کوئی آدمی نہین ہے۔ جب مین آیندہ حالات پر خیال کرتا ہون تو مجھے ایک طرح کی مایوسی پیدا ہوتی ہے۔

سرحدی فوج کے زیادہ بحث طلب مسئلہ کے متعلق جو آخر کو اب حل ہونے کے قریب پہونچتا جاتا تھا اور بسطرح سے جان لارنس چاہتے تھے اُسطرح اُسکا فیصلہ نہین ہوتا معلوم ہوتا تھا مین ایک دوسری چٹھی محول کرسکتا ہون کیونکہ گو اسمین زیادہ تر پرانی دلیلین درج ہین لیکن عام راے ہندوستان کا بھی تذکرہ ہے اور وہ راے جیسی اُس زمانہ مین صحیح سمجھی جاتی تھی ویسی آجتک سمجھی جاتی ہے چٹھی مذکور کے محول کرنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اسمین جان لارنس اور اُنکے شرکاے بورڈ کے مفصل حالات چند الفاظ مین نہایت خوبی کے ساتھ بیان کیے گئے ہین۔

اصل امر تجویز طلب یہ ہے کہ پنجاب مین جو دس فوجی حصے رہتے ہین وہ کماندر انچیف کے سپرد کر دیے جائین

صفحہ ۳۵۴

یا دریائے سندھ کے داہنے ساحل پر پشاور کے جنوب مین ملک کی حفاظت کے لیے بوُرڈ کے اختیار مین چھوڑ دیے جائین - اس بات سے تو مین صاف صاف اعتراف کرتا ہون کہ اگر یہ فوجی حصے ہمارے اختیار مین رکھے جائینگے اور سرحد کی حفاظت ہمارے ذمہ مقرر کیجائیگی تو اُسمین بڑے بڑے فوائد متصور ہین لیکن مین اس بات کی صلاح دینے سے ہمیشہ پہلوتہی کرتا رہا کہ اُسمین بڑی بڑی مشکلات لاحق ہونگی - اسمین شک نہین کہ اگر کوئی اچھا پنگ ڈیر ہو جس ایسا ہم بھروسہ کرسکین اور جو ہمارے خیالات کے مطابق عمل کرنے پر تیار رہے تو یہ دقتین بہت کم ہو جائین - اسپر بھی مجھکو وہ بہت بھاری معلوم ہوتی ہین - بعض وقتین تو ایسی ہین جنکا بذات خاص مجھکو تجربہ ہوا ہے اور جو شخص فوجی آدمیون کے ساتھ رہچکا ہے اور اُن لوگون مین شامل رہا ہے وہ ضرور اُن دقتون سے اعتراف کریگا - ہندوستان مین عام رائے بالکل فوجی خیالات کے مطابق ہے اسواسطے فوجی رایون اور فوجی خیالون اور فوجی مقاصد کو سب پر غلبہ ہے - اگر معاملات مین عدلی ثابت ہوئی تو شائبشی فوجی حکام کو ملیگی اور اگر کچھ خرابی ہوئی تو اُنکا الزام اُنھین افسرون پر عائد کیا جائیگا - کمانڈر انچیف کی رائین بالضرور اُنکی وردی کے مطابق ہین اُنین شائد بہت کچھ مبالغہ ہے لیکن پھر بھی کمانڈر انچیف کی رائین ہین - اس بات پر کامل اطمینان نہین ہوسکتا کہ میدان کارزار کا افسر کہان کبھی کسی مشکل کے وقت مین محض ناقابل نہ ثابت ہوگا گمان تو بہرام کے اعتبار سے یہی ہے کہ بعض اوقات اسکی یہ حالت بھی ہوگی لیکن اسکی نالایقی کے نتیجے سول انتظام پر عائد کیے جائینگے - یہ ایک لازمی بات ہے - اگر مین سپاہی ہوتا تو غالبًا مین بھی اس فریاد مین شریک ہوتا - ہندوستان نے سر رابرٹ پیل گمانٹن سے زیادہ لائق اور بہتر اشخاص بہت کم بہم پہونچائے ہونگے - اگر اُنکی صلاح پر عمل کیا جاتا تو فساد کا حل کا نتیجہ ہوا ہے وہ کبھی نہوتا بلکہ کچھ اور ہی طہور مین آتا لیکن لوگ اُنکو بدنام کیے جاتے ہین اور جو جو خرابیان واقع ہوئی ہین اُن سب کے باعث وہی خیال کیے جاتے ہین - فوجی حکام کے سول افسرون کو حاجز کرنے کے ہزار ہا طریقے ہین جنکا کوئی علاج نہین ہے اور اُنکا شاکی ہونا دانشمندی کے خلاف ہے - مین کہتا ہون کہ یہ کوئی رنجش کی بات نہین ہے کیونکہ فی الجملہ مین نے بہت توجہ کے ساتھ اس بارے مین برتاؤ کیا ہے - لیکن یہ مجھکو اکثر دریافت ہوا کہ میری عزت اور ناموری ایک چڑچڑے بوڑھے آدمی کے ہاتھ مین ہے - سرحد ایک خطرہ کی جگہ اور اسواسطے ایک اعزاز کا مقام ہے اور فوجی حکام یہ ہیئت مجموعی اس بات کو کبھی گوارا نہ کرینگے کہ وہ ہمارے سپرد کیجائے جب تک سب طرح کی امن وامان رہیگی وہ لوگ رضامند رہینگے مگر جہان ذرا گڑبڑ ہوئی اور وہ بددماغ ہوگئے - قطع نظر اُن امور کے بوُرڈ کی ہیئت اس قسم کے اختیار کی سپردگی کے خلاف ہے - ہم نے سُنا ہے کہ مشیرون کی کثرت مین حفاظت متصور ہے لیکن اس بات پر بھی یقین کرنا چاہیے کہ اُس صورت مین زیادہ کارگزاری نہین ہوسکتی ہر شخص اپنی اپنی رائے کے مطابق خیال کریگا اور اس اختلاف کے ہوتے ہوئے کارروائی کرنے کا وقت گذر جائیگا - مجھکو اندیشہ ہے کہ تیزی اور زور جو فوجی انتظامات کے جزو اعظم ہین اُنکا اکثر فقدان رہیگا اس لیے اگر حضور سرحد کی حفاظت بوُرڈ کے

صفحہ ۳۵۵

حوالہ کرنا مناسب سمجھین تو میری التجا یہ ہے کہ اُسکے صرف ایک ممبر کو یہ اختیارات سپرد ہون - ایسا ایک مسئلہ بھی نہین ہے جسپر ممبران بوُرڈ تمام تر متفق الرائے ہون اگر وہ اصول مین اتفاق کرتے ہین تو عمل درآمد مین اختلاف رہتا ہے جسکا کچھ

میرے مزاج کے بہت مشابہ ہے لیکن ہم دونوں نے جداگانہ مکتبوں مین تعلیم پائی ہے چونکہ میرے بھائی مجھسے زیادہ پُرزور اور اعلیٰ درجہ کی عقل رکھتے ہین اس سبب سے وہ اپنی عادت اور کچھ علالت کے سبب سے بھی سلسلہ وار کوشش نہین کرسکتے مسٹر ہنری صاحب ایک صاحب فکر اور حکیمانہ مزاج کے آدمی ہین لیکن کارروائی کرنے سے وہ ہاتھ پاؤن سمیٹتے ہین مین مضطرب الخاطر اور بیصبر آدمی ہون اور کوئی شے جو ادھوری رہجاتی ہے اسکو سمجھتا ہون کہ اب نہوگی اور توقف مین مجھکو غصہ معلوم ہوتا ہے جسوقت ہمارے یونٹ کے ارکان کی کیفیت یہ ہے تو میری رائے بالکل اسکے خلاف ہے کہ سرحد کا انتظام ہم لوگون کے سپرد ہو کیونکہ اسکے لیے ضرور ہے کہ زور اور تیزدستی کی کارروائی زیادہ سلسلہ اور قاعدہ کے ساتھ عمل مین لائی جاے۔

مین متمنی ہون کہ حضور میری ان باتون کو سستی پر محمول نہ کرینگے مین سرکار دولتمدار اور حضور عالی کی سچی خدمت بغیر اسکے ہرگز انجام نہین کرسکتا کہ اپنے خیالات بیکشا دہ پیشانی ظاہر کرون۔ اگر سرحد کا انتظام ہم لوگون کے سپرد ہونا ہے تو میری رائے ہے کہ میرے بھائی کے سپرد کیا جائے۔ مجھکو اُمید ہے کہ وہ اس خدمت کو پسند کرینگے اور اُنکے بارے مین میری جو کچھ رائے ہے اُسکے ذریعہ سے قیاس کرکے مجھکو کہنا چاہیے کہ وہ اپنے شریکون کے ساتھ ساری ذمہ داری اُٹھانا پسند کرینگے

اسی سال (۱۸۵۰ء) ہنری لارنس ایک طویل دورہ پر روانہ کشمیر ہوے۔ اس سفر مین اُنکی بی بی اور اُنکی بیٹی ہنوریا (جو اب مسز ہنری ہاڈسن ہین) کچھ دور تک اُنکے ساتھ گئین۔ ان صاحبزادی کا سن اُس زمانہ مین صرف ڈیڑھ مہینے کا تھا۔ ڈاکٹر ہیتھ آپنے جوائنکے پرنیوٹ سکریٹری رہے تھے اور اس زمانہ مین سول اسٹیشن لاہور کے سرجن تھے اور ہاڈسن صاحب جو بعد کو رسالہ ہاڈسن کے افسر مقرر ہوے یہ لوگ بھی اُس گروہ کے ہمراہ تھے۔ اس سفر مین ایسی ایسی امجد دلچسپیون کی کیفیتین پائی گئین جو بجنسہ ہنری لارنس کے حسب حال تھین۔ سوا کشمیر کی بی نظیر خوبیان اب تمام عالم مین مشہور ہوگئی ہین۔ لیکن اُس زمانہ تک ایک انگریز کا بھی وہانتک قدم نہین پہونچا تھا۔ یہ ایک ایسی ہندوستانی ریاست تھی جو سرکاری عملداری مین شامل ہوتے ہوتے رہ گئی تھی۔ اور اگر کل نہین تو اقل درجہ اُس کا ایک حصہ ہنری لارنس کی بہادرانہ کوششون سے ضرور بچگیا تھا۔ اُس ریاست کی مسند پر گلاب سنگھ متمکن تھا جسکی عنوانجوانی کی بابت ہنری لارنس کو اُسکے سرپرست کے طور پر کبھی تو ایک عجب ظالمانہ مقدمہ کے باعث سے الزام لگانا اور کبھی بھی کرنا اور حامی بتانا پڑتا تھا۔ اس دورہ مین اُترطرف اِسکردُو اور لداخ تک اُنکا اور آگے بڑھنا ہوا اور یہ سیاح لوگ ایک نامعلوم ملک مین بیقدر آگے بڑھتے جاتے تھے اُسیقدر بے انتہا دلچسپی کے اسباب بکثرت بہم پہونچتے جاتے تھے ہنری لارنس نے اپنے بھائی جارج کو فخر کے ساتھ جو کچھ لکھا اُسکے مطابق "۱۴۰۰۰ فیٹ کی پانچ گونی بلندی پر اُنکا گذر ہوا" اُنھون نے دور دراز مقامات کے دیسی تاجرون کی جو بار قندمین تجارت کرتے تھے دعوت کی اُن لوگون کی تعداد جو دعوت مین شریک کیے گئے تھے ۳۰۰ کے قریب قریب تھی (گو ہنری لارنس بڑے مہمان نواز تھے لیکن اس بے تکلفی خوبی سے انتظام ادب اور بیرد شواری ہر کہ ساتھ اُنھون نے کبھی کبھی دعوت نہ دی ہوگی) اور

مقام اِنسکرُدُّو کے تاجرون اور سپاہیون کی ایک متفرق جماعت کو اس سے بھی زیادہ بھاری دعوت دینے کی فکر مین تھے۔

اس سفر کی ہر منزل پر ہاڈسن صاحب کی اولوالعزمی جرات اور ثابت اندیشی کا ثبوت ملتا جاتا تھا۔ ایک مرتبہ وہ اپنی جان کو بالکل جوکھم مین ڈال کر ایک برف سے بھے ہوئے پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے جو ہنری لارنس کے مشاہدہ سے اور جیسپر "سوائے ہاڈسن یا عقاب کے اور کوئی چڑھنے کا قصد نہ کرتا"۔ چنانچہ اس بات کو نیز مائہ ابد ہنری لارنس نے بیان کیا ہے۔ اُنکی تقدیر نے اُنکو اس سے بھی زیادہ بہادری کے بہتیرے کامون اور اس سے بھی کم عمدہ انجام کے لیے بچا رکھا۔

اس مہم کا ایک اور بے لطف امر لارڈ ڈلہوسی کی خط کتابت تھی جو پہلے ہی سے جاری تھی ہنری لارنس نے اس خیال سے برسات بھر کے لیے رخصت کی استدعا کی تھی کہ وہ بخار کی صعوبت سے جو فی الحال حد سے زیادہ شدت پر تھا بچ جائین۔ اور لارڈ ڈلہوسی نے درخواست مذکور اس بنیاد پر نامنظور کی کہ اگر آپ سال بھر مین چھ مہینے لاہور سے غائب رہینگے تو یہ آپکے دفتر کے حق مین مناسب اور آپ کے شرکا کے اعتبار سے جائز نہو گا کیونکہ وہ لوگ آپکے واپس آنے تک دارالسلطنت سے حرکت نہ کر سکینگے۔ چنانچہ لارڈ موصوف لکھتے ہین کہ "سر ہنری ایلیٹ کی عادتون سے مجھکو کچھ بھی آگاہی نہین ہے لیکن جس حالت مین آپ کے بھائی اتنے برسون تک برابر چلنے پھرنے کے کامون پر رہ چکے ہین تو اب ایک مقام پر مقید ہو کر رہنا اُنکے واسطے کبھی بہتر نہو گا۔ ایسلیے مین چاہتا ہون کہ قبل موسم برسات جب آپ روانہ ہون تو آپکی روانگی کے پیشتر وہ شملہ مین چلے آئین اور وہان مجھسے ملاقات کرین"۔ لارڈ ڈلہوسی نے کسیقدر رنجش کے ساتھ اجازت دی اور ہنری لارنس جو ایک بیباک شخص تھے اُنھون نے بھی اسیطرح کے لہجہ سے جواب دیا ہو گا۔ لیکن جان لارنس کی تندرستی کے محفوظ رہنے کی بابت اُنھون نے جو پیشینگوئیان کی تھین وہ صحیح نکلین۔ دس برس تک علی الاتصال جو محنت شاقہ کرنا پڑی تو اُس سے اُنکا بھی فولادی جسم کچھ کہنے لگا۔ جس برسات کے بچا جانے کی ہنری نے خواہش ظاہر کی تھی اُسنے ابتدا ہی مین جواب دیا اور خشکسالی کے سبب سے آب و ہوا اور بھی بگڑ گئی۔ انار کلی کی پرانی چھاونیان بیماری کے باعث سے ویران ہو گئین اور سر جان لارنس نے میانمیر مین جو نئی چھاونیان تیار کرانی تھین اُنکی حالت اور بھی بدتر تھی۔ وزیرآباد کے متعلق انگلس صاحب نے بیان کیا کہ "میرا کل عملہ بیماری مین مبتلا پڑا ہے"۔ اور پنجاب کے عام دیسی باشندے انگریزون سے بھی زیادہ علیل ہوئے۔ ص ۲۵۹

جان لارنس کی باری سب کے بعد آئی۔ وہ گرمی کی فصل بھر محنت شاقہ کرتے رہے تھے اور اب آخر اکتوبر مین اُنکی نوبت آئی۔ پہلے تپ نائبہ کا خفیف اثر اُن پر ظاہر ہوا بعد اُسکے مرض بڑھنے لگا۔ سر مین شدت کا درد

اور بخار حد سے زیادہ محسوس ہونے لگا اور پھر آخر مین قے ہونے لگی اور سرسام کے آثار نمایان ہونے لگے۔ اُنکے ہمشین تصور کرنے لگے کہ اب نہایت اندیشہ کی بات ہے لیکن ڈاکٹر ہیتھ آوے نے ایک تبریہ ایسی پلادی جسنے اکسیر کا کام کیا۔ اُنکو غفلت کی نیند آگئی اور جسوقت بیدار ہوے تو کسی طرح کا خطرہ باقی نہین رہگیا تھا۔ تو انا آدمیون مین بطور قاعدہ کلیہ جیسا اکثر دیکھا گیا ہے اُنکی قوت یکبارگی جسطرح سے سلب ہوگئی تھی اُسیطرح پھر عود کرآئی اور سولھوین تاریخ جو گورنر جنرل کے دور دراز سفر مین ساتھ جانے کو اُنکے واسطے مقرر کی گئی تھی اُس تاریخ کو وہ ہمراہ جانے کے قابل ہوگئے۔ لارڈ ڈلہوزی نے کشادہ دلی سے اُنکے ساتھ لیجانے کی جو خواہش ظاہر کی تھی اُنکو اُنھون نے بیشتر سے منسوخ کردیا اور یہ حکم دیا کہ اب جان لارنس کے بدلے اُنکے بھائی ساتھ جائینگے۔ ۱۶ ستمبر کو وہ لکھتے ہین کہ "مین راے پور مین خوشی سے آپکی ملاقات کرونگا۔ لیکن مین یہ بھی چاہتا ہون کہ دورہ کے آخری ایام مین آپ میرے ساتھ ہون۔ اگر آپ کے بھائی اکتوبر مین واپس آگئے تو بمقام وزیرآباد گلاب سنگھ سے ملاقات کرنے کے لیے وہ میرے ساتھ جاسکتے ہین۔ اسکے بعد اُنکی باری لاہور مین رہنے کی ہوگی اور اُنکو وہان رہنا پڑیگا۔ میری خواہش ہے کہ آپ میرے ساتھ ہون"۔ لارڈ ڈلہوزی کی خواہش بمنزلہ حکم کے تھی اور درمیان کے کچھ مختصر عرصہ چھوڑکر جب لاہور مین اُنکا آنا ہوا جان لارنس چھ مہینے تک برابر گورنر جنرل کے کمپ کے ساتھ جو شمالی اور شمال مغربی حصہ پنجاب کو اُس حد تک ملاحظہ کرنے کے لیے گئے تھے جہانتک اُنسے ممکن تھا گھومتے پھرتے تھے۔

لارڈ ڈلہوزی کو جان لارنس کی انجام دہی خدمات سرکار کا جو کچھ خیال تھا اور خاص جان لارنس کی نسبت اُنکی جو کچھ راے تھی وہ اُنکی مندرجہ ذیل چٹھی مورخہ ۲۱۔ اکتوبر سے جو اُنکی ناگہانی اور خطرناک علالت کے ظاہر ہوتے ہی لکھی گئی تھی ظاہر ہے۔

جب سے مین نے آپکی علالت کا حال سُنا اُسوقت سے مین نے آپکو کوئی چٹھی لکھکر تکلیف نہین دی۔ مجھکو اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ آپکی سخت علالت کا حال سُنکر مجھکو کس درجہ ملال ہوا۔ اور اب کسقدر اس بات کے سُننے مین خواہشمند ہون کہ اس سفر مین آپکی طبیعت درست ہوتی جاتی ہے اور آپ اپنے تئین پھر کام مین حد سے زیادہ مشغول کرکے اپنی سادہ لوحی سے تندرستی مین مخل نہین ہو رہے ہین۔ مجھکو یہ سُنکر نہایت افتشار ہوا کہ آپ بمجبوری کام کچھوڑکر ملن چلے جانیکا ارادہ رکھتے ہین اور مین اُسکے جواب مین یہ کہتا ہون کہ جسطرح مین اپنے داہنے ہاتھ کے بچانے کی کوشش کرتا اسطرح سے آپ کے بچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہون کہ آپ انگلستان نہ جائین۔ آپ لوگون مین سے دو آدمیون نے حد سے زیادہ جانفشانی کی۔ تیسرے کا حال خدا کو معلوم ہوگا اب دو اور آدمیون کی باری ہے کہ وہ آپ دونون کی جگہ کام کرین۔ آپ بس اسیقدر کام مین اپنے تئین مشغول کیجیے جو آپ سے انجام ہوسکتا ہو اتنا کام نہ لیجیے جو آپ پر بار ہو جائے۔

ایسی حالت مین یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے کہ جب گورنر جنرل کو اپنے نائب کے محظور ہونے کا

قرار واقعی یقین ہوگیا تو اُنھون نے تاکید کی کہ نائب مذکور آیندہ فصل گرما کو تابستان لاہور مین نہین بلکہ بہارستان شملہ مین بسر کرین اور اس مقام پر بطور واقعہ قبل از وقت یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ جو برجستہ تشخیص ڈاکٹر ہیتھ آدے نے اس نازک وقت مین کی تھی علاوہ اُس قابلیت کے جو ایک عرصہ دراز تک بطور ہمدم ہندوستان مین ساتھ رہنے سے جان لارنس پر ظاہر ہوئی تھی وہی چودہ برس کے بعد اس کام آئی کہ جب جان لارنس عالمگیر تجربین کے ساتھ سلطنت ہند کے سب سے بھاری منصب وائیسرائی و گورنر جنرلی کے لیے طلب کیے گئے تو اُنھون نے اپنے پریوٹ سکرٹری کے عہدہ پر اُنکی تقرری کے لیے سعی کی۔

جان لارنس جیسا کہ مین بیان کر چکا ہون اپنی میم صاحبہ سمیت ۱۶۔ اکتوبر کو اپنے بھائی کے واپس آنے کے بعد لاہور سے روانہ ہوئے۔ اُنھون نے امرتسر اور جالندھر کی راہ سے سفر کیا۔ جیسا کہ اُنھون نے بندوبست کر رکھا تھا اُسکے مطابق دونون مقامات پر اُنھون نے بہت سا کام انجام کیا اور بعد اسکے آغاز نومبر مین بمقام روپڑ جو ایک چھوٹی سی بستی دریای ستلج کے کنارے آباد ہے گورنر جنرل سے ملاقات کی۔ گورنر جنرل کا کیمپ بہت بھاری تھا۔ اُنکے خاص سامان حشم و خدم کے علاوہ جن اضلاع مین وقتاً فوقتاً اُنکا گذر ہوتا رہتا تھا وہان کے افسر بھی کیمپ مین آکر مقیم ہوتے تھے اور اسطور پر جان لارنس کو اپنے حاکم اعلیٰ اور ماتحتون سے بھی اُس زمانہ کے ضروری معاملات اور ملک کی آیندہ ایمدون کے بارے مین بہت کچھ صلاح و مشورت کرنے کا موقع ملا۔ جو کاغذات میرے پاس موجود ہین اُنکے ذریعہ سے دریافت نہین ہوتا ہے کہ اس دورہ مین جان لارنس کا کس کس مقام مین گذر ہوا تھا اور کیا کیا کام اُنھون نے انجام کیے۔ اکتوبر ۱۸۵۸ء سے نومبر ۱۸۵۹ء تک کی چٹھیان بالکل نہین ہین اور یہ امر لازمی بھی ہے جس حالت مین جان لارنس گورنر جنرل کے ساتھ رہے تو نہ جان لارنس کو لارڈ ڈلہوزی اور نہ لارڈ ڈلہوزی کو جان لارنس کے نام چٹھی بھیجنے کی حاجت تھی۔ ہنری لارنس لاہور رہین تھے اور اس سبب سے محنت طلب خط کتابت (جو اب تک خاص کر کے اُنکے بھائی کے ذمہ تھی) کمشنر ڈیپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنرون سے رکھنے کا کام بطور واجبی اُنکے ذمہ عائد ہوا اور ان لوگون کی کیفیت یہ تھی کہ آج یہان اور کل وہان گھومتے پھرتے تھے کسی ایک مقام پر جمکر اُنکا رہنا نہین ہوتا تھا اور اس مقام پر ایک مرتبہ یہ بات اور بیان کر دینا چاہیے کہ جان لارنس کے کوئی پریوٹ سکرٹری نہین تھا اور چند برس کی چٹھیان جو اس کتاب کے مولف کو دستیاب ہوئی ہین وہ خاص کر زوجہ جان لارنس کا کام ہے جو اس خاص سفر مین جا بجا اُنکے ساتھ رہین گورنر جنرل کے انتظامات سفر کی بابت جان لارنس اور لارڈ ڈلہوزی کے مابین مہینون سے خط و کتابت ہوتی آئی تھی اور اُنکی چٹھیون سے مین قیاس کرتا ہون کہ اس سفر مین مندرجہ ذیل باتین انجام کرنے کے لیے تجویز کی گئی تھین۔ شمالی ضلاع پنجاب مین سہولت کے ساتھ سیاحت کی جاے لاہور مین عرصہ تک قیام رہے جہان ص ۳۶۱

بقول لارڈ ڈلہوسی اور ظاہر از یادہ تر انکی مرضی کے مطابق "سال سابق کی نسبت کام زیادہ اور رسوم تکلفات کم ملحوظ رہین" وزیر آباد اور راولپنڈی کا دورہ کیا جائے - وہان سے بذریعہ نو تعمیر اور دشوار گزار سڑک کے کالا باغ کو جو دریاے سندھ کے اس پار واقع ہے سفر کیا جائے اس مقام پر گورنر جنرل کا قصد یہ بھی تھا کہ نوروز نے معمولات تک کا جو بندوبست کیا تھا بصورت امکان اسکی بھی اصلاح کی جائے گورنر جنرل کے مطابق "ارباب نوروز نے بس یہی ایک غلطی کی تھی" - بالاخر گبوٹ کے ذریعہ سے دریاے سندھ کی راہ سے دیرہ اسمعیل خان کا مختصر سفر کیا جائے اور گورنر جنرل کی خواہش تھی کہ اس مقام پر کوہستانی سرداران دیرہ جات کا ایک دربار منعقد ہو - اسکے بعد گورنر جنرل کی تجویز تھی کہ اگر پہاڑی جرگے مزاحمت نکرین تو دیرہ جات ہوکر کوہاٹ اور پشاور اور وہان سے گرینڈ ٹرنک روڈ یعنی بڑی سڑک کی راہ سے اٹک اور اٹک کے درمیان ہوتے ہوئے اور بالآخر ہزارہ اور کشمیر سے گذر کر شملہ مین آئین - یہ ایک بڑی بھاری تجویز تھی جسکے کم اولوالعزمی والے حصے بظاہر طے ہوگئے تھے لیکن کشمیر مین ہوکر آنے کا نازک اور مشکل راستہ برادران لارنس کی عاقبت اندیشانہ مزاحمت سے چھوڑ دیا گیا -

جان لارنس پڑاؤ کرنے کے لیے لاہور مین آئے اور گورنر جنرل دریاے سندھ کے اس پار اپنا دورہ تمام کرنے کے لیے رہگئے - آیندہ موسم بہار (۱۸۶۹ء) مین کام کرنے کے لیے جان لارنس نے جو فہرست تیار کی تھی اسمین صرف یہی ایک خلل اندازی ہوئی کہ وہ درمیان مین پشاور چلے آئے اور یہان سرکاری کاغذات اور نقشجات فوجداری کے جانچنے مین دو ہفتہ تک نہایت سرگرمی سے مستعد رہے قلعہ جیلخانہ اور چھاونیون اور شہر کا ملاحظہ کیا - گورنر جنرل کے ساتھ بارڈ اور جمرود کو گئے اور اپنے طور پر ہر درجہ کے لوگون اور ہر قسم کے اہل الراے سے بلا تکلف ملاقاتین کین - انکو دریافت ہوا کہ اس زمانہ مین (بلکہ غالبًا اسوقت تک بھی) اس ضروری مقام کی حالت قابل اطمینان نہوتی درہ مذکور پر دس ہزار قواعدان سپاہ موجود تھی اور مین یقین کرتا ہون کہ اسکی تعداد کا گھٹانا ابتک کبھی ممکن العمل نہ سمجھا گیا - اس ملک کی قدرتی کیفیتین ایسی تھین جنسے نہ تو اسپر قبضہ کرتے اور نہ اسکو چھوڑتے بنتا تھا - کیونکہ دو بڑے بھاری دریا اور بیشمار کوہستانی چشمے اسمین سے ہوکر نکلے ہین گہرے گہرے نالے اور ناہموار پہاڑیان واقع ہین اور چارون طرف ایسے ایسے پہاڑون سے وہ ملک محصور ہے جسمین ہر قسم کے بدمعاش لوگ کشت وخون کرکے جا چھپتے ہین اور انکا کچھ پتہ نہین لگتا ہے سکے لوگ جنھون نے ہمارے پیشتر اس مقام پر قبضہ کیا تھا اور تھوڑے زمانہ تک اپنے تئین اسکا مالک قرار دیا تھا نوجی قانون سے کہ اس پار ایک گز بھی آگے ملک پر تسلط نہ کرسکے اور کوہستانی خواہ میدانی اضلاع قرب وجوار مین ہو لوگ آباد ہین انسے ہوا ہے اسکے کہ جب انکے سرون پر تلوار رکھدی گئی کبھی ایک روپیہ وصول نہ کرسکے پس کوئی تعجب کی بات نہین ہے اگر یا وصف اس امر کے بھی کہ ہماری حکومت مین اعتدال اور انصاف کا

صل ۳۶

لحاظ کیا گیا ہر قسم کے محصولات معاف کر دیے گئے مالگزاری اراضیات مین تخفیف کر دی گئی اور اقل درجہ اس حصہ ملک مین احتیاط کے ساتھ جاگیر داران موضع یا سرداران ضلع کا گذارہ مقرر کر دیا گیا ایسے سفلس لوٹیرے اور جنگلو لوگ اپنی آبائی حرکت سے باز نہین آئے سوہ ابد قرار پہاڑ تک موجود ہین جہان کسی کا گذر نہین ہو سکتا مگر وہان کے لوگ میدانی ملک کے کمتر جگہ باشندون پر ٹوٹ پڑتے ہین سوہ پہاڑ ایک کام یہ بھی دیتے ہین کہ جب کبھی میدانی ملک کے باشندے اپنے وطن کا مال غنیمت لیکر یا مکروہ فرنگیون کے خون مین اپنے ہاتھ آلودہ کر کے پہاڑیون مین جاتے ہین تو وہان نہایت ثواب سمجھکر انکو پناہ ملتی ہے۔ چونکہ یہ دیسی باشندے اس بات کے عادی تھے کہ اپنے تقدمات کی خود ہی چارہ جوئی کر لیتے تھے اور نبی نوع انسان کا مطلق خیال نہین کرتے تھے اس سبب سے ہم کو باشندگان ملک کے کسی حصے سے ہتیار رکھوانا ممکن نہ معلوم ہوا پس جس ملک مین ہمیشہ ظلم و جبر ہوتا رہا ہو وہان قانونی عملدرآمد صرف آہستہ آہستہ اور تبدیج ممکن ہے جان لارنس کی تحقیقات کے مطابق انکے پہونچنے کے اڑھائی مہینے پیشتر کی مدت مین قتل عمد یا ضرب شدید کی اکاون وارداتین گذر چکی تھین — اور انھین حالتون کو دیکھکر انھون نے ضلع پشاور کی حفاظت اور تنظیم کے لیے نہایت قابلیت کے ساتھ دو تحریرین تیار کی تھین۔ انھین جو رائین ظاہر کی گئی تھین انپر اب تک عمل ہوتا آیا اور رفتہ رفتہ (دو ایک نسلون مین جانتک امید ہو سکتی ہے) انکے باعث سے اس امر مین کامیابی بھی حاصل ہوتی رہی کہ قرب و جوار کے ڈاکو اپنی حرکتین چھوڑ کر زیادہ آشتی کے ساتھ زندگی بسر کرنے لگے۔ چوپایون کے گرد و نواح ہموار زمینین پڑی تھین انکو اسطور سے چوکس کرنا کہ ڈاکو یا قاتل لوگ چھپکے تاک مین بیٹھنے پائین رات اور دن گورداوری کرنے کے لیے پولیس کا ایک زبردست انتظام کرنا۔ اندرونی ملک اور سرحد پر بھی سلح تھانون کا ایک سلسلہ قائم کرنا۔ ہمارے افسر اور سپاہی دورہ کرنے کے وقت جو طلع واپان کرتے ہین انکے متعلق تاکیدی شرطین مقرر کرنا۔ کوہستانی سوداگرون سے ہماری سرحد کے تھانون پر پہونچنے پر انکے ہتیار لے لینے اور پھر واپسی کے وقت بالضرور واپس کر دینے کا انتظام کرنا۔ ہر ہر موضع کے مقدم کو ان جرمون کے لیے جو گانون کے اندر واقع ہوتے تھے انکو جوابدہ مقرر کرنا۔ اور فوج پشاور کے سب سے آگے بڑھے ہوئے تھانے کے طور پر غیر قواعد دان سپاہ کا جمرود پر قابض کرا دینا یہ چند تدبیرین وہ ہین جو سب سے پہلے جان لارنس نے تبائی تھین اور جن پر کم و بیش اس زمانہ سے اب تک لحاظ ہوتا آیا۔

ماہ اپریل مین جان لارنس اپنے اہل و عیال کو ساتھ لیکر شملہ کو گئے اور یہان انکو اور انکے اہالیان خاندان کو اس بات کی بیحد خوشی حاصل ہوئی (مین خیال کرتا ہون کہ جس شخص کو بذات خاص تجربہ نہین ہوا ہے یا انکہ جیسے جان لارنس کی طرح تابستان ہندوستان کی صعوبت نہین پڑی ہے انکی سمجھ مین یہ بات کبھی نہین آسکتی) کہ بیس سال کے بعد ہر موسم گرما کے ایام تابستان مین گذارنے کے بعد اس مرتبہ پہلے پہل گرمی

ایام کو شملہ پر بسر کرنا نصیب ہوئے۔ پہل قدمی کے لیے دور دور تک جانا لطیف صحبتین اُٹھانا اُس خوش بزمین کی دلچسپ آب وہوا سے فرحت حاصل کرنا لارڈ اور لیڈی ڈلہوزی کی مہربانی اور سخت دشوار کام ایسی حالتون مین جب وہ بالکل آسان معلوم ہوتا تھا کر دیتا یہ سب باتین یہ ہیئت مجموعی اُنکے کل ایام ملازمت ہندوستان مین اسوقت محض اتفاقیہ طور پر نمودار ہوئین اور جس بی بی نے اُنکے ساتھ یہ حظ اوٹھایا تھا تیس برس کے بعد جب اُنکا خیال کیا تو اُسکو کچھ رنج اور کچھ خوشی محسوس ہوئی لیکن لاہور کی مہلک آب وہوا کا جو اثر اُن پر پڑا تھا اُس سے وہ یہان بھی بچ نہ سکے۔ سال سابق مین جو بخار اُنکو آیا تھا اُسنے اس مرتبہ اور بھی شدت سے ظہور کیا اور چار ڈاکٹرون نے جو اُنکے معالج تھے (ان چارون مین لارڈ ڈلہوزی کا خاص طبیب بھی داخل تھا) بالاتفاق یہ راے دی کہ جب تک وہ انگلستان کو واپس نہ جائینگے اسوقت تک اُنکی تندرستی عودنہ کریگی۔

خلل ۳ اس زمانہ کے دس برس پیشتر جب اُنکی نئی نئی شادی ہوئی تھی اور کوئی خاص کام بھی اُنکو نہین ملا تھا اور جب ڈاکٹرون نے اُنکو تنبیہ کیا تھا کہ ہندوستان کی آب وہوا مین جانیکا ہرگز قصد نکرنا تو اُنھون نے یہ جواب دیا تھا کہ "اگر مین ہندوستان مین جاکر زندہ نہین رہ سکتا تو اس قصد سے وہان جاؤنگا کہ وہان ہوکر ہلاک ہوجاؤن" اور اب اُسوقت جب ایک اتنے بڑے صوبہ کے ایسے ایسے فوائد عظیم کا اُنپر دارمدار تھا ممکن نہین تھا کہ اُنکا خیال کچھ اور ہوجاتا۔ اُنھون نے کہا کہ جب تک مین اُس کام کو جو میرے ہاتھ مین ہے انجام نکرلون گا اُسوقت تک کسی امر سے مجھکو وطن جانے کی ترغیب نہ ہوگی اور جب ایکمرتبہ بخار مین تخفیف ہوئی تو وہ اس عجلت کے ساتھ اپنے کام کی طرف بڑھے کہ ہر شخص یہی خیال کرنے لگا کہ اب اُنکے ڈاکٹر اور اُنکی بی بی نے اُنکے انگلستان جانے کے خیال کو کالعدم دور کر دیا۔

باایںہمہ لارڈ ڈلہوزی کو آسانی سے اطمینان نہین ہوا اور جس شخص کو وہ اپنا واحد ہاتھ سمجھتے تھے اُسکے بچانے کی آرزو مین اُنھون نے ڈائرکٹران ایسٹ انڈیا کمپنی سے التجا کی کہ جان لارنس کو خاص رعایتی شرطون پر وطن جانے کی اجازت ملے۔ اس استدعا سے سرکاری وجوہ پر انکار کیا گیا لیکن انکار کے ساتھ ایسے کلمات بیان کیے گئے جنسے ظاہر ہوتا ہے کہ جان لارنس کی خدمتین نہایت بیش قیمت سمجھی گئین اس بارے مین اُنھون نے لارڈ ڈلہوزی کو جو چٹھیان لکھی تھین اُنمین سے ایک چٹھی کی چند سطرین خاص کرکے اس خیال سے مین یہان درج کرتا ہون کہ اُنسے صاحب موصوف کی آیندہ تدبیرون کا حال ظاہر ہوتا ہے۔

مین نے قصد کیا ہے کہ اب وطن کو نہ جاؤن میرے سن اور اُن دعوون کے اعتبار سے جو میرے اہل عیال مجھپر رکھتے ہین اسوقت وطن کو واپس جانا میرے حق مین سراسر مضر معلوم ہوتا ہے میری تندرستی نہایت مشکوک ہے مین نہین سمجھتا کہ تین چار برس سے زیادہ ایمانداری کے ساتھ عمدہ کام کرنے کی قوت مجھ مین باقی رہگئی ہو۔ ماہ مئی ۱۸۵۵ء

تک مین اپنی پوری مدت ملازمت کی صرف کر چکونگا اور اُسوقت تک اسقدر وجہ معیشت بھی مہیا کر سکونگا جو میری اور میرے اہل و عیال کے لیے کفایت کرے - میرا قصد یہ نہین ہے کہ مین اُس زمانہ تک بالکل ترک ملازمت کرون لیکن مین چاہتا ہون کہ اُس امر کے عمل مین لانے کے قابل ہو جاؤن - اگر مین اُسوقت بلا تنخواہ جاتا ہون تو اس بات کی کچھ بھی امید باقی نہین رہتی کہ جو کچھ میرا خیال ہے اُسکے مطابق مین ترک ملازمت کرنے کے قصد سے اس ملک کو واپس آسکون گا کیونکہ اس عارضی سفر مین میری توقیر کا بہترین حصہ صرف ہو جائیگا مین نہایت شکر گزار ہون کہ حضور نے مہربانی اور نوازش سے میرے بارے مین رعایت ہونے کی سعی کی اور جس تالیف قلب کے ساتھ اُس رعایت سے انکار کیا گیا اُنکا بھی ممنون ہون -

ایسی حالت مین جب راقم کا طول طویل پُر ماجرا زمانہ ختم ہو گیا یہ امر دشوار ہے کہ جو سادی حاجتین اور کم حقیقت پیشین گوئیان اس چھٹی سے ظاہر ہوتی ہین آپ خیال نکیا جائے اور گو اُس امر کا بیان کر دینا جسکو اس سوانح عمری کے آخر مین کہنا مناسب ہے شاید قبل از وقت متصور ہوگا مگر یہ بات اور بھی دشوار معلوم ہوتی ہے کہ اس چھٹی کی تحریر کے وقت جسقدر کام اُنکے انجام کرنے کے لیے جمع تھا اُسپر سرسری طور سے جس شخص نے خیال کیا تھا کہ "تین چار برس سے زیادہ ایمانداری کے ساتھ عمدہ کام کرنے کی قوت مجھ مین باقی نہین رہ گئی ہے" اور میرا انگلستان جانا بغیر اسکے نہین ہو سکتا ہے کہ میری توقیر کا بہترین حصہ سفر مین صرف ہو جائے اُسکو اور بھی زیادہ جا بدہی اور اختیار کے ساتھ تین ہی چار برس تک نہین بلکہ سات برس تک اسطرح سے کام کرنا پڑا کہ اکثر لوگ جس کام کو دس بارہ دن مین انجام کرین اُسکو اُنھون نے ایک دن مین انجام کیا اور اخیر کے دو سال مین اُنکو اسقدر پریشانی دشواری اور خطرہ کا سامنا رہا کہ اگر کوئی ادنی درجہ کا آدمی ہوتا تو یا اچھی طرح سے بن ہی جاتا یا ہلاک ہی ہو جاتا - جب غدر کے بعد وہ بیماری سے چور ہو کر انگلستان کو واپس آئے تو اُنھون نے آرام نہین کیا بلکہ چار برس تک اُنڈیا کو تسلی مین کام کرتے رہے اور جو وسیع تجربہ اُنھون نے حاصل کیا تھا اُسکو اور اپنی عقل سلیم کو اُسوقت کے مشکل مسائل کے حل کرنے مین جو حکومت ہندوستان کی کمپنی کے اختیار سے بادشاہ وقت کے اختیار مین منتقل ہونے سے پیدا ہوئے تھے صرف کیا - اس زمانہ کے ختم ہونے کے بعد جو بمقابلہ ایام ملازمت ہندوستان اُنکے کسیقدر آرام کے دن تھے وہ بہ حیثیت وائسرائے و گورنر جنرل ہندوستان کو واپس آئے اور پورے پانچ برس تک ایسی محنت شاقہ اور کامیابی کے ساتھ کام کیا کہ شاید ہی اور کسی گورنر جنرل نے کیا ہوگا - جب وہ انگلستان کو پھر واپس آئے تو عظیم الشان وائسرائیون کے زمانہ عروج سے لندن انسکول بورڈ کے بے لطف اور غیر شکورانہ کام پر تنزل قبول کیا اور اس کام پر جو وہ مقرر ہوئے تو اُسکی وجہ یہ نہین تھی کہ وہ عام تعلیم کے صیغہ سے کوئی خاص واقفیت رکھتے ہون بلکہ اسوجہ سے اُنھون نے اس کام کو قبول کیا کہ ایک کارنیگ تھا اور اُسمین سخت محنت درکار تھی - اسکے بعد جب اُنکی تندرستی ص ۳۶۶

نے قطعی طور پر جواب دیا بصارت چشم قریب قریب بالکل زائل ہوگئی اور جب انھون نے اپنے پائون گویا قبر مین لٹکا دیے تو اپنے فرائض کا خیال کرکے وہ ایک مرتبہ پھر بیدار ہوگئے طعنہ زنی اور ہر قسم کی غلط فہمی کا کچھ خیال نہ کرکے انھون نے آخر درجہ تک ایک ایسی حکمت عملی کی مخالفت کرنے مین جانفشانی کی جو انکے نزدیک محض خلاف انصاف تھی اور جس سے انگلستان اور ہندوستان کے بہترین مقاصد کا خطرہ اور نقصان متصور تھا۔ اگر کسی شخص کے سوانح عمری اول سے آخر تک محض محنت (اور محنت بھی وہ جو ایمانداری جانفشانی اور بغرضی کے ساتھ کی گئی ہو) کے اعتبار سے قابل تعظیم ہین تو وہ سوانح جان لارنس کے ہین۔

ماہ نومبر مین جان لارنس ان تمام سوال انشیشنون کو جو راستہ مین ملے دیکھتے ہوئے لاہور کو واپس آئے اور اپنے ساتھ ایک شیر خوار بچہ (راڈورڈ ہنری) کو بھی جو ماہ جون مین بمقام شملہ پیدا ہوا تھا ساتھ لائے۔ یہ نہایت پیارا بچہ تھا جسنے اپنے پیدا ہونے ہی کے وقت سے اپنے باپ کی اندرونی محبت جو اُسکے دل مین نہان تھی عیان کر دی تھی۔ گو ظاہر مین اُنکی صورت سے محض بے اُنسی پائی جاتی تھی لیکن جو لوگ اُنکے حالات سے بخوبی تمام واقف ہین اُن سب کو معلوم ہے کہ باطن مین وہ بڑی محبت کے آدمی تھے بچے اور خاص کرکے شیر خوار بچے سے اکثر (چنانچہ ایک مشہور واقعہ سے جسکو مین اُنکے آخری ایام کے حالات مین درج کرونگا ثابت ہوگا) پریشانی کے وقت جان لارنس کی بڑی تسکین ہوتی تھی اور جب اپنے یومیہ اشغال کے تردد و افکار سے وہ نہایت خستہ ہوجاتے تھے تو بچون سے اُنکا دل بہت بہلتا تھا یہ بچہ روز اول ہی سے نہایت نازک اندام تھا اُسکی نازک اندامی اس بات سے عیان ہے کہ جب جان لارنس کو پنجاب مین موسم سرما کے کئی مہینے تک اس زمانہ مین دورہ رہنا پڑا تو ان نے بچہ کو وہان کے سخت موسم مین لیے پھرنا گوارا نہ کیا چنانچہ جب تک باپ اپنے صوبہ مین دورہ کرتے رہے اُسوقت تک ماں بچہ کی پرورش کے لیے مکان پر ٹھہری رہین لیکن افسوس کہ موت نے وہان بھی نچھوڑا اور وہ معصوم پھول کیطرح باغ عالم سے چل بسا۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد	روے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

یہ ایک جانکاہ صدمہ تھا اور وہ اکیلی ماں ہی پر نہین ہوا لارنس کے خاندان مین پہلے پہل یہ موت ہوئی۔ مؤنس باپ صدمہ سے بالکل چور ہوگیا پھر جسوقت وہ لاش کو قبر کیطرف لیکر چلا تو بچون کیطرح پھوٹ پھوٹ کر روتا تھا اس سے ناواقف لوگون کو سخت حیرت ہوئی مگر اُنکے سوا اور کسی کو نہین ہوی۔ جان لارنس کو کسی نے بار بار روتے ہوے نہ دیکھا ہوگا دو ایک مقام پر جو اُنھون نے آنسو بہائے اُسکی سوانح عمری مین مین نے تصریح کردی ہے لیکن اُنکے آنسو اُن کے دائمی چشمۂ محبت کی جو اندر بھرا ہوا تھا صرف ظاہری علامتین تھین جو کبھی کبھی نمایان ہوجاتی تھین۔ یہ محبت شاید زیادہ بھی تھی کیونکہ وہ ظاہر بہت کم ہوا کرتی تھی

اور جن لوگون پر عادتاً اُسکا اثر پہونچتا رہتا تھا اُنکو حقیقت مین زیادہ تقویت اور اعانت پہونچتی تھی کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ یہ کسی ضعیف آدمی کی صحبت نہین ہے بلکہ ایک شہ زور اور اکھڑ شخص کی صحبت ہے۔

یہ پہلی موت تھی مگر تفرقہ خاندان پہلا نہین تھا کیونکہ سال الحاق پنجاب (۱۸۴۹ء) کے موسم برسات مین وہ ناگزیر مفارقت واقع ہوئی تھی جسکی تلخی موت سے بھی زیادہ ہے اور جو تمام انگریزی افسران ہندوستان کے خاندانون کے لیے لازم ہے اور یہ خاص مفارقت ایسے وقت واقع ہوئی جب بچون کو والدین کی خبرگیری حد سے زیادہ درکار ہوتی ہے اور والدین کو اپنے بچون کا چھوڑنا انتہاے مرتبہ کا ناگوار گذرتا ہے جان لارنس کی بڑی دو بیٹیان کسیقدر نادر حالتون مین انگلستان کو بھیجی گئی تھین۔ ہربرٹ اڈورڈس اور جان نکلسن اتفاق سے رخصت فرلو پر جانیوالے تھے اور اُنھون نے ازخود اس بات کا بیڑا اُٹھالیا کہ ہم لڑکیون کو انگلستان پہونچا دینگے گویہ دونون صاحب لارنسون کے بڑے دوست تھے مگر اسپر بھی اُنکے دل مین کبھی یہ خیال نہین پیدا ہوا کہ لڑکیون کو انگلستان لے جانے کا کام جسمین سراسر تکلیف اور جوابدہی تھی اُنکے لیے تجویز کرین پنانچہ لارنس بیان کرتی ہین کہ "یہ امر کسیقدر حیرت انگیز تصور کیا گیا کہ دو کم سن لڑکیون کو صرف دو نوجوان مردون کی حفاظت مین بھیجدیا جائے لیکن وہ دونون بڑے شفیق اور معتمد دوست تھے اور کمال شرافت سے اُنھون نے اپنی امانت کا کام پورا کر دیا کم سن لڑکون کے سنبھالنے مین جو تکلیف و پریشانی ہوتی ہے اُسکا کچھ لحاظ نہین کیا اور راستہ بھر اپنی شفقت و مہربانی کرتے ہوئے لیگئے"۔ جان لارنس نے ان لڑکیون کو فیروزپور پہونچایا اور وہان دونون کو اُنکی آیا سمیت اُنکے مہربان محافظون کے سپرد کر دیا جو دریاے سندھ کی راہ سے انکو بمبئی لیگئے اور وہان سے بخیر و عافیت انگلستان مین پہونچا دیا۔ جسوقت ہم اس بات کا خیال کرتے ہین کہ علی العموم نوجوان ناکتخدا افسرون کی کیا کیفیت ہوتی ہے اور اسطرح کا کام اگر وہ چاہتے ہین تب بھی اُنسے انجام نہین ہوسکتا ہے تو بیشک ہم کو یہی خیال پیدا ہوتا ہے کہ ان دونون نوجوان غازیان ملتان کے لیے جو بعد کو دہلی کے بھی نامی گرامی بلکہ ملتان کی نسبت اور بھی بڑے ہوئے غازی ہوے یہ کام نہایت دلچسپی اور محبت کا تھا۔ جب جان لارنس ۱۸۵۰ء مین عارضی طور پر شملہ کو گئے تھے تو سر ان بورڈ کے متعلق ایک بڑا ضروری تبادلہ واقع ہوا پنجاب بورڈ کے تین ممبرون مین سے ایک ممبر کے عام خصائل مین بیان کر چکا ہون اور اس بات کو بھی ظاہر کر چکا ہون کہ ایک بے لوث شخص کی راے کے مطابق منشل صاحب کے اعتدال آمیز اور حکیمانہ مزاج سے باقی دونون ممبرون کے تیز و تند مزاجون کی جیسے کہ اُسوقت وہ پائے جاتے تھے کیسی اصلاح ہوتی ہوگی۔ جہانتک مین دریافت کر سکا اُس سے تو یہی دریافت ہوتا ہے کہ اُنکی دماغی صلاحیتون کے دونون بھائی بڑے قدردان اور اُنکی نسبت نہایت ہی دوستانہ خیال رکھتے تھے لیکن یہ بات بھی تھی ص۳۶۶

کہ دونوں بھائی اُنکو اپنی راہ کا کانٹا سمجھتے تھے۔ یہ دونوں بھائی تو ہمیشہ اور اگر ہمیشہ نہین تو اکثر کام کرنے پر اور مٹیسل صاحب اُسیطرح بک بک کرنے پر آمادہ رہتے تھے ہر ایک امر مین جو ان کے روبرو پیش ہوتا تھا اُسکے لیے اپنے ڈھب کے دوسرے آدمیون کی طرح کم سے کم وہ تین طریقے نکالتے تھے۔ قطعی طور پر تو وہ کوئی امر طے نہین کرتے تھے مگر اُنکا تیسرا طریقہ جسپر وہ زیادہ تر راغب ہوکر تے تھے عموماً اُنکے باقی دو ہمجنسون کی راے سے بالکل مختلف ہوا کرتا تھا یہ اکثر ہوتا تھا کہ جب کسی اہم مسئلہ کے متعلق ہنری لارنس نے اُسکے حل عقد کی ایک تدبیر بتائی اور جان نے دوسری راے دی اور وہ دونون طریقے فیصلہ کے لیے مٹیسل صاحب کے روبرو پیش ہوئے تو انھون نے دونون کو اُٹھا کر کھٹائی مین ڈالدیا یعنی یہ کہ دونون تجویزون کو اُٹھا کر اپنی جیب مین رکھ لیا اور پھر اُس مسئلہ کا تصفیہ ایک وقت غیر مقررہ کے لیے اُٹھا رکھا۔ مین نے ایک شاہد عینی کے قول کو جو بیان کیا ہے اُسکے مطابق بعض اوقات وہ دو دو گھنٹے رزیڈنسی کے سامنے والے برآمدہ مین ادھر سے اُدھر اور اُدھر سے ادھر ٹہلتے اور ہنری کی کسی نہ کسی تجویز پر بڑی گرمجوشی سے بحث کرکے اُسکی تردید کرتے جاتے تھے اور جسوقت بحث ختم ہو جاتی تو بڑی سہولت سے کہنے لگتے کہ "آپ سے مین بحث تو بڑی دیر سے کر رہا ہون مگر ابھی مین نے اپنی کچھ راے نہین ظاہر کی ہے" صرف اسیقدر کہتا تھا کہ آپکی تجویز کے خلاف جان لارنس کی کیا راے ہوگی اور اکثر یہی برتاؤ جان لارنس کے ساتھ بھی وہ کرتے۔ یہ طریقہ عملدرآمد دونون بھائیون سے کیکو مرغوب نہین معلوم ہوتا تھا جان لارنس بحث کے بڑے شائق تھے مگر اس شرط سے کہ وہ بحث کسی کارروائی کے مقدمہ کے طور پر کیجاتی لیکن مٹیسل صاحب کے مباحثہ کو وہ خوب سمجھتے تھے کہ اس سے کوئی نتیجہ نہ پیدا ہوگا اور ہنری لارنس جو زیادہ تند مزاج تھے اور مخالفت کو بہت کم جائز رکھتے تھے بعض اوقات مٹیسل صاحب کی ردوبدل کو ضرر رسان ہی نہین بلکہ موجب توہین سمجھتے تھے پس اس سے ظاہر ہے کہ دونون مین سے کوئی بھائی سقراطی طریقہ تحقیقات کو پسند نہین کرتا تھا اور کبھی کبھی دونون بھائی مستعدی اور جلدی کے کام مین مانع سمجھکر اس ناتجربہ کار حکیم کو اپنے راستہ سے ہٹا دینے پر مائل ہو جایا کرتے تھے چنانچہ جسوقت ماہ نومبر ۱۸۵۵ء مین رزیڈنسی ناگپور کا عہدہ خالی ہوا اور یہ عہدہ ایسا تھا جسکے لیے دونون بھائی مٹیسل صاحب کو زیادہ موزون سمجھتے تھے تو اُنھون نے باتفاق راے لارڈ ڈلہوزی سے اس امر کی استدعا کی کہ مٹیسل صاحب وہان بھیجدیے جائین لارڈ ڈلہوزی راضی ہو گئے اور مٹیسل صاحب نے اس عہدہ کو غالباً بڑی دادرسی سمجھکر قبول کیا۔

فصل ۳۶

اسمین شک نہین کہ لارڈ ڈلہوزی کی تیسری ممبری کی جگہ عام اس سے کہ اُسپر کوئی شخص مقرر کیا جاتا فرش مخمل نہتی ہنری لارنس تو اسکو اپنے تجربہ کے مطابق کانٹون کا بستر بیان کیا ہے اور ایک عجیب طرح کے اتفاق سے اُس جگہ پر ایک ایسے شخص کی تقرری ہوئی جو جان لارنس کے ایام طفولیت سے اُنکے خاندان کا دوست

صفحہ ۳۳۱

رہا تھا۔ ہنری اور جان لارنس دونون بھائیون کے ساتھ فوائل کالج مین تعلیم پائی تھی دونون بھائیون کی بیبیون کو اُسوقت سے جانتا تھا جب وہ بالکل چھوٹی چھوٹی لڑکیان تھین اور ڈونبگال کے صحرائی ملک مین اُس کے ہمسایہ رہتی تھین ان دونون لڑکیون سے جسطرح اُسکو الفت اور محبت تھی اُسیطرح اُنکے شوہرون سے اُس زمانہ مین دوستی رہی جب وہ ممالک مغربی وشمالی مین روزافزون شہرت کے ساتھ بتدریج ایک عہدہ سے دوسرے عہدہ پر ترقی پاتے جاتے تھے ہنری لارنس کی سفارش سے الحاق پنجاب کے بعد وہ لاہور مین طلب کیا گیا اور اب پچھلے ڈیڑھ برس کے عرصہ مین اس نو لمحہ صوبہ کے درمیانی اور سب سے ضروری ضلع کی کمشنری پر ہنری اور جان دونون بھائیون سے سرکاری طور پر واسطہ قریب رکھتا آیا تھا اسطور پر وہ اپنے گذشتہ حالات اپنے موجودہ منصب اور اپنی آیندہ امیدون کے اعتبار سے بھی گورنمنٹ کی نمبری کے لیے بالتخصیص موزون تھا اور اسلیے بطور ستی کے وہ اس خالی عہدہ پر مامور ہوا۔

چونکہ اس شخص کو ہنری لارنس سے یہ واسطہ تھا کہ وہ اُنکی بڑی قدر اور اُنسے نہایت محبت کرتا تھا اور جان سے یہ نسبت رکھتا تھا کہ اُنسے کمال اُنس تھا اور جو صلاحیتین سرکاری معاملات کی واقفیت اور شاہانہ حکمت عملی کے متعلق اسمین تھین وہی جان مین بھی پائی جاتی تھین اور اس سبب سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ دونون بھائیون سے بہت اچھی طرح برتاؤ کر سکیگا دونون کے اختلافات کو اصلاح پر لانے کی فکر کریگا اور اگر دونون کی شکایتون اور شکر رنجیون اور غلط فہمیون کو یکقلم دور نہ کر سکیگا تو اُسمین کمی ضرور پیدا کر دیگا یہ سب باتین ایسی تھین جنسے اب تک سلطنت کے حق مین بہت فائدہ ہوتا آیا تھا لیکن جن لوگون کے ہاتھ مین عنان سلطنت تھی اُنکے دلونکو تسکین نہین رہی۔ چونکہ اُسکو کام کرنے کا شوق لارنسون کی خواہش پوری کرنے کو قرار واقعی طور پر تھا اور اس کام کے انجام کرنے کا موقع شاید اُسکو اور بھی حاصل تھا طبیعت مین ذکاوت ایسی تھی جو کبھی خطا نہین کرتی تھی مزاج مین اسقدر اعتدال تھا جو بشرہ سے ظاہر ہوتا تھا اور کبھی اُسمین تغیر نہین پیدا ہوتا تھا اور ہمت دور اندیشی کے ساتھ ایسی ملی ہوئی تھی جس سے نہایت اہم باتون کی نسبت بھی اُنکو شک نہین رہتا تھا کہ اُنکا انجام اچھا ہوگا اور جو لوگ زیادہ تند مزاج نہین تھے وہ اُس پر کامل بھروسہ کرتے تھے اس سبب سے وہ اس جگہ کے لیے بالتخصیص موزون تھا۔ پنجاب مین اُسوقت امن وامان کا ڈنکا بجتا تھا لیکن اگر احیاناً کوئی عزل ونصب کا وقت آتا تو بھی وہ اپنے کام کو بخوبی انجام کرنے کے قابل تھا۔ ہندوستان مین کچھ زمانہ کے بعد جو طوفان آنے والا تھا ابھی اسکا حال کوئی نہین کہہ سکتا تھا کیونکہ ابھی سے کوئی رائے اُس بارے مین قائم کرنا بالکل ناممکن تھا لیکن اگر کسی شخص کو وہ حال پہلے سے معلوم ہو جاتا اور اُسکی نسبت کوئی شخص صحیح پیشین گوئی کرتا تو بھی یہ امر مشتبہ تھا کہ ملک بھر مین ایسا کوئی شخص بہم پہونچ سکتا جو اُس عہدہ کے لیے جسپر فساد کے شروع ہونے کے وقت وہ مقرر کیا گیا تھا اُس سے

ض ۳ زیادہ موزوں ہوتا سا ایام غدر مین جان لارنس کے ماتحتون نے جو کارہائے نمایان انجام کیے اُنکی طول طویل فہرست مین اگر کوئی کام ایسا تھا جو عین وقت عین مقام اور خاص اُس طریقہ سے جسطور پر اُسکو انجام ہونا چاہیے تھا انجام کیا گیا (یعنی دوراندیشی اور بہادری سے اُسکی تجویز کی گئی اور نہایت کامیابی کے ساتھ اتمام کو پہونچایا گیا اور اُسکی کارروائی کے آغاز ہی سے اُسکے عمدہ نتیجہ کے آثار معلوم ہونے لگے) تو وہ کام ۱۳ مئی ۱۸۵۷ء کی صبح کو لاہور مین ہندوستانی سپاہیون سے ہتیاردن کا رکھوانا تھا اور جنرل کاربٹ کے بعد جن پر ساری جوابدہی تھی تمام عالم کی رضامندی سے جو شخص اُنکی جانشینی کا مستحق تھا وہ رابرٹ منٹگمری صاحب تھے۔

جو تین شخص بالکل مختلف مگر اسقدر محنت و دشواری کی زندگی بسر کرنے کے بعد پھر ایک ہی کونسل نوبزدن مین اگر جمع ہوئے اُنکی حالت پر نظر ڈالنے سے ممکن نہین کہ اُن لوگونکی ابتدائی طالبعلمی کا زمانہ یاد نہ آئے جب وہ ہیلی بری کے مدرسہ مین پڑھتے تھے تو ہر طرح کی ہنسی دلگی اور عیش و تفریح کی باتین کیا کرتے۔ ادنی درجہ کی تعلیم حاصل کرتے تھے اور جوش انگیز صحبتین گرم کرتے تھے چنانچہ ان سب باتون کا حال مین اس سوانح عمری کے باب اول مین بیان کر چکا ہون۔ خوش قسمتی سے مین اس مقام پر ایک ایسا قصہ بیان کر سکتا ہون جسکو شنکر کوئی شخص بات فراموش نکریگا کہ جن تین شخصون سے لاہور مین گورنمنٹ قائم کی گئی تھی اُنھون نے نوابان کالج مین بھی اسیطرح کا ایک تگڈم مقرر کیا تھا اور دونون بڑے بھائی جو بعض معاملات متعلقہ حکمت عملی عام مین اتفاق نہین کر سکتے تھے وہ ایک زیادہ تر ضروری امر مین بہر حال متفق الرائے تھے یعنی یہ کہ دونون کی یاد داشتین الفت اور کام کرنے کی خواہش کو یہ سب باتین کیسی ہی ادنی درجہ اور کتنے ہی پرانے زمانہ کی کیون نہون مگر دونون بھائیون مین مشترک تھین فیاض دونون بھائی تھے لیکن بڑے بھائی کی فیاضی اسطور کی تھی کہ جو کچھ اُنکے پاس ہوتا تھا سب دے ڈالتے تھے اور چھوٹا بھائی فیاضی کے وقت اس بات کا خیال کر لیتا تھا کہ مبادا دوسرے کن کن اشخاص کے حقوق ادا کرنا ہین قصہ مذکور اول تو مجھ کو ڈاکٹر جارنس ہنیگبرگر کے ذریعہ سے جو اُسکے شاہد عینی ہین بہم پہونچا ہے لیکن مجھکو یہ بھی بیان کرنا چاہیے کہ سر رابرٹ منٹگمری نے جو اُن اصحاب ثلثہ مین سے زندہ رہگئے ہین اُسکی صحت کی تصدیق کی۔ اس زمانہ مین اُنکو قصہ مذکور تفصیل کے ساتھ یاد نہین تھا لیکن جب اون کے سینہ کو معلومات کو اشتعال دیا گیا تو اُنھون نے بھی اصل حال کو حرف حرف بیان کر دیا۔

ض ۳ ۲۵۔ دسمبر ۱۸۵۱ء کو یہ تینون ارکان نوبزدم اپنی میم صاحبون کے قدیم ایوان رزیڈنسی واقع انارکلی مین بڑے دن کی دعوت کھا رہے تھے۔ میزبان بیشک جلسہ کے پریزیڈنٹ یعنی سر ہنری لارنس تھے دوسرے مہمانون مین جو اسوقت رہگئے تھے صرف ڈاکٹر ہنیگبرگر اونے پریزیڈنٹ تھے لیڈیان سب چل گئی تھین چند منٹ سے لوگ خاموش بیٹھے تھے کہ اتنے مین سر ہنری نے دفعتًا اپنے بھائی کی طرف خطاب کر کے کہا دو معلوم نہین کہ

اسوقت بیچارے سنسن دونون ضعیف بھائی کیا کرتے ہونگے معلوم نہین آج بھی روزمرہ کی غذا سے بہتر انکو کچھ کھانے کو ملا ہے یا نہین" اس بات کو بیان کرنا لازم ہے کہ سنسن نامے دو بھائی نہایت غریبی مین بسر کرتے تھے اور نو آپل کالج کے اُدسٹر تھے - یہ امر قرین قیاس نہین پایا جاتا ہے کہ ایک پرنسپوٹ انکول کی ملازمی مین چندنا ہموار ایرش لڑکون کے درمیان ایک اُدسٹر بیوی بھی خوشحال نہین رہتا زیادہ فراغت سے زندگی بسر کرتا اور برادران لارنس کو اس بات سے قرار واقعی آگاہی تھی کہ انھون نے اپنے طالبعلمی کے زمانہ مین کوئی ایسا سلوک نہین کیا تھا جس سے ان اُدسٹرون کی حالت اس زمانہ مین کچھ درست ہوتی ہنری کے دفعتاً اس اشارہ کرنے سے لندن ڈیری انکول کی طالب علمی کے متعلق بہت سی پرانی باتین یاد آگئین اور کچھ دیر تک اس عجیب اتفاق پر کہ پیشتر جو تین شخص مذکورہ بالا انکول مین برسون تک طالب علمی کرتے رہے تھے اب ایک مرتبہ انکو پنجاب مین اکر ایک جگہ فرمانروائی کرنے کا کام ملا ہنری لارنس نے جوش فیاضی سے جو انمین سب صفتون سے بڑھی ہوئی پائی جاتی تھی کہا کہ "مجھے جو کچھ کرنا ہے دیکھیے مین انسکو بیان کرتا ہون برادران سنسن اب بہت ضعیف ہوگئے ہونگے اور مین خیال کرتا ہون کہ انکی بصارت مین بھی فرق آگیا ہوگا وہ ہرگز عمدہ حالت سے نہون گے لاؤ ہم سب لوگ پچاس پچاس پونڈ (پانچ پانچ سو روپیہ) جمع کرین اور اسکو کل اس پتہ سے روانہ کرین تیسرے دن کا ایک خیراتی صندوقچہ جسکو دور دراز ملک سے تین پرانے شاگرد جو فی الحال پنجاب بورڈ آف ایڈمنسٹریشن لاہور کے ممبر ہین حسب اللہ روانہ کرتے ہین"

جان نے کہا "بہت خوب مین پچاس پونڈ دونگا" منٹگمری صاحب بولے "اچھا مین بھی اسیقدر دونگا" اسکے بعد چیکین تیار کی گئین اور دوسرے روز خزانہ کے ذریعہ سے حسب ضابطہ انگلستان کو ہنڈوی روانہ کی گئی یہ مہربانی کا پیام ہنڈوی سمیت بہ حفاظت تمام سمندر پار روانہ ہوا - کئی ہفتے گذر گئے ممبران بورڈ اپنے سخت اور دشوار کام مین مشغول ہوے اور وہ بات کسیکو یاد بھی نہین رہی کہ اتنے مین ایک روز صبح کو ڈاک کی بیشمار چٹھیون کے انبار مین ایک چٹھی مہر ذاکخانہ آئرلینڈ کی برآمد ہوئی یہ چٹھی برادران سنسن کی لکھی ہوئی لندن ڈیری سے آئی تھی اسکے حروف تھراتے ہوے ہاتھون کے لکھے تھے اور بعض بعض جگہ کاپ کے آنسوون سے جو ظاہرا تحریر کی نسبت زیادہ جلد آنکھ سے رواں ہوئے تھے حرف بالکل پڑھے نہین جاتے تھے - اگر وہ چٹھی دستیاب ہوسکتی تو چھاپنے کے لائق تھی گمان غالب ہنری نے اسکو رکھ چھوڑا ہوگا اور اگر بدقسمتی سے انکے کاغذات آیندہ نسلون کے لیے انکی سوانح عمری تیار کرنے کی غرض سے دست بدست منتقل ہوتے نہ پھرتے تو وہ چٹھی بھی انکے کاغذات مین ضرور برآمد ہوتی لیکن جس شخص کے ذریعہ سے مجھکو یہ قصہ معلوم ہوا ہے اسکو تیس برس گذرنے کے بعد بھی بہت اچھی طرح سے چٹھی کا عام مضمون اور اسکے ضروری مقامات یاد تھے

صل ۳۴

اُسکا القاب یہ تھا کہ "میرے پیارے لڑکون" لیکن بعد اسکے شائد پیر مرد نے "لڑکون" کا لفظ قلمزد کر دیا تھا کیونکہ اُسکے اوپر "دوستون" کا لفظ بطور بدلہ کے لکھا تھا بعد اُسکے کاتب اور اُسکے بھائی کیطرف سے اُنکے محسنون کی وفاداری کا ذکر تھا کہ جو چند روز اُسکی زندگی کے باقی رہگئے ہین اس عطیہ سے بخوبی تمام کٹ جائینگے لیکن علیہ سے بڑھکر اس بات کا شکریہ ادا کیا گیا تھا کہ ان دونون بھائیون کو اُنکے پرانے شاگردون نے ایسے عہدہ پر بھی پہونچکر فراموش نہین کیا کیونکہ اُنکے نزدیک یہ عہدہ نہایت بھاری متصور ہوا کاتب کو یہ نہین معلوم تھا کہ بورڈ آف ایڈمنسٹریشن کیا شے ہے لیکن اس بات کا اُسکو یقین بیشک تھا کہ یہ کوئی بڑا بھاری عہدہ ہے اور اسکے بعد مکرر کے چون کیطرح محض سادگی سے یہ لکھا تھا کہ "مین نے مدرسہ کی پرانی اُلمنسون یعنی کتاب نقشجات ملک مین بہت تلاش کیا مگر اُسمین کمپن لاہور کا پتہ نہین لگا" کچھ دنون کے بعد جب ڈاکٹر سٹیوارٹ نے کے سامنے یہ فقرہ پڑھا گیا تو سر ہنری نے کہا کہ "آپ اسکی وجہ نہین سمجھے مین سمجھ گیا مدرسہ مین جو پرانی المنسین یعنی تعین اور جو تیس برس کے استعمال سے اب اور بھی پرانی ہوگئی ہونگی اُنمین اس بیچارے بوڑھے آدمی نے لاہور کا نام تلاش کیا ہوگا اور وہ اُنمین کمپن درج نہین ہے"

اب صرف اس بات کا بیان کرنا اور باقی رہا اور قصہ کے آخر مین یہ ایک نہایت دلچسپ بات ہے کہ گو کاتب خط سن رسیدہ تھا لیکن اُسکی زندگی نے اسقدر کفایت کی کہ اُسنے اپنے تین شاگردون مین سے ایک کو صحیح سلامت دیکھ لیا اور جب سر رابرٹ منٹگمری بلوۂ ہندوستان کے بعد اعزاز حاصل کرکے داخل وطن ہوئے تو ایک جلسہ دعوت مین جو اُنکے پہونچنے کے بعد ہی منعقد ہوا تھا و نیم ناینا اسکول ماسٹر بھی کسی نہ کسی طرح سے ایک ٹکٹ جو اُسکو دیا گیا تھا حاصل کرکے جلسہ مین پہونچگیا تھا۔ اُسکی جیب تو خالی ہوگئی ہوگی مگر اُسکا دل شکل اور مہمانون کے جو وہان جمع تھے غنی ہوگا اور مین بلا تامل یہ کہہ سکتا ہون کہ اب اس زمانہ مین ملک پنجاب کے تلاش کرنے مین اُسکو "اِنسکوئل کے قدیم اُلمنسون" کے دیکھنے کی بھی ضرورت نہ رہی ہوگی کیونکہ اُسی ملک پنجاب کے ذریعہ سے کل ملک ہندوستان بچایا گیا تھا اور جن لوگون کے ذریعہ سے خاص کرکے ہندوستان محفوظ رکھا گیا وہ اُسکے تین پرانے شاگرد اور محسن یعنی ہنری لارنس جان لارنس اور رابرٹ منٹگمری تھے۔ اسکے تھوڑے ہی دنون کے بعد اُسنے قضا کی مگر اس بات سے خوش تھا کہ یولیسیز کے وفادار کتے کی طرح (جو ایک قدیم زمانہ کا قصہ ہے) اُسکی عمر نے اپنے شاگردون کا عروج اپنے مالک کی واپسی کا زمانہ دیکھنے کو کفایت کی[1]

ماہ جنوری ۱۸۵۲ء مین لارڈ اشیفلڈ (جو اب ارل آف درہی ہین) جو اُسوقت ہندوستان کی سیاحت مین

[1] اس کتاب کے چھپنے کے بعد مجکو دریافت ہوا کہ ہمسن صاحب کو جو روپیہ بھیجا گیا تھا اُسکے متعلق اُنکے چھوٹے شاگرد نے کہ وہ بھی ایک لارنس تھے یعنی سر ٹیچارڈ نے جواب بھی بتعجبات ہین بعد کو پچاس پونڈ کی ایک ہنڈوی روانہ کی ۱۲

مشغول تھے لاہور مین آئے اور چند دنون تک جان لارنس کے مہمان رہے اسی مقام پر اُنسے پہلے پہل اُس شخص سے ملاقات ہوئی جسکو اس زمانہ کے سات برس بعد جدید اُنڈین کونسل کا ممبر مقرر کیا اور پھر اُسکے دس برس بعد اُس جلسہ کی اسپیچ مین جو "یادگار لارنس" کے چندہ کے لئے سٹیشن ہوس مین منعقد ہوا تھا دو لفظون سے اُنکی تعریف کی اور وہ دو لفظین جان لارنس کی خصلتون کو اسقدر ظاہر کرتی ہین کہ اور بڑی بڑی باتون سے بھی اسقدر صراحت نہین ہوسکتی "لارڈ ڈالہوسی" نے اپنی اس اسپیچ مین کہا تھا کہ "مین اس بات کا دعوی نہین کرتا کہ مجھکو لارڈ لارنس کے حالات سے کوئی خاص واقفیت ہے مگر اسقدر البتہ کہسکتا ہون کہ مین اُنسے خوب واقف ہون اور اُنکے چال وچلن کا جو نقش میرے دل پر ہمیشہ رہگیا اُسکے اعتبار سے مین صرف اسقدر بیان کرسکتا ہون کہ وہ بالیقین ایک معصوم شجاع تھے" لارڈ ڈلہوسی نے جب یہ خبر سنی کہ لارڈ ڈالہوسی پنجاب کی سیر کو آنے والے ہین تو اُنھون نے پیشتر سے دونون بھائیون کو لکھ بھیجا کہ اگر ممکن ہو تو لارڈ موصوف کا سفر شمال مغرب کی زیادہ خطرناک سرحد کی طرف نہ بڑھنے پاوے جہان ہمیندون اور سیواتیون نے اسقدر شورش مچا رکھی تھی — لارڈ ڈلہوسی نے لکھا تھا کہ "اگر کچھ نعوذ باللہ ہوئی تو لارڈ ڈالہوسی اور سر ہنری لارنس یا جان لارنس اور ایلفنسٹن کے مابین بڑا اختلاف پیدا ہو جائیگا" لیکن خوش قسمتی سے ہندبرطانیہ روسی ترکستان نہین ہے اور کوئی انگریز یا روسی سیاح جو کسی حصہ سلطنت ہندوستان کی خواہش کرے تو اُسکے ارادون مین عاقبت اندیش ترین گورنر جنرل بھی پند ونصیحت کرنے کے سوا اور کسی قسم کی ممانعت نہین کرسکتا — جواب مین جان لارنس نے گورنر جنرل کو لکھا کہ "لارڈ الہوسی لاہور مین جو چیزین دیکھنے کے قابل تھین اُن سبکو دیکھنے کے بعد ابھی ابھی یہان سے روانہ ہوے یہان سے ہزارہ جاکر وہ میرے بھائی سے ملین گے اور وہان سے براہ پشاور دیرہ جات کو جائینگے اور درہ کوہاٹ کی سیر سے بھی باز نہین رہینگے" ہنری لارنس کا یہ دورہ جیسا کہ آخر کو معلوم ہوا اُس صوبہ کی سرحد کے متعلق جسکو وہ بہت عزیز جانتے تھے اور جہان کے لوگ اُنکو عزیز جانتے تھے آخری تھا — ص ۳۴۹

اُس زمانہ مین جب جان لارنس کے بڑے بھائی اسی دورہ پر یا پھر اُسکے بعد دریائی ملک کی سیر کو گئے تو جان لارنس اور گورنر جنرل کے درمیان بہت کچھ خط کتابت رہی لیکن اُن چٹھیون کا کوئی عام یا اس سوانح عمری کے متعلق ایسا مضمون نہین ہے جو کچھ لطف رکھتا ہو میندسیواتی اور "متصبین سیتانا" جنکی بعد کو اسقدر شہرت ہوئی یہ سب لوگ اسباب مخالفت ظاہر کررہے تھے اور جان لارنس جیسا کہ اُنکی چٹھیون سے ظاہر ہوتا ہے اس راے کے موئد تھے کہ اُنکے خلاف فوج کشی کی جاے — سر کالن کیمبل اپنی معمولی عاقبت اندیشی سے اس معاملہ مین گریز کرنا چاہتے تھے —

یہ صاف ظاہر ہے کہ سر کالن کمپبل کی راے کو ہتھیان پر قبضہ کرنے کے کسقدر خلاف ہے گو اپنی راے کی تائید مین کوئی وجہ بیان کرین مگر انکی اصل دلیل یہ ہے کہ قواعدوان دیسی پیدل فوج پر اعتماد نہین ہوسکتا اس راے مین صرف حضور ملکہ سنڈیکٹ افسرین بلکہ کمپنی کے بہی بہت سے افسر شریک ہین مین یقین کرتا ہون کہ اگر انھون نے اپنی اصل راے ظاہر کی تو انکا منشا یہی ہوگا کہ وہ پیدل سپاہ کو قواعدوان سپاہ پر ترجیح دیتے ہین - گارڈنر کے لوگ گورکھا اور پنجاب کے غیر قواعدوان سپاہی کو ہتھیان کی لڑائیون کے لیے قواعدوان سپاہیون کی نسبت زیادہ موزون سمجھے جاتے ہین پس ایسی حالت مین حضور کیا یہ مناسب نہین سمجھتے کہ قواعدوان سپاہیون کی تعداد گھٹا دی جاے اور غیر قواعدوان پیادون کی تعداد زیادہ کردی جاے مین یہ نہین صلاح دیتا کہ قواعدوان سپاہ کے لوگ بے انتہا گھٹا دیے جائین - چونکہ یہ لوگ سمجھدار اور فرمان پذیر ہین اسلیے وہ ہمیشہ قابل قدر رہینگے لیکن اگر فوج مین مختلف قومون کے لوگ شریک کردیے جائین گے تو لڑائی کے وقت اُنسے زیادہ کام نکلے گا اور صلح کے وقت بالکل محفوظ رہینگی . . . . مجھکو یقین ہے کہ جب تک میمندون اور سیواتیون کی پوری تنبیہ نہ کردی جائیگی اُوسوقت تک درہ پشاور بالکل صاف نہوگا اور اس تنبیہ مین جسقدر تاخیر ہوگی اُسیقدر زیادہ خرابیان ظاہر ہوتی جائینگی - مین نہین یقین کرتا کہ اگر ہمت باندھکر یہ کام نہ کیا جاے تو اُسمین ناکامی واقع ہوگی -

اس اثنا مین جارج اڈمنڈسٹون لائق فائق کمشنر علاقہ آنروے تسلج علیل ہوے اور یکجوری انگلستان جانے کا خیال کرنے لگے انکی قائم مقامی اور اُس سے بہی زیادہ ضروری عہدہ کمشنری لاہور پر مقرر کرنے کے لیے جو مانٹگمری صاحب کی ترقی سے خالی ہوا تھا انکی جگہہ عہدہ افسرون کے تلاش کرنے مین جان لارنس کا بڑا وقت صرف ہوا اور بہت کچھ خوض وفکر کرنا پڑی اُنھون نے تمام امیدوارون کی درخواستین جو پیش ہوئین لارڈ ڈلہوسی کے حضور مین جنکو اس بارے مین اعلی اختیار تھا روانہ کین اور ذرا بہی رورعایت نہین کی اور پہلے اپنے دل مین ہر ایک کا بخوبی اندازہ کرکے آخر مین عہدہ اول کے لیے جارج بارنس اور عہدہ دوم کے لیے چارلس رکنس مگلگمرین پوری کو جو لوگون کو یاد ہوگا کہ سابق مین بمقام پانی پت اُنکے ماتحت تھے منتخب کرکے اُنکے لیے سفارش کی - سنہری لارنس چاہتے تھے کہ دوسرا انتظام ہو اور اُس کے لیے سفارش کی لیکن گورنر جنرل نے جیسا کہ اُنکا معمول تھا جان لارنس کی راے سے اتفاق کیا جان لارنس نے انکو لکھا تھا کہ -

جب تک کمشنر اول درجہ کا افسر نہو اور جو باتین اُسکو سمجھانا پڑتی ہین اُنکو قرار واقعی نہ سمجھتا ہو اُسوقت تک اُسکی ذات سے کسی بہبودی کے نتیجہ کی امید کرنا بے سود ہے الحاق پنجاب کو تین سال کا زمانہ گذرتا ہے اور مین سمجھتا ہون کہ زیادہ اطمینان فرحت سے کام نکلا - ہم لاکہ قواعد واصول مقرر کیا کرین لیکن جب تک کمشنر لوگ اُنکا منشا اور مطلب نہ سمجھائین اور اُنکی عملدرآمد نہ کرائین اُسوقت تک کچھ حاصل نہین ہے ہر قسمت مین جو کچھ ترقی ہوئی ہے وہ کمشنران قسمت کی مستعدی محنت اور تجربہ کاری سے جدا جدا نسبت رکھتی ہے - مین حضور کو بلا تکلف صاف صاف لکھ رہا ہون میرا خیال ہے کہ ملک کی بہبودی اور خوشحالی

ناموری اُن لوگون پر منحصر ہے جو اعلیٰ عہدون کے لیے منتخب کیے جاتین ۔ ۔ ۔ ۔ تھامسن صاحب مین اعلیٰ درجہ کی صفتین موجود ہین وہ ایک بہت عمدہ مالی افسر ہین۔ شاید ہمارے عمدہ ترین افسرون سے وہی ہین اور تمام صیغون کی ملازمت کے لیے کامل لیاقت رکھتے ہین۔ اصل صفت اُنمین یہ ہے کہ وہ اپنے ماتحتون کی تعلیم و تربیت مین بڑی جانکاہی کرتے ہین۔

جس بورڈ نے پنجاب مین ایسے ایسے کارہائے نمایان کیے تھے چونکہ اب اُسکا زمانہ قریب اختتام پہنچنے والا ہے اسلیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ سب مین سربرآوردہ یا ہونہار افسر تھے اور جنکی نسبت براور ان لارنس اس بات کے تحریر کر جانے کی خواہش رکھتے تھے کہ زیادہ تر اُنھین کی وجہ سے کامیابی حاصل ہوئی اُنکی فہرست ایک جگہ درج کی جائے اُنمین سے اکثرون کے نام اس سوانح عمری مین پیشتر مذکور ہو چکے ہین اور اکثرون کے نام اب جابجا آتے جائینگے۔ ان مین سے بعض بعض افسر فوجی اور سول خدمت زمانہ غدر بعض بعض ہندوستان کے اندرونی اور بیرونی معرکون کے لائق فائق سپہ سالارون اور بعض بعض ایسے صوبون کے لائق منتظمون کے طور پر جو پنجاب کے برابر بلکہ اُس سے بھی زیادہ وسیع تھے اور دوسرے لوگ بطور سول انجنیرون اہلقلم اور محققین و مدبرین کے قابل یادگار ہین لیکن سب کے سب دوستی خواہ مرتبہ کے اعتبار سے صاحب سوانح عمری ہذا سے تعلق رکھتے ہین اور سبھون نے ایک ایسی تعلیم گاہ مین اُنکے ساتھ کام کیا ہے جہان لاپرواکاہل اور نالائق آدمی کا کام نہین تھا۔ حاشیہ ۳

اُس زمانہ مین سکھون کا علاقہ جو شامل سلطنت ہوا تھا چھ کمشنریون پر منقسم تھا از انجملہ کمشنری لاہور پر پہلے منٹگمری بعد اسکے رکنین صاحب کمشنری جہلم پر اڈورڈ تھارنٹن صاحب کمشنری ملتان پر ہنری ایڈورڈ صاحب کمشنری لیہ و دیرہ جات پر راس صاحب کمشنری ہزارہ و پشاور پر بنکسن صاحب کمشنری علاقہ ترنوے تلج پر پہلے اڈورڈ مقرر ہوئے بعد ازان بارنس صاحب کمشنری علاقہ آنروے تلج پر جو خود جان لارنس کا سابق عالیشان عہدہ تھا ڈنڈاس میکلیوڈ صاحب مقرر تھے۔

لیکن بہت سے ماتحت عہدون پر ایسے ایسے لوگ تھے کہ اوپر جن افسرون کا حال مین ابھی بیان کرایا ہون اُنھین کے برابر ہونہار تھے اور بعضون نے اُنسے بھی زیادہ ناموری پیدا کی ایسے اشخاص مین مندرجہ ذیل افسر داخل ہین یعنی رابرٹ ٹیپنیر اور نول چیمبرلین جان نکلسن اور ہربرٹ اڈورڈس جارج نیکلسن اور جنین نیکفرسن جارج لارنس اور ہنری لمسڈن جان ہچرا اور الگزینڈر ٹیلر جارج کیمبل اور رچرڈ ٹمپل ہنری ینگ اور رابرٹ کسٹ اڈورڈ ڈلیک اور جارج بارنس ہربرٹ ایڈورڈس اور رچرڈ لارنس لون بورنگ اور اڈورڈ برنڈرتھ رچرڈ پاکلٹ ہنری جنین اور ڈگلس فورسائتھ ہندوستان مین ہماری سلطنت کی تاریخ جب سے شروع ہوئی شائد اسوقت سے ابتک ایک واحد صوبہ کے اندر کبھی اسقدر لائق افسر ایک جگہ جمع نہوئے ہونگے اور کوئی صوبہ بھی ایسا نپایا گیا ہوگا جسمین اتنی قلیل رعایت کے ساتھ بھی اسقدر لایق لوگون کو کارگزاری کرنے کا اتنا بھاری میدان

ملاہو۔ لیکن برادران لارنس نے جنکی شہرت کی خاص وجہ سے یہ نامی گرامی لوگ ایک جگہ جمع ہوگئے اور پنجاب کی ملازمت کے لیے ہندوستان بھر کے افسرون کو خواہشمند بنا دیا اب جیسا کہ ظاہر مین معلوم ہوتا تھا ملک کا کام اسقدر عمدگی کے ساتھ جیسا کہ دنات کی محنت مین اتنے عرصہ کے اندر انجام ہوسکتا تھا درجہ اتمام کو پہونچا دیا بُوزدُ کی نسبت لارڈ ڈلہوسی جو اسکے بانی مبانی تھے یا میران بُوزدُ نے جو اُمین شامل تھے سوائے اسکے کبھی اور کچھ خیال نہین کیا کہ یہ ایک عارضی انتظام عارضی ضرورتون کے لیے کیا گیا تھا۔ یہ ضرورتین جیسا کہ مین بیان کرچکا ہون ایک ایسے طریقہ سے رفع ہوچکی تھین جو شاید اور کسی انتظام سے نہین ہوسکتی تھین۔ بُوزدُ کی حکومت مین ملک مین امن وامان قائم کردی گئی اسکے بنگلی اور متعصب سپاہی آشتی سے کسانی کرنے لگے۔ سرحد کی حفاظت کے لیے فوج کا بندوبست کردیا گیا۔ انسداد جرم اور بقاے امن کے لیے انتظامات پولیس کی تکمیل ہوگئی صف بستہ ڈاکوون اور سنگین جرائم کا تدارک کردیا گیا محصول اراضیات مین تخفیف کردی گئی اور بندوبست مال کی از سر نو ترسیم ہوئی ہر قسم کی ملکی اصلاحون کے مطابق مثلاً پلون سڑکون نہرون کہرلون بارکون اسکولون شفاخانون اور دوسری عمارات متعلقہ رفاہ خلائق کے کام جاری کیے گئے اور انکی تجویزین عمل مین لائی گئین اصل تو یہ ہے کہ پرانا انتظام بالکل بدل گیا اور نیا انتظام اسکے بدلے جاری کیا گیا اور اگر اب بھی بہت کچھ کرنے کو باقی رہگیا تھا تو ملک کا انتظام بخوبی تمام اسطرح کا کردیا گیا تھا کہ صلح آمیز طریقون سے اسکی بہبودی اور فلاح ہو اور اب چونکہ اس تو ملحقہ صوبہ کی کیفیت غیر معمولی حالت سے کسیقدر بدلگئی تھی تو اب اسکے واسطے بُوزدُ کی نسبت زیادہ باقاعدہ گورنمنٹ کی حاجت تھی۔

تبدیل انتظام کا جو عام خیال تھا وہ ان تین افسرون کی عقل آرائیون سے اور بھی قوت پکڑ گیا۔ بُوزدُ کے قائم ہونے کے قبل دونون برادران لارنس کے درمیان طبیعت تعلیم قابلیت اور طرق انصرام کارمین جو اختلافات پائے جاتے تھے وہ بُوزدُ کی نشستون کے شروع ہوتے ہی عیان ہونے لگے اور ممبرون کے ہاتھ مین جو کام پڑتا گیا اسیطرح وہ اور زیادہ ظاہر ہوتے گئے اور گو صورت معاملات کی درستی کے لیے جو ارکان بُوزدُ سے برداشت نہین ہوسکتی تھی وہ اختلافات افسوس کے قابل تھے لیکن تمام باتون سے یہی ظاہر ہوتا تھا کہ اب یہ اتفاق شکست ہوجائیگا منٹگمری صاحب کے آنے سے جو دونون بھائیون کے دوست تھے باوصف اس امید کے کہ انکی ذات سے اسوقت بڑا فائدہ ہوگا اور بھی بدتر حالت ہوگئی یا بہرحال جس بھائی نے پہلے پہل انکو پنجاب مین بلایا تھا اُسی کے نزدیک یہ بات پائی گئی۔ خاص خاص لوگون کے خیال کے مطابق منٹگمری صاحب ہنری کے دوست تھے لیکن اپنی تعلیم اور حکمت عملی کے عام خیالات کیوجہ سے تمام مختلف فیہ مسائل مین اُنھون نے جان کی راے سے اتفاق کیا بُوزدُ کی ممبری کے لیے ہنری لارنس نے اسواسطے انکی سعی کی تھی کہ وہ جان سے اختلاف

ارسے کرینگے لیکن بالآخر کیطرح اسکا نتیجہ اُسکے خلاف پیدا ہوا ہنری لارنس مین جیسا کہ معلوم ہوتا ہے یہ نرا عیب تھا کہ وہ بعض اوقات دیانت داری کے اختلاف اور خود غرضی یا مفاد ذاتی کے اختلاف مین تمیز نہین کر سکتے تھے اسلیے اہشیر فل کیطرح انکو ایک مرتبہ پھر یہ معلوم ہوا کہ جسکو وہ اپنا جانی دوست سمجھے تھے اسی نے انکی شہرت کو صدمہ پہنچایا ص ۳۰

جس پالیٹک حکمت عملی کے متعلق جیسا کہ مین کئی جگہ بیان کر چکا ہون دونون بھائیون مین زیادہ اختلاف تھا وہ جاگیرداروں کا معاملہ تھا ان جاگیردون کی رو سے خاص خاص اضلاع کی مالگزاری اراضیات متعلق تھی اس مسئلہ کے متعلق ہر مقام پر دقتین واقع تھین لیکن پنجاب مین بالتخصیص زیادہ تھین کیونکہ پنجاب کی جاگیرین بیشمار اور بڑی بڑی تھین۔ رنجیت سنگھ کی سپاہ مین سواروں کا ایک بڑا حصہ انھین جاگیرداروں کے بہم پہونچائے ہوئے سوارون سے شامل تھا۔ خاص خاص وزرائے دربار لاہور۔ خاص خاص سرداران رنجیت سنگھ جو لڑائیون پر جاتے تھے انکے اہل وعیال ہی بیان ہوائین۔ حرمین خود رنجیت سنگھ اور اسکے تین چند روزہ جانشین شاہی حجام شاہی عطار شاہی منجم اور شاہی باورچی جسنے ایک خاص قسم کی نئی غذا مہاراجہ کے مرغوب الطبع ایجاد کی تھی۔ برہمن اور فقیر۔ مکتب اور خیراتخانے ان سب کو الحاق پنجاب کے وقت بذریعہ تفویض خزانہ سے نہین بلکہ جاگیرون کے ذریعہ سے مدد دی جاتی تھی یا اصل تو یہ ہے کہ خاص خاص اضلاع اُنکے لیے علیحدہ کر دیے گئے تھے اور اختیار دیدیا گیا تھا کہ جو کچھ پائین اُن اضلاع سے چھین جھپٹ کر وصول کرلین اُنمین سے بعض بعض جاگیرین تو دیسی فرمانروایون کے وقت مین نسلاً بعد نسل قائم رہین اور بعض فوراً سختی کے ساتھ ضبط کرلی گئین لیکن گورنمنٹ کو ہر حالت مین اختیار تھا کہ جب چاہے اُنکو نکال دے اس قسم کا انتظام اس گورنمنٹ کے لیے البتہ موزون تھا جسکو صرف یہ خواہش تھی کہ بلا دقت روپیہ وصول ہو جائے اور بلا کد و کاوش اور ادائے تنخواہ کے بروقت فوج تیار رہے لیکن انگلش گورنمنٹ نہ ان طریقون کو جائز کہہ سکتی تھی اور نہ اسکا یہ منشا ہو سکتا تھا سکہ لوگ جاگیرداروں کے ذریعہ سے ملک کا انتظام کیے ہوتے تھے اور انھین جاگیرون کے ذریعہ سے اُنکا حق المحنت دیتے تھے۔ انگریزون نے مبشقرار ولایتی افسرون کے ذریعہ سے انتظام کرنے کی کوشش کی اور ساتھ ہی اُسکے ملک کی بڑی بڑی اصلاحین کرنا چاہین پس اصل سوال یہ تھا کہ ان دونون طریقون کی گورنمنٹ کیونکر بالاشتراک قائم ہو سکتی تھی اور اس کا جواب اس فیصلہ پر منحصر ہے جو ہم دونون بھائیون کے اصل سبب اختلاف کی نسبت صادر کرینگے۔

یہ تکرار دونون کے درمیان اصولی نہین بلکہ فروعی تھی۔ بعض عام اصول گورنمنٹ عالیہ نے مقرر کر دیے تھے جو اُس زمانہ کے حالات کے اعتبار سے بہت کچھ فیاضانہ تھے مثلاً ایک قاعدہ یہ مقرر کر دیا گیا تھا کہ جو جاگیرین اگلے فرمانروایون کے وقت مین جائز رہی تھین وہ اور تمام سرکاری وظائف اُسوقت تک برابر بحال رکھے جائین جب تک اُنکے عطیہ کا منشا پورا نہو۔ اختلاف اُن صورتون مین پیدا ہوا تھا جنکی بابت کوئی مضبوط اور مستحکم قاعدہ

نہین مقرر کیا گیا تھا بلکہ براہ دانشمندی غور خاص کے لیے چھوڑ دی گئی تھین ان صورتون مین ہنری نے اپنی طبیعت اور حکمت عملی کے اعتبار سے بھی ہمیشہ جاگیرداروں کے مفید مطلب رائے ظاہر کی اور جان نے اسیطرح لفع خلائق اور معہذا مشار الگلش گورنمنٹ کے اعتبار سے اپنی رائے ظاہر کی ۔

ابتدائی تحقیقاتین جو ہونیوالی تھین وہ بہت بھاری تھین۔ صرف پنشن کے مقدمات دس ہزار کے قریب تھے اور جاگیردون کا جو ایک ایک علاقہ سے لیکر ایک ایک گاؤن تک تھین کوئی حساب نہین تھا ہر برث اڈورڈس ہر مقدمہ کی ابتدائی تحقیقات کے لیے خاص افسر مقرر کیے گئے اور جب دوسری جگہ انکی ضرورت ہوئی تو جان پنچر نے انکی قائم مقامی کی ۔ پنچر صاحب کی رائے ہنری کی رائے سے بالعموم مطابق تھی اور اسوجہ سے علی العموم انکی سفارشین جاگیرداروں کے زیادہ مفید مطلب ہوتی تھین۔ وہ ہر مقدمہ کو پہلے پریسیڈنٹ کے پاس جو پریسیڈنسی کے ایک کمرہ مین کام کرتے ہوتے تھے اور ہمیشہ انکی سفارشون پر دستخط کر دیا کرتے تھے اور بعد اسکے جان کے پاس لے جاتے تھے جو اسی کے متصل ایک دوسرے کمرہ مین کام کرتے تھے اور جو ایک ایسے تبسم کے ساتھ جسکی جان پنچر سے بڑھکر اور کوئی شخص قدر نکرتا ہوگا یہ کہتے تھے کہ "آہا آپ چاہتے ہین کہ مجھکو مغلوب کرین اور ان کاہل الوجودون کو سرکاری روپیہ برباد کرنے کو دلوا دین یہ مجھسے ہرگز نہوگا مین ایک نہ مانونگا" اسکے بعد پنچر اُس مقدمہ کو منٹگمری صاحب کے پاس لیجاتے تھے جو علی العموم جان کی رائے سے اتفاق کرتے تھے چنانچہ اس سبب سے ان معاملات مین جب ایک بھائی دوسرے کی کارروائی مین مانع رہتا تھا تو ساتھ ہی اسکے ایک دوسرے کے عیوب کی بھی تصدیق کرتا تھا اور پرچرڈ ٹمپل نے بھی یہ بات ایک مرتبہ ہر برٹ اڈورڈس سے کنایتاً بیان کی تھی ہنری اپنی تمام تجویزات مین گو وہ کسیطور کی ہوتین ضرور کشادہ دلی صرف کرتے تھے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ جان ضرور انمین تراش خراش کریگا اور انمین وجوہات سے جان بڑی سختی اور دل گرفتگی سے اپنی رائے ظاہر کرتے تھے ۔ ص ۳۴

ماہ اکتوبر ۱۷۹۱ء مین جب منٹگمری صاحب کا آنا ہوا اور جان نے باہمی صلح قائم رکھنے کے خیال سے چاہا کہ آپسمین کام تقسیم ہو جائے تو اس زمانہ مین کچھ دنون کے لیے بظاہر یہ اختلاف کم ہو گیا لیکن یہ حالت تھوڑے ہی عرصہ تک قائم رہی۔ ماہ مئی ۱۷۹۲ء مین (یعنی سرحد دیرہ جات کے دورہ اور دھرم سالہ کے دورہ پر جانے کے مابین جو وقفہ گذرا تھا) منٹگمری صاحب نے ایک طول طویل چٹھی جان کی شکایت مین لکھی اور اسمین یہ خواہش ظاہر کی کہ یہ چٹھی ہنری کو دکھا دیجیگا۔ دوسرے دن جان نے اس سے بھی زیادہ طول طویل چٹھی اسکے دندان شکن جواب مین لکھی اور آخر مین انھون نے بھی اسیطرح کی استدعا ظاہر کی منٹگمری صاحب نے جو "دو اعلیٰ درجہ کی قوت کے اجنون کے درمیان ایک روک تھے" جان لارنس کا جواب

جب ہنری لارنس کو روانہ کیا تو انکو ایسی نصیحت آمیز عبارت لکھی جسکی لفظ لفظ اُن لوگون پر جو اُنکے حالات سے واقف تھے صاحب موصوف کی خصلتون کو آشکار کرتی ہے۔ منٹگمری صاحب نے لکھا تھا کہ "اس جنمی کو بہت سہولیت اور سکون کے ساتھ پڑھیگا اور میرے نزدیک تو آپ کو اُسکا جواب ہی لکھنا مناسب نہین تھا مین خوب جانتا ہون کہ اگر آپ چاہتے تو دفتر کے دفتر اس جنمی کے جواب مین سیاہ کر ڈالتے لیکن میرے نزدیک یہ امر تحصیل حاصل ہے جب آپ دونون کے خیالات مختلف ٹھہرے تو ضرور ہے کہ آپ اختلاف مین اتفاق کرینگے پس آپ اسی اتفاق کو غنیمت سمجھیے اگر سرکاری معاملات کے متعلق آپ دونون بھائیون کی رائین متفق ہوتین تو میرے نزدیک بہت بہتر ہوتا۔ مین خوش ہون کہ مین آپ دونون بھائیون کا دوست ہون گو آپ لوگون کی رائے سے مین نے اکثر اختلاف کیا لیکن مجھکو یہ کبھی نہین معلوم ہوا کہ آپ مجھکو کچھ بُرا سمجھتے ہین مین بھی کوشش کرتا رہتا ہون کہ جہانتک ممکن ہو ایمانداری کے ساتھ برتاؤ کرون اور میری دلی آرزو یہی رہتی ہے کہ آپ سے اتفاق نہ کہ اختلاف کرون"۔ اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ باوصف اس عمدہ نصیحت کے ایک پورا دوورقہ جواب مین لکھا گیا۔ لیکن چونکہ منٹگمری صاحب ہمیشہ صلح قائم رکھنے پر آمادہ رہتے تھے اس سبب سے اُنھون نے وہ چٹھی نہین دکھلائی کیونکہ اُنھون نے خیال کیا کہ اس سے معاملات کی صورت اور بھی بگڑ جائیگی اونھون نے بیان کیا تھا کہ "اے بھائی ہنری جان مین تمہری لارنس سے زبانی کہدونگا کہ اُنکی چٹھی سے مکو بڑا رنج ہوا اور بعض بعض ضروری باتین جو تمنے بیان کی ہین اُنکو بھی حتی الامکان سہولت سے بیان کردونگا" اسمین شک نہین کہ دو آدمیون کے درمیان صلح کرانے کا کام اس سے بڑھکر کسی نے نکیا ہوگا اور نہ اس بہادری سے کسی شخص نے دو اعلی درجہ کی قوت کے انجنون کو ایک دوسرے سے ٹکر کھاکر نقصان پہونچنے کو روکا ہوگا۔

اس خط وکتابت کے اقتباسات ہرمن مرنیول صاحب نے اپنی سوانح عمری سر ہنری لارنس صاحب مین بخوبی تمام استقدر درج کیے ہین جنسے اُن چٹھیون کا عام مشابہ بخوبی ظاہر ہوتا ہے اور مین اُنکی طرح اس بات مین کوئی فائدہ نہین دیکھتا کہ اب اتنے عرصہ دراز کے بعد اُن دونون دلوالعزم اور عالی ہمت بھائیون کی تحریر مین جو ایک دوسرے پر الزام لگانے کے بارے مین ہین شایع کرون۔ دونون بھائیون کو باہمد گر جسقدر اپنا ذاتی خیال تھا اُس سے کہین زیادہ اُنکو اپنی سرکاری خدمات کا لحاظ رہتا تھا ص ۲۴۱

بہت سی باتین جو بطور عیوب کے ظاہر کی گئی تھین مثلاً یہ کہ ایک بھائی کا دوسرے بھائی کی خدمتون مین خلل انداز ہونا وہ ہرگز داخل عیوب نہ تھین بلکہ خالص نیکی پر دلالت کرتی تھین بعض باتین اگر کسیطرح پر داخل عیوب ہوسکتی ہین تو بہرحال اُنکا سیلان بجانب صواب ہے اور اُنسے خلائق کے حق مین نہایت ہی فائدہ ہوا باقی اور قسم کے عیوب جو بیان کیے گئے ہین وہ صرف راقم کتاب کی پرجوش قوت متوہمہ کے نتایج ہین۔ دونون بھائیون کی اُلجھی

تمتون سے جنکا اظہار کیا گیا ہے بعضون کو مین بھی مدلل بدلائل پاتا ہون مثلاً یہ کہ ہنری لارنس اپنے دفتر کے کام مین ترتیب اور قاعدہ اور ضابطہ پر چندان لحاظ نہین کرتے تھے جان لارنس مزاج کے اکھڑ تھے طبیعت مین حکومت اور رائے مین خود اختیاری تھی اور جو لوگ بدانتظامی کیوجہ سے قصوروار ہوتے تھے اُنکے ساتھ کیقدر ہمدردی کرتے تھے چنانچہ ان سب باتون کو مین پیشتر بیان کر چکا ہون مین دیکھتا ہون کہ مین زیادہ تر منٹگمری صاحب کی نصیحت پر عمل کر رہا ہون اور ساتھ ہی اُسکے وہ بات کر رہا ہون جو آشتی کے وقت دونون بھائی کرتے تھے اگر مین دونون بھائیون کے الٹے الزامون کو ظاہر نہ کرون بلکہ اُسکے بدلے جان لارنس کی ایک چٹھی موسومہ لاہور ۲۲ نومبر (یہ چٹھی بہت پیشتر یعنی الحاق پنجاب کے پانچ برس اُدھر کی ہے) اسمین نہایت انصاف کے ساتھ وہ اختلافات بیان کیے گئے ہین جنکی نسبت اُس زمانہ مین بھی جان لارنس یہ نہین سمجھتے تھے کہ اُنکی کسی کوشش سے وہ فرو ہونگے اور اُس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت نوح کیطرح وہ ہر وقت اس بات پر آمادہ رہتے تھے کہ اگر اُن کے دریا مین کودپڑنے سے جہاز سلطنت زیادہ باد یا کا متحمل ہو سکے اور بآسانی منزل مقصود کیطرف چل سکے تو وہ سمندر مین بھی کود پڑین) کو محول کردن تو مین سمجھتا ہون کہ منٹگمری صاحب کی نصیحت پر زیادہ تر عمل اور ساتھ ہی اسکے ایسا کام کر سکون گا جو دونون بھائیون کے نزدیک عمدہ متصور ہوتا۔ وہ چٹھی یہ ہے

حضور عال مفاخرت نامہ مورخہ ۲۰ نومبر وصول ہو کر باعث سرافرازی و ممتازی ہوا۔ حضور نے جن الفاظ سے میری خدمات کی نسبت اپنی رائے ظاہر فرمائی ہے اُنکا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون واقعی اس سے بڑھکر کوئی بات نہین ہے کہ جو شخص کوئی خدمت کرے گو وہ کبھی ہی حقیر کیون نہو اور اُس خدمت کی نسبت ایسا شخص جو سب سے زیادہ لینے کا مجاز ہو اپنا اعتراف ظاہر کرے۔ حضور عالی الیقین فرمائین کہ جب تک لاہور مین میرا قیام ہے میری بہترین کوششون مین گو کسی جگہ پر میری قسمت مجھکو مقرر کرے مجھسے کوتاہی نہوگی۔

مین اپنی تمام عمر محنت شاقہ کرتا آیا اور اب گویا یہ میری طبیعت ثانیہ ہوگئی ہے اسلیے مین کچھ عادت اور کچھ اصول سے کام کرتا ہون۔ یہ اپنے قدرتی طور پر قوی ہے اور مین نے کوشش کرنے مین کبھی راست بازی سے تجاوز نہین کیا لیکن جسقدر وقت مین صرف کر سکتا ہون اُس سے زیادہ مشقت اور کام کرنے کی حاجت ہے۔

اگر مین نے اپنی ذاتی خواہشون کے مطابق اپنی رائے پر عمل کیا ہوتا تو علاقہ آنردے ستلج کے قدیم ہی عہدہ پر مین قائم رہا ہوتا جہان خوش قسمتی سے دماغی کامون کے ساتھ مجھکو جسمانی محنت بھی کرنا پڑتی۔ یہ عہدہ مجھکو کچھ اچھا نہ معلوم ہوا جب رابرٹ منٹگمری میری جگہ مقرر کیے گئے تو وہ تنہائی اور اولوالعزمی کی بات جاتی رہی بایں ہمہ مجھکو خیال ہوا کہ یہ عزت کا عہدہ ہے اعلی افسرون کی خواہش بھی ہے کہ مین اس عہدہ کو قبول کرون اور اس سے انکار کرنے مین غلط فہمیون کے واقع ہونے کا گمان ہے۔ اس عہدہ کے قبول کرنے کے بعد مین نے کوشش کی کہ اپنے فرائض منصبی جہانتک ممکن ہون نہایت عمدگی

ص ۱۹۲

اپنی عادت اصول

ساتھ واکر دن جانے والون پر یہ بات مخفی نہین ہے کہ میری یہ خدمتین کسقدر دشوار ہین گو یہ عہدہ کیسا ہی اعلیٰ اور مقتدر کیون نہو مگر قطع نظر خیال تندرستی کے اور خاص کر کے ایسے شخص کے لیے جسکی رائین مستقل اور طبیعت ایک خاص طور کی ہو اُسمین بہت سی خرابیان ہین۔ اگر میری راے غلطی پر نہین ہے تو مین یقین کرتا ہون کہ خاص اپنی راے کے موافق عمل کرنے مین میری خوشی اور سرکار کا فائدہ زیادہ متصور ہے۔ مین اپنی سرشت کے مطابق اس حکومت ثلثہ کے لیے موزون نہین ہون میری راے صحیح خواہ غلط ہو لیکن عادت یہی ہے کہ اکثر باتین جو میرے ذہن مین آتی ہین اُنکو یہی چاہتا ہون کہ فوراً عمل مین لائی جائین اور اپنے خیالات کے موافق عمل کرنے کی جو ابہی اُٹھانے مین مجھکو پس وپیش بہت کم ہوتا ہے میرے بھائی جو مجھسے کہین زیادہ لائق فائق ہین اُنکے خیالات کے خلاف ہین مین چاہتا ہون کہ انتظام جڑسے بدل دیا جائے اور وہ یہ بات ہرگز نہین چاہتے ہین۔ وہ عمر مین مجھسے بڑے ہین اور ہم دونون بھائیون مین ہمیشہ نہایت الفت رہی۔ اب اُنسے اختلاف کر کے رہنا مجھکو نہایت شاق گذرتا ہے۔ اُنسے بہتر اور اُنسے زیادہ ایماندار شخص مین نے نہین دیکھا یعنی یہ کہ اپنے فرائض منصبی کو اُنسے زیادہ ایمانداری کے ساتھ انجام کرنے والا میری نگاہ مین کوئی نہین معلوم ہوتا ہے لیکن رسول معاملات کی حکمت عملی کے متعلق میری اور اُنکی راے مین بڑا اختلاف ہے مسٹر مسل کا مین بڑا دوست ہون لیکن اُنکے خیالات کار جان میری نسبت بھائی کیطرف زیادہ ہے۔ اور اس وجہ سے مجھکو اپنا کام ہی نہین کرنا پڑتا ہے بلکہ اپنے شرکیون سے بحث ومباحثہ بھی کرنا ہوتا ہے یہ بات سرکاری کام کے لیے اچھی نہین ہے کیونکہ اُس کی اشد ضرورتون کے لیے ایک متحد اور قوی انتظام کی حاجت ہے۔

مجھکو حضور کی سرپرستی کا کوئی دعوی نہین ہے لیکن اگر کوئی عہدہ ایسا خالی ہو جسمین میری قابلیتون اور تجربہ کا عمدہ طور پر استعمال ہو سکتا ہو تو مین خوشی سے اُسکی نسبت اپنی امیدواری ظاہر کرتا ہون مجھکو ہمیشہ کچھ نہ کچھ عاملانہ کام ملتا رہا ہے اور الحاق پنجاب کے تین برس پیشتر جب مین علاقہ آنزدے تسلج پر مقرر تھا تو اُس مقام پر وہ بہودگی جو اسوقت وہان پائی جاتی ہے نہین پیدا کی بلکہ اول دو برسون مین مہینون تک ایسی خدمتون پر جو میرے عہدہ سے بالکل متعلق نہین رکھتی تھین لاہور مین بھی مقرر رہا۔ اگر مین سرولیمین ہوتا بلکہ سپاہی ہوتا تو اب تک اعلیٰ عہدہ پر میری ترقی ہوگئی ہوتی۔ جو لوگ میرے ماتحت تھے اور ابھی نئے نئے کام پر مقرر ہوئے تھے اُنکی ترقی تو ہوگئی اور جہت واجبی طور سے ہوئی۔ حصہ ۳۸

جب گورنر جنرل سابق ہندوستان سے روانہ ہوتے تھے تو اُنھون نے میرے نام کی آخری چٹھی مین میری خدمتون کی شکرگزاری ظاہر کر کے لکھا ہوگا کہ اگر میرا قیام کچھ دنون اور ہوتا تو مین اُنکی ترقی کرتا۔ گو جس طریقہ سے سر فریڈرک کرئی کو لاہور مین مجھپر ترجیح دی گئی تھی اُس سے مجھکو کسیقدر رنج ہوا لیکن مین اُس جگہ کا چندان خواہشمند نہین تھا کیونکہ مجھکو اس عہدہ کی وقعتین اور خطرات خوب معلوم تھے اور مجھکو جو جگہ دی گئی تھی اُس سے مطمئن ہو گیا اب مین دیکھتا ہون کہ مین ایک ناموزون جگہ پر ہون اور اگر عزت کے ساتھ میری رہائی ہوئی تو بہت خوشی سے اُسکو قبول کرونگا۔

مین اپنی امیدون اور خواہشون کو اس بیباکی کے ساتھ ہرگز نہ بیان کرتا لیکن سابق مین حضور نے جو نظر توجہ مبذول فرمائی تھی

اُس سے یہ عبارت ہوئی ہے۔ اب مین حضور کو اپنے معاملات کی نسبت زیادہ تکلیف نہ دونگا صرف اسقدر اور عرض کرتا ہون کہ اگر میرا لاہور ہی مین رہنا ضرور ہے تو مین خوشی سے ٹھہرا رہونگا اور جب تک میری تندرستی اور قوت قائم رہیگی اُسوقت تک اپنی خدمت کو انجام کرونگا۔

جو درخواست اس دردناک بیان سے پیش کی گئی تھی اُسکو لارڈ ڈلہوزی نے یہ انصافانہ اور پرمعنی کیفیت لکھکر داخل دفتر کردیا کہ گو دونون بھائیون پر کیسی ہی تکلیف کیون نہ گذرتی ہو لیکن نتیجہ بالضرور سرکار کے حق مین مفید ہوگا اور اسطور پر اولوالعزم جان لارنس نے بہادری کے ساتھ اور تین برس تک اُس جہاز کے چلانے کا بیڑا اُٹھا لیا لیکن جو لوگ اُسپر کام کرنیوالے اور ہر طرح کے موسم مین سکان کے چلانے والے تھے اُن کے بہم پہونچانے کے لیے اور بھی زیادہ کوشش کرنے کا ارادہ باندھا آخرکار ۱۸۵۳ء مین طوفان آہی گیا۔ رزیڈنسی حیدرآباد کا عہدہ خالی ہوا اور دونون نے (قریب قریب ایک ہی طرح) لارڈ ڈلہوزی کی خدمت مین اس مضمون کی درخواست بھیجی کہ اس خالی عہدہ پر ہم دونون مین سے ایک کا تبادلہ کردیا جائے دونون نے صاف صاف یہی لکھا کہ پنجاب مین رہنا ہم بہتر سمجھتے ہین لیکن ساتھ ہی اُسکے اس بات کی آمادگی بلکہ خواہش بھی ظاہر کی کہ موجودہ انتظام قائم رہنے کے بدلے ایک نہ ایک کا یہان سے چلا جانا بہتر ہے۔ دونون بھائیون کی درخواستون کا ماحصل یہی تھا کہ ہم لوگون کو ہر ایک انتظام جسمین سرکار کا فائدہ متصور ہو منظور ہے لیکن بندوبست ایسا کرنا چاہیے جسمین ہر شخص کی مختلف رائے اُسکی خدمتون کے لیے موزون ہوسکے۔ جان لارنس نے مندرجہ ذیل چٹھی گورنر جنرل صاحب کو جو گورنر جنرل کے سکرٹری تھے تحریر کی۔ چٹھی بہت طول طویل ہے لیکن چونکہ اُسکے مضامین بہت ضروری ہین اسلیے مین اُسکا زیادہ تر حصہ منتخب کرکے محول کرتا ہون۔

۵۔ دسمبر ۱۸۵۲ء مقام لاہور۔

میرے پیارے گورنر صاحب مین نے سُنا ہے کہ جنرل فریزر عنقریب حیدرآباد سے کنارہ کش ہونے والے ہین اسلیے مجھکو بھی کچھ کچھ امید (شائد وہ امید موہوم ہی ہے) ہوئی ہے کہ ہماری موجودہ حالت مین کچھ تغیر کی شکل پیدا ہوجائے۔ مجھے خوب معلوم ہے کہ پارسل گورنر جنرل کی رائے میرے پنجاب سے چلے جانے کے بارے مین قطعاً خلاف تھی اور میٹسل صاحب کو نا گپور مین بھیجکر کیسی مہربانی کرکے مقرر کیا۔ لیکن عجب نہین کہ وہی عذرات اسوقت بھی پیش آئین۔ بہرحال مین نہایت خواہشمند ہون کہ اپنے موجودہ عہدہ کی پریشانیون کا حال آپ سے بیان کرون سرکاری کام مین جیسے اور میرے بھائی سے جیسی بیشتر بنتی تھی ویسی اب نہین بنتی ہے۔ اصل تو یہ ہے کہ میرے اور اُنکے درمیان اب بیگانگی بہت بڑھگئی ہے۔ ہمارے اُنکے کیجائی بہت کم اور سرکاری معاملات کے متعلق بحث و مباحثہ اور بھی کم ہوتا ہے۔ مین آپنر کوئی الزام نہین عائد کرنا چاہتا۔ اُنکے گذشتہ حالات میرے گذشتہ حالات سے ایسے مختلف ہین اور ہم دونون آدمیون کے

ایسی مختلف تعلیم گاہون مین تربیت پائی ہے کہ اندرونی حکمت عملی نظم ونسق کے متعلق شاذ ہی مسائل پیہ ہمارے آپکے اتفاق ہے - فی الحال کثرت سے کام رکھا ہوا ہے اور الحاق پنجاب کے وقت سے اب تک یہی کیفیت چلی جاتی ہے مین نے چاہا تھا کہ اُسمین کام تقسیم ہو جائے لیکن وہ نہوا حالانکہ اُس سے میری خواہش کچھ یہ تھی کہ مین کسیکی صلاح پر عمل کرنے یا اپنے مجنسون کی رائین سننے سے نجات پاؤن بلکہ اسوجہ سے اُسکی کوشش کی تھی کہ یہ باہمی اختلاف جو برابر چلا جاتا ہے وہ کسیطرح سے فرو ہو جائے مین اس بات کو سمجھتا ہون کہ تینون ممبر آپس کے اتحاد سے ایک جگہ بیٹھکر کام کرین اور اسطور پر اُن سب کا کام انجام ہوتا جائے لیکن خرابی تو یہ ہے کہ دو ایسے آدمی ایک جگہ جمع ہوئے ہین جو اپنی اپنی رائے کے موافق عمل کرنا چاہتے ہین اور ایک دوسرے کی رائے بالکل مختلف اور دستور اور عادت کام کرنے کی جدا جدا ہے - گورنر جنرل نے ایک مرتبہ مجھکو لکھا تھا کہ گو موجودہ انتظام سے دونون بھائیون کو کیسی ہی تکلیف کیون نہو مگر اُس سے ابتک سرکار کے حق مین فائدہ ہوتا آیا - شائد یہ ہوسکتا ہو لیکن اب تو اُسکے آثار روز بروز کم ہوتے جاتے ہین آپ نے ایک مرتبہ مجھکو لکھا تھا کہ اگر تم موقع دیتے تو بعید از قیاس نتھا کہ تمھارے بھائی ابتک کب کے ولایت چلے گئے ہوتے لیکن یہ غلطی ہے - وہ جب تک رہ سکینگے اُسوقت تک ضرور ہندوستان مین رہینگے انگلستان اُنکے پسند نہین ہے اور اُنکی بی بی کے اور بھی ناپسند ہے - وہ کامش ہی پر بیٹھے بیٹھے مزا چاہتے ہین جیسا کہ اکثر اُنھون نے خود بیان کیا ہے مگر بہر حال مجھکو یہ ہرگز ہرگز منظور نہین ہے کہ مین اُنکے نقصان سے اپنا فائدہ حاصل کرون - علاوہ برین یہ امر محض نامدوح اور نازیبا ہے کہ سرکاری معاملات کے متعلق جو خیالات عرصہ سے میرے ذہن نشین ہوگئے ہین اور جن پر مدتون سے مین غور وفکر کرتا آیا ہون اُنکو اپنے ذاتی فائدے کے لحاظ سے چھوڑ دون نظم ونسق کا نتیجہ بھی مختلف پیدا ہوا ہم لوگون کے اختلاف کا اثر یہ ہوا کہ دونون رایون کے مین مین ایک طریقہ پر عمل کیا گیا لیکن اُسمین انتظامی قوت کا زور گھٹ گیا کاموں کے انجام مین تاخیر ہوئی خط کتابت اور حکمت عملی کے متعلق بے ترتیبی اور بدعنوانی رہی اور ہمارے ماتحتون پر جو رعب رہنا چاہیے تھا وہ کم ہوگیا یہ حالتین مجھکو ایسی سوہان روح معلوم ہوتی ہین ص۳۵۰
کہ اگر مجھکو چھٹکارا ملجائے تو مین بڑی بڑی منتون کو مان لون - اگر مجھکو صرف اسقدر اختیار مل جائے کہ مین اپنی رائے کے مطابق عمل کرسکون تو مجھکو اس بات کی کچھ پروا نہین کہ کام کسقدر زیادہ ہے اور میرے اوپر ذمہ داری کسقدر عائد ہوتی ہے لیکن ہر وقت تیر وکمان لگائے رکھنا اور خواہ مخواہ کو تیغ بکف رہنا ستم ہے - مین اپنے تئین اس بات کے لیے نوڈ کا ممبر سمجھتا ہون کہ خبر رسی کی حد تک بھی کفایت شعاری کرون اور بھائی صاحب اس بات کے لیے اپنے تئین نوڈ کا ممبر سمجھتے ہین کہ اپنی فیاضی اسراف کے درجہ سے بھی بڑھا دین مین دیکھتا ہون کہ ملک کے اخراجات روز بروز بڑھتے اور آمدنی گھٹتی جاتی ہے اور اسطور پر اُس خرچ سے جو مفید اور ضروری ہے انکار کیا جاتا ہے - مجھسے برابر اس بات کی تاکید ہوتی ہے کہ جوامر تمھارے نزدیک خلاف مصلحت ہو اُسمین مخالفت کرو اور جب مین اُس سے انکار کرا ہون تو میرا انکار ذاتی ایذا رسانی پر محمول کیا جاتا ہے - مین اس بات کے خلاف ہون کہ کسی مسئلہ کو بے دیکھے بھالے

فیصل ہوجانے دون یا کسی تیسرے کے عمل مین لانے کی صلاح دون میرے بھائی ضرورت کو نہین خیال کرتے یعنی یہ کہ وہ صرف ایک مختصر کارروائی کے ذریعہ سے اپنا اطمینان کر لیتے ہین اور اس سبب سے فروعات پر مجھکو توجہ کرنا پڑتی ہے اگر مین کبھی چند دنون کے لیے چلا جاتا ہون تو بھی میری محنت کم نہین ہوتی کیونکہ جو کام خاص مجھسے متعلق ہوتا ہے وہ تو میرے ساتھ ہی رہتا ہے اور علاوہ اسکے جب مین پلٹ کر آتا ہون تو بقایا کا ایک ذخیرہ جمع ہوتا ہے۔ مین تو اپنے دل مین یہ سمجھتا ہون کہ اس عہدہ پر مجھکو انتہا رمرتبہ کی تکلیف ہے اور اُدھر میرے بھائی کا یہ خیال ہے کہ میری طرح وہ بھی مبتلائے بلا ہین۔ وہ خیال کرتے ہین کہ بہ حیثیت پریسیڈنٹ جو اختیار اور رعب اُنکو حاصل ہونا چاہیے یا اُنکو اُنکی عام لیاقت اور اقتدار جن باتون کا مقتضی ہے وہ اُنکو حاصل نہین ہے وہ سمجھتے ہین کہ ہر طرف سے میری راہ رکی ہوئی ہے اور لوگون نے مجھکو گرفتار کر رکھا ہے اگر حیدرآباد میرے لیے سوزون نہ سمجھا جائے یا یہ کہ وہان کے عہدہ پر کوئی دوسرا شخص مقرر ہو تو جو کوئی عہدہ خالی ہو مین اُسکو قبول کرلون گا۔ راجپوتانہ لکھنؤ اندوران مقامون مین جہان میری فحالیش ہو مجھکو بخوشی منظور ہے بلکہ اگر عزت کے ساتھ مجھکو پھر ممالک مغربی اور شمال کی کسی کمشنری پر جاکر وہان کا بے ذوق کام کرنا پڑے تو اُسکو بھی مین خوشی سے قبول کرونگا پہلے میرے ذہن مین آیا تھا کہ حضور گورنر جنرل کو ایک چٹھی لکھون لیکن پھر جو مین نے خیال کیا تو آپ کا لکھنا بہتر معلوم ہوا آپکے انکار کرنے سے مجھکو اُسقدر بیدلی نہوگی جسقدر حضور گورنر جنرل کے انکار سے ہوگی آپ کو اختیار ہے کہ اس بارے مین جو کچھ مناسب سمجھین وہ گورنر جنرل سے کہین۔ نواب ممدوح نے ہمیشہ خوشی اور مہربانی سے میرے ساتھ برتاؤ کیا اور مین نہین چاہتا کہ نواب موصوف خیال فرمائین کہ مین اُن باتون پر معترض ہون گا جسقدر آسانی کے ساتھ مین نے آپکو لکھا ہے شاید نواب گورنر جنرل کے نام کی چٹھی مین اسطرح نہ لکھ سکتا۔

پس اسطور سے جب مستعفی ہونے کی دو درخواستین کیبارگی لارڈ ڈلہوسی کی خدمت مین پیش کی گئین تو نواب ممدوح کو پھر اُس مسئلہ کے فیصل کرنے کی وقت واقع ہوئی جسکو دو آدمیون کے درمیان اُسوقت تک اپنی ترکیب سے وہ معطل رکھتے آئے تھے اگر اُنکی اب بھی یہ خواہش ہوتی کہ بوڑڈ کا انتظام قائم رکھا جائے تو جو سپاہی اُنکی حکمت عمل کے اسقدر خلاف تھا اور جو سویلین دل سے اُسکو پسند کرتا تھا اُن دونون مین سے ایک کے پسند کر لینے مین کسیطرح شک وشبہہ نہین تھا لیکن اُنھون نے پیشتر ہی سے قصد کر لیا تھا کہ جسوقت وہ موقع آئیگا تو بوڑڈ ہی کو جسکا کام اب تمام ہوگیا تھا شکست کر دینگے اور اُسکے بدلے ایک شخص کی حکومت قائم کرینگے۔ اس سے اُنکے فیصلہ مین کسیطرح کا شک نہین رہا۔ یہ ممکن نہین تھا کہ کوئی واقفکار گورنر جنرل اتنے بھاری اور ایسے ضروری صوبہ کو اُس شخص کے اختیار مین دیدیگا جسکی راے سے اُسکو کامل ہمدردی نہین تھی اور جسپر باہمی اختلاف کی وجہ سے کبھی اُسنے پورا بھروسہ نہین کیا کیونکہ بمقابلہ اُسکے ایک اور امیدوار موجود تھا جسپر وہ کامل بھروسہ کر سکتا تھا اور جسکے ساتھ پوری ہمدردی ہوسکتی تھی حیدرآباد مین جو جگہ خالی ہوئی تھی اُسپر کرنل لو مقرر ہو چکے تھے لیکن انجب

ص ۳۹

گورنر جنرل متعینہ راجپوتانہ کا عہدہ خالی تھا جو بہت سی باتون کے اعتبار سے اُس شخص کے لیے نہایت ہی موزون معلوم ہوتا تھا جسکو دیسی خاندانون سے اسقدر ہمدردی تھی۔ پھر چونکہ شخص اس عہدہ پر مقرر ہوتا اُسکے لیے اس بات کا بھی موقع تھا کہ موسم سرما بھر دورہ کرتا پھرتا اور جب گرمی کے دن آتے تو مزہ سے کوہ آبو پر جاکر مقیم ہوتا۔ چنانچہ اُنھین سب باتون کی وجہ سے یہ عہدہ جان کے بدلے ہنری لارنس کو دینے کے لیے کہا گیا لیکن راجپوتانہ کا ملک پنجاب نتھا وہ ایسا ملک نہین تھا جہان ہزار ہا دلی دوست پیدا ہو جاتے اور جہان عمر بھر کی محنتون اور اولوالعزمیون کے نتیجے جلوہ پذیر ہوتے۔ ہان یہ بات البتہ تھی کہ ہنری لارنس کا شمار اس ایجنسی کی حیثیت مین ممبری بورڈ کے مشاہرہ کے برابر کر دیا گیا تھا۔ کام بمقابلہ بورڈ کے چندان مشکل اور دقت طلب نتھا اور گورنر جنرل نے اس دارو سے تلخ کو گلے سے اوتارنے کے لیے شیرینی ڈالنے کے طور پر یہ کہدیا تھا کہ اگر خود سر جیمس آؤٹرام بورڈ کے ممبر ہوتے تو مین اپنے ترجیح دیکر ایک "تربیت یافتہ سولجین" کو اس چیف کمشنری کے عہدہ پر مقرر کرتا مگر یہ سب باتین بمنزلہ نمک کے تھین جو اُنکے زخمون پر چھڑکی گئین۔ کیونکہ ہنری لارنس درحالیکہ وہ ایک "تربیت یافتہ سولجین" نہ تھے اور اسواسطے سولجین کی خدمتون مین جزیادہ ضروری تھین قاصر رہے (یعنی ضابطہ فروعات سے صحیح صحیح واقفیت اور کام مین علی الاتصال مصروفیت) تو وہ اس ناکامی سے بالکل بے خبر تھے اور یہ بات مین بلا مبالغہ بیان کرتا ہون کہ گذشتہ بیس سال کے عرصہ سے ممالک مغربی و شمالی سرحد پنجاب اور خاص پنجاب مین ایک ایسے طریقہ سے رہوں اور یونیفارمل عہدہ کا کام کرتے رہے جس طریقہ سے ہندوستان کے بہت کم سولجینون نے کیا ہوگا اب اس زمانہ سے اُنکی زندگی بالکل غمگین ہوگئی اور تادم مرگ اُنکو یہی خیال رہا کہ لارڈ ڈلہوزی نے مجھکو نقصان پہونچایا۔ ص ۳۸ اُنکا یہ خیال حق بجانب تھا سرشت انسانی مقتضی اسی امر کی تھی لیکن اگر اُنکے لیے اس امر کے یقین دلانے کی حاجت باقی رہگئی ہو کہ اُنکی کارگزاریون کا نتیجہ کیا ہوا اور اُنکے چلے جانے کے بعد اُنکے مرغوب الطبع ملک پر اُنکا کیا اثر باقی رہگیا تو اسکی وجہ اس بات سے بخوبی تمام معلوم ہو سکتی ہے کہ جسوقت لارڈ ڈلہوزی کے فیصلہ سے خبر دی گئی تو لاہور مین لوگون کی عجیب کیفیت ہوگئی (گو یہ بخوبی معلوم تھا کہ کیا فیصلہ ہوگا لیکن جب خبر آئی تو لوگ قریب قریب بیہوش ہو گئے اور اگرچہ واقعات کی رو سے وہ بالکل جائز تھا لیکن لوگون کا ناراض ہونا اور الزام لگانا بھی حق بجانب تھا) چنانچہ بہت سے لوگون نے جو اس موقع پر موجود تھے اس کیفیت کو بیان کیا ہے۔ ہر شخص کے چہرہ پر ملال چھایا ہوا تھا برنا و پیر غریب و امیر فوجی لوگ اور سولجین افسر انگریز اور ہندوستانی ہر شخص یہی سمجھتا تھا کہ اب ہمارا ایک دوست چھوٹ جائیگا۔ بڑے بڑے شہ زور لوگ جنہین ہر برٹ اڈورڈس سب سے نمودار تھے بچون کی طرح بلک بلک کر روتے تھے اور جسوقت وداع کی آخری ساعت آئی اور ۲۰ جنوری ۱۸۵۳ء کو ہنری لارنس اپنے اہل و عیال سمیت ہمیشہ کے لیے لاہور اور بلکہ پنجاب سے رخصت ہونے لگے تو معمر ہندوستانی رئیسون کی ایک پلٹن کی پلٹن اُنکے

پیچھے پیچھے ساتھ ہو لی بعض لوگ پانچ اور بعض لوگ دس اور بعضے بعضے میں بلکہ پچیس میل تک شہر سے باہر جاکر انکو رخصت کر آئے یہ وہ لوگ ہین جنکو اب اُنسے کسیطرح کی امید نہین رہی تھی کیونکہ اُنکل درجہ پنجاب مین ہنری لارنس کا آفتاب ہمیشہ کے لیے غروب ہوگیا تھا۔ لیکن اُنکی آرزو یہی تھی کہ جن بے حقیقت علامتون سے ممکن تھا اپنے رنج شکر گزاری اور قدر دانی کا اظہار کرین۔ لاہور سے قریب قریب امرتسر تک گویا ایک زندہ آدمی کا جنازہ گیا تھا رابرٹ پیپیر کو جواب لارڈ پیپیر آف بیکنڈ الاہین سب کے بعد اُس شخص کے فراق مین جو اُنکو بھائی سے بھی زیادہ عزیز تھا دامن چاک کرنا پڑا۔ جسوقت پیپیر صاحب الوداع کہکر شکستہ دلی کے ساتھ لاہور کیطرف روانہ ہونے لگے تو ہنری لارنس نے اپنی بہن سے کہا کہ "ان کو بوسہ دو بہن اُنکو بوسہ دو کیونکہ یہ میرے بہترین و عزیزترین دوست ہین" جب وہ امرتسر مین جاکر چارلس سانڈرس ڈپٹی کمشنر کے مکان پر پہونچے تو وہان دیکھا کہ ماتمیون کا ایک نیا گروہ جمع ہے اور تازہ شور و فریاد بپا کرنے کے لیے منتظر ہے اور وہان سے بقول ہربرٹ ایڈورڈس دو شکستون اور ناپسندیدگیون سے مشابہ ہوکر جو دیکھنے والون کی نگاہ مین اعزاز کی نشانیان تھین وہ راجپوتانہ کو روانہ ہوے۔ "یہ علامتین بیشک اعزاز کی تھین کیونکہ سب سے سخت دانکے بہادرانہ برتاؤ سے جو انھون نے کمزورون کے بچانے مین کیا تھا" انکو پہونچی تھین اُنکا ایک دوست کہتا ہے کہ "سر ہنری لارنس کے حال سے جو شخص واقف ہو جاتا وہی اُنکے ساتھ محبت کرنے لگتا"۔ اُنکے ایک دوسرے دوست کا بیان ہے کہ "سر ہنری لارنس کی دعوت مین جس شخص نے کھانا کھایا ہوگا وہ ضرور یہ سیکھ گیا ہوگا کہ ہندوستانیون کے ساتھ مہربانی کرنا چاہیے"۔ لارڈ ڈلہوزی نے بیان کیا ہے کہ "گو وہ اپنی ملکی خدمتون کی وجہ سے بہت نامور ہوے لیکن اُنکی کارگزاریون سے بڑھکر اُنکی وضع نے اُنکا نام بالا کیا"۔ لارڈ کیننگ نے جب اُنکے سپاہی کے لکھنؤ مین مارے جانے کی خبر انگلستان اور ہندوستان بھر مین مشہور ہوئی تو بیان کیا تھا کہ "مجھے یقین ہے کہ ہندوستان بھر مین کوئی ایسا انگریز نہوگا جو سر ہنری لارنس کی موت کو سرکار کے حق مین ایک آفت عظیم تصور نہ کرتا ہو اور جن جن صوبون مین اُنھون نے حکومت کی ہے وہان ایک ہندوستانی بھی ایسا نہوگا جو اُنکے نام کو بطور ایک دوست اور فیاض محسن اقوام ہندوستان کے نہ یاد کریگا"۔ اسی سوانح عمری کے لکھنے مین اپنے فرائض کا خیال کرکے مجھکو اُنکی تعلیمات اور اطوار کے متعلق چند خاص باتین ایسی بیان کرنا پڑی ہین جن سے میرے نزدیک ظاہر ہوتا ہے کہ چیف کمشنری پنجاب کے لیے وہ اپنے بھائی کی نسبت کم موزون تھے پس اس بات کا بیان کرنا مجھ پر فرض ہے کہ جسوقت مین نے اُنکی غیر مطبوع خط کتابت کا ایک بڑا حصہ پڑھا اور اُنکے اکثر عزیزون اور دوستدارون سے جو ابھی ہین گفتگو کی تو میری ٹھیک یہ راے قائم ہوئی کہ اُنکی تمام اخلاقی اور دماغی صفتون کے اعتبار سے ہندوستان مین آنیوالے انگریزون سے ایسا کوئی شخص نہین گذرا ہے جسنے اوردن کو عمدہ کام کرنیکی اُنسے بڑھکر ترغیب دی ہو یا مختلف قوم اور مختلف رنگ کے لوگون کے درمیان صدہا صلح اُٹھا دینے مین پیروی کی ہو یا کوئی شخص ایسا ہر دل عزیز ہونیکا ایسا مستحق ہوا ہو جیسے سر ہنری لارنس تھے۔

ص ۳۸۹

باب سیزدہم

چیف کمشنر پنجاب ۱۸۵۲ء لغایت ۱۸۵۳ء

سر ہنری لارنس کے پنجاب سے چلے جانے کی وجہ سے اگر اس بھائی کو جو انکے ساتھ ایسے پیچیدہ تعلقات مگر اصل برادرانہ الفت سے کام کرتا رہا گو اسوقت کی غیر قابل برداشت کشمکش سے چندے نجات ہوگئی مگر اسکا قلق بھی بہت گذرا اس واقعہ سے جسقدر صدمہ اور رنج اُنپر گذرا اسکا پورا اندازہ سوائے اُن لوگون کے جو اُنکے قریبی دوست اور یگانے تھے اور کوئی نہین کر سکتا۔ لیکن وہ اندازہ حالات مندرجہ باب سابق کے تمام و کمال پڑھنے سے بھی ہو سکتا ہے۔ جان لارنس اکثر اپنی طبیعت اور تندرستی کے خلاف اور اہل و عیال کو برسون چھوڑ کر دراصل ہمارے آغاز تعلق پنجاب کے زمانہ سے ہنری لارنس کی قائم مقامی کی حیثیت مین اور اُنکے ساتھ بھی کام کرتے رہے اور بعد اسکے آخر مین اُنکو ایسے عہدہ پر جانا پڑا جو اُنکے بھائی کو ملنے والا تھا بلکہ بھائی خود اُس عہدہ کا تمنی تھا۔ جان لارنس سوچتے تھے کہ بعض بہترین افسران پنجاب جو ہنری کے ذریعہ سے وہان بلوائے گئے تھے اور کمال دلسوزی کے ساتھ اُنسے محبت کرتے تھے وہ میری جانب ترچھی آنکھون سے دیکھ رہے ہین بلکہ شائد ناشائستہ کارروائیان اور نازیبا تدبیرین میری جانب منسوب کر رہے ہین اور بلکہ نکلسن کیطرح اس بات پر بھی آمادہ ہین کہ مجھکو چھوڑ کر اپنے اگلے مالک کا دامن پکڑین جان لارنس یہ بھی تصور کرتے تھے کہ میرا بھائی مجھ سے اسقدر ناراض ہوگیا ہے کہ اب وہ کبھی میری ملاقات کی پروانہ کریگا اور نہ "ہال"[1] کے قدیم مانوس اور مربوط خطاب سے مخاطب کریگا۔ پس جسوقت جان لارنس ان سب باتون کا خیال کرتے ہونگے تو اُنکو بے انتہا قلق گذرتا ہوگا اور اقل درجہ اُس زمانہ مین تو بیشک کچھ دنون کے لیے اُنھون نے رفاہ خلائق کی اور باتون کو فراموش کر دیا ہوگا۔ ہنری لارنس نے عین اپنی وفات کے وقت ایک پر درد چٹھی اپنے بھائی کو تحریر کی تھی اور اُسمین لکھا تھا کہ معزول پنجابی سردارون پر مہربان رہنا کیونکہ وہ لوگ افتادہ ہین" اور بعد اسکے دعا دی تھی کہ نئے عہدون مین تمکو کامیابی حاصل ہو۔ جان لارنس نے اُسکا یہ جواب دیا۔ ص ۳۹۰

میرے پیارے ہنری۔ سرفراز نامہ پہونچا اُسکے جواب مین مین صرف اسقدر بیان کر سکتا ہون کہ میری دلی خواہش تھی کہ آپ پنجاب مین رہجاتے اور اپنی رایون کے مطابق عمل کرتے اور مجھکو کوئی دوسری جگہ ملتی۔ مجھکو یہ بھی بیان کرنا چاہیے

[1] اس زمانہ کے بعد اُنھون نے اپنے بھائی کو ہمیشہ یہی القاب لکھا "میرے پیارے ہنری"۔

کہ جب کبھی ہمنے آپ سے اختلاف کیا تو اپنے اصل عقیدہ کے مطابق نہ کہ متعصبانہ طور پر یا خود غرضی سے کیا۔ ہمن ہر شخص کے عذر کو معقول طور پر سنون اور اس بات کی کوشش کرونگا کہ جو اس بات کا مستحق ہے اس سے محروم نرہے۔ اسکے سوا کیا کچھ امید نہ رکھنا چاہیے ..... یہ امر قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ میرے اور آپ کے پھر یکجائی نہوگی لیکن یقین ہے کہ میرے اور آپ کے درمیان کسی طرح کی کدورت باقی نہ رہجائیگی۔

آپکا محبتی بھائی جان لارنس

چیف کمشنری کا عہدہ (اور یہ عہدہ وقعت مین ہندوستان کے چند ہی عہدون سے ادنی تھا) ایسا عہدہ تھا جسکے لیے خود سر چارلس نیپیئر نے کہا تھا کہ مین کل ہندوستان کی سپہ سالاری پر اسکو ترجیح دیتا ہون یہ افسوس ناک آغاز تھا لیکن اس بات پر ایک مرتبہ اور لحاظ کرلینا چاہیے کہ یہ تبادلہ جو عمل مین آیا جسقدر دونون بھائیون کے حق مین مفید تھا اسی قدر سرکار کے حق مین بھی سودمند ہوا۔ ہنری لارنس نے دیسی اور انگریزی انتظام کے باہمی اختلافات کو فرو کردیا تھا۔ رعایتی لوگون کی افتادگی مین انکی حمایت کی تھی ہر درجہ کے لوگون کو اپنا دوست بنالیا تھا اور اسطور پر ایک امر کے اعتبار سے نئی گورنمنٹ کے لیے اپنا استحقاق ثابت کردیا تھا جو فی الواقع جان سے نہین ہوسکتا تھا۔ صلح قائم کرنے کا کام (جو ہنری لارنس کے لیے بالتخصیص موزون تھا ختم ہوگیا تھا) نئی عمارت کی بنیاد بڑے بڑے اختلافات کے بعد مگر دونون بھائیون کے نہایت ہی غلو آمیز خیالات کے بین بین قائم کردی گئی تھی اب صرف یہ باقی تھا کہ اس بنیاد پر عمارت بنتی جائے اور اسکی ترقی درستی اور مضبوطی ہو۔ یہ کام مین شخصون کی نسبت ایک آدمی اچھی طرح کرسکتا تھا اور ہنری لارنس کے بڑے سے بڑے معرف اس بات کے مقر ہونگے کہ جب اسکے چار برس کے بعد بلوہ کا زمانہ آیا تو اسوقت انگلستان اور ہندوستان کی خوش قسمتی سے اُس زمانہ مین چار برس پیشتر سے صلاح دینے والے متعدد نہین تھے۔ اسلیے یہ نہایت بہتر ہوا کہ ایک ہی دماغ روشن ایک ہی ارادہ مستقل تھا جسکی جانب ہر آدمی اور تمام شخص دیکھتے تھے اور جو آزادی سے احکامات جاری کرتا تھا اور خاص اپنی ذمہ داری سے بلاشرکت احدے ہر ایک کارروائی کرتا تھا۔ صل ۳۱

جان لارنس کا اصل کام جیسا کہ مین بیان کرچکا ہون اب از سر نو کارروائی کرنے کا نہین رہگیا تھا بلکہ جو بنیاد دین قائم کردی گئی تھین اُنکے مطابق ترقی مین کوشش کرنے کا تھا۔ پس یہ کچھ ضرور نہین معلوم ہوتا کہ اس کے چار برس بعد تک جو صلح واشتی کا زمانہ رہا اُسکے حالات تفصیلوار بیان کیے جائین۔ بوزرڈ کی تقرری کے پیشتر وہان کی افتادہ زمین اور نئی نئی کارروائیون اور تیز دستیون کے متعلق جسطرح تفصیلی حالات کا لکھنا ضرور تھا ویسا اس زمانہ کے متعلق لکھنا اب ضرور نہین ہے بحیثیت چیف کمشنر جان لارنس کے روبرو وہی مسائل پیش ہوے جو بوزرڈ کی ممبری کے زمانہ مین اُنکے روبرو پیش ہوتے تھے۔ اُس سنگلاخ کوہستانی سرحد کی اسوقت بھی حفاظت درکار تھی

وہی شورہ پشت اور بیوفا جرگے اسوقت بھی موجود تھے جنکو خواہ مہذب خواہ دوست یا دشمن بنایا جاتا۔ طرز معاشرت کی وہی خرابیان جو لوگون کے دلون پر نقش کالحجر ہوگئی تھین اور جنکا اسوقت تک صرف تدارک ہوا تھا استیصال نہین ہوا تھا اب بھی موجود تھین۔ وہ قدیم مسئلہ کہ مالگزاری اراضیات کے وصول کرنے کی بہترین تدبیر کیا ہے ابتک اسی طرح لاحل پڑا تھا (اور اصل تو یہ ہے کہ آج تک اسکی وہی کیفیت ہے) جس سے کاشتکار پر بیجا جبر ہوا اور ملکی اور تمدنی اصلاحون کے جو بڑے بڑے کام جاری کیے گئے تھے اُنکے اخراجات کی بھی گنجایش نہ ہے۔ بالآخر اُن ماتحت افسرون کے گروہ مین جو پنجاب مین اکر جمع ہوے تھے اور ہندوستان کے تمام حصون سے وقت طلب کام کے انجام کرنے کو آئے تھے چال چلن اور طبیعت کے اختلاف بدستور باقی تھے جنکے حالات سے اگاہی کرکے انکو اصلاح پر لانا انمین آمادگی پیدا کرنا اور انکو رضامند اور تابع رکھنا تھا۔

کارٹ لارنس نے قریب ترزمانہ مین جو چٹھیان لکھی تھین اور جنکو مین نے بھی بیشک اول سے آخر تک پڑھکر انکے مطالب کو ذہن نشین کیا ہے وہ چھ جلدون مین مجلد ہوئی ہین اور انکے ذریعہ سے معلوم ہوسکتا ہے کہ انھون نے انمین سے ہر ایک اور اسیطرح کی دوسری صدہا دقتون کے متعلق کیا برتاو کیا۔ لیکن اسکے لیے اقل درجہ ایک جلد کے برابر لکھنا درکار ہوگا اور میرے نزدیک اس زمانہ خواہ ایام وایسرائی کے متعلق اگر اسطرح کی کارروائی کیجائیگی تو راقم سوانح عمری کا اصل منشا یعنی یہ امر فوت ہوجائیگا کہ جن سربرآوردہ باتون کو زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا چاہیے وہ رہ جائینگی۔ اسطرح کی جلد کے پڑھنے مین ناظرین کتاب فروعات کی جانب متوجہ ہوجائینگے اور اکثر بے لطف اور نہایت دشواری کے چھوٹے چھوٹے کامون پر خیال کرنے لگین گے۔ انھون نے جو جو کام کیا اگر وہ بخوبی تمام ہم پر ظاہر ہوجائیگا تو اس صورت مین انکی ذاتی کیفیت دریافت کرنے کا میلان کم ہوجائیگا۔ ص۳۹۲ اسلیے میرا قصد نہین ہے کہ جن جن تدبیرون کے ذریعہ سے ایک ایک وحشی قوم جو ہماری سرحد کے اسطرف چلی آتی تھی وہ نکالی جاتی اور سزایاب ہوتی تھی اور بعض اوقات بتدریج صلح وآشتی سے رہنے کی پابند کردیجاتی تھی اُن سب کا حال ترتیب اور تفصیل کے ساتھ بیان کرون بلکہ میرا مقصد صرف اسقدر بیان کرنے کا ہے کہ سرحدی حکمت عملی کے متعلق جسپر ایسے ایسے حملے اور اسطرح کے غلط بیانات کیے گئے تھے لیکن میرے نزدیک لارڈ لارنس کے نام سے ہمیشہ اسکو اعزاز کے ساتھ تعلق رہیگا انکا منصوبہ کیا تھا یہ حکمت عملی وہ ہے جس سے ہندوستان کی حفاظت کا یقین ہوگیا اسکی ترقیون کی امید پڑی کمزور اور وحشی باشندون کے حقوق جائز ٹھہرائے گئے اور صیغۂ فوج کے تندمزاج اور حریص افسرون مین ہمیشہ ملک گیری کی جو خواہشین پائی جاتی ہین اور جو ہمیشہ قابل الزام بھی نہین ہوتی ہین۔ انکا ہمیشہ کے لیے تدارک ہوگیا۔ اور نہ مین یہی قصد رکھتا ہون کہ پنجاب کی رپورٹون سے اخذ کرکے اس امر کے متعلق تفصیلی حالات بیان کرون کہ مالگزاری سرکار مین کسقدر کمی یا بیشی ہوئی یا جرم کہان تک کم یا زیادہ ہوگیا یا انکہ ماتحتون کے دلون مین ایک ہمجنس افسر یا اپنے چیف کی طرف سے جو غلط فہمیان جاگیر

ہوگئی تعین وہ چیف نرکور کی بیحد مستعدی اور محنت سے کہان تک رفع ہوگئین - بلکہ مین صرف ان باتون کا اشارہ کردونگا کہ اُنھون نے اپنی قوی ذاتی صفتون اور سرکاری کامون مین حد سے زیادہ مصروف رہنے کی خواہش کو اپنے ماتحتون کے کسقدر ذہن نشین کیا - نالائق لوگون مین سے کتنون کو خارج کردیا اور کاہلون مین سے کتنون کو تیز بنا دیا اور جو لوگ تیز و چالاک تھے اُنھین بھی دوچند قوت اُس تیزی اور چالاکی کی پیدا کردی - پس اُنکے انتظام کی توایخ لکھنے کے بدلے اس قسم کے مختصر خلاصہ سے مین امید کرتا ہون کہ جسطرح مجھپر بے انتہا محنت کے بعد سب حالات روشن ہوگئے ہین اُسیطرح اوروں پر بھی دوہی تین ابواب کے ذریعہ سے یہ ظاہر کردون کہ جب غدر کا نازک زمانہ آیا تو جان لارنس اپنے اُن ماتحتون کے ذریعہ سے جنکو اُنھون نے فراہم کرکے اپنے زیر انتظام رکھا تھا اُسکا تدارک کرسکے اور ملک پنجاب اور اسیطرح پنجاب کے باہر دوست دشمن ہندوستانی اور انگریز ہر ایک نے یہی خیال کیا کہ جب تک عنان حکومت اُنکے ہاتھ مین ہے اُسوقت تک کسی طرح کی خرابی نہوگی -

ماہ فروری ۱۸۵۳ء مین جب نورڈ شکست ہوا تو جان لارنس بحیثیت چیف کمشنر پنجاب مشتہر کرتے ہوئے پنجاب کے نظم و نسق کی ساری جوابدہی اُنھین کے ذمہ عائد کی گئی - تمام صیغون کے عاملانہ افسری اُنھین کو مفوض ہوئی علاقجات متصلہ سے پولیٹکل تعلقات قائم رکھنے کا کام اُنھین کے سپرد کیا گیا - سرحدی فوج سپاہ گائڈس جنگی پولیس اور سول انجینیر کا محکمہ اُنھین کی نگرانی مین کیا گیا - اُنکے ماتحت دو پرنسپل کمشنر ایک افسر صیغہ جوڈیشل اور دوسرا افسر صیغہ مال مقرر کیا گیا - اسطور پر کام کی تقسیم جسکے لیے ممبری نورڈ کے زمانہ مین اُنھون نے اسقدر کوشش کی تھی بخوبی تمام ہوگئی - دونون افسر جو اُنکی ماتحتی مین مقرر کیے گئے تھے اُنکو بشرکت کام کرنے کے بدلے اپنے اپنے صیغہ کی خاص ذمہ داری دیگئی - اس طور پر اُنکے غور و فکر کے ایک کام پر صرف کرنے کا موقع پیدا ہوا اور اُنکی خاص ذمہ داری کی تعین ہوگئی - اور پھر ایک شخص واحد کی تقرری سے ایک طرح کی تجویز اور ایک طور پر تعمیل کرنے کا یہی موقع پیدا ہوا -

جان لارنس کے بعد بھاری عہدون پر جو دو شخص مقرر ہوے وہ بالکل اُنکے دل کے تھے - اُنمین سے ایک سٹنگنی صاحب تھے - وہ جوڈیشل کمشنر مقرر کیے گئے اور اس حیثیت مین وہ عدالت سشن اور اپیل کے جج اعلی ہی نہین مقرر ہوے بلکہ بہت سی باتین جو خالص عاملانہ حکومت کے متعلق تھین وہ بھی سپرد کین جیسے تعمیر سڑک کا اہتمام محکمہ پولیس کی افسری لوکل اور میونسپل سرانجام کی نگرانی اور مختلف صیغون علی الخصوص سررشتہ تعلیم کی اصلاح - صیغہ مال کا کام جانچ اڈمنسٹریشن کے سپرد ہوا جو کمشنری علاقہ انبوری تلج کے دقت طلب اور پیچیدہ عہدہ پر رہ چکے تھے اور جنکے عزم و لیاقت کی خبر سنکر جان لارنس کو چند ہفتے پیشتر سے تردد ہوا تھا

ص ۳۹۲

ہر ایک کام عمدگی سے انجام ہو رہا تھا۔ پسماندہ کام بعجلت صاف ہوتا جاتا تھا جن افسروں نے غصہ مین اگر جواب سے چلے جانیکی دھمکی دی تھی اُنھون نے اُس دھمکی پر عمل نہین کیا اور پھر شاذ ہی کسی نے اُسکا ذکر کیا جو لوگ رخصت فرلو پر گئے تھے اور غصہ مین کہتے تھے کہ جس حالت مین ہنری لارنس وہان سے چلے گئے تو پھر ہم کبھی وہان نہ جائینگے اُنھون نے جب سُنا کہ جو جو باتین ہنری لارنس کے انتظام مین تھین وہ جان لارنس کے انتظام مین بھی پائی جاتی ہین تو خوشی سے مراجعت کرنے لگے۔ نکلسن صاحب کی کیفیت ان لوگون مین بالتخصیص قابل ذکر ہے۔ انکی نسبت چند مہینے پیشتر جان لارنس نے بیان کیا تھا کہ ملک بنون کے وحشی جرگون کے درمیان اُنکا ہونا رجنت کے ایک پرے" کے برابر ہے۔ گو صاحب موصوف اپنا وہ عزم بالجزم کر چکے تھے جسکو صفحہ ۳۹۴ مین پیشتر تحریر کر آیا ہون اور باوصف اس امر کے بھی کہ اُنکی خود ختارانہ طبیعت اور پرجوش مزاج سے اُنکے دل مین اکثر غلط فہمیان اُگتی تھین لیکن جب اُنکے چیف نے دباؤ ڈالکر ایک ترکیب سے کہا کہ آپ اپنے عہدہ سے اور کہین نہ جائین تو وہ راضی ہو گئے اور اپنے اسی عہدہ پر غدر کے ایام تک ٹھہرے رہے۔ جان لارنس نے پہلے پہل اُنکو جو چٹھی لکھی تھی (اور جسکے ہونیکے بعد پہلی چٹھی اُنھون نے بھی لکھی تھی) اُسکے بعض فقرات اس مقام پر مین اس خیال سے درج کرنا مناسب سمجھتا ہون کہ اُنسے مکتوب الیہ کے متعلق نہایت دلچسپ حال اور کاتب کے تعلق صاف دلی اور دوستی کی ایک عجیب مجموعی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔

مقام لاہور مورخہ ۲۲ جنوری

میرے پیارے نکلسن ..... میرے بھائی کے چلے جانے سے آپ کا ایک معقول دوست آپ کے ہاتھ سے نکل گیا لیکن مین یقین کرتا ہون کہ مین بھی اپنے تئین آپکا اُسیقدر وفادار دوست ثابت کرونگا۔ مین آپکی سرگرمی جانفشانی اور انتظامی لیاقتون کا کمال معترف ہون گو بعض اوقات مجھے یہ بھی خیال آتا ہے کہ آپ کو ابھی بہت کچھ سیکھنا ہے۔ یاد رکھیے کہ انتظام حکومت اور آئین کا برتاؤ وہی لوگ خوب کرینگے جو ان باتون کو بخوبی سمجھ سکتے ہین اور اس بات کو جانتے ہین کہ اُنسے کسطور پر کام لینا چاہیے اگر لائق آدمی ہو تو اُنھین باتون مین وہ چند قوت آجاتی ہے اور اگر وہ نہو تو معمولی آدمی سے کچھ نہو سکے گا۔

مجھکو امید ہے کہ آپ کوشش کرکے اسی موسم سرما مین تشخیص لگان کی تمام کارروائیان ختم کر دینگے۔ جمع بشرح اوسط قائم کیجیگا تاکہ مزارعین کے حق مین فائدہ ہو اور فیاضانہ طور پر اُنکے ساتھ برتاؤ ہو۔ اس صورت مین وہ اپنی زراعت مین ترقی کرینگے اور مالگزاری کا اسطور پر بندوبست کر سکینگے کہ کسی خراب فصل مین اُنکو پریشانی نہو سکے۔ دریافتی اشخاص کو دور کیجیے۔ یہ لوگ ہر مقام پر بدنام کنندہ ملک ہوتے ہین۔ مالگزاری اراضی کا بندوبست اسطور پر کرنا چاہیے کہ سرکاری لگان ادا ہو جائے مزارعین کی بھی پرورش ہو اور مالکان اراضیات کو امانت پہونچے۔ اگر جمع ایک اوسط شرح سے قائم کرکے اراضیات موضع مین برابر برابر تقسیم کر دیجائیگی تو آپکی نصف محنت بچ رہیگی اور آپکو انتظامات پولیس کے لیے پورا وقت صرف کرنے کا موقع مل سکیگا۔

آپکا دوست صادق جان لارنس

جان لارنس نے جو وعدہ کیا تھا کہ ہم لکمسن صاحب کی تمام محنتوں مین اُنکی مدد کرینگے اُسکو اُنھون نے کیا ہی پورا کیا چنانچہ دونون کے درمیان کئی سو چٹھیان جو آئی گئین اُنسے اور دونون کے حالات مابعد سے بھی یہ امر بخوبی تمام ظاہر ہے - جیمس ایبٹ صاحب البتہ پنجاب سے چلے گئے اور اُنکے چلے جانے سے شاید اُن کے بلا فصل اعلی افسرون (سیکرٹری اور لارڈ ڈلہوسی کو جنھون نے اُنمین بعض بعض باتین ضد اور مطلق العنانی کی پائی تھین) کو چٹکارا ملا - لیکن ہزارہ کے جنگلی باشندون کو جو اُنکو اپنا مربی سمجھتے تھے بڑا افسوس ہوا - جان لارنس نے اُنکی بہت سی اعلی و اشرف باتون کے متعلق (اور اُنمین اعلی و اشرف اکثر باتین پائی جاتی تھین) کمال دلسوزی سے اعتراف کیا اور یہ کلمات بحیثیت چیف کمشنر اُنکی نسبت استعمال کیے "وہ ایک نہایت معقول آدمی ہین اور اعلی درجہ کی لیاقت رکھتے ہین" یہان بیان کر دینا چاہیے کہ اُنکے جدا ہونے کا بندوبست بوزڈ کی موتوفی کے پیشتر ہی ہو چکا تھا اور اعلی احکام کی تبدیلی سے اُس بارے مین کچھ نہین ہوا تھا - ہزارہ مین ہربرٹ اڈورڈس اُنکے جانشین مقرر ہوئے اور یہ جگہ قبول جان لارنس پشاور کے زیادہ ضروری مقام اور ہزارہ کے درمیان تھی - عہدہ مذکور کے لیے اُس شورانگیز زمانہ مین جو اب عنقریب آنے والا تھا صاحب موصوف بالتخصیص موزون تھے ہاڈسن صاحب جو ایک زمانہ مین نہرنی لارنس کے دوست اور ایک بڑے بہادر اور محنتی آدمی تھے لیکن ایک قسم کا دماغی نقص رکھتے تھے جو کبھی کبھی اُنکو سیدھے راستہ سے منحرف کر دیتا تھا بجاے ہیری لمسڈن کے سپاہ گارڈین کے کمانڈر مقرر ہوے کیونکہ ہیری لمسڈن رخصت فرلو پر ولایت گئے تھے - ہیتھ اونے صاحب انسپکٹر جیلخانجات کیے گئے رنکین صاحب لاہور کی کمشنری پر جسکو بارنس صاحب نے خالی کیا تھا بھیجے گئے اور بارنس صاحب بجاے اونٹگمری علاقہ ایروے سلیج پر مقرر ہو گئے - اوائل زمانہ چیف کمشنری مین بس یہی چند بھاری تبدیلیان عمل مین آئین اور اسطور پر اصل اصل کارگزار لوگ وہی رہ گئے صرف معدودے چند اشخاص جدا ہوے - یہ ایک نئی کارروائی اور نئی کیفیت تھی لیکن حکمت عملی وہی تھی اور جو منصوبہ پیشتر باندھا گیا تھا وہی اسوقت تک بدستور قائم رہا -

اس موقع پر یہ بھی بیان کر دینا چاہیے کہ جب ایک بھائی کے چلے جانے سے باہمی اختلاف کا جوش ایک بارگی کم ہو گیا تو جاگیرون اور معافیون کے متعلق جان لارنس کی حکمت عملی بھی کسیقدر نہرنی کی حکمت عملی کی جانب (گو سمجھ بوجھ کے ساتھ) میلان کرنے لگی - یہ شاید نہرنی لارنس اپنے رخصت ہونے کے وقت اُنسے جو کہگئے تھے کہ "زوال رسیدہ سردارون کا خیال رکھنا" اُنکا جان لارنس کے دل پر بڑا اثر پڑا گو اُسوقت اُنکو کچھ نہ معلوم ہوا ہو کہ اُنکے کلمات نے بھیر کیا تاثیر کی - لیکن بہرحال اس قسم کے حقوق (جو قریب ساٹھ یا ستر ہزار کے تجویز کیے گئے تھے) کے متعلق بحیثیت چیف کمشنر اُنھون نے جو سفارشین کین وہ اُس زمانہ کی نسبت جب وہ بوزڈ کے ممبر تھے

زیادہ فیاضانہ اصول پر مبنی تھین - وہ فیاضانہ اصول پر اسدرجہ مبنی تھین کہ گورنمنٹ نے اکثر انکو منظور کیا
اور آخر کو لارڈ ڈلہوسی نے خود ایک چشم نمائی کی چٹھی لکھی اور یہ خیال کیا کہ بیشتر جان لارنس کی جو رائے تھی اب وہ ص۳۹۶
بہت کچھ بدلگئی - ہنری لارنس کو جسوقت یہ حال معلوم ہوا ہوگا تو انکی ناراضی کیقدر مبدل بہ خوشی ہوگئی ہوگی -

ذاتی برتاؤ کے متعلق بھی مین سمجھتا ہون کہ اس زمانہ سے جان لارنس زیادہ تر اپنے بھائی کے شابہ ہونے لگے اور پھر برابر انکی وہی کیفیت رہی - اُن کے مزاج مین جو جانفشانی اور خود مختاری تھی اُسمین تو ایک ذرہ بھی فرق نہین آیا لیکن انکار و کھاپن یا وہ بات جسکو غیر شخص سختی یا ترشروئی قرار دیتا جاتی رہی - رنیل پیلے صاحب جو دونون بھائیون کے حالات سے بخوبی واقف اور دونون کے معرف تھے کہتے ہین کہ "دونون برادران لارنس اپنی اوضاع واطوار مین قریب قریب ایک دوسرے کے مماثل تھے - دونون مین خاص خاص قابلیت اور خاص خاص صفتین پائی جاتی تھین اور جب دونون مین سے ایک شخص چلاگیا تو دوسرے بھائی مین بہت سی عمدہ صفتین دوسرے بھائی کی پیدا ہوگئین - پس اس اعتبار سے میرے نزدیک یہ بات صحیح معلوم ہوئی ہے کہ ہنری لارنس کا رعب اُنکے بھائی پر اُسوقت جب وہ ہمیشہ کے لیے پنجاب سے چلے گئے بہ نسبت اُس زمانہ کے کہین زیادہ تھا جب وہ زندہ تھے اور ملک مذکور کے اندر کام کرتے تھے - چنانچہ اسیطرح مردون کے کلمات اور انکی صورتین اکثر زندہ لوگون کی اُس سے زیادہ اثر پیدا کرتی ہین جو خاص انکی ذاتی خوبیون کے وجود سے انپر پیدا ہوتا - یہ قابل یادگار الفاظ کہ "اگر کوئی شخص مجھے پردہ زمین سے اوپر اُٹھالیگا تو مین دنیا کے سب لوگون کو اپنی طرف کھینچ لونگا" صرف اپنے لفظی اور لغوی معنی کے اعتبار سے صحیح نہین ہین بلکہ وہ ایک بڑے اصول فطرت انسانیہ سے خبر دیتے ہین - اور جسطرح اُنکے پہلے پہل تبلانے والے نے اشارہ کیا ہے اُسکے تمام پیروی کرنے والون علی الخصوص اُن اشخاص کے بارے مین جو نہایت اعتقاد سے اُسکی پیروی کرتے ہین صادق آسکتے ہین -

جان لارنس کی آیندہ کارروائیون کے زمانہ مین جب کوئی پیچیدہ اور ضروری مسئلہ سامنے آتا تھا تو سب کے پہلے اپنے دل مین وہ اس بات کا خیال کرتے تھے کہ اس حالت مین ہنری اُسکے متعلق کیا کارروائی کرتے - جو لوگ اُنکے حالات سے بخوبی تمام واقف ہین اُنھون نے اکثر یہ الفاظ اُنکی زبان سے نکلتے ہوے سُنے ہین کہ "میرے بھائی ہنری ایسا ایسا یعنی فلان امر کیا کرتے تھے" اور اپنی وفات کے چند مہینے پیشتر اس امید پر کہ شاید ص۳۹۷
وہ جنگ افغانستان کی بجا کارروائی کو موقوف رکھ سکین اُنھون نے منسٹرس ہازٹ سے جو سر ہنری لارنس کی اکلوتی بیٹی تھین بڑی محبت سے کہا تھا کہ "مجھے یقین ہے کہ اگر تمھارے والد زندہ ہوتے تو وہ اس کارروائی مین جو مین اسوقت کر رہا ہون مجھسے اتفاق کرتے"۔

اور اب اس زمانہ مین اس امر کی نسبت کہ وہ اپنے ذات خاص کے بھروسہ پر کہان تک رہ سکتے تھے

اور پیشتر کے مقابلہ مین بہت کم پریشانی کے ساتھ اُسکا دوچند کام کرسکتے تھے گورنر جنرل پر اپنے خیالات وہ اسطور پر ظاہر کرتے ہین —

میرا نیا عہدہ جس مہربانی اور عمدگی کے ساتھ میرے سپرد کیا گیا اُسکا مین انتہا سے زیادہ شکریہ ادا کرتا ہون میں طریقہ سے میرے ساتھ یہ رعایت کی گئی اُس سے عہدہ مذکور کی وقعت بہت کچھ بڑھ گئی۔ اب مین صرف اس بات کے لیے دست بدعا ہون کہ جو اعزاز مجھکو دیا گیا ہے اپنی تئین اُسکے لائق ثابت کرون ..... نئے انتظام کا جاہے جو کچھ نتیجہ ہو لیکن مجھکو اُسکے متعلق کوئی خوف نہین ہے اور نہ کسی طرح کی غلط فہمی واقع ہے۔ میرے پاس چند اول درجہ کے لوگ کشمیر کی حیثیت سے موجود ہین۔ گو مجھکو استعمال نہین ہے لیکن اگر محنت مین کسیطرح کی کمی واقع ہوئی تو خیال رکھنا چاہیے کہ کل سول سروس کی عزت زیادہ میرے ہاتھ مین ہے۔ مین بہت صدق دلی سے یہ بات ظاہر کرنا چاہتا ہون کہ جس شخص کی سولین کے طور پر تعلیم و تربیت کی گئی ہو وہ ایک نئے ملک مین کیا کارروائی کرسکتا ہے —

اپنے دوست رکنیس صاحب کو بھی اُنھون نے اسی طرح کی چٹھی لکھی۔ "ہمارے یہان کی کارروائیان بہت اچھی طرح انجام ہوتی جاتی ہین۔ نئے انتظامات سے جو امن وامان اور آسایش پیدا ہوئی ہے وہ لوگون کی بہبودی کے متعلق حد سے زیادہ مفید ہے۔ مین مشکل سے یہ خیال کرسکتا ہون کہ اس آسایش کا مجھکو استحقاق ہے" ان کلمات سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ اُنکو فرصت زیادہ ہوگئی تھی کیونکہ ایک چٹھی مین اُنھون نے بیان کیا ہے کہ "میرے ہاتھ سے کبھی قلم نہین چھوٹتا" اور دوسری چٹھی مین وہ لکھتے ہین کہ "آپ زیادہ خطوط مجھکو نہ لکھا کیجیے کیونکہ ہاتھ کی لکھی ہوئی عبارت پڑھتے پڑھتے میری بصارت مین فرق آگیا ہے" اُن پر آخر مین جو مصیبت پڑنے والی تھی اُسکا اظہار میری دریافت مین اس مقام پر اول اول کیا گیا ہے۔ اسمین شک نہین کہ دشواریان کثرت سے واقع ہوئین لیکن تقسیم محنت اور کام کی پسماندگی اُن دشواریون مین کبھی داخل نہین ہوئی۔ ہان ایک موقع پر جب وہ بڑے جوش مین تھے تب البتہ اُنھون نے یہ امید ظاہر کی تھی کہ جدید انتظام کی وجہ سے میرا کام آدھا رہ جائیگا اور آیندہ سے غور و فکر کرنے کے لیے مجھکو زیادہ فرصت مل سکیگی لیکن یہ امید پوری نہین ہونے پائی اور اگر پوری ہوتی تو اُنکی طبیعت ایسی نہین تھی جو وہ اس سے خوش ہوتے —

افسران پنجاب کی تنخواہین اس درجہ تک بڑھوا نا کہ ہندوستان کے دوسرے حصون کے افسر لوگ جو شاہرے پاتے تھے اُنکے برابر ہوجائین اور اسطور پر اُن دقتون کو اُٹھا دینا جنسے بشرط دوسرے افسران ہند کے استحقاق کے وہ بھی نجات پانے کے مستحق تھے نوعمر اور ناتجربہ کار سویلینون کو اُنکی معمولی خدمتین (بذات خاص اور بحیثیت افسر اعلی) سکھانا اور اس طریقہ پر اُنکے ایام ملازمت کے آغاز ہی سے اُنمین اپنا اثر پیدا کرنا جو لوگ نکلسن خواہ مینکسن صاحب کی طرح لڑائی بھڑائی کے لوگ تھے اس بات کے بھی قابل کرنے کے لیے اجو

ص ۳۹

اور بھی زیادہ مشکل اور عہدہ گورنمنٹ کے لیے اور بھی ضروری ہے) آمادہ کرنا کہ وہ کاروبار کے معاملات کو بھی دیکھین اور اپنی رپورٹین سلسلہ کے ساتھ تیار کرتے اور بھیجتے رہین۔ نکلسن صاحب باربار دیگر یا ایڈورڈس و جیمیسن صاحب ایسے لوگون کو جو بہرات مین سپاہگری کا برتاو کرتے تھے اور جنکے خیالات انصاف بھی در اصل فوجی طور کے تھے (یعنی یہ کہ جس کام مین بھڑ جاتے تھے تو اُسمین سرگرم رہتے تھے اور جسکو چھوڑتے تھے پھر اُس سے خبر نہین ہوتے تھے) ترغیب دیکر نصفت شعاری کا زیادہ تر پابند کرنا۔ اس بات کا خیال رکھنا کہ مثلاً اگر کوئی قاتل خون آلودہ ہاتھون کے ساتھ بھی سرحد آنروے تسلیم پر گرفتار ہوتا تو اُسکے لیے لازم تھا کہ گواہ طلب کیے جاتے اُسکو گواہون کے بلانے کا موقع دیا جاتا اور اُنکے اظہارات اور تجویز مقدمہ ہوشیاری کے ساتھ قلمبند کیجاتی ایسے آدمیون کو جو شل نکلسن صاحب (اُن کا نام ایک مرتبہ اور اس موقع پر بیان کیا جاتا ہے) کے اپنی بے نظیر حکمرانی اور اپنی اعلی درجہ کی فوجی قابلیت پر نازان تھے ترغیب دیکر ایسا کر دینا کہ وہ ہمیشہ اپنے اعلی افسر فوج سے صلاح لینے اور اُسکے حکم کی پابندی کرنے پر تیار رہین۔ کوٹن صاحب ایسے اولوالعزم فوجی مدبرون کو جو ہمیشہ اس بات پر تلے رہتے تھے کہ اُنکے سول اسٹیشن سے شاید پچاس میل کے فاصلہ پر جو فوجی کارروائیان ہوتی تھین اُنمین شریک ہون اس بات پر راغب کر دینا کہ عمدہ افسر کی بہترین شناخت یہ ہے کہ وہ اپنی جگہ موجود رہنے پر رضامند رہے۔ صاحبان انجینیر کو جن کے افسر رابرٹ پیپیر تھے بڑے بڑے کامون کی تعمیل کے متعلق جادۂ اعتدال کے اندر رکھنا اور اُنکو یقین دلانا کہ (اگرچہ اس بارے مین وہ خود بھی کامیابی نہین حاصل کر سکے چہ جائیکہ دوسرے اشخاص کے لیے تو اور بھی دقت تھی) اُنکے لوازم منصبی کا سب سے زیادہ ضروری حصہ یہ تھا کہ اپنے حسابات نہایت جانچ پرتال کے ساتھ ہر وقت تیار رکھین اپنے دوست گورنی صاحب پر ٹوٹ سکریٹری گورنر جنرل سے نہایت قابلیت کے ساتھ طول طویل خط کتابت ضروری اور اہم معاملات سرکاری پر کرتے رہنا تاکہ وہ تدریج لارڈ صاحب کی طبیعت کو آمادہ رکھتے اور پھر اُن چھیون کو مناسب طریقہ سے موزون وقت پر فیصلہ کے لیے پیش کرتے خود گورنر جنرل کی خدمت مین انصافانہ بلور رعایت ہر ایک ضروری عہدۂ پنجاب کے متعلق ہر ہر امیدوار کے متناقض دعوون کو پیش کرنا اور جسطرح پر ممکن ہو سکتا گورنر جنرل کو ترغیب دیکر نالائق یا کام چور یا ناشایستہ افسرون کو اپنے اصول کے مطابق جسپر وہ ہمیشہ کاربند رہتے تھے یعنی یہ کہ ایک آدمی کا خلق اللہ کے لیے ذبح کرنا اس سے بہتر ہے کہ ایک گروہ خلائق کسی خاص شخص کے لیے تباہ کر دیا جائے اُن لوگون کے نکالنے کی ترغیب دینا جو لوگ حد سے زیادہ کام کرتے اور ضرورت سے زیادہ کام کرنے پر مستعد رہتے تھے (مثلاً جان پنجر) اُنسے یہ کہدینا کہ اُنکو اپنی جان کا بچانا نہایت ضرور ہے (اس ضرورت کو اُنھون نے خاص اپنے لیے حقیقت مین کبھی

ط ۳۹۹

سنہ ۱۸۴۵ء کے ابتدا مین پنجاب کے سرحدی ضلعون کے انتظام کے متعلق جو تجویزین ہوئین اُنکے بیان مین یہ بات بھی لکھی گئی ہے کہ ہنری لارنس صاحب کو ہزارہ کا انتظام سپرد کیا جائے

جائز نہین رکھا) اور ان طریقون کا ٹھیک ٹھیک بتانا کہ انکو کیونکر کام کرنا چاہیے ڈانلڈ میکلوڈ کیطرح جو لوگ بہتر نیت سے کام کرتے تھے اور اعلیٰ درجہ کی قابلیت رکھتے تھے لیکن اپنی ناگزیر نارسائی ذہن کیوجہ سے ہمیشہ ابہام مین مبتلا رہتے تھے اور کام باقی رہتا تھا انکے صدہا کاغذات کو خود اپنی نگاہ سے دیکھ دیکھ کر طے کرنا دیسیون کو عموماً اور دیسی سپاہیون کو خصوصاً اُس بدسلوکی سے محفوظ رکھنا جو کبھی کبھی پنجاب مین بھی ظہور پذیر ہوتی تھی یعنی یہ کہ افسر لوگ انکو مارتے یا سخت وسست کہتے یا حقارت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور اس بات کو فراموش کر دیتے کہ رنگ اور قوم کے اختلاف سے بجز اسکے اور کچھ ممکن نہین ہے کہ اخلاقی جوابدہی بڑھجائے ہماری سرحد پر وحشی جرگے عرصہ تک ہمارے تحمل کرنے سے جو بیباکانہ عملے کرنے لگے تھے اور اکثر انکا کوئی تدارک نہین ہو سکتا تھا انکے انسداد کے لیے احکام کا جاری یا منسوخ کرنا یا انصاف اور اعتدال کی حد تک انکو محدود رکھنا اسطرح کے مفلس ملک مین کفایت شعاری کی اشد ضرورت ہونے کی وجہ سے زائد ماتحتون کے لیے صاحبان کمشنر اور ڈپٹی کمشنر اپنے یہان کا کام زیادہ دیکھکر جو درخواستین بھیجا کرتے تھے انکو ایک عمدگی کے ساتھ نامنظور کرنا بابت اپنے شوہرون اور مان اپنے بیٹون کے لئے جب انکی نوکری کی سعی کرتی تھین اور وہ لیاقت نہین رکھتے تھے تو انکی درخواستین خلق کے ساتھ مگر قطعی طور پر نامنظور کرنا اپنے ماتحتون پر ذہن نشین کرنا کہ مین خود ہر جنس وہر نوع کے ناجائز کام سے ترسان رہتا ہون اسلیے جہانتک ممکن ہو (یہی انھون نے خود بھی کیا تھا اور جب تک انکی صحت نے جواب نہین دیا اور ڈاکٹرون نے یہ صلاح نہین دی کہ اب انکے لیے ہندوستان مین ٹھہرنا مناسب نہین ہے اُسوقت تک وہ کام چھوڑکر کہین نہین گئے) انکو اُنکے کامون پر موجود رکھنا اور پہاڑون کیطرف جانے سے باز رکھنا (کیونکہ وہ اس بات کو سمجھتے تھے کہ ایک طور کی ناجائز طمع ہے جس مین کام اور ذرائع فراموش ہو جاتے ہین) الغرض چیف کمشنر مقرر ہونے کے بعد اول اول چند مہینے تک جن باتون کے متعلق وہ خط کتابت کرتے رہے اور جن جن ذمہ داریون کا کام اُنھون نے انجام کیا منجملہ اونکے یہ چند باتین بطور نمونہ از خروارے بیان کی گئی ہین لارڈ ڈلہوسی اور جان لکلسن سے جو خط وکتابت اُنھون نے کی صرف اُسی سے ایک جلد جمع ہو جائیگی اور ایک جلد تاریخی اور سوانح عمری کے متعلقہ حالات سے فراہم ہوگی۔ لارڈ ڈلہوسی سے اُنھون نے جو خط وکتابت کی اُسکے تمام وکمال دیکھنے سے شاید سب سے بڑا خیال انکی نمک حلالی مردانہ صاف باطنی دوراندیشی اور عالی دماغی کا پیدا ہوتا ہے اور جو خط وکتابت لکلسن صاحب سے ہوئی اس سے انکی دوراندیشی اور صبوری تحمل اور علوہمتی پیدا ہوتی ہے۔ سب سے بڑھکر تو اس بارے مین انکی ثابت قدمی ظاہر ہوتی ہے کہ گو لکلسن صاحب اُنھین کے ایسے سرکش اور خودمختار تھے مگر اپنے ذہن مین یہ سمجھ کر کہ وہ اعلیٰ درجہ کے ہوشیار صاف باطن اور جان نثار ملازم سرکار ہین اپنے دل مین گمان

ص ۴

لیا تھا کہ انکو پنجاب سے کبھی جدا نہونے دینگے۔ جان لارنس کی ایک قسم کی چٹھیون سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ اطاعت قبول کرنے پر ہر وقت تیار رہتے تھے اور دوسری قسم کی چٹھیون سے ظاہر ہوتا ہے کہ اونکو حکومت کرنے کے بڑے بڑے دعوے تھے۔ ایک سے تو نہایت ہی واجب التسلیم شہادت انکی قوت دماغی اور دوسری سے انکی عمدہ دلی صفتون کا اور بھی بین ثبوت پیدا ہوتا ہے مندرجۂ بالا مسلون کے مطابق جان لارنس نے جو برتاؤ کیا اسکی قرار واقعی کیفیت ان انتخابات سے بخوبی تمام ظاہر ہو جائیگی جو ذیل مین درج کیے جاتے ہین اور اسلیے ان چٹھیون کو تمام وکمال پڑھکر جو رائے مین نے قائم کی تھی وہ پہلے ہی درج کر دی۔ بامینہمہ میرا ارادہ ہے کہ چند چٹھیون کے اقتباسات اور درج کرون۔ گو ان سے تمام وکمال حالات کی تصدیق وتشریح نہین ہوگی مگر کچھ کچھ ضرور ہو جائیگی۔

ایک ناتجربہ کار مگر محنتی اور ہونہار سویلین مسمی جنسن دفعتًا ایک ضلع کی حکمرانی پر جسکے انتظام مین اسکے جانشین سابق نے بالکل فراموشی اختیار کی تھی مقرر کر دیا گیا اور جب اسنے دیکھا کہ اسکے کام مین بڑی بڑی مشکلین لاحق ہین تو اکثر براہ راست چیف کمشنر سے اعانت طلب کی۔ چیف کمشنر نے اسطور پر اسکو جواب لکھا

آپ سے جہانتک محنت ہوسکے جان لڑاکر کام کیے جائے اور تمام معاملات کو درست رکھے اگر اسمین آپ کو کامیابی ہوئی تو سب کے پہلے آپ کی ترقی پر خیال کیا جائیگا اور جہانتک میرا اختیار ہے اسمین کوتاہی نہوگی۔ مجھے یاد آتا ہے کہ ۱۸۳۶ء مین اسطرح مین بھی ضلع لیہ مین مقرر ہوا تھا وہان مین نے دو برس تک دنرات صبح وشام کام کیا اور اسپر بھی ایک اور شخص کو مجھپر ترجیح دی گئی بامینہمہ مجھکو جو کچھ کامیابی حاصل ہوئی وہ اسی زمانہ سے ہوئی اب آپ جو اس ضلع مین مقرر ہوے تو آپ کی بھی وہی کیفیت ہوگی.... مین اپنے مقدور بھر کوشش کرونگا کہ آیندہ سے معاملات درست رہین اور گذشتہ زمانہ کی جو شکایتین ہین حتی الامکان انکو چھوڑ دونگا خراب افسرون کو خارج کر دونگا اور ایک سرسری مگر جائز طریقہ سے جابجا نظرین قائم کر دونگا.... آپ ضابطہ اور سیاق کا چندان لحاظ نہ کیجیے جو کچھ گذرے اسکو ضبط تحریر مین لاتے جائے اور اس بات کا خیال رکھیے کہ ہر ایک کارروائی قانون اور انصاف کی رو سے عمل مین آئے.... تخفیف کے متعلق جو باتین آپ کے نزدیک معقول اور جائز پائی جائین وہ عمل مین لایے لوگون کی فریاد پر توجہ نہ کیجیے اپنی ضرورت کو دیکھیے۔ نگاہ زیادہ کی پر نہ رہے بلکہ زیادتی پر رہے یہی اصول انجام کو سچا ثابت ہوگا۔

ص ۲۶۰

نکلسن صاحب نے جو بمقام بنون جنسن صاحب کے ہمسایہ مین رہتے تھے انکی شکایتون اور شکلون سے ہمدردی نہین کی اور چیف کمشنر کو بھی اسی کے مطابق لکھ بھیجا۔ چیف کمشنر نے یہ جواب دیا کہ "جنسن واقعی شور وفریاد کیا کرتے ہین لیکن جو طریقہ وہان رائج ہے اسکے خلاف لوگ اتنے زیادہ فریادی ہین"

مجھکو منظور ہے کہ شیورانیون کے خلاف جنھون نے حال مین ہمارے ایک گانون کو آگ لگا کر لوٹ لیا ہے ایک مہم روانہ کی جاتی بامینہ مین چاہتا ہون کہ برگیڈیر (جنسن) اس مہم کی ضرورت کو تسلیم اور اس سے اتفاق راے کرین اور

گمان خواہ انکو خواہ فنسر جرالڈ صاحب کو ملے۔ میری یہ خواہش نہین ہے کہ آپ یا کوئی صاحب پہاڑون پر جائین الّا اُسوقت کہ اگر انکی لیاقت کا دوسرا افسر نہ مل سکے۔ چونکہ دونون آدمی ڈپٹی کمشنر افسر ہین اسلیے اگر اپنے اپنے ضلع ہی مین رہنا قرین مصلحت ہے اگر دونون مین سے ایک بھی مقتول یا مجروح ہوا تو اسکے نتیجے نہایت خراب پیدا ہونگے کیونکہ کل انتظام درہم برہم ہو جائیگا۔

یہ کیا ہی علا قلانہ رائے ہے جسکو شاید اُسوقت مکتوب الیہ نے پسند نکیا ہوگا۔ ایسا شخص بہت کم پایا گیا ہے جو اپنے مجروح یا مقتول ہونے کا صرف اس اعتبار سے خیال کرلے کہ ان دونون کا اثر گورنمنٹ وقت پر کیا پڑیگا اور وہ جائز طور سے اُس گورنمنٹ کے افسر سے ناراض نہو جو دونون مین سے ایک بات کرتا لیکن جان لارنس کا طریقہ ہمیشہ یہی رہا کہ وہ سرکاری خیالات کو ہمیشہ مقدم رکھتے تھے اور خانگی امور کو اُنھین کے حال پر چھوڑ دیتے تھے کہ جسطرح علی العموم ہوا کرتا ہے اُنکا خود بخود اظہار ہو جائیگا اور اگر نکلسن صاحب اُس بات پر خیال کرسکتے کہ اُنکا مختلف الرائے تربیت دہندہ ایسے وقت مین بھی اُنکی نسبت لاڈ ڈلہوسی وغیرہ کو اُنکی عمدہ لیاقتون اور بکار آمد صلاحیتون کا ذکر کن الفاظ سے کرتا تھا تو اُنکی ذاتی پاسداری بلکہ گرمجوشی کی تعریف کا اور بھی زیادہ خیال پیدا ہوتا کیونکہ اسوقت یہ خبر آئی (اور یہ ایک عمر بھر کی خبر تھی) کہ دہلی ہمارے قبضہ مین آگئی تو اُنکی ساری خوشی جاتی رہی اور آنکھ مین آنسو بھر آئے جسکی وجہ یہ تھی کہ فتح کی خبر کے ساتھ نکلسن صاحب کو ان باتون کا خیال ہوتا تو مذکورۂ بالا چٹھی اور اسیطرح کے دوسرے فقرے سے انکو اپنے افسر بالادست کے دلکا حال معلوم ہو جاتا اور جسطرح وہ اپنا حاکم سمجھکر اپنا عزیز جانتے تھے اُسیطرح اُنکے خانگی برتاؤ سے بھی اُنکی قدر کرتے۔ ص۴۰۲

ظاہرا یہ معلوم نہین ہوتا کہ نکلسن صاحب کے جواب سے اُنکے افسر بالادست کا یہ شک رفع ہو گیا ہو کہ تھوڑی ترغیب اور دینے سے وہ اپنی جوابدہی پر اس مہم کا بیڑہ اُٹھا لیتے اور جان لارنس نے پھر انکو چٹھی لکھی اگر آپ شیورانیون کی تنبیہ کرینگے تو یہ امر میری بڑی خوشی کا باعث ہوگا لیکن آپ کو ایسا بندوبست کرنا چاہیے کہ نکلسن صاحب آپ کی تدبیرون مین اتفاق کرین آپ یہ نہ سمجھیے کہ میری خواہش یہ ہے کہ آپ ایک محض قلیل سپاہ لیکر پہاڑ پر جائین یہ جوکھم ہرگز ہرگز نہ اُٹھائیگا ... مہربانی کرکے اپنے دورون کی رپورٹ حسب ضابطہ بھیجا کیجیے اگر آپ ایسا کرینگے تو مجھے زحمت ہوگی صاحب گورنر جنرل تحقیق کرتے ہین کہ جو واقعات گذرین اُنسے اطلاع دیجائے اور اُنکی یہ تاکید بیوجہ نہین ہے لیکن جب تک مجھکو

لہ یہ اشارہ بجانب اس امر کے ہے کہ ۱۳ اگست ۱۸۵۷ء کو اُنھون نے نکلسن صاحب کے بارے مین یہ لکھا تھا "مین ہجو نکلسن کو سرحد کا بہترین افسر ضلع تصور کرتا ہون اُنمین بڑی ہمت اور سطوت ہے اور ساتھ ہی اُسکے ہوشیاری اور نکاوت بھی پائی جاتی ہے۔ سرحد پر وہ بذات واحد ایک پرے کے برابر ہین۔ کیونکہ کوہستان اور نشیبی ملک مین بھی رعایا پر اُنکا نہایت رعب ہے وہ ایک بڑے عہدہ سول افسر ہین اور اپنے ضلع کے معاملات کی درستی مین اُنھون نے بہت کچھ کام کیا ہے"

تفصیلی حالات نہ معلوم ہونگے اُسوقت تک مین کچھ نہین کرسکتا۔

اسکے چندروز بعد بھی خطرہ کا اندیشہ اسیطرح قائم رہا۔

اگر آپ ضرور پہاڑون پر جائینگے تو ہرطرح سے کوشش کیجیے گا کہ پرنگلیڈیر بھی آپ کے اس ارادہ کو منظور کرلین انکی رائے کے خلاف کارروائی کرنے مین فائدہ نہین ہے پرنگلیڈیر کی حیثیت سے گو وہ کیسے ہی کیون نہون لیکن اگر کوئی ناشدنی بات ہوئی تو انکی مخالفت مین سخت نقصان ہوگا اسلیے آپ کوشش کرکے انکو اپنی تجویز پر آمادہ کرلیجیے گا اور انکی مرضی کے خلاف نہ کیجیگا۔ اگر اسمین کامیابی ہوئی تو بھی آپکی کارروائی جائز نہوگی اگر انکی رائے مین آپکے لیے زیادہ سپاہ کا لیجانا مناسب ہو تو اُنسے کہیے کہ تمان سے ایک حصہ سپاہ کا سنگوا دین اور اُنسے کہدیجیے کہ چیف کمشنر نے انکو اس بات کا اختیار دیا ہے۔ آپ یہ نہ تصور کیجیے کہ مجھکو پہاڑ پر جانے کے لیے آپ کو اجازت دینے کی جوابدہی سے خوف ہے۔ مین خوشی سے اس جوابدہی کو قبول کرتا ہون لیکن میرے نزدیک یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ پرنگلیڈیر جو سرحد کے کمانڈر ہین وہ اس تدبیر سے اتفاق رائے کرینگے گورنمنٹ نے نورنڈ کو اختیار دیا تھا اور اسیطرح مجھکو بھی دیا ہے کہ فوج کشی کی تدبیرین نہایت سخت ضرورت کی حالت مین کی جائین لیکن اگر کچھ خرابی واقع ہوئی اور ہمنے پرنگلیڈیر کی رائے کو باطل کردیا تو ان تدبیرون سے کچھ مدد نہ پہونچیگی اسلیے براہ مہربانی آپ اس بات کا خیال رکھین گے۔

ص ۴۰ پھر اسکے چندروز بعد وہ لکھتے ہین کہ آپ کی سرکاری اور خانگی چٹھیان معاملہ شیورانی کے بارے مین پہونچین اور یہ معلوم ہوا کہ ہاجسن نے حملہ کرنے مین تاخیر کی مین یہ نہین کہتا کہ فوراً کارروائی کرنیکے لیے جو آپ نے تاکید کی یہ عمدہ بات نہین تھی لیکن چونکہ ہاجسن صاحب اسکے خلاف تھے اور یہ معاملہ بالکل صیغۂ فوج سے تعلق رکھتا ہے اسلیے وہی اسکا فیصلہ کرسکتے ہین اس معاملہ مین ایک مرتبہ رائے دینے کے بعد اب مین کچھ اور رائے نہین دے سکتا میرے نزدیک یہ زیادہ تدبیر تجویز کرنے سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ لوگون کے درمیان اتفاق رہے۔

لارڈ ڈلہوزی کا یہ کنایہ بجا تھا کہ "بقاعدہ لڑائیون کے لیے نکلسن صاحب ایک اول درجہ کے افسر ہین لیکن مین بقاعدہ لڑائیون کی حکمت عملی پسند نہین کرتا"۔ اسمین شک نہین کہ اگر اقتدار اور برد باری مین جان لارنس سے کم قابلیت کا کوئی افسر اعلی فرمانروائی پر مقرر ہوتا تو پانچ سو میل کی سرحد پر اُس اشتعال کے اعتبار سے جو ہمیشہ سرحدی افسرون کو پہونچتا رہا تھا ہمیشہ بے ترتیب لڑائی ہوا ہی کرتی۔ صرف اسقدر بیان کرنا اور درکار ہے کہ یہ مہم آخر کو روانہ ہی ہوئی مگر وہ ایک معقول حد و تک محدود رکھی گئی جو کچھ اسکا مقصد تھا پورا ہوا اور جان لارنس کی کوششون سے پرنگلیڈیر اور پرنگلیڈیر کے تندمزاج ماتحت کے درمیان ناچاقی نہین ہونے پائی رابرٹ پیپر صاحب کی ذات سے جنکے خیالات نہایت اعلی تھے مگر مصارف کی پرواہ مطلق نہین تھی جسقدر مدد پہونچی اُسیقدر دشواری لاحق ہوئی جو کام اُنھون نے کیا بہت عمدہ کیا جس سے بہتر شاید ممکن تھا۔ نکلسن کیطرح

وہ بھی ہنری لارنس کی تحریک سے پنجاب مین آئے تھے اور جسوقت جان لارنس جو بقول خود "خبر رسی کی حد تک کفایت شعاری کرنے کے لیے بورڈ کے ممبر تھے" اپنے بھائی کی جگہ پر مقرر ہوئے تو یہ امر لابدی تھا کہ کچھ دوستانہ اختلاف رائے اُنکے درمیان واقع ہو پنیئر صاحب جو بیشک اپنے اعلیٰ اختیارات پر نازان تھے اور قریب قریب جان لارنس ہی کے برابر کام کرنے کے شائق تھے (اور اُنکی یہ خواہش حق بجانب تھی کہ رفاہ خلائق کے بیشمار کام جہانتک ممکن ہو بہترین طریقہ سے اور نہایت جلد شروع کر دیے جائین چیف کمشنر صاحب جو بہ ہیئت مجموعی کل صوبہ کی بہبودی اور اسواسطے اس بات کے بھی جوابدہ تھے کہ اُسکے مصارف آمدنی سے بڑھنے پاوین مجبور ہوئے کہ اسمین کچھ تامل کرین اور اس بات کی استدعا کرین کہ قبل اسکے کہ پرانے کاموں کی تکمیل نہو جائے نئے کام شروع نکیے جائین اور جو نیا کام شروع کیا جائے پہلے حسب ضابطہ اُسکی اجازت لے لی جائے اور سب سے بڑھکر یہ بات ہے کہ جسقدر کام ہوتا جائے اُسکی رپورٹین اور حسابات جہانتک ممکن ہو بتواتر روانہ کرتے رہین مجھکو یہ بیان کرنا لازم ہے کہ اسمین پنیئر صاحب کو صرف جزئی کامیابی حاصل ہوئی اور اکثر جب ہوا تو شاید سرکار کے حق مین بالکل مضر بھی نہین ہوا۔ اسطور سے پنیئر صاحب پر اُنھون نے جو بار ڈالا تھا وہ آپ ہی آپ نہ ڈالا تھا میرے روبرو جو بیشمار چٹھیون کا ذخیرہ جمع ہے اسمین اس بات کے دیکھنے سے بڑا مذاق حاصل ہوتا ہے کہ مہتمان سرکار کفایت شعاری کے لیے برابر لارڈ ڈلہوسی اور اُسکے مطابق لارڈ ڈلہوسی جان لارنس اور جان لارنس پنیئر صاحب پر جنکی عادت سے وہ بخوبی واقف تھے کفایت شعاری کے لیے تاکید کرتے تھے اور اسیطرح پنیئر صاحب بہت کچھ باطنی مخالفت اور غالباً نہایت تخفیف کے بعد اپنے ماتحتون پر جنکے حالات سے وہ بھی آگاہ تھے بڑی تاکید کرتے تھے۔ یہ وہی قصہ ہوا کہ نہ پانی سے آگ بجھے گی نہ آگ سے رسی جلیگی اور نہ رسی سے پھانسی لگ سکیگی[1]

پنیئر صاحب کے ماتحت (مثلاً الگزنڈر ٹیلر جنکے اہتمام مین پشاور کی سڑک تھی اور اُس زمانہ کے معاملات مجھ سے بیان کیے ہین) ہر روز چارون پہر اُن بڑے بڑے کامون مین جنپر اُنکی تعیناتی کی گئی تھی مصروف رہتے تھے اور اُنکو اسقدر وقت یا خیال نہین رہتا تھا کہ اپنے چیف کو کامل رپورٹ کرین تاکہ پنیئر صاحب وقت پر اونکو جان لارنس کے پاس بھیج سکتے اور جان لارنس پنجاب کی ششماہی رپورٹون مین اُنکو چھپوا سکتے یا گورنر جنرل کو صیغہ خزانہ کے متعلق جو ترددات تھے اُنکو رفع کر سکتے۔ اسلیے انجینیرون سے چیف کمشنر کو برابر پریشانی ہوتی رہی گو وہ دیدہ ودانستہ اُس پریشانی کے باعث نہین تھے اور چیف کمشنر اُنکی نسبت دلگی سے کہا کرتے تھے کہ "جب تک انجینیرون کے منھ مین ایک لاکھ روپیہ نہ بھر دیا جائیگا اسوقت تک اُنکی زبان نہ کھلیگی"۔ لیکن جیسا کہ مین بیان کر چکا ہون اس انتظام مین سرکار کا چندان نقصان نہین ہوا اور جان لارنس کو پنیئر صاحب کا جو پاس و

[1] اس موقع پر لارڈ ڈلہوسی کے ساتھ جان لارنس کی خط و کتابت کا ذکر کرنا ضرور ہے۔

لحاظ تھا اُسمین بھی کچھ فرق نہین آیا ۱۸۵۳ء مین جونیئر صاحب پنجاب کے چیف انجینیر مقرر ہوے تو اُسکا سبب یہ تھا کہ جان لارنس نے خود استدعا کی تھی اور گورنر جنرل کو بھی یہی مناسب معلوم ہوا کہ یہ عہدہ اُنکے لیے مناسب ہے۔ ۶ مئی ۱۸۵۳ء کو جان لارنس نے لکھا تھا کہ "مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ گورنر جنرل نے نیپیر صاحب کو چیف انجینیری کے عہدہ پر قبول کیا وہ ایک بڑے معقول شخص ہین اور اسمین کوئی شک نہین کہ اس عہدہ کے قابل تھے۔ الحاق پنجاب کے بعد اُنھون نے اسقدر کام کیا ہے جسکی کچھ حد و حساب نہین ہے بہتیرے آدمی ایسی مشقت مین ہلاک ہو جاتے۔ اور اُسکے برسون کے بعد جب جنگ ابیسینیا کے آثار دکھائی دیے اور جان لارنس سے پوچھا گیا کہ وہ اس مہم کی خاص کمان پر کس شخص کو مقرر کیا چاہتے ہین تو اُنھون نے جواب دیا کہ "فلان فلان انتظام بہتر معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اگر آپ چاہتے ہین کہ نہایت عمدگی کے ساتھ کام انجام ہو (اور پنجاب کی بڑی سڑک اور نہر باری دوآبہ کے لحاظ سے جو قبل اُن کے دل مین پیدا ہوا تھا بیشک اُسکے سبب سے اُنھون نے یہ کہا تھا۔) تو نیپیر کے پاس جانا چاہیے۔ چیف کمشنری پر مقرر ہونیکے پہلے سال اُنھون نے جو چٹھیان لکھی تھین اُنمین سے بعض بعض چٹھیون کے خلاصے اسبات کے ظاہر کرنے کے لیے ذیل مین درج کیے جاتے ہین کہ ہر عمل شخص کی وہ کیونکر حوصلہ نمائی کرتے تھے مستعد یا نا تربیت یافتہ شخص کی کسطرح پر مدد کرتے تھے اور فضول کی دفع کرنے اور نالائق افسرون کے نکالدینے مین کہانتک کد کرتے تھے۔

کپتان کوک صاحب کے نام ۲۰ مارچ ۱۸۵۳ء کو اُنھون نے یہ چٹھی لکھی تھی۔ کپتان موصوف ایک بڑے مستعد اور لائق افسر تھے لیکن سول کام مین اُنکو چندان تجربہ نہین تھا اور اس زمانہ مین وہ کوہاٹ کے علاقہ مین مقرر تھے۔

آپکو کوہاٹ سے اپنی رجمنٹ کے ساتھ کچھ دور آگے جانے کی جو اجازت نہین ملی تو امید ہے کہ آپ اس سے ناراض نہون گے۔ بمقتضاے طبیعت و سپہ گری سے کچھ بعید نتھا جو آپ نے یہ خواہش کی لیکن بمجرد یہی فرض ہے کہ سرکار کی بہبودی کا خیال رکھون اور اُسکے اعتبار سے ضرور ہے کہ آپ کوہاٹ مین رہین علی الخصوص اس زمانہ مین جب ایک حصہ سپاہ کے چلے جانے سے وہ مقام اور بھی کمزور ہو گیا ہے مین اسبات کو دیکھتا ہون کہ کوہاٹ یا بنون سے افسر ضلع کا چلا جانا بمنزلہ اُسکے ہے کہ پلٹن کا ایک پرا نکل جائے۔ علاوہ برین اگر آپ چلے گئے تو سول کام کیونکر ہوگا اگر آپ مقتول یا مجروح ہوتے تو آپ کی نگہ کون شخص کام کر سکیگا آپ میری نصیحت پر عمل کرین۔ "رسالہ محاسبین" کی ایک جلد منگوالین اور ہفتہ مین آدھ گھنٹہ اُسکا مطالعہ کر کے اُسکے مضامین سے آگاہی حاصل کرین اسکے بعد جب کسی امر مین آپکو شک گذرے تو رسالہ مذکور کو نکال کر دیکھ لیا کرین یا اپنے منشی سے کہین کہ وہ دیکھ لے اور اگر آپ ایسا کرینگے تو آپ کا دفتر درست ہو جائیگا اور چھ مہینے کے عرصہ مین ان تمام معاملات کے متعلق آپ خود منسٹر گرینٹ کے برابر واقف کار ہو جاینگے۔ اگر آپ ایسا نہ کرینگے تو آپ کو ہمیشہ وقت ہوتی رہیگی اور کسی کی ص ۴۰

روز آپ کا نام نالائق افسرون مین لکھ لیا جائیگا - اگر آپ سول افسر ہونا چاہتے ہین تو اس صیغہ کے فروعات سے آگاہی حاصل کرین مین نے بلاتکلف جو یہ باتین لکھی ہین اُنسے آپ ناراض نہونگے - درستی معاملات کا بہترین طریقہ یہی ہے - ان باتون کے متعلق آپ کو کارآموزی کرنا لازم ہے - نیکسن صاحب جب تک ایکی تمام ہنڈویان جاری نہ کردین یا جبتک وہ جاری نہو جائین اُسوقت تک اُنکو دم نہ لینے دیجیے مین آپ کی مدد کرونگا لیکن یہ کام عمدہ طور پر صرف اُس صورت مین مجھ سے ہوسکتا ہے جب آپ باضابطہ کارروائی کرین ... مین مستعد ہون کہ ہر ایک کام کے کرنے کا طریقہ آپ کو دکھلا کر آپ کی مدد کرون افسوس کی بات ہے کہ آپ کے کمشنر خود یہ نہین کرتے -

کپتان ـــــ کے نام ۳۱ مارچ کو اُنھون نے یہ چٹھی لکھی -

مین نے سنا ہے کہ آپ کے ضلع کے سردار لوگ آپ کے انتظام سے نہایت ناراض ہین مین سمجھتا ہون کہ اُسکے متعلق مجھکو کچھ لکھنا لازم ہے - مجھکو معلوم ہوا ہے کہ وہ لوگ آپ کے جاسوسون اور مخبرون اور عملہ والون سے نالان رہتے ہین مین بلحاظ ہون کہ آپ اس بات کا لحاظ کرینگے تاکہ لوگون کو اپنے فرائض منصبی ادا کرنے کی اسطور پر کوشش کرنا چاہیے کہ لوگون کو ضرر نہ پہونچے پاوے جاسوسون کا انتظام رکھنا ایک نہایت دشوار امر ہے - ص ۴۰۶

۱۷ - جولائی کو نیکسن صاحب کے نام لکھتے ہین کہ -

چھ سو اکاسی روپیہ ماہواری بیشک فی نفسہ کوئی بھاری رقم نہین ہے لیکن صرف یہی ایک معاملہ نہین ہے جسپر خاتمہ ہوجاتا پنشنون اور تنخواہون مین پنجاب کی آمدنی کا ایک بڑا حصہ صرف ہوتا ہے اور کوئی دن ایسا نہین آتا کہ نئے دعوے پیش نہون نتیجہ اسکا یہ ہے کہ رفاہ خلائق کے عمدہ اور مفید کامون مین خرچ کے خیال سے انکار یا سہل انکاری کی جاتی ہے - ہمارے اور بہت سے دوستون کیطرح شاید آپ بھی ایسی باتون پر خیال نہ کرینگے لیکن مجھپر ایسا خیال کرنا فرض ہے خواہ جلد خواہ بدیر اس خیال کو اور بامیمانہ باتون پر ضرور سبقت ہوتی ہے -

مین دیکھتا ہون کہ ہمارے گورنمنٹ آف ڈائرکٹرس (کمپنی مہتمان سرکار کمپنی) کی بنیاد جنگ افغانستان مین پندرہ ملین پونڈ صرف کرنے سے ہل گئی اور ہندوستان مین ترقی ملک کے لیے جو اصلاحین درکار ہین اُنکا خرچ نہ دیسکی جب تک مقدمہ ایسا ہی ضروری نہو آپ اور لوگون کو سرا رموت دینے کے لیے براہ راست چالان نہ کیجیے اور جب ایسا کیجیے تو اظہارات کا خلاصہ انگریزی زبان مین روانہ کیجیے اور اُسکو کمشنر کے ذریعہ سے بھیجے -

جس معاملہ کے متعلق اُنکا خیال نہایت ہی مضبوط تھا اور جسکے بارے مین اُنھون نے بہت سی چٹھیان لکھی تھین یعنی یہ کہ ہندوستانیون کے ساتھ انگریزی افسرون کو کیا برتاؤ کرنا لازم ہے اُس مضمون کی ایک چٹھی ذیل مین درج کی جاتی ہے - سکھون کی تیسری قومی پلٹن مین بمقام ہزارہ سخت ناراضی پیدا ہوئی تھی یہانتک کہ بلوہ ہوجانے کے آثار پیدا تھے اور تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا کہ اس معاملہ مین جسقدر سپاہی لوگ قصوروار تھے اُس سے

زیادہ افسرکان کا قصور تھا چنانچہ جان لارنس لارڈ ڈلہوزی کو لکھتے ہین کہ

کپتان ـــــ کو اسطرح کی آسان خدمت مین بھی کامیابی حاصل نہوئی اول مقامی پلٹن فی الواقع نہایت فرمانبردار اور تربیت یافتہ ہے لیکن ظاہر امجھکو معلوم ہوتا ہے کہ ایک غیر قوا عددان سپاہ کی ضروری اور نازک افسری کے لیے جو صفتین درکار تھین وہ اُنمین ہرگز نہین پائی جاتین - یہ ایک مشہور بات ہے کہ ہمارے پاس بعض انگریزی افسر ہندوستانیون سے اخلاق کے ساتھ بات چیت نہین کرتے - اگر کسی بات مین وہ ناراض ہوتے ہین تو کالا چہرہ دیکھکر بے سخت وسست کہے اُنسے رہا نہین جاتا کپتان ـــــ بھی ظاہرا اسی قسم مین داخل ہین - اڈورڈس صاحب اپنی خانگی چٹھیون مین لکھتے ہین کہ "کپتان مذکور نہایت واہیات باتین لوگون کو کہہ جاتے ہین !! کیا عجب ہے اگر وہ ہمیشہ لوگون سے اسیطرح خیال کرتے ہون - معلوم نہین پھر وہ کیونکر کہتے ہین کہ مین ہندوستانی افسرون کا بڑا لحاظ کرتا ہون - ہر طبقہ کے ہندوستانی لوگ گو وہ ظاہر نکرین مگر اس بات پر بالتخصیص خیال کرتے ہین کہ مہربانی کے ساتھ آدابانہ طریقہ کا برتنا و کرنا میٹھی بولی بولنا اپنے افسران بالادست تک عام طور پر روا رکھنا یہ سب باتین ایسی ہین جو نہایت عزیز سمجھی جاتی ہین اور شائستہ بے لوثی اور پاس آبرو سے بھی زیادہ محبوب ہین ـــ

غیر قوا عددان سپاہ کے افسرون کا جو موجودہ انتظام ہے اُسمین شائستہ یہ بڑے فائدہ کی بات ہے کہ نالایق افسر اپنی اپنی رجمنٹون کو واپس بھیجدیے جائین اور اسطور پر اُنسے نجات حاصل کی جائے - مین بہت شد ومد کے ساتھ اس امر کا ساعی ہون کہ کپتان ـــ کے ساتھ بھی یہی کیا جائے - اُنکی رائے یا طبیعت یا استقلال پر کوئی بھروسہ نہین کیا جا سکتا ـــ ص ۴۸

لارڈ ڈلہوزی کے پرپوٹ سکریٹری کو بھی اُنھون نے یہی مضمون لکھا تھا ـــ

سکھون کی تیسری پلٹن کی نسبت جو کچھ مین بیان کرتا ہون آپ اُسپر خیال کرینگے اُنکا شکست کر دینا کچھ ضرور نہین ہے مفسدون کو نکالدیجیے اور ـــــ کو پھر اُنکی سپاہ پر بھیجدیجیے اور اُنکے موجودہ عہدہ پر کوئی معقول سپاہی مقرر کر دیجیے اُسسے سب معاملات درست ہو جائینگے - کمپنی کی فوج مین اچھے اچھے افسر ہین اور اُنکے ہوتے ـــ ایسے آدمی کا منتخب ہونا بھی مناسب نتھا مجھے اندیشہ ہے کہ آپ مجھکو ایک سخت دل آدمی تصور کرینگے لیکن جب مین دیکھتا ہون کہ بُرے اوزارون کے استعمال کرنے سے کیا کیا خرابیان پیدا ہوتی ہین تو مین سمجھتا ہون کہ ان دو باتون کے کرنے مین عاقبت اندیشی درجہ اعتدال سے نہ بڑھجائیگی یعنی اول یہ کہ جو شخص کسی عہدہ پر مقرر کیا جائیگا دیکھ بھال کر مقرر کیا جائیگا اور جس شخص کی نسبت معلوم ہو کہ وہ کام کے لائق نہین ہے وہ خارج کر دیا جائیگا - مین دیکھتا ہون کہ اگر ـــــ موقوف نکر دیے جائینگے تو بڑی غلطی ہو جائیگی - میرا یہ خیال ہرگز نہین ہے کہ دیسی افسر سامنے کیے جائین اور انگریزی افسر بھجا دیے جائین لوگ کہینگے کہ تمام عزت وافتخار اُنکو حاصل ہوا اور انگریزی افسرون کو کچھ نہوا کیونکہ جسوقت کوئی خرابی پڑتی ہے تو سارا الزام ہندوستانی افسرون پر عائد کیا جاتا ہے

اب صرف اسقدر اور بیان کرنا باقی رہا کہ چیف کمشنر کو اپنی شکایتون مین کامیابی حاصل ہوئی رجمنٹ مذکور پر ایک نیا افسر کمان مقرر ہوا اور چند ہی مہینہ کے بعد رپورٹ ہوئی کہ وہانکا سب بندوبست درست ہو گیا اور وہ نا مجوز مین

بہان کمین ضرورت ہو وہ بخوبی تمام کام دے سکتی ہے۔

جب سے ہندوستان مین انگریزون کی حکمرانی ہوئی خوش قسمتی سے یہ کبھی نہین ہوا کہ کسی انگریزی افسر نے رشوت لی ہو لیکن ایک مرتبہ پنجاب مین یہ بھی ہو گیا۔ مندرجہ ذیل چٹھی مجرم کے نام لکھی گئی تھی۔

۱۶۔ جولائی ۱۸۵۲ء۔ آپ کی چٹھی مورخہ ۱۴ جولائی پہونچی افسوس ہے کہ اسکا جواب مین لکھ رہا ہون اسکے سوا سرکاری طور پر اور کچھ تحریر نہین کر سکتا۔ مجھے حقیقت سی کرنا معلوم نہین ہے اور اگر معلوم بھی ہوتا تو مین آپ کی مدد نہ کرتا۔ مقام حیرت ہے کہ آپ کے لیے سب سے آسان طریقہ یہ تھا کہ مسٹر جے۔ پی گرنیفٹ کو لکھتے اور آپ گورنر جنرل کی امداد چاہتے ہین۔ آپ تسلیم کرین کہ آپ ایک احمق اور پاگل شخص ہین اور خود اپنی زبان سے کہین کہ جیسا مین نے کیا ہے اسکی پاداش کے لیے تیار ہون۔ مین دیکھتا ہون کہ سوائے اسکے آپ کے لیے اور کوئی چارہ نہین ہے۔

یہ ایک نہایت افسوس کی بات ہے۔ مین اس مصیبت مین آپکو اور رنج دینا نہین چاہتا لیکن جب سے مین نے سرکاری ملازمت اختیار کی ہے مین نے کبھی نہین سنا کہ کسی سولین نے رشوت دی یا لی ہو۔ آپ نے اپنی ترقی کے بارے مین جیسے سہی کیون نہ کرائی۔

آپ کی مدد کے لیے میرا کوشش کرنا بیکار ہے۔ آپ نے جو غلطی کی ہے اسکا علاج سوائے اس کے اور کچھ نہین ہے کہ اسکی پاداش اٹھائے اور سر پیٹ پیٹ کر روئے۔

اسپنے بڑے پہاری دوست جان لارنس کو جنھون نے حال ہی مین سول کام کرنا شروع کیا تھا وہ اپنی معمولی طرز تحریر کے خلاف ایک عجیب عبارت سے لکھتے ہین کہ آپ زیادہ کام نہ کیجیے بلکہ کم کیجیے چنانچہ اسی بات سے مین اسکے خبر سے جملہ اس مقام پر محول کرتا ہون۔

امرتسر۔ ۲۲۔ اپریل ۱۸۵۳ء

آپ کی چٹھی مورخہ ۲۰۔ اپریل پہونچی جب ہمارا گذر اسطرف سے ہوا تھا تو ہم بہت خوشی سے چاہتے تھے کہ آپکی ملاقات ہو لیکن آپ کی تجویز کچھ اور ہوئی جسکو ہم پسند کرتے ہین۔ مجھے اندیشہ ہے کہ بٹالا مین آپکی زندگی بڑی بے لطفی سے کٹتی ہوگی اور کام کا بار آپ پر نہایت ہی گران گذر رہا ہوگا۔۔۔۔ آپ حد سے زیادہ مشقت نہ کرین اور اکثار نہ ہونے دین۔ اپنا کام تقسیم کر لیجیے اور سب کا حصہ علیحدہ علیحدہ مقرر کر دیجیے۔

بنیرچ صاحب کی تبدیلی عین وقت پر ہزارہ کو کر دی گئی اور انھون نے اپنے تین ہمبس ایبٹ اور ہربرٹ علاقہ دورہ کا بہت اچھا جانشین ثابت کیا وہ اپنے کام سے سخت عاجز تھے اور انکے اعلیٰ افسر یعنی چیف کمشنر جو انکی مشکل اور لیاقت کا حال خوب جانتے تھے اسی رنگ مین اس امید پر کہ وہ کوئی چارہ کار تلاش کرینگے لکھتے ہین۔ انھون نے اپنے کام کرنے کی قوتون مین سرسری طور پر جو باتین لکھی ہین وہ سوانح عمری کے مذاق سے

خالی نہین ہے۔

۱۶۔ مارچ ۱۸۵۴ء۔

مین نہین سمجھتا کہ دو آدمی کیونکر آسانی کے ساتھ ہزارہ کا کام نہین کر سکتے۔ مین جانتا ہون کہ آپ بڑی شقت کرتے ہین شاید حد سے زیادہ کام آپ انجام کرتے ہین اور اسمین تو کوئی شک نہین کہ جسقدر محنت کرنے مین آپ تندرست رہسکتے ہین اس سے زیادہ محنت کرتے ہین۔ ایسے کام مین تاخیر ہونے کے بدلے مین ہمیشہ یہ سمجھا کیا کہ اسقدر زمانہ مین پس ماندہ کام کا نام بھی نرہیگا جب مین افسر ضلع تھا تو اقل درجہ سال مین چھ مہینے دورہ پر رہتا تھا اور اسپر بھی ہر کام انجام کرلیتا تھا اور ہر ایک بات کے لیے مجھکو وقت رہتا تھا مین نے بندوبستون کی تکمیل کی حدود کے فیصلے کیے اور معافی اور فوجداری کے مقدمات طے کیے مجھے پسند ہے کہ آپ کو اپنے اوپر بھروسہ نہین ہے اور اگرچہ آپ ہمیشہ عجلی کیطرح پسائی کرتے رہتے ہین اوپر بھی قطعی فیصلہ کے وقت آپ تعویق کرتے ہین۔ یا تو ایبٹ صاحب نے باقی کام ڈالدیا ہے جسکی مجھکو اطلاع نہین ہے یا پیرس صاحب اپنے حصہ کا کام انجام نہین کرتے کمین نہ کمین تساہلی ضرور ہوئی ہے۔ ہزارہ ایک کوہستانی ملک ہے جسکی آبادی نہایت گنجان ہے اور تجارت بہت کم ہوتی ہے اس سبب سے میری سمجھ مین نہین آتا کہ ایسے مقام پر کام کیونکر بڑھیگا۔ مین ایک طور سے مگر اصل مین آغاز گست سے اسوقت تک دورہ پر رہا اور میرے دفتر کا کام جیسا اسوقت مرتب ہے ویسا کبھی نہین رہا۔ مین یہ اپنی شیخی جتلانے یا اپنی محنتون کو ظاہر کرنے کے لیے نہین لکھتا ہون بلکہ یہ مین نے اسلیے لکھا ہے کہ آپ غور کرین اور بعد غور کرنے کے یہ دریافت کرین کہ غلطی کا سبب کیا ہے لکلسن صاحب بیان ہین وہ ایک اول درجہ کے دوار مین ضلع بہت عمدہ حالت مین ہے

ص ۴۰۰

اپنی چیف کمشنری کے اوائل ایام مین جان لارنس نے اپنے ماتحتون کے ساتھ جو برتاؤ کیا اسکے بیان کی تکمیل کے لیے مین ذیل مین ایک ایسے شخص کی سخت مگر دوستانہ نکتہ چینی کی کیفیت درج کرتا ہون جسکو شاید وہ اپنے تمام دوستون سے زیادہ عزیز سمجھتے تھے۔ (یہ وہ شخص ہے جس سے عنقریب آنسے واسطہ قریب پیدا ہونے والا تھا کیونکہ اوٹرم صاحب کی جگہ عہدہ فینانشل کمشنری پر اسکی تقرری ہونے والی تھی ایام غدر مین جان لارنس کے ساتھ باہمی اتفاق سے وہ کام کرنے والا تھا اور اسکے بعد جب جان لارنس وزیر ہوے تو عہدہ لفٹنٹ گورنری پنجاب کے لیے انھون نے اسکی سعی کی) اور وہ شخص سر ڈانلڈ میکلیوڈ صاحب ہین۔ جان لارنس اسکی نیک بختی کیوجہ سے اسکو بہت عزیز سمجھتے تھے اور ایسی حالت مین جب جان لارنس کو دوکہ شے کام کرنا پڑتا تھا خوشی سے صاحب موصوف کا کام اپنے ہاتھ مین لیکر اسکے تمام کاغذات خود دیکھ ڈالتے تھے۔ صاحب موصوف کا وہ بیان نہایت دلچسپ ہے اور اسکی عمدگی اور صداقت سے جسقدر خود میکلیوڈ صاحب اتفاق کرنے کے لیے تیار تھے اسقدر کوئی شخص نہوگا۔

یکم اگست ۱۸۵۳ء

پیارے اڈورڈس صاحب۔ مین ڈانلڈ میکلیوڈ صاحب کو پچیس برس سے جانتا ہون اور انکی خوبیون اور قابلیتون کو اُسیقدر عزیز جانتا ہون جسقدر اور کوئی شخص جانیگا اخلاقی اور دماغی قوت مین پنجاب بھر مین کوئی ایسا شخص نہین جو انسے بڑھا ہوا ہو شاید انکے برابر کوئی نہو گا۔ لیکن بہ حیثیت منتظم انکا کنبرا ڈنسٹن صاحب رکنیس صاحب بلکہ بارنس صاحب سے بھی گھٹا ہوا ہے وہ جلا دینے کے بڑے شایق ہین اور جسقدر تجویز کرتے ہین اُسقدر تعمیل اُنسے نہین ہوتی ہے غیر ضروری معاملات مین اُنکا وقت بہت صرف ہوتا ہے جسقدر وقت وہ کسی بھاری مقدمہ مین صرف کرتے ہین اُسیقدر وہ چھوٹے معاملہ مین بھی صرف کرتے ہین انکی کمشنری مین کسی لیاقت اور علم والے آدمی کے لیے راستبازی اور دیانت داری سے چھ گھنٹے روز بھی کام کرنے کو نہین ہے۔ مجھکو وہان کے حالات اسوجہ سے معلوم ہین کہ مین اُس زمانہ مین تین برس تک وہان کا کمشنر رہا جب پہلے پہل ہر ایک چیز کا ڈھانچہ باندھتا تھا۔ اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ پہلے ہمکو کیفیت اور کمیت مین امتیاز کرنا چاہیے۔ جب تک ہم دونون کا خیال نہ کرینگے اُسوقت تک آخر مین ضرور ناکامی ہوگی۔ بہت سی باتین ایسی ہین جنکو ضابطہ کے ساتھ اور ایک وقت معین کے اندر انجام کرنا ہوتا ہے۔ عمدہ اور لائق منتظم اپنے اوقات کا اسطور پر انضباط کر لیتا ہے کہ تمام کامون کو انجام کر سکے۔ جہان تک وقت بچ سکتا ہے وہانتک وہ ضرور بچاتا ہے اور جب اُسکو محنت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تب محنت کرتا ہے اڈمنسٹن صاحب مین دماغی قوت اُسقدر نہین ہے جسقدر ڈانلڈ صاحب مین ہے انکو رعایا کے دستور و عادات سے بذات خاص آگاہی نہین ہے لیکن پابندی اور انضباط اوقات اور اپنی محنت شاقہ کے ذریعہ سے انھون نے ڈانلڈ صاحب کا سہ چند کام کیا اور فی الجملہ جو کچھ کیا اچھا ہی کیا۔ کوئی خاص مقدمہ شاذ و بہت اچھا نہ کر سکینگے لیکن جتنی دیر مین وہ سو معاملے طے کر دینگے اور لوگ دس بھی نہ کر سکینگے اور اُسپر بھی اُن دس والون سے اچھا کرینگے۔ ڈانلڈ صاحب اپنا آدھا دن رنگین نیم سرکاری چھیون کے لکھنے مین صرف کرتے ہین دن بارہ چھیان ہاتھ گھسیٹ ڈالتا ہون اور اسپر بھی پورا گھنٹہ صرف نہین ہوتا جو رنگینی انکی چھٹی مین ہوتی ہے وہ تو بیشک انمین نہین ہوتی لیکن مطلب ادا ہو جاتا ہے اور جو ضرورت ہے وہ رفع ہو جاتی ہے۔ اڈمنسٹن رکنیس اور بارنس صاحب نے میکلیوڈ صاحب سے زیادہ کام بندوبست کے متعلق انجام کر ڈالا ہے ملک کی آمدنی زیادہ آدمیون کی تقرری کا خرچ ادا نہین کر سکتی۔ کمو لازم ہے کہ یا تو تنخواہین کم کر دین اور جو آمدنی اسطرح بڑھے اُس سے اور لوگ مقرر کرین یا اسطرح کے ڈانلڈ مون سے زیادہ کام انجام کرائین دفتر کا تفرق کام جو کچھ ہوتا ہے اُسکا انجام کرنا میر منشی کو جو ایک تعلیم یافتہ شخص کی تنخواہ پاتا ہے لازم ہے۔ اگر کوئی تجربہ کار شخص تو وہ ایسے آدمی کو ایک مہینہ بھی اپنا میر منشی نہ رکھتا۔ ڈانلڈ صاحب شکایت کر رہے ہین مگر اُسکو رکھے ہوے ہین۔ گذشتہ تین سال کی انتظامیہ رپورٹ انھون نے ابتک نہین بھیجی ہے اور کئی سو مقدمات اپیل زیر دوران ہین انمین بعض بعض مقدمات چار چار برس کے ہین۔ بعض بعض لوگ جیلخانہ مین ایک ایک سال سے پڑے ہوے ہین اور اُنکے مقدمات ابھی تک ملتوی ہوئے ہین۔ نظم و نسق مین بس اس ضرب المثل پر عمل کرنا چاہیے کہ "سمجھ سے سوم بھلا جو سوچے وسے جواب"۔ ڈانلڈ صاحب

ص ۴۱۴

۱۸۵۲ء مین گورنمنٹ ہند نے ترقی دی

نے ملک مین کام کرنے کے لیے موزون نہین ہین جان اُنمین سب اوصاف ہین وہان برائیان بھی بہت بھاری بھاری ہین مین یہ باتین دیکھتا ہون باوجودیکہ مین اُنسے محبت رکھتا ہون بس اب اسکے سوا اور کچھ نہین کہہ سکتا ہون -

پنجاب یا مضافات پنجاب مین جان لارنس کی چیف کمشنری کے اول دو برسون کے زمانہ مین ایک جھگڑا تو بہاولپور کی متصل ریاست کی جانشینی کا ہوا اور دوسرا معاملہ یہ واقع ہوا کہ نیکلسن صاحب پشاور مین مارگئے سوائے اسکے اور کوئی سانحہ ایسا نہین گذرا جسمین پولیٹیکل پیچیدگیان واقع ہوئی ہون اب دیکھنا چاہیے کہ ان دونون معاملات کے متعلق اُنھون نے کیا برتاو کیا - بہاولپور ایک وسیع علاقہ دریاے ستلج کے دکن جانب پنجاب اور راجپوتانہ کے درمیان واقع ہے اس ریاست نے ۱۸۰۹ء ہی سے ہماری اطاعت قبول کرلی تھی لیکن اپنے اندرونی معاملات کو اُسنے ہمیشہ آزاد رکھا - نواب بہاولپور نے جو ۱۸۵۲ء مین قضا کرگئے سکھون کی دوسری لڑائی کے زمانہ مین ہماری بڑی عمدہ خدمتین انجام دی تھین اور خاص انھین کی استدعا سے ہمنے اس بات کو منظور کرلیا تھا کہ یہ محمدی اُنکے خلف اکبر حاجی خان کے اُنکے تیسرے بیٹے سعادت خان مسند ریاست پر بٹھائے جائین - چونکہ انگریزون کے تعلق سے انسانیت کے خیال کو بیشک مزید تقویت ہوئی اسلیے وہ نوبت نہین آنے پائی جو خالص ہندوستانی ص ۴۱۱ وہارون مین ہوا کرتی ہے اور بڑے بھائی کی جان بچگئی صرف مقید ہونا پڑا - مگر وہ بہت جلد نکل گیا اور خانہ جنگی شروع ہوگئی صاحب چیف کمشنر نے پہلے تو یہ قصد کیا تھا کہ چھوٹے بھائی کی مدد کرکے وہ فسادات نہ پیدا ہونے دین جو غالبًا پھیلتے پھیلتے اضلاع متصلہ پنجاب تک پہونچ سکتے تھے لیکن جب اُنھون نے دیکھا کہ داؤد پوترا فرقہ کے لوگ جو ملک بھر مین سب سے زیادہ سربرآوردہ تھے بڑے بھائی کے طرفدار ہین تو براہ دانشمندی اور بمصلاح لارڈ ڈلہوزی اُنھون نے اس معاملہ کو اسکے حال پر چھوڑ دیا (جیسا کہ عموماً مشرق مین ہوا کرتا ہے) کہ جو شخص سب سے زیادہ لایق ہو وہ مسند حاصل کرے - بڑے بھائی کو کامیابی حاصل ہوئی اسکے بعد چیف کمشنر نے صرف یہ وجہ نکالکر کہ کسی آدمی کا خون نہ ہونے پائے دست اندازی کی اور چھوٹے بھائی کو مقید یا ہلاک ہونے سے بچاکر اس خیال سے اسکو لاہور مین پناہ دی کہ وہ پھر اپنا دعوی تازہ نکرسکے - گو یہ ایک چھوٹا معاملہ تھا لیکن بڑی ہوشیاری سے اُسکا بندوبست کیا گیا اور میرے نزدیک اگر دست اندازی نہ کی جاتی تو نتایج بہت خراب پیدا ہوتے کیونکہ قرب وجوار کی دیسی ریاستون کے متعلق اس زمانہ سے جان لارنس کی حکمت عملی کا جو یہ اصول مقرر ہوگیا تھا کہ ایک معقول طور سے اُنکے اندرونی معاملات مین دست اندازی کرنے سے احتراز کیا جاے اُسکی یہ پہلی مثال تھی چنانچہ بعد اسکے وہ برابر اسی اصول پر قائم رہے حتی کہ ایسے وقت مین بھی اُسکی عملدرآمد کی جب لوگ آپہنچ بہت آسانی سے مضحکہ کرسکتے تھے اور اُن لوگون کی سخت مخالفت کا اندیشہ تھا جو متواتر فوجکشی یا غیر ضروری لڑائیون سے سرحد کے اُس پار فتور برپا کرکے ہماری سرحد ہندوستان کو مستحکم یا محفوظ رکھ سکتے ہین چنانچہ شیر علی اور امارت افغانستان کے

مخالف دعویداروں کی نسبت اُسی حکمت عملی کا برتاؤ ہوا۔ اس معاملہ مین دست اندازی نکرنے کی حکمت عملی سے جان لارنس نے جنگ اور جنگ سے بھی بڑھکر اس خرابی کو واقع ہونے دیا کہ وہان کی رعایا کے خلاف اُنپر زبردستی کوئی حاکم مقرر کیا جائے۔ اگر اسکے خلاف کسی حکمت عملی پر اُنھون نے عمل کیا ہوتا اور گورنمنٹ انگلستان اور گورنمنٹ ہندوستان نے اُس حکمت عملی کو بحال رکھا ہوتا تو معلوم نہین اُسکے بیشتر اُنکو کتنی سرحدی لڑائیون مین مبتلا ہونا پڑتا قرب وجوار کی مسندون پر بہتیرے کٹھ پتلے بٹھائے اور اُسکے بعد اُتارے گئے ہوتے۔

ہماری مغربی سرحد کے جرگون سے (جسکی وجہ کچھ تو شاید یہ تھی کہ ہمنے اُنکے ہولناک ظالمون یعنی سکھون کو زیر کیا تو اس سے وہ ڈر گئے اور کچھ وجہ یہ بھی ہے کہ ہمنے جو اُنکے معاملات مین دست اندازی نہین کی تو وہ متحیر اور مطمئن تھے) اُنکے ملک اور اُنکی کل توانائی کے اعتبار سے جسقدر نقصان پہونچنے کا ہمکو گمان تھا اُس سے کم پہونچا۔ اور غیر مہذب لوگ اکثر تحمل اور اعتدال (یہ وہ صفتین ہین جو خود اُنمین بہت کم پائی جاتی ہین) کو ایک قسم کی کمزوری پر محمول کرنے لگتے ہین چنانچہ ہمارے اعتدال کا اصل سبب اُنکو اُسوقت دریافت ہونے لگا جب مختلف جرگون کو ہماری سرحد پار آنے اور ہمارے مواضعات لوٹنے کے بدبخت نقصان اُٹھا کر یہ بات پایہ تحقیق کو پہونچ گئی کہ مداخلت اور مدافعت دونون کے لیے ہمارے سرحدی تھانے اور سرحدی سپاہ کافی صلاحیت رکھتی ہے یہ ایک صحیح اور دانشمندانہ اور معقول حکمت عملی تھی جو ہماری کمزوری کے علم پر نہین بلکہ قوت کے علم پر مبنی تھی۔ اسطرح کے اکثر حملون مین حملہ آورون کی زجر و توبیخ اسطور سے کردی گئی کہ جان و مال کا نقصان بہت کم ہوا لیکن پشاور کے تین طرف چونکہ مخالف یا حال مین زیر کیے ہوئے جرگے رہتے تھے اس سبب سے وہان کے معاملات ابتک تردد کے قابل تھے جان لارنس نے یکم ستمبر کو لکھا کہ۔

پشاور کی کیفیت ویسی نہین ہے جیسی دوسرے مقامات کی ہے۔ مقام نہون شاید اس سے مستثنی ہے ان دونون ضلعون مین تمام لوگ آبائی ڈاکو اور خونخوار بستے ہین اس قسم کے لوگون کا کوئی ایک فرقہ نہین ہے جس کا ہم تدارک کرین بلکہ عموماً سب کی یہی کیفیت ہے۔

یہ چٹھی ابھی پوری لکھی بھی نگئی ہوگی کہ ناگہان خبر آئی کہ کمشنر پشاور جو ایک اول درجہ کے سپاہی ایک بڑے عہدہ پر لیفٹیننٹ کرنل افسر تھے خود دھوکے سے مار ڈالے گئے۔ وہ اپنی کوٹھی کے برآمدہ مین جہان ایک سنتری کا بھی پہرا نہین تھا بیٹھے تھے اتنے مین ایک شخص جو موچی تھا ایک درخواست لیے ہوئے آیا اور جب وہ اپنی یہ درخواست پیش کرچکا اور وہ اُسکی درخواست پڑھنے لگے تو اُسنے ایک پیش قبض مار کر اُنکا کام تمام کردیا۔ اس سانحہ سے جو کھلبلی مچی اُسمین لوگون کو یہ خیال پیدا ہوا کہ امیر کابل کے اغوا کرنے سے آخر دست اس قتل کے بانی ہوئے۔ اور معلوم نہین کسقدر دوسرے صاحب اختیار لوگ اس سازش مین شریک تصور کیے گئے۔ پشاور

کی چھاونیون اور اسٹیشن مین جو غیر فوجدار مدبران ملک رہتے تھے وہ سب یہی تذکرہ کرتے تھے کہ ان تمام لوگون کے خلاف ہمین بھی جانیگی - کمشنر کی جگہ پر جنیں صاحب قائم مقام کمشنر پشاور مقرر ہوئے انھون نے بغیر اسکے کہ عدالت کے کسی ضابطہ کی پابندی کرتے قاتل کو سزاے موت کا مستوجب قرار دیدیا - فوجی حکام نے ذیرآباد سے راولپنڈی اور راولپنڈی سے پشاور کو فوجون کی روانگی کا حکم دیدیا اور قبل اسکے کہ وہ منازل مقصود پر پہونچے یا تین اُن احکام کو منسوخ کرکے برعکس احکام جاری کیے جس سے عوام مین اور بھی تردد و انتشار پیدا ہوگیا - ایک امر یہ دریافت یا قیاس کیا گیا کہ باغیون کی سازش کی ہے کہ جب حفاظت کی فوج نہ رہے تو راولپنڈی کی چھاونیون پر قبضہ کرلینا چاہیے اور نادر خان جو راجہ سندلا کا ایک باغی پیرو تھا پہاڑیون کو جمع کرنے کے لیے کوہستان کی طرف بھاگ کر چلا گیا - لیکن جان لارنس جو اتفاق سے شملہ مین تھے اسیطرح ثابت قدم رہے واپسی ڈاک پر جنیں صاحب کی سخت چشم نمائی کی کہ انھون نے ضابطہ کی پابندی نہین کی اور عوام کے دل مین جو دہشت سمائی تھی اُسین وہ بھی لگے قاتل کی نسبت حکم دیا کہ جب تک قانونی ضابطون کی عملدرآمد اور اس بات کی کوشش نہوے کہ اُسکے جرم مین اور لوگ تو شریک نہین تھے اُسوقت تک اُسکو پھانسی نہ دیجاے - پشاور اور نواح پشاور کی نسبت تجویز کیا کہ جو تدبیرین ضرور معلوم ہون عمل مین لائی جائین اور جسطرح اُنکو بذات خاص یقین ہوچکا تھا اُسیطرح دوسرے اشخاص کو انھون نے یقین دلایا کہ جس حالت مین پشاور خود ہی تعصب کا سرچشمہ ہورہا ہے تو اس بات کا خیال کرنا بالکل فضول ہے کہ اس معاملہ مین کابل یا سوات کی طرف سے تحریک ہوئی - مقدمہ کی تحقیقات حسب ضابطہ ہونے کے بعد قاتل کو پھانسی دیگئی اور جان لارنس کی تجویز سے اُسکی لاش جلا ڈالی گئی اور خاکستر ہوا مین اوڑا دی گئی تاکہ مقتول کا مدفن زیارت گاہ نہونے پائے اور اسطور سے قرب وجوار کے غیر مہذب جرگے تازہ کشت وخون کے مرتکب نہونے پائین سول پر جاکر اُسنے جو اقرار کیا اُس سے چیف کمشنر کی اس راے کی تائید ہوگئی کہ اُسنے یہ فعل کسی کے اغوا کرنے سے نہین کیا تھا اور اُدورزئی ٹھاروں نے اپنی مستعدی اور ہمت سے نادر خان کا تعاقب کرکے قبل اسکے کہ کوہستان پر کوئی بلوہ واقع ہو اُسکو گرفتار کرلیا اسمین ایک گولی بھی اُنکے گلے پر پڑگئی جو ایک دشمن نے کمینگاہ مین بیٹھکر ماری تھی حفاظت کی دوسری تدبیرین جو کی گئی تھین اُنکا بھی معقول نتیجہ پیدا ہوا اور جس کھلبلی سے کچھ دنون تک بدنامی اور خطرہ پھیلا رہا تھا وہ اُسیطرح جلد جاتی رہی جسطرح اُٹھا ظہور ہوا تھا -

لیکن مکنیسن صاحب کے مارے جانے سے تردد کرکی جو کیفیتین دریافت ہوئین اور اُسکے بعد جو نتایج ظہور پذیر ہوے اُن سب کا خیال کرکے جان لارنس نے قصد کیا کہ خود پشاور کو جائین اور دریافت کرین کہ اس زمانہ کے دو برس پیشتر جو تدبیرین انھون نے بتائی تھین اُنکی کہانتک تعمیل ہوئی ہے - ان تدبیرون سے بہت اچھی طرح پر امید کی جاسکتی تھی کہ جان ومال کی حفاظت ہوجائیگی اور رعایا ہماری حکومت کو پسند کرنے لگیگی

ص ۱۳۱

پشاور جانے سے ایک امر یہ بھی انکو مقصود تھا کہ جہانتک ممکن ہو سکیگا نئے کمشنر کو اپنی راہ پر لائین گے چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ

مینکنسن صرف پولیٹکل اور فوجی معاملات کو دیکھتے تھے سول انتظام سے جو ہر گز انکی سمجھ مین نہین آیا لاپروائی کرتے تھے۔ انکی نگاہ ہمیشہ سرحد کے اُس پار ہی رہتی تھی اور اندرونی انتظامات سے گویا انکو واسطہ ہی نتھا۔ ص ۴۱۱

ملک کے لوگ بھی اونکا فرمبتے ہین اگر انکے لیے امن و امان اور حفاظت کا انتظام نکیا جائیگا تو وہ کیونکر ہماری حکومت کو پسند کرینگے گو یہ ضروری اور ممکن بھی نہین ہے کہ جسطرح اندرونی ملک مین جلا رہتی ہے اسی طرح سرحد پر بھی رہے لیکن بہ نسبت اور مقامات کے ایسی جگہ کے لیے زیادہ زبردست اور ہوشیار افسر عامل درکار ہے کیونکہ غفلت کے نتائج اور بھی زیادہ مہلک اور مضرین ۔۔۔۔ میرے نزدیک ہلوگون کی غلطی یہ ہے کہ ہم نالائق لوگون کو چھاونیون کی کمان پر مقرر کرتے ہین اور بعد اسکے دستی معاملات کے لیے عمدہ سپاہیون کو سول انتظام کے کام پر تعینات کرتے ہین۔ اسطور پر دونون محکمے تباہ ناس ہوتے ہین پشاور کی کمان پر کمشنر کمشنر یا ڈپٹکیشن متعلقہ رجنٹ حضور بلکہ منطقہ نبرا کو دیجیے وہان کے فوجی انتظام کو ترمیم کر کے درست کیجیے بلکہ از سر نو دوسرا انتظام مناسب کیجیے۔ پاہ کو کوہستان پر کام کرنے کے لیے مسلح ادلیں کیجیے پہاڑیون مین سے جو فرقہ جسوقت کوئی بدعنوانی کرے فوراً اسکی تنبیہ کیجیے اور اپنے سول افسرون کو آمادہ کیجیے کہ وہ نہایت محنت اور جانفشانی سے انتظام ملک مین مصروف رہین۔ جب یہ سب باتین ہو جائینگی تو جرگے خود مغلوب اور رعایا خوش ہو جائیگی اور ہر جگہ کے لوگ ادب مانین گے۔ لیکن جو کیفیت اسوقت ہے اس سے نہ تو ہمارے دشمن ہمارا رعب مانتے ہین اور نہ رعایا ہمارا ادب کرتی ہے۔ نیکلسن صاحب مین جو اعلی صفتین تھین مجھسے بڑھکر انکا معترف کوئی شخص نہوگا لیکن کام اُنکے کیے نہین ہوتا تھا۔ اگر کسی معمولی امر کی نسبت اُنسے استفسار کیا جاتا تھا تو جب تک پانچ مرتبہ سرکاری طور پر اور تین مرتبہ نجاتی طور پر انکو یاد نہین جاتی تھی اُسوقت تک جواب نہین آتا تھا ہر ایک کام پس ماندہ پڑا رہتا تھا ملک کے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ ہمارے معاملات پر کبھی خیال ہی نہین کیا جاتا اور اُسپر بھی لوگ تعجب اور تاسف کرتے ہین کہ رعایا ہماری حکومت پسند نہین کرتی ہے۔

اب اسوقت سب سے ضروری مسئلہ فوراً تجویز کرنے کے لیے یہ تھا کہ پشاور کا نیا کمشنر کون مقرر ہو۔ لارڈ ڈلہوزی اپنی رائے کے امیدوار رکھتے تھے اور چیف کمشنر نے حال مین جب کئی مرتبہ اس معاملہ کے متعلق سفارشین کین تو اُسکے جواب مین جیسا کہ خود چیف کمشنر خوشی سے کہا کرتے تھے "بادشاہون کا صیغہ لفنی" استعمال کیا گیا لیکن یہ ایسا موقع نہین تھا کہ جان لارنس خاموش رہتے اور اپنی ساری گرمجوشی اور ثابت قدمی صرف کر کے انھون نے بڑے شدومد کے ساتھ پشاور کے لیے ہربرٹ ایڈورڈس اور ہزارہ کے لیے جان نیچر کے دعوے گورنر جنرل کے روبرو پیش کیے۔

جواب یہ آیا کہ اچھا اب وہ مقرر ہو سکتے ہین لیکن یہ بخوبی سمجھ لیا جائے کہ انکی تقرری صرف عارضی طور کی ہوئی ہے لیکن جان لارنس خاموش رہنے والے نہین تھے اور انکا جواب کئی باتون کے لحاظ سے نہایت دلچسپ ہے یعنی اول تو اپنے ماموراتحت کے بارے مین انھون نے آزادانہ رائے ظاہر کی تھی جو ازروے نتیجہ اسقدر صحیح ثابت

ص ۴۱۵ ہوئی۔ دوسرے ایک اور امر اُس سے ظاہر ہوتا ہے جو میرے نزدیک سابق مین کبھی مشتہر ہوا ہم نہوا ہوگا اُس اصل ہی شخص کو معلوم تھا بلکہ اُسکے سوانح نگار کو بھی معلوم نہین ہوا یعنی یہ کہ کمشنری پشاور کے لیے لارڈ ڈلہوزی کا امیدوار ایک اور بھی زیادہ نامی گرامی شخص جسکو رستم ہندوستان کہنا چاہیے یعنی سر ہنری لارنس متوفی تھے۔ اس تقرری مین بہت سے بدیسی امور حائل ہوتے تھے جنکے ظاہر کرنے مین جان لارنس قاصر نہین رہے۔ لیکن اس امر سے اُن لوگون کو ضرور حظ حاصل ہوگا جو حقیقت حال سے واقف تھے اور یہ تصور کرسکتے تھے کہ اگر سرحد سندہ کا سب سے زیادہ نامی "فوجی مدبر" پنجاب کے اس خطرناک عہدہ پر متقل اور پنجاب کے اُس عظیم الشان سوبلیین کے زیر حکومت کیا گیا جو ایسا قوی دل سپاہی تھا تو دونون آدمیون اور دونون صوبون کے حق مین کیا نتیجہ پیدا ہوگا۔ مثلاً کیا سر ہنری لارنس اُس امر کی تکمیل یا خواہش کرسکتے کہ سرحد پنجاب کی حکمت عملی مین کوئی ایسا امر داخل کیا جاتا جو سندہ مین مناسب معلوم ہوا تھا کیا وہ اس بات کے قابل ہوسکتے کہ اپنی جانب سے مداخلت کرکے لڑائیان نہ لڑتے اور نا تربیت یافتہ آفریدیون اور مہمندون پر اُسیطرح کا رعب قائم کردیتے جیسا بلوچیون اور بہلیون پر جو بنسبت اُنکے زیادہ فرمان پذیر اور صلح پسند تھے اُنھون نے قائم کیا تھا۔ بالآخر کیا دیسی شاہزادون اور ہر مقام کے دیسی خاندانون کا محافظ پھر انپر وہی تلوار علم کرتا جو ہنری لارنس نے اپنے ہاتھ سے رکھدی تھی اور اسکی روائی سے بوڑڈ کی کوششون کی ضرورت از سر نو پیدا کردیتا یا اپنے نئے مالک کے اعتدال آمیز خیالات کی تائید کرکے اتفاق کے ساتھ اُنکی شرکت مین کام کرسکتا۔ ۶۔ اکتوبر ۱۸۵۳ء کو جان لارنس لکھتے ہین کہ۔

مقام لاہور۔

حضور عالی۔ حضور کی چٹھی سے جو نوازش ظاہر ہوتی ہے اُسکا مین شکریہ ادا کرتا ہون اور اُسکا بہترین معاوضہ یہ ہے کہ کمشنر پشاور کی نامزدگی کے متعلق جو ایک ضروری مسئلہ ہے ایمانداری کے ساتھ اپنے تمام وکمال خیالات ظاہر کرون۔

اس بات سے حضور کو اطلاع دیچکا ہون کہ میرے نزدیک اڈورڈس صاحب بخوبی تمام اس عہدہ کی لیاقت رکھتے ہین معاملہ مذکور پر بخوبی غور وفکر اور اُنکی قابلیتون کو دوسرے اشخاص کی قابلیتون سے اپنے دل مین مقابلہ کرنے کے بعد مین بلا تامل یہ کہسکتا ہون کہ میرے نزدیک اس جگہ پر اُنھین کا مقرر ہونا بہتر ہے۔ اپنی خلقی قابلیت اور علم مین وہ ہر ایک سول اور فوجی افسر سے جسکو مین جانتا ہون بخوبی تمام مقابلہ کرسکتے ہین اُنکی رائے نہایت صائب مزاج بہت معقول ہے وہ ایک رعب دار افسر ہین اور ص ۴۱۶ ہندوستانیون کے حالات سے نہایت ہی واقفیت رکھتے ہین سول معاملات مین اُنکو چندان تجربہ نہین ہے لیکن دو برس تک اسمین بھی مشق حاصل کرچکے ہین جو اُنکی لیاقت والے آدمی کے لیے بمقابلۂ عام اشخاص کے دو چند ہے۔ چونکہ اُنکے اختیار مین ایک ضلع ایسا رہچکا ہے جسکا ضابطہ کے ساتھ بندوبست اور انتظام ہوا تھا اسلیے سول انتظام کے تمام فروعات دیکھنے کا اُنکو موقع ملا اور اُنھون نے ہندوستان کے لائق ترین کمشنر (ڈونلڈ میکلیوڈ) کے متعلق کام کیا۔ جب وہ جالندھر سے رخصت ہوئے تو نیکلسن نے اُنکی نسبت یہ رائے ظاہر کی کہ مین نے جو افسران ضلع دیکھے اُن سب مین اُنکو بہتر پایا۔ اڈورڈس صاحب بڑے اعلیٰ خیالات

رکھتے ہین مزاج کے بڑے ملنسار اور رحیم ہین اور سول انتظام کی ایک خلق صلاحیت رکھتے ہین جسکے وہ بڑے معرف ہین پشاور یون سے نباہنے کے لیے اورون کی نسبت ایسا آدمی زیادہ تر موزون ہے۔ پھر اپنے فوجی ساتھیون کا لحاظ رکھنے اور سرحدی ہرگون کا خیال کرنے کے لیے جو باتین درکار ہین وہ سب اُنمین موجود ہین۔

مین اُنکے حالات سے سات برس کا زمانہ ہوا جب سے واقفیت قریبہ رکھتا آیا ہم دونون مین سن کی چھوٹائی بڑائی بہت ہے اور مجھے یقین ہے کہ اپنے برابر بہت کچھ دبا دیا ہے اسلیے میری خواہشین اور رائے اُنکے نہایت موافق ہے۔

اسمیں شک نہین کہ اُنو وزڈس صاحب کی ناموری سے خاص اُنھین کے صیغۂ سول سروس مین جسکا اُنھون نے نام روشن کر دیا ہے مسدکو ترقی ہوئی لیکن جب سے وہ انگلستان سے واپس آئے وہ خیالات بہت کچھ بدل گئے۔ جالندھر مین وہ بہت ہر دل عزیز تھے وہ بیشک ایک نوجوان سپاہی ہین لیکن اُنکی عمر تیئیس برس کی ہے اس سے کم نہین ہے اور یہ عمر صیغۂ فوج کی ملازمت کے لیے بخوبی موزون ہو سکتی ہے۔

اُنرم صاحب کے بارے مین اُنکے چال چلن پر بھی بحث کرنے مین مجھکو بہت خط حاصل ہوتا ہے وہ ایک بڑے عہدہ سپاہی اور شریف شخص ہین لیکن اُنکی عمر مجھسے بہت بڑی ہے اور وہ بڑے بڑے عہدون کا کام انجام کرنے کے عادی رہے ہین اس قسم کا آدمی ہر ایک اختیارات مین دخل اندازی نہین کریگا (اور اتنی ہی بات ہے جسمین بڑی بڑی خرابیان لاحق ہو سکتی ہین) بلکہ جو ڈیشل اور فینانشل کمشنر کے اختیارات مین بھی مارچ ہوگا اُنکی پولیٹیکل اسکول مین یک قلم تعلیم ہوئی ہے اور اسواسطے وہ اسی کے مسلہ اصولون پر چلنے لگے وہ اعلیٰ درجہ کے لوگون کے خیالات اور حقوق پر لحاظ کرینگے خلق اللہ کے فوائد نہ دیکھین گے۔ جو اُنکو معلوم نہین ہے اسلیے کوئی شخص تعلیم نہین کر سکتا اُنکے ارادے چاہے جو کچھ ہون لیکن وہ بالضرور اپنے خیالات اور تجربہ پر عمل کرینگے یہ باتین کفر ماکے انتظامی کامون پر حسب ضابطہ محنت اور شفقت کے ساتھ لحاظ کیا جائے جو باتین پوچھی جائین بظاہر وہ کیسی ہی کم حقیقت معلوم ہون اُنکا فوراً جواب دیا جائے اور جو جو باتین کی جائین حرف حرف اُنکی تعمیل کی جاے ان سب باتون کے انجام ہونے کا یقین صرف اُن افسرون کیطرف سے ہو سکتا ہے جنکو قاعدہ کے ساتھ اُنکی خدمتون کی تعلیم ہوی ہے۔

ہم اُن لوگون کے نزدیک جو شوار گذار ملک مین دریاے سندھ کے اُس پار رہتے ہین اور ازبس متعصب اور ننگھو مین زبان رنگ اور مذہب مین بالکل اجنبی ہین۔ اُنکو موافق کرکے اپنے تحت حکومت رکھنے کے لیے نہایت دور اندیشی اور قابلیت کے انتظام کی ضرورت ہے۔ طرز معاشرت کے تعلق ہر ایک تکرار جو پیدا ہوتی ہے اُسکا فیصلہ پولیٹیکل معاملہ کے برابر ہو جاتا ہے۔ ہمارے واسطے ضرور ہے کہ ایک اوسط درجہ اور انصافانہ شرح سے اراضیات کا ٹکس لگایا جائے اور ہوشیاری کے ساتھ اسکی تقسیم اور اختیار اور عیار لوگ اپنے بار کا کوئی حصہ اپنے عاجز تر ہمسایون پر نہ ڈال سکین۔ ہمکو انتظام کرکے پولیس ایسی مقرر کرنا چاہیے جو بہتر ثابت قدم ہو اور نیک و بد مین تمیز کرے لیکن ظالم نہو ضابطہ ایسا ہونا چاہیے جو نہایت سیدھا ہو مگر ساتھ ہی اُسکے اس بات کی بھی بہت اچھی طرح حفاظت ہونا چاہیے کہ لوگون کو ظلم کرنے مین آسانی نہونے پاوے۔ جوڈیشل انتظام مستحکم اور قطعی ہونا چاہیے لیکن

اسطرح کا جو بخوبی سمجھ مین آئے۔ اگر انتہام رہبی عمدہ تدبیرین کیجائینگی تو بھی ان باتون کا پیدا ہونا مشکل ہے لیکن اگر افسر لوگ ہوشیاری کے ساتھ تربیت نہ پاوینگے تو کسی ضابطہ سے اُنکا پیدا ہونا امید سے باہر ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مجھکو جو کچھ بیان کرنا تھا بیان کر چکا اب صرف اسقدر اور عرض کرتا ہون کہ حضور جس شخص کو پسند کرینگے مین اپنے مقدور بھر یہی کوشش کرونگا کہ اسکو اپنے معاملات کی درستی مین آسانی اور کام مین سہولت ہو۔

اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین کہ جو امور اس شد و مد کے ساتھ ظاہر کیے گئے تھے اُنکا جواب "شاہانہ" صیغہ اثبات سے دیا گیا اور اڈورڈس صاحب کا نام فوراً گزٹ مین چھپ گیا کہ وہ پشاور کے کمشنر مقرر ہوئے وسط ماہ کے پیشتر جان لارنس نے ارادہ کیا کہ پشاور مین جاکر اُنسے ملین۔ اُنکی نیت یہ تھی کہ پشاور مین جو بہت سے نہایت ضروری معاملات التوی پڑے تھے جہان تک ممکن ہو عجلت کے ساتھ دونون آدمی ملکر اُنکو طے کر دین یعنی یہ کہ سرحد کی حفاظت کا بندوبست کر دین فوج متعینہ کے سپاہیون کے بھرتی کرنے کی تدبیرین بتائین کہ کیا تبدیلی عمل ہونا چاہیے اُن آفریدیون اور وشی جرگون کی تنبیہ کرین جنھون نے اپنے عہود فسخ کرکے ہمارے قبضہ کو ہاتھ مین خلل اندازی کی تھی اور بالآخر کمشنر صاحب جو کام باقی چھوڑ گئے تھے (منجملہ اُسکے "چوبیس مقدمات قتل کے ایک سال بلکہ اور زیادہ عرصہ سے ملتوی پڑے ہوئے تھے") اُنکو طے کر ڈالین۔ یہ کام کرنے کے بعد اُنھون نے تجویز کیا تھا کہ ملتان کا دورہ کرین۔ یہ پنجاب کا ایک حصہ ہے مگر عجیب بات ہے کہ اُنھون نے ابتک اُسکو نہین دیکھا تھا اور جسکی نسبت وہ بدلائل یقین کرتے تھے کہ انتظام اور ترقی کے اعتبار سے بمقابلہ باقیماندہ ملک کے وہ بہت پیچھے رہگیا ہے۔ بعد اسکے اُنکا قصد تھا کہ دیرہ جات سے لیکر پشاور تک برابر دورہ کرتے جائین اور تمام سرحدی تھانون اور قلعون کو پھر معائنہ کرلین اور بذات خاص اس امر کو دیکھ لین کہ انتظام مین کیا کیا بہتری حاصل ہوئی ہے اور ہر ہر ضلع کی رعایا کی حالت کیا ہے۔ گو یہ ایک بڑی بھاری فہرست تھی لیکن اُنھون نے حرف بحرف اُسکی تعمیل کی یہ پورے چھ مہینے کا کام تھا جسکے ابتدائی حصہ مین لارڈ ڈلہوسی اور کورٹنی صاحب وغیرہ کو مشیار چھیان لکھین مین تو کہتا ہون کہ شاید اپنے ایام ملازمت مین کبھی اس کثرت سے چٹھیان لکھی ہونگی اور اگر یہ نہین تو ایک روزنامچہ تو اُنسے بہت اچھی طرح تیار ہو سکتا ہے ان چٹھیون سے مین ایسے ایسے مضامین منتخب کرکے لکھتا ہون جو کوئی خاص لطف رکھتے ہین یا جنسے جان لارنس اور اُنکی کارگزاریون کا کوئی نیا حال معلوم ہوتا ہے ۔

ص ۴۱

بنام کورٹنی صاحب

۱۱ اکتوبر ۱۸۵۳ء

پشاور کے انتظام مین کوئی ایسی دقت نہین ہے جو معمول سے زیادہ بڑھی ہوئی ہو بشرطیکہ ہم ٹھیک طریقہ سے اُنکا بندوبست کرین ۔ ۔ ۔ ۔ مین اقرار کرتا ہون کہ اڈورڈس صاحب کی مدد سے چھ مہینے کے اندر اُنکا انتظام نہایت درست کر دونگا جو کام فوج کے

متعلق ہے وہ چندان آسان نہین ہے - آدمی فوج تو فوج کشی کی سخت ضرورتون کی تکلیف سے شور و غل مچا رہی ہے باقیماندہ نصف فوج کو ہستان پر جانے کے خلاف ہے اس آخری امر کی بہت سی وجہین ہین کہ نگران افسرون پر انکو بھروسہ نہین ہے اور ہمارے دیسی سپاہی اپنے موجودہ ہتیارون اور سامان کے ساتھ پہاڑیون کا مقابلہ نہین کر سکتے - اگر اصل دقت یہی ہے تو انکا علاج ہمارے ہاتھ مین ہے افسر ایسا منتخب کیجیے جو پشاور کی کمان کرے اور آپ صاحب یہ کام خوب کر سکتے ہین - انکو اعزازی عہدہ عطا کیجیے قواعد دان پیدل سپاہی وہانسے بلوا لیجیے اور انکا ایک حصہ اٹک مین تعینات کیجیے پیادے گورون کی تین پلٹن پشاور اور نوشہرہ مین رکھیے اور جسقدر مناسب معلوم ہو انکو توپین دیجیے اور مختلف قومون کے آدمیون سے پیادون کی بہت سی غیر قواعد دان پلٹن بھرتی کیجیے - آپکو اول درجہ کے افسرون کے سوا اور کسیکو نہ مقرر کیجیے جسوقت یہ سب باتین ہو جائینگی تو پھر فیاقون اور جہادون کی یہ دھمکیان در خور نہ باقی رہینگی -

بنام ایضاً

تو پون کو خاموشی کے ساتھ چڑھانے کی یہ غرض تھی کہ شکلہ نہ ہونے پائے جب کسی شخص کو تعذیر دینے کا قصد ہو تو یہ نزدیک اسکو پہلے سے دھمکی دیکر باغی کر دینا چاہیے - گو توپین خاموشی کے ساتھ چڑھائی گئی ہون مگر اسپر بھی لوگون کو معلوم ہی ہو گیا میری رائے مین ہندوستانیون کو دھمکی دینے کے لیے خاموشی اور مستعدی کے ساتھ کارروائی کرنے سے بہتر اور کوئی بات نہین ہے یہ وہ شاستی اور چالو سی لوگ ہین کہ جو شخص انکے سامنے آجاتا ہے اسکو لا لیتے ہین یہ لوگ فوجون کو بڑھاتے اور ہٹاتے رہتے ہین انھین کی وجہ سے یہ خرابی پیدا ہوتی ہے اور ہندوستانی رعایا سمجھتی ہے کہ ہم فریب کرتے ہین - اگر ایسے موقعون پر کمان دریجا ے تو ول ہین یا آپ صاحب کا ایسا ایک سپاہی بٹنک ایک بریگیڈ کے برابر ہوگا - اگر ہنری صاحب کیطرح ہم ایک آفریدی فرقہ کی تنبیہ کر سکتے تو اس مشکل اور شرارت کا پھر کبھی ذکر سننے مین نہ آتا - ٹامپسن صاحب کے مرنے سے بڑا نقصان ہوا یہ نقصان ہتیرون کی سمجھ مین نہ آیا ہوگا کہ کتنا ہوا صفحہ ۴۸۷ وہ ایک ہی شخص تھے یاد ہ گو تھے - گورنر جنرل نے انکی جو کچھ ثنا و صفت لکھی وہ سب بجا تھی مین نے جسوقت یہ سنا کہ ٹامپسن کی وفات کی خبر سنی تو اسوقت اشارہ کیا تھا کہ انکی جگہ پر جان لارنس کا نون مقرر ہون .... - مین نے خود اس تقرری کا ہرگز خیال نہین کیا مین دیکھتا ہون کہ میری سرکاری ملازمت کا باقی ماندہ زمانہ پنجاب ہی سے وابستہ ہے لیکن مین امید کرتا ہون کہ یہ زمانہ بہت طول نہو گا -

بنام آنریبل جان لارنس

مقام جہلم مورخہ ۱۶ اکتوبر

مجھکو بڑی خوشی ہے کہ آپ اٹھارھوین تاریخ تک پشاور مین پہونچ جائینگے میرے نزدیک یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہمارے افسرون کی تحریر اور تقریر کا یہ حال ہے - ظاہرا انکا قصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ اپنے اور اپنے ساتھ انتظام ملک کو بھی دوار واقعی نقصان پہونچائین - جان نیچر کے پاس سے جو اس مضمون کی ایک چٹھی آئی تھی کہ ہزارہ کی رعایا کا آشتی کے ساتھ بندوبست کر دیا گیا اور جس سے آپ کے بھی بیان کی تصدیق ہوئی اُس سے مجھکو تازہ اطمینان ہو گیا -

نام لارڈ ڈلہوزی

کیمپ ہنسی - ۱۴ اپریل آنک سے
مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۸۵۳ء

قوا عد وان سپاہی پشاور سے نفرت کرتے ہین حالانکہ وہان کمانے کی چیزین ارزان ہین - وہ لوگ دریاے سندھ کے اس پار بلا بھتہ رہنا پشاور مین بھتہ پاکر رہنے سے بہتر سمجھتے ہین اپنی عادت قواعد اور انتظام کے اعتبار سے وہ کوہستان پر کام کرنے کے موزون نہین ہین لیکن زیادہ تجربہ کار سپاہیون کی بھی برابری کرسکتے ہین - پشاور مین امن وامان قائم رکھنے کے لیے ایک نہایت کامل اور عام پسند انتظام اور کوہستانی جرگون کے بخوبی زیر کرنے کی ضرورت ہے - زیر کرنے سے میری مراد یہ ہے کہ وہ ہمارا خوف اور اطاعت کرنے لگین یہی نہین کہ ہماری رعایا ہوجائین - اگر منتخب سپاہی اس کام پر مقرر ہون اور انکو بندوق اور ہلکی توپین دیجائین تو وہ گنے سے گنے جنگلون اور اونچی سے اونچی پہاڑیون مین خوف اور رعب پیدا کردین -

نام کورٹنی صاحب

کیمپ نوشہرہ ۱۹ اکتوبر

مین سمجھتا ہون کہ ہمارے چارلس نیپیر کے مرنیکے بعد انکی جو کتاب چھپی ہے تو غالبًا وہ انکو گدھا ثابت کریگی - بطرح فالسٹاف کی زنبیل مین اور تمام اخراجات کا پیسہ بیحساب گردوں کے دام بہت کم ہوتے تھے اسیطرح نیپیر صاحب کی اس کتاب مین خاص انکے متعلق تو بہت کچھ بیان ہے لیکن ہندوستان کے بارے مین کچھ بھی نہین ہے انکے مزاج مین غصہ اور تعصب اسقدر تھا جو انکے تمام عمدہ اوصاف کو پست کردیتا تھا -

لارڈ ڈلہوزی نے اپنے نائب یعنی چیف کمشنر سے ایک چٹھی مین کیسقدر طنز کے ساتھ استفسار کیا تھا کہ آیندہ سے آپکی نگاہ کونسل کیطرف ہیگی یا اگرہ کیطرف" اور اسکے بعد مکرر کرکے ایک فقرہ اور لکھا تھا جو اس مقام پر نقل کرنیکے قابل ہے کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جان لارنس اور ان لارڈ صاحب" کے درمیان جو نہ بات کبھی خود بھولتے اور نہ دوسرون کو کبھی فروگذاشت ہونے دیتے تھے کہ مین گورنر جنرل ہون کسطرح کا ربط وارتباط تھا - وہ فقرہ یہ ہے "میری نگاہ ابھی اتفاق سے آپکی چٹھی پر پڑگئی جو مائی لارڈ کے لفظ سے شروع اور اسی پر ختم کی گئی ہے پیشتر یہ بات آپکی چٹھی مین مین نے کبھی نہین دیکھی تھی - کیا آپ یہ خیال نہین کرتے کہ میرے اور آپکے جو دوستی اور یکجہتی عرصہ سے چلی آتی ہے اسکے اعتبار سے میرے پیارے لارڈ کا القاب زیادہ تر موزون ہوگا یہ مین نے اپنی خاص راے لکھی ہے" چٹھی مذکور کا جواب یہ بھیجا گیا -

میرے پیارے لارڈ مین سمجھتا ہون کہ لفٹنٹ گورنری ممالک مغربی وشمال کے لیے جان کاون صاحب جو منتخب کیے گئے تو اس سے عوام الناس خوش ہونگے اس صوبہ مین انکے سوا اور کوئی ایسا سوینین نہین تھا جو انکے مقابلہ کا دعوی کرسکتا ہو - مجھکو اسوقت تک بخلاف

ص ۴۲

چھوڑنے کا کبھی خیال نہو گا جب تک مجھ مین تندرستی اور قوت باقی ہے اور گورنمنٹ میری خدمتون سے مطمئن ہے۔ جن حالتون مین اس عہدہ پر میری تقرری ہوئی تھی انکے اعتبار سے مجھپر واجب اور لازم ہے کہ اگر مجھکو اپنی عزت قائم رکھنا ہے تو سوائے اس منصب کے اور کسی جانب نگاہ نکرون یہ ایک بڑا مشکل عہدہ ہے اور ایسا نہین ہے جسمین ہمیشہ ہلوگ کامیابی کی امید کر سکتے ہون مجھکو مبر گونسل ہونے کی حرص نہین ہے اگر اگرہ کا منصب مجھکو دینے کے لیے کہا جاتا اور مین عزت کے ساتھ اسکو قبول کر سکتا تو شاید مجھکو مشکل سے اقرار کرنا لازم آتا لیکن مین یہان مرصہ تک یعنی جب تک معقول طور پر اپنا فرض ادا کر سکتا ہون رہنا پسند کرتا ہون مین چاہتا ہون کہ ملک کے نظم ونسق مین اپنا نشان قائم کر جاؤن اور اس بات کو دکھلا دون کہ ایک نئے ملک مین ایک سویلین بھی کیا کچھ کر سکتا ہے۔

حضور کو معلوم ہوگا کہ حضور کی چٹھی مین مکرر کرکے براہ مہربانی جو رعایت کی گئی تھی اس سے مین افادہ لیتا ہون اور بکمال ادب اسطور پر اپنا نام لکھتا ہون کہ اے میرے پیارے لارڈ مین ہون۔

آپکا دوست صادق
جان لارنس

جان لارنس ۱۳ اکتوبر کو پشاور مین پہونچے لیکن جو فوج وہان کی حفاظت کے لیے تعینات تھی اسکے اسقدر لوگ بیماری مین مبتلا پائے کہ ان دو دروں کے مخالف آفریدیون کی سرکوبی کے لیے جو وہان سے کوہاٹ کی مشہور گھاٹی کو گئے ہین ایک آدمی بھی ان کے ساتھ جانے کے لیے بہم نہ پہونچ سکا لیکن انکو اور بھی بہت سا کام انجام کرنے کے لیے تھا۔ رابرٹ ایڈورڈس کے ساتھ انھون نے شہر کی قلعہ بندیون کا معائنہ کیا بڑی سڑک کے اس حصہ کی تکمیل کے لیے جو اتنے دور دراز فاصلہ پر واقع ہے گلاب نگر سے پانچ سو کشمیریون کی مدد لیکر کوشش کی۔ ہر روز صبح تڑکے سے دوپہر تک وہ غنیم کے مورچے کی سراغ رسانی مین رہتے تھے اور دوپہر کے بعد ہر روز سیشن کے مقدمات جو سال بھر سے سنکیسن صاحب نے زیر دوران چھوڑ رکھے تھے فیصل کیا کرتے تھے اور بقول جان لارنس یہ مقدمات سب کے سب نہایت پیچیدہ تھے جس قلعہ کی عرصہ سے خبر گرم تھی وہ درۂ کوہاٹ کے مہانہ یعنی باب پر اس غرض سے تعمیر کرایا گیا کہ درۂ مذکور کے آفریدی لوگ خاموش رہین اور صلح قائم رکھنے کی انھون نے ایک تدبیر اور کی کہ دوسرے دروں مین جو آفریدی لوگ رہتے تھے انکے ملوک (ملک کی جمع) کو طلب کرایا اور انسے تین دن تک صلاح ودشورت کرکے انکو شرائط صلح پر رضامند کر لیا۔ لیکن ان لوگون کے درمیان ایک فرقہ اور تھا (یعنی بوری آفریدی) جو حجت و دلیل کو چندان تسلیم نہ کرتے تھے یہ لوگ چند گانون یا پہاڑیون کی ناف مین ایک مقام پر اکٹھا آباد تھے اور یہ سب گانون دشوار گزار تصور کیے جاتے تھے۔ گذشتہ دو برس سے یہ لوگ برابر درۂ پشاور پر حملہ کرتے آئے ضلع پشاور کے چوپین ۲۴ مواشون کو پناہ دیکر صرف لوٹ مار کی غرض سے گھوڑے دیے اور بارہا انگریزی رعایا کو پکڑ لیگئے اور تک انسے زر فدیہ کے طالب تھے خیف کمشنر نے تقاضا کیا کہ قیدی رہا کر دیے جائین لوٹ کا مال واپس کر دیا جائے

ص ۴۲

اور ڈاکودن کے گروہ نے جو گھوڑے لیے ہین اُن لوگون کے حوالہ کردین - اس مطالبہ کو اُنھون نے صاف صاف نامنظور کیا اور بوری فرقہ کے لوگون نے کہلا بھیجا کہ تمھارا جو جی چاہے سو کرو چیف کمشنر اس بات کے کب سننے والے تھے اُنکا قدیم ولولہ جنگ پھر جوش مین آگیا - اُنکا دعوی جائز تھا اور جس موقع کی اُنکو عمر بھر آنے کی اُمید تھی وہ بھی حاصل ہوتا تھا یعنی یہ کہ فوجی کارروایئون کی بذات خاص تدبیر اور تعمیل کرتے - اُنھون نے بذات خاص یہ معقول تجویز مرتب کی کہ پہاڑیون پر یکے بعد دیگرے مختلف مقامات سے حملے کیے جائین تاکہ اُنسے بخوبی تمام انتقام لیا جائے اور اُسکا نتیجہ زیادہ پائدار پیدا ہو اس تجویز کو نارتن اسٹنڈن کائن اور جنیس ایسے عمدہ عمدہ سپاہیون نے پسند کیا جس سے وہ بہت خوش ہوئے اور یہ تجویز اُسوقت متروک ہوئی جب یہ یافت ہوا کہ جنرل رابرٹس ہنوز اُس حصہ فوج کو جو اُس مہم کے لیے اور کارتھا ہمراہ نہین پہونچا سکتے ہین - جنرل رابرٹس اُسوقت پشاور کے کمانیر تھے اور اُنکا نام آیندہ نسلون مین خاص کر اسوجہ سے زیادہ یادگار رہیگا کہ وہ اپنے نامی گرامی بیٹے سر فریڈرک رابرٹس کے باپ تھے - جان لارنس نے کہا کہ "اچھا جو ہمین درکار ہین اگر ہم اُن سب کو انجام نہین کر سکتے تو اقل درجہ جہانتک امکان مین ہے اُسکو ضرور کرینگے" اور اُنھون نے فوراً گاڈرس کے لوگون کو ہوتی مردان سے طلب کیا جنکے آنے سے اُنکے پاس کی سب سپاہ ملاکر تیرہ سو آدمیون کے جمع ہو جانیکی اُمید تھی کوٹ صاحب جنکے بارے مین بیان کیا گیا تھا کہ "وہ ایک بڑے عمدہ چالاک مستقل مزاج اور خودرائے مگر ایماندار اور راستباز سپاہی ہین" اب تک دوسری تدبیرون کی کوشش مین تھے لیکن چیف کمشنر اپنے ارادہ پر قائم رہے اُنھون نے کہا کہ "اسوقت آفریدیون کی سرکوبی بدرجہ غایت ضرور ہے مین خیال کرتا ہون کہ اُنکی تدبیرون کی ایمانی عرصہ سے کرتا آیا اور اب اس بات کا وقت آیا ہے کہ پھر اپنی تدبیرین شروع کرون ..... مین نے جو تجویز کی تھی کہ شکل کو بوری آفریدیون پر حملہ کرونگا اُس پر قائم ہون اور کسیوجہ سے اسمین بازنہ آون گا" - بنابر آن ۲۹ نومبر کو حملہ کیا گیا اور جو کچھ نتیجہ ہوا وہ مندرجہ ذیل چٹھی سے جسکو حملہ کے دوسرے دن اُنھون نے بڑے جوش سے لارڈ ڈلہوسی کو لکھا تھا ظاہر ہو جائیگا -

ص ۴۲۲

۳۰ نومبر ۱۸۵۳ء

میرے پیارے لارڈ مین چند سطرین اس امر کے بیان کرنے کو لکھتا ہون کہ کل مین نے پست پہاڑیون کو طے کیا اور جس گھاٹی مین بوری آفریدی رہتے ہین اُسمین داخل ہوکر اُنکے گانوون کو غارت کیا اور اُسی روز چلا آیا ہم لوگ اس مہم مین سولہ گھنٹے باہر رہے چنانچہ ہم سپاہی محنت ہی مین رہے - ہمارے ساتھ ایک معقول مختصر فوج تھی ہمین گاڈرس کے لوگ چار سو پچاس گورکھا چار سو گورے چار سو اور سیک پیادے تھے - آفریدی خوب لڑے اور گاڈرس کے لوگ اور گورکھا اسلحہ سے پہاڑ کی بلندی پر چڑھے کہ ہر ایک افسر جو وہان موجود تھا تب کرتا تھا حقیقت مین یہ بڑے کام کے آدمی ہین - ہماری طرف یہ نقصان ہوا کہ اٹھ آدمی مقتول اور چوبیس مجروح ہوئے - ان لوگون کو کن اپنی میرے اور اسوجہ سے وہ بڑی تکلیف مین رہے - مین خیال کرتا ہون کہ اس مہم سے بڑا فائدہ ہوگا - بوری آفریدیون کی گھاٹی مین صدا برس سے

کوئی دشمن نہین گیا اور مجھکو یقین ہے کہ اس مہم مین جسقدر کامیابی حاصل ہوی ہے اُسقدر لوگون پر ہمارا رعب پڑیگا۔ درہ کے مہانہ پر جو پست پہاڑیان واقع ہین وہان کے آفریدیون نے بہت ہی عمدہ برتاؤ کیا یہ لوگ چارون طرف بلند مقامات پر بیٹھے رہے مگر ایک گولی نہین چلائی۔

اس بات کو سمجھا دینا ضرور ہے کہ پست پہاڑیون کے آفریدی وہ تھے جنسے ابھی حال ہی مین ہم لوگون نے عہد و پیمان کیا تھا اور اُنکے معمولی شیوہ سے یہی کھٹکا تھا کہ جسوقت وہ ہمارے خلاف فساد کرین کچھ بعید نہین۔ چیف کمشنر لکھتے ہین کہ "لیکن اس کارزار کے زمانہ مین مین کل دو گھنٹے تک موضع تورانہ مین بیٹھا رہا پہاڑی پر دونون طرف یہ مسلح آدمی تھے اور مین نے اپنے سپاہیون کو دیکھا کہ وہ گھاٹی سے گذر گئے اور ایک گولی بھی اُنپر کسی نے نہین چلائی۔ یہ لوگ ہمارے سپاہیون کے لیے پینے کا پانی لے آئے اور فی الواقع ہمارے ساتھ بہت ہی طرح سے پیش آئے"۔ اس موقع پر چیف کمشنر کو اپنی تدبیرون مین بھی اُسیطرح کی کامیابی حاصل ہوی جیسی زور و تیغ حاصل ہوی تھی۔ گو یہ کارروائیان چھوٹی تھین لیکن مین نے اُنکا حال تفصیل وار اسوجہ سے بیان کیا ہے کہ ایک چشم دید گواہ نے مجھسے خود کہا کہ جان لارنس نے عجیب طرح کی خوشی اور سرگرمی سے ان کارروائیون کا منصوبہ باندھکر اُنکی تکمیل کی اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جب صاحب موصوف کبرسنی اور بیماری سے بالکل ناتوان ہوگئے تھے تو مین نے خود اُنکے مُنھسے سُنا تھا کہ وہ اس کیفیت کو طفلانہ اشتیاق اور ظاہرا اُن چمکتی ہوئی آنکھون کے ساتھ جنکی بصارت قریب قریب جاتی رہی تھی اُس موقع کا حال بیان کرتے تھے جب بحیثیت چیف کمشنر اُنھون نے اپنے آرام و اطمینان کو یہان تک بالاے طاق کر دیا تھا کہ ایک روز خود گولیون کی بوچھار مین چلے گئے۔ مجھکو بیان کرنا چاہیے کہ ایسے مستحکم مقام کے برباد ہونیکا نتیجہ نہایت ہی عمدہ پیدا ہوا اور پھر پوری آفریدیون کے ملک سے کبھی کوئی وقت نہین پہونچی۔ ص۴۲۳

مینکسن صاحب کے مارے جانے کے بعد ہی بڑی تیزدستی کے ساتھ نفنٹ گاڈبائی متعلقہ سیاہ گاڈس ستعینہ مردان کے مارڈالنے کا بھی قصد کیا گیا لیکن اس سنگدلی کے وقوع کے پیشتر وہ اضطراب جو مینکسن صاحب کے قتل سے پیدا ہوا تھا خوش قسمتی سے کم ہوگیا تھا اور اس سے بڑھکر خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ جب یہ واقعہ ہوا تو چیف کمشنر پشاور ہی مین موجود تھے اور اب ممکن نہین تھا کہ اُنکے ہوتے ہوئے کوئی کھلبلی مچتی۔

پشاور ۲ر دسمبر آٹھ بجے شب۔

میرے پیارے لارڈ۔ مین یہان آج داخل ہوا۔ اور بافسوس بیان کرتا ہون کہ دو بجے دن کے قریب ہوتی مردان سے جہان نفنٹ گاڈبائی رسالہ گاڈس کے ساتھ تعینات تھے آیا اور اُسنے یہ بیان کیا کہ آج صبح کو ایک شخص نے افسر مذکور کی پشت پر چھریان مار کر انکو زخمی کر ڈالا اور اس شخص کو گاڈس کے لوگون نے اُسیوقت ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ جو آدمی یہان خبر لایا ہے وہ ایک بہادر اور بڑا ہوشیار شخص ہے اُسکا بیان ہے کہ بیچارے گاڈبائی لشکرگاہ کے وسط مین کھڑے ہوے کچھ اُونٹون کو بارکرا رہے تھے اتنے مین ایک مقام کے چند

پتھروں کے نیچے سے ایک سانپ نکلا جسکے سر کو اُنھوں نے لپک کر اپنے پانوں سے کچل ڈالا جب وہ زمین پر جھکے ہوے سانپ کو کچل رہے تھے تو ایک پستہ قد آدمی جو دیکھنے مین سن دار معلوم ہوتا تھا اور جسکی طرف پیشتر کسی نے خیال نہین کیا تھا دوڑا ہوا آیا اور افسر مذکور کی پشت کو چھریون سے زخمی کر دیا۔ ظاہر ایہ کسی شخص کو نہین معلوم تھا کہ یہ کون آدمی تھا اور کہان سے آیا تھا۔

خوش قسمتی سے گاڈبائی ایک نوجوان افسر تھے اور اُنکا جثہ نہایت قوی تھا اسی سے زخم اُنپر کچھ کارگر نہین ہوئے اور دس ہی دن کے عرصہ مین اُنکی ہلاکت کا خطرہ جاتا رہا۔

سرحدی قلعہ جات واقع شمال پشاور کے ملاحظہ کے بعد جیف کمشنر ۹ دسمبر کو اسرض سے پشاور مین واپس آئے کہ اپنے خاندان مین تفرقہ عظیم پڑنیکے قبل اور چند روز اُسکے ساتھ بسر کر سکین اُنکو اپنے تین لڑکے (یعنی دو بڑے بیٹے جان اور ہنری اور اُنکی تیسری بیٹی الس مارگرٹ) انگلستان کو بھیجنا پڑے۔ لیکن چونکہ اُنکی بڑی دو بیٹیون کو اُنکے بعض مہربان دوستون (یعنی مسٹر اور مسز جارلس سانڈرس مقیم امرتسر) نے از خود اپنے ساتھ لے جانیکا وعدہ کر لیا اسوجہ سے اُنکی روانگی کے چند روز بعد جان لارنس اور اُنکی زوجہ مع ایک طفل شیر خوار کے جو اب اُنکے پاس باقی رہگیا تھا خوشی کے ساتھ یہ تبادلہ عمل مین لاسکے اپنے ویرانہ مکان کو جو لاہور مین تھا اور جسمین کسیطرح کی آسایش نہین تھی چھوڑ کر چند روز خیمہ مین رہنے کی کیفیتین دیکھین اور ملتان اور دیرہ جات کا دورہ کیا۔ ص ۴۴۲

لاہور سے روانہ ہونے کے ساتھ ہی اڈورڈس صاحب کے نام اُنھون نے جو چٹھی لکھی تھی اُسکا کچھ خلاصہ ذیل مین درج کیا جاتا ہے جس سے کچھ کچھ حال اس امر کا پایا جاتا ہے کہ اُنھین کام کرنے کی کسقدر قوت تھی اور یہ باتین سوانح عمری کے متعلق ایک لطف خاص رکھتی ہین۔ وہو ہذا۔

ہمارے افسرون کے لیے لازم ہے کہ وہ نوجوان جفاکش اور مستعد ہون اور عدیم الفرصتی اور پریشانی کا مقابلہ کرکے ہر ایک طرح کے کام کو انجام کرنیکی صلاحیت رکھتے ہون۔ مین یہ یقین نہین کر سکتا کہ خزانہ کے کام مین ایک افسر کا پورا وقت درکار ہے اگر مین ذمہ دار کمشنر ہوتا تو ضرور اس بات کو ثابت کر دیتا کہ اُسمین نصف وقت بھی صرف نہین ہوتا ہے یہ بات مین بے حجت و دلیل نہین بیان کرتا خزانہ کا کام مجھ پر تین برس تک میرے سپرد رہا جسمین کوئی میرا معین و مددگار نہین تھا اور جو وقت اُسمین صرف ہوتا تھا وہ نہایت عزیز تھا۔ مثلاً جب مجھکو روپیہ گنوانا ہوتا تھا مین خزانہ کا کام کرنے لگتا تھا۔ اور حرقوین کا نون سے روپون اور نقدات کو سنتا جاتا تھا اور ادھر آنکھ سے دیکھتا جاتا تھا کہ روپیہ گنا جا رہا ہے ایکطرف مین ہنڈیون پر دستخط کرتا اور چیکین جاری کرتا تھا اور دوسری جانب شہادت سنتا جاتا تھا۔ حسابون کے دیکھنے بھالنے مین ہر روز آدھا گھنٹہ صرف ہوتا تھا اور دو ایک مہینہ کے بعد شاید دو دن کام اور کرنا پڑتا تھا۔

ملتان مین اگر اُنھون نے سپاہیانہ مذاق کے ساتھ اُن مقامون کو ملاحظہ کیا جو اگنیوا اور اینڈرسن صاحب کے قتل اور اڈورڈس صاحب کی بہادرانہ کارروائیون اور اُس محاصرہ کیوجہ سے مشہور تھے جنمین ابتداً بڑی تکلیف مگر آخر کو نہایت کامیابی حاصل کی تھی بعد اسکے ایک صحرائی اور جنگلی ملک سے جہان یہ دیکھکر اُنکو بہت تعجب اور غصہ معلوم ہوا کہ ابتک وہان زمین نقب زنی

اور سرقہ مویشی کے جرائم کا کثرت سے وہان ارتکاب ہوتا تھا دیرہ غازی خان مین پہونچے - یہان اُنھون نے اپنے غول کی لیڈیون (یعنی اُنکی زوجہ اور سسٹرس میکنٹوسن جونکے جفاکش فوجی سکریٹری کی بی بی تھین) کو رہنے دیا اور گھوڑے پر سوار ہوکر ایک چھوٹے خیمہ کے ساتھ دریائے سُمن کوٹ یعنی سندہ کو روانہ ہوے - یہ دریا دکھن جانب اُنکے صوبہ کی آخری حد ہے اور یہان پر ایک اتنا بھاری دھارا پنجاب کے پانچون دریاؤن کا دریاے سندہ مین آکر گرتا ہے جسکی جسامت خاص دریاے سندہ سے بھی کچھ کم نہین ہے - یہان سے وہ پھر سرحدی تھانون اور قلعون سے گذرتے ہوئے دیرۂ غازی خان مین آئے - دیرہ غازی خان مین ایک پہاڑی سردار فرقہ کھاتران نے جسکا نام حاجی خان تھا اُنسے اگر ملاقات کی یہ ہماری سرحد کے بڑے دور دراز مقام سے آیا تھا اور اُسوقت تک کبھی کسی انگریز کو نہین دیکھا تھا" اُسنے قندھار کی کچھ چھیان جانؔ لارنس کے روبرو پیش کرنے کو کہین (جنگ روس کے اعتبار سے یہ چھیان اُسوقت بہت ہی ضروری تھین) اور اُسنے آپ ہی آپ خوفناک اہل مری کے مقابلہ مین ہماری مہم کے ساتھ جانے کی خواہش ظاہر کی

جانؔ لارنس کی اس چھیڑ کے جواب مین جسمین اس ملاقات کی کیفیت بالتفصیل بیان کی گئی تھی لارڈ ڈلہوزی نے کہا کہ فرقہ کھاتران کے اس سردار سمی حاجی خان سے شاید آپ کچھ کام نکال سکینگے - چونکہ اس شخص نے پیشتر کسی انگریز کو نہین دیکھا تھا ملکی مصلحت کے اعتبار سے بہت بہتر ہوا کہ آپ نے بطور نمونہ قوم فاتح اپنے تئین اُسکو دکھلا دیا - مجھکو اس بات مین کوئی شک نہین ہے کہ وہ میری طرح آپ کے یاد رکھنے کا خواہشمند رہیگا اور مین اپنی نسبت حال ہی مین ظاہر کر چکا ہون کہ آپ کو کسقدر یاد رکھنا چاہتا ہون کیونکہ مجھکو آپ سے اس امر کی عذرخواہی کرنا ہے کہ مسٹر جارڈن سانڈرس نے آپ کی جو تصویر بنائی تھی اُسکا ایک عکس مین نے بھی اتروالیا ہے یہ تصویر بہت ہی شاہانہ ہے اور مین بہت خوش ہون کہ وہ میرے پاس رہیگی مجھکو امید ہے کہ بلا اجازت آپکے مین نے جو یہ تصویر اتروائی ہے تو آپ اُسکو معاف کرینگے -

لارڈ ڈلہوزی نے تجویز کیا تھا کہ فتح خان خٹک کو جو رسالہ گائڈس کا ایک رسالدار تھا اُسکی خدمتون کے صلہ مین ایک جاگیر دی جائے - اس شخص نے ہماری طرف سے بڑے بڑے نمایان کام کیے تھے اور اب اس زمانہ مین بوری آفریدیون کی لڑائی مین ہماری عمدہ خدمت کی تھی لیکن ہاڈسن صاحب کمانیر رسالہ گائڈس سے کچھ ناچاقی ہوگئی تھی اسسے وہ اپنی رجمنٹ کو چھوڑ کر چلا آیا تھا جانؔ لارنس اُسکی خدمتون کے معترف تھے لیکن جس طریقہ سے اُسکو وہ صلہ دیا جاتا تھا اُسمین اُنکو عذر تھا اور اُنھون نے اس شخص کا حال اسطور پر بیان کیا ہے جو بجنسہ اسی مقام پر نقل کرنیکے قابل ہے -

مین صاف صاف اس امر سے اقرار کرتا ہون کہ فتح خان کو جاگیر دینے مین مجھکو خوف معلوم ہوتا ہے مین نے اس شخص کے بہت کچھ حالات دیکھے اور اُس سے زیادہ سنے ہین - اُسکی فوجی خدمتون کو مین تسلیم کرتا ہون اور اُسکی حیرت انگیز بہادری کا معترف ہون لیکن مین دیکھتا ہون کہ بسوقت اس شخص کا خون جوش مین آتا ہے تو وہ بھوت بنجاتا ہے اور یہ اکثر واقع ہوتا ہے ایسی حالت مین وہ اپنے قریب ترین اور عزیز ترین دوست یا اعزا کو ہلاک کر ڈالیگا تنگ فرقہ کے لوگون مین بہتیرون سے وہ عناد رکھتا ہے اور اُنپر گرفت

اور رعب حاصل کرنے مین بیشک بے انتہا جھگڑے پیدا ہونگے۔ اگر ایسا شخص جاگیردار بنایا گیا تو کاشتکارون کو عاجز کردیگا اگر انکی رضامندی کو بیدخل کردیگا اور اپنے ہمسایون کی سرحد پر حملہ کریگا۔ اگر وہ اپنے حال پر چھوڑ دیا گیا تو بلائے بے درمان ہو جائیگا۔ اگر اُسکے دبانے کی کوشش کیجائیگی تو وہ اپنی عادت کے مطابق مخالفت کریگا لیکن اُس سے کچھ ہو نہ سکیگا۔

مین اقرار کرتا ہون کہ جب ایکمرتبہ اُسنے اپنے اصل یا فرضی نقصانات کی حکایت بیان کرنا شروع کی اور اُسوقت مین نے دیکھا کہ اُسکی آنکھین لال ہوگئی تھین اور اُسکا سارا جسم مارے غصہ کے کانپنے لگا تھا تو اُسوقت میرے دل مین یہی خیال گذرا تھا کہ وہ کوئی اختیار پانیکی حالت مین کیسا مہیب دشمن ہوگا۔ لیکن صاحب فتح خان کے بڑے دوست اور معین و مددگار تھے لیکن اُنکو بھی اُسکے ساتھ نباہنے مین مشکل معلوم ہوئی فتح خان نے اپنے افعال سے لیکن صاحب کی اس نامور ہی کو بہت نقصان پہونچایا۔

ص ۴۲۶ مین نے خود لیکن صاحب کے مُنھ سے ایک مرتبہ فتح خان کا ایک قصہ سُنا تھا جسکو اس موقع پر بیان کرتا ہون۔ فتح خان اور اُسکے دونون بھائیون کے درمیان اکثر جھگڑا رہتا تھا اگرچہ اخیار کے مقابلہ مین وہ سب ایک ہو جاتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ اسیطرح کا جھگڑا ہوا تھا اُسکی وجہ سے تینون بھائی مع تلوار لیے ہوئے آپسمین ملاقات نہین کرتے تھے حتی کہ ایک جگہ کھانا کھانے کی وقت بھی اپنے ہتیارون کو برہنہ کرکے رکھ لیتے تھے کہ بروقت ضرورت فوراً استعمال کرسکین۔ چھوٹے بھائی دونون ایک طرف تھے اور فتح خان دوسری طرف تین مہینے تک یہی کیفیت رہی تا آنکہ ایک روز سب سے چھوٹا بھائی دفعتاً کسی ضرورت کے لیے باہر گیا فتح خان نے موقع پاکر دوسرے بھائی پر حملہ کیا اور اُسکے پٹے پر کرکے اُسکا سنھ حلقی ہوئی راکھ مین کھونس دیا اور جب تک اُسنے توبہ نہ کرلی اُسوقت تک اُسکا سر راکھ مین کھونسے رہا ..... فتح خان سالہا سال تک ایک مطلق العنان لوٹیرا رہا تھا اور اب اُسکو پھر اُس پیشہ کے اختیار کرلینے مین کوئی تامل نہین ہو سکتا تھا۔

کسی دیسی سردار کے ذریعہ سے کسی علاقہ کا انتظام کرنا نہایت اہم اور دشوار ہے اگر کوئی شخص یہ سمجھکر کہ وہ رحمدلی سے انتظام کریگا کسی علاقہ کو آپسر چھوڑ دے تو اُس طریقہ سے ہرگز انتظام نہین ہو سکتا ہے۔ ہماری ماتحتی مین ایک سردار بہ نسبت اُسکے زیادہ نقصان کرسکتا ہے کہ اگر وہ خود مستقل کسی دیسی فرمانروا کے ماتحت ہو کیونکہ اُس صورت مین ایک بڑے درجہ تک اُسکو عوام الناس کے راضی رکھنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہماری ماتحتی مین اس بات کی ضرورت نہین ہے۔ یہ مشکل سے کہا جاسکتا ہے کہ آیا ایک کمزور دیسی سردار سے زیادہ نقصان پہونچتا ہے یا زبردست سے اگر زبردست ہو تو وہ خاص اپنے فائدہ کے لیے لوٹ مار کریگا تمام لوگ اُس سے نفرت کرنے لگینگے اور اُسکی بدنامی ہمارے ذمہ عائد ہوگی اگر کمزور ہو تو اُسکے ساتھی لوٹ مار کرینگے اور لوگ اُس سے نفرت کرنے لگینگے اور ملک مین بدعملی ہو جائیگی۔ حقیقت حال کا دریافت کرنا بھی نہایت ہی مشکل ہے جو لوگ صاحب اختیار ہین وہ اصل امر کو چھپاتے ہین جن لوگون کے حق مین ظلم ہوتا ہے وہ بسا نہ کے سائل اپنی بیداد کو بیان کرتے ہین اور جو لوگ عمدہ اطلاع پہونچا سکتے ہین وہ دقتون اور خطرون سے چشم پوشی کرکے معاملت کرنے مین سستی کرتے ہین۔

اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ ایسی چٹھی کے لکھے جانے کے بعد پھر فتح خان کی جاگیر کا ذکر سننے مین نہین آیا۔ اُسنے جو خدمتین کی تھین اُنکا اعتراف دوسرے طریقہ سے کیا گیا جسمین عذر کم ہو سکتا تھا۔

اس کل زمانہ مین جان لارنس زیادہ تر نامور ہاڈسن صاحب کے متعلق مشکلات مین پھنسے رہے جو رسالہ گائڈ سے

کمانڈر تھے انھون نے اس بارے مین بیسیون چٹھیان لکھین جنمین سے چند منتخب چٹھیان اس مقام پر درج کیجاتی ہین اور انکو لوگ مذاق سے پڑھینگے۔ اس کل خط کتابت سے یہ ہیئت مجموعی نہایت یقین کے ساتھ ثابت ہوتا ہے کہ جان لارنس نے ہاڈسن صاحب کے معاملہ مین نہایت تامل کیا انکے فنون سپہ گری اور مختلف لیاقتون کی بڑی قدر کی انکے عیبون سے نہایت چشم پوشی کی اور جہانتک انکا بس چل سکا ہاڈسن صاحب کے بارے مین کوئی بری بات گوارا نہین کی — ہاڈسن صاحب کے عیبون سے انھون نے بہت دیر کے بعد اور وہ بھی نہایت اکراہ سے یقین کیا مین تو کہتا ہون کہ ایسی باتون کے یقین کرنے مین انھون نے نہایت ہی سستی کی کیونکہ انکی بہادرانہ خواہش یہی تھی کہ جس شخص کو انکے بھائی ہنری نے اپنے ابتدائی اور عمدہ ترین ایام مین اپنی سرپرستی مین لیا تھا اسکے کفیل رہین۔ اس بات کو جو جان لارنس کے بہترے دوستون کو بہت اچھی طرح سے معلوم تھی جان لارنس نہین جانتے تھے کیونکہ ہنری نے خود مجھسے بیان کیا تھا کہ جب ہاڈسن صاحب انکے بھائی کے ساتھ کشمیر کے دورہ مین گئے تھے اور وہان کی تحویل انکے اختیار مین آئی تھی تو اسوقت سے ہنری لارنس نے ہاڈسن صاحب کی وفاداری کا یقین کرنا چھوڑ دیا تھا یہ امر یقینی ہے کہ ہاڈسن صاحب مین بہت سی عمدہ اور دلفریب صفتین تھین اور یہ بھی سچ ہے کہ انکے اخلاق اوصاف مین یکبارگی نہین بلکہ رفتہ رفتہ فرق آیا سچ ہے زوال آتے آتے بھی ایک زمانہ چاہیے۔

یہ امر بھی بہت صحیح ہے کہ جب وہ پہلے پہل پنجاب مین ہنری لارنس کے دوست کے طور پر آئے تو ہنری لارنس کا سوا ایک دوست (اور پنجاب مین کوئی شخص ایسا نہین تھا جو انکا دوست نہو) اس بات کے لیے تیار تھا کہ انکا استقبال کرے انکو مدد دے اور انکو پسند کرلے۔ پس ہاڈسن صاحب کے مصنف سوانح عمری نے برادرانہ شفقت کے ساتھ جیسا خیال کیا ہے کہ انکے خلاف ہندوستان بھر مین عام سازش تھی ویسا تصور کرنا بالکل لغو ہے۔ اس سازش کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ اسمین ہندوستان کے بعض بہترین اور لائق ترین افسر شامل تھے یہ وہ لوگ ہین جو ہنری لارنس کے نہایت عزیز ترین دوست تھے اور حقیقت حال سے ذرہ ذرہ واقف تھے یعنی خود ہاڈسن صاحب کی رجمنٹ کے افسر اور خود انکے اور دوسرے متصل ضلاع کے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر۔ اس خیال پر سخت تعجب معلوم ہوتا ہے —

ہاڈسن صاحب کو رسالہ گائڈس کی کمان پر لارڈ ڈلہوسی نے مقرر کیا تھا اور جان لارنس کی منظوری سے یوسفزئی ضلع کا سول انتظام بھی انکے سپرد کیا گیا تھا۔ یہ وہ عہدہ تھا جسپر سب سے زیادہ انکا دانت لگا تھا اور فن سپہ گری کے متعلق انمین جو نمایان اوصاف تھے انکے دکھلانے کا بہترین موقع اسی عہدہ مین حاصل تھا پس اسمین کوئی شک نہین کہ ماہ ستمبر ۱۸۵۲ء مین جب انکو یہ کمان ملی تو نہ لارڈ ڈلہوسی اور نہ جان لارنس کو انکی طرف سے کوئی شک تھا۔ وہ اپنی خدمتون مین اسی طرح مصروف بھی نہونے پائے تھے کہ ارباب فوج اور عمال ملک کیطرف سے انکے بیقاعدہ اور جابرانہ برتاؤ کی شکایتین آنے لگین اور مین دیکھتا ہون کہ ۲۲ مارچ ۱۸۵۳ء کو جان لارنس نے کونسل صاحب کے نام یہ چٹھی لکھی تھی —

مین تعین کرتا ہون کہ ہاڈسن صاحب کو رسالہ گاڈیمس اور عام فوج کے لوگ بھی پسند نہین کرتے مین نہین جانتا کہ اسکا سبب کیا ہے یہ بات بھی نہین ہے کہ اُنکو قبل از وقت ترقی دی گئی ہو کیونکہ اگرچہ وہ ایک نوجوان سپاہی ہین مگر قریب قریب قریب عمر کے ہین وہ اول درجہ کی لیاقت کے آدمی ہین اور اُنکی تعلیم بھی بہت اچھی ہوئی ہے - وہ ایک بہادر مستعد اور ہوشیار افسر ہین مگر اسپر بھی بہت کم لوگ اُنکو پسند کرتے ہین - یہ تو وہی معاملہ ہوا جو نامور ڈاکٹر فل کا ہوا تھا کہ نوجوان لڈنی اُنکو پسند نہین کرتی تھی مگر اُسکا کچھ سبب نہین بتاتی تھی -

اگر جان لارنس ان شکایتون کو سنتے تو بغیر اُنکا سبب رفع کیے ہوئے وہ کارروائی نکرتے جو اُنھون نے کی تھی - اور اب جس چٹھی کے چند جملے مین ذیل مین درج کرتا ہون وہ دوستانہ طرز تحریر کے خلاف معلوم ہوتے ہین -

۷ - اگست ۱۸۵۳ء

رجمنٹ کے لوگون کا جو خیال علی العموم آپ کے بارے مین ہے اُسکے متعلق مین جو کچھ بیان کرون تو اُسنے جان سے آپ ناراض نہون گے کیونکہ مین صرف اُنکی بہبودی کے لیے یہ بیان کر رہا ہون - آپ یقین مانیے کہ نہ انگریزی نہ دیسی افسر آپ سے اُسقدر راضی ہین جیسا کہ اُنکو ہونا چاہیے یہ بات پانچ چھ مختلف مقام سے میرے سننے مین آئی ہے لاہور مین مین نے بہت سے گروہون کو یہ ذکر کرتے سنا - مین نے براہ راست پشاور اور کلکتہ سے بھی یہ کیفیت سُنی ہے ممکن ہے کہ اُن لوگون کے بھی قصور ہون اور قواعد کی پابندی جیسی اُنکو چاہیے ویسی نہوتی ہو لیکن ناگہانی تباہ دلون سے پرہیز کرنا لازم ہے لمسڈن صاحب کی ماتحتی مین اس سپاہ نے بڑا نام حاصل کیا تھا - اور مین کہہ سکتا ہون کہ قطع نظر اپنے اوصاف کے وہ اپنے عیوب کے لیے بھی ہر دل عزیز رہے اگر اچھے آدمی بُری راہ چلینگے تو لوگ آپکو الزام دینگے - مین نہین خیال کرتا کہ یہان لوگ نہایت ہی سخت قواعد کے تحمل ہو سکین گے اور جتنے عرصہ مین آپ چاہینگے اُتنے عرصہ مین قواعد کرنے لگین گے پس ان سب وہمون سے میری رائے ہے کہ مین اپنی اصلاحین رفتہ رفتہ اور ہوشیاری کے ساتھ عمل مین لاؤن اور اسطریقہ سے اُنکی عملدرآمد کرون کہ جہانتک ممکن ہو لوگون کو اُس سے کم رنج پہونچے -

جو کچھ مین نے لکھا ہے وہ خانگی طور سے صرف آپ کے سننے کے لیے لکھا ہے - مین چاہتا ہون کہ آپ مجھ سے صلاح لیتے رہین جو کچھ مین لکھون اُسکو دوہرا دوہرا کر نہ لکھیے کیونکہ اس سے اور بھی خرابی پیدا ہوتی ہے مین نے سنا ہے کہ آپ نے فتح خان کا القاب بطور فتح خان معزول کے استعمال کیا یہ بات ایسے شخص کے برہم ہونے کو کافی تھی - دوسرے اقتباس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کشیدگی اور بڑھتی جاتی تھی -

کمپ ملتان ۲۰ فروری ۱۸۵۴ء

میرے پیارے ہاڈسن - سرکاری طور پر جبکا آپ سے استفسار کیا جاتا ہے اُسکا آپ جواب کیون نہین دیتے اگر آپ چٹھیون کا جواب نہ دینگے تو اسکا نتیجہ آپ کے حق مین خراب ہوگا اسطرح پر کارروائی چل نہ سکے گی

مین سنتا ہون آپ کہتے ہین کہ مین دن رات کام کیا کرتا ہون لیکن یہ میرے ذہن مین نہین آتا کہ آخر وہ کون سا کام ہے آپ کے ایسے چالاک شخص کے لیے اس بات مین بہت کم وقت ہونا چاہیے تھی کہ مناسب وقت تک کام کی تکمیل ہوجاتی گمانپور سپاہ گارڈس کے حکم سے دیسی افسرون کی تقرری اور سوقوفی کے بارے مین جو استفسار کیا گیا ہے مین چاہتا ہون کہ اسکا جواب ملے گورنمنٹ کے کسی استفسار کا مین اسوقت تک جواب نہین دیسکتا جب تک آپ اسکے بارے مین نہین لکھتے ہین —

ص ۴۱۹ ایک اور امر یہ ہے جسکے بارے مین ٹولن صاحب نے مجھسے استفسار کیا ہے — یہ اشارہ میرے بھائی کے حسابات کشمیر کی طرف ہے — جو بات آپ سے پوچھی گئی ہے اگر آپ وہ بتا نہین سکتے تو ویسا کہ کیون نہین دیتے — اور اگر بتا سکتے ہین تو لکھ بھیجیے — ہر ہر مہینہ کی تاخیر سے اسکا فیصلہ اور بھی دشوار ہوتا جاتا ہے .... — آپ قادر خان کو حوالات مین کیلیے رکھے ہوئے ہین باپ کے افعال سے اسکو کیا واسطہ — کیا وجہ ہے کہ قادر خان کے مقدمہ کی کمشنر کے اجلاس مین تحقیقات نہین ہوتی —

اسکے بعد کی چٹھی کشش کو اور بھی زیادہ ثابت کرتی ہے —

ڈیرہ اسمعیل خان ۹ مارچ ۱۸۵۸ء

میرے پیارے ہاڈسن — منسلکہ یادداشت کو پڑھیئے اور لکھیے کہ اسکے متعلق اطلاع دینے کا آپ کب تک ارادہ کرتے ہین — آپ کی سپاہ کے افسرون کی تقرری اور سوقوفی کے بارے مین چھ مہینے ہوے جب آپ سے استفسار کیا گیا تھا مطابق یادداشت کے بھیجنے مین اگر آپ نے اور تساہلی کی تو مین کسیوجہ سے یہ خیال نہین کرسکتا کہ کام چل سکیگا — سرکاری طور پر یاد دلانے کے سوا مین نے ایک مرتبہ نج کی چٹھی بھی لکھی مگر اسکا کچھ جواب نہ ملا مین چاہتا ہون آپ اس امر کو بخوبی سمجھ جائین کہ اگر کہو ایک جگہ کام کرنا ہے (جسکی مین دل سے امید کرتا ہون کہ ایسا ہی ہوگا) تو آپ کو آمادہ رہنا چاہیے کہ جوبات پوچھی جاے اسکا آپ بروقت جواب دیجیے آپ کا یہ کلمنا کارگر نہین ہوسکتا کہ پس ماندہ کام سے فرصت نہین ملتی وقس علی ہذا — مین کہتا ہون کہ اگر آپ چاہین تو چٹھیون کے لکھنے کا آپ کو وقت مل سکتا ہے — پس مہربانی کرکے ہر امر کے وقت پر جواب دینے کو تیار رہیے — اس امر کے متعلق مین آپ کو یہ آخری مرتبہ لکھتا ہون —

مندرجۂ ذیل اقتباس ایک لطف خاص رکھتا ہے کیونکہ اس زمانہ مین برادران لارنس کے درمیان جو چٹھیان آئین گئین انمین سے ایک چٹھی کا خلاصہ درج کرتا ہون —

مری ۶ مئی ۱۸۵۸ء

میرے پیارے ہنری — آپ کی چٹھی مورخہ ۲۴ اپریل ابھی میرے پاس پہونچی .. — مین رسالہ گارڈس کے کمانڈر ہاڈسن صاحب سے بہت تنگ آگیا ہون میری سمجھ مین نہین آتا کہ انکے ساتھ کیا برتاؤ کرون انکی بہادری اور قابلیت مین کوئی شبہ

نہین ہے۔ اُنکے ماتحتون سے جوانسے نہین بنتی ہے تو بہرحال اسکا ایک بہانہ مین بیان کرسکتا ہون کہ اُنمین ایسے آدمی نے بھی اپنے اکثر ماتحتون کو برباد کیا یا یہ کہ وہ بہرحال کسی اور گمانیر سے اچھے ہین ظاہر اُنمین نے بھی حسابات مین بہت ابتری ڈالدی اور ہاڈسن نے اُنکی درستی کی فکر نہ کی۔ وہ اپنے پٹھانون اور آفریدیون کے ایک بڑے حصہ کو نکالتے جاتے ہین یا نکال دیا ہے شاید یہ بات اُن لوگون کے رکھنے سے بہتر ہے جو انکو ناپسند کرسکتے ہین۔ لیکن اب مین سنتا ہون کہ تمام گورے انکو ناپسند کرتے ہین اور ممکن ہے کہ وہان دنگہ ہوجائے۔ کل گاڈنس کے ایک منشی سے اُنسے تکرار ہوگئی جسکا

خ ۳۴ نتیجہ یہ ہوا کہ اُس شخص نے اُنکے منہ پر ایک تھپڑ مارا۔ مین اُن سب باتون کو اسوجہ سے نہین بیان کرتا ہون کہ اُس سے کوئی فائدہ ہے بلکہ اسلیے بیان کرتا ہون تاکہ آپ یہ نہ خیال کرین کہ مین نے اُنسے نفرت کی ہے۔ مین ایک قسم کے ناقابل بیان خیال سے کہ وہ اس سپاہ کے لیے موزون نہین تھے اس امر کے خلاف تھا کہ انکو یہ کمان ملتی لیکن جب سے انکو کمان ملگئی جہانتک ممکن ہوسکا مین نے اُنکے ساتھ نباہنے کی کوشش کی میرے نزدیک بذات خاص تو وہ ہمیشہ پسندیدہ اور نہایت خلیق ملے ہوئے لیکن اورون کے نزدیک مجھکو اُنکا حال کچھ اور پایا گیا کیونکہ مین ہنگامہ کا اندیشہ کرتا ہون۔

لیکن اسکے تھوڑے ہی دنون کے بعد اُنکی رجسٹ کتابات حساب کے متعلق اور بھی تکلیف دہ مسائل پیش ہوئے۔ اس موقع پر اُنکی تفصیل لکھنا ناممکن ہے لیکن جان لارنس کی طول طویل چٹھیون کے ایک طومار سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر بعض اوقات اُنکو کتب مذکور کے بدترین نتائج کی راہ دیکھنے مین چارہ نہین ملا تو اس بات کی اُمید وہ ہمیشہ آرزو کرتے رہے کہ اُنکا نتیجہ عمدہ ثابت ہو۔ مین اس موقع پر ایک چٹھی کا خلاصہ نقل کرتا ہون "ایک سپاہی کی بارہ برس کی سوانح عمری" اس نام کی کتاب مین جان لارنس پر جو تہمتین رکھی گئی تھین اُنکا کافی جواب اس چٹھی سے بہم پہونچ سکتا ہے۔

۲۷ جون ۱۹۵۵ء

آپ کے معاملہ کی تجویز مین میرے سبب سے تاخیر نہین ہوئی اور نہ مین نے آپ کے چال وچلن کی نقصان رسانی مین ذرا بھی کچھ کہا یا کیا۔ مین نے یہ چاہا ہے کہ آپ کا مقدمہ ایک ایسی عدالت کے ذریعہ سے تجویز کیا جاے جسکے حاکم آپ ہی کے ہمجنس افسر ہون لیکن یہ مین صحیح صحیح نہین کہسکتا ہون کہ بہ حیثیت ممبر کونسل آپ کے چال وچلن کے خلاف کوئی امر ثابت نہوگا جسکو مین بارہا بیان کرچکا ہون۔ مین یقین کرتا رہا اور اب تک یقین کرتا ہون کہ دراصل آپ سے یہ قصور ہوے ہین کہ بے ضابطگی تساہل اور عام بدانتظامی کے آپ مرتکب ہوے۔ ممکن ہے کہ ایک افسر مجرم ہو مگر قابل سزا ہو۔ یہ ہوسکتا ہے کہ اُسنے کوئی بات بددیانتی کی نہ کی ہو اور اُسپر بھی گاڈین ایسی سپاہ کی کمانیری کے قابل نہ سمجھا جاے ۔ ۔ ۔ ۔ مین نے یہ چٹھی آپ کے رقعہ کے جواب مین لکھی ہے تاکہ میری خاموشی سے آپ اور کچھ نہ سمجھین۔ اگر مین نے کوئی ایسی بات اس چٹھی مین لکھی ہے جس سے آپ کو

رنج ہو تو اسکا مجھکو بہت افسوس ہے اور آیندہ مین آپ کے حالات مقدمہ کے متعلق کچھ نہ لکھون گا۔ اگر آپ سمجھتے ہون کہ مزید تحقیقات سے آپ کے حق مین فائدہ متصور ہے تو میری راے ہے کہ آپ اس بارے مین کمانڈر انچیف سے استصواب کرین ــــ

تحقیقات کے لیے جو عدالت مقرر ہوئی تھی اُس نے شہادت پر بخوبی تمام غور کرنے کے بعد آخر مین ایسی راے دی جو ہاڈسن کے چال وچلن کے حق مین نامستحسن تھی اور کاغذات متعلقہ حسب ضابطہ فیصلہ کے لیے لارڈ ڈلہوسی کی خدمت مین روانہ کیے گئے لیکن قبل اسکے کہ لارڈ ممدوح کو ان کاغذات پر غور کرنے کا موقع ملتا ہاڈسن صاحب ایک اور دقت مین مبتلا ہو گئے جس سے صورت معاملات اور بھی نازک ہوگئی۔ لیکن جیسا عوام الناس مین خیال کیا جاتا ہے ہاڈسن صاحب سے رسالہ گائیڈس کی کمان ص ۴۳۱
انکی بدچلنی کیوجہ سے نہین لے لی گئی اصل وجہ انکی یہ ہے کہ انھون نے ایک دولتمند دیسی سردار مسمی قادر خان کے ساتھ جسکا نام مندرجہ بالا پیمیون مین آچکا ہے ظالمانہ اور جابرانہ برتاؤ کیا۔ لارڈ ڈلہوسی نے جنکے پاس اس مقدمہ کی رپورٹ بھیجی گئی تھی انکو اُنکی نوعی کمان اور سول اختیار سے بھی محروم کر دیا۔ چنانچہ ۲۶ ستمبر ۱۸۵۵ء کو وہ لکھتے ہین کہ "گفٹ ہاڈسن کا مقدمہ میرے روبرو حال مین پیش ہوا یہ مقدمہ بدتر از بدہے۔ اور مین نے نہایت افسوس کے ساتھ یہ مجبوری انکو رجمنٹ سابق کو منتقل کر دیا کیونکہ وہ ایک بہادر سپاہی اور ایک لائق شخص ہین" ۔ دربار ایسٹ انڈیا کمپنی واقع انگلستان نے اُنکے چال چلن پر اور بھی سخت نگاہ کرکے یہ حکم دیا کہ کسی حالت مین انکو کوئی اور کمان نہ ملنے پائے اسطور پر وہ پنجاب سے غائب ہی ہو گئے۔ لیکن غدر کے نازک زمانہ مین وہ پھر میدان مین آکر کھڑے ہوئے یہ ایسا وقت تھا جسمین انکی بعض بہترین صفات اور بعض بدترین اوصاف کے ظاہر ہونے کا گمان تھا ــــ

ڈیرہ غازی خان مین یہ دیکھکر کہ وہان کی مالگزاری اراضی کے متعلق جسکا سرسری بندوبست حال مین وان کورٹ لینڈ صاحب ہردل عزیز ڈپٹی کمشنر مقام مذکور نے کیا تھا بعض باتون کی شکایتین پیدا ہوتی ہین چیف کمشنر نے خود اس معاملہ مین توجہ کی اور موجودہ جمعبندی مین تیرہ ہزار روپیہ اور بھی کم کر دیے اور اسطور پر وہان کے لوگون کو خوش کر گئے۔ وہ لکھتے ہین کہ "فی الجملہ یہان کے لوگ بڑے خیر سگال معلوم ہوتے ہین انمین اور پشاور کے لوگون مین زمین آسمان کا فرق ہے" یہ نہایت انصافانہ تحقیق ہے اور جیسا کہ بعد کو معلوم ہوگا سندھی اور پنجابی سرحدی فرقون کے جھگڑے کی جڑ یہی ہے۔ کیونکہ جنوبی ڈیرہ جات کے لوگ اور اس سے بھی زیادہ وہ اشخاص جو ریگستان سندھ مین رہتے ہین بلوچی الاصل ہین وہ چال وچلن کے بہت سیدھے ہین اور خاص کرکے

اخلاقی طریقون سے آنکا انتظام ہوسکتا ہے۔ شمالی دیرہ جات کے فرقے اپنی اصل کے اعتبار سے پٹھان ہین یہ لوگ بے صبر خوفناک اور نا قابل تربیت ہین اور صرف اُسیکا لوہا مانتے ہین جو بزور تیغ آنکو دبائے رہتا ہے چیف کمشنر کی عام راے ہمارے مقبوضات آنروے سندھ کے متعلق زیادہ موافق نہین تھی۔ گرفتھن کو وہ لکھتے ہین کہ۔

مین اس سرحد کا دورہ کر رہا ہون ملک ویران اور رعایا مفلس اور صحرائی ہے لیکن عموماً لوگ تربیت پذیر اور چال چلن کے اچھے پائے جاتے ہین۔ صیغۂ خزانہ کے فوائد کے اعتبار سے وہ اراضیات جو دریاے سندھ کی داہنی جانب واقع ہین رکھنے کے قابل نہین ہین لیکن پنجاب مین امن وامان قائم رکھنے کو ضرور ہے کہ دونون جانب ہمارا قبضہ رہے۔ اور بیرونی مداخلت کے لیے ایسا بندوبست ہو کہ مقابلہ مین ہم لوگ ورہین۔ کوہاٹ کے اسطرف کے لوگ بمقابلہ باشندگان پشاور کمتر متعصب اور مخالف ہین۔ دیرہ جات کا کل ملک بالکل خراب ہے تاآنکہ کوہ پیازو[1] کا سلسلہ نہ آجائے اس خط کے دکن جانب کی زمین سخت چکنی مٹی کی ہے اور وہ ایسی سخت اور سطح ہے جیسے سانکھو کی لکڑی کا تختہ ہوتا ہے۔ نباتات کا کہین نام نہین۔ پانی کے نہ ہونے کی وجہ سے وہ زمین قابل زراعت نہین۔ مروت کا ملک بہت خوشنما معلوم ہوتا ہے۔ ہمکو بنون نہایت ہی خوش سواد معلوم ہوا قرب وجوار کے جنگلون مین اُسکو باغ مدن کہنا چاہیے۔ اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ اس باغ عدن اور اسکے متصلہ جنگل کا ڈپٹی کمشنر وہ رستم وقت تھا جس سے اُنکے چیف سال سابق مین برابر ایسی تیز خط کتابت کرتے رہے تھے۔

صلح اور جنگ کے زمانہ مین جان لکلسن نے یہان جو کارروائیان کی تھین اُنکی علامتین ہر طرف نمودار تھین اور جو وفادار رفیقہ اس چار مہینے کے طول طویل اور سخت سفر مین جبکا اسوقت خاتمہ ہورہا تھا اُنکے ساتھ رہی تھی اُسکو ابتک یاد ہے کہ اُسکو اپنے شوہر اور شوہر کو اُسکی صحبت سے کیسی خوشی حاصل ہوئی۔ اور سفر انگلستان مین اپنی بڑی دو بیٹیون کی جس بہادر محافظ نے اُنکی خبرگیری کی تھی اب وہ ساری شفقت اُس سب سے چھوٹے بچے پر کرنے لگا جو اُسکے ساتھ تھا۔ کوہاٹ مین جہان کے شور انپشت باشندے گذشتہ فصل خزان کی فوجی کارروائیون سے کسیقدر صلح اور آشتی کے ساتھ رہتے آئے تھے جان لارنس کو یہ خبر پہونچی کہ ارمند سنون صاحب فنانشل کمشنر جنون نے بقول جان لارنس اپنے تئین پنجاب مین ایک قلعہ کے برابر قوی ثابت کیا تھا لارڈ ڈلہوزی کے سکریٹری معاملات خارجہ مقرر ہوے۔ اُنکی جگہ پر جان لارنس کے پیارے دوست ڈانلڈ میکلیوڈ مقرر ہوئے۔ غالبًا یہ اُنکے بڑے ہی پیارے دوست تھے اُنکی اس نفس رتبی جان لارنس نے اُنکو جو چٹھی لکھی وہ دونون آدمیون کے خصائل اور اُنکے باہمی تعلقات کو بخوبی ظاہر کرتی ہے

ص ۴۳۳

[1] بلندی جنوبی حد جو حال کے نقشہ جات مین کوہستان شیخ بودین کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

راولپنڈی ۱۵ اپریل ۱۸۵۳ء

میرے پیارے نیکولسن۔ مین آجکی ہمی سورخہ ۱۱ اپریل کے پہنچے اور اس بات کے دریافت ہونے سے کہ آپ لاہور مین چارج لیکر گیوا سطے آتے ہین بہت خوش ہوا مجھے یقین ہے کہ آپ ایک مشہور ایڈمنسٹریشن کرینگے اگر آپ صرف اس امر کا قصد مصمم کر لینگے کہ جو امر ایک وقت طے ہو سکتا ہو اُسمین تاخیر نہو اور جو کام سامنے آئے وہ روز کا روز ہوتا جائے تو اور کوئی ایسی بات نہین ہے جسکی خواہش کیجائیگی۔ مین سمجھتا ہون کہ تم دل کھول کر کام نہین کرتے ہو۔ تم شل گھوڑ دوڑ کے اُس سوار کے ہو جاؤ جسکے اُسکے کہ اشارہ کے ساتھ ہی بھاگے اُسوقت تک منتظر رہتا ہے کہ اور لوگ بخوبی اُسکے آگے نکل جائین اور اُسکے بعد وہ اپنا گھوڑا دوڑاوے یا شاید اُس سے بھی زیادہ اشبہ شل یہ ہے کہ جب پورے ایک سن کا بوجھ آپ کی گردن پر ہو جاتا ہے تو آپ دوڑنے کا قصد کرتے ہین عریانی کر کے آپ میری ان روکھی باتون کو معاف فرمائینگے۔ آپ کا لحاظ اور پاس رکھنے والا مجھسے بڑھکر کوئی شخص نہوگا اور نہ آپکو شریک کار کرنے کی مجھسے زیادہ کسیکو خوشی ہوگی۔ مین دیکھتا ہون کہ آپ کے سرکاری اعمال نامہ مین صرف ایک وصبہ ہے اور بطور ایک کاروباری دوست کے چاہتا ہون کہ آپ اُسکو مٹا ڈالین۔

حال ۳

یہ صاحب جنکو جان لارنس نے "کنگز" کا بہت ہی موزون خطاب دیا تھا گو کیسی ہی آمادگی ظاہر کیون نہ کرتے مگر اب اس سن مین وہ اپنے اصولون کو کسیطرح بدل نہین سکتے تھے لیکن اپنے رومی گرو کی طرح جسکے وہ مقلد تھے اگر انھون نے "اپنی تاخیر" سے سلطنت کو بچا لیا تو اس بات مین ضرور اعانت پہونچائی کہ اپنے استقلال دیانت داری اور شادمانی سے جو صرف انکی موجودگی (انکی موجودگی کو جان لارنس ہمیشہ اعلیٰ درجہ کی انسانی خوشی کا باعث سمجھتے رہے) سے ایک ایسے شخص کو حاصل ہوئی تھی جسنے قریب الوقوع ہنگامہ مین سب سے زیادہ سلطنت کے بچانے مین کوشش کی وہ مطلب بھی حاصل ہو گیا۔

راولپنڈی مین اڈورڈ تھارنٹن صاحب کمشنر نے سول اسٹیشن جیلنا نے کچہریون اور چھاؤنیون کو ایک ہی مقام پر نزدیک نزدیک بنانے کی جو تجویز کی تھی اسکو جان لارنس نے نہایت دلسوزی سے قبول کیا بعد اُسکے اپنی زوجہ اور بیٹی کو جو دونون کی دونون دیرہ جات کے اس کوچ مین خشکی اور صعوبت آب و ہوا سے علیل ہو گئی تھین ساتھ لیے ہوئے مری کی نئی پہاڑی چھاؤنی کو روانہ ہوے اس مقام پر وہ پہلے پہل گئے تھے لیکن وہان کا آخری مرتبہ کا سفر یہ البتہ نہین تھا کیونکہ اُن کے ڈاکٹرون کے حکم اور لارڈ ڈلہوزی کی تاکیدی تحریرون سے اگر اپنے نفع کے لیے تھین تو بہر حال بظہر فائدہ سرکار وہ مجبور ہوے کہ فصل گرما کے زیادہ تر ایام اُسی مقام پر بسر کرین۔ اُنھون نے اپنے دوستون ڈاکٹرون اور گورنر جنرل کیطرف درخواست کو قبول نہین کیا اور یہ لازمی امر تھا کیونکہ ابتک وہ ہمیشہ اپنی اور

اپنے ماتحتون کی اس خواہش کو ہمیشہ روکتے آئے تھے کہ گرمی کے ایام مین اُن دلفریب پہاڑون پر جو اُترطرف سے لوگون کو فریفتہ کرکے اپنی طرف پکار رہے تھے چلے جائین - یہ ایک بڑی مشکل اور بے لطف تکرار تھی جسکو وہ اُسوقت صرف اسوجہ سے متروک نہ کرسکے کہ اب امتداد ایام سے اُنکی حالت بدل گئی تھی - اور ایک یہ بھی تھی کہ جس امر کو اُنھون نے اپنے لیے قبول کرلیا تھا اُس سے دوسرون کے لیے انکار کرنا اور بھی ناممکن ہوتا - اُن کے ماتحتون نے اس بارے مین جو وجہ اُنکو سخت مزاج تصور کیا لیکن بالعموم یہ لڑائی دونون طرف سے اچھے دلون کے ساتھ لڑی گئی اور کسی شخص نے اُنکے سرکاری جوش یا اُن کے خیالات کی صداقت پر اعتراض نہین کیا فی الواقع اُنکی خواہش ابتک یہ تھی کہ شدت کی گرمی کے زمانہ مین بھی وہ پہاڑون سے میدانون کیطرف چلے جائین حالانکہ اُنھون نے ایسا جسوقت کیا اُنکی تندرستی کو نقصان ہوا اور بعض اوقات جیسا کہ آئندہ معلوم ہوگا اُنکی جان پر بن گئی - ذیل مین مسٹر کری صاحب کے نام کی ایک چٹھی نقل کی جاتی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ اسی امر مین اُنھون نے اپنا فرض سمجھکر اپنے ایک کمشنر سے جو دونون کا دوست تھا انکار کیا تھا -

صفحہ ۳۹۲

مجھکو افسوس ہے ـــــ صاحب میرے انکار سے ناراض ہوگئے - مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ وہ میرے انکار ہی سے اصل مین ناراض ہوئے - جو کچھ ہو میرا اُسمین اختیار نہین تھا مین نے جو کچھ کیا سرکاری فائدہ کے خیال سے کیا ایسے معاملات مین نہ میرا کوئی دوست اور نہ دشمن ہے یا بہر حال مین ہی اس کوشش مین رہتا ہون کہ میرا کوئی دوست دشمن نہو - چنانچہ اس معاملہ مین اگر مین نے اپنے خیالات کے خلاف عمل کیا تو صرف آپ کے لحاظ سے جب آپ کمشنر تھے تو مین نے راے دی تھی کہ علاقہ جالندھر کی سلطنت مین شامل کیا جاے - اور مین خیال کرتا ہون کہ میرا وہ خیال صحیح تھا اُس امر کے فائدہ سے تو مین اعتراف کرتا ہون جو اکثرون کو پہاڑ پر جانے سے ملتا ہے لیکن مین اس امر سے چشم پوشی نہین کرسکتا کہ سرکاری کام کے حق مین اُس سے کسقدر نقصان پہونچتا ہے - بطور قاعدہ کلیہ کمشنر لوگ جو پہاڑون پر جاتے ہین پوری فصل بھر وہان رہتے ہین وہ اگلی پکڑتے پکڑتے پچھلی پہونچا پکڑ لیتے ہین اس بارے مین صرف ڈانلڈ صاحب نے راہ راست پر عمل کیا ہے ـــ

ایک اور چٹھی آخر ترین تاریخ کی ہے جو یہان نقل کی جاتی ہے - یہ چٹھی اُنکے ایک ایسے دوست کے نام ہے جس سے وہ بہت الفت کرتے تھے مگر وہ اسی طرح اُنکو رنج پہونچایا کرتا تھا -

کیمپ گورگھپور ۲۲ نومبر ۱۸۵۵ء

میرے پیارے بارنس - مجھے افسوس ہے کہ آپ کے انگلستان جانے کے قبل مین آپ کو دیکھ نہ سکون گا معلوم نہین اب پھر ملاقات ہو یا نہ ہو - میرے نزدیک فی الجملہ آپنے علاقہ این روے تلج کی اچھی کمشنری تھی

گراونڈ مسٹون کے برابر نہین کی وہ بڑا بھاری کارگزاری آدمی ہے جیسے آپ کبھی نہو سکینگے ۔آپ کا خیال زیادہ تر اس امر پر رہتا ہے کہ کام جلسلے ہو جائے مگر نیک و بد نہین دیکھتے آپ جوڈیشل صیغہ کی نسبت مالی صیغہ کی طرف زیادہ جھکتے ہین ۔ جوڈیشل صیغہ کے لیے زیادہ جلد بازی جیسی آپ مین ہے نہین درکار ہے تاہم ممکن تھا کہ کاؤن صاحب کو اور بھی خراب جج ملتا ۔اگر آپ پھر یہرے یہان واپس آئینگے تو مین خوش ہونگا اور اگر آپ کو دوسری جگہ ترقی مل گئی تو مین راضی رہونگا ۔

ص۳۹۳ لیکن اگر کوہستان پر آپ کے لیے پانچ مہینے کارہنا کافی نہین ہے تو بسوقت اگرہ مین گیارہ مہینے تک آپکو رہنا پڑیگا اُسوقت کیا کیجیے گا ۔مجھکو یہ دیکھکر افسوس معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑ پر جانے کے متعلق مین نے جو کارروائی کی ہے اُس سے آپکو رنج پہونچا ۔لیکن مجھکو امید ہے کہ سرکاری فائدہ کے لحاظ سے مین جو کارروائی کرونگا اُسکو آپ پسند کرینگے ۔مین نہین خیال کرتا کہ آپ پر جو کچھ فرض ہے اُسکو انجام کرکے آپ زیادہ عرصہ تک ٹھہر سکین ۔مین نہین سمجھتا کہ اُس زمانہ سے زیادہ عرصہ تک کسی شخص کو پہاڑ پر رہنا چاہیے ۔مین نہین دیکھ سکتا کہ آپ سات مہینے وہان گزارین اور کمشنر آن جہلم و علاقۂ این روے ستلج اُسکے کمین پیشتر پہاڑیون سے چلے آئے ہین ۔یکم مئی کے پیشتر مین کبھی پہاڑ پر نہین گیا ہون اور اس سال کے سوا ہمیشہ آغاز اکتوبر مین چلا آیا ہون آپ اور آپ کے سوا دوسرے لوگ بھی خیال کرتے ہین کہ مین بڑا سخت کام کا لینے والا ہون شاید ایسا ہی ہو لیکن میرا منصب بھی اُسیکا متقضی ہے ۔ہر بات کو آسان سمجھکر چھوڑ دینے سے کچھ شدنی نہین ہے مین خیال کرتا ہون کہ کمشنر آن علاقۂ این روے ستلج و قسمت لاہور جسقدر کام اچھی طرح سے انجام کرسکتے ہین اُس سے زیادہ اُنکو کام رہتا ہے مین گورنمنٹ سے دو مرتبہ اس امر کو بیان کرچکا ہون لیکن گورنمنٹ اُسکو تسلیم نہین کرتی اور اسواسطے مجھکو لازم ہے کہ کوشش کرون اور جسطرح ہوسکے کام کو انجام کراؤن مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ مین فرش مخمل پر نہین سویا کرتا ہون اگر میرا بس چل سکتا تو مین کل ہی انگلستان کو چلا جاتا ۔

وہ گفتگو مین اس مکتوب الیہ سے ظریفانہ مزح وذم کے اختلاط سے جو اُنکی عادت سے تھا یہ کہا کرتے کہ "آہا ۔بازنس صاحب تم تو بڑے چالاک شخص تھے ہم لوگ جس کام کو ایک گھنٹہ مین کرسکتے ہین تم اُسکو اسی عمدگی سے آدھ گھنٹہ مین کرلیتے اور اگر تم اس بات کی کد نہ کرتے کہ مین اُسکو پاؤ ہی گھنٹہ مین انجام کرونگا تو تم بہت ہی اچھی طرح اُسکو انجام کرتے" اپنے دوست کی قوت اور کمزوری کا اب اس سے زیادہ صفائی کے ساتھ اور کیا کوئی بیان کریگا ۔چیف کمشنر کا اپنا کام اُنکے تین کمرے والے مکان واقع مری مین جو اُنکی اور اُنکی زوجہ کی سادہ حاجتون کے لیے کافی تھے علی الاتصال ہوتا چلا جاتا تھا ۔۳ رجون کو وہ لکھتے ہین کہ "مین ہر وقت کام ہی مین مشغول رہتا ہون کسیوقت قلم میرے ہاتھ سے نہین چھوٹتا ۔طول طویل رپورٹون کا لکھنا واقعی تکلیف دہ ہے اعداب میری آنکھین ویسی نہین رہین جیسی پہلے تھین ۔مجھکو اندیشہ ہے کہ اگر پچاس برس تک میری زندگی

دفاکی توہین اندھا ہو جاؤن گا۔ اسکے چند روز قبل ۷ دسمبر کو ایک چوتھا بیٹا (چارلس ہنیبر) پیدا ہوا اور چند ہی روز کے بعد جب مان اس قابل ہوگئی کہ بچہ کو لیکر تنہا رہسکے وہ لاہور کو روانہ ہوگئے۔ لیکن یہ اسطرح کی آزادی تھی جسکی بہت جلد انکو کچھ مکافات اٹھانا پڑی کیونکہ وہ سنجار مین سخت مبتلا ہوگئے تھے جس سے انکی جان کے لالے پڑگئے تھے۔ انکے طبی مشیر پہلے تو فصد کھولنے کے معمولی علاج سے کسیقدر خائف ہوئے لیکن جب انھون نے بہت اصرار کیا تو آخر کو ڈاکٹرون نے انکے بازو مین ایک رگ کھولدی۔ اس سے انکا سر کسیقدر ہلکا ہوگیا لیکن ڈاکٹرون کے قطعی احکام اور اپنی بیحد کمزوری سے وہ متنبہ کیے گئے کہ جہانتک جلد ممکن ہو مری کو دوڑ چلے جائین۔ جب لارڈ ڈلہوزی نے اپنے نائب کے اس افاقہ کا حال سنا تو انھون نے بہت توجہ کی اور اسیطرح بارہا انھون نے پہاڑ جانے کے لیے صلاح دی جس سے میری آیندہ تحریرات کی تصدیق ہوگی

۷ ستمبر

مری مین جانے سے مجھکو امید ہے کہ آپ یکبارگی بخوبی تندرست ہو جائین گے۔ اسکے سال موسم گرما کے شروع ہونے کے بعد آپ ہرگز ہرگز پہاڑ سے نیچے نہ اتریگا۔ آپ چاہین کچھ کرین یا نکرین مگر اپنی تندرستی کو قائم رکھین۔ اور اسکے دو دن بعد وہ پھر لکھتے ہین کہ۔

مین صدق دل سے افسوس کرتا ہون کہ مین نے زیادہ تاکید کے ساتھ آپ سے اس بارے مین اصرار نہین کیا کہ گرمی کے موسم مین آپ مری کو چھوڑ کر لاہور چلے جائین۔ لیکن ادھر کچھ دنون سے آپ کی طبیعت ایسی تندرست رہی کہ اسوقت میرے ذہن مین یہ نہین آیا کہ کچھ دنون کے لیے میدانی ملک مین جانے سے آپ کو کچھ ضرر ہوگا اب پھر مین آپ کو انھین باتون کی ممانعت کرتا ہون جنکے بارے مین پچھلی چٹھی مین مین نے ممانعت کی تھی یعنی یہ کہ آپ اپنی معمولی کے ہر ایک پہاڑی مقام پر آیندہ موسم گرما مین چلے جائینگے جو وہان کثرت سے ہین اور پھر اپنی تندرستی کو جسپر سرکار کا اسقدر فائدہ منحصر ہے خطرہ مین نہ لائینگے۔ اسوقت کے لیے مین اصرار کے ساتھ آپ سے کہتا ہون کہ جب تک آپکی تندرستی اور قوت پھر عود نہ کر آئے اسوقت تک اگر آپ سے ممکن ہو یا اعلی درجہ جہانتک ممکن ہوسکے کامل آرام حاصل کیجیے۔ پنجاب، رپورٹ یا اور کسی رپورٹ کا آپ کچھ خیال نہ کیجیے بلکہ خوب اپنا دل بہلائیے اور اپنی تین کا اہل بنا ڈالیے اور اس تدبیر سے پھر اپنی طبیعت درست کر لیجیے۔

اس سیاحت لاہور کے زمانہ مین جان لارنس اس تبادلہ کے عمل مین لانے کے قابل ہوسکے جسکی عرصہ دراز سے انکو خواہش تھی کیونکہ اس زمانہ مین انکو اس کثرت کار اور پریشانی سے جو انپر جبر کر رہی تھی نجات رہی اور انکو ساتھی بھی ایسا مل گیا جسکا مستعد قلم اب بھی بہت کچھ کام کر چکا تھا اور آیندہ کئی برسون کے بعد انکے سکریٹری کی حیثیت سے انکے نہایت ہی مقرب لوگون مین آنے والا تھا جسطرح سے یہ باتین وقوع

ص ۴۳۶

ص ۴۳۴

مین آئین ڈوتشریح طلب ہین جب پہلے پہل بُوزڈ مقرر ہوا تو لارڈ ڈلہوسی نے ظاہرا ایک طور کی غلط فہمی سے ظفپ ملوں کو وہانکا آنریری سکریٹری مقرر کر دیا تھا یہ صاحب ایک ذی لیاقت اور تعلیم یافتہ آدمی تھے اور ہمیشہ برتاؤ مین عمدہ پائے گئے لیکن جیسا کہ نتیجہ سے ظاہر ہوا انکی تعلیم اور صلاحیتین اس خاص عہدہ کے لیے بالکل ناموزون نکلین - کرچین صاحب جنکو بُوزڈ نے سکریٹری مقرر کیا تھا کچھ دنون کی ملازمت کے بعد ممالک مغربی وشمالی کو چلے گئے - اور ایک مرتبہ پھر غلط فہمی کی جہت سے جاور بھی لائق عفو نہین تھی لارڈ ڈلہوسی نے ملوں صاحب کو اس عہدہ پر مقرر کیا اسطور پر شمل پنجاب کے اور عہدون کے جنکو بالکل بُوزڈ کے اختیار پر چھوڑ دینا چاہیے تھا یہ بھی بلکہ شاید یہی ایک عہدہ تھا جسکے بھرنے مین بُوزڈ کو زبان ہلانے کی اجازت نہین دی گئی

ماہ جون ۱۸۵۳ء مین جیسا کہ مین ابھی بیان کر چکا ہون جان لارنس شملہ مین لارڈ ڈلہوسی کی ملاقات کو آئے اور دہان رچرڈ ٹمپل سے بھی جو ایک نوجوان سولجین تھے ملے اور پلٹتے وقت جالندھر مین ٹھہر کر اس کام کو دیکھا بھالا جو صاحب موصوف نے بہ حیثیت افسر ضلع انجام دیا تھا اپنے دوستون سے بہ سبیل تذکرہ افغون نے بیان کیا تھا کہ "بس ایسے ہی شخص کو ہم اپنا سکریٹری مقرر کرنا چاہتے ہین - جو کچھ مین کہتا ہون وہ اسکو سمجھ سکتا ہے اور اسکو اول درجہ کے طریقہ سے ضبط تحریر مین لا سکتا ہے لیکن ہمارا کیا بس چل سکتا ہے لارڈ ڈلہوسی نے ملوں کو ہمیشہ کے لیے ہیڈ متسلط کر دیا ہے" اور اسکے تھوڑے ہی دنون کے بعد خود گورنر جنرل کے نام کے ایک مراسلہ مین اُس کام کی نسبت جسکو اُنھون نے دیکھا بھالا تھا اس طور پر اپنی راے ظاہر کرتے ہین "نو عمر ٹمپل نے بندوبست جالندھر کا کام ابھی حال ہی مین ختم کیا ہے - اور اس پندرہ مہینے کے عرصہ مین جب تک وہان اسکا قیام رہا اُسنے اول درجہ کی کارگزاری ہی نہین کی بلکہ اسقدر کام انجام دیا ہے جو ملک کے اور کسی تین آدمیون سے انجام نہو سکتا - وہ پنجاب کا ایک نہایت ہی ترقی پزیر افسر ہے"۔

بدقسمتی سے اس "نہایت ہی ترقی پذیر افسر پنجاب" کو کچھ دنون کے بعد ٹامپسن صاحب نے ممالک مغربی وشمالی مین بُلوا لیا - لیکن جان لارنس نے جب نہایت ہی اصرار کے ساتھ لکھا (اور اس امر کو مین اوپر بیان کر چکا ہون[1]) کہ ایک نئے ملک مین جس آدمی کی نسبت ٹمپل صاحب کے استعداد والے آدمی کی زیادہ حاجت ہے تو ٹامپسن صاحب اُنکی درخواست قبول کرنے پر راضی ہو گئے اور اُسکے بعد ہی ٹمپل صاحب دوآبہ بیچنا کے عال بندوبست مقرر کر دیے گئے - اپنے نئے عہدہ پر جاتے ہوے جنوری ۱۸۵۳ء مین جب وہ لاہور سے گذرے تو اُنھون نے پہلے پہل "جلیل القدر ارباب ثلثہ" سے ملاقات کی اور اکثر "ہیرا ڈکے آگے رقص کیا" چنانچہ جو شخص بزمانہ آیندہ اُنکا اعلیٰ افسر ہونے والا تھا اُسنے ٹمپل صاحب کے اپنے

[1] دیکھو صفحہ ۲۵۳

ص ۴۳ پاس بار بار آنے کے بیان مین یہی الفاظ استعمال کیے تھے۔ اُنھون نے دو آبہ بریچنا مین اسیطرح کی محنت شاقہ کی تھی جاننہ ھرمین کی تھی اور جب لارڈ ڈلہوزی نے یہ راے دی کہ ایک رپورٹ اس امر کی تیار ہونی چاہیے جس سے ظاہر ہو کہ الحاق کیوقت سے ابتک پنجاب مین کیا ہوا تو میران بورڈ کا خیال خود بخود اُنکی طرف رجوع ہوگیا۔ یہ کام اصل مین لارنس صاحب کا تھا جنھون نے اُسمین طبع آزمائی کی۔ لیکن اُنکی کوششون کے نتیجے ایسے ناکافی پیدا ہوے کہ لارڈ ڈلہوزی اور میران بورڈ کی عام رضامندی سے کام کرنے کا ایک دیوتا یعنی وہی نوعمر افسر بندوبست طلب کیا گیا۔ پنسل صاحب کو یہ اطلاع شام کو پہونچی اور اُسی رات کو وہ گھوڑے پر سوار ہوکر شکار گڈھ سے لاہور کو پہونچ گئے یہ ستر یا اسی میل کا فاصلہ تھا راستہ مین بہت سے چڑھے ہوئے دریاؤن کو عبور کرنا پڑا۔ اس طی الارض سے یہ معلوم ہوگیا کہ وہ کس خصلت کے آدمی تھے اور فقط یہی بات اُنکے آیندہ چیف کی خوشنودی کے لیے بخوبی تمام کافی تھی —

پنسل صاحب کا یہ کام نہایت ہی نازک اور دشوار تھا رپورٹ کے بعض بعض حصون کو تو ہنری اور بعض بعض حصون کو جان پہلے ہی لکھ چکے تھے اور لارڈ ڈلہوزی اور ہر سہ میران بورڈ کی مشورت لینا تھی اور سب کے سب یہی بات اُنکے ذہن نشین کرنا چاہتے تھے کہ یہ مشورت اسطرح سے لی جائے جسمین ذرا بھی صحت مین فرق نہ آنے پائے۔ بہرحال یہ کام اتمام کو پہونچایا گیا اور ایک ایسے طریقے سے اُسکی تکمیل ہوئی کہ اُسکی اشاعت نے ہندوستان کی تاریخ مین ایک ہنگامہ کھولدیا یہ ہنگامہ جو خیال غیر لوگون کو اس تواریخ سے پیدا ہوگا اُسکے اعتبار سے ایک نیا زمانہ کہلا۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اُسکی اشاعت کے قبل ہندوستان یا انگلستان مین اور کبھی ایسی تحریر شائع نہین ہوئی تھی تو اس سے کچھ مضائقہ نہین ہے جو رپورٹین شائع ہوئی تھین وہ ایسی نہین تھین کہ اُنکو کوئی پڑھ سکتا یا سمجھ سکتا۔ اُنمین بیشمار ہندوستانی اور فارسی لفظین ہی ہوتی تھین اور ترکیبیت مجموعی اُنکی ایک مکروہ صورت معلوم ہوتی تھی۔ اسطور پر پنسل صاحب کی انشاپردازی نے اُنمین ایک جان ڈالدی اور اگر وہ اس کام مین ہاتھ نہ لگاتے تو بہت سی باتین جنکو لارنسون نے انجام کیا تھا ضبط تحریر مین نہ آتین یا بہرحال محکمہ گورنمنٹ کی الماریون کے خانے یا حدود پنجاب کے باہر اُن کا حال کسیکو نہ معلوم ہونے پاتا اور نہ اُنکا بالفصل اثر اور مقامات پر پڑنے پاتا۔

پنسل صاحب نے سکرٹری کا کام تو انجام کیا مگر سکرٹری کے عہدہ پر ابتک مقرر نہین کیے گئے اور جب بورڈ موقوف ہوگیا اور اُسکے بدلے چیف کمشنری مقرر ہوی تو بھی گورنر جنرل سکرٹری کے بدلنے سے انکار ہی کرتے گئے۔ جان لارنس نے گورنر ہنری صاحب اور لارڈ ڈلہوزی کو بہت کچھ لکھا کہ ص ۴۴ مجھپر بہت سا غیر ضروری کام پڑا ہے اور پنول صاحب کو اس مقام کی رزیڈنسی یا اور کوئی دوسرا عہدہ جو اُنکی لیاقتون کے قابل ہو دیا جائے مگر کچھ اُسکا فائدہ نہین ہوا۔ بورڈ کے زمانہ مین اُنھون نے سکرٹری کے عہدہ کے متعلق اور خاص اپنے عہدہ کا کام بھی بہت سا انجام کیا تھا اور اب طرہ یہ ہوا کہ کانون صاحب نے پنسل صاحب

اگرہ مین ایک اعلیٰ عہدہ دیدینے کو کہا تو اُس سے بھی احتمال پیدا ہوا کہ جان لارنس جس شخص کو اپنا سکریٹری مقرر کرنا چاہتے تھے وہ آخر کو ہمیشہ کے لیے پنجاب سے چلا جائے گا اُنھون نے اس بارے مین اپنی پہلی حکمت عملی تمام کردی۔ گورنمنٹی صاحب کو اُنھون نے لکھا کہ "پنیل کو مین عرصہ سے چاہتا ہون کہ ملوِن کی جگہ پر سکریٹری مقرر کردون بشرطیکہ ملوِن صاحب کو کوئی اچھی جگہ مل جائے۔ چونکہ مین یہ نہین کرسکتا اسواسطے مجھکو امید ہے کہ گورنر جنرل پنیل صاحب کو جانے دینگے کیونکہ کسی لائق شخص کی ترقی مین صرف اسوجہ سے کہ وہ کسی شخص کا منظور نظر ہے مانع ہونا قیامت ہے"۔ لیکن گورنر جنرل نے اجازت دینے سے انکار کیا۔ مگر جب اُسکے بعد ہی ملوِن صاحب قضا کرگئے (یہ ایسے شخص تھے جنکا جان لارنس کو ہمیشہ خیال رہا اور ہمیشہ نہایت تحمل اور شفقت سے اُنکے ساتھ پیش آئے) تو آخر کو پنیل صاحب کے لیے وہ عہدہ خالی ہوا جسکی وہ اسقدر لیاقت رکھتے تھے۔

پنیل صاحب اپنے اس کام پر ماہ جولائی ۱۸۵۲ء مین یعنی اُس سخت بخار کے تھوڑے ہی دنون بعد جسکو مین اوپر بیان کرآیا ہون پہونچے۔ پہلی ملاقات مین دونون کے درمیان جو باتین ہوئین اُنکو مین ایک بڑے مستند ذریعہ سے بیان کرسکتا ہون اور اُنسے دونون آدمیون کی خصلتین خوب ہی ظاہر ہوتی ہین پنیل صاحب نے بیسبل تکرہ مجھسے بیان کیا ہے کہ "جان لارنس نہایت ہی علیل تھے اُنکے سر مین نہایت شدت کا درد تھا اور ایک تاریک کوٹھری مین لیٹے ہوئے تھے اور بہت ہی بیچین تھے۔ جب اُنھون نے مُناکہ مین باہر والے کمرہ مین اگر بیٹھا ہوا ہون تو بے محابا یہ کہنے لگے کہ مین بہت ہی خوش ہوا کہ آپ آگئے اسوقت اُن چٹھیون کو دیکھ ڈالیے بعد اسکے کچھ نہین کہا۔ سہ پہر کو وہ اور بھی اچھے ہوگئے اور اپنے کمرہ سے باہر نکلنے کے قابل ہوسکے مجھکو دیکھ کر کہنے لگے کہ آپ آخر کو اپنے مناسب عہدہ پر جو آئے تو اُس سے مجھکو بڑی خوشی حاصل ہوئی۔ مین آپ کی رائے سے بہت خوش ہون اور آپکی تحریر سے اور بھی زیادہ خوش ہون لیکن یاد رکھیے کہ حکمت عملی اور خیالات میرے ہی رہینگے آپ کے نہ رہینگے۔ آپ کا دن بھی آئیگا لیکن فی الحال میرے دن مین ہرگز کوا اُسکا دن ضرور ملیگا۔ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ میری آیندہ ترقیون کے متعلق بڑی دور تک اُنکے خیال کی اُس وقت رسائی ہوگئی تھی اور اب بھی ہے لیکن ایک امر کے اعتبار سے اُنکی باتین صادق آئین کیونکہ بعد کو مین اُنھین کے عہد ون پر مامور رہتا آیا"۔

ص۴۱۲ اور اُس مقام پر شاید مین ایک چٹھی کو جو سر رچرڈ پنیل کی طرف سے مجھکو ملی ہے اور جسمین اُنکے نئے چیف کے بارے مین بعض بعض ابتدائی خیالات ظاہر کیے گئے ہین نہایت موزونیت کے ساتھ درج کرسکتا ہون۔ سر رچرڈ پنیل لکھتے ہین کہ۔

آپکی درخواست کے مطابق مین اپنی یادداشت سے بعض باتین اس بارے مین بیان کرتا ہون کہ جان لارنس اپنے ہمنشینون کے ساتھ کس طرح پیش

باتین کیا کرتے تھے حالانکہ مجکو اپنے سفر زمالک کی جو باتین یاد تھین اُنکے قرار واقعی بیان کرنے کی اس مختصر چٹھی مین گنجایش نہین ہے

وسط جون ۱۸۳۱ء مین جارج بارلو نے مجکو جان لارنس کے روبرو جو اُسوقت مَنوٹھ بنگلو واقع وسط شملہ کے ایک خوبصورت مکان مین رہتے تھے ایک دن پیش کرایا آپ خیال کرسکتے ہین کہ جس شخص کی شہرت کا ایسا گہرا اثر سرکاری ملازمون کے دل پر پڑا تھا اور جسکی تحریک سے مین نے ہندوستان کے ایک نہایت ارام دہ مقام کی ملازمت چھوڑکر ملک پنجاب مین جانا اُسوقت تک پختہ انتظام نہین ہوا تھا ایک نئے عہدہ کے کام پر روانہ ہوا تھا اُس سے پہلے پہل ملاقات کرنے مین مجھکو کس قدر ذوق اور اشتیاق ہوگا - میرے دماغ مین اُسوقت جان لارنس کی یہ صورت گھمی تھی کہ وہ ایک سخت مزاج آدمی ہین گفتگو اور صورت مین کسی قدر روکھے ہوین بھاری مُنھ لمبا اور لب ایک دوسرے سے پیوند - باتین بہت کم کرتے ہین اور جو دو ایک باتین کرتے ہین وہ بالکل خشک اور کاروبار کی مجھکو خیال ہوا کہ اُنکی باتین صرف سرکاری منصوبہ بندی یا ملکی و راندیشی کی طرف راجع ہونگی اور بجز نفس مطلب کے اور کسی جانب روے سخن نہوگا لیکن جسوقت مجھکو یہ معلوم ہوا کہ وہ شگفتہ ہین اور پیشانی چوڑی صورت بشاش اور مجمعی اور گفتگو مین زندہ دلی پائی جاتی ہے تو مجھکو بڑا تعجب گذرا - کہان تو لب بند رہتے تھے اور کہان اب مین نے دیکھا کہ ہمیشہ مسکرانے اور ہنسنے مین کھلے رہتے ہین - بات چیت اس امر کی ہونے لگی کہ شملہ اور پنجاب کے درمیان کا ملک کیسا ہے اور موسم برسات جو اُسوقت شروع ہوا چاہتا تھا زراعت پر اُسکا کیا اثر پڑیگا اور درہ ستلج سے لیکر کوہ ہمالیہ کی بلندیون تک سفر کرنے مین کیا کیا واقعات پیش آتے ہین جنسے ظاہر ہو کہ ملک کی حالت کیا ہے اور رعایا کے اوضاع و اطوار کیا ہین - اُسوقت وہ زندہ دلی مین سرگرم تھے اور چاہتے تھے کہ مجکو بھی بے تکلف کردین لیکن جسوقت اُنکا قیافہ بدلا اور اثنار گفتگو مین اُنکی صورت متغیر ہوگئی تب البتہ مجھکو اُنکے دماغ کی پوری قوت اور استحکام دریافت ہوا اور مین نے معلوم کیا کہ جب اُنکو کوئی تردد یا کسی بات کا مصمم قصد ہوتا ہے تو اُنکی پیشانی پر شکنین آجاتی ہین اُنھون نے میرے بندوبست کے کام کے متعلق دو ایک باتین پوچھکر آخر مین گفتگو کی صورت ہی بدل دی اور ایک تاریخ مقرر کی کہ اُس روز آپ اپنے کاغذات مجکو لاکر دکھلائیگا - اسکے بعد پھر جب کئی مرتبہ جنسے اُنسے ملاقات ہوئی اور بندوبست کے کام کا ذکر آیا تو اُنھون نے اس بات کو نہین ظاہر کیا کہ ضروری واقعات کو وہ بہت جلد گرفت کرلیتے تھے اور ملکی تحقیقات کی بڑی بڑی باتون کو دوراندیشی کے ساتھ اپنے تجربون سے ملانے لگتے تھے بلکہ ایک نوجوان افسر کو عموماً اتنے بڑے اعلیٰ افسر سے جسقدر امید ہوسکتی ہے اُس سے کہین زیادہ تحمل اور توجہ ظاہر کی

۴۱ ص

اسکے تھوڑے ہی دنون کے بعد اُنھون نے بیان کیا کہ گورنر جنرل (لارڈ ولیم بنٹنک) نے مجھسے چاہا ہے کہ مین گورنمنٹ ہاؤس مین الیمتان کے ساتھ آپ کی دعوت کردون اور چونکہ اور کوئی مہمان اس موقع پر نہین تھے اسلیے مجکو اس بات کے دیکھنے کا خوب ہی موقع ملا کہ دونون مدبران اعظم علاقہ این روے ستلج کی جاگیرون کی بابت جسکا اُسوقت گورنمنٹ بندوبست کر رہی تھی کیسی بحث کرتے ہین - لارڈ ولیم بنٹنک مین متانت اور نفاست کا انداز پایا جاتا ہے جو عموماً مدبران ملک مین

ہوا کرتا ہے - اور کارنس مین بھی حالانکہ خودی تھی مگر وہ نہایت جوش اور زندہ دلی مین تھے اور بڑی سرگرمی سے وہ خیالات ظاہر کرتے تھے جنکو لارڈ ڈوانوشنی حرف حرف قبول نہین کرتے - کھانا کھانے کے بعد وہ پھر چرچی پر بیٹھکر گفتگو کرنے لگے - لارنس اپنے تجربون کو بیان کرتے تھے اور لارڈ ڈوانوشنی بڑی توجہ سے انکو سنتے تھے اسوقت مین یہ سمجھتا تھا کہ لارڈ ڈوانوشنی لارنس کی کارگذاری تحریرات کو نہایت دلچسپ اور سلیس سمجھکر انکی تعریف کرتے ہین -

مین نہین جانتا کہ ایک سوانح نگار کے قبضہ مین جسقدر کاغذات آئے ہین انسے کہانتک اس رسائی ذہن بلند پروازی جدت تشبیہات شیرین بیان اور تازگی مضامین کا اظہار ہوتا ہے جو جان لارنس کی باتون سے اس وقت مترشح ہوتے تھے جب وہ اپنے ہمیشہ کے کسی مقرب دوست سے گفتگو کیا کرتے تھے یہ صفتین اس وقت ضرور ظاہر ہوتی تھین جب وہ "کام پر نہین ہوتے تھے" گو درحقیقت کام کرنے کے وقت وہ کیسے ہی سنجیدہ اور متین معلوم ہوتے ہون - وہ اکثر تمثیلات کا وہی مشہور طریقہ اختیار کرتے تھے جسمین ملک کی کیفیتین انسان کے تراشے ہوے استعارات سے بیان کیجاتین یا بالعکس انسکے انسان کی طبیعت اور مزاج کا احوال عالم اسباب کی اشیا سے مثال دیکر بیان کیا جاتا ہے - گو ملکی کیفیتون کی نازک یا فطرت کی زیادہ تر لطیف خوبیون مین انھون نے بہت کم ترقی کی تھی اور شکل سے انکے قدردان تھے تاہم اگر وہ کسی صحرا یا جنگل کی نئی کیفیت دیکھتے تھے تو کچھ نہ کچھ مصور کی سی ذکاوت اور شاعر کے سے خیالات ظاہر کر دیتے تھے - مین نے دریاے سندھ سے عبور کرنے پشاور گھاٹی باغ درۂ خیبر اور کوہاٹ کے پہاڑی ملک سے گذرنے اور دریاے ستلج کے سیلابون اور کوہ ہمالیہ مین بادل کے گرجنے کی کیفیتین بیان کرتے ہوئے ایسے تاثیر پذیر اور دردناک فقرات سے سنا ہے جو شاید نا ہموار تو تھے مگر بہت کم لوگ انسے عمدہ فقرات مین ص ۴۴۲ اُن کیفیتون کو بیان کر سکتے ہین - وہ مشرق کے مشہور جانورون یعنی ہاتھی شیر ہرن بھیڑیا عقاب اور باز کا ذکر اشارتاً عجب الفاظ سے کرتے تھے - ہندوستان کے کسان جن جانورون کو پالا کرتے ہین انسے یعنی گایون بیلون بھیڑون اور بکریون کے بچون سے انکو نہایت انس تھا - ہندوستان مین گھوڑون کی نسل کی ترقی دینے کے فن مین عام اس سے کہ گھوڑون کے کھیتون یا گاؤن مین انکی پرورش کرنا ہوتی نہایت متحقق واقفیت رکھتے تھے اور جب کوئی شخص بچھیرون اور بچھیرلون کے متعلق ردوبدل اور انکی ساخت غذا تعلیم مزاج اور تربیت پذیری کے متعلق بحث کرتا تھا تو وہ بہت شوق سے سنتے تھے اس بات کا بیان کرنا زائد از ضرورت معلوم ہوتا ہے کہ افسر بندوبست کا کام کرنے کے بعد انکو کسقدر اقسام زمین فصل پیدا کرنے کی صنعت اور فصلون پر موسم کے اثر اور ہندوستانی کسانون کے عیب و ہنر سے بھی آگاہی ہوگئی تھی اور ہندوستان مین آج تک جو انگریز آیا اس بارے مین کسی نے انسے بڑھکر واقفیت پیدا نہین کی - زراعتی کاروبار کے جاری ہونے کے زمانہ مین جو کوئی شخص انکے ساتھ سوار ہوکر کھیتون کی طرف جاتا تھا اسکو وہ کچھ نہ کچھ تعلیم دیا کرتے تھے کہ اس بات کو دیکھنا چاہیے اور یہ انکے پیشہ اعظم کی ایک شاخ تھی کہ ایک ہی نظر مین وہ ہر وجہ اور ہر طبقہ کے ہندوستانیون کی اصلی کیفیت دریافت کر لیتے تھے - وہ اپنی کشادہ دلی سے غریب درجہ کے لوگون کی مفلسی اور تباہی کی علامتون کو سمجھ لیتے تھے اور اکثر اوقات

اُسکی شرح کرتے تھے۔ اُنکے ساتھ بڑے موضعون کے ناہموار راستون اور گلیون مین پھرنے اور وہان کے عیوب و ہنر اور صلاحیتون اور آمدنی کے وسیلون کا حال سننے مین بڑی دلبستگی تھی انسانی چال چلن سے آگاہی حاصل کرنا اُنکی دورانڈیشی کا خاص حصہ تھا اور یہ اُنکے بہترین فرائض سے تھا کہ وہ لیسیون کے مزاج سے اُسکی عملی صورت مین واقفیت حاصل کرتے رہتے تھے وہ ہندوستانیون کے ایسے خیالات سے جو اُنکے روزمرہ کے کاروبار سے تعلق رکھتے ہین بہت اچھی طرح سے واقف تھے گو جیساکہ عوام کہا کرتے ہین شاید بحیدہ واقفیت نہ رکھتے ہون ان باتون کے متعلق اُسے گفتگو کرنے مین ایک نئے ہی رنگ کی رائین اور خیالات معلوم ہوتے تھے۔ اسمین شک نہین کہ فلاسفہ نظریات اور علم مابعد الطبیعت کے مطابق ہندوون کا جو کچھ خیال ہے اُسکی طرف اُنھون نے ظاہر کچھ نہین کیا۔ اور مسلمانون کے علما اور پختہ مذہب لوگون کے حالات سے بہت اچھی طرح سے صحت کے ساتھ واقفیت رکھتے تھے اور اُن سب باتون کو پرزور عبارت مین لکھ سکتے تھے۔

ہرچند کہ وہ ہمیشہ گویا تارک الدنیا نہ تھے لیکن ہر ایک بات کے متعلق اپنی خوش مزاجی سے ظرافت کے پہلو کو ضرور تلاش کر لیتے تھے۔ اُنکے قریب ترین دوست غالباً یہی سمجھتے تھے کہ کسی مذاق کے وہ اسقدر شائق ہین جو شاید غیر لوگون کے خیال مین بھی نہ آسکے۔ لیکن اُنکا عمل بالکل اس مقولہ پر تھا کہ المزاح فی الکلام کالملح فی الطعام۔ جب وہ گھوڑے پر سوار ہو کر باہر نکلتے تھے یا اپنی کرسی پر محکمہ مین بیٹھے ہوتے تھے تو اُسوقت مذاق کو چھوڑ دیتے تھے لیکن کھانا کھاتے وقت یا کھانے کے بعد یا سیر کے وقت یا جب صرف اپنے سرکل کے ساتھ ہوا کھانے نکلتے تھے تو اُنکے مُنھ سے کوئی ایسی بات نہین نکلتی تھی جو ظرافت سے شامل نہو۔ جب مین درمیان کے بہت سے گذشتہ برسون کو چھوڑ کر اُس زمانہ کا خیال کرتا ہون جب ۱۸۵۷ء سے ۱۸۵۸ء تک مین برابر اُنکی صحبت مین رہا تو اُنکی شستہ و رفتہ گفتگو اور خاص طور کی ظرافت مجھکو شکل اُس روے خندان کے معلوم ہوئی جسکو شاعر نے سمندر کی وسعت اور حرکت کے بیان مین استعمال کیا ہے۔

اُنھون نے کالج مین اسقدر تعلیم نہ پائی تھی کہ اپنی تقریرون کو علما کے منتخب کلام سے زینت دیتے اور شیکسپیر کے سوا کسی دوسرے شاعر انگلستان کے کلام سے بھی موقع کسی مضمون کا حوالہ نہین دیتے تھے۔ لیکن شیکسپیر کے اقوال وہ اکثر بڑے موقع سے استعمال کرتے تھے اُنکی لکنت بازیان اکثر فارسی زبان کی ہوتی تھین کیونکہ اس زبان مین اُنھون نے واقفیت تامہ حاصل کی تھی اور عدالت اور سرکاری محکمون کی بھی یہی زبان تھی۔ غالباً اس رنگین زبان کی عمدہ تشبیہات کے وہ کم قدردان تھے اور مروجہ واقعات اور عام معاملات کے متعلق جب وہ ان تشبیہات کو استعمال کرتے تھے تو اکثر لوگ ہنسنے لگتے تھے۔ اور بعض اوقات جب وہ فارسی سے انگریزی مین لفظی ترجمہ کرتے تھے تو لوگون کو ہنسا دیتے تھے۔ جب لیسیون سے ہندوستانی زبان مین وہ باتین کرتے تھے تو ضلع اور لکنت کو کام مین لاتے تھے جس سے وہ لوگ بے ساختہ ہنس پڑتے تھے حالانکہ اُنکی عادت ہے کہ اپنے اکابر کے روبرو وہ مسکراتے بھی نہین ہین۔ زیادہ سنجیدگی اور متانت کی تقریرون مین وہ متفرق قسم کی باتین اور مختلف مضامین کم استعمال کرتے تھے۔ ایسے موقعون پر جو کچھ وہ پڑھتے تھے وہ عمدہ ترین مضامین سے ہوتا تھا اور بجملی تمام اُنکے دل مین ذہن نشین ہتا تھا

وہ مرکانے صاحب کی تاریخ ایرلینڈ کے ابواب بڑے شوق سے پڑھا کرتے تھے۔ بہرحال نپولین کے بعض معرکون اور پنٹیسلاؤ کی لڑائیون سے بہت اچھی طرح واقف تھے۔ سنٹنی بال کے حملہ اطالیہ اور سکندر کی تاخت ہندوستان پر انھون نے خاص توجہ کی تھی۔ انکا بیان طبیعت یہ تھا کہ قدیم یا جدید تاریخ سے کسی ملکی یا فوجی معاملہ کو منتخب کرکے اپنے تجربے کے ذریعہ سے اُسکی جانچ کرتے تھے اور اس طور سے عملی طور پر اُسمین جرح و قدح کرتے تھے۔ اگر اسبات کا وقت اور موقع ہوتا تھا (اور یہ بات بہت کم پائی گئی) کہ وہ تاریخی معاملات کے ایک طول طویل سلسلہ کو سمجھا اور نقشہ کو سامنے پھیلا کر دکھلا سکین تو حاضرین جلسہ دنگ ہوجاتے تھے کہ کس صفائی کے ساتھ وہ ملکی معاملات کو باہمدگر مقابلہ کرتے ہین اور آنکھ کے اشارے سے تبلاتے ہین کہ جغرافیہ اور ملک کے اعتبار سے کن کن باتون کا کہان کہان اثر پڑیگا۔ علم سیاست مدن مین اگرچہ انھون نے علمی یا اصطلاحی شعبون کو بہت کم سیکھا تھا مگر مالجنی اور سرکاری معاملات خزانہ کے متعلق بڑی قابلیت ظاہر کرتے تھے اور جیسا کہ امید کیجاسکتی ہے اُن تمام باتون کی بھی مہارت ظاہر کرتے تھے جو لگان اور نوعیت ارضی علی الخصوص رعایا کے حق سے تعلق ہین۔ قصے اور کہانی کی کتابین انھون نے بہت زیادہ نہین دیکھی تھین۔ انھون نے اپنے تئین صرف عمدہ ترین اقسام کے بعض مؤرخون تک محدود رکھا تھا جنکی شہرت مسلم الثبوت تھی۔ ص ۴۴ مین نے خود ایک روز شام کو والٹر اسکاٹ کے ناولون سے چند چیدہ مقامات سُنائے تھے۔ جب اُنکی عمر نے اور سجاوز کیا اور انجیل کے مقامات وہ کثرت سے دیکھنے لگے تو اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ضروری امور کے تذکرہ مین شاید مبیاختہ انجیل کے فقرات اُنکی زبان سے نکل جاتے تھے۔

بعض لوگون کو تعجب ہوگا کہ جب انمین گفتگو کرنے کی ایسی خلقی قوت خود موجود تھی تو تقریرون مین اُنکو زیادہ کامیابی کیون نہین حاصل ہوئی اور بارعام مین تقریر کرنے سے وہ کیون محترز رہتے تھے۔ اسکا سبب شاید یہ ہے کہ ابتدائے ایام مین جب اُنکے زور آور ہونے کا زمانہ تھا اُنکو کسی جلسہ عام کے سامنے انگریزی زبان مین تقریر کرنے کا موقع نہین پڑا۔ درباروں اور سرکاری محکمون مین دیسیون کے درمیان مشرقی زبانون مین گفتگو کرنے کی اُنکو ضرورت رہتی تھی۔ آخری برسون مین جب اُنکو اپنے ہموطنون سے خطاب کرنے کی زیادہ حاجت اور ضرورت ہوئی تو وہ دماغی بیماریون مین ایسے مبتلا رہے جس سے تقریر کرنے کے قصد مین اُنکو شرم و حجاب معلوم ہوتا تھا۔ ۱۸۵۴ء کے موسم گرما مین اُنکو دوران سر کا عارضہ شدت سے ہوا جسکے دو۔ دن کے زمانہ مین وہ مجھسے کہا کرتے تھے کہ مجھکو معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کوئی راچھت میرے دماغ مین سلاخین چھیدرہا ہے" اسکے بعد وہ وقتاً فوقتاً مجھکو یقین دلاتے رہے کہ میرا سر ہلکا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ "گویا کوئی ہوا کا جھونکا میرے دماغ مین زور کرتا چلا آتا ہے"۔ مگر اُنکی مستقل مزاجی کا ثبوت اس بات سے بخوبی پایا جاتا ہے کہ جس حالت مین اُنکے ملک کی خدمت انتہا مرتبہ کی دماغی مشقت اُنسے لینے کی متقضی ہوئی تو انھین دماغی تکلیفون کی حالت مین وہ عمدہ سے عمدہ دور اندیشی کی باتین سوچ لیتے تھے۔ اس سے اکثر اُنکی طبیعت پژمردہ ہوجاتی تھی لیکن جب افاقہ ہوتا تھا تو گویا پھر بادل کھل جاتا تھا اور وہی لطافت اور عشرت پھر ظہور پذیر ہوجاتی تھی۔

چونکہ ابتداہی سے اُنکو عادت پڑی تھی اسوجہ سے نہایت وثوق کے ساتھ وہ عام جلسون کے سامنے دیسی زبان مین تقریر کرتے تھے - اور ایسے گورنر جنرل بہت کم گذرے ہین (بلکہ اصل تو یہ ہے کہ سوائے اُنکے کوئی نہین ہوا) جنھون نے دیسی راجاون اور سردارون سے بھرے ہوئے دربارون مین بارہا ہندوستانی زبان مین طول طویل تقریرین کی ہین اُنکی زندگی کے آخری زمانہ مین مجکو اُنکی ملاقات کا شرف نہین حاصل ہوا لیکن میرا خیال یہی ہے کہ انگلستان کے عام جلسون مین اُنھون نے چاہے جو تقریر کی یا نہ کی ہو لیکن جو شخص اُنسے تقرب رکھتا تھا اور اُس سے اُنھون نے کبھی گفتگو کی ہے اُسپر ضرور اُنکی باتون کا پورا اثر پڑا ہوگا -

کام سے تھکے ہوئے چیف کمشنر کو پنجاب صاحب کے اُنکے سکرٹری مقرر ہونے سے جو مدد پہونچی اُسکا نتیجہ فوراً ہی یہ ظاہر ہونے لگا وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ اگر یہ میرے سکرٹری نہوتے تو مین بالکل ٹوٹ جاتا - جن صفو- تون مین پیشتر اُنکو ایک طومار لکھنا یا پوری چٹھی کا (جب وہ چاہتے تھے کہ جیسا چاہئے ویسا کام ہو) تحریر کرنا پڑتا تھا اب مثل اور مشقی سرکاری افسرون کے دو ایک سطرین گھسیٹ دیا کرتے تھے اور اس بات سے مطمئن ہوجاتے تھے کہ میرا سکرٹری میرا مطلب سمجھ جائیگا اور صحیح اور موزون عبارت مین پورا مضمون لکھ دیگا - پیٹل صاحب کو کام کرنے سے جیسا شوق اور جیسی صلاحیت تھی بجنسہٖ جان لارنس کے مطابق تھی - دونون آدمی کامل اتفاق سے کام کرتے تھے اس اتفاق سے بعض اوقات ایسے امیدوار جو اپنے مقصود عہدون کی لیاقت نہین رکھتے تھے یا وہ ماتحت جو کسی نہ کسی وجہ سے اپنے چیف کے مورد عتاب ہوتے اور جنکا بغیر اصالتاً ملاقات کرنے کے اطمینان نہوتا ناراض اور غصہ ہوتے تھے - وہ خیال کرتے تھے کہ چیف کمشنر سے تو کام بھکالنا آسان تھا کیونکہ بعض اوقات سانڈ بھی اپنے دشمنون کو تہ و تر کرنے یا ایسی ضرب کے لگانے مین جسکا کوئی مقابلہ نہین کرسکتا نہایت ہی کمزور حملہ آورون کے ہاتھ سے جھک جاتا ہے یا سینگ مارنے سے معذور ہوجاتا ہے لیکن دو آدمیون پر غلبہ حاصل کرنا بڑی مشکل بات ہے یعنی ایک تو وہ قوی دست افسر ہے جو اپنے مزاج کا آدمی ہے اور دوسرے وہ "کروہ سکرٹری" ہے جو وہان چپکا بیٹھا رہتا ہے مُنھ سے ایک بات بھی نہین کرتا مگر اپنے چیف کی تمام باتون اور خیالون کو سمجھتا اور اُسکو پہلی انگریزی زبان مین لاتا جاتا ہے -

قریب قریب پہلی خدمت جو بہ حیثیت سکرٹری چیف کمشنر اُنکے سپرد ہوئی تھی وہ یہ تھی کہ باتباع احکام گورنمنٹ ایک دوسری رپورٹ اس بات کی تیار کرین کہ گذشتہ دو سال کے عرصہ مین پنجاب مین کیا ترقی ہوئی -- رپورٹ سابق کے مقابلہ مین نو فی الحقیقت یہ رپورٹ کوئی نئی بات بیشک نہین رکھتی تھی لیکن مضامین اور طرز بیان کے اعتبار سے بخوبی تمام اُسکا موزون تتمہ تھی - مین سمجھتا ہون کہ اس باب کے خاتمہ پر اُسکا بیان کرنا نہایت موزون ہے اور اسلیئے اُسکے چند فقرات ذیل مین درج کرتا ہون تاکہ لوگونکو معلوم

ص ۴۴۵

ہو جائے کہ مصنف کے طرز بیان کا نمونہ یہ ہے اور چیف کمشنر اور اُنکے ماتحتون نے اس جدید صوبہ مین جو جو ترقیان پیدا کردی تھین اُنکا صحیح صحیح حال یہ ہے - وہو ہذا

الغرض ایک طرف تو اگلے زمانہ کی حکومت اُمراء دفعتہً نہین بلکہ بتدریج اور ایک مخلوط طور پر معدوم ہوتی جاتی ہے اور دوسری جانب محنتی کسان زبردست رعایا ہوشیار تاجر اولوالعزم مہاجن نہایت ترقی کے ساتھ اقبال مند ہوتے جاتے ہین تاکہ اُس سرکار کے مستقل اور معتبر حامی ہوسکین جو اُنکی حفاظت کرتی ہے اور اُنکو دوست رکھتی ہے - تمام درجہ کے لوگون مین اس بات کا خیال زیادہ پایا جاتا ہے کہ اُنکی موروثی جائداد اور اُنکے مقررہ اصولون کا حق اُنکو تفویض کردیا جاوے ص ۴۴۶
اخلاق و معاشرت کے امور مین بھی اُنکو ترقی ہوہت سے وحشیانہ دستورات کا استیصال ہوتا جاتا ہے اور اُنکی عورتون کی حالت زیادہ محفوظ اور معزز ہوتی جاتی ہے - تمام درجہ کے لوگون مین علم کی خواہش اور عملیات مین مشاقی حاصل کرنیکا شوق بڑھتا جاتا ہے - قطع نظر ان جماعتون کی ترکیب کے آمد و رفت اور آبپاشی کے متعلق بڑے بڑے سرکاری کاموں کے جاری ہونے سے ملک کی ظاہری حالت عروج پذیر ہوتی جاتی ہے اور اگر قدیم زمانہ کی تاریخی عمارتین زوال پذیر ہوتی جاتی ہین تو ہر مقام پر عمدہ عمدہ چھاونیان اور سول اور فوجی صیغہ کے سرکاری مکانات عظمت و ساخت مین ایسے ایسے بنتے جاتے ہین کہ بالائی ہند کے کسی مقام پر اُنسے اچھی عمارتین نہونگی یہ تبدیلیان جسقدر شہرون مین ہو رہی ہین اُسی قدر دیہات مین ہوتی جاتی ہین - سڑکون کی کیفیت سابق کی نسبت تو کم خوشنما اور رونق دار معلوم ہوتی ہے لیکن نالیون کی درستی اور بازارون کی سڑکون پر کھرنجہ کرنے کے متعلق ایسی ایسی ترقیان عمل مین آئی ہین جن سے عام طور کے دیکھنے والے پر بھی ظاہر ہو جائیگا کہ اب مستقل آسایش اور صحت جسمانی اور صفائی کا زمانہ شروع ہوا -

نظم و نسق کے متعلق پنجاب مین جو کارروائیان ہوئین وہ زیادہ تر قدیم رسوم کے تجربے کے مطابق تجویز کی گئین سرحد کا استحفاظ شاید سلطنت بھر مین سب سے زیادہ مشکل ہے - ملک پنجاب اپنے پولیس کی قوت اور زور سول انصاف کی آسانی اور صحت اور ریونیو پولیس انتظامات کی عام پسندی مین ہندوستان کے ہر صوبہ سے مقابلہ کرسکتا ہے - علاوہ برین ڈکیتون سے جہاد کرنا ٹھگی کا معدوم کردینا - دختر کشی کے خلاف کوشش کرنا تجارون کی سرانے رسانی جیلخانون مین کفایت شعاری اور صفائی کا انتظام قیدیون کی محنت سے منفعت حاصل کرنا - عالی انتظام کی تکمیل - کھیتون کی مساحت - پٹواریان دیہہ کی تعلیم - آمدراج حقوق - ملکی پیشہ وردن کی جانچ - آبادی کی مردم شماری - ملکی نقشہ جات کی خانہ پری - سڑکون پلون اور عبید و شوار گزار مقامات پر پٹے ہوئے راستون کا بنانا - نہرون کا کندہ کرانا - عام شاہراہون کا انتظام - کاروان سرایون اور گوداموں کا کام ہونا - شفاخانون کا قائم رکھنا - تعلیم کی اشاعت - مویشیون کی نسل کی ترقی - درختون کا نصب کرانا - علم زراعت کی تحصیل - معدنیات کی تحقیقات - اور بالآخر خزانہ کی نگرانی - یہ سب باتین جو پنجاب مین پائی جاتی تھین ممکن ہے کہ پہلے اُنکی نظیرین بادقات و بہ مقامات مختلف کچھ ممالک مغربی و شمالی کچھ بنگال اور کچھ دوسرے احاطون مین بھی پائی گئی ہین

لیکن صاحب چیف کمشنر خیال کرتے ہین کہ ایسے بہت کم صوبے ہونگے جہان پانچ برس کے اس قلیل زمانہ مین اُنہی مخالف تون پر مقابلہ پنجاب کے زیادہ خیال کیا گیا ہو۔ صاحب موصوف یہ امید نہین کرتے کہ جن کامون مین ہاتھ لگایا گیا ہے اُنمین پوری پوری کامیابی حاصل ہوگی لیکن اگر کسی وقت کسی بات مین کچھ ناکامی حاصل ہو تو اُس سے بیدل نہونا چاہیے۔ جہان کہین ایسی ناکامی واقع ہوئی اُسکے متعلق موجودہ رپورٹ مین قصد آدیانت داری سے مفصل حال لکھدیا گیا ہے۔ کسی کام کے شروع کرنے سے اُسکا منصوبہ باندھنا اور اُسکو درجہ تکمیل پر پہونچانے سے اُسکا شروع کرنا زیادہ آسان ہے چیف کمشنر سے بڑھکر اس بات کا معترف کوئی شخص نہین ہوسکتا کہ پنجاب مین جن بہت سی باتون کی تکمیل کا قصد کیا گیا ہے اُنکے لیے نہایت ثابت قدمی اور استقلال کی ضرورت ہے۔ ص ۴۴

پس لارڈ ڈلہوسی نے جو معمولی باسنا بطہ فقرات مین اس رپورٹ سے اعتراض نہین کیا تو کوئی تعجب کی بات نہین ہے۔ ۲۱ نومبر ۱۸۵۲ء کو وہ لکھتے ہین کہ۔

(پرائیوٹ)

میرے پیارے لارنس۔ آپ کی دوسری رپورٹ چھپ گئی اور مین نے اُسکو ایک خلاصہ کے ساتھ اجی شائع کیا ہے اور آپ اور آپ کے ماتحتین پنجاب نے جو جانفشانیان اور کارگزاریان کی تھین اُنکے بارے مین پورا انصاف (یہ کوئی آسان بات نہ تھی) کیا ہے اسمین شک نہین کہ جو معاملات گذرتے جاتے تھے اُنسے مین ناواقف نہین تھا لیکن تمام نتیجون کو بہ ہیئت مجموعی دیکھنے اور یکے بعد دیگرے ہر سال جو ترقی واصلاح ہوئی گئی اُسکی مجموعی حالت پر خیال کرنے سے اور بھی تازگی اور تقویت حاصل ہوتی ہے۔ آپ سال بسال اپنی خدمتون کی ایک معزز یادگار قایم کرتے جاتے ہین اور مین نہایت ہی دلی گرمجوشی اور سچی طمانیت سے آپ کو مبارکباد دیتا ہون۔ مجکو امید ہے کہ دربار تمان سرکار کمپنی ہمیشہ رپورٹ سابق کے اس رپورٹ کے چھپوانے اور شایع کرانے کی طرف مائل ہوگا اور اُسکا نتیجہ بہت عمدہ ظہور پذیر ہوگا۔

اے میرے ہمیشہ کے پیارے لارنس

آپکا نہایت ہی صادق دوست

ڈلہوسی

باب ہذا اور اُسکے دونون مابعد ابواب مین مین نے زیادہ تر ملک پنجاب کی اُس اخلاقی اور ملکی ترقی کی شہادتون پر تکیہ کرنا مناسب سمجھا جس سے سابق کے اقتباسات خاص کرکے متعلق ہین جان لارنس کے انتظام کے متعلق اُنکی ذاتی کیفیت پر زیادہ توجہ نہین کی۔ میرے نزدیک انمین آخری دو ابواب سے اُنکی اصلی کیفیت زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ "دو پنجاب بورڈ کی کارگزاری" والے باب مین طوالت کے ساتھ مین نے اُن اخلاقی اور ملکی تبادلون کا حال بیان کیا ہے جو لارنسون کی وجہ سے اس صوبہ مین ظہور پذیر

ہوے اور ان باتون کے متعلق مین ابھی بیان کرچکا ہون کہ چیف کمشنر کا کام نئی بات پیدا کرنے کی نسبت زیادہ تر
ص ۴۴۸ درستی اور ترقی دینے کا تھا لیکن اس مقام پر ناظرین کتاب ہذا کو ایک مرتبہ اس بات کا یاد دلانا اور مناسب معلوم ہوتا ہے
کہ (خواہ جان لارنس دیرہ مین ترقیات کی ترقی مین سرگرم رہے یا لاہور کی رزیڈنسی مین مقیم رہے یا اپنے مین کمرہ والے
مکان واقع مری مین ٹھہرے خواہ سرکاری معاملات کے متعلق لارڈ ڈلہوزی سے خط کتابت کرتے رہے یا دیکھنے والونکے
نزدیک اپنے ماتحتون کے کسی نہ کسی جھگڑے کی تحقیقات مین مصروف رہے مگر ان تمام حالتون مین) اُنکی آنکھ ہمیشہ
اُنکے صوبہ کی نبض پر رہی - اور وہ نبض کی حرکت کو پہچانتے جاتے تھے اور ہاتھ سے دبا دبا کر دیکھتے اور ہر ایک
حس و حرکت کو جو اندر ہوتی اپنے اختیار مین رکھتے تھے اور صلح اور آشتی کے ساتھ ترقی قائم کرنے کے امر اعظم مین
کبھی ایک دن بھی اُنکی طرف سے کوتاہی نہین ہوئی -

ص ۴۴۹

باب چہاردہم

اُنکے تعلقات اپنے افسر بالادست اور ماتحتون سے

۱۸۵۴ء لغایت ۱۸۵۶ء

صاحب چیف کمشنر پنجاب کو اپنی اس حکومت کے ابتدائی پندرہ مہینے کے زمانہ مین جو اس بات کا
موقع ملا تھا کہ ملک پنجاب کی صرف اندرونی ترقیون ہی کے بارے مین توجہ کرسکین اسمین آخری چند ماہ سے جنگ
کرائیمیا اور اُن پیچیدگیون کے باعث سے جنکے شمالی مغربی سرحد مین پڑنے کا اندیشہ ہوسکتا تھا کسی قدر خلل پڑگیا تھا
جان لارنس نے جیسا کہ اُنکی چٹھیون سے ہویدا ہے بڑے غور سے اُن تدبیرون پر جنکی وجہ سے یہ لڑائی پیدا
ہوئی تھی اور انگلستان اور فرانس کی مداخلت پر لحاظ کیا تھا - اور جب لارڈ ڈلہوزی نے حکام انگلستان کے
نردوات کی پابندی کرکے کچھ ظرافت اور کچھ متانت کے ساتھ یہ حکم جان لارنس کو دیا کہ "درہ خیبر مین شاہراہ
پر خیمہ کف سے ہوشیار رہنا" تو اس انتباہ کی آواز بازگشت ہربرٹ اڈورڈس نے بلند کرکے سفارش کی کہ ہمکو
لازم ہے کہ فوراً امیر افغانستان کی شرطون کو قبول کرکے اُنسے دوستی کا عہدنامہ کرلین اور زر نقد اور سامان جنگ
اُنکے لیے مہیا کرین - جان لارنس کی چٹھیون کے چند اقتباسات جو اس مقام پر محول کیے جاتے ہین اُنسے ظاہر
ہوگا کہ اس ابتدائی زمانہ مین بھی جان لارنس اُس سرحدی حکمت عملی کی جانب کسقدر راغب تھے جسکی صلاح
بایام مابعد وہ ہمیشہ دیتے رہے -

بنام کرنل مینی

۷ جنوری ۱۸۵۴ء

مین بڑے غور سے کابل کی طرف دیکھ رہا ہون - اگر جنگ جاری رہی تو روس ضرور اُس ملک مین سازش کریگا لیکن جب تک روس ایرانی فوج افغانستان پر حملہ آور نہو اُسوقت تک اِس سازش سے کچھ شدنی نہین ہے تاہم یہ نہین معلوم ہے کہ کیا پانسہ پڑیگا - اگر اِس طرح کا حملہ ہوا تو افغانستان اور کسی طرف ملک مخالفت کریگا - ہمکو درون کے اِس جانب مستحکم ہو رہنا چاہیے پھر ہم اُس سب کو جو کابل مین ہوتا رہیگا دیکھکر ہنستے رہینگے - مین اُس پار کے ملک مین فوج اور نہ زر نقد بر باد کرنا چاہتا ہون - اگر ایرانیون نے ترکون پر حملہ کیا تو جیسا چند برس اُس طرف لارڈ آکلینڈ بیان کر گئے ہین جزیرہ قارق (ایسا ہی کچھ نام ہے) پر حملہ کرکے خلیج فارس مین دل لگی دیکھینگے - اور وہان سے آگے بڑھنے کی دھمکی دینگے -

ص ۴۵

اسکے بعد جو اقتباس محول کیا جاتا ہے وہ راقم مذکور کے بیان کیے ہوے واقعات کی نسبت تازہ ترحالات سے تعلق رکھتا ہے -

۴ سر فروری ۱۸۵۴ء

گزشتہ ڈاک کے ذریعہ سے مجکو معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے پرانے دوست ترک لوگ تباہ ہوے جاتے ہین - انگلستان کے حق مین یہ ایک بڑی بدنامی کی بات ہے - چونکہ ترکون کو ہماری دوستی کے سبب سے مخالفت کرنے کی برابر دھمکی اِس سبب سے دی جاتی ہے کہ ہم نے ترکی کی طرف داری کے ساتھ کسی طرف شریک نہونے کے نسبت ہماری دوستی زیادہ مضر ہوگی - مجھے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے لوگ انگلستان کے لیے نکولاس والی بازی کھیل رہے ہین -

جس چٹھی مین اُنھون نے افغانستان سے دوستی پیدا کرنے کی تجویز پر جو اڈوڈرڈس صاحب نے کی تھی اعتراضات لکھے تھے وہ بحیثیت اصلی سرسری نگاہ سے زیادہ غور کرکے پڑھنے کے قابل ہے -

کمپ بکی قریب نبون ۲۴ - مارچ ۱۸۵۴ء

میرے پیارے لارڈو - اڈوڈرڈس صاحب نے ۲۰ - مارچ کو حضور کے نام جو عرضی بھیجی تھی اُسکی ایک نقل مجھکو آج ملی - گذشتہ جنگ کے بعد دوست محمد خان کابلی کا جو برتاو رہا اُسکے بارے مین جو خیالات چٹھی مذکور مین ظاہر کیے گئے ہین اُنسے مجکو اتفاق نہین ہے ..... لیکن مجکو بخوبی تمام یقین ہے کہ امیر ہمسے اسوقت دوستانہ شرطین کرنے پر راضی ہین اگر اُنھون نے ہمسے دوستی کر لی تو اُنکی حالت بہت مضبوط ہو جائیگی اور اُنکے مٹیون کے لیے بھی اِس بات کا موقع رہیگا کہ امیر کے مرنے کے بعد وہ اپنی سلطنت قائم رکھ سکین - اُنکو اس بات کا بھی موقع ملیگا کہ دوسرے مقامات کی طرف بغیر اِسکے کہ اُنکا خیال بٹنے پائے توجہ کر سکین - اِسمین شک نہین کہ ایسے دوستانہ تعلقات ہمارے حق مین مفید ہونگے اور سرحد پر امن و امان قایم ہونے کے حق مین معین ہونگے لیکن وہ کچھ زیادہ ضروری نہین ہین - ہم ہر ایک بیرونی حملہ آور کے مقابلہ مین اپنی حفاظت کر سکتے ہین چونکہ مجکو اطمینان ہے کہ انگلستان مین ایک عہدنامہ کی تکمیل ہوگی اِسلیے ہم اُس تدبیر کی تائید مین اِس دلیل کو قوی پاتے ہین -

بالفعل موجودہ صورت معاملات یورپ کے متعلق ایسی کوئی بات نہین پائی جاتی ہے جس سے مجکو ایسی تدبیر کے اختیار

کرینگی ترغیب ہوسکے کہ امیر کی آسان شرطین قبول کرلی جائین مین نہین خیال کرتا کہ اس امر کی تعمیل مین کابل اور ہندوستان مین بھی ہمارے مرتبہ اور رعب کو نقصان نہ پہونچے تمام دور اندیش آدمی یہی کہینگے کہ یہ واقعی نہایت خوفناک نازک زمانہ ہوگا اور روس بیشک ایک ہولناک دشمن ہوگا) جب مالکان مشرق یعنی انگریز فرانس اور ٹرکی کو اپنے پشت پناہ کے طور پر لیکر اس طریقہ سے کابل کے داہنے ہاتھ سے اپنا ہاتھ ملائینگے۔ ہم چاہے اس امر سے اپنا اطمینان کرلین گر دوسرے اشخاص کبھی اس سے مطمئن نہونگے کہ یہ طریقہ کمزوری پر دلالت نہین کرتا اور حسبوقت اس کمزوری کا حال امیر کو معلوم ہوگا تو وہ ایسے ایسے دعوے کرینگے جنکو ہم قبول نہین کرسکتے۔ یورپ سے ہوا خیر خبرین آئی ہین انسے مین سمجھتا ہون کہ روس ضرور خاموش ہوجائیگا جس حالت مین تمام یورپ اُسکے خلاف اتفاق کریگا تو وہ ہرگز جنگ کرنیکا دعوی نہین کرسکتا۔ بالفرض اگر وہ لڑائی کرنے پر آمادہ ہوا تو اُسکو یورپ مین پورا مصروف ہونا پڑیگا۔ وسط ایشیا مین سوا سے سازش کے اور وہ کچھ نہین کرسکتا۔ گرینجر آڈورڈ دشمن خیال کرتے ہین کہ ایسی سازشون سے امیر مجبور ہوجائینگے کہ ہماری طرف رجوع کرین اس صورت مین اسوقت تک ہم کو انتظار کیون نہ کرنا چاہیے۔۔۔۔ ایک امر اور بھی قابل لحاظ ہے وہ یہ کہ دوست محمد ایک مسن شخص ہے جسکی تندرستی مین فرق آگیا ہے وہ اکثر سخت علالتون مین مبتلا رہتا ہے اور دو مرتبہ اُسکے مرنے کی خبر آچکی ابھی ایک سال کا عرصہ نہین گذرا کہ کائیلیون کو اُسکے زندہ ہونے کا اسوقت یقین ہوا۔ مین نہین سمجھتا کہ وہ زیادہ عرصہ تک زندہ رہیگا۔ یہ عام (بلکہ مین کہہ سکتا ہون کہ ایک زمانہ کی) راے ہے کہ اُسکے بیٹے کبھی اپنے تئین سنبھال نہ سکینگے اُنکے آپسمین سخت عداوت ہے ہر ایک دوسرے کی گردن کاٹنے پر مستعد ہے ان لوگون کے درمیان لیاقت کا صرف ایک آدمی غلام حیدر ہے مگر وہ ہمت مین قاصر ہے ان لڑکون کا چچا سلطان محمد ایک بڑے زبردست فریق کا سرغنہ ہے جو اُن لوگون کے خلاف ہے ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ آیندہ دو سال کے عرصہ مین یہ سب جلاوطن ہوجائینگے اور پشاور مین آکر ہماری پناہ مانگینگے۔

فوجدار خان ایک وضعدار اور لائق آدمی ہے اور ہلگون کا خیرخواہ ہے میرے نزدیک ایسا کوئی ہندوستانی نہین ہے جسکو ہم اپنے خیالات اور مقاصد سے زیادہ اطمینان کے ساتھ آگاہ کرسکتے ہون۔ لیکن مین یہ سفارش کبھی نہ کرونگا کہ کسی ایسی شخص کو پولیٹکل گورنمنٹ کی طرف سے کوئی پیام دیکر بجانب کابل بھیجنا قرین مصلحت ہو۔ مین نہین خیال کرتا کہ کوئی انگریزی افسر خفیہ طور کے ساتھ وہان روانہ کیا جاسکتا ہو۔ امیر بیشک راست بازی سے پیش آئینگے لیکن ایسے بہت سے لوگ ہین جو خوشی سے سفارت کو دوست محمد خان کے بدنام کرنے کے لیے ہلاک کرڈالینگے۔

مین اس بات کو کسی طرح سے قرین مصلحت نہین سمجھتا کہ امیر کو کسی صورت مین مدد دی جاے۔ ایشیائی لوگ اس طرح کے برتاؤ کو نہین سمجھتے ہین۔ بلکہ اس سے انکا غرور اور بڑھجاتا ہے۔ وہ مختلف حیلون سے مزید مطالبہ کرتے جائینگے اور جسقدر ہم دیتے جائینگے اُسیقدر اُنکی خواہش بڑھتی جائیگی۔ سر جان مالکم کی سفارت ایران کے زمانہ مین ہمنے بہت سا روپیہ اسمین صرف کیا لیکن کچھ فائدہ نہوا۔ قبضہ افغانستان کے زمانہ مین ہمنے اور بھی اسراف کے ساتھ اپنا روپیہ صرف کیا اور اُسکے بھی وہی نتیجے ہوئے۔

ص ۴۵

میری راے صرف یہ ہے کہ ہملوگ امیر کو ضمناً سمجھا دین کہ ہم گذشتہ باتون کو فراموش کرکے بشرطخواہش امیر اب اُنسے نئی دوستی پیدا کرنا چاہتے ہین اگر وہ اِن شرطون پر راضی ہون تو کوئی معزز ہندوستانی آدمی مثل فوجدار خان کے جلال آباد یا علی مسجد کو چلا جائیگا اور وہانسے امیر کے بیٹے کو پشاور مین لے آئیگا تاکہ اُسکے ساتھ اگر موقع ہو تو حضوریا اور کوئی شخص جسکو حضور نامزد کرین عہدنامہ کی تکمیل کریگا۔

ص ۴۵۲

اِڈورڈ ڈکسن صاحب کو بھی اُنھون نے اِسی طرح کا مضمون لکھا۔

مین نہین خیال کرتا کہ امیر کے ساتھ صلح کرنے مین ہماری سبقت کسی طور مناسب ہوسکے۔ یہ بات بغیر اِسکے کہ ہمارے رعب اور مرتبہ کو نقصان پہونچے کبھی نہین ہوسکتی اِس سے دوست محمد کا دل بڑھ جائیگا اور اُسکو معقول معاملات کرنے کی ترغیب ہوگی میرے نزدیک یہ بھی مناسب نہین ہے کہ اُسکو روپیہ دیا جاے کیونکہ اُسوقت ہمین لوگ یہ کہنے لگینگے کہ ہم (یعنی انگریزون) نے امیر کو خراج دیا اور اُسوقت تقاضے بڑھتے ہی جائینگے۔ جب سَر جان مالکم ایران کو گیے تھے تو وہان اور ہرات مین بھی اِس ملک کو ہنسے آزمایا تھا اُن دونون صورتون مین نتیجہ یہی ہوا کہ ہنسے روپیہ لیا اور بعد اسکے ہمپر قہقہہ اوڑایا آپ یقین مانئے کہ اگر کابل مین درحقیقت خطرہ پیدا ہوا تو دوست محمد ہماری طرف چلیگا علی الخصوص ایسی حالت مین جب وہ ہمکو دوست پائیگا۔ مین پیشین گوئی کرسکتا ہون کہ دوست محمد زیادہ عرصہ تک زندہ نہین رہ سکیگا۔ اور یہ امر حفظ ماتقدم کی ایک دلیل زائد ہے اُسکے بیٹے یقیناً اپنے تئین سنبھال نہین سکینگے۔

لارڈ ڈلہوسی کا جواب مورخہ ۱۱۔ اپریل بھی بہت ضروری ہے۔ ذیل مین اُسکا اقتباس مین درج کرتا ہون۔

میرے پیارے لارنس۔ آپ کی کئی چٹھیان میرے پاس پہونچین۔ یہ بہت سچ ہے کہ کابلیون سے اگر عہدنامہ ہوا تو ایرانیون سے تک اُس کی پابندی کرینگے جب تک اُنکو ضرورت رہیگی۔ یہ بہت سچ ہے کہ افاغنہ بالطبع روسیون اور ایرانیون کے دشمن ہین۔ یہ بہت سچ ہے کہ ہمنے بہت سا روپیہ ہرات مین صرف کیا اور اُسکا کچھ فائدہ نہوا۔ یہ بہت سچ ہے کہ اگر روسی افغانستان مین آجائین تو بھی ہم اُنکو ہندوستان مین آنے سے روک سکینگے۔ یہ سب باتین بہت سچ ہین مگر میرے رفیق دوست آپ میری اِس بات کو یقین کرینگے کہ ہمکو پانچ دریاؤن کے باہر کی عام راے پر بھی خیال کرنا چاہیے اور (دینا کے دوسرے حصون کی عام راے پر خیال کرکے) مارے لیے مقتضاے دانشمندی یہی معلوم ہوتا ہے کہ کچھ کوشش اور کسی قدر نقصان بھی کرکے ایسے وقت مین جب دینا کے معاملات کی یہ صورت ہے امیر سے ایک عام عہدنامہ کرلین۔ آپ نے جیسا بیان کیا ہے کہ جب تک خود دوست محمد کی طرف سے پیام صلح نہ آئے اُسوقت تک ہماری طرف سے کوئی تحریک صلح کی نہ کیجاے تو مین نظر بوجوہات بالا آپ کی اس راے سے اتفاق نہین کرتا۔ بالفعل اُسوقت اِس مسئلہ پر بحث کرنا کچھ پر ضرور نہین ہے کیونکہ ناظر خیر اللہ کی تجویز سے جسکو اُڈورڈ ڈکسن صاحب نے فیم سرکاری طور پر بذریعہ رپورٹ بھیجا ہے ظاہر ہے ظاہر طور پر یہی احتمال پیدا ہوتا ہے کہ دوست محمد کی طرف سے بعض خطوط ضرور آئینگے ۔۔۔ ہمارا

(دلیپ سنگھ) یہان ہین اور ۱۹ تاریخ یہان سے روانہ ہونگے اب وہ قدمین بہت کچھ بڑھ چلے ہین انگریزی خوب بولتے ہین وضع قطع بھی اچھی ہے اور مین سمجھتا ہون کہ اگر لوگون نے اُنکو خراب نہ کر ڈالا تو وہ انگلستان مین ہماری ناموری کا باعث ہونگے۔

آپ کا دوست صادق

ڈلہوسی

ص ۴۵۳

جان لارنس نے اس چٹھی کے جواب مین لکھا کہ "مجکو جو کچھ کابل کے مجوزہ عہد و پیمان کے متعلق کہنا تھا اُسکو عرض کر چکا اور اب اپنا فرض سمجھکر مین اس بات کے لیے تیار ہون کہ دل و جان سے حضور کی راے پر عمل کرون لیکن دوست محمد کے پاس جو کچھ پیغامات بھیجے گئے تھے اُنکا اُنھون نے فوراً جواب نہین دیا۔ سچے ایشیائی آدمی کی طرح اُسنے عجلت کو ناپسند کیا اور خلاف مصلحت ملک سمجھا اور جان لارنس نے اپنے چیف اور اپنے ماتحت متعینہ پشاور کو جو دونون اس عہد و پیمان کی تکمیل کے بڑے خواہشمند تھے یقین دلادیا کہ اگر اُنکی طرف سے حد سے زیادہ خواہش ظاہر کیجائیگی تو جس مطلب کے لیے گئے ہین وہ فوت ہوجائیگا۔ اس زمانہ مین اُنھون نے جو چٹھیان (علی الخصوص وہ چٹھیان جو گورنمنٹی صاحب کے نام اُنھون نے) لکھی تھین وہ سب افغانون کے چال چلن کے پورے حالات سے مملو ہین۔

مرے ۶ مئی ۱۸۵۴ء

دوست محمد سے عہدنامہ کرنے کے بارے مین جو کچھ آپ نے بیان کیا ہے اُس سے انکار نہین ہوسکتا ہے یہ صرف پارلیمنٹ کی راے کی تبعیت ہے۔ مین صرف اس بات کی امید کرتا ہون کہ ہم لوگ کوئی سنگین نقصان نہونے دینگے ایسا کیا گیا تو بڑی بھاری غلطی ہوگی کلکتہ کے لوگ جو خیال کرتے ہین کہ اس کارروائی مین صرف ایک آدمی پشاور کا اختلاف راے کریگا تو یہ محض حماقت ہے نہ اس سے اختلاف ہوسکتا ہے اور نہ ہونا چاہیے۔ مین تمام افاغنہ اور اُنکی مکاریون پر ہنستا ہون بقول حاجی بابا "مین اُنکے اجداد کی داڑھی پر تھوکتا ہون" لیکن مین زیادہ ضرور سمجھتا ہون کہ بعد صلح ہمکو اُنسے صلح کے قبل سے بھی زیادہ ہوشیار رہنا چاہیے جب کوئی افغان اپنے دشمن کو دھوکا دینے کی نیت اور کوشش کرتا ہے تو وہ وعدون اور قسمون سے مسلم اللہ کرتا ہے۔ وہ اپنا خاندانی قرآن بھیجتا ہے اور اپنے صدق مقال پر حلف دیتا ہے۔ اگر ایسے عہدنامہ ہوا تو اُسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ جب تک افاغنہ کو ہماری دوستی پر بھروسہ رہیگا اور جب تک امیر اس دوستی کے قائم رکھنے مین اپنا فائدہ سمجھینگے اُسوقت تک سرحد پر امن و امان رہیگی سوا اسکے اور کچھ نہین ہوگا۔ کابل اور اسکے مضافات مین جتنے متعصب بدمعاش بستے ہین اپنی سازشون سے اصلا باز نہ آئینگے۔ اگر آپ آج کی تاریخ سے آیندہ ہمیشہ کے لیے امیر کا دس لاکھ روپیہ سالانہ مقرر کر دینگے اور اُسکو معلوم ہوگا کہ ہمارے خلاف سازش کرنے مین اس سے زیادہ ملیگا تو وہ فوراً سازش کریگا۔ اگر اُسکو کچھ تامل یا شبہہ ہوگا تو صرف اس بات کا ہوگا کہ اُسکے لیے کس حکمت عملی کا اختیار کرنا زیادہ موزون ہے

افغان لوگ خلقی آزاد مزاج اور مستقل الطبع ہین - ملک مفلس اور زبردست ہے - اگر وہان کوئی تنظیم جاکر رہے تو وہانکی تمام پیداوار کو کھا جائے اور ملک کے لوگون کو اپنا پابند من کرلیگا . . . . . میری خاص رائے یہ ہے کہ اس طرح کا کوئی حملہ موجودہ زمانہ مین نہوگا - لیکن اگر ایسا وقت آئے تو ہمارے لیے بہتر ہے کہ افغانون کو اپنی طرف سے لڑانے کے لیے روپیہ پیسے بدلے اسی روپیہ کو اپنے مورچہ کے استحکام مین صرف کرین -

۳ر جون کو وہ لکھتے ہین کہ

ص ۴۵۴ مین کہہ سکتا ہون کہ امیر کے ساتھ عہدنامہ کرنے کے بارے مین میرے خیالات بالکل غلط ہین جس حالت مین کہ گوزیر جنرل اور آپ (گورنر جنرل) اور اڈوکیٹ جنرل صاحب یہ سب کے سب مختلف الرائے ہین تو ایسی حالت مین انکا مقابلہ کرنا سراسر حماقت ہے - مگر اس رائے کے ظاہر کرنے سے مجکو کوئی چارہ نہین ہے کہ اگر کبھی روسی ہرات تک پہونچ گئے تو مجکو اپنے ہی دلہنے ہاتھ سے لڑائیان لڑنا پڑینگی - یہ امر اچھی طرح سے میری سمجھ مین نہین آتا کہ افاغنہ اپنے فائدہ کے خیال سے ہمارے طرفدار کیون ہونے لگے - اُنکو ہم چاہین جس طرح کی نقدی مدد دین مگر وہ اس طرح سے اپنے ملک کی حفاظت کرسکینگے کہ روسیون کو اُس ملک کے تاخت و تاراج اور قبضہ کرنے سے باز رکھین گو اس بات کے ہوجانے کے بعد ممکن ہے کہ وہ بیحد تکلیف دین - کابل پر بہ نسبت اس طرف کے ہرات کی جانب سے حملہ ہونے کا زیادہ موقع ہے لیکن ہم اگر چاہین تو کل ہی دس ہزار سپاہی اور ایک اچھا کا نیر لیکر وہان پہونچ جائین اور قبضہ کرلین - یہ بات نہین ہے کہ مین ایسی تدبیر کی صلاح دیتا ہون کیونکہ وہ تو بالکل خلاف عقل ہوجائیگی بلکہ اگر ہم بیس لاکھ روپے سالانہ ایسے مجنونانہ کام مین صرف کرنا پسند کرینگے تو اُسپر قابض رہ سکینگے -

اسکے بعد ۱۸۵۸ء کے موسم برسات مین وہ امیر کی چٹھی جسکا عرصہ سے انتظار کیا جاتا تھا پہونچی - جو بقول لارڈ ڈلہوسی "نہایت ہی عاجزی اور شائستگی" سے شامل تھی - بعد اسکے ایک چٹھی ماہ جنوری مین وصول ہوئی اُسمین امیر نے لکھا تھا کہ مین عہدنامہ کی گفتگو کے لیے اپنے کسی بیٹے کو جیرود بھیجدونگا اور اس بات کی خاص استدعا کی تھی کہ جان لارنس نامے انگریز جسکا مین نے اسقدر ذکر سُنا ہے وہ بذات خاص میری ملاقات اور بحیثیت وکیل انگلستان کارروائی کرے - جان لارنس کو یہ منظور تھا کہ اس معاملہ کی گل شائستی جو ایسے عہدنامہ کی تکمیل سے پیدا ہونے کا احتمال رکھتی تھی جسکو وہ بکتعلیم پسند نہین کرتے تھے اُنکے دوست کمشنر پشاور کو حاصل ہو جو اس تجویز کے بانی تھے اور اُسکو حرف بحرف پسند کیا تھا لیکن جیسا کہ لارڈ ڈلہوسی نے بیان کیا تھا دوست محمد کی درخواست سے اب اس معاملہ مین لارڈ موصوف کے تجویز کرنے کا کوئی موقع نہین رہگیا تھا اُنکو فوراً معاملہ فہمی کے لیے جانا پڑا اور اپنے علاقہ بند و بست معاملات اور کامیابی کے ساتھ عہدنامہ کی تکمیل کرنے سے وہ اس امر کو ثابت کرسکے کہ یہ کچھ ضرور نہین ہے کہ ملکی معاملہ فہمی مین فریب و تزویر بھی کرنا پڑے - اور جو

مدبر اپنے اندرونی خیالات چھپانے کے لیے الفاظ کو استعمال نہ کرے بلکہ ٹھیک ٹھیک بات کے بیان کرنے مین سچے الفاظ زبان پر لاے غالباً ٹیلی رانڈ یا سر نیک کی طرح اپنا اصل مطلب نکال لیگا (علی الخصوص مشرقیون کے معاملہ مین جو ہمیشہ انگریزون کو دام فریب مین پھنسانا چاہتے ہین)۔

جان لارنس اپنی بیوی صاحبہ سمیت لاہور مین بڑا دن کرنے کے بعد پشاور کو روانہ ہوے اور پھر اُنکے ہمراہ ڈوڈوس صاحب اور جیمز لیٹن نام کے دو صاحبون اور بہت سے اور ہمراہیون کو ساتھ لیکر تاریخ ۱۸- مارچ جمرود کی طرف جو ہماری سلطنت کا آگے بڑھا ہوا تھانہ تھا اس غرض سے روانہ ہوے تاکہ وہان پر دلیمند امیر افغانستان کا بطرز مناسب استقبال کرسکین۔ ۲۰- تاریخ بمقام چاؤنی پشاور ایک دربار عام مین اُنسے ملاقات کی گئی اور ۲۳- تاریخ کی صبح سے گفتگو شروع ہوئی۔ ص ۴۵۵

چونکہ لارڈ ڈلہوسی بمقام گیلی سخت علیل ہوگئے تھے اور بمجبوری اونا کمنڈ واقع کوہستان نیلگری مین چند مہینے تک اُنکو قیام کرنا پڑا اسلیے اُنکی غیر حاضری مین چیف کمشنر نے اپنی کارروائیون کا مفصل حال جسے اِنے ڈوارن پریسیڈینٹ کو تسل کلکتہ کو لکھ بھیجا۔ ان تحریرات اور اُنکے سوا دوسرے ذریعون سے اس معاملہ کے متعلق جو چند ضروری حالات اور واقعات مجکو ہم پہونچ سکے اُنکو اس مقام پر لکھنا مناسب ہے۔

غلام حیدر خان بیٹا اور قائم مقام اُس امیر اعظم کا جسکو ہم ایسا بڑا سمجھتے تھے بہت سی باتون کے اعتبار سے ایک معزز شخص تھا۔ وہ نہایت سمجھ رکھتا تھا اور ایک افغانی سردار کو جیسا ہونا چاہیے اُسکے اعتبار سے وہ واقف کار بھی خوب تھا۔ وہ خود سوچتا اور اپنی طرف سے خود گفتگو کرتا تھا اور اپنے رعب و داب سے اپنے ہمراہیون کو روکے ہوے تھا طبیعت مین بشاش اور مزاج مین پسندیدہ تھا۔ وہ ایک عرصہ تک ہندوستان مین رہ چکا تھا اور جب جنگ افغانستان کے زمانہ مین وہ قید رکھا گیا تھا تو اُسنے بہت سے انگریزی افسرون سے دوستی پیدا کرلی تھی اور اکثر مقامات اور بہت سی چیزون کو جو اپنے سفر کے زمانہ مین اُسنے دیکھی تھین یاد کرکے فخر کرتا تھا۔ اُسنے جیمز لیٹن نام کے دونون صاحبون کو پہچان لیا اور بطور احباب قدیم اُنکے ساتھ پیش آیا۔ وہ انگریزی بوٹ پہنے ہوئے تھا انگریزی کاٹھی پر سوار تھا علی الخصوص اُس انگریزی تلوار اور تپنچہ سے جو جان لارنس نے اُسکو دیا تھا بہت خوش تھا وہ خرامان خرامان نیچے اُترا ڈوڈس کی کوٹھی مین چلا آیا اور وہان کی تصویرین اور اسباب کو دیکھا اپنے سردارون سے ہر ایک سے جو اُسکے پسند آئی اُسکو اشارہ کرکے بتایا اور اُسکی خوبیون کو بیان کیا۔ اُسنے باصرار تمام تلوار اور تپنچہ کے بدلے جان لارنس کو ایک گھوڑا دیا جو اُسکو نہایت عزیز تھا (غالباً اُسنے دریافت کرلیا ہوگا کہ میرے مہربان کو گھوڑے کا بہت شوق تھا) اور جب جان لارنس نے اُسکے واپس کرنے کی اجازت مانگی تو اُسنے جواب دیا کہ اگر آپ گھوڑا واپس کرینگے تو مین اِسکو گولی مار دونگا۔ اُسکی جسمانی صفتون مین ایک صفت یہ تھی کہ وہ بدا

بہت تھا جس سبب سے وہ گھوڑے پر سوار نہین ہوسکتا اور نہ کسی طرح کی محنت جسمانی برداشت کرسکتا تھا۔
جان لارنس بیان کرتے ہین کہ "اُسکی آنکھین نہایت کمزور ہین اور چشمہ لگائے رہتا ہے شب کو نیند نہین آتی اور دو دو مہینے کے بعد ہمیشہ اُسکی فصد کھولی جاتی ہے۔ جب ہم لوگون سے معاملہ کی گفتگو ہوتی تھی تو درمیان مین اُسنے بارہا پانی منگوا منگوا کر پیا۔ اُسکی عمر صرف ۳۰-۳۲ برس کی ہے۔ مگر یہان کے سول سرجن صاحب جنسے اُسنے اپنا معالجہ کرایا تھا کہتے ہین کہ اُسکی زندگی اس قابل بھی نہین ہے جسپر چھ مہینے کا زر ضمن دیا جاے وہ کسی دن ہیضے کے عارضہ مین مرجائیگا اور زیادہ عرصہ تک تو وہ کسی حال مین نہین جی سکتا ہے۔" باینہمہ اُسنے اس بات پر بہت کچھ اصرار کیا کہ میرا نام بہ حیثیت ولیعہد عہدنامہ مین درج کیا جاے اُسکے اس اصرار سے معلوم ہوتا تھا کہ گویا وہ بہت عرصہ تک زندہ رہیگا یا یہ قوی سے یہ امید کرتا ہو کہ اگر انگریز لوگ میری ولیعہدی سے اقرار کرلینگے تو سلطنت کے بارے مین جو جدال وقتال یقیناً باپ کے مرنے کے بعد ہوگی اُسمین یہ اقرار کام آئیگا۔ الغرض اس دس روز کے عرصے مین چیف کمشنر کو جس شخص سے سابقہ رہا اُسکی بعض بعض کیفیتین اس طور کی تھین۔ ص۴۵

جان لارنس کی تجویز سے بندوبست یہ کیا گیا تھا کہ فریقین کے درمیان اصالتاً گفتگو ہو وکیلون سے کام نہ لیا جاے کیونکہ ان لوگون سے دقتین اور بھی بڑھ جائینگی جان لارنس کے ساتھ اڈورڈ ٹامسن صاحب اور ولیعہد کے ساتھ صرف تین چار معتمد سردار جایا کرین اور گفتگو ایک مرتبہ افغانی کیمپ مین اور ایک مرتبہ کمشنر پشاور کی کوٹھی مین ہوا کرے۔ اس گفتگو کے متعلق مین چند نہایت دلچسپ فقرات جان لارنس کی چٹھیون سے نقل کرتا ہون۔

چیف کمشنر نے آغاز گفتگو اس بیان سے کی کہ حضور گورنر جنرل کو سواے اسکے اور کچھ خواہش نہین ہے کہ باہمی اتحاد کے متعلق ایک عہدنامہ کی تکمیل ہوجاے لیکن اگر دوست محمد کچھ اور چاہتے ہین تو بہتر ہے کہ اُنکے فرزند اُسکو بیان کرین۔

ولیعہد نے جواب دیا کہ "ہلوگ بہادر اور جنگجو ہین مگر بالکل مفلس ہین آپ سے معاہدہ کرنے مین روسی اور ایرانی ہمارے دشمن ہوجائینگے اور اسلیے ہمکو امید ہے کہ آپ بطور پرورش ہمکو کچھ عنایت کرینگے۔ روپیہ ہو تو ہم ہر ایک شخص کا مقابلہ کرسکتے ہین بغیر روپیہ کے ہمسے کچھ نہین ہوسکتا ہے ہرات ہمارا ہی ملک ہے مگر وہ ایران کے سرحد پر واقع ہے اور ایران کی شاہراہ ہے۔ اگر ایرانیون اور روسیون نے جیسا کہ سوبسوہ یقین ہے حملہ کیا تو اسوقت آپ الگ کھڑے ہونگے اور یہ کہنے لگینگے کہ ہمسے کچھ واسطہ نہین ہے۔"

چیف کمشنر نے جواب دیا کہ مجکو تو ابھی کوئی خطرہ معلوم نہین ہوتا ہے۔ ایران سے ہمنے ایک عہدنامہ کرلیا ہے جسمین وہ تنبیہ کردیا گیا ہے کہ اپنی سلطنت اور ہندوستانی کے درمیانی ملک پر حملہ نکرے اور روسیون کو

ابھی یورپ مین بہت کچھ کرنا باقی ہے اور یہ ممکن نہین کہ جس حالت مین ہم وہان لڑتے ہون تو انکو افاغنہ پر حملہ کرنے دینگے - حیدر خان نے جواب دیا کہ "ایران روس کے متصل ہے وہ روس کو پسند نہین کرتا مگر روس سے ڈرتا البتہ ہے اور اسلیے روس جو کچھ کہیگا ایران اُسپر ضرور عمل کریگا - افاغنہ فضل خدا سے جیسے اسوقت متفق ہین اگر اُسی طرح متحد و متفق رہے تو انکو ایران سے بشرطیکہ روس اُسکا شریک نہو جاے کچھ ڈر نہین ہے - اگر روس کا قصد درحقیقت ہندوستان پر نہین ہے تو پھر وہ قندہار پر کیون حملہ کرتا ہے اُسنے آگے سمندر پر کیون قبضہ کر لیا اور وہان اپنی فوج کی چھاونی کیون قایم کی"

چیف کمشنر نے جواب دیا کہ "ہم ساحل ایران پر اپنی مخالفت دکھلا کر ہمیشہ ایران کو روک سکتے ہین اور ہم نہین چاہتے کہ اس عہدنامہ مین ہرات کا کوئی ذکر کر کے بیوجہ اُسکو ناراض کرین -"

حیدر خان نے جواب دیا کہ "آپ کو ایران کا جسقدر خیال ہے اُسقدر ایران کو آپ کا نہین ہے اگر کہیے تو مین آپکو ایک عہدنامہ کی نقل دکھا دون جسکو اُسنے اسواسطے تجویز کیا ہے کہ جب آپ افغانستان کے ملک مین دست اندازی کرین تو وہ ہمسے اُس عہدنامہ کی باہمی تکمیل کرالے -"

چیف کمشنر نے جواب دیا کہ "یہ سب ایران کا زبانی جمع خرچ ہے -"

حیدر خان نے جواب دیا کہ "ہان زبانی جمع خرچ بھی ہے اور سرکشی بھی ہے - لیکن جس حالت مین ایران اور افغانستان برسون ہندوستان کو لوٹتے رہے تو کوئی امر عجیب نہین ہے اگر اس انقلاب زمانہ کو دیکھکر ایران کے دل مین یہ کھٹکتا ہو کہ اب وہی ہندوستان سال بسال خراسان کی طرف بڑھتا آتا ہے - مگر آپ یہ تو بتایئے کہ افغانستان آپ کس سے مراد لیتے ہین آیا موجودہ حدود کے مطابق یا اُسکی سابق حدود کے موافق" یہ اشارہ واقعی پشاور کی طرف تھا جسکی نسبت اُسوقت اور بعد کو بھی جان لارنس یہی خیال کرتے رہے کہ اُسپر قبضہ رکھنا ہمارے دلائل مین ایک طرح کا ضعف پیدا کرتا ہے مگر اُنھون نے جو کچھ جواب دیا وہ صاف صاف دیا" موجودہ حدود افغانستان بیشک قایم رکھی جائینگی - ہماری خواہش یہ نہین ہے کہ ہم افغانستان مین مزاحمت کرین اور نہ ہم اپنے ملک مین افغانستان کو مزاحمت کرنے دینگے - اس عہدنامہ سے ہماری غرض صرف یہ ہے کہ آپس مین دوستی رہے تاکہ سرحدی اضلاع مین امن و امان قائم رہے اور تجارت اور زراعت مین ترقی ہو - اگر پشاور کی طرف سے اطمینان رہیگا تو آپ کے فرمانبردار کو زیادہ مالگزاری وصول ہوسکیگی اور وہ اپنے دشمنون کا زیادہ آسانی کے ساتھ مقابلہ کر سکیگا -

حیدر خان نے جواب دیا کہ "ہان ہمکو کسی دشمن سے بشرطیکہ روس اُسکی مدد نکرے کھٹکا نہین ہے اور بخارا سے تو ہمکو شل آپ کے بڑے بڑے پرانے جھگڑون کی کسر نکالنا ہے - کیا شاہ بخارا نے اسٹوڈارٹ اور گاڈلی صاحب کو

نہین مار ڈالا ہے اور کیا میرے بعض بعض اقربا کو قتل نہین کر ڈالا ہے ہم ضرور اُسکو جا کر سزا دینگے۔ افغان کو ترکمان سے وہ نسبت ہے جو بھیڑیے کو بھیڑ سے ہے"

اس موقع پر چیف کمشنر نے اپنے دوست کو اطمینان دلایا کہ افغانستان پر ہمارا کوئی قصد نہین ہے بلکہ صرف یہ خواہش ہے کہ وہ زبردست اور خودسر رہے اصل مین دونون سلطنتون کے مقاصد ایک ہین۔ ہم دونون ایک ہی کشتی پر ہین۔

حیدر خان نے برجستہ یہ جواب دیا کہ "اچھا اگر ہم دونون ایک ہی کشتی پر ہین تو ساتھ ہی ڈوب جائینگے یا ساتھ ہی پیرتے رہینگے۔ آپ ہماری مدد کا وعدہ کرین ورنہ آپ کے جانشین کو معلوم بھی نہوگا کہ آپ نے کیا کہا تھا اور مشکل کے وقت وہ ہم سے علیٰحدہ ہو جائینگے" الغرض پہلی ملاقات کا اسطور پر خاتمہ ہوا۔

دوسرے روز پھر ہرات کے مسئلہ کا ذکر ہوا اور جان لارنس نے پھر اُن عہود و مواثیق کا جو ہمارے اور ایران کے درمیان عمل مین آئے تھے حوالہ دیا۔

حیدر خان نے جواب دیا کہ "ہرات افغانستان کا دہنا ہاتھ ہے اور (چیف کمشنر پشاور کے زخمی ہاتھ کیطرف اشارہ کرکے کہا کہ) دیکھیے اگر آپ کا یہ ہاتھ جاتا رہے تو کیا آپ کو صدمہ نہوگا۔ اسیطرح ہرات کے جانے کا ہمکو صدمہ ہوئیگا۔ اگر اُسپر کوئی حملہ کریگا تو ہمکو اُسکی مدد کے لیے جانا لازم ہے۔ اگر اس عہدنامہ سے ہمکو کوئی فائدہ دینا مقصود ہے تو ہرات کو اُسمین ضرور شامل کرنا چاہیے"۔

جان لارنس کو نہ تو اس بات کا اختیار تھا اور نہ خود اُنکو منظور ہوا کہ اس بات کو مان لین کیونکہ اسمین بڑی بڑی پیچیدگیان تھین۔ لیکن اُنھون نے کہا کہ اڈنبرا سٹون صاحب کی چٹھی مین جو ہدایتین کی گئی ہین اُنمین سے بعض مضمون کا اقتباس کرکے مین آپکو لکھدونگا جسسے ظاہر ہو جائیگا کہ ہرات کے بارے مین ہماری خواہشین کیا ہین اور اسکے بعد حیدر خان نے بہ خوشی اس بات کو منظور کر لیا۔

دوسرا قضیہ خاندانی اور سرکاری باتون کے خیال سے بھی چیف کمشنر کو بہت دلچسپ معلوم ہوا کیونکہ محمد خان جسکے بارے مین امیر نے استدعا کی تھی کہ سابق مین جو جاگیرین اُسکے پاس تھین واپس کر دی جائین وہی شخص تھا جسنے جان لارنس کو ایسی حالتون مین سکھون کے حوالہ کر دیا تھا جسنے افاغنہ بھی اُسکو مورد الزام ٹھراتے۔

چیف کمشنر نے کہا کہ "محمد خان کو خود سکھون نے معزول کر دیا تھا اور جسوقت رنجیت سنگھ نے لاہور کو فتح کیا تھا تو وہ آزاد آدمی کے طور پر نہین بلکہ قیدی کے طور پر رہتا تھا۔ میرے بھائی سر ہنری لارنس نے اُسکی نہایت عزت اور پاس و لحاظ کیا تھا اور اُسکو اجازت دی تھی کہ پشاور اور کوہاٹ مین جاکر پھر اپنی جاگیرات پر قابض ہو۔ وہان اُسنے میرے بڑے بھائی کرنل جان لارنس کے خلاف سازش کی اور جب افسر مذکور اپنے اہل و عیال سمیت محمد خان کے کمال منت آزرد

کرنے سے کوہاٹ مین جاکر پناہ گزین ہوئے تو اُنسے اُنکو باغیون کے حوالہ کردیا۔ اس موقع پر محمد خان نے چیف کمشنر کے دونون ہاتھون کو پکڑکر یہ صدا بلند کی کہ "اب برائے خدا اُسکا نام نہ لیجیے۔ میرے عزیزکی دغابازی کا حال جسنے میری تمام قوم کو بدنام کردیا اب میرے بیان کرنے کو چھوڑ دیجیے کون شخص نہین جانتا کہ قزلباش لوگ آبتک خوک دینی کھلاتے ہین کیونکہ اُنھون نے ایک خوک کو پناہ دی تھی جسکو اُنکے بادشاہ نے اُنکے پیچھے تک تعاقب کرکے شکار کیا تھا" ایک اور سردار نے پکار کے کہا کہ "سلطان محمد خان نے اپنی قوم کو جسطرح سے بدنام کیا ہے اُسکے واسطے کوئی افغان ایسا نہین ہے جو اُسکو مکروہ نہ سمجھے میہمان نوازی افغانون کی خاص صفت ہے"۔

اسکے بعد حیدر خان نے اس ذکر کو چھوڑ دیا اور کہا کہ مین اب اپنے چچا کا ذکر نہ کرونگا۔ محمد خان نے امیر سے نہایت ہی آرزومندت کی تھی اس سبب سے مین نے اس مسئلہ کو چھیڑا تھا۔ جسوقت دوسرے مسئلہ پر بحث ہونا شروع ہوئی تو اسطرف کے سب لوگ ظاہرا بہت خوش ہوئے کہ ایک امر قبیح کی گفتگو سے چھٹکارا ملا۔ حیدر خان نے ایک مرتبہ پھر اس امر کا وعدہ لینا چاہا کہ جسوقت روسی افاغنہ پر حملہ کرین یا حملہ کرنے کی دھمکی دین تو فوج اور روپیہ سے مدد دے لیکن چیف کمشنر نے اپنے استقلال کو کام مین لاکر پھر اشارتاً یہی کہا کہ اگر وہ لوگ کبھی ملک مین داخل ہوئے تو گمان ہوسکتا ہے کہ انگریزون اور افغانون کے مابین نزاع ہوجائیگی۔ اور پھر اس باہمی سمجھوتہ کے بعد جلسہ برخاست ہوا کہ آیندہ ملاقات کے وقت چیف کمشنر مباحثات کے مطابق عہدنامہ کا مسودہ تیار کرکے پیش کرینگے۔ یہ مسودہ جسوقت پیش کیا گیا تو تین تین شرطین تھین۔ ایک شرط کے ذریعہ سے امیر اس بات کے پابند کیے گئے تھے کہ "وہ سرکار ایسٹ انڈیا کمپنی کے دوستون کے دوست اور دشمنون کے دشمن رہینگے"۔ مگر انگریزون پر اسطرح کی کوئی بات واجب ولازم نہوگی۔ حیدر خان نے اس ظاہری عذر کو پیش کیا کہ عہد دونون طرفین سے ہونا چاہیے۔ لیکن چیف کمشنر نے جواب دیا کہ دونون گورنمنٹون کے درمیان فرق عظیم ہے۔ ہمنے تو اس امر پر قناعت کی کہ اپنی موجودہ حالت پر قائم رہینگے اور آگے بڑھنے کی خواہش نہ کرینگے اور امیر نے اپنے خریصانہ خیالات کو تسلیم کیا ہے ہمارے کوئی دشمن ایسے نہین ہین جنسے ہمکو خوف ہو اور امیر کو احتمال ہے کہ وہ برابر لڑتے جھگڑتے رہینگے اور اگر ہمنے شمال افغانستان کے اپنے تئین پابند کیا تو اسکی رو سے ہمکو لازم آئیگا کہ افغانستان کے معاملات مین دست اندازی کرتے رہین جو ہمکو اور افغانون کو بھی برا معلوم ہوگا۔ حیدر خان نے جب دیکھا کہ چیف کمشنر اپنے ارادہ پر قائم ہین تو اُنسے ہماری خواہشون کو قبول کرلیا گو بظاہر یہ امر اُسکے خلاف گذرا اُسکے بعد وہ اپنے مشیرون سمیت (جسطرح ارباب جوری اپنے فیصلہ پر غور کرنے جاتے ہین) قریب کے کمرہ کو چلے گئے اور ایک گھنٹہ کے بعد عہدنامہ کے مسودہ مین دو ایک خفیف مگر بھاری ترمیمین بناکر لے آئے۔ پھر یہ چاہا گیا کہ امیر صرف امیر کابل کے لقب سے ملقب نہون بلکہ والی کابل اور افغانستان کے اُن تمام ملکون کے والی بھی کہلائین جو اُنکے قبضے مین ہین (ایک سردار نے کہا کہ) "کیونکہ کابل صرف ایک شہر کا نام ہے اور افغانستان ایک

صفحہ ۴۴۵

بڑا بھاری ملک ہے۔ ایک اعلیٰ فرمانروا کے لیئے والی کا لقب موزون ہے درحالیکہ امیر ایک والی سے کہیں متعدد ہوتے ہین" اس امر پر بیشک رضامندی ظاہر کی گئی اور اسی طرح یہ امر بھی منظور کیا گیا کہ سردار مذکور اپنی طرف سے بھی عہدنامہ پر دستخط کرین۔ اب کام ختم ہوگیا اور سردار مذکور نے رخصت حاصل کی لیکن اس اثنا مین یورپ کی ڈاک بھی آگئی جس سے چیف کمشنر اس فتح کی بابت جو عمر پاشا نے روسیون پر بمقام پوپٹیوریا حاصل کی تھی ہز ہائی نس کو مبارکباد دے سکے اور اس امر کو عہدنامہ کے متعلق عمدہ شگون سمجھکر لوگ بہت خوش ہوئے۔

۱۸ کی صبح کو غلام حیدر کی خاص درخواست کے بموجب اُنکی یادگار مین انگریزی فوج کی قواعد ہوئی اور ۱۹ تاریخ کو سات بجے صبح کے عہدنامہ پر دستخط اور مہر ہوئی اور بعد اُسکے بھرے دربار مین وہ حوالے کیا گیا۔

شرط اول

مابین آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی و ہز ہائی نس امیر دوست محمد خان والی کابل و والی ممالک افغانستان جو فی الحال اُنکے قبضے مین ہین دوستاے امیر ممدوح ہمیشہ صلح اور دوستی رہے گی۔

شرط دوم

آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی عہد کرتی ہے کہ جو ممالک فی الحال ہز ہائی نس کے قبضہ مین ہین اُنکا کمپنی ممدوح خیال کریگی اور کبھی اُنمین دست اندازی نہ کریگی۔

شرط سوم

ہز ہائی نس امیر دوست محمد خان والی کابل و والی ممالک افغانستان جو فی الحال اُنکے قبضہ مین ہین اپنی جانب اور اپنے ورثا کی جانب سے بھی یہ عہد کرتے ہین کہ علاقجات آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی کا خیال رکھینگے اور اُنمین کبھی مزاحمت نہ کرینگے۔ اور آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی کے دوستون کے دوست اور دشمنون کے دشمن رہینگے۔

اس عہدنامہ کی تکمیل ہوئی آج بمقام پشاور تیرھوین مارچ سنہ ایک ہزار آٹھ سو چھپن مطابق گیارھوین رجب سنہ ایک ہزار دو سو اکھتر ہجری۔

جان لارنس
چیف کمشنر پنجاب
غلام حیدر ولیعہد
بحیثیت قائم مقام امیر دوست محمد خان
و اصالتاً سنجانب خود بحیثیت ولیعہد

عالیجناب گورنر جنرل بہادر نے مقام اوٹاکمنڈ مین آج تاریخ یکم مئی سنہ ایکہزار آٹھ سو چھپن اس عہدنامہ

کی تصدیق کی۔

ڈلہوسی

جی۔ یف۔ اِڈمنڈسٹون

سکرٹری گورنمنٹ ہند ہمراہی گورنر جنرل

ماہ مارچ کی اخیر تاریخ کو غلام حیدر خان رخصت لیکر جانب افغانستان روانہ ہوا۔ ۲ر اپریل کو چیف کمشنر نے لارڈ ڈلہوسی کے نام یہ چٹھی لکھی تھی۔

اس بات کے انتظار کرنے کے بعد کہ غلام حیدر خان بہ حفاظت پرنسس علاقہ کے اُس پار نکل جائین آج شام کو مین پشاور سے روانہ ہوتا ہون۔ کل شب کو اڈورڈس صاحب دیکھ آئے کہ سردار مذکور کا خیمہ بفراغت درہ خیبر کے دہانہ پر نصب تھا۔ لفٹنٹ کرنل آج صبح کو اُنکے کنارے تک پہونچانے جائینگے۔ یہان آنے پر سردار مذکور کا جسطور سے استقبال اور سلوک کیا گیا اُس سے وہ بہت خوش ہوئے اور بات ہی ایسی تھی جس سے وہ خوش ہوئے کیونکہ اگر وہ ہماری ملکیہ کے بیٹے ہوتے تو اس سے زیادہ عمدگی کے ساتھ ہم اُنسے پیش نہ آسکتے۔ وہ ہمارے ہی اخراجات سے اصل مین یہان رہے بلکہ کچھ زیادہ یعنی تین کو بھی لیگئے۔ ہم نے اُنکو ایک بہت عمدہ قواعد دکھائی جسمین ہماری فوج علی الخصوص توپخانہ اور گورے پیادون نے اپنا کمال دکھلایا گورون کی قواعد دیکھکر وہ بہت ہی متعجب ہوئے اپنے ساتھیون سے کہنے لگے کہ "اہا ہا! دیکھو تو یہ کسطرح دہاوا کرتے ہین! واقعی یہ جان جنگ ہین"۔ اور اسمین شک نہین کہ حضور ملکہ معظمہ کی رجمنٹ نمبر ۲ بہت ہی عظیم الشان معلوم ہوتی تھی لوگ کہتے ہین کہ سردار مذکور اور اُنکے معتمد مشیر اس عہدنامہ سے بہت خوش ہوئے جو امیر کے حق مین لاکھ روپیہ کے برابر ہے کیونکہ اُسکے ذریعہ سے نہایت ہی خوفناک دشمنون کیطرف سے اطمینان ہوگیا اور اس بات کا موقع ملا کہ اندرونی ملک مین انتظام اور دوسرے مقامات کیطرف توجہ کرسکین۔ مین خیال کرتا ہون کہ تھوڑے ہی دنون مین وہ خیبریون وغیرہ کی تنخواہین کم کردینگے ان لوگون کو امیر سے چھبیس ہزار روپیہ سالانہ ملتا ہے۔۔۔ اصل مین یہ افغانون کا دانت پشاور کے قبضہ پر ہے اس ملک کے نکل جانے پر وہ اکثر سخت افسوس ظاہر کرتے ہین اور جسوقت اس ملک کی خوبیون پر اُنھون نے آنکھ پھیلا کر نگاہ کی تو دنگ ہوگئے۔ اُنھون نے کہا ہمکو امید ہے کہ اپنی عہدہ خدمات سے کسی روز اُنکے سستی ہوسکینگے۔ حیدر خان نے یہ خیال کرکے کہ اُنکی استدعا کرنا بیکار ہے بطور ایک عقلمند آدمی کے خاموشی اختیار کی۔۔۔۔ ایک موقع پر اُنھون نے مجھسے پوچھا کیا یہ سچ ہے کہ آپ نے اس گھاٹی سے آٹھ لاکھ روپیہ وصول کیا کیونکہ سکھ لوگ اس سے چودہ لاکھ وصول کرتے تھے۔ مین نے کہا ہان یہ سچ ہے لیکن سکھون کا انتظام جابرانہ تھا اور ہم لوگون نے اُسیقدر وصول کیا جسقدر واجب اور لازم تھا۔

جان لارنس خود اس عہدنامہ کے تکملہ کے بعد بہ نسبت اُسکے جو اُنھون نے سابق مین کیا تھا کوئی بڑا کام نہین سمجھے اور نہ اپنی کارگزاریون پر نازان تھے۔ تکمیل عہدنامہ کے بعد اُنھون نے نکلسن صاحب کی ایک

چٹھی مین لکھا تھا کہ دو عہد نامہ پر دستخط ہو گئے اور اُسمین کوئی نقصان نہین ہے۔ بارک زئیون نے بہت اور رہنے تھوڑے دیدیے ہین۔ "تاہم جیسا ہوتا آیا ہے اُنکو ہمسے زیادہ اور ہمکو اُنسے کم فائدہ ہوگا"، اور جب اُس سال اور تھوڑا زمانہ گذرنے کے بعد لارڈ ڈلہوسی نے اُنکو اس مضمون کی چٹھی لکھی کہ میرا قصد ہے کہ آپ کی کارگزاریون کے صلہ مین کسی خاص اعزاز کے لیے آپ کی سفارش کرون تو اُنھون نے گورنر جنرل صاحب کے نام کی ایک چٹھی مین اس امر کی نسبت یہ تحریر کیا "گورنر جنرل نے جن الفاظ سے میرے اعزاز کے بارے مین سفارش کرنے کے لیے مجھکو لکھا ہے اُس سے عمدہ تر کوئی بات نہوگی عہدنامہ کا تکمیل ہو جانا بیشک ایک عمدہ بات ہوگی اور اسمین شک نہین کہ انگلستان مین اسپر بہت کچھ لحاظ کیا جائیگا لیکن مین سمجھتا ہون کہ اگر اُس بارے مین میرا کوئی استحقاق ہے تو اُن محنتون کی بابت ہے جنکو مین نے ایک سول انتظام کے طور پر انجام دیا ہے۔ اسبات کے بیان کرنے کی حاجت نہین معلوم ہوتی کہ گورنر جنرل کے نام کے تمام مراسلات مین اُنھون نے خاص زور اسبات پر دیا کہ تکمیل عہدنامہ کے متعلق لارڈ ڈلہوسی صاحب نے بڑی کارگزاری کی اور اس معاملہ مین جبتک گفتگو ہوتی رہی لارڈ ڈلہوسی صاحب نے نہایت دلسوزی اور لیاقت سے مجھکو مدد دی اگر اُنھون نے مدد نہ دی ہوئی تو بیشک مجھکو اس کام مین بڑی مشکل ہوتی۔"

اب چیف کمشنر کو اسبات کے لیے بخوبی فراغت حاصل ہوگئی کہ اپنے انتظام کے معمولی کام پر معاودت کرین اور (جو امر اُنکو اپنے کام کی بہت سی مشکلون اور پریشانیون مین بالتخصیص زیادہ بھلا معلوم ہوا ہوگا وہ یہ تھا کہ پنجابی اسکول کے بہت سے پرانے لوگ جنکو ابتدا مین اُنکے بھائی ہنری اس ملک مین لے آئے تھے اور جو اُنکے معتقد پیرو تھے جب رخصت فرلو سے پھر ہندوستان کو واپس آئے تو اُنھون نے ہنری کے جانشین کی ماتحتی مین کام کرنے سے اغماض نہین کیا مثلاً اڈورڈ ڈیک جو علاقہ آزدی سلج کو جان لارنس سے پہلے پہل سنہ ۱۸۴۸ء مین ہوئی تھی واپس آئے۔ یار ینل نیلسن مقدمہ الجیش معرکہ کوٹلی منجھون نے بہ حیثیت ڈپٹی کمشنر کانگڑہ غدر کے زمانہ مین عمدہ خدمتین انجام کی تھین اور اسکے بعد سرحد کے کام پر واپس آئے جسمین ایک طریقہ سے اُنھون نے اپنا کمال ظاہر کیا تھا کہ پھر اُسکے بعد سے ہمیشہ سوائے اپنے اور کسیکو اپنا مخیر نہونے دیا۔ یا ہیبری ایڈورڈ جنکو جان لارنس نے "بازبرو ونشا" کے لقب سے ملقب کیا ہے وہ دوسرے سال گائڈس کی مشہور رجمنٹ کی کمان پر جسکو ابتدا مین اُنھین نے خود ہی بھرتی کیا تھا واپس آئے۔ انھین لوگون مین ہنوال چیمبرلین صاحب بھی تھے یہ وہ بہادر اور عالی دماغ سپاہی ہین جو ۱۸۴۸ء مین جوائنٹن صاحب کی جگہ سرحدی فوج کے کمانڈر مقرر ہوے تھے جان لارنس اپنی اس خوشی اور مدحت سرائی کو جو اس آخرالذکر نیک فرجام تبادلہ سے پیدا ہوئی تھی اپنی کارباری چٹھیون کے خشک مضمون مین بھی ظاہر کرتے تھے — اس خوشی اور تحسین کو ایسے الفاظ مین ظاہر کیا کہ اُنکی طول طویل اور شاندار ملازمت ہند کا جو زمانہ ابھی ختم ہوا تھا اُس سے بدرجہا تم اُسکی تصدیق ہوگئی جان لارنس خود ہنوال چیمبرلین کو لکھتے ہین کہ

۴۶۳ ص

فوج بنگالہ بھر مین ایسا ایک شخص بھی نہین ہے جسکو مین سپاہ پنجاب کی افسری پر بمقابلہ آپ کے زیادہ خوشی کے ساتھ دیکھ سکتا اور ایسے لوگ تو شاذ ہی ہونگے جنکا لحاظ و پاس مجکو بہ نسبت آپ کے زیادہ ہو ایک اور دوست سے وہ بیان کرتے ہین کہ "شاید کوئی شخص یعنی ایک آدمی بھی ایسا نہوگا جسکی قدر و منزلت اُسکے ہمجنس سپاہی بہ نسبت اُسکے زیادہ کرتے ہون - اور لائق لوگ بھی جو کسی لارنس کے فرقہ سے بالتخصیص منسوب نہین کیے جا سکتے (مثلاً جارج کیمبل) مجنون نے بعد کو ہندوستان کے مختلف حصون مین ناموری حاصل کی اور جنکی نسبت اُنکے اس نئے افسر نے بھی یہ خیال پیدا کیا تھا کہ "وہ ایک عجیب مستعد اور لایق آدمی ہین"، چنانچہ اس بارے مین آگے چلکر ذکر کیا جائیگا) اب پنجاب کو واپس آئے - پشاور کی تواعد دان سپاہ جسپر جان لارنس کو براہ راست کوئی اختیار نہین تھا اُس شخص کے اختیار مین آئی جسکو وہ عرصہ سے اس عہدہ پر لانے مین محنت کر رہے تھے یعنی بریگیڈیر سنڈی کاٹن - جو سراپا سپاہی کا خمیر رکھتے تھے چنانچہ غدر کے زمانہ مین یہ امر پایہ ثبوت کو پہونچ گیا حالانکہ اُس زمانہ کے قبل اُنھون نے کبھی ایک گولی کی بھی آواز نہین سُنی تھی - جان لارنس گورنر جنرل کو لکھتے ہین کہ "کاٹن صاحب باتفاق عام اُن چند بہترین سپاہیون مین سے ہین جو ایک عرصہ دراز تک ہمارے یہان تعینات رہے - اور پشاور واقعی ایسا ہی مقام ہے جہان بہترین سپاہی کو بھیجنا چاہیے اسمین شک نہین کہ اس عہدہ کے لیے وہ اور یہ عہدہ اُنھین کے قابل ہے" - اس زمانہ کی چٹھیون مین ہمکو یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ اُنھون نے پہلے پہل ایک اعلی درجہ کے سپاہی کا ذکر کیا ہے جسکو کچھ دنون کے بعد ایک خطرناک کام پر مقرر کرنے والے تھے - وہ کون ہینری لارنس کے چھوٹے بھائی جنکی نسبت جان لارنس لکھتے ہین کہ "وہ ایک عمدہ نوجوان شخص ہے ہندوستانی فوج سے ایسے لوگ بہت کم تیار ہوتے ہین"۔ ص ۴۶۴

اس طور پر جان لارنس کو اپنے بھائی کی طرح بڑے بڑے لائق آدمیون کے ایک گروہ کے جمع کرنے مین کامیابی ہوئی - لیکن یہ امر بہت جلد پر منکشف ہوگیا کہ ایسے آدمیون کا بہم پہونچانا آسان ہے مگر اُنکا کام دیکھنا بہت مشکل ہے مسلم الثبوت اطوار اور مستقل ارادون کے لوگ اگر کسی طور پر "ایک ہی گاڑی مین برابر برابر جوتے جا سکتے ہین"، (یہ جان لارنس کی نہایت مرغوب تشبیہ ہے جو اکثر اُنکے استعمال مین رہتی تھی) تو اُنکے لیے ایک ایسا حاکم درکار ہے جو اُنسے اعلی اختیار اور اُس سے زیادہ مستقل ارادہ اور اُس سے بھی زیادہ لیاقت ہی نرکھتا ہو بلکہ ایسا حاکم ہو جسمین انتہا سے زیادہ تحمل اور بردباری اور دباغت اور امتیاز افعال کی صلاحیت پائی جاتی ہو - اب جان لارنس کی چٹھیون سے ظاہر ہے کہ برخلاف معمولی راے اور ظاہری مخالفت اور بُرے کھائی اور بے تکلفی کے بھی وہ آخری دو صفتین نہایت افضلیت کے ساتھ اُنمین پائی جاتی تھین - کاہل یا نالایق یا حیلہ باز یا خود فراموش ماتحت کو وہ اپنے پاس پھٹکنے نہین دیتے تھے بلکہ جہانتک جلد ممکن ہوتا تھا کسی نہ کسی

ترکیب سے اُسکو دوسرے صوبے مین منتقل کرا کے اپنے پاس سے نکال دیتے تھے لیکن اگر وہ کسی شخص کو دیکھتے تھے کہ اُسمین کچھ "مادہ" یا "سنگینیت" یا "جوہر" ہے تو اُسکی اعانت اور اصلاح کرنے اور جوے کے اندر (یعنی عہدہ پر) قائم رکھنے کے لئے ہر طرح سے کوشش کرتے تھے گو اور عیوب اُسمین کیسے ہی کیون نہ پائے جاتے ہون - سَر رچرڈ ٹمپل نے بسبیل تذکرہ مجھ سے بیان کیا کہ "جس جس شخص کا مجکو علم ہے اُن تمام لوگون مین مین نے کیسکو جان لارنس کا ایسا نہین پایا - وہ اِس اصول کے معترف تھے کہ سرشت ثانی انسانی پھر وہی سرشت ہے جو نیکی بدی اور عیب و ہنر کی ایک معجون مرکب ہے - اگر کوئی شخص اُنکو بیجا تکلیف دیتا تھا تو اُسکی نسبت وہ یہی کہتے تھے کہ "کچھ یہ و انمین اُسمین تیزی اگلی ہے اور وہ نچلا ہو گیا ہے" وہ خوب جانتے تھے کہ اگر کوئی مضبوط گھوڑا ہوگا اور لگام کھینچی رہیگی تو وہ آخر مین مریادہ اور اچھا کام دیگا اور اگر ناتوان گھوڑا ہوگا اور اپنے حال پر چھوڑ دیا جائیگا تو ممکن ہے کہ اپنا سر ڈال دے - اگر وہ کسی شخص کو چال چلن مین ناقص پاتے تھے تو اُس سے علحدہ ہو جاتے تھے - چال چلن کے آگے وہ اور اوصاف پر لحاظ نہین کرتے تھے - ہم بلا مبالغہ بیان کرتے ہین کہ عہدنامہ افغانستان کی تکمیل کے بعد اگر جان لارنس اور سب کامون کو چھوڑ کر صرف اسی بات مین مشغول رہتے کہ اُنکے ماتحت اُنکے ضبط مین رہین تو بھی پورے سال بھر اُنکو اس سے فرصت نہ ملتی لیکن اُنھون نے یہ کام بھی کیا اور اپنے معمولی کام کا نظم و نسق بھی کیا - اُنکے انتظامی کام مین ایک خط بھی فرق نہین آیا - جان لارنس کی سوانح عمری چاہے جس طرح کی لکھی جاے لیکن اگر اُسمین پوری پوری چیزون کو نقل کر کے عام طور پر یہ بیان ہو کہ اِس اسکے متعلق اُنپر کیا کیا مشکلین پڑین اور اُنھون نے کس طرح سے مقابلہ کر کے اُنکو مغلوب کیا تو وہ ضرور ناقص رہجائیگی - اگر یہ عذر کیا جائے کہ اُنکے کام اور برتاؤ کے اِس حصہ کا بیان بغیر اِسکے ممکن نہین ہے کہ ذرا ذرا سی باتین نہایت بھاری باتون کے طور پر بیان کیجائین اور اُنکے بعض بہترین اجاب کے عیوب ظاہر کیے جائین تو مین اُسکا یہ جواب دیتا ہون کہ گو یہ اختلافات کم حقیقت ہون مگر جس سرگرمی سے اُنھون نے اِن باتون کو طے کیا اُسکے اعتبار سے اِن باتون کو بے حقیقت سمجھنا مناسب نہین ہے - اور جو کوششین وہ بدعلمون کے مطمئن یا مخالفون کے متفق کرنے کے لیے عمل مین لائے وہ نامستحسن نہ تھین بلکہ اُنسے ثابت ہوتا ہے کہ نہایت موزون اور مناسب تھین اُنسے ظاہر ہوتا ہے کہ جان لارنس کی راے مین ایسے لوگ ایک "مادہ" یا "سنگینیت" یا "جوہر" رکھتے تھے جسکے مقابلہ مین اور عیوب بمنزلہ اُن داغون کے تھے جو آفتاب مین دکھائی دیتے ہین کبھی جان کوک کا مقدمہ پیش ہوا جو ایک گرد نکش مگر عالیشان سپاہی تھے - کوہاٹ کے سول اور فوجی اختیارات اُنھین کے سپرد تھے جب اُنکو اپنی مرضی کے موافق کام کرنے کا موقع نہ ملا (مثلاً اُنھون نے ایک مخالف قوم کے درمیان ایک قلعہ بنوانا یا اُن پہاڑیون پر جو ہماری سرحد کے اُس پار تھے قطعبندی مقرر کرنا چاہا تھا) تو اُنھون نے اپنا کام کشنر پشاور پر چھوڑ دیا اور چند مہینے کے بعد ایک مرتبہ جان لارنس کو یہ دھمکی دیتے تھے کہ مین اپنے عہدہ سے استعفا دیدونگا - کبھی رابرٹ نیپیر اور ہنری

ص ۴۶۵

۴۷ ایسے موقع پر چھوڑنے مین پیسا الفاظ استعمال کیے ہین جو ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔

راہ پہ لانا پڑا۔ جان لارنس نے تاکیدی احکام اور التجاؤن کے ذریعہ سے بھی چاہا کہ اُنکے اخراجات ایک حد تک محدود رہین اور اب خزانہ مین روپیہ کی کمی اور گورنمنٹ عالیہ کی ہدایتون کے بموجب وہ مجبور ہوے کہ کسی نہ کسی تدبیر سے اُن لوگون کو راہ پر لائین۔ کبھی ڈائلڈ میکگاوڈ کے پس ماندہ کام کا معاملہ پیش ہوا کبھی اُڈورڈس صاحب کی فوجی معدلت کا قضیہ پیدا ہوا۔ کبھی پہاڑون پر جانے کی تکرار پیش ہوئی جسکی نسبت جان لارنس کے نزدیک سوائے اُنکے پیارے دوست ڈائلڈ کے اور سب لوگ یکسان مائل تھے اور کسی طرح کہنا نہین مانتے تھے۔ مثلاً نکلسن اور چیمبرلین صاحب کے معاملہ پر مین اسوقت بحث کرتا ہون جسنے ایک حملہ کیا اور ایک دیسی سردار زمان خان جسکو نکلسن صاحب اپنا دہنا ہاتھ سمجھتے تھے) ہمارے سرحدی تھانون کے عقب مین مار آیا۔ جہان کے محافظ ایک سبب سے مدد کے پہونچانے مین قاصر رہے۔ نکلسن صاحب نے چیف کمشنر کو اس فوج کے بارے مین جسکے افسر چیمبرلین صاحب تھے نہایت سخت الفاظ سے شکایت لکھی اور ادھر چیمبرلین صاحب نے اُسی طرح کے الفاظ سے شکایت کی تردید کی۔ اب ایک قیامت کی لڑائی شروع ہوگئی جسکی مدافعت مین چیف کمشنر کو بہت سے ریم کاغذ اور بہت سا وقت عزیز صرف کرنا پڑا۔ گویہ مجادلہ دو ہی آدمیون کا تھا لیکن ایک تیسرا شخص دونون مین صلح کرانا چاہتا تھا اُسکو بھی کئی وجہون سے معلوم ہونے لگا تھا کہ اِن دونون آدمیون کے صلح کرانے مین مجکو بھی ایک فریق جنگ بننا پڑیگا۔ اسمین شک نہین کہ اپنی کوششون سے اِس جھگڑے مین دونون طرف عتاب کا اپنے تئین سپر کیا۔ کبھی تو وہ سہولت کے ساتھ مگر صاف صاف الفاظ مین ہر ایک کو چشم نمائی کرتے تھے۔ کبھی سرکاری تعلقات کا اشارہ کرکے سمجھاتے تھے کہ زیادہ مخالفت نامناسب ہے۔ کبھی وہ نکلسن صاحب کو چیمبرلین صاحب کے حیرت انگیز اوصاف کی نسبت لکھتے تھے کہ یہ اُنکے خفیف عیوب سے بہت بڑھے ہوئے ہین اور کبھی اُسی طرح سے نکلسن صاحب کے معاملہ مین چیمبرلین صاحب کو لکھتے تھے۔ اور پھر ایکبار اپنی انسکرج یا ایرشن ظرافت کو کام مین لاکر اپنے مکتوب الیہ کے دل مین تھوڑی دیر کے لیے ایسے سنگین معاملہ کی تلخی کو بھی شربت مذاق سے کم کر دیتے تھے۔ خوش قسمتی سے رابرٹ منٹگمری ڈائلڈ میکگاوڈ اور ہربرٹ اڈورڈس یہ چند قریبی دوست اُنکے ایسے تھے کہ اپنے دکھ درد کا حال اُنسے بیان کر سکتے تھے حالانکہ اس زمانہ مین ہربرٹ اڈورڈس صاحب اور کوٹک صاحب کے درمیان بھی نہایت چٹکی ہوئی تھی۔ اِن چٹھیون مین سے مین پہلے ایک چٹھی کا خلاصہ درج کرتا ہون جس سے کچھ کچھ معلوم ہو جائیگا کہ نکلسن اور چیمبرلین صاحب کے درمیان کسطرح کی تکرار تھی اور جان لارنس نے اُسکی مدافعت مین کیا کوشش کی۔

بیچارے بوڑھے کوٹک کو تو مین چاہتا تھا کہ اگر میرا اختیار چلتا تو بریگیڈیر کا عہدہ اور۔ کے۔ سی۔ بی کا خطاب دیدیتا

..... اور چیمبرلین کو مین بافسوس دیکھتا ہون کہ اُسکو جو کچھ پہونچا ہے مین نے دریافت کیا تو یہی بات پائی اور حتی الامکان کوشش کی کہ اُنکا پرموشن دور کردون۔ وہ چاہتے تھے کہ مین نکلسن کو نگل جاؤن مگر یہ مجھسے نہین ہو سکتا۔ نکلسن کو آپ جانتے ہین کہ وہ کیا تند مزاج اور بے کہے آدمی ہے

ص ۴۶۶

ل

ف

ع

زمان خان کے مرنے سے اُسکو نہایت ہی قلق گذرا اور سرحدی تھانون کے رسالہ کی نسبت صاف صاف بلکہ حد سے زیادہ صفائی کے ساتھ اُسنے اپنے غصہ کا اظہار کیا اسمین خاصکر رسالہ والون کا قصور نہین تھا گویا سا اُنکا یہ قصور تصور کیا جاتا ہے کہ لوٹیرے اُنکے سامنے اور اُنکے تھانون کی طرف سے ہوتے ہوئے نکلگئے اور دس میل تک چلے گئے - یہ امر اُنکے حق مین مضر ہے - مگر اصل یہ ہے کہ تھانون کے دستے دیرہ جات مین کبھی کام نہین آتے وہ لوٹیرونکا بہت کم مقابلہ کرتے ہین اور میری یاد مین تو اب تک اُنھون نے لوٹیرون کو نہین مارا - نکلسن نے جو کچھ بیان کیا اُسکا دسواں حصہ بھی مین نے چیمبرلین سے نہین بیان کیا گو بظاہر اکثر باتین صحیح معلوم ہوتی تھین - مین نے اُنکو لکھا ہے کہ اگر آپ کبھی کوئی شکایت لکھین تو اپنے قلم سے زیادہ احتیاط اور اعتدال سے کام لین - بیرونی تھانون پر جو دستے تعینات ہین وہ قرار واقعی طور پر سرحد کی حفاظت نہین کرتے ہین - نکلسن صاحب نے بس اسی امر کو بنا رجرم قرار دیا ہے - اگر بیرونی تھانون کے دستے سرحد کی قرار واقعی حفاظت کرتے ہین تو اسکے ثابت کرنے مین بیشک چیمبرلین صاحب کو کوئی دقت نہونا چاہیے اور اگر نہین کرتے تو اسبات کو کیون نہ بیان کرنا چاہیے - نکلسن صاحب بیان کرتے ہین کہ اس طرح کی چار وارداتین متواتر گذر چکی ہین کہ لوٹیرے صاف چکر - نکلسن -

اسکے بعد مین دو خلاصے اور نقل کرتا ہون ایک چیمبرلین صاحب کے نام کی اُس چٹھی کا جو نکلسن صاحب اور دوسرا نکلسن صاحب کے نام کی اُس چٹھی کا جو چیمبرلین صاحب کی تائید مین تھی - اور اُن دونون خلاصون سے معلوم ہوتا ہے کہ جان لارنس نے دونون آدمیون کے درمیان صلح کرانے مین کس قدر دانائی اور تحمل کو صرف کیا -

مری ۲۵ مئی ۱۸۵۸ء

میرے پیارے چیمبرلین صاحب نیکلسن نے آپ کی چٹھی مورخہ ۱۲ مئی کو میرے پاس بھیجدیا ہے جسمین آپکی رائین اور خیالات نکلسن صاحب کی اُن تحریرات کے بارے مین درج ہین جو اُنھون نے اول رسالہ پنجاب کے دستے کے بارے مین معاملہ قتل زمان خان کے متعلق لکھی ہین - آپ یقین مانئے کہ آپ کی چٹھی سے مجھے سخت صدمہ ہوا - تمام فوج بنگالہ مین ایسا کوئی شخص نہین ہے جسکو مین فوج پنجاب کی افسری پر آپ کے مقابلہ مین زیادہ خوشی سے دیکھ سکون - میری دلی خواہش یہ ہے کہ اُن تمام معاملات مین جو آپ کی کمان سے تعلق رکھتے ہون آپ کی رایون اور خیالات سے متفق ہون مین بالکل یہی سمجھتا تھا کہ میری چٹھی مورخہ ۲ مئی (نیم سرکاری) سے آپ کا اطمینان ہوگیا ہوگا -

اگر مین اپنی تئین پہچانتا ہون تو مجھے یقین ہے کہ ارباب فوج پر بیجا اور بیوجہ الزام لگانے والون مین سیسل بیرکے بعد آئیگا - میری ملازمت کا سارا زمانہ اُنھین لوگون کے درمیان صرف ہوا اور میرے بعض احباب اسی دردسری مین میری یہ خواہش نہین ہے کہ بیوجہ نکلسن کی تائید کرون اور مین صاف اقرار کرتا ہون کہ اُنکی آج کل کی تحریرات مین جیسا

ص ۴۶۷

چاہیے ویسا دوستانہ طرز نہین پایا جاتا - مگر وہ نہایت دیانت دار اور راستباز شخص ہین اور مجھے یقین ہے کہ وہ منافقانہ خیالات نہ رکھتے ہونگے - وہ صرف یہ بات دیکھنا چاہتے ہین کہ سرحد محفوظ رہے - اسمین بیشک کوئی خلل نہین پڑسکتا - سوائے اس صورت کے جب اس دستہ سپاہ کی کارروائیون مین جو تھانون مین تعینات ہے اس بات کے ظاہر ہونے سے کہ وہ کسی طرح قابل الزام ہے کچھ نکتہ چینی کیجائے اس خاص معاملہ کے متعلق حسین زمان خان مارا گیا ان لوگون کو کسی طرح کی اطلاع نہین دی گئی تھی اور اس واسطے نکلسن صاحب کا الزام بیخیال امر مذکور ہے - تاہم اس امر سے کہ وہ لوگ اس حملہ سے آگاہ نہین ہوئے اور مظلومون نے آنکی اعانت نہین طلب کی نکلسن صاحب کے اس قیاس کو کچھ کچھ تائید پہونچ سکتی ہے کہ اس سپاہ پر لوگون کا بھروسا نہ تھا - ص ۴۶۶

میرے نزدیک سوائے اسکے کہ انھون نے جو کچھ کیفیت لکھی تھی آپ کے پاس بھیجدیتا اور کسی امر کی حاجت نہین تھی - لیکن چونکہ ظاہرا آپ ابتک خیال کرتے ہین کہ اس معاملہ مین انصاف نہین ہوا اسواسطے مین پوچھتا ہون کہ آخر انصاف کیونکر ہوتا فرض کیجیے کہ ہم اس مقدمہ کی تحقیقات کسی عدالت کے سپرد کرین اگر اسوقت یہ ثابت ہو کہ نکلسن نے رسالہ پر تہمت لگائی یا بہرحال جسقدر رکنا جائز تھا اس سے زیادہ کہا تو لازم آئیگا کہ وہ معافی مانگین - لیکن مجکو یقین ہے کہ وہ ایسے سچے آدمی نہین ہین جو معافی مانگین گے -

آپ کے بارے مین مجھے معلوم ہے کہ وہ بڑی خوشی اور نہایت بھروسہ سے منتظر تھے کہ آپ پنجاب مین آئین اور کمان حاصل کرین - جب یہ بات مشہور بھی نہین ہوئی تھی کہ آپ کو اس برگیڈیرشپ کا عہدہ ملیگا - (یعنی کیپ سے آپ کے روانہ ہونے کے بعد) انھون نے مجھ سے پوچھا تھا کہ اس کمان کے خالی ہونے پر آپ کا کیا مشار ہے - مین نے جواب دیا کہ گو آپ نے کبھی میری صلاح نہین پوچھی مگر مین نے از خود آپ سے کہا تھا کہ مین آپ کے اس کمان پر مقرر ہونے کی آرزو رکھتا ہون - اور مجکو اس بات کے باور کرنے کی وجہ تھی کہ گورنر جنرل بھی یہی نیت رکھتے تھے - نکلسن نے دہلی اک پر جواب دیا کہ مجکو چیمبرلین کا ہرگز خیال نہین تھا اور اگر وہ امیدواری کرینگے تو مین اس عہدہ کا ہرگز ارادہ نہ کرونگا کیونکہ مجکو یقین ہے کہ میری نسبت وہ اس عہدہ کی زیادہ قابلیت رکھتے ہین - اب مین سمجھتا ہون کہ جس شخص کی تحریرات اور خیال آپکے بارے مین اس طرح کا ہو وہ آپ کی ماتحت فوج پر شکل سے الزام لگانے کا مقصد رکھتا ہوگا -

خاص اپنے متعلق مین ہر ایک بات کے لیے جو جائز اور صحیح ہو آمادہ ہون - آپ نے نیکلفرسن کو جس چٹھی مین لکھا تھا کہ جون کے مہینے مین میرا قصد مری کو جانیکا ہے اسکو مین نے دیکھا آپ ضرور آئین - وہان اس معاملہ مین ہمارے آپ کے باتین ہوانگی اور اسوقت اگر ثابت ہوا کہ مین نے آپ کے بارے مین ٹھیک کارروائی نہین کی ہے تو مین اسکو تسلیم کرونگا - اگر آپ مجکو اسکا یقین نہین دلا سکتے تو ہر برٹ ایڈورڈس ہم دونون کے درمیان فیصلہ کردینگے -

۲۶ رسی۔

میرے پیارے نکلسن۔ مین اس خط کے ساتھ ایک چٹھی اڈورڈ ڈسن صاحب کی اور دوسری چیمبرلین صاحب کی جو اڈورڈ سن صاحب کے نام ہے آپ کو روانہ کرتا ہون۔ اس آخری چٹھی مین اُس منحوس معاملہ کے متعلق جسمین بیچارے زانخان کی جان گئی آپ کی تحریرات کا ذکر ہے۔

چیمبرلین کو نہایت رنج ہے اور وہ صاف صاف بیان کر رہے ہین کہ اگر اس معاملہ مین معذرت نہ کی گئی تو مین استعفا دیدونگا۔ مین سمجھتا ہون کہ اس بارے مین اُنکی راے کسی قدر خلاف عقل ہے تاہم اُنکے مستعفی ہونے سے سرکار کا بڑا نقصان ہوگا اور بڑی بدنامی آئیگی۔ اسلیے مین امید کرتا ہون کہ آپ اسی طرح لکھ بھیجنگے اور اپنا افسوس ظاہر کرینگے۔ کہ راقم کو آخر مین یہی نتیجہ نکالنے کی ترغیب ہوئی کہ جو دستہ تھانہ پر تعینات تھا اُسکو اُس معاملہ کی خبر ہو گئی تھی مین نے دو تین مرتبہ سرکاری طور پر آپ کو لکھا کہ مجکو اُن چار حلون کے صحیح واقعات اور تاریخین جنکا آپ نے زمان خان کے قتل کی رپورٹ مین ذکر کیا ہے لکھ بھیجیے اور اب پھر مین لکھتا ہون کہ ان باتون کے لکھنے مین توقف نہ کیجیے اور اُس تحریر مین یہ بھی ظاہر کر دیجیے کہ اس غلطی کے واقع ہونے کا مجکو تاسف ہے۔

۲۷ صحیح بیان جانخان کے قتل کے متعلق مرسلہ ۲۲ جون

ص ۴۶۹

ایک مرتبہ جان لارنس نے خیال کیا کہ مجکو مخالفین کے مابین صلح کرا دینے مین کامیابی حاصل ہوئی اور اس سے وہ اپنے دل مین بھی خوش ہوے اور اُن دونون کو بھی مبارکباد دی لیکن پھر نئے جوش کے ساتھ اُس طوفان نے خروج کیا اور اس معاملہ کی کلفت اور دوسری باتون کے رنج اور اپنے زانو کے درد سے بھی (جسکی وجہ سے کئی مہینون سے اُنکے ٹہلنے اور سیر کرنے مین معذوری رہتی تھی اور بیشمار خط کتابت ٹانگ کو سیدھے بل رکھے ہوے کرنا پڑتی تھی) بعض اوقات اُنکو نہایت ہی بیدلی ہوتی ہوگی۔ اس حالت مین اُنھون نے اپنا مافی الضمیر اڈورڈ سن صاحب پر اس طور پر ظاہر کیا۔

۲۲۔ جون ۱۸۵۵ء

مین دیکھونگا کہ قلعہ پیٹ آباد کے بارے مین کیا کیا جاسکتا ہے لیکن چیمبرلین صاحب نے اپنا دفتر اور اپنا کام قریب قریب ایک ناممکن العمل حالت مین کر دیا ہے۔ میری سمجھ مین نہین آتا کہ چیمبرلین اور اُنکے دفتر اور کام کے بارے مین کیا کرون۔ گورنمنٹ نے دھمکی دی ہے کہ سوائے اُن کاموں کے جو نہایت ضروری ہون اور سب کام بند کر دیے جائین کیونکہ وہ اپنے انتظامات کو داخل نہین کرتے ہین ایک مصیبت مجھ پر اور یہ پڑی ہے کہ ہنوز چیمبرلین پھر سست ہو گئے ہین وہ تو نہ نکلسن صاحب کی چٹھی کو پسند کرتے ہین اور نہ میرا سمجھانا جایز رکھتے ہین۔ مین آپ سے صاف صاف بیان کرتا ہون کہ ہر ایک بات سے پریشانی ہی پریشانی ہوتی ہے اور اب میری خواہش بالکل یہی پیدا ہوتی ہے کہ اگر ممکن ہوتا تو مین قطع تعلق کرتا۔ گورنر جنرل کی نسبت کچھ میری سمجھ مین نہین آتا کہ کیا خیال کرون وہ بیچارے بہت ہی متحمل معلوم ہوتے ہین وہ مجکو لکھتے ہین کہ دو مین ایک ایسے کمرہ مین بھی

اس طرف سے اس طرف جانے مین معذور رہون جو شمل انٹا کھیلنے کی میز کے ہموار مسطح ہو"، جہان یہ سب مصیبتین تھین وہان میم صاحبہ بھی بیمار ہوگئین - کل اُنکی حالت نہایت ہی متغیر ہوگئی تھی مگر آج کچھ افاقہ ہے - چیمبرلین صاحب کی چٹھی اس خط کے ساتھ منسلک کیجاتی ہے -

کسیقدر اُسی تقسیم کے خیالات سے گو دوسرے اشخاص اور دوسری وقتون کے بارے مین تاریخ ۱۷ مئی مسٹر مِنی صاحب کو وہ تحریر کرتے ہین کہ

اصل نقص خود ہمارے افسرون مین ہے - مین صرف اُنھین آلات کے ذریعہ سے کام کرسکتا ہون جو مجکو گورنمنٹ دیگی - اُنکی تقسیم تو مین حتی الوسع اپنی ساری لیاقت صرف کرکے کرتا ہون لیکن مین لیاقت اور استقلال کو اُنھن حلول نہین کرسکتا جس طرح لوگ بیٹے اور آپ کے ملک مین یہ کہتے ہین کہ دودشلجم سے خون نہین نکلسکتا"، اُسی طرح آپ یہ کہتے ہین کہ ۱۵ سے مقام گوگیرہ مین کچھ نقصان نہین ہوسکیگا - لیکن مین کہتا ہون کہ دیرہ غازی خان مین اُس شخص کے رہنے کی نسبت گوگیرہ مین رہنے سے کم نقصان پہونچ سکتا ہے - کیا آپ مجکو بتلا سکینگے کہ اُسکو کہان رکھون اور ملتان مین کسکو بھیجون مین افسرون کی تقسیم کے بارے مین نہایت ہی حیران ہون - لوگون کے مقاصد اور مراعات کا خیال کرنا اور پھر سرکار کے مقاصد کا بھی لحاظ رکھنا اُسی طرح کی ایک پہیلی ہے جسکو لارنس نے ایڈیپلس سے پوچھا تھا - مین چاہتا ہون کہ جو افسر اسوقت موجود ہین اُنکو آپ ایک جگہ مثبکہ جسطرح مناسب تصور کرسکین تقسیم کردین میرے پاس ماتحت افسر بہت کم ہین اور روز نکلتے جاتے ہین -

لیکن جان لارنس اُسوقت مین بھی جب یہ ستیزہ نہایت تاریکی کی حالت مین تھا اُسکو اپنی روشنی ظرافت سے منور کرسکے - مثلاً ۲ جولائی کو وہ اڈورڈ ٹھس صاحب کے نام کی ایک چٹھی مین لکھتے ہین کہ

مین نکلسن صاحب کی چٹھی کو واپس کرتا ہون - میرے پاس چیمبرلین صاحب کی ایک سرکاری چٹھی آئی ہے جسمین اُنھون نے نکلسن صاحب کے چار دن حملون پر بیس بیس سوال کیے ہین ! - اب اگر کوئی بات نکلسن کو راہ راست پر لاسکتی ہے تو وہ یہی سوالات ہین - وہ ایک نہایت ہی بیڈھب قلعہ مین سے ایک توم کو صاف کردینگے یا سر حد پر گلے زمانہ کے مستقل مزاج"، لوگون کی طرح گھوڑا اوڑا لیجائینگے لیکن ایک سوال کے لکھنے مین کم سے کم اُنکو ایک یا دو مہینے صرف ہونگے دو قلم اور سیاہی کا کام"، جیسا کہ وہ خود لکھتے ہین دو اُنکے حسب حال نہین ہے"،

خود نکلسن صاحب کو بتاریخ یکم جولائی وہ لکھتے ہین کہ

مجکو ایک طول طویل سرکاری چٹھی نکلسن صاحب کی بھیجی ہوئی پہونچی ہے جسمین اُنھون نے آپ کی رپورٹ کیے ہوے چار حملون کی بابت بیس جواب پوچھے ہین - اگر کسی امر سے آپ کا منھ بند ہوگا تو وہ یہی جوابات ہین کیونکہ مجکو تو اکثر ایک جواب کا تلاش کرنا دشوار ہوجاتا ہے - بہرکیف اگر آپ اُن سب کا جواب بلا توقف دے سکتے ہین تو

تو اس چٹھی کا جواب لکھتے وقت یہ بھی ظاہر کر دینگے کہ چیمبرلین صاحب کے رنجیدہ ہو جانے کا مجکو بڑا افسوس ہوا اور اسمین یہ بھی بیان کر دینگے کہ فوج پر الزام لگانے کا میرا مقصود نہین ہے اور اگر آپ میری چٹھی کے جواب مین یہ عبارت لکھدینگے تو مین بہت خوش ہونگا - ایسے معاملات مین چیمبرلین صاحب کو بڑا خیال رہتا ہے - تاہم وہ ایک عمدہ شخص ہین اور سپاہ کو اُنکی ذات سے بہت فائدہ پہونچیگا - اور اگر ناخوش ہو کر چلے گیے تو عام اس سے کہ اسکا سبب اصلی یا خیالی ہو مجکو اُنکا چلا جانا نہایت شاق گذریگا -

اسکے پانچ مہینے کے بعد چیمبرلین صاحب بالکل آمادہ تھے کہ اُن باتون کو معاف کر دین اور بھلا دالین لیکن جنگجو انگلسن صاحب اُسی ضد پہ قائم تھے اور اب تک اُنکو یہی یقین تھا کہ "میرے ناراض ہونے کا معقول سبب ہے" لیکن جان لارنس صلح آمیزی کی اُن علامتون سے جو چیمبرلین صاحب کے طریقہ سے ظاہر ہوتی ہین کام نکالنے مین قاصر نہین رہے -

کمپ قریب گجرانولہ - ۲ دسمبر ۱۸۵۵ء

ص ۴۷۰ میرے پیارے انگلسن ..... آپ کے اور چیمبرلین کے درمیان جو کشیدگی پیدا ہو گئی ہے اُس سے مین نہایت بیزار ہون اور میری دلی خواہش یہی ہے کہ اُنکے اور آپ کے میل ہو جاے - ایسے دو سپاہیون کے درمیان تفریق نہ رہنا چاہیے - تھانون کے قاعدہ کے متعلق آپ کی تحریرات پر اُنھون نے جو گرفت کی تھی میرے نزدیک یہ اُنکی غلطی ہے اور مین نے سرکاری اور نجی کے طور پر بھی اُنکے مقابلہ مین آپ کے خیالات کی تائید کی - باایں ہمہ یہ کوئی وجہ نہین ہے کہ چونکہ ہماری دلیلون سے اُنکی دلجمعی نہین ہوئی اور ہمارے پیدا کیے ہوے نتیجون سے اُنھون نے اتفاق نہین کیا لہذا اُنکے اور آپ کے درمیان اب کبھی دوستی نہو - سرکاری خدمت کو نقصان پہونچنے کی کیا وجہ ہے - اور وہ خدمت قرار واقعی اُسوقت تک انجام نہین ہو سکتی جب تک اُنکے اور آپ کے درمیان ملاپ نہو جاے چیمبرلین صاحب ص ۴۷۱ اس مضمون کے متعلق میرے نام کی آخری چٹھی مین لکھتے ہین کہ "مین نے اِس مسئلہ کو کبھی ذاتی نہین خیال کیا اور بلکہ آپ کو آخری چٹھی لکھنے کے بعد سرکاری طور پر بھی اُسکا مباحثہ رفع کر دیا - اگر میری رائے صحیح ہے تو وہ میری جانب سرد مہری سے خیال کرتے ہین لیکن مین بخوشی اُس عزت اور توقیر سے اُنکا استقبال کرنے کو موجود ہون جو مین ہمیشہ اُنکی نسبت کرتا رہا ہون صرف اسقدر کرنا چاہیے کہ میری جانب اتنی دور تک آجائین کہ میرے ہاتھ اُن تک پہونچ سکین اور اگر وہ اتنی دور آجائین تو دونون ہاتھ بڑھا کر مین اُنسے بغلگیر ہو جاؤن - اس امر مین مجکو دو چند خوشی حاصل ہوگی کیونکہ اسمین گورنمنٹ کا فائدہ ہوگا جسکے وہ اور مین دونون شخص ملازم ہین" - مین سمجھتا ہون کہ چیمبرلین صاحب کے یہ خیالات قابل قدر ہین اور مجکو امید ہے کہ آپ بھی اُسی طرح کا برتاؤ کر کے پیشتر کی باتون کو اگر معاف نہین کر سکتے تو ضرور معاف کر دینگے چیمبرلین صاحب ایک بڑے معقول آدمی ہین اور یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہماری فوج مین اُنکے ایسے زیادہ لوگ نہین ہین - یعیوب سے کون

پاک ہے جسطرح ہم مین ہمارے عیب ہین اسی طرح اُنمین اُنکے عیوب ہین - لیکن اُنکے عمدہ اوصاف اُنکے عیوب سے کہین بڑھے ہوے ہین - جو کچھ مین نے لکھا ہے اُسپر مہربانی کرکے غور فرمایئے کیونکہ مجھسے بڑھ کر آپ کا دوست اور سچا خیر خواہ کوئی نہوگا

اب صرف اسقدر اور بیان کرنا باقی رہا کہ ثابت قدم صلح کار کو ایک مدت دراز کے بعد اپنی محنتون کا ثمرہ حاصل ہوا - کیونکہ اُسنے چیمبرلینؔ اور نکلسنؔ صاحب کو ایک دوسرے کا گاڑھا دوست بنا دیا اور اُنکو پنجاب مین روکے رکھا تا آنکہ آزمایش کا دن آپہونچا اور اُسوقت اُنکو یکے بعد دیگرے دہلی کی طرف روانہ کیا جہان اُنکو غازیون کے کام کرنا تھے - اور جسوقت نکلسنؔ صاحب موت کا زخم کھا کر زخمی ہوے اور اپنے بستر مرگ پر ڈھیر تھے تو اُنکی ہولناک صعوبتون کے آخری دس ایام مین نیول چیمبرلینؔ صاحب ہی بھائی سے زیادہ اُنکی تیمارداری اور خبر گیری مین مصروف رہے تھے - پس جن طول طویل تکرارون کی وجہ سے جان لارنسؔ پنجاب مین ایسے دو شخصون کو اس طرح کے کام پنجاب اور پنجاب کے باہر انجام کرنے کے لیے روک سکے اُنپر خیال کرنے سے ہر حالت مین اُنکو فخر اور اطمینان ہوا ہوگا اور اس اعتبار سے شاید اُنکے بارے مین میرا یہ طول طویل بیان نامناسب نہین ہوا -

اس بحث کے خاتمہ پر مین مناسب سمجھتا ہون کہ جان لارنسؔ کی دو ایک چٹھیان مسٹر کوکؔ کے نام کی جو چیمبرلینؔ اور اڈورڈسؔ صاحب سے دوہری لڑائی لڑ رہے تھے اور دو ایک چٹھیان چیمبرلینؔ صاحب کے نام کی یہان محول کرون - یہ آخری قسم کی چٹھیان انجینیرون کی مشکلات کے بارے مین ہین جو اسوقت نہایت نازک حد کو پہونچ گئی تھین - ان چٹھیون کا ماحصل انھین کی عبارتون سے بخوبی سمجھ مین آجائیگا -

مری ۱۲ جولائی -

میرے پیارے کوکؔ - آپ کی چٹھی مورخہ ۹ ماہ حال اور اُسکے ساتھ کے کاغذات کو پڑھ کر مجھے تاسف ہوا - کیونکہ مین دیکھتا ہون کہ ان مباحثات کا نتیجہ یہی ہوگا کہ آپ ہمارے ہاتھ سے جاتے رہینگے - مجھے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ہر ایک بات مین اپنی ہی کرینگے یا قطع تعلق کر دینگے - ایسی حالت مین مجکو یہ خیال کرکے کہ آپ میرے نزدیک ہمارے عمدہ ترین اشخاص سے ایک شخص اور فوج پنجاب بلکہ اصل تو یہ ہے کہ عام حکومت پنجاب کی عزت ناموری اور قوت کے ایک مخج ہین اسبات پر ایک صدمہ روحی ہوتا ہے کہ آپ یہ راہ اختیار کر رہے ہین - اگر بریگیڈیر آپ ہی ہوتے تو بیشک آپ کو اپنی ہی کرنے اور اپنے ہی خیالات اور حکمت عملی کے مطابق کاربند ہونے پر اصرار ہوتا - اور جب یہ بات ہے تو بیشک آپ کو اس امر کے تسلیم کرنے کو تیار رہنا چاہیے کہ چیمبرلینؔ صاحب اپنے خیالات کے مطابق عمل کرینگے -

اس فساد کی جڑ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ آپ کے مقابلہ مین ایک کم عمر سپاہی ہین - اگر آغاز عمر مین آپ کو اقتدار کے وہی موقعے حاصل ہوتے جو اُنکو حاصل ہوے تو بیشک آپ اُنھین کے برابر نمودار اور کامیاب ہوتے لیکن آپکے

حصہ ۴

نصیب مین یہ نہ تھا۔ مین نہین خیال کرتا کہ سپاہ پنجاب مین داخل ہونے کے بعد سے آپ کو فی الواقع شکایت کی بہت وجہین ملین۔ آپکو یکبارگی ایک عمدہ کمان ملگئی اور اُسکے تھوڑے ہی دنون بعد آپ کو ایک ضلع سپرد ہوگیا حالانکہ آپ نے کسی طرح کی تعلیم نہین پائی تھی اس سے آپ کی کچھ وجہ معیشت بھی بڑھ گئی اور اختیار و عزت مین تو بہت کچھ ترقی ہوگئی۔ اب اسوقت ۰۰ ۸ میل کی سرحد کے آپ اکیلے افسر ہین جسکو سول اور فوجی دونون اختیارات حاصل ہین۔

ہندوستان مین کوئی شخص عام اس سے کہ کوئی منصب کیون نہ رکھتا ہو ہمیشہ اپنی مخالی راہ نہین اختیار کرسکتا ہے۔ مین یقیناً اپنی مخالی راہ اختیار نہین کرسکتا۔ مجکو برابر ایک نہ ایک بات مین سر تسلیم خم کرنا پڑتا ہے۔ کسی بات کو چھوڑ دیتا ہون کسی مین اپنے خیالات کی تسہیم کرتا ہون۔ میرا زیادہ تر وقت اس کوشش مین صرف ہوتا ہے کہ لوگون کو متفق رکھون اور عدہ اشخاص کو جھگڑنے نہ دون۔ ممکن ہے کہ جیمز برلین صاحب مین عیوب ہون لیکن مجکو تو کوئی اور شاید ایک بھی ایسا شخص نہین معلوم ہے جو ایسے عام طور پر اپنے ہمجنس افسرون مین اسقدر باوقار سمجھا جاتا ہو۔ مین سمجھتا ہون کہ سپاہ پنجاب کے عہدہ پر گیڈیری پر اُنکے انتخاب کو عام طور پر ہر شخص نے نہایت موزون تصور کیا۔ ۰۰۰۰

اگر آپ میری نصیحت (اور وہ نصیحت ایک بچے دوست کی ایسی ہے) مانین تو اس معاملہ کو گورنمنٹ کی تجویز پر چھوڑدین اور چپکے بیٹھکر دیکھین کہ یہ جنگ کرایا گیا نتیجہ پیدا کرتی ہے۔ مین ابتک آپ کو اس حیثیت سے دیکھ سکتا ہون کہ آپ ایک بڑے گیڈیری ہین جو ایران اور جاڑہ جیا مین روسی بیایلین کو توپون سے اُڑا رہے ہین۔ اگر آپ نے شیخی مین آکر اپنا عہدہ چھوڑ دیا تو آپکی ناموری اور آیندہ امیدون کو ضرور نقصان پہونچیگا۔

لہ ایک کان کے ایک صد بیس ۱۲۰ سیر کے برابر ہے

تعمیرات سرکاری کے بارے مین صاف صاف یہ ہے کہ ہلوگون نے بڑی تیز قدمی کی اور خزانہ خالی کرڈالا۔ علاوہ بریں عامل افسر اپنا کام کرتے جاتے ہین ہمارے پاس کوئی حساب یا تخمینہ یا رپورٹ نہین بھیجتے۔ مختصر یہ ہے کہ اُنھون نے اپنی ناتھ توڑ ڈالی ہے اور گھتے بے مہار کی طرح جدھر چاہتے ہین چلے جاتے ہین۔ اب اُنکے انتظام سے رکھنے اور خالی خزانہ کی کمی پوری کرنے مین تعویق پیدا ہوگی۔ مین نے عزم بالجزم کیا ہے کہ ہوش آف کانفس کے طریقہ پر عمل کرونگا اور جبتک میری خواہشون اور رایون کی تعمیل نہوگی اُسوقت تک دانستہ معطل رکھونگا۔

ص ۴۳ **لیکن** صلح کرانے کی اُن کوششون مین ابتداً اویسی کامیابی نہین حاصل ہوئی جیسی نکلسن اور جیمز برلین والے معاملہ کے متعلق اُنکی کوششون مین کامیابی حاصل ہوئی تھی اور وہ پھر لکھتے ہین۔

مری - ۲۶ - جولائی ۱۸۵۵ء

میرے پیارے کوئن - میرے سامنے آپکی دو چٹھیان جو دو دو ہاتھ کی لمبی ہین جواب لکھنے کو رکھی ہوئی ہین اور وقت مطلق نہین ہے کیونکہ جہانتک میری آنکھین گوارا کرسکتی ہین یا جہانتک مجھمین طاقت ہے اُس سے زیادہ لکھنے پڑھنے کا کام میرے پاس رکھا ہوا ہے۔ خطا معاف آپ معاملات کو مبالغہ آمیز اور ناانصافانہ نگاہ سے دیکھتے ہین۔ آپ ہی بتایئے کہ

جب کوئی شخص یہ کہے کہ مین اپنی مرضی کے مطابق عمل کرونگا ورنہ استعفا دیدونگا تو کیونکر کام چل سکتا ہے۔ گر آپ اکثر اسی دہن مین اپنا راگ گاتے ہین آپ کا جہان دل چاہے جایئے۔ لیکن یاد رکھیے کہ آپ اپنی ہی راہ ہمیشہ اختیار نہ کرنے پایئے گا اگر آپ دلمن چلے جائینگے اور دہان شادی کرینگے اور بڑھاپے مین الاؤ کے پاس جا کر بیٹھینگے تو کیا آپ سمجھتے ہین کہ اسوقت ہمیشہ اپنی ہی راہ اختیار کر سکینگے۔ ارے بھائی ہر حالت اور ہر موقع پر آپ میری اس بات کا یقین رکھیے گا کہ۔

نہ ہر جائے مرکب توان تاختن
کہ جاناسپر باید انداختن

لیکن مجکو نقص یہ دریافت ہوتا ہے کہ آپ اپنی طبیعت پر قادر نہین ہین بلکہ ہمیشہ ہر مرتبہ کے اختلاف راے مین اپنا استعفا داخل کرنے یا دینے لگتے ہین کہ مین چلا جاؤنگا۔ یہ ایک اس طرح کا طریقہ ہے جس سے ہر آدمی کو یہی ترغیب ہوگی کہ آپ کو رد کے۔ یکبارگی سے گھلوا ٹھہرا کہ دو نہین،، یہ بریگیڈیر اور کمشنر اپنے عہدون پر اسلیے مقرر کیے جاتے ہین کہ افسران کمان اور مجسٹریٹون کو اپنے ضبط مین رکھین اور بغیر اس بات کے خیال کرنے کے کہ وہ دغا باز یا احمق ہین انکی راے سے اتلاف کرین۔ پس اگر ہر ہر بات مین اسی طرح کا اختلاف پیدا کیا جاے تو کوئی گورنمنٹ چل نہین سکتی۔ اگر آپ کے بعض ماتحت ہی آپ کے ساتھ کرین تو آپ انسے کیا کہینگے۔

اڈورڈس اور چیمبرلین کے بارے مین یہ ہے کہ گو ہمیشہ میری راے انکی راے سے متفق نہین ہوا کرتی ہے لیکن مین سمجھتا ہون کہ انکے ایسے دو مخصون کا انسے بہتر دستیاب ہونا مشکل ہے۔ دیکھیے آپ ہی کیسے بے کہے کے آدمی ہین۔ اگر اڈورڈس صاحب چست و چالاک ہوتے تو آپ انکو جانور خیال کرتے چونکہ وہ ایک ملنسار آدمی ہین اس سبب سے چاپلوس ہو گیے۔ اچھا تو اب آپ کی نسبت سوا اسکے لوگ اور کیا کہینگے کہ تا وقتیکہ آپ اپنی راہ پر چلنے نہ پائینگے دخودرا سے اور بے کہے کے،، آدمی بنے رہینگے۔

آپ خیال تو کیجیے کہ معاملہ "کوتل" کے متعلق آپ نے مجکو کس جھگڑے مین پھنسا دیا۔ مین یہ بات آپ کے ذخیرہ کرنے کے لیے نہین کہتا ہون لیکن انجام جو اس معاملہ کا ہوا اگر وہی انجام ہوا ہوتا تو مجکو بھی اپنا استعفا داخل کرنا پڑتا پس آپ چاہتے ہین کہ جنگ کیجاے اور آخر مین صلح ہو۔ یہ کام عمل مین آئے اس کام مین ترمیم ہو۔ لیکن یہ سب آپ ہی کی مرضی مطابق عمل مین آے۔ اسمین شک نہین کہ کبھی کبھی آپ کی راے صحیح ہوتی ہے۔ لیکن ہمیشہ ایسا نہین ہوتا کیونکہ گو آپ عموماً راستبازی اور انصاف سے خیال کرتے ہین مگر آپ کو تاہ بین حد سے زیادہ ہین آپ تصور کرتے ہین کہ تمام عالم کو آپ ہی کے اندر مکون ہے۔

چیمبرلین صاحب سے جو آپ نے کہا کہ مین اپنی راے کو قائم رکھونگا ورنہ استعفا دیدونگا تو اسکے معنی یہ ہوے کہ انمین اور آپ مین اس بات کے کہنے ہی کے وقت سے سروری کی تکرار پیدا ہو گئی میسا جو شخص بالادست حاکم ہوتا اس سے میں ایسی

بات بس آخری ہی نوبت پر کہتا ہین جبت دلیل کرتا سوال وجواب کرتا لیکن استعفا دینے کی دھمکی ایک آخری امر ہے جسمین پھر کسی بحث کی گنجایش نہین ہے - پھر مین خیال کرتا ہون اور ظاہر آپ بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہین کہ آپ اکثر اپنے خیالات اور خواہشون پر بہت زور دیکر آگی بابت اصرار کرتے ہین آپ کے قول کے بیان اور آپکی رایون کے ظاہر کرنیکے بعد اب اُنکے اعادہ کی ضرورت نہین معلوم ہوتی - آپ اس معاملہ کی نسبت اگر کوئی اور رائے نہین قائم کرسکتے تو پھر اپنی رائے آپ اپنے پاس کیون نہین رکھتے - آپ خودرائی اور ضد کے ساتھ دوسرون پر اپنی رائے کا زور کیون ڈالتے ہین - آپ کے اہل اوصاف کو اس عیب نے غارت کر رکھا ہے . . . - مین نے اپنے خیالات آزادی اور صفائی کے ساتھ آپ کو لکھے ہین اور یہ مین نے اسوجہ سے کیا ہے کہ آپ نے اُسکی درخواست کی تھی -

اس بات کا بیان کرنا لطف سے خالی نہین ہے کہ چیف کمشنر کی بیحد ثابت قدمی اور استقلال سے اس معاملہ مین بھی صلح ہوگئی اور کوٹک صاحب پنجاب مین ٹھہرے رہے تا آنکہ اپنی شاندار جنبٹ کی سرگرمی سے دہلی کو بھیجے گئے - یہان اُنکو اپنی اعلیٰ درجہ کی فوجی قابلیتون کے دکھانے کو بڑا بھاری میدان ملا اور رفتہ رفتہ اپنی بیشمار خدمتون کے صلہ مین کے - سی - بی کا خطاب حاصل کیا - یہ خطاب اُنکو ۱۸۵۸ء مین حاصل ہوا مگر جان لارنس نہایت ہی خوش ہوتے اگر یہ خطاب اُنکو ۱۸۵۵ء کے عین شورش کے زمانہ مین ملا ہوتا -

اسی زمانہ کے قریب جیسا کہ مین بیان کر آیا ہون انجینیرڈن کا قصہ پیش ہوا - جان لارنس ۲۵ جون کو لکھتے ہین کہ "صیغۂ تعمیرات سرکاری ابھی سے اسقدر تکلیف اور پریشانی محکود ے رہا ہے کہ اسکو چھوڑ کر پنجاب کے تمام باقیماندہ کامون کے انجام کرنے مین مجکو اسوقت تکلیف اور پریشانی نہین ہوتی ہے" چیف انجینیر باوصف صدہا اعلیٰ اور اشرف خوبیون کے کوئی کاروباری آدمی نہین ہین - اُن صدہا اشرف صفتون کی قدردانی اور اُن نمودار کامون کی وجہ سے جو نیپیر صاحب نے آزادانہ اختیار پانے کی حالت مین انجام کئے تھے جان لارنس ابتک درگذر کرتے آئے سوائے سوال وجواب یا اُنکی ناتجربہ کارانہ کارروایون پر افسوس کرنے کے اور کچھ نہین کیا - لیکن اب ڈارن صاحب کے پاس سے جو لارڈ ڈلہوسی کی محبر حاضری مین گورنمنٹ کے پریذیڈنٹ رہے تھے ایک چٹھی باظہار تاسف خلوے خزانہ جو آئی تو اس معاملہ مین کوئی چارہ نہین رہگیا کیونکہ غور کرنے سے معلوم ہوا کہ صیغۂ تعمیرات سرکاری مین فی الفور بے انتہا تخفیف کی اشد ضرورت ہے جان لارنس جیسا کہ متذکرۂ ذیل چٹھی سے ظاہر ہوگا پہلے ہی ایک نرمی کے ساتھ صورت معاملات کو نیپیر صاحب پر ظاہر کرچکے تھے -

راولپنڈی ۱۵ - اپریل ۱۸۵۵ء

ص ۴۷۵ میرے پیارے نیپیر - آپکے محکمہ کی نسبت اس روز جو ذکر ہوا تھا اُسپر مین بہت کچھ غور وفکر کرتا رہا - وہ ایک ایسا امر ہے جسپر مجھ سے

مین نہایت تردد کے ساتھ خیال کرتا آتا ہون جس طور پر معاملات رہتے آئے ہین اُسکو مین پسند نہین کرتا اور مین نے چاہا ہے کہ اب رفتہ رفتہ مگر قطعی طور پر اُس طریقہ کو بدل دون - اسکے لیے مین نے قصد کیا ہے کہ نئے کاموں مین جو ہر امر کے اعتبار سے ضروری نہون ایک سال کے لیے کمی کر دون اور جن صورتون مین کام ضروری معلوم ہوتا ہو لیکن اخراجات کے بارے مین شک ہو تو انکے بارے مین تخمینے اور کیفیتین طلب کرون - مین دیکھتا ہون کہ یہ طریقہ آپ کو حیران اور پریشان کرتا ہے اور اُسکے باعث سے آپ ہی کے قول کے مطابق دو آپ کو اپنا خون جگر کھانا پڑتا ہے، پیشتر آپ کو اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے کا بہت موقع مل چکا ہے جیسا کہ آپ نے خود بیان کیا ہے اور آپکو اجازت رہی کہ جو چاہین سو کرین - اب ہر ایک معاملہ مین آپ سے بازپرس ہوتی ہے -

مجکو اس موقع پر بیان کرنا چاہیے کہ مین ہمیشہ اس قاعدے کے خلاف رہا اور بورڈ کے زمانہ مین اُسکے تدارک کی فکر اور اس امر کی کوشش کرتا رہا کہ حسابات ٹھیک وقت پر پیش ہوتے رہین - مین نے دیکھا کہ میری کوششین بے سود ہین کیونکہ انکا نتیجہ صرف یہ ہوا کہ میرے اور سر نہری کے مابین تکرار ہو گئی - اور اس لحاظ سے مین نے اُس بات کو ترک کر دیا -

مین نہین سمجھتا کہ آپ مجھسے بڑھکر اپنا کوئی سچا دوست رکھتے ہون شاید میرے بھائی بھی مجھسے زیادہ آپ کے دوست نہونگے ایسا کوئی شخص نہین ہے جو مجھسے زیادہ آپ کا دلی خیر خواہ ہو یا جسکو آپ پر کسی مصیبت کے نازل ہونے کی حالت مین زیادہ رنج ہو - لیکن سرکاری معاملات کے متعلق اصول اور تجربہ دونون سے جانتا ہون مین دیکھتا ہون دستور اور قاعدہ ضروری ہے - مین دیکھتا ہون کہ ان باتون سے لاپروائی کرنے پر بھی بنجاب مین بہت کچھ کیا گیا ہے لیکن مجکو یہ بھی یقین ہے کہ اگر اُس دستور اور قاعدہ کی پابندی کیجاتی تو اسی قدر کام کمتر خرچ مین انجام پاتا - بہرحال گورنمنٹ نے آپ کے محکمہ کی ہدایت کے لیے ایک باضابطہ مجموعہ قوانین منضبط کیا ہے اور ہم پابند اس امر کے ہین کہ یا تو اُسکے احکام کی تعمیل کرین یا اگر اُسمین کوئی نقص معلوم ہو تو اُسکو ظاہر کر کے اُسکی ترمیم کرائین - ہمکو گون کو یہ نہین لازم ہے کہ اُسکو منسوخ کر دین - اگر مین کبھی آپ سے کوئی ایسا نقشہ یا کیفیت طلب کرون جو ضروری نہو یا جس سے محکمہ کو کوئی سروکار نہو تو آپ صرف اس امر کو ظاہر کر دیجیے تاکہ اُسکا علاج کیا جائے -

جان لارنس نے لارڈ ڈنڈاس کے نام جو چٹھیان بھیجی تھین اُنسے بھی کوئی علامت اس بات کی نہین پائی جاتی کہ وہ نیپیئر کی طرف سے کچھ رنج رکھتے ہون - جان لارنس ہمیشہ عالی ہمت رہے -

کودمری - ۲۲ اگست سنہ ۱۸۵۵ء -

میرے پیارے لارڈ حضور کی چٹھی مورخہ ۱۴ جولائی کے جواب لکھنے مین میری طرف سے تاخیر ہوئی - اسکی وجہ یہ ہے کہ مین نے اس امید مین کچھ انتظار کیا کہ ایکزیکیوٹو پارلیمنٹ کے متعلق اپنے الہیان کے مطابق مفصل حالات لکھنے کے قابل

ملا - یہ لفظ جنسے ذکر نیپیئر کا ہے مین صحیح نہین ہے - مرتب

ہوسکون - پسماندہ کام کے طے کرنے اور معاملات کی درستی کرنے کے متعلق ادھر دو مہینہ کے عرصہ مین بہت کچھ کارروائی ہوئی -
مجھسے نیپیر صاحب سے کئی مرتبہ دیر دیر تک باتین ہین اور اُنھون نے وعدہ کیا ہے کہ جو کچھ آپ کی خواہش ہوگی اُسی کے مطابق
ص ۴۷۶ مین عمل کرونگا - جو صورت اب معاملات کی ہوگئی ہے اُس سے بیشک نیپیر صاحب ناراض ہین اور اُنکو اس بات سے تیقن کرانا
کہ اس امر کی اصلاح ضروری ہے کوئی آسان بات نہین ہے - وہ بہت سی اسبات پر آمادہ ہین کہ جو کام جاری ہین وہ بدستور قائم
رکھے جائین اور نئے نئے کام نکالے جائین - لیکن وہ تفصیلات اور ہر قسم کے حسابات کو ناپسند کرتے ہین اور اُنکے دل مین یہ
خیال نہین آتا کہ اُنکے ماتحتون مین سے کوئی شخص مورد الزام ہوگا - اصل تو یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اُنکے کسی ماتحت پر کوئی الزام
لگاتے تو وہ اُس ماتحت کی طرف سے جوابدہی کرنے پر آمادہ ہوجائینگے - اُن مین جیسا چاہیے کفایت شعاری کا بھی خیال
نہین ہے جیسا کہ کل شب کو اُنھون نے خود سادگی سے بیان کر دیا تھا اُنکو یہ خیال نہین ہے کہ وہ حد سے زیادہ جلدی
کر سکینگے - لیکن وہ تصور کرتے ہین کہ گورنمنٹ کو یقین ہوجائیگا کہ کافی روپیہ کے خرچ نہ ہونے کے سبب سے کام
بھی کافی طور کا نہین ہوا -

حضور مطمئن رہین کہ جہانتک معاملات کی درستی میرے امکان مین ہے وہانتک مین اُنکو ایک مناسب بنیاد پر قائم کرونگا اور اگر
ممکن ہوا تو اس بات کا مین اس طور سے بندوبست کرونگا کہ نیپیر سے جنکا ہمکو خود بڑا خیال ہے کچھ بگڑنے نہ پاے - وہ ہر قسم کے
تخمینون سے نفرت کلی رکھتے ہین اور خیال کرتے ہین کہ تخمینے دراصل انجینیرون کے پھنسانے کے جال ہین سواے اسکے اور
کچھ بھی نہین ہین ،،

مندرجہ ذیل چٹھی سے گو نیپیر صاحب کی رنجش کا حال بہت کچھ ظاہر ہوتا ہے تاہم یہ پایا جاتا ہے کہ دونون
آدمی قابل تعریف تھے -

کوہ مری - ۲۰ - اگست ۱۸۵۵ء

میرے پیارے نیپیر - کل کا رقعہ پہونچنے کے پیشتر ہی میرا ارادہ تھا کہ ہفتہ کو میرے آپ کے جو باتین ہوئی
تھین اُنکے بارے مین کچھ آپ کو تحریر کرون لیکن مجکو ہمیشہ کاغذات دکھینا تھے -

پہلے مجکو یہ بیان کرنا چاہیے کہ مین بالکل اُس خیال کا شریک ہون جو آپ رکھتے ہین اور مجھے یقین کامل ہے کہ آپ
میری رایون کے خلاف کارروائی کرنا نہین چاہتے - ہمنے آپ نے مختلف مکتبون مین تعلیم پائی ہے ہمارے آپ کے خیالات
بھی مختلف ہین اور ابتک ہمارے آپ کے درمیان کبھی یکجائی بھی نہین رہی اِن سب باتون کی وجہ سے فرائض منصبی اور
ذمہ داریون کے متعلق ہماری اور آپ کی رائین بھی مختلف ہین - میری ہمیشہ یہ خواہش رہی کہ پنجاب مین آپکے محکمہ کو
مین اپنے ضبط مین رکھون جسکی وجہ کچھ تو یہ ہے کہ ضرورت اس بات کی مقتضی ہے مگر زیادہ تر اس وجہ سے کہ مجھپر فرض ہی ہے
لیکن یہ حقیقت مین مجکو نہین معلوم ہوا کہ اس بات کا کس طور پر بندوبست کرون جسمین آپ کو کوئی بھاری صدمہ نہ پہونچے

پہلے تو مین نے اس اُمید اور اس بھروسہ پر معاملات کو اُنھین کے حال پر چھوڑ دیا کہ خود بخود اُنکی اصلاح ہوتی رہیگی اور جس قطعی طور پر مجھکو کارروائی کرنا چاہیے شاید اُس طور پر مین نے کارروائی نہین کی۔

ایک مدت دراز تک معاملات بالکل آپ کی نگرانی پر چھوڑ دیے گیے مجھکو یہ معلوم ہوا کہ حسابات پس ماندہ پڑے ہوے ہین لیکن یہ نہین معلوم ہوا کہ اسقدر کام بلا اختیار رجائز عمل مین آرہے ہین جیسا کہ بعد کو منکشف ہوا۔ اگر میرے پاس آپکی نہ تین کارگزاریون کی رپورٹین اور اسی طرح کے دوسرے نقشہ جات معمولی وقیت پر برابر پہونچتے رہتے تو مجھکو مداخلت کرنے کی ضرورت جلد تر معلوم ہو جایا کرتی۔

آپ کے کاغذات جب اول اول پہونچے تھے تو اُسوقت بھی مین نے اُنکے مطابق عمل کرنا پسند نہین کیا۔ کیونکہ اُنسے مجھکو یہ نہین معلوم ہوا کہ کس قسم کے کامون کے لیے روپیہ درکار ہے اور کن کی بابت منظوری ہوئی اور کن کی بابت نہین ہوئی ہے ص ۴۷۷
... آپ کے محکمہ کا مجھکو جو اختیار حاصل ہے اگر مین اُسکی تعمیل نکرون تو یہ میرے لیے ایک اور بھی لغو بات ہے۔ مین اس اختیار کو بالکل خود مختارانہ اور بیباکانہ طور پر کر سکتا ہون لیکن میری راے یہ نہین ہے۔ مین نے آپ سے دوستانہ خیالات قائم رکھ کے صرف بنظر مصلحت وقت اس بات کی کوشش کی ہے کہ آپ سے آپ کے محکمہ کے معاملات کو درست کراؤن اگر دو انقلابات گلاب کے چھڑکنے سے وقوع مین نہین آتے تو کوئی اصلاح بھی بغیر اسکے عمل مین نہین آتی کہ پر زور الفاظ سے اظہار مطلب کیا جاے اور ماتحت حکام پر قطعی مگر دوستانہ طور پر ظاہر کیا جاے کہ ایک شخص کی خواہشون کے مطابق تعمیل ہو

آپ کہتے ہین کہ تمھارے حکم سے جو سرکاری چٹھیان روانہ ہوتی ہین اُنکے بالکل خلاف تم بیان کر جاتے ہو۔ شاید یہ بیان بہت کچھ صحیح ہو لیکن حقیقت یہ ہے کہ چونکہ مین فطرتاً تند ہو ہون اسلیے جہانتک ہو سکتا ہے مین حتی الامکان اپنے کلام مین بہت احتیاط رکھتا ہون۔ پھر چونکہ مین یہ بھی چاہتا ہون کہ آپ کے دل کو رنج نہ پہونچے اور آپ نے جس شائستگی اور متانت کیساتھ شیوہ میرے بارے مین اختیار کر کے اُسکا بیحد اثر مجھ پر پیدا کیا ہے اُسکے اعتبار سے مجھکو یہ خیال کرنے کی ترغیب ہوئی ہے کہ آپ کے محکمہ کے متعلق دراصل جسقدر عیوب کا (میرے نزدیک) مجھکو خیال پیدا ہوا اُنسے بہت کم مین نے مخفی ظاہر کی۔۔۔۔ اگر اس چٹھی مین کوئی ایسی بات مین نے بیان کی ہو جس سے آپ کو رنج پہونچے تو مجھے معاف کیجیگا۔ مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ یہ دوستانہ طور پر مین نے بیان کیا ہے۔

ذیل مین اُس مراسلہ کا اقتباس درج کیا جاتا ہے جسکو لارڈ کیننگ نے غدر کے فرو ہو جانے کے کچھ دن بعد سر چارلس وُڈ کے نام تحریر کیا تھا۔ اس تحریر سے مندرجہ بالا خط کتابت کی نہایت دلچسپ تشریح پیدا ہوتی ہے حالانکہ اُسکے مضامین کچھ بقصد قائم اُس تشریح کے متعلق نہین بیان ہوے ہین کیونکہ یہ تحریر وقوع واقعہ کے بعد کی ہے۔

خیمہ گاہ ہوشیارپور واقع سڑک لاہور و پشاور۔

۳۰- مارچ ۱۸۵۶ء

۴ حال مین پشاور کو جاتے اور وہان سے آتے ہوئے اُس سڑک کے مسئلہ پر جو سرحدی چاوٹی مذکورہ بالا کو لاہور سے
بینی پاکپتن ریوے لائن ہے گئی ہے فی الحقیقت میرا خیال بہت رجوع رہا- یہ سڑک جیسا کہ آپ آگاہ ہین الحاق پنجاب کے بعد ہی بننا شروع ہوئی تھی-
ابتدا مین جو اندازی تخمینے کیے گئے تھے اُنکے بالکل ناکافی ہونے سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کام کمیابی گی شروع کر دیا گیا اور اس بات کا
پورا پورا اندازہ نہین کیا گیا تھا کہ اُسمین کیا کیا دشواریان لاحق ہونگی کئی برس تک بے قید اخراجات کے ساتھ یہ کام جاری رہا
لیکن ساتھ ہی اسکے ایسی مستعدی اور قابلیت کے ساتھ اُسکی کارروائی ہوتی رہی جو سَر رابرٹ کی تدبیرات مین بالتخصیص پائی
جاتی تھی۔ . . . اس سڑک پر سفر کرنے کے قبل میرا خیال تھا کہ اُسکی تعمیر مین کسی قدر لاپروائی کی گئی ہے لیکن بذات خاص
اُسکے ملاحظہ کے بعد میرے اُس خیال مین ایک بڑے درجہ تک ترمیم ہوگئی ہے-

۱۸۵۱ء اور ۱۸۵۲ء کے مابین جس چستی کے ساتھ یہ کام ایک ایسے ملک مین شروع ہوکر جاری رہا جہان ہوشیار
مزدورون کا بالکل قحط اور گاڑیون وغیرہ کا نام نہین تھا اُسکے لحاظ سے خرچ کثیر درکار تھا- پھر جس پیمانہ اور جس استحکام کے ساتھ
۴۵ سڑک کے کنارے بنائے گیے اور نشیب و فراز کی رعایت اعلیٰ درجہ کے جس حساب سے (فیصدی ۳) رکھی گئی اُس سے ظاہر
ہوتا ہے کہ جہانتک ہم اس کام کی تکمیل کے متعلق اخراجات کا منظور کرنا قرین مصلحت سمجھتے اُس سے کہین زیادہ خرچ مین کام
تکمیل پائیگا- اب ہمکو اُسکے اخراجات کا بہت اچھی طرح سے اندازہ معلوم ہوسکتا ہے کیونکہ یہ معلوم ہوگیا کہ کام کسقدر کرنا پڑیگا
کتنے دنون مین اُسکی تکمیل ہوگی اور سرمایہ کے نمونے سے کام مین اگر خلل پڑیگا تو اُسکا ہرجہ کس قدر برداشت کرنا پڑیگا-
لیکن اِس امر سے چشم پوشی نہ کرنے کی حالت مین بھی مجکو اس امر سے اعتراف کرنا چاہیے کہ ایسے وقت مین بھی گورنمنٹ کا
میلان طبع چندان خرچ کے تخمینے پر نہین ہے بلکہ زیادہ تر اُسمین ہمت دلانے کا ہے- اور جہان مین اس بات کا متمنی ہون کہ
اب پھر کبھی بغیر مناسب تخمینا کیے ہوے اس قسم کے کام یکدم سے جاری نہونے پائین وہان بعض بعض اشخاص کے اس عقیدے
سے بھی مین چشم پوشی نہین کرتا کہ سَر رابرٹ نیپیئر کی صلاح اور عام ہدایت سے جو اس عالیشان کام مین محنت پیشہ اشخاص کو
۴۶ ایک بڑے درجہ تک ترقی کرنے کا موقع ملا اور اس کام اور پنجاب کے ایسے ہی دوسرے بھاری کامون مین جو روپیہ صرف
ہوا اُس سے اقل درجہ ہندوستان کی سب سے زیادہ جوانمرد قوم پر برٹش حکومت کے زور اور فائدہ رسانی کے خیالات بخوبی
مرتسم ہوگئے اور خدا کی مہربانی سے اس امر مین معین ہوے کہ پنجاب مین امن و امان اور خیر خواہی قائم رہے اور اُسکے ذریعے سے
ہندوستان کی سلطنت ہاتھ سے نکلجانے کے بعد پھر حاصل ہوجاے-

مین نے نہایت (شاید میری اِس کتاب کے پڑھنے والون مین سے بعض لوگ خیال کرینگے کہ ضرورت سے
زیادہ) طوالت کے ساتھ اس بات کا بیان کیا کہ جان لارنس نے "اپنی گاڑی کے گھوڑون کے بچا رکھنے"
مین کیا کیا کوششین کین اور اُنمین کہانتک کامیابی (جن آدمیون کے ساتھ جان لارنس کو سابقہ تھا اُنکا

خیال کرکے یہ کامیابی بڑی بھاری بات معلوم ہوتی ہے) حاصل ہوئی اِن باتون کے بیان کرنے کی وجہین مین پیشتر تحریر کرچکا ہون۔ جان لارنس اور اُنکا کام صرف انھین کوششون کے لیے مشہور ہے۔ اس بات کے بیان کرنے کی حاجت نہین ہے کہ اسکے چند سال کے بعد غدر شروع ہونے کے زمانہ مین (اگر اسی طرح کی کوشش کی گئی ہوتین تو) معلوم نہین کیا کیفیت گذرتی۔ اگر یہ کوششین ہوئی ہوتین تو بالعوض اسکے پنجاب مین ایسے افسر ہوتے جو اپنے کام اپنی رعایا اور اپنے افسران اعلیٰ سے قرار واقعی واقف ہوتے وہان ایسے لوگ افسر ہوتے جو کسی کے حال سے مطلق واقف نہوتے (اور یہ کوئی اُنکا قصور نہوتا) اور اُسوقت نوکسوب صوبہ ہماری مستحکم مدد ہونے کے بدلے ہماری پریشانی کا اصل باعث ہوتا۔ پنجاب مین نکلسن اور چیمبرلین اور کوک اور کمپبیل (اور اسی طرح کے ایک مجمع کثیر) ایسے لوگون کے رہنے کی گنجایش اور موقع جو ملا تو اُسکی وجہ صرف انھین چھپیسون سے جنکو مین نے اس طوالت کے ساتھ محول کیا ہے ظاہر ہوگی۔ یہ چھپیان سب چیف کمشنر ہی کے نام کی ہین سوائے اُنکے اور کسی کے نام کی نہین ہین۔

جس طریقہ سے جان لارنس نے اپنے ماتحتون کے ساتھ برتاو کیا اُسکی نسبت اُنکا یہ طریقہ بھی کچھ کمتر قابل لحاظ نہین ہے کہ اُنھون نے کسی مقام پر اپنے اصول سے ذرا بھی انحراف نہین کیا اور نہ کبھی اپنے خیالات پر پردہ ڈالنے والے الفاظ استعمال کیے اور اس التزام کے ساتھ بھی وہ برابر اُس عالی دماغ شخص کے اتفاق مین کام کرتے رہے جو گورنر جنرل کا سب سے اعلیٰ افسر تھا۔ ص ۴۷۹

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ کیونکر اس کام کے قابل ہوسکے۔ اس سوال کا جواب کچھ آسان نہین ہے اور کوئی جواب اُسوقت تک شافی بھی نہین ہوسکتا ہے جب تک اُسقدر غور و تعمق کے ساتھ جو مین پیشتر سے کرتا آیا ہون ایک ایسے گورنر جنرل کے حالات پر لحاظ کیا جاے جو ہندوستان کے نہایت ہی با اقتدار گورنر جنرلون سے ایک گورنر جنرل ہوگیا ہے۔

باوصف اُن بڑی بڑی خوبیون کے جنکی نسبت امید ہے کہ وہ سوانح عمری کے ذریعہ سے بطور کافی نمایان ہوئی ہونگی (بلکہ اُنھین کے باعث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ) لارڈ ڈلہوسی مین بعض بعض عیوب بھی تھے جو اُنھین خوبیون کے برابر ظاہر ہوسکتے ہین۔ وہ متکبر اور حریص اور جابر تھے۔ وہ کسی شخص کو جو اُنکی نافرمانی یا مایوسی کا باعث ہوتا یا جو اُنکے اختیارمین دست اندازی کرنے کا میلان ظاہر کرتا پامال کردیتے تھے ایسی حالتون مین اُنسے تحمل ممکن نہ تھا۔ جان لارنس جب کبھی غیر مناسب وقت پر اپنی آزادی کے اظہار سے چوکائے جاتے تھے تو وہ بڑی رنگین بیانی کے ساتھ کہا کرتے تھے کہ "لارڈ ڈلہوسی نے اپنا پاؤن ٹیک دیا"، ایک اور بات وہ یہ بھی کہا کرتے تھے کہ "لارڈ ڈلہوسی میری درخواست کے جواب مین خمدانہ صیغہ نفی کو

استعمال کیا - جان پیٹر گرینٹ نے جو لارڈ مو موصوف کے لایق ترین ماتحتون سے تھے کہا تھا کہ وہ لارڈ صاحب ایک مرجع ہوائی ہین " کوئی خاص شخص یا مجمع اشخاص کا ٹٹون پر لات چلانے کی حالت مین جسقدر زیادہ مرتبہ بایسیکل کرتا ہے اُسی قدر زور سے اُسکے پاؤن مین وہ کانٹے چبھتے ہین - اُنکی نسبت بیان کیا گیا ہے کہ بوڑ ڈون کمشنرون اور چیف کمشنرون سے تو اُنکو کسی طرح کی ہمدردی نہ تھی مگر حقیر ڈپٹی کلکٹرون کو وہ بچا دیتے تھے اور آسانی سے اُنکو چھوڑ دیتے تھے - جس طرح پر وہ اوائل گورنر خبر لی پر لارڈ گف ہنری لارنس اور ہنری لارنس کے محکم ملبع ماتحتون کے ساتھ پیش آئے اُسکی کیفیت مین سابق کے ابواب مین بیان کر چکا ہون - ان حالتون مین اُنھون نے چشم نمائی کی جو چٹھیان تحریر کین وہ نولاد سے زیادہ صاف اور صیقل کی ہوئی تھین پس اگر اُنھین کوئی بات لایق تعریف تھی تو پسند کرنے کے قابل (میرے نزدیک) ہرگز نہین تھی - علی الخصوص ایک صفت سے تو وہ بہت کم متصف تھے اور یہ صفت ایسی ہے کہ کوئی شخص چاہے جیسا لایق ہو انسان کی فرمانروائی کا بار قرار واقعی نہ اُٹھا سکیگا - وہ یہ ہے کہ اُنھین خیالات سے ہمدردی کرنے کی صلاحیت نہین تھی مین یہان اُس اخلاقی کیفیت محسوسات کا ذکر نہین کرتا جو کم و بیش عام بنی آدم مین پائی جاتی ہے جسکی وجہ سے دنیا کے آدمی خوشی کرنے والون کے ساتھ خوشی کرنے اور رونے والون کے ساتھ رونے لگتے ہین اور وہ کیفیت ایسی ہے کہ اگر کوئی آدمی پتلے ڈھانچہ کا ہوا تو وہ اپنے کسی بلند خیال ماتحت پر کوئی تکلیف مجبوری پہونچانے کے وقت اُسی کیفیت کی وجہ سے اقل درجہ یہ سمجھنے لگتا ہے کہ گویا وہی تکلیف دوسرے اشخاص خود اُسی کو پہونچا رہے ہین - کیونکہ لارڈ ڈلہوسی مین اس کیفیت کی کمی ہرگز نہین تھی - چونکہ وہ سپاہی تھے (کیونکہ اُنکے باپ ہندوستان کے کمانڈر انچیف رہ چکے تھے) اسواسطے جب اُنھون نے سنا کہ نیپال ڈریگون رجمنٹ مقام چلیان والا مین بھاگ گئی تو اُنکی آنکھون مین آنسو ڈبڈبا آئے - جس وقت سر فرڈرک میکلوڈ کی اُن حالات کو جو ملتان مین اگنیو اور اینڈرسن صاحب کے مارے جانے کے متعلق اُنکے پاس پہونچے تھے بیان کرنے لگے تو لارڈ ڈلہوسی اُنکو سنکر روتے جاتے تھے اور پھر جب اُسی معتمد ماتحت کو اُسکی پیاری بی بی (جسکو وہ نہایت ہی عزیز رکھتا تھا اور جو ساحل انگلستان کے سامنے پہونچتے ہی سمندر کی بیماری سے ہلاک ہوگئی تھی) کے مرنے کے بعد پہلے پہل اُنھون نے دکھایا تو پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے - جب لیڈی ڈلہوسی کے مرنے کی خبر اول اول اُنکو پہونچی تو اُس رنج مین وہ کئی ہفتہ تک گورنمنٹ ہوس کے باہر نہین نکلے اور سوائے اُس شخص کے جسکی ملاقات بغایت ضرور تھی اور ہر ایک شخص کی ملاقات سے انکار کیا لیکن گورنمنٹ کے تمام کام ایمانداری اور ہمدردی کے ساتھ بذریعہ تحریر انجام کرتے رہے جیسا کہ وہ ہمیشہ کیا کرتے تھے ہنری لارنس کے نام اُس تردد کے زمانہ مین جب اُنکے بھائی اور بھاوج کو سکھون نے قید کر لیا تھا جو چٹھیان روانہ کین وہ پوری دلسوزی اور سچی ہمدردی سے خبر دیتی ہین اور جان لارنس کے نام جو چٹھیان اُنھون نے روانہ کی ہین اُنسے ابتدا سے انتہا تک یہی

بات ظاہر ہوتی ہے کہ لارڈ ڈلہوسی کو نہایت الفت اور محبت کے ساتھ ہنری لارنس اور اُنکی زوجہ کا خیال تھا۔ اُنکے پرسنل اِسٹاف مین بھی ایسا کوئی ممبر نہ تھا جو ایسی باتون کو نہ بیان کرسکتا جنسے ظاہر ہوتا کہ لارڈ موصوف کو اُن دونون قیدیون کا کسقدر خیال تھا۔ اُنمین سے اکثر لوگ اُنکے معتقد تھے اور اپنے کثرت کار کے زمانہ مین جو دو ایک باتین وہ کہتے یا دو ایک لفظین ایسے افسرون کی کارگزاری کے اعتراف مین لکھتے تھے جنکو ایسے فاصلہ دراز پر لارڈ صاحب کے اِس خاص اعتراف کی کوئی امید نہین تھی وہ عمر بھر اُن لوگون کو یاد دلاتی الاریون مین عمر بھر رکھی رہین پس جو کچھ مین بیان کرونگا اُسمین ایسی کوئی بات نہین ہے جس سے ظاہر ہو کہ اُنکے دل مین سچی مہربانی یا وہ بات جو عموماً ہمدردی کہلاتی ہے نہین ہے۔

لارڈ ڈلہوزی کے جو عیوب مجکو معلوم ہوے وہ زیادہ تر اُسی قسم کی ہمدردی سے متعلق ہین جو نہایت وسعت رکھتی ہے اور شاذونادر دیکھنے مین آتی ہے وہ جسقدر اخلاقی قوت سے تعلق رکھتی ہے اُسی قدر دماغی قوت سے بھی تعلق رکھتی ہے اور وہ خاصکر تیزی قوت متصرفہ پر منحصر ہے۔ لارڈ ڈلہوزی اپنی چٹھیون کے اقتباس سے جو صدہا میرے سامنے رکھی ہوئی ہین میرے نزدیک اس قابلیت سے معرا تھے کہ کافی طور پر اپنے محکومون کی دلی کیفیتون اور حقوق اور اولوالعزمیون اور خیالات سے ہمدردی کرسکتے اور اسواسطے وہ اس امر کے سمجھنے سے معذور رہتے کہ باشندگان ہندوستان (جیساکہ اُنمین سے اکثرون نے کیا) ہمارے ارادون کی عام فیضرسانی اور ہماری حکومت کے یقینی فائدون کو تسلیم کرنے کے بعد بھی ٹھنڈی سانسین لے لیکر اُن گذشتہ ایام کے یاد کرنے پر مائل تھے اگر اُنپر ظلم کیا جاتا تھا یا وہ لوٹے اور مارے جاتے تھے تو خود اپنی قوم اپنی بولی اور اپنے ہی فرقہ کے لوگون کے ہاتھ سے اُن سب باتون کو برداشت کرتے تھے۔ پھر جیسا کہ مجھپر ظاہر ہوتا ہے وہ ہیئت مجموعی اِس بات کو اپنے دل مین سوچنے سے معذور رہے کہ الحاق کی جس حکمت عملی کا اُنھون نے علانیہ اقرار اور سلطنت مین جائز خواہ ناجائز طور پر جو بیشمار اضافے کیے تھے (یہ اضافے بھی مثل الحاق کے مصلحت وقت کے اعتبار سے بمجبوری اُنھون نے کیے تھے یا یہ کہو کہ یہ مصلحت وقت خواہ مخواہ اُنھون نے پیدا کرلی تھی) اُنکا اثر ہندوستانیون کے دل پر ہیئت مجموعی کیا پڑا ہوگا۔ علی الخصوص ایک اِس امر مین مجھکو شبہہ ہے کہ اُنھون نے اپنے دل مین یہ خیال کیا ہو کہ تبنیت کے مقدس حق مین خلل پہونچاکر رعایا کے مذہبی خیالات اور قدیم الایام کے دستورات مین دست اندازی کرنا ایک ایسا امر ہے جسپر روشن دماغ فرمانروا کو نہایت ہی غور و فکر کرنا لازم ہے۔ گو اُنکی چٹھیان سب کی سب بڑی فصیح و بلیغ اور لطیف ہین لیکن کسی مین بھی کوئی ایسا فقرہ نہین ہے جسپر رُکنے والا ٹھہر جاے اور ٹھہر کر مثل خطوط مِسکاف صاحب یا آوٹرم صاحب یا ہنری یا جان لارنس کے جو فصاحت و بلاغت مین اُنسے کمتر ہین کسی مقام پر اُنگلی رکھکر یہ کہے کہ دیکھو اِس سے ثابت ہوتا ہے کہ اِس شخص کا کل ہندوستان پر حکمرانی کرنے کا خاص دعویٰ اسوجہ سے تھا کہ وہ اُس کل طور پر رعایا کی خواہشونکو

ص ۴۸۱

سمجھتا تھا۔ پس اگر ہندوستان کے گورنر جنرلوں مین کارنوالس سے بڑھکر کوئی گورنر جنرل لائق یا ذی سطوت یا با اعتبار نہین گذرا ہے تو میرے نزدیک یہ بات بھی ہے کہ ولیسلی سے ہمدردی کرنے اور اُن لوگون مین ہردل عزیز رہنے کے اعتبار سے اُنسے بڑھے ہوے گورنر جنرل بہت سے گذرے ہین۔

علاوہ آئین مین بیان کئے ہوے ایک عیب کے

باایں ہمہ وہ ہر ایک امر کے اعتبار سے ایک ذی سطوت شخص تھے۔ اُنمین جو کچھ عیوب تھے وہ چھوٹے آدمیون کے نہین بلکہ خاص الخاص بڑے شخصون کے تھے۔ اُنکا جسم اور قد چھوٹا یعنی قریب قریب اسکے تھا کہ کسی کو اُسکی جانب خیال بھی نہین ہوتا لیکن دل البتہ وہ بہت بھاری رکھتے تھے بقول شاعر

چھوٹے سینے مین لیے تھے وہ بڑا بھاری دل

ص ۴۸۲

گو اُنکی تندرستی بہت ضعف کی حالت مین تھی اسپر بھی وہ قوی سے قوی آدمی کی نسبت بھی زیادہ کام کرتے تھے۔ گو وہ ایک جسمانی عارضہ مین مبتلا تھے جسکی وجہ سے زیادہ صعوبت کی حالت مین اُنکو اکثر اپنے کپڑے اوتار کر اپنے کمرہ کے اندر مقید ہوکر بیٹھنا پڑتا تھا اور اُس کمرہ مین بھی جو "اٹنا کیملنے کی میز کے برابر سطح تھا"، وہ چلنے پھرنے سے معذور تھے تاہم وہ ہندوستان کو اس کنارے سے اُس کنارے تک طے کر آئے۔ ہر شے کو اپنی آنکھون سے دیکھ آئے اور اپنی آٹھ برس کی مدت ویسرائی مین جس مدت تک قریب قریب کوئی گورنر جنرل اس منصب پر نہ رہا ہوگا ایسے عہدہ کی ہر ایک خدمت کو جو صاحب منصب کو "سرداری دیگر دار پر سر چڑھا دیتا ہے"، یعنی درجہ اعلیٰ پر پہونچکر ہلاک کر ڈالتا ہے کمال عمدگی تیز دستی درستی اور نمود کے ساتھ اسطور پر انجام کیا کہ بہت کم گورنر جنرل ان باتون مین اُنکے برابر کہے جا سکتے ہین۔ صرف صوبہ پنجاب کے متعلق اُنکو اسقدر کام رہتا تھا کہ کسی معمولی لائق آدمی کو اپنی ساری کوششین اُسی کے انجام مین معروف رکھنا پڑتین۔ جسوقت ہم اُنکی چٹھیات موسومہ برادران لارنس کو پڑھتے اور اُس جامع اور مانع رای پر جو پنجاب کے اکھاڑے کے متعلق (جہان تمام لائق لوگ بھرے ہوے تھے اور ہر ایک نے اپنے اپنے وقت مین کارنمایان کیا) ہر ہر واقعہ اور ہر ہر کیفیت پر وہ دے سکنے کا خیال کرتے ہین تو ہمکو بہت مشکل سے یقین ہوتا ہے کہ اُنکی کل خدمات کے مقابلہ مین پنجاب کا کام صرف ایک جزو قلیل تھا اور وہ آٹھ برس کی مدت مین کچھ زمانہ تک اور بھی پانچ چھ صوبون کے صریحاً جواب دہ رہے جنکو اُنھون نے شامل سلطنت کیا تھا اور ان کاموںکے علاوہ اُنکی خاص دشوار خدمتین تھین جو ابتدا سے اُنکے سپرد ہوئی تھین اور جنھون نے خود اُنکے قول کے مطابق اسقدر بار اُنپر ڈال دیا تھا جو اُنکے بڑے سے بڑے شائقین مین سے بھی کسی پر نہ پڑا ہوگا۔ الغرض وہ گرد آسمان سے بھیجے ہوے فرمانروا نہین تھے تو اسمین کوئی شک نہین کہ وہ فرمانروائی کے لیے خلق ہوے تھے۔ اگر وہ حریص تھے تو اُنکی حرص مثل قیصر روم کی حرص کے تھی۔ اُنھین خود غرضی کی باتین بہت کم اور کمینہ پن کی باتین مطلق نہ تھین اُنکا ریشہ ریشہ بادشاہی کرنے کے لیے بنا تھا۔ وہ اپنے دل مین سمجھتے تھے کہ مین فرمانروائی کر سکتا ہون اور کر رہا ہون

آدمی جو اُنکے زیر حکومت سپرد کیے گئے تھے اُنکی بہبودی کے حق مین بہتر یہی ہوا کہ لارڈ ڈلہوسی موصوف ایسا سمجھتے تھے۔

اور ادھر جان لارنس بھی بالکل اُسی طرح کے حاکمانہ مزاج اور اپنی دُھن کے آدمی تھے جیسے لارڈ ڈلہوسی تھے۔ پس ایسے لوگون مین جنکی نسبت ہم اس بات کی امید کرین کہ وہ لارڈ ڈلہوسی کی ماتحتی عمدگی کے ساتھ بناہ سکے ہونگے جان لارنس آخری شخص تھے۔ لیکن شاید ہم بہت اچھی طرح سے اس بات کو دیکھ سکتے ہین کہ جان لارنس نے اُنکی ماتحتی اُسی طرح بناہ دی۔

پنجاب جو جان لارنس کے زیر حفاظت تھا لارڈ ڈلہوسی کا نہایت محبوب صوبہ تھا۔ جان لارنس اُسکے چیف کمشنر تو ہو سکتے تھے مگر یہ بات بھولنے والے وہ کب تھے کہ مین اُسکا خود مختار فرمانروا نہین ہون۔ اگر اُنھون نے کبھی اس بات کو بھلا دیا اور اگر اپنی جوابدہی سے اُنھون نے ایک دوست کو پنجاب کی مقدس حدود کے اندر کام کرنے کے لیے طلب کیا یا اُن حدود کے باہر ایک سرحدی جھگڑے مین بلا سابق منظوری گورنر جنرل اپنے تئین پھنسایا تو اُنسے بھی جواب طلب کیا گیا اور اُنکو بھی معلوم ہوا کہ لارڈ ڈلہوسی کس جبروت کے آدمی ہین۔ لیکن اس موقع پر اُنھون نے اعلیٰ اختیار کی تبعیت اور خیر خواہی کے خیال سے عمل کیا۔ سرکاری فرائض کا خیال اُنکو اس درجہ تھا جو سوائے ہابنیز کے چیلے کے اور کسی شخص مین نہین پایا جا سکتا لیکن جس شخص کو عوام الناس سے اسطرح کی ہمدردی ہو اور جو ایسا حاکمانہ مزاج رکھتا ہو اُسمین مشکل سے ایسے خیال کے پائے جانے کی امید ہو سکتی ہے۔ اپنے چیف کی بعض اوقات کی چشم نمائیون کو اگر اُنھون نے گوارا کر لیا تو اُسی سرکاری فریضہ کے خیال سے گوارا کیا۔ اگر یہ چشم نمائیان اور کسی مقام سے کیجاتین تو وہ اپنے حملہ آور سے خم ٹھونک کر لڑنے پر مستعد ہو جاتے۔ لیکن لارڈ ڈلہوسی بھی ایک بڑے عالی ہمت شخص تھے اور اُنسے بعید تھا کہ اپنے ماتحتون کو آزادی کے ساتھ اپنے اپنے خیالات ظاہر کرنے کی خواہش نہ کرتے۔ جان لارنس یہ بات ہمیشہ کیا کرتے تھے۔ لارڈ ڈلہوسی نے پنجاب مین ایسی کوئی کارروائی یا تقرری ایسی نہین کی اور کوئی کلمہ ایسا نہین بیان کیا جسکی بابت جان لارنس نے اُسکے ناپسند کرنے کی حالت مین اپنی بہادرانہ و صاف دلی کے ساتھ گرفت یا تردید کی ہو۔ اور اُسکے بعد اگر اُنکو اپنے چیف کے خیالات بدلنے مین کامیابی نہین ہوتی تھی تو وہ اُن خیالات کے قبول کرنیکا اپنی تئین مجازی نہ سمجھتے تھے بلکہ اُنپر عمل کرنے کا اپنی تئین پابند جانتے تھے۔ اور لارڈ ڈلہوسی سے جو اُنھون نے بناہ تو اُسکی وجہ یہی تھی کہ اُنمین مخالفت کے ساتھ اطاعت اور خیر خواہی اور رضاجوئی کے ساتھ تقریر کی بے تکلفی اور بیباکی پائی جاتی تھی جو اُن کی دوسری بڑی صفتون کے ساتھ مین ملکر لارڈ ڈلہوسی سے ٹھیک مطابق ہو جاتی تھی۔ اور اُسکی وجہ سے اس رائج کے دو اپنے اپنے ذہن کے آدمی (اگر مین نے اُنکی خاصیتون اور تحریرات کو صحیح سمجھا ہے تو بیشک وہ ایسی ہی تھے) ایک ہی احاطہ کے اندر اسطور سے رہ سکے کہ ایک شخص دوسرے کا قدردان رہا اور کبھی کسی نے ایسی کوئی بات نہین ہونے دی جس سے خطرناک قسم کی مخالفت دونون کے درمیان ظہور پذیر ہوتی۔

حصہ ۴۸۳

لارڈ ڈلہوزی میں جان لارنس کی طرف سے اُنکی قدر و منزلت اور خوبی کے خیالات پہلے ہی سے پیدا ہونے لگے تھے اور اب اُنکو اسقدر ترقی ہوتی گئی کہ دونوں میں بھائیوں کی ایسی الفت اور محبت پیدا ہوگئی تھی حکمت عملی میں دونوں آدمیوں کے درمیان عام طور کا اتفاق تھا لیکن اس بات کے لیے اختلاف بھی بخوبی تمام پایا جاتا تھا کہ اُنکے باہمی مراسلات میں مذاق اور لطف اور شوخی پیدا نہو سکے۔ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ دونوں کی کل مراسلت میں صرف ایکمرتبہ جان لارنس نے ایک ایسی بات پر زیادہ زور ڈالا جو اُنکے چیف نے اُنسے کہی تھی۔ جان لارنس نے ایک عہدہ پر ایک سول مین کے مقرر ہونے کی بابت نہایت شد و مد سے اعتراض کیا تھا کیونکہ اُنکے نزدیک یہ شخص اس عہدہ کے قابل نہین تھا اور گورنر جنرل نے ظرافتاً اُنکو جواب مین لکھا کہ "جان تم خوب سمجھتے ہوگے کہ تم بڑے نفرت کرنے والے آدمی ہو" ظاہر ہے کہ اس جملہ کے مضمون مین غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے اور جان لارنس نے اپنے بھولے پن سے یہ خیال کر کے کہ لارڈ ڈلہوزی کا اس لفظ سے مطلب کچھ اور ہے بڑی گرمجوشی سے اُنکو جواب لکھا اور اُس الزام کی تردید کی۔ اُنکی چٹھی نہایت ہی خاص طریقہ کی ہے اور لارڈ ڈلہوزی کا جواب بھی اُسی طرح کا ہے۔

ص ۴۸

۲۱- اپریل ۱۸۵۵ء

میرے پیارے لارڈ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مجھے سخت افسوس ہے کہ حضور کو اس بات کے خیال کرنے کی وجہ بتائی گئی کہ مین بڑا نفرت کرنے والا ہون اگر مین اپنے افعال کا کوئی تیز کرنے والا خیال کیا جا سکتا ہون تو مین یہی کہونگا کہ وہ بات نہین ہے۔ میرے نزدیک دنیا مین ایسا کوئی شخص نہین ہے جسکی نسبت مجھے وہ خیال ہو۔ یہان اور دوسرے مقامات پر ایسے بہت سرکاری افسر ہین جنکے بارے مین مین ایک حقیر رائے رکھتا ہون۔ پنجاب مین ایسے بہت سے افسر ہین جنکی نسبت رپورٹ کرنا مین نے اپنا فرض تصور کیا۔ لیکن میرے علم مین ایسا کوئی شخص نہین ہے جسکو مین ذاتی نقصان پہونچانا چاہتا ہون۔ ہر ایک سرکاری افسر جسکو مین نے نالائق خیال کیا وہ مجھسے بیشک نفرت کرتا ہے اور یہ بھی سمجھتا ہے کہ مین اُس سے نفرت کرتا ہون۔ یہ بالکل لازمی امر ہے۔ مجکو معلوم ہے کہ مین قوی اور قطعی رائے رکھتا ہون اور جب موقع آیا تو مین نے بلا تامل اُنکے بیان کرنے مین کوئی تامل نہین کیا۔ لیکن اس بات کو مین اپنا فرض اور اپنی حیثیت کی ضرورت سمجھتا رہا کہ اگر مجکو اپنے انتظام مین کامیابی پیدا کرنا ہے تو اسی پر عمل کرنا چاہیے۔ اِن صورتون مین نہ تو مین نے اُس شخص کو بری رکھا جو میرے پسند کا تھا اور نہ اُس شخص کو چھوڑا جسکی نسبت میرا یہ خیال نہین تھا اور ترقی کے بارے مین سفارش کرنے کے لیے میری دلی خواہش یہی رہی کہ بے لوث رہون۔

لارڈ ڈلہوزی نے یہ جواب لکھا۔

۱۴- مئی ۱۸۵۵ء

میرے پیارے لارنس ۔ ۔ ۔ ۔ مجکو معلوم ہوتا ہے کہ مین نے جو کچھ لکھا اُس سے آپ کو رنج ہوا اور آپ نے اپنے یقین مین ـــــ کے بارے مین بیان کیا ہے کہ آپ سے کوئی غیر واجبی امر نہین سرزد ہوا اور آپ کسی شخص کی نسبت

ایسا برتاو نہین کرسکتے ہین۔

اگر آپ مہربانی کرکے میری چٹھی مورخہ ۱۲ مارچ کو نکال کر دیکھیے تو آپ کو معلوم ہوجاے کہ مین نے آپکی بے انصافی کا شکوہ اور نہ اس خاص امر مین کوئی ذکر کیا ہے۔ برخلاف اسکے مین نے صراحتاً بیان کیا ہے کہ "مجھکو اس بات کے تصور کرنے کی کوئی وجہ نہین پائی جاتی کہ آپ نے اس شخص کے حق مین ناانصافی کی ہے"

آپ تصور کرتے ہین کہ مین نے یہ کہا کہ آپ نے ——— سے نفرت کی یا آنکہ "آپ بڑے نفرت کرنے والے ہین" ان امور کی نسبت اے میرے دوست مین بات نہین بدل سکتا۔ مجھے یاد ہے کہ ۱۸۵۹ء مین اس شخص کی تقرری کی نسبت آپ نے کن وجہون پر مخالفت کی تھی اور اسکے بارے مین اپنا کیا خیال ظاہر کیا۔

اپنے عام طریقہ کے مطابق آپ تسلیم کرتے ہین کہ آپ کی رائین قوی اور قطعی ہین جنکے بلا قید بیان کرنے مین آپ کبھی تامل نہین کرتے۔ یہ بہت ٹھیک ہے اور مین نے اور میرے نزدیک ڈاکٹر جانسن نے جو آپ کو "ایک بہت بڑا نفرت کرنے والا" کہا تو اسکی وجہ یہی تھی کہ ہلوگون نے ان قطعی مخالفانہ رایون کو بحال اور برقرار رکھا۔ لیکن یہ کہنا کہ آپ "بڑے نفرت کرنے والے" ہین اس بات پر محمول نہین ہوسکتا کہ آپ ہٹکش یا ناانصاف ہین چنانچہ اسی طرح سے اگر یہ کہا جاے (جیسا کہ مین کہہ سکتا ہون) کہ آپ ایک بڑے پکے دوست ہین تو اسکا مطلب یہ نہوگا کہ آپ کوئی غیر واجبی رعایت یا طرفداری کرتے ہین۔ ص ۴۸۵

لیکن لارڈ ڈلہوسی کا طول طویل زمانہ ملازمت مع اپنی صلح و جنگ کی نمودار کارروائیون اپنی بے مثیر "داخلاقی اور ملکی ترقی" اپنی ریلون اور تار برقیون اور اپنی فتح مندیون اور طاقتون کے اب قریب اختتام پہونچا جاتا تھا۔ چنانچہ اس زمانہ ملازمت کے ختم ہونے کے بارے مین انکے ایک لائق ترین اٹینٹ کو کچھ خوشی اور کچھ رنج کے ساتھ ایک چٹھی کے ذریعہ سے لارڈ موصوف نے یاد دلایا کہ ہم دونون کے درمیان اب قریب مفارقت ہونے والی ہے۔

اوٹاکمانڈ ۱۸۵۵ء

میرے پیارے جان۔ آپ کا عہدنامہ کل پہونچا اور مین اسکے آپ سے بیان کرنے مین تاخیر نہین کرتا ہون کہ مین اسکی تمام وکمال کارروائی کو بہت بڑی شکرگذاری کے ساتھ دیکھتا آیا اور اسی طرح اس بات کی بھی شکرگذاری بلا تاخیر ظاہر کرتا ہون کہ آپ نے کامیابی کے ساتھ اس عہدنامہ کی تکمیل کرکے مجکو مرہون منت کیا۔ مین خیال کرتا ہون کہ ہندوستان اور انگلستان دونون ملکون مین یہ عہدنامہ نہایت ہی گران قدر تصور کیا جائیگا اور اس وجہ سے وہ میرے نظم و نسق کی عزت افزائی کا باعث ہوگا۔ مین نے اپنی رائین اور خیالات پر زور اور سچی عبارت مین ظاہر کیے ہین اور مین امید کرتا ہون کہ آپ اور آپ کے شریک خیال کرینگے کہ گورنمنٹ درحقیقت آپکی کوششون کی قدردانی کرتی ہے اور اسکے بھی چاہا ہے کہ آپ کی خدمتون کے ساتھ پورا انصاف کیا جاے۔

پس اسطور پر ارا کین سلطنت کی خوشنودی کا دائما استحقاق اور میری ذاتی مشکوری کی وجہ جو پیدا کی ہے اسکے اعتبار سے مناسب یہی ہے کہ ایک امر کی بابت مین آپ سے فورًا استفسار کرون کیونکہ میری ملازمت کا زمانہ عنقریب ختم ہونے والا ہے اور اس صورت مین اُس امر کے متعلق زیادہ تاخیر کرنے کا اب موقع نہین رہا۔

آپ نے ہندوستان مین ایسی بھاری خدمتین انجام دی ہین جنسے آپ کو اس امر کے یقین کرنے مین قاصر لکسی طرح مشتبہ نہ رہنا چاہیے کہ مین بذات خاص اپنا فرض اور عین خوشی سمجھتا ہون کہ سلطنت کی طرف سے آپ کی قابلیتون کے صلہ مین کوئی مناسب اعزاز دلواؤن۔

جو امر آپ سے مجکو پوچھنا ہے وہ یہ ہے کہ یہ اعزاز کس شکل مین آپ کو سب سے زیادہ پسند ہوگا آیا آف بنیفرنٹ دینا چاہتے ہین یا دو "ایبٹ کا نذر آف دی بانھ" کا خطاب لینا چاہتے ہین۔ اعزاز اول اسوجہ سے بالاتر ہے کہ وہ موروثی ہے لیکن بہت سے لوگ معترض ہونگے کہ جب تک اس اعزاز کے ساتھ پنشار دولت بھی شامل نہو اُسوقت تک اُس سے کچھ فائدہ نہین ہے۔ ط۴۸

اِن دونون مین آپ چاہین جسکو ترجیح دین مین اپنے نہایت سچے دل سے اپنا فرض سمجھون اور اسی بات کی کوشش کرونگا کہ ہندوستان سے جانے کے پیشتر وہ آپ کو حاصل ہوجاے۔ یہ تو آپ کو بہت اچھی طرح سے معلوم ہے کہ مین دونون مین کسی کے دلوانے کا ذمہ نہین کرسکتا ہون لیکن آپ کو اپنے اس عزم بالجزم سے یقین دلا سکتا ہون کہ آپ کی خواہشون کی تکمیل کے لیے مین زمین اور آسمان کو ایک کردونگا اور مین سمجھتا ہون کہ آپ کے دعون اور میری درخواستون سے ارا کین سلطنت بشکل انکار کرسکینگے۔

میرے پیارے جان مجکو سمجھنا اپنا ہمیشہ کا سچا دوست

ڈلہوسی

اِس بارے مین ایک چٹھی جو جان لارنس نے لارڈ ڈلہوسی کی چٹھی کا جواب لاور یہ وہ بہت اچھی طرح سے اپنے دل مین تجویز کرچکے تھے کہ کیا جواب دینا چاہیے) دینے کے پیشتر اپنے جانی دوست ہنری منٹاگو ڈورنڈس کو تحریر کی تھی سوانح عمری کے مذاق سے خالی نہین ہے اس واسطے وہ ذیل مین درج کیجاتی ہے۔

مقام کوہ مری ۲۴ مئی ۱۸۵۸ء

میرے پیارے اڈورڈس۔ آج صبح کو میرے پاس گورنر جنرل کی ایک چٹھی پہونچی ہے جسکو مین اس اپنے خط کے ساتھ محول کرتا ہون۔ مجکو امید ہے کہ جب انھون نے میرے خطاب کے لیے استفسار کیا ہے تو "میرے شریک" کو وہ نرد گذاشت نہ کرینگے۔ مین کہہ سکتا ہون کہ حال مین جس عہدنامہ کی تکمیل ہوئی ہے اسکے صلہ کا استحقاق اگر زیادہ نہین تو میرے برابر ہی والوں کو ہے۔

بالا نیہہ آپ کو اس چٹھی کے لکھنے سے میرا اصل منشا یہ ہے کہ لارڈ ڈلہوزی کی چٹھی کا جواب لکھنے مین آپ کی کیا رائے ہے کسی قسم کا اعزاز حاصل کرنے مین میری اصل خوشی وہی ہے جسمین میری پیاری بی بی خوش ہون گو مین یہ بھی نہین چاہتا کہ سرکاری طاقت سے کنارہ کشی کرکے چلا جاؤن اور میری خدمتون کا کچھ اعتراف نہو۔ سوال یہ ہے کہ آیا مین نیٹیو فرنٹ کا اعزاز قبول کرون یا کے۔ سی۔ بی۔ کا میری بی بی اول ہی اعزاز کو افضل سمجھتی ہین گو اسمین شک نہین کہ جسکو مین پسند کرونگا اس سے بھی وہ خوش رہینگی مین اُن وجہون سے جنکو گورنر جنرل نے بیان کیا ہے خطاب کے۔ سی۔ بی۔ کو ترجیح دیتا ہون میرے پاس کوئی ایسی دولت نہین ہے جو اپنے بیٹے کے لیے چھوڑ جاؤن اور مین فرض سمجھتا ہون کہ جو کچھ ہو اپنے تمام بیٹون کے مابین تقسیم کر جاؤن۔ اب دیکھنا چاہیے کہ ایک مفلس (اور مین کہہ سکتا ہون کہ ایک تہی دست) نیٹیو فرنٹ بننا نہ بننے سے بہتر ہے۔ اس اعزاز سے کہ شوشون کو کچھ تقویت ہو سکتی ہے گروہ کچھ ٹھیک نہین ہے۔ مجکو تو یہ اندیشہ ہے کہ اس سے دوسرون کا منہ دیکھنے کی ترغیب ہوگی اپنی ات سے کوئی کامیابی نہ حاصل ہوگی۔ مہربانی کرکے اس بارے مین بذریعہ ڈاک واپسی اپنی رائے سے مجھے مطلع کیجیے۔

اس چٹھی کے خاتمہ پر مجکو اسقدر اور بیان کرنا ہے کہ آپ کو پشاور کا کمشنر مقرر کرنے کے لیے مین نے جو جد وجہد کی تو شش اُس لنگڑے کارپرداز کے ہے جسکا ذکر "نیڈاف پرتھنہ" مین کیا گیا ہے یہ کوشش گو اپنے ہی لیے کی۔

لارڈ ڈلہوزی کو بھی اُنھون نے اسی طرح کی چٹھی لکھی اور گورنر جنرل نے پھر ایک مرتبہ اسکا جواب یہ لکھا

۲۶ جون ۱۸۵۶ء

آپ کی چٹھی مورخہ یکم ماہ حال کل مجکو دھول ہوئی مین پھر آپکو یقین دلاتا ہون کہ ہندوستان سے جانے کے قبل آپکو خطاب کے۔ سی۔ بی۔ کے دلوانے مین اپنے امکان بھر کوئی بات اُٹھا نہ رکھونگا مین ناممکن سمجھتا ہون کہ مجکو اس قصد مین ناکامی حاصل ہو کیونکہ آپ سے بڑھکر کسی شخص نے واجبی طور پر اسکا استحقاق نہ پیدا کیا ہوگا۔

آپنے جو اس خطاب کو نیٹیو فرنٹ ہونے پر ترجیح دی تو میرے نزدیک بڑی عقلمندی کی۔ انگلستان سے جو چٹھیان میرے نام آئی ہین اُنسے کچھ حال اس بات کا ظاہر نہین ہوتا کہ میرے بعد کون میرا جانشین ہوگا اصل تو یہ ہے کہ میرے انگلستان کے دوستون کو خود ہی نہین معلوم ہے اور موجودہ گورنمنٹ اپنی اس کمزوری کی حالت مین بہت اندیشہ کر رہی ہے کہ کس کو منتخب کرے۔

میرا پاے چوبین کچھ دنون سے بہت رو براہ ہے۔ کیسے آپ کا پانون کیونکر چلتا ہے۔

آپ کا دوست صادق

ڈلہوزی

اس چٹھی کے لکھے جانے کے بعد ہی لارڈ ڈلہوزی کے جانشین کا نام ہندوستان کے لوگون پر ظاہر ہو گیا اور یہ ایک ایسے شخص کا نام ہے جسکو انگلش لوگ شکرگزاری اور اعزاز کے ساتھ زبان پر لاتے رہینگے لیکن

اُسکی صلاحیتین لارڈ ڈلہوسی کی صلاحیتون سے بالکل مختلف طور کی تھین اور اس بات کا صحیح صحیح اندازہ کہ لارڈ ڈلہوسی کے چلے جانے سے گو اُنکا جانشین کیسا ہی افضل کیون نہو ہندوستان کے حق مین بدرجہ غایت مضر ہوگا لارڈ ڈلہوسی کے نقطۂ خاص کے سوا اور کوئی شخص نہین کر سکتا تھا۔

کوہ مری ۲۸۔ اگست ۱۸۵۵ء

میرے پیارے لارڈ۔ مجھے یہ سنکے خوشی حاصل ہوئی کہ حضور کے نزدیک ہلوگ لارڈ کیننگ کو پسند کرینگے اور مجکو امید ہے کہ وہ ہلوگون سے رضامند رہینگے۔ تاہم مجکو یہ لکھنا لازم ہے کہ حضور کے جانے سے نہایت ہی نقصان ہوگا۔

حضور کی وجہ سے ہندوستان کے عام انتظام کو ایک چوٹ اور حرکت ہوگئی تھی اور تمام محکمون مین ایک طور کی قوت پیدا ہوگئی تھی جس سے وہ تمام بدانتظامیان جو گورنمنٹ سابق پر عائد تھین بالکل رفع ہوجاتین صرف اس بات کی کسر تھی کہ جو انتظامات کیے گیے تھے اُنکی سہل ہوجاتی۔

خاص میرے لیے تو بڑا بھاری تبادلہ ظاہر ہوگا۔ مین مشکل سے یہ امید کرسکتا ہون کہ مجکو ایسا مہربان شفیق اور دوست مالک لیگا۔ جب کوئی شخص زیادہ عمر کو پہنچتا جاتا ہے تو وہ قریب قریب یہی چاہتا ہے کہ نئے تعلقات نہ پیدا ہون سرکاری تعلقات کی بھی یہی کیفیت ہے۔ نظم ونسق کے لیے زور طبیعت اور صوابدید راے دونون مطلوب ہین اس اعلیٰ افسر کو اپنے ہم وطنون کے اور بڑے گروہ کو اپنے اختیار مین رکھنا پڑتا ہے یہ لوگ مختلف اصولون کے پابند اور مختلف مکتبون کے تعلیم پائے ہوئے ہوتے ہین۔ اس اعلیٰ افسر کو اپنے خاص برتاؤ کے سوا اور کسی طرح سے سطوت اور قوت کم حاصل ہوتی ہے۔ وہ چاہے جو کچھ کرے لیکن اسکو زیادہ تر اسی بات پر بھروسہ رکھنا چاہیے کہ دوسرے آدمی اُسکے افعال کی نسبت کیا راے رکھتے ہین۔

حضور کو تو اپنے وطن جانے مین غالبًا زیادہ خوشی ہوگی لیکن جو رفیق آپ یہان چھوڑے جاتے ہین (اور اُن مین مین صادق ترین رفقا سے اپنے تئین شمار کرتا ہون) اُنکو حضور کے جانے سے واقعی نہایت افسوس ہوگا

جان لارنس اور اعلیٰ افسر گورنمنٹ ہند کے باہمی تعلقات مین عنقریب جو تبادلہ ہونے والا تھا اُسکا خیال جان لارنس کو لارڈ ڈلہوسی کی مندرجۂ ذیل چٹھی سے اور بھی بڑھ گیا۔ اور اس چٹھی مین لارڈ ڈلہوسی نے جان لارنس کو لکھا تھا کہ آپ کلکتہ مین آکر مجھ سے رخصتی ملاقات بھی کر لیجیے اور میرے ساتھ چلکر میرے جانشین سے تعرف حاصل کیجیے۔

کوہ نیلگری ۲۶ ستمبر ۱۸۵۵ء

اب اسوقت تک تو آپ کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ یہ امر صحیح نہین ہے کہ لارڈ کیننگ فی الغور یہان چلے آتے ہین اور اسلیے وقت آئیگا جب مجکو یہان سے جانا منظور ہے میرا جانا یکم فروری یا یکم مارچ اور غالبًا اسی آخری تاریخ تک ہوگا۔

مجکو ذرا بھی اس بات کا شبہہ نہین ہے کہ آپکے اس ضروری عہدہ کے متعلق وہ آپ کا پورا اعتماد اور آپکی دلی اعانت نہ کرینگے میرے آپ کے ذاتی شناسائی ہونے اور باہمی راہ و رسم پڑھنے کے بعد جو برتاؤ میرے اور آپ کے درمیان مین رہا بجنسہ اُسی طرح کا برتاؤ تو اب بیشک نہین ہوسکتا لیکن بہت جلد یہ بات پیدا ہوجائیگی - اور اسکا موقع بہت جلد پیدا ہوسکتا ہے کیونکہ میری خوشی یہ ہے کہ اگر آپ کو موقع مل سکے تو چند روز کے لیے کلکتہ چلے آئیے مجھسے رخصتی ملاقات کر لیجیے اور میری روانگی کے قبل ذات خاص لارڈ کیننگ سے تعرف حاصل کر لیجیے مجکو یہ بھی امید ہے کہ مین اسوقت تک آپکو خطاب کے سی بی سے سکون -

اس قسم کے انتظام سے واقعی مجکو بڑی خوشی ہوگی اور مجکو یقین ہے کہ آیندہ کے اعتبار سے سرکاری معاملات کو بھی فائدہ پہونچیگا - مجکو اور آپ کو بہت اچھی طرح سے معلوم ہوگیا ہے کہ ذاتی ملاقات کا ہونا کتنی عمدہ بات ہے -

میری اپنی کیفیت یہ ہے کہ مین اسکاٹ لینڈ کو واپس جانے کا منتظر بیٹھا ہوا ہون ایک زمانہ مین وہان جانے کا میرا خیال کچھ اور تھا اور اب اور ہی کچھ ہے - اگر مین ہندوستان سے جانے کی خواہش کر رہا ہون تو اسکی اصل وجہ یہی ہے کہ اب میری حالت ایسی نہین رہی جو اس طرح سے ہندوستان کا کام انجام کرسکون جیسا مجکو کرنا چاہیے مین سمجھتا ہون کہ اگر مجھ مین زور و توانائی ہوتی تو اسکے لیے بہت کچھ کرسکتا اور مجھے اس ملک کا اور اپنا بھی خیال کرکے افسوس معلوم ہوتا ہے کہ مین اس موقع کو چھوڑے دیتا ہون -

ہندوستان کے جن جن لوگون سے مین جدا ہو رہا ہون اُنمین اے میرے پیارے جان کوئی شخص ایسا نہین ہے جسکی مفارقت کا آپ سے بڑھکر مجکو دلی افسوس ہو - اور مجکو امید ہے کہ ہم لوگون کی دوستی اب بھی تایم رہیگی گو دونون کے درمیان بڑا فصل پڑ جائیگا - ادھر کچھ دنون سے میری طبیعت درست نہین رہی اور اب باقی تین مہینے کلکتہ مین رہنا اور ستم ہے لیکن مجکو امید ہے کہ آخر نومبر تک وہان پہونچ جاؤنگا -

آپ کا صادق دوست

ڈلہوسی

ص ۴۰ جان لارنس کا عرصہ سے جو ارادہ تھا کہ کشمیر کو جائینگے اور وہ کئی مرتبہ فسخ ہوگیا اسکی نسبت اس اثنا مین اُنکو امید ہوئی کہ موسم برسات تک اُنکا وہ ارادہ پورا ہوجائیگا - لیکن وہ ارادہ ایک مرتبہ پھر اس وجہ سے فسخ ہوگیا کہ اُنکی بی بی سخت علیل ہوگئین اور ہر طرح سے اُنکو یہی آثار معلوم ہوے کہ اُنکی بی بی کو انگلستان جانا پڑیگا چنانچہ اُنھون نے لکھا ہے کہ " میری بی بی نہایت علیل ہین اور ڈاکٹر لوگ کہتے ہین کہ اُنکو اسی سال وطن جانا چاہیے - اس سے مین نہایت حیرانی مین ہون اور مین نہین چاہتا کہ وہ چند دنون کے لیے بھی مجھسے جدا ہون کیونکہ سکو نہایت ہی جلد یہ مفارقت برداشت کرنا پڑیگی - - - مین کچھ خیال نکرتا اور

خود بھی چلا جاتا لیکن مین سات لڑکون کے ساتھ وہان جاکر اوقات بسری نہین کرسکتا۔ بعض اوقات مین خیال کرتا ہون کہ اُنکو کشمیر لے جاؤن اور پھر مجکو یہ خیال ہوتا ہے کہ وہان جانے کا ارادہ ملتوی رکھون اور یہین (رمری) ٹھہرا رہون تا آنکہ موسم سرما آوے اور مین اُنکو لیکر میدانی ملک مین جا سکون"۔ خوش قسمتی سے اُنکی زوجہ نے ولمن جانے سے انکار کیا اور ولمن جانے کا خیال کچھ دنون کے لیے ٹل گیا۔ ماہ نومبر مین جان لارنس اپنی بی بی سمیت حسب معمول پھر موسم سرما کا دورہ کرنے نکلے اور خیمہ کا رہنا اختیار کیا لیکن خیمون مین دنکی گرمی اور رات کی سردی اُنکی بی بی پر اسقدر موثر ہوئی کہ وہ اُسکو برداشت نہ کرسکین۔ لاہور جاتے ہوے وہ ایسی علیل ہوگئین کہ مجبور ہوکر ایک چھوٹے سے پولیس کے تھانہ مین جو راستہ پر تھا (کیونکہ سوائے اسکے اور کوئی سایہ دار جگہ نہین مل سکی) قریب قریب بیس روز تک اُنکو ٹھہرنا پڑا جسمین سے دس روز گھگھر اور دس روز کے قریب گجرانولہ مین صرف ہوے ڈاکٹرون نے پھر اصرار کیا کہ اُنکو انگلستان واپس جانا چاہیے اور اُنکی علالت کے زمانہ مین اُنکے ولمن جانے کا سب بندوبست کردیا۔ لیکن جب اُنکو کچھ افاقہ ہوا تو پھر اُنھون نے ناراضی ظاہر کی اور کہا کہ اگر مین اپنے شوہر کے ساتھ ہندوستان مین نہین بسر کرسکتی ہون تو انگلستان مین اُنکے بغیر اور بھی نہ بسر کرسکونگی اور اس بارے مین اُنکو پھر ایک مرتبہ کامیابی حاصل ہوئی یہ کامیابی اُنکے اور اُنکے شوہر کے خیال سے بھی بڑی خوش نصیبی کی بات تھی۔ اگر وہ اپنے ارادہ پر ثابت قدم نہ رہتین تو اُس بڑے شور انگیز زمانہ یعنی بلوۂ ہندوستان مین ایک نہایت ہی وفادار بی بی اپنے میان سے دور رہتی۔ جان لارنس کی کارگذاریون کا حال تو بہت کچھ اُنکے سُننے مین آتا کیونکہ انگلستان اور ہندوستان دونون ملکون مین اُنکی شہرت کا ڈنکا بج رہا تھا لیکن ان سب باتون کو فقط سُن سکتین دیکھ نہ سکتین۔ میان بی بی کے درمیان تیس میل فاصلہ کے بدلے جو بوقت ضرورت رات بھر مین طے ہوسکتا تھا سات ہزار میل کا سمندر حائل رہتا۔ اسوقت مین جب جان لارنس کی پرماجرا زندگی کا زمانہ ختم ہوگیا ہے یہ کہنے کو رہ جاتا کہ اُن دونون خوش دل میان بی بیون کی متحد مسرت کے زمانہ مین دو برس کے تفرقہ کا داغ رہ گیا اور وہ زمانہ ایسا تھا جس مین ایک دوسرے کو نہایت تقویت دے سکتا تھا اور اُس خطرناک زمانہ مین ساتھ دیکر اُس سے نجات پانے کے وقت ایک دوسرے کی خوشی کو دوچند کرسکتا تھا۔

ص ۴۶ جان لارنس کم و بیش مہینہ بھر لاہور مین ٹھہرے ہے اور یکم فروری ۱۸۵۲ء کو (یعنی جسوقت اُنکی بی بی نقل و حرکت کرنے کے قابل ہوسکین اُسی وقت) لارڈ ڈلہوزی سے آخری ملاقات کرنے کے لیے کلکتہ کو راہی ہوے۔ اپنے دونون چھوٹے لڑکون کو اُنھون نے لاہور مین مسٹر سرس میکفرسن کے پاس جو جان لارنس کے حد سے زیادہ محنتی فوجی سکریٹری کی بی بی تھین چھوڑ کر پوری تعطیل صرف کرنے کے لیے روانہ ہوے۔ رخصت فرلو سے واپس آئے ہوے اُنکو چودہ مہینے گذرے تھے۔ اور اس مدت کے اندر یہ پہلی تعطیل تھی جو اُنھون نے

اپنے لیے جائز رکھی تھی اور تعطیل بھی ظاہراً انھون نے اپنی طبیعت پر بہت جبر کرکے لی۔ اڈورڈس صاحب کی چٹھی مین اُنھون نے لکھا تھا کہ "مجکو اسوقت جاتے ہوے نہایت ہی افسوس معلوم ہوتا ہے"۔ اور اس چٹھی سے اُنکی بعض اور مشکلون کا حال بھی منکشف ہوتا ہے جو اُنپر پڑنے والی معلوم ہوتی تھین۔ چنانچہ وہ لکھتے ہین کہ۔

مجکو یہ امید نہین ہے کہ اس سفر مین زیادہ عیش و آرام حاصل ہو اور جسوقت پلٹ کے آونگا اُسوقت تک پس ماندہ کام اسقدر جمع ہو جائیگا جسکو طے کرتے کرتے تاک مین دم آجائیگا۔ خطابون کے بارے مین اب تک کوئی شافی جواب نہین آیا اور مجکو "شرمندہ بی"، کی طرح واپس آنا پڑیگا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ لکلنن کے بارے مین مین اس بات کی مدونہ دونگا کہ وہ پنجاب کو چھوڑ دین حالانکہ مین اُنکے جانے مین مخالفت بھی نکرونگا۔ اُنھون نے میرا دل بہت دُکھایا۔ آپ سے اگر وہ کچھ کشیدگی ظاہر کرین تو آپ بھی ویسا ہی کر سکتے ہین۔ ذرا دیکھیے تو سہی کل آپ نے ایک آدمی کو صرف اس بات پر گولی مار دی کہ وہ تلوار کھینچے ہوے اُنکی طرف چلا آتا تھا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہان اودھ ایک بڑے کام کی جگہ ہے اور اگرچہ مین جانتا ہون کہ اَوٹرم صاحب ایک اچھے آدمی ہین لیکن مین نہین دیکھ سکتا کہ وہ کیونکر مناسب طور پر کام انجام کر سکینگے۔ مین سنتا ہون کہ ۔ ۔ ۔ اُسکے کمشنر مقرر ہونے والے ہین۔ وہ ایک لائق آدمی ہین لیکن اُنکو کہنا چاہیئے کہ اس عہدہ کے قابل نہین ہین۔ بہرحال اگرچہ ازین قصہ مجھے صرف اس بات کا خیال ہے کہ وہان والے میرے بیان کے عمدہ آدمیون کو طلب نکرینگے۔ تاہم مین بہت سے ایسے آدمیون کو دے سکتا ہون جو بہت مستعد اور محنتی ہین۔

یہان اس بات کا بھی بیان کرنا بے محل نہوگا کہ سال ماقبل مین جب لارڈ ڈلہوسی بمقام اوٹاکمنڈ بیمار پڑے تھے تو اسی زمانہ مین اودھ کا مسئلہ نازک حالت پر پہونچا تھا اور لارڈ ڈلہوسی نے اسی مقام پر اپنے پڑنے اور یادداشت تیار کی تھی جسکا عنوان یہ تھا کہ "یادداشت بنظر سہولیت اُن اشخاص کے جنکو اودھ کے آیندہ معاملات کے متعلق فیصلہ کرنا پڑیگا"، اور اسکے ساتھ وہ وجہ ثبوت مرتب کیا تھا جو گورنمنٹ اودھ کی بدنامیون کی تردید کے لیے جمع ہوا تھا اور بعد اُسکے لارڈ موصوف نے صلاح دی تھی کہ یہ ملک شامل سلطنت کر لیا جاے یا اسی طرح کا اور کوئی انتظام ہو۔ یہ ایک ایسا کاغذ ہے جس سے (باوصف بے حد جسمانی تکلیف راقم کے) دماغی اختلال یا کمزوری کی کوئی علامت نہین ظاہر ہوتی ہے علاوہ برین وہ ایک ایسا کاغذ ہے جسپر ہر ایک بے لوث شخص یقین کریگا کیونکہ اُسکی نبیا دشہادت اور شہادت کے سوا دیسی خاندانون کے بڑے حامیون اور ایسے لوگون کی سفارشون پر قائم تھی جو حقیقت حال سے ذرہ ذرہ واقف تھے جیسے کرنل سلیمن جنرل نوار سر جیمس۔ اَوٹرم۔ اور گورٹ آف ڈائرکٹرس پوزڈ آف کنٹرول اور جلسہ وزراے انگلستان نے جسکے ایک ممبر سر گلینرائسٹون بھی تھے بعد غور کامل اُسپر عبارت ظہری ثبت کی تھی۔

اِس تجویز اور اُسکے جواز کے مفصل حالات درج کرنے کی اس سوانح عمری مین جانہین ہے۔ لیکن

ص ۴۹ ۔ دونون اردو نقلون مین یہان کچھ فرق ہے۔ ہم نے یہ فرق نہین لکھا۔ یہان کا عبارت مدعا کچھ سمجھ مین نہین آتی ہے۔ مترجم

اسقدر بیان کردینا لازم ہے کہ حکام انگلستان نے جو سخت ترین طریقہ اختیار کیا تھا اسکو بھی جان لارنس نے بالکل پسند کیا یعنی یہ کہ ملک ضبط کر لیا جائے اور گدی موقوف ہو مثل الحاق پنجاب اور مین خیال کرتا ہون کہ بخلاف اور صورتون کے جب لارڈ ڈلہوزی نے دوسرے ملکون کو شامل سلطنت کیا تھا یہ کارروائی شرایط عہدنامہ ہی کی رو سے لازم نہین تھی بلکہ صوبہ کی رعایا سے رہنے جو ذمہ داری کی تھی اُسکی رو سے ہم پر فرض ہی تھا یعنی ہمپر یہ بات فرض تھی کہ وہان کی رعایا کو اُس خود مختارانہ سلطنت سے محفوظ رکھین جو کم زور اور ظالمانہ اور مسرفانہ تھی اور سلطنت ایسی تھی کہ صرف ہماری ہی اعانت سے بچ گئی ورنہ جیسا مشرق کا دستور ہے یا تو بلوہ واقع ہوتا یا گدی نشین ماڑا جاتا۔ نومبر جنوری کو جان لارنس نے اپنے دوست کو نرمنی صاحب کو لکھا تھا کہ "مین خیال کرتا ہون کہ لکھنؤ کی بابت احکام آگئے ہین اور مجکو امید ہے کہ وہ ملک شامل سلطنت ہوجائیگا۔ سوا اسکے اور کوئی کارروائی کرنے مین غلطی ہے۔ قوانون حجامون اور اسی قسم کے اور لوگون کے سوا اور تمام لوگ اس کارروائی سے خوش ہونگے کاشکے میری عمر پینتالیس برس کے عوض پینتیس برس کی ہوتی اور یہ انتظام مجکو کرنا پڑتا۔ دو برس کے اندر وہان کا انتظام پنجاب کے برابر ہوجاتا۔ وہان کا انتظام یہان کی نسبت زیادہ سہل ہے کیونکہ وہان کوئی خطرناک سرحد نہین ہے"۔

جان لارنس ۱۷۔ فروری ۱۸۵۸ء کو کلکتہ پہونچے اور وہان پہونچکر ظاہر اُنکی پہلی خواہش یہ ہوئی کہ پھر اپنا کام درست کرڈالین۔ اپنے پیچھے جو کام وہ چھوڑ گئے تھے اور جو اُنکی غیر حاضری کے زمانہ مین منٹگمری صاحب پر پڑا تھا (منٹگمری صاحب خود بھی بے شمار کام رکھتے تھے اور سیکریٹو صاحب کرشنر مال کا کام حسب معمول پس ماندہ پڑا تھا) ظاہر ارادہ چارون طرف سے اُنکو گھیرے ہوئے تھا لارڈ ڈلہوزی ابتک بارک پور مین تھے بواسطے جان لارنس مونٹیس ہونے کے وہان پہونچے اور سر جان لارنس مونٹیس ہوئل مین مقیم ہوے۔ اسوقت کلکتہ کی بہار کا زمانہ شباب پر تھا۔ اور زرق برق پوشاکین متواتر جماعتین اور سابق گورنر جنرل کی روانگی اور نئے گورنر جنرل کی آمد کے متعلق گورنمنٹ ہوس مین شاہی ضیافتون اور تقریرون کا ہونا یہ سب کیفیتین بہ ہیئت مجموعی چیف کمشنر پنجاب اور اُنکی بی بی کی نگاہون مین جو سادی طور کی زندگی بسر کرنے والے معمولی عیش و تفریح سے حظ اُٹھانے والے اور ہمہ تن کام مین مشغول ہونے والے اور اُس سے کسیوقت سر نہ اُٹھانے والے تھے عجیب حیرت انگیز اختلاف پیدا کرتی تھین

اپنے پہونچنے کے دوسرے روز اُنھون نے منٹگمری صاحب کو یہ چٹھی لکھی تھی۔ ص ۴۹

مین یہان کل بہ سواری ریل پہونچا (اسوقت تک صرف بردوان تک جو کلکتہ سے ستر میل ہے ریل کی سڑک تیار ہوئی تھی) ہلوک بہت خوش ہین کہ سفر ختم ہوگیا۔ میری بی بی تندرست اور بشاش ہین گو بہت خستہ ہوگئین۔ دیکھئے کب لاہور کو واپس آتی ہین۔ عورت کے لیے یہ سفر بہت سخت ہے اور ایک مہینہ کے بعد اور بھی سخت ہوجائیگا۔

شیر گھاٹی مین مجھکو کارنٹن اور آپ کے چھوٹے بیٹے ہنری سے ملاقات ہوئی دونون آدمی تندرست معلوم ہوتے تھے کارنٹن دو ایک دن بردوان مین رہنے والے تھے لیکن وہ چوبیسوین کو جہاز روانہ ہونے کے قبل کوشش کرکے ہنری سے ملاقات کرینگے - آپ یقین مانئے کہ اس شہر مین جسکو بابل کہنا چاہیے کسی شخص کا تلاش کرنا دل لگی نہین ہے مین آج صبح کو مختلف لوگون کی تلاش مین جنھون نے یہان سکونت اختیار کی ہے گھومتا رہا لیکن کچھ حاصل نہوا . . . . گورنر جنرل سے ابتک ملاقات نہین ہوئی - وہ بارک پور مین ہین اور اُنکی طبیعت اچھی نہین ہے لیکن جیسا لوگون نے ظاہر کیا ہے ویسے علیل بھی نہین ہین - افسوس ہے کہ وہ سترھوین ماہ آیندہ تک ہندوستان سے روانہ نہونگے - یہ ہر طرح سے ایک بڑی دقت کی بات ہے -

لارڈ ڈلہوسی نے اپنے لفٹنٹ خاص کے پہونچنے پر بارک پور سے ایک نہایت دوستانہ چٹھی لکھکر اُنکا مقدم کیا ہندوستان مین جان لارنس کے نام کی یہ آخری چٹھی اُنھون نے لکھی تھی اور اسکے بعد کی چٹھیون مین بھی عموماً یہ چٹھی قریب قریب آخری تھی -

میرے پیارے پیر بدل جوان - آپ کی چٹھی ابھی پہونچی اور چونکہ مین کل شام کو کلکتہ مین پہونچونگا اس لیے مین آپکو یہان آنے کی تکلیف نہ دونگا بلکہ آپ سے نہایت ہی خوشی کے ساتھ منگل کے دن دوپہر کو ملاقات کرونگا - میرے جان لارنس میری تندرستی کا حال یہ ہے کہ مین ہر ایک امر کے اعتبار سے رینگنے والا کیڑا ہو رہا ہون -

مورخہ - روز یکشنبہ وقت شام - آپکا دوامی دوست صادق

ڈلہوسی

جان لارنس نے اس دوستانہ کے دل چسپ زمانہ مین جو چٹھیان لکھین بدقسمتی سے وہ کاروبار ہی کے متعلق تھین اور اُن چٹھیون اور چند ایسے لوگون کے ساتھ بات چیت کرنے سے جو اس زمانہ مین زندہ باقی رہ گئے ہین اور اُسوقت کے واقعات سے واقفیت رکھتے ہین ایسی کوئی بات دریافت نکر سکا جو اس مقام پر لکھنے کے قابل ہو - روزنامچون اور خانگی چٹھیون کا کچھ پتا نہین لگتا اور اس لیے مجکو اسوانح عمری ذاکے اور مقامات کی نسبت اس مقام پر زیادہ تر یہی کہنا پڑتا ہے کہ کاشکے کوئی اور شخص اُس زمانہ مین موجود ہوتا اور جن لوگون نے اپنی باہمی شرکت سے ایسے ایسے کارنمایان اور دلیری کی باتین کی تھین اور جو ہر طرح سے یاد رکھنے کے قابل ہین اُنکی نسبت کچھ تحریر کر جاتا - اُس رخصتی کیفیت کے متعلق جب لارڈ ڈلہوسی اپنے مُردنی چلاتے ہوے چہرے کے ساتھ لارڈ کیننگ کے استقبال کو گورنمنٹ ہوس کے زینون پر بڑھنے والے تھے ایک دلچسپ واقعہ مین دوسرے مقام پر لکھنے کے لیے اُٹھا رکھتا ہون کیونکہ اُسکا بیان اُس موقع پر زیادہ تر موزون ہوگا - ص ۴۹۳

لارڈ ڈلہوسی کی نہایت یاوسی کے ساتھ انگلستان سے ایسے وقت گرنٹ نہین پہونچا کہ لارڈ موصوف

ٹائیٹ گاڈنڈز آف دی بائبل کا خطاب جان لارنس کو دینے اور جان لارنس اس خطاب کو لارڈ موصوف کے ہاتھ سے لینے مین خاص مسرت حاصل کر سکتے - لیکن اگر اسوجہ سے جان لارنس کو کچھ رنج ہوا ہوگا تو وہ دو اور غیر مترقبہ واقعون کے وقوع سے اقل درجہ کچھ کچھ جاتا رہا ہوگا -

لارڈ ڈلہوسی نے جو یادداشت اس امر کی سفارش مین لکھی تھی کہ ملک پنجاب مین لفٹنٹ گورنری قائم کیجاے اور بطور امر لازمی وہان کے چیف کمشنر ملک مذکور کے لفٹنٹ گورنر مقرر کیے جائین وہ اسی زمانہ مین لکھی گئی تھی - دوسرا امر یہ تھا کہ یہان جان لارنس سے (لاہور کی غمناک مفارقت کے بعد پہلی اور پچھلی مرتبہ) انکے بھائی شیری سے ملاقات ہوئی اور تین دن کے عرصہ مین خوب باتین چیتین ہوئین - جان لارنس اڈورڈس صاحب کو لکھتے ہین کہ " کلکتہ مین تین دن تک میرے اور ہنری کے کچہری رہی - مین نے اس سے بہتر حالت مین انکو کبھی نہین دیکھا تھا - انکی داڑھی سابق سے لمبی اور سفید تو زیادہ ہوگئی ہے مگر وہ خود زیادہ قوی اور بشاش معلوم ہوتے ہین - وہ بالکل وطن جانے کی آرزو مین تھے اور کچھ کچھ خواہش یہ بھی رکھتے تھے کہ اسی وقت چلے جائین لیکن جے پور کے ایک معاملہ کی وجہ سے انکو رکنا پڑا - مین خیال کرتا ہون کہ آیندہ سال وہ ضرور جائینگے "

گورنر جنرل نے جو یادداشت اس بارے مین لکھی تھی کہ پنجاب کی چیف کمشنری بدلکر اسکی جگہ لفٹنٹ گورنری قائم کیجاے وہ تاریخ اور سوانح عمری دونون کے اعتبار سے قابل لحاظ ہے -

کلکتہ ۲۵- فروری ۱۸۵۷ء

۱- اودھ مین برٹش عملداری کے قائم ہونے کے متعلق جو کارروائیان ہوئی ہین انکی تکمیل کی لحاظ سے مجھے لازم آتا ہے کہ اپنا کچھ عقیدہ اس ضرورت کے مطابق منضبط بہ تحریر کر جاؤن جو اس بات کے لحاظ سے پیدا ہوتی ہے کہ گورنمنٹ ہند کو اپنے موجودہ بار اور کثرت کار سے جسکی حد درجہ اعتدال سے بے انتہا بڑھ گئی ہے چھٹکارا ملے -

۲- آٹھ برس پیشتر جب مین نے ہندوستان کی حکومت اختیار کی تھی تو ہر چار طرف یہی پکار تھی کہ یہ عہدہ نہایت ہی شقت اور جانکاہی سے شامل ہے - اب اس بات کا اندازہ کرنا کچھ دشوار نہین ہے کہ جسوقت گورنمنٹ ہند کے فرائض ۱۸۴۸ء کی نسبت بے حد بڑھ گئے ہین تو انکے ساتھ وہ جانکاہی اور شقت کسقدر بڑھ گئی ہوگی -

۳- انتظام سلطنت پنجاب اور انتظام صوبہ پیگو و انٹرنیشنل ٹیلنٹس و صوبہ جات تناسرم و ناگپور و اضلاع مفوضہ حیدرآباد الغرض ان سب باتون کا بار ۱۸۴۸ء کے بعد گورنمنٹ پر پڑ گیا - اب ان نئی خدمتون مین انتظام سلطنت اودھ کی درستی اور ہدایت کا بھی شامل ہوگیا ہے پس ۱۸۴۸ء سے لیکر اسوقت تک بہت سے سابق کے صوبون اور جدید علاقون کی براہ راست حکومت کرنے کا بار گورنر جنرل باجلاس کونسل پر عائد ہوگیا - ان سب ملکون کی سرکاری مالگزاری چالیس لاکھ پونڈ سے کم نہوگی -

ص ۴۹۴

۴- ان سب باتون کے سوا اندرونی انتظام کے تبادلون اور اصلاحون کی وجہ سے بہت سے نئے بار گورنمنٹ عالیہ پر پڑ گئے ہندوستان بھر کے کل ڈاکخانون کی نگرانی اسوقت آخری درجہ مین گورنمنٹ عالیہ کے ذمہ نہین ہے - اسی طرح ہندوستان کی تمام تار برقی کا انتظام بھی گورنمنٹ کے سپرد ہے - ہندوستان کی ریلون کے متعلق معاملات کی خاص نگرانی گورنر جنرل باجلاس کونسل کے ذمہ عائد کی گئی ہے اور صیغہ تعمیرات سرکاری کے سکرٹریٹ کا محکمہ جس مین تمام سلطنت کی تعمیر وغیرہ کی نگرانی شامل ہے - وہ بھی براہ راست گورنر جنرل باجلاس کونسل کے زیر اختیار کر دیا گیا ہے -

۵- تمام محکمون مین کام کرنے کا میدان بڑھتا جاتا ہے لیکن جب اسمین سات سلطنتون اور صوبون کے معاملات اور شمار محکمون کی نگرانی (اور انمین سے ہر ایک محکمہ کل سلطنت پر حاوی ہے) بھی شامل کر دیجائینگی تو کوئی تعجب نہین ہے کہ اسقدر بار انسان کے اٹھائے نہ اٹھ سکے -

۶- یہ سچ ہے کہ گورنمنٹ ہند کا کام ایک لفٹننٹ گورنر کے سپرد ہے لیکن اس تدبیر مین صرف گورنر جنرل کو سیکرٹری حاصل ہے گورنمنٹ عالیہ و ممبرن کے لیے وہی بات بصورت مین بھی باقی رہتی ہے اور اور دھر لجسلیٹو کونسل نے انکی محنتون کو اور بڑھا دیا ہے اور اسمین بڑا وقت صرف ہوتا ہے -

۷- یہ خرابی علی الاتصال اور بہ عجلت بڑھتی ہی گئی کیونکہ مین دیکھتا ہون کہ فروری ۱۸۵۵ء سے روزمرہ کے کاروبار مین نہایت زیادتی ہوگئی ہے -

۸- مین نے کبھی مدد کی استدعا نہین کی اور اگر گورنمنٹ کا اختیار اپنے ہاتھ مین رکھتا تو کبھی ایسا نکرتا - لیکن چونکہ میرا اسوقت کا فعل شاید غلط نہ سمجھا جائیگا اور نہ اس بات پر محمول ہوگا کہ مین اپنے تئین بچانا چاہتا ہون اسواسطے مین بلا تامل اپنا یہ عقیدہ ظاہر کرتا ہون کہ اگر اودھ کی سلطنت کا کام گورنمنٹ کے لیے اور بڑھا دیا گیا تو یہ کبھی ممکن نہ ہو سکیگا کہ گورنر جنرل باجلاس گونسل اُن تمام خدمتون کو جو اب گورنمنٹ عالیہ پر پڑ رہی ہین انجام کر سکے - ص ۴۹۵

۹- چارہ کار کا کوئی طریقہ تلاش کرنا ازبس ضروری ہے -

۱۰- گذشتہ کچھ دنون سے گورنمنٹ ہند نے نئے صوبون کے انتظام کا کام براہ راست جو اپنے ہاتھ مین لیا ہے اُسکو عوام مین بہت مقبول قرار دیا ہے - لیکن یہ خدمت ایسی ہے جو گورنمنٹ ہند کی نوعیت سے مختلف ہے جسکا سا سب کام یہ نہین ہے کہ وہ خود بذات کل گورنمنٹ ہو جاے بلکہ یہ ہے کہ وہ دوسری گورنمنٹون کی نگرانی رکھے - پس رفتہ رفتہ اور جو جو نئے صوبے علاوہ اپنا کام چلانے کے لائق ہوتے جائین اسی طرح سے ایسے صوبون کے انتظام کا عملی اختیار گورنمنٹ کو چھوڑ دینا چاہیے -

۱۱- پس مین گورنر جنرل باجلاس گونسل کی مخلصی کے لیے جو طریقہ تجویز کر رہا ہون اُسکی تعمیل اسی اصول کے

تاثیر دینے سے ہو سکتی ہے بشرطیکہ یہ سیکرٹ معزز شرکا اُس اصول کی نسبت اپنی رضامندی ظاہر کرین۔

۱۲۔ پنجاب قریب قریب سات برس کے عرصہ سے گورنر جنرل اجلاس گورنمنٹ کے زیر انتظام ہے۔ مین سمجھتا ہون کہ اب وہ اس حالت مین ہے کہ اُسکی ایک علحدہ گورنمنٹ کر دیجاے۔ میری تجویز یہ ہے کہ قانون شاہی کے اختیار کی رو سے پنجاب مین لفٹننٹ گورنری قائم کر دیجاے اور سر جان لارنس یعنی وہی لائق اور نامی آدمی جو ابتدا سے اُسکی گورنمنٹ مین شریک رہے لفٹننٹ گورنر پنجاب مقرر ہون۔

۱۳۔ میرے نزدیک اس بات کی کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ کسی صوبہ مین صرف اُسکے صوبہ غیر آئین ہونے سے لفٹننٹ گورنری نہ قائم ہو۔

۱۴۔ اگر خیال کیا جاے تو پنجاب بذات خاص اسقدر چھوٹا ملک ہے جسمین لفٹننٹ گورنری کی گنجایش نہین ہے تو اُس صورت مین میری تجویز یہ ہے کہ لفٹننٹ گورنری مین صوبہ سندھ بھی شامل کر دیا جائیگا۔ سندھ کے شامل ہو جانے سے صرف مالی ہی اختیار کو وسعت نہوگی بلکہ ملکی اختیار بھی بہت بڑھ جائیگا۔ . . .

۱۸۔ بہرحال مین بہت زور کے ساتھ یہ صلاح دیتا ہون کہ اب پنجاب مین مع سندھ یا بلا شمول سندھ لفٹننٹ گورنری قائم کر دیجاے۔

۱۹۔ لفٹننٹ گورنری کا قائم ہونا گورنر آف ڈائرکٹرس پر منحصر ہے۔ اگر اُس معزز دربار نے اُسکا قائم ہونا منظور کر لیا تو اُسکے منصب دار کی نامزدگی سیکرٹ جانشین پر منحصر ہوگی۔ اور مجکو بخوبی تمام یقین ہے کہ میرے جانشین کی تجویز اور ترغیب یکسان طور پر یہی ہوگی کہ عہدۂ مذکور کے لیے اُس شخص کو منتخب کرے جسکو ایک زمانہ تعریف و تحسین کے ساتھ فوراً پہچانکر یگا یعنی جان لارنس کو۔

دستخط۔ لارڈ ڈلہوسی

ص ۴۹۶ گورنر جنرل کی تجویز کو ممبران کونسل نے جسمین جنرل آنجہانی پیٹر گرینٹ اور برنس سکاٹ ایسے ہر طرح کے نامی گرامی لوگ شامل تھے دو تحسین کے ساتھ، قبول کیا اُن سب سے افضل شخص (جو بعد کو سر پیٹر گرینٹ اور گورنر جبرالٹر ہوے) کی یادداشت کے چند فقرات اس مقام پر قابل درج ہین۔

مجکو ہر ایک امر کے اعتبار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آخری چارٹر ایکٹ کے وضع کرنے والون نے جسوقت کی پیشین گوئی کی تھی وہ وقت اب آگیا ہے اور علاقہ واقع سواحل دریاے سندھ کی ایک جداگانہ گورنمنٹ ایک لفٹننٹ گورنر کی ماتحتی مین فوراً قائم کر دینا چاہیے۔ اسکو ہندوستان کا ہر ایک شخص ایک عمدہ بات تصور کریگا کہ اس تبادلہ سے ہندوستان کے ایک نہایت لائق اور کامیاب نظم کے عہدہ مین ترقی ہوگی جسکا وہ مستحق ہے . . . . مین یقین کرتا ہون کہ سندھ

حق مین بالتخصیص یہ بات مفید ہوگی کہ وہ صوبہ پنجاب مین شامل کردیا جاے - اسکی وجہ جا ہے جو کچھ ہو لیکن یہ امر یقینی ہے کہ موجودہ انتظام مین اُدھر تو پیسوں اور فوجی محکمون کا خرچ زیادہ رہا اور ادھر ملک مذکور یعنی سندھ مین بہ سبب اور کسی نو مفتوح صوبہ کے جو ہندوستان کے اسطرف واقع ہے خاطر خواہ نتیجہ کم پیدا ہوگا - محکو اس بات پر غور کرنے کی کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ ملک سندھ کی یہ حالت (اور اگر ہم نقشہ جات مالگزاری پر لحاظ کرین تو ہم کہ سکتے ہین کہ پیسا) حالت قدرتی اور ناگزیر علتون سے پیدا ہوئی پس خرابی کی علت کے لیے ہمکو طریقہ انتظام پر نظر کرنا چاہیے اگر ملک سندھ پنجاب مین ملا دیا گیا تو اُسکے مالی انتظام کا طریقہ ویسا ہی ہوجائیگا جسکی وجہ سے اسوقت ممالک مغربی اور شمالی گلزار ہو رہا ہے اور وہی کیفیت پنجاب کی بھی ہے پس کوئی وجہ نہین ہے کہ سندھ مین بھی وہی نتیجہ پیدا ہو -

سر باڑنس پیکاک جو ایک اعلےٰ درجہ کے مقنن تھے اپنی راے زیادہ احتیاط مگر اسی قدر زور کے ساتھ ظاہر کی -

مین اس راے سے متفق ہون کہ پنجاب مین لفٹننٹ گورنری قائم کردیجاے اور میرے نزدیک نہایت ضرور ہے کہ سندھ بھی اُسکے ساتھ ایک گورنمنٹ کے ماتحت کر دیا جاے - مین تہ دل سے اُس سفارش مین شریک ہون جو مسٹر جان لارنس کے لیے کی گئی ہے -

لارڈ کیننگ فروری ۱۸۵۶ء کے آخری روز کلکتہ مین داخل ہوے اور لارڈ ڈلہوسی نے اُن پر پیر اُنکا استقبال کیا جہان نبیرے بادشاہ بنے اور بڑے گیے اور ایک نہایت ہی دلچسپ اور لطیف تقریر کے ذریعہ سے وہ اپنے پیو پہنچے کے ۵ منٹ کے اندر، (جیسا کہ انھون نے اپنے ایک دوست کو لکھا تھا) وہ ہندوستان کے گورنر جنرل ہوگئے - ایک ہفتہ تک گورنمنٹ ہوس مین یہان آنے اور یہان سے جانے والے فرمانروا ایک جگہ متوقف رہے اور صلاح و مشورہ مین اس سرگرمی کے ساتھ اور اتنی اتنی دیر تک مصروف رہے کہ لارڈ کیننگ کو جیسا کہ انھون نے ولایت کی ایک چٹھی مین لکھا تھا، اُس کل زمانہ مین ایک مرتبہ کے سوا کھڑکی کے جھانکنے کی مہلت نہین ملی، جس شخص نے اس سوانح عمری کے صفحات کو اُلٹ پلٹ کر دیکھا ہے اُسکے ذہن مین کچھ خیال اس بات کا پیدا ہوجائیگا کہ ایک کو کسقدر بیان کرنا اور دوسرے کو کسقدر سننا اور یاد رکھنا تھا - اور اس بات کا پورا پورا خیال شاید اُن چند لوگون کے سوا اور کسی کے ذہن مین نہین پیدا ہوسکتا ہے جو خود گورنر جنرلی کے عہدہ پر ممتاز ہوے اُسکے بار سے پست نہین ہوے اور بعد کو اُسپر خیال کرنے کے لیے زندہ باقی رہگیے -

دونون گورنر جنرلون کی گفتگو کے زمانہ مین جان لارنس نے جیسا کہ لارڈ ڈلہوسی کو منظور تھا اپنے نئے چیف سے بہت اچھی طرح ملاقاتین کین اور اُنکے اوپر اپنا اثر پیدا کیا جسکی قوت اُس چند روزہ کجائی کے

ص ۴۹۷

یعنی گورنر جنرل کا زنانہ سواری کے ساتھ دوسرے زنانہ سواری کے ساتھ آنا جانا

زمانہ مین اسقدر نہ معلوم ہوئی ہوگی جسقدر اُس سخت آزمایش کے زمانہ مین معلوم ہوئی جب ملک بھر مین طوفان پھیل گیا اور اُسوقت جان لارنس شمالی اور شمال مغرب ہندوستان کے قریب قریب ویسے ہی اصل گورنر جنرل ہوگئے جیسے لارڈ کیننگ مشرقی اور جنوب کے گورنر تھے۔

۶- مارچ کو لارڈ ڈلہوسی بہ سواری ریل کلکتہ سے روانہ ہوے۔ اُنکی روانگی کے وقت انگریزون اور ہندوستانیون کا ایک مجمع کثیر مجتمع تھا اور اُن مین سے ایک شخص بھی اُس فرمانروا کی عزت و توقیر مین قاصر نہین رہا جسنے سلطنت کے بڑھانے اُسکے وسایل کو ترقی دینے اور اُسکی عام رعایا کی حالت کو عروج پر پہونچانے مین اسقدر کوشش کی تھی اور جس نے ایسی بیباکی اور اپنی خالص ایمانداری سے کام کیا تھا اور اب مخلوق سے چور ہوکر وطن جاتا تھا۔ اُن لوگون مین جو جہاز تک لارڈ ڈلہوسی کے ساتھ گئے تھے "جان لارنس" بیشک سب مین زیادہ مغرور تھے اور جن لوگونکو لارڈ موصوف اپنے پیچھے چھوڑے جاتے تھے اِن سب سے جان لارنس ہی کا افسوس اُنکو زیادہ تھا۔ وہ اب تک صرف "جان لارنس" تھے کیونکہ گزٹ اگرچہ ہندوستان کو روانہ ہوچکا تھا لیکن لارڈ ڈلہوسی کو کلکتہ مین ایسے وقت نہ پہونچ سکا کہ وہ اُسکو دیکھ سکتے اور اُنکو یہ گزٹ لنکا مین ملا۔ اسمین سر ولیم میور اور سر جیمس اُٹرم اور سر جان لارنس کا بھی نام تھا اور چیف کمشنر ابھی لاہور مین پہونچنے بھی نہ پاتے ہونگے کہ اُنکے اُس اعزاز کی خبر کے ساتھ جو انجام کار اُنکو دیا گیا تھا لارڈ ڈلہوسی کی بہار کبادی چٹھی بھی اُنکو پہونچی۔ یہ چٹھی سمندر مین جہاز پر سے لارڈ موصوف نے لکھی تھی۔ ص ۴۹

جہاز فیروز مقام سمندر ۲۰- مارچ ۱۸۵۶ء

میرے پیارے لارنس- لنکا مین ولایت کی جو خبرین آئین اُنسے مجکو معلوم ہوا کہ آخر کو آپ کا نام خطاب کے سی بی کے ساتھ مندرج گزٹ ہوگیا۔ آپ تصور کیجیے کہ آپکی لیاقتون اور کارگزاریون کے اعتراف سے مجکو کسقدر خوشی حاصل ہوئی ہوگی لیکن اسپر بھی مجکو تحریرًا اپنی خوشی ظاہر کرنا چاہیے اور اُس خوشی کو مین تہ دل سے ظاہر کرتا ہون۔ اس سے بڑھکر کسی شخص نے اِس اعزاز کا استحقاق نہ پیدا کیا ہوگا اور آپ کے تمام عزیزون اور دوستون مین کوئی شخص ایسا نہوگا جسکو آپ کی یہ عزت افزائی دیکھکر مجھسے زیادہ خوشی حاصل ہوئی ہو۔ راہ مہربانی یہ طرف سے لیڈی لارنس کو میری دلی بہار کبا دیجیے اور تہ دل سے میری دعا کہیے۔

اُس روز گھاٹ پر آپ سے رخصت ہوتے وقت میری حالت بہت نقیہ تھی۔ اور مین اچھی طرح سے آپ کو رخصت نکر سکا لیکن جن لوگون کو مین اپنے پیچھے چھوڑے جاتا ہون اُنمین سے کسی کی دوستی میرے نزدیک گران قدر نہین ہے اور نہ کسی کی کارگزاریون کا مین آپ سے زیادہ معترف ہون میرے پیارے جان خدا آپ کو خوش رکھے۔ حسب الوعدہ مجکو خطوط لکھتے رہیے گا اور مجکو اسوقت اور ہمیشہ سمجھتے رہیگا کہ مین ہون۔

آپ کا دوست صادق- ڈلہوسی

بنام سر جیمز لارنس کے۔ سی۔ بی

اس طور پر جان لارنس کی زندگی کا ایک بڑا زمانہ آیا اور گذر بھی گیا۔ وہ اب اپنے زمانۂ ملازمت کے ایسے مقام پر پہونچے تھے جو ہمارے بعض مدبرین ہندوستان کے اطمینان قلب کے حق مین جیسا کہ اُنکے بھائی ہنری کے حق مین ثابت ہوا ہے اسقدر مضر نکلا۔ یہ وہ وقت تھا جب اُنکو اپنے پورے اختیار اور تجربہ کے ساتھ حتی الامکان نہایت عمدگی یا بہرحال ضرورت کے مطابق اپنے نئے مالک سے نباہنا تھا یہ تبادلہ عمدہ سے عمدہ حالتون مین بھی ہمیشہ نہایت سخت ثابت ہوا ہے کیونکہ بے کید گفتگو پوری ہمدردی اور بے تکلفانہ دوستی کے بعد اقل درجہ ایک اجنبیت متانت اور مجبوری کا زمانہ آنے والا تھا جس طرح سے اُنھون نے اس آزمایش اور اس سے بھی بڑی بڑی آزمایشون کا امتحان کیا اُسکی کیفیت آیندہ بیان کیجائیگی۔ لیکن اُنکے ایام ملازمت کے اس نازک زمانہ مین قبل اسکے کہ وہ وقوع طوفان کے سنسناہٹ کی پہلی آواز ہندوستان مین سنی جاتی اور ایسے وقت جب اُنکے صوبہ مین ہر طرح سے امن و امان اور ترقی تھی یہ باب شاید خاتمہ پر نہایت ہی موزون ہوگا۔

ص ۴۹۹

باب پانزدہم

جان لارنس اور افغانستان۔ طوفان غدر کی سنسناہٹ

۱۸۵۶ء تا نہایت ۱۸۵۷ء

لارڈ ڈلہوسی کی روانگی اور اس بلوۂ عظیم کے شروع ہونے کے مابین جس سے چیف کمشنر پنجاب مبدل بحال کہو مختار ہو گیا ایک سال سے کچھ زائد عرصہ گذرا ہوگا۔ اور میرا قصد ہے کہ اس باب مین جو اب مین اُنکے صلح آمیز ایام حکومت کے متعلق لکھ سکتا ہون جہانتک ضرورت یا گنجایش ہے سر جان لارنس اور دوست محمد کی باہمی ملاقات مقام پشاور کا ذکر کرون جس سے ایام غدر مین افغانون کو ہمارے ساتھ اور سر جان لارنس کو اس زمانہ کے بعد عمر بھر افغانستان کے ساتھ برتاؤ رکھنے مین مدد ہونچی۔ میرا یہ بھی قصد ہے کہ جا بجا بعض ایسی چھٹپٹون کے خلاصے درج کرتا جاؤن جنسے اُنکے منظم و فسق اُنکے برتاؤ اور اُنکی رایون کے ایسے حالات لوگون پر عیان ہو جائین جو ابتک کافی طور پر زور دیکر بیان نہین کیے گئے یا جنکو اس مناقشہ عظیم سے کوئی تعلق ہے جو عنقریب ظہور پذیر ہونے والا تھا مگر لوگ اُس سے قریب قریب بے خبر تھے۔

مین ابھی بیان کر چکا ہون کہ تبدیلی حکام کی وجہ سے ایسے شخص پر جو سر جان لارنس کی سی بھاری لیاقت سلم خیالات اور وسیع تجربہ رکھتا ہو کیا مصیبت پڑتی ہے سال ماقبل مین اُنھون نے لارڈ ڈلہوسی کو لکھتا تھا کہ "مجھے امید ہے کہ یہ امر صحیح نہوگا کہ کارنگٹن کیبارگی چلے آئینگے اور جس طرح

لوگ کہہ رہے ہین اُسقدر جلد ہمکو حضور کے جانے کا صدمہ اُٹھانا پڑیگا مجھکو ضرور بیان کرنا چاہیے کہ اس ملک سے حضور کے چلے جانے کا مجھکو کمال قلق گذریگا گو مجھے یقین ہے کہ اسمین آپکا ذاتی فائدہ اور آسایش متصور ہے جس عہدہ پر مین ہون اُس عہدہ کے منصب دار کے لیے لازم ہے کہ گورنر جنرل اُسپر ذاتی بھروسہ رکھتے ہون اور مین مشکل سے یہ امید کرسکتا ہون کہ جیسا خوش نصیب مین حضور کے زمانہ مین رہا ویسا آپ کے جانشین کے زمانہ مین رہ سکون اگر ایسا ہوا تو مین بہت جلد انگلستان مین حضور کی قدمبوسی حاصل کرونگا اور امید ہے کہ اُسوقت تک حضور کی تندرستی اور اعزاز مین بہت کچھ ترقی ہو جاے،، لارڈ ڈلہوسی اور اُنکے جانشین کے مابین جیسا دو عالی دماغ اور لائق شخصون کے درمیان ہونا چاہیے نہایت ہی اختلاف تھا لیکن جان لارنس نے جو کلکتہ مین گورنر جنرل سے ملاقات کی اور اُسکے بعد لارڈ کیننگ نے چاک اور محبت سے اُنکو چٹھیان لکھین تو اُس سے اُنکو بڑی خوشی ہوئی اور آیندہ کے لیے اطمینان حاصل ہوا پہلی چٹھی مین اُنھون نے بڑی گرمجوشی سے اُنکے خطاب حاصل کرنے کی مبارکباد دی اور صرف اس بات کا افسوس ظاہر کیا کہ خود لارڈ کیننگ اُنکو یہ خطاب تفویض نہ کرسکے ۔ لارڈ ڈلہوسی کے چلے جانے کے چند ہی مہینے بعد جان لارنس نے اُنکو لکھا کہ وہ لارڈ کیننگ سے مین بہت خوش ہون حضور نے جیسا کہا تھا مین نے اُنکو ویسا ہی پایا وہ رحم دل خلیق اور سمجھ دار اور ساتھ ہی اُسکے تیز دست اور لائق حاکم ہین مجھے امید ہے کہ جب تک مین یہان ہون اُسوقت تک لارڈ ممدوح ہندوستان مین رہین اور ایکر تبہ پنجاب کو بھی آکر ملاحظہ کرین -

لارڈ کیننگ کو ابھی اپنے عہدہ جلیلہ کے معمولی کامون سے واقفیت حاصل کرنے کا وقت بھی نہ ملنے پایا تھا کہ یکایک جنگ ایران کے آثار اُنکے پیش نظر ہوے اور یہ امر اُنکی طبیعت کو نہایت ہی ناگوار گذرا - دستور کے مطابق ہمتمان اِنسٹ انڈیا کمپنی نے اُنکی روانگی کے قبل انگلستان مین اُنکی دعوت کی اور اس دعوت مین اُنھون نے جو تقریر کی اُس سے دنیا کے لوگون پر ظاہر ہوگیا کہ جس طرح اُنکی شریف صورت صفائی کے سانچہ مین ڈھلی ہوئی تھی اُسی طرح اُنکی ذاتی کیفیت اور حکمت عملی بھی سنجیدہ اور متحمل تھی یہ صاف ظاہر ہے کہ وہ فوجی ناموری کے خواہان نہین تھے اور یہ بھی اُنھون نے انکسار اور بہادری کے ساتھ بیان کردیا تھا کہ جو وسیع ذمہ داریان گورنر جنرل کے عہدہ سے متعلق ہین اُنمین مین کوئی اضافہ نہین چاہتا اسلیے جنگ ایران اُنکی پیدا کی ہوئی نہین تھی بلکہ اسکی ابتدا وہ حماقت محض ہے جسکی وجہ سے اول جنگ افغانستان کی ذلتین اور مصیبتین حاصل ہوئی تھین - وہ جوش وخروش جو ابتدا مین پیدا ہوا تھا گذر چکا تھا اور انگلستان یا ہندوستان مین ایسے بہت کم لوگ تھے جو یہ نہ سمجھتے ہون کہ ایک آزاد اور کشیدہ خاطر قوم پر اپنی طبیعت سے پسند کرکے جو ہمنے ایک خود مختار فرمانروا کو مسلط کرنا چاہا تو یہ ایک بڑی فاش غلطی اور سنگین جرم کیا - ابتدا تو بُری ہی تھی لیکن بعد کو جب اُن غلطیون کا حال معلوم ہوگیا تو بھی طیش وغضب مین پھر اسکا اعادہ کیا گیا - جس امر مین ہمکو کابل مین ناکامی حاصل ہوئی تھی اُسکے لیے ایک طور پر ہمنے ہرات پر کوشش کی

خط ۵

ص۵۰ یہ مقام ہماری سلطنت ہندوستان سے کوئی دو سو میل کے فاصلے پر واقع ہے ایک امر کے اعتبار سے تو ہمنے بڑی دانشمندی کی تھی ہمارا قصد چندان یہ نہ تھا کہ ہرات کے تخت پر کسی خاص شخص کو بٹھائین بلکہ زیادہ تر یہ ارادہ تھا کہ بعض لوگون کو اوسپر قابض ہونے سے باز رکھین چونکہ ہرات افغانستان اور ایران کے درمیان واقع ہے اسلیے ہمارا قصد یہ ہوا کہ جہانتک اختیار چل سکے دونون مین سے کسی کے پاس نہ رہ سکے ہلوگون کو خیال یہ ہوا کہ ملک ہرات فرقہ بارک زئی کے لوگونکے قبضہ مین نرہنے پائے کیونکہ ہمنے دوست محمد کو اسقدر نقصان پہونچایا تھا جس سے امید نہین رہی تھی کہ وہ خواہ مخواہ کو ہمارے اختیار کے بڑھنے کی خواہش کریگا ہم یہ بھی نہین چاہتے تھے کہ ہرات ایران کے قبضہ مین رہے کیونکہ یہ بیدار معاًان لوگون پر جو حالات سے واقف ہین نہ اسوقت کھلا تھا اور نہ اب کھلا ہے کہ ایران روسیون کا کٹھ پتلا ہے اور اگر ایرانیون نے ہرات پر قبضہ کرلیا تو ایران نہین بلکہ روس چڑھائی کریگا اور یہ چڑھائی ہندوستان پر نہین (یہ تحقیقات جغرافیہ زمانہ حال کے لیے اٹھا رکھی گئی تھی) بلکہ افغانستان پر ہوگی چنانچہ یہی وجہ ہے کہ جب ۱۸۵۳ء مین ایران کی طرف سے ہرات پر حملہ ہوا تو ہماریطرف سے سخت مخالفت ہوئی اور شاہ سے وعدہ لیا گیا کہ وہ ہرات کو آزاد رہنے دینگے لیکن اسکے بعد جنگ کرایبیا واقع ہوئی اور چونکہ شاہ کو انگریزون کی نسبت جنھون نے باسٹوپول پر قبضہ کیا تھا روسیون کا زیادہ خیال ہوا کیونکہ انھون نے خیوا اور قرص پر قبضہ کرلیا تھا اور اب پھر ہرات کی جانب دندان طمع تیز کرنے لگے تھے دونون ملکون کے درمیان معاملہ فہمی کے تعلقات منقطع ہوگئے تھے اور دوست محمد نے پھر اپنے مشترک دشمن کے خلاف ہماری مدد چاہی تھی گورنمنٹ انگلستان نے یہ معاملہ اپنے ہاتھ مین لیا اور ۱۱ جولائی ۱۸۵۷ء کو اتمام حجت کے لیے ایران کو لکھا کہ اگر ہرات پر حملہ کیا گیا تو انگلستان سے جھگڑا اخریدنا پڑیگا۔

ایران کے متعلق جو ہمارا ممدوح اور خرچ کثیر پیدا کرنے والی کارروائیون کے یہ آثار ظاہر ہوے وہ لارنس اور سر جان لارنس دونون کو ناگوار گذرے اور انکو یہ تجویز ہرگز پسند نہین آتی تھی کہ افغانستان سے نیا عہدنامہ کیا جاے اور جدید بیچیدگیان پیدا کیجائین دونون کا خیال یہ تھا کہ اگر لڑائی ہو تو بہتر ہے جسمین افاغنہ ہمارے دشمن نہون بلکہ دوست ہون اور اگر افاغنہ سامان رسد اور بندوقین لیکر خوش ہوجائین تو جس بات کا ہمکو سب سے بڑھکر خطرہ ہے وہ ٹل جاے یعنی یہ کہ انگریزی فوج افغانستان سے ہوکر گذر جاے اور افغانستان کے ملکی معاملات مین جدید مداخلت پیدا ہوجاے۔ ہماری طرف کی کارروائی کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ بحری قوت ص۵۱ کا خلیج فارس مین کچھ اظہار کیا جاے اور ایک قلیل انگریزی سپاہ ساحل پر اوتاری جاے اور باقی جو کچھ ہے وہ افغانستان کی طرف سے ہرات پر فوج کشی کرنے مین پورا ہوجائیگا۔

چنانچہ لارڈ کیننگ نہایت ثابت قدمی کے ساتھ کام مین مصروف ہوے جان لارنس کو لکھا کہ اس مہم کے لیے پنجاب کی غیر تواعد دان سپاہ سے کسقدر لوگ آپ بہم پہونچا سکتے ہین انکو تحریر کیا کہ آپ اس امر

اپنے عام خیالات سے آگاہ کرین اور مہم کے اعلیٰ کمانڈیز کی تقرری کے بارے مین جو ایک بڑا نازک مسئلہ تھا اُنسے صلاح پوچھی۔ ایک چٹھی کے جواب مین جان لارنس نے لکھا تھا کہ

۲۸۔ جولائی ۱۸۵۶ء۔ (نہایت راز کی چٹھی)

پیارے حضرت۔ آپ نے ۱۰ اپریل کی چٹھی مین مہم ایران کی کمان کے لیے کسی لایق کمانڈیز کی تقرری کے بارے مین لکھا ہے کہ یہ معاملہ نہایت ضروری ہے اور اسمین شک نہین کہ یہ مسئلہ جسقدر بھاری بیان کیا جائے اُسمین کوئی مبالغہ نہین ہوسکتا آپ بہت صحیح فرماتے ہین کہ اِس مہم کے کمانڈیز کو ملکی اور فوجی معاملات مین بھی ازبس لایق اور صاحب قوت ہونا چاہیے مین اِس خیال سے بالکل اتفاق رائے کرتا ہون لیکن ایسا شخص کہان میسر آئیگا۔ اگر آپ کوئی ایسا شخص رکھتے ہون یا آپ کی نگاہ مین اگر کوئی شخص اسطرح کا پایا جاتا ہو تو اُس سے مجھے آگاہ فرمائیے۔ . . . . مین التجا کرتا ہون کہ اِس بارے مین آپ اپنے نہایت مخفی خیالات سے مجھکو اطلاع بخشینگے۔

جن دو آدمیون کی نسبت لارڈ کیننگ نے لکھا تھا کہ وہ ضرور تون کو پورا کرسکینگے اُنمین سے ایک سر جیمز آؤٹرم بارٹ اور دوسرے جنرل ایس کاٹن تھے جان لارنس نے اُسکے جواب مین جو لکھا وہ اُنکی خاصیت کا اسقدر اظہار اور اُنکے دل و دماغ کی صفتون کو اسقدر ثابت اور لاہور مین دونون بھائیون کے بعد ہونے کی پُر درد کیفیت اِس عمدگی کے ساتھ عیان کرتا ہے کہ مین اُسکو حرف حرف اِس مقام پر درج کرتا ہون۔

مقام مری ۹۔ اگست ۱۸۵۶ء

حضور عالی۔ حضور کے مکتوبات مورخہ ۲۸ جولائی ہو پہنچے حضور ملکہ معظمہ اور سرکار کمپنی کی ملازمت مین جو افسر ہین اُنکی فہرست کو بغور مین نے معائنہ کیا اور اِس مہم ایران کی کمان کے لیے میرے نزدیک وہی لوگ لائق ہین جنکے نام فہرست مسلکہ مین درج کیے گیے ہین مین نے اپنے خیال کے مطابق چند الفاظ مین ہر ایک افسر کی قابلیت کا حال درج کردیا ہے۔ مجکو سر جیمز آؤٹرم بارٹ کا حال زیادہ معلوم نہین ہے لیکن جو افسر مہم کیپ پر گئے تھے اُنکے بیان سے یہ نہین معلوم ہوتا کہ صاحب موصوف سے یہ کام انجام ہوسکیگا۔ بریگیڈیر سر جیمز آؤٹرم میرے نزدیک ہندوستان بھر مین بہترین افسر ہین وہ ایک بڑے تجربہ کار افسر ہین اپنے پیشہ سے اُنکو کمال ذوق ہے اور انتظامی لیاقت بھی بہت کچھ رکھتے ہین جن افسرون کے نام مین نے فہرست مین درج کیے ہین اُنمین ایک کو مستثنےٰ کرکے لیس کاٹن صاحب شاید سب سے اچھے ہین لیکن وہ ایسے افسر نہین ہین جنکو پولیٹکل اختیار دیکر کچھ فائدہ کی اُمید کیجاسکے جس شخص کو مین اِس مہم کے لیے نامزد کرنا چاہتا ہون وہ میرے اپنے بھائی ہنری ہین۔ مین حضور کو یقین دلاسکتا ہون کہ اسمین مین اُنکی کچھ ذرا بھی رعایت نہین کرتا وہ بہت کچھ کام کرچکے ہین۔ وہ برما کی پہلی لڑائی افغانستان کی دوسری لڑائی اور ستلج کے دونون معرکے جھیل چکے ہین وہ ایسے افسر نہین ہین جنکو ہر صیغہ کے حالات سے واقفیت حاصل ہو مگر اُن اپنے خاص صیغہ ملازمت (توپخانہ) سے خوب آگاہ ہین اور فروعات کے سیکھنے کا

ص ۵۰۳

آنکو چندان شوق نہین ہے لیکن برخلاف اسکے اُنمین بڑی ذاتی لیاقت اور کمال رعب پایا جاتا ہے اپنے ماتحت افسرون مین نہایت عزیز رہتے ہین اور ملکی اور انتظامی معاملات مین بڑی قابلیت رکھتے ہین وہ قوی الجثہ اور قوی الدماغ بھی ہین اور پنجاب یا شاید بالائی ہندوستان مین فوج بنگالہ کا کوئی عمدہ سپاہی ایسا نہوگا جو اُنکی ماتحتی مین خوشی سے جانا منظور نکرے اگر وہ کمانڈر انچیف کمانڈر اُنکے ماتحت کمانڈر مقرر ہون تو انتظام بہت ٹھیک اور بہت کامل ہوجائیگا اگر میرے بھائی پر کوئی سانحہ گذرا تو سوفت تک کمانڈر صاحب اِن معاملات سے جنمین فی الحال وہ خام ہین ہوشیار ہوجائینگے - کمانڈر صاحب صیغۂ فوج کے متعلق تمام فروعات سے خوب آگاہ ہین اور اپنی ساری محنت اور خیال اپنے سپاہیون کی بہبودی مین صرف کرتے ہین - لیکن جو قابلیت اور بلند خیالی میرے بھائی مین پائی جاتی ہے وہ اُنمین نہین ہے - ایران ایسے ملک پر حملہ کرنے مین صرف لڑائی ہی کا سامان نہین کرنا چاہیے بلکہ مشرقی قومون اور سردارون سے برتاؤ کرنے کا بھی بندوبست ہونا ضرور ہے - جناب والا میری اس تحریر سے کچھ اور خیال نکرینگے اگر مین اپنی طبیعت سے آگاہ ہون تو ایسے برتاؤ کو مین کبھی گوارا نکرونگا - مین یقین کرتا ہون کہ میرے اور میرے بھائی مین ایک بڑی سچی اور مستحکم دوستی ہے لیکن سرکاری معاملات کے متعلق میرے اُنکے اکثر اتفاقی رہی اور بعض اوقات تو وہ یہانتک بڑھی کہ میرے اُنکے درمیان بیگانگی ہوگئی - جو کچھ مین نے بیان کیا ہے یہ سب بنظر فائدہ سرکار ہے اور حضور میرے بیانات کو اپنے گرد و پیش کے افسرون کے بیانات سے قرار واقعی مقابلہ کرلینگے -

ایسے مضامین لکھنے کی شاذ ہی لوگون کو جرأت اور یکسوئی ہوتی یہ گویا اُنکی پوری تصویر کھینچی گئی ہے - غلط بیانی سے اُنکو نفرت تھی لیکن اس بزدلی سے وہ اور بھی نفرت کرتے تھے کہ امر واجب کو اس خیال سے نہ بیان کرتے کہ مبادا وہ دروغ بیانی پر محمول ہو - ایک اور موقع پر جب لارڈ کیننگ کو اُنھون نے لکھا تھا کہ اگر فلان طریقہ سے کارروائی کیجائیگی تو جو بیضا البطکیان پنجاب کے محکمۂ تعمیرات مین ہوئی ہین وہ اودھ مین نہونے پائینگی اُنھون نے مندرجۂ ذیل عبارت تحریر کی تھی -

جس طرح حضور نے مجھ سے چاہا اُسی طرح مین نے بھی نہایت صفائی اور آزادی کے ساتھ حضور کو لکھا تھا - اگر ترک ادب نہو تو مین اتنی التجا اور بھی کرون کہ اِن تحریرون کو حضور صرف اپنے ہی ملاحظہ کے لیے موقوف رکھینگے - اگر ایسا ہو تو مین بیشہ سرکاری ملازمون اور سرکاری معاملات کے متعلق زیادہ آزادی کے ساتھ لکھا کرون - لیکن حضور اس بات سے مطمئن رہین کہ سوائے اپنے امر کے مین اور کچھ نہ بیان کرونگا میرے خیالات سرکاری معاملات مین اسقدر محور ہتے ہین جس سے مین کہہ سکتا ہون کہ میرا کوئی ایسا دوست نہین ہے جسکی نسبت اِن باتون سے چشم پوشی کرکے کوئی برتاؤ کرنا چاہون - میرے بہترین دوست وہی افسر ہین جنکی نسبت سرکاری تعلقات کا خیال کرکے مین بہترین رائے رکھتا ہون -

اسمین شک نہین کہ اس آخری بیان مین جو بہت وسعت رکھتا ہے بعض صورتین مستثنیٰ بھی ہین مگر وہ مستثنیات بھی بمنزلہ قواعد کلیہ کے پائے گئے - اور اُنھون نے اپنے بارے مین عام طور پر جو خود بیان کیا ہے اُس سے

سر جارج کیمبل کی بعض یادداشتین جو مجھکو دستیاب ہوئین مطابقت کرتی ہین گو صاحب موصوف نے جان لارنس کی ماتحتی مین تعلیم نہین پائی تھی لیکن جان لارنس ہی کی طلبی سے اسوقت وہ انکی ماتحتی مین بطور کمشنر علاقہ ایرے ستلج کام کرتے تھے۔ ایک چٹھی مین جو اسوقت میرے سامنے رکھی ہوئی ہے جان لارنس لکھتے ہین کہ وہ کیمبل ایک ثابت قدم شخص تھا اور اگر وہ چاہے تو مین اُسکے لیے پنجاب مین بلانے کی سفارش کرسکتا ہون اور سر جارج کیمبل اپنے سابق چیف کی نسبت اسطور پر لکھتے ہین۔

جان لارنس کے اوصاف اور انکے حسن انتظام سے مجکو اسوقت آگاہی ہوئی جسوقت مین علاقۂ ابین روی ستلج مین مقرر ہوا اُس زمانہ مین وہ فی الحقیقت ہر اعتبار سے عنفوان شباب پر تھے گو میرا مزاج کچھ ایسا پُرجوش نہین تھا اور اُس زمانہ مین چیف کمشنر کا ذاتی مقلد نہین تھا لیکن تو بھی اس زمانہ مین اُنکی بڑی قدر کرنے لگا تھا چونکہ وہ سرکاری ملازمت مین از حد سرگرم رہتے تھے اپنا کام نہایت جانفشانی اور قابلیت سے انجام کرتے تھے اور اپنی مستعدی اور جانفشانی دوسرون مین بھی پیدا کرنا چاہتے تھے جو ہم سے مجھپر اُنکا بڑا اثر پڑا اور میرے دماغ اور سمجھ مین بھی بڑی صفائی آگئی جسقدر کام وہ انجام کرڈالتے تھے اسکا خیال کرکے ایک حیرت معلوم ہوتی ہے وہ صرف اپنے ہی حصہ کا کام انجام نہین کرتے تھے بلکہ دوسرون اور خاصکر اپنے پیارے دوست کوٹلینڈ میکلیوڈ کا کام بھی کردیتے تھے جو بڑے ہردل عزیز اور میرے نزدیک ہوشیار بھی تھے لیکن اُنکے دفتر مین کام ہمیشہ باقی پڑا رہتا تھا۔ سر جان قاعدے کے بڑے پابند تھے اور جس طرح وہ اپنے تئین محنت سے نہین بچاتے تھے اُسی طرح دوسرون کو بھی نہین بچانے دیتے تھے کاہلی کے وہ دشمن تھے اور ہر قسم کی بدعنوانیون کو بھی وہ مکروہ سمجھتے تھے اسمین شک نہین کہ ان سب باتون کو وہ ایک درجہ تک تعمیل کرتے تھے جس سے کسی قدر اُنکی سختی معلوم ہوتی تھی لیکن مین اپنی ذات سے اُنکے اصولون کو بہت پسند کرتا تھا گو اُنسے کسی قدر مجکو وقت بھی ہوتی تھی۔ جب مین رخصت فرلو سے واپس آیا تو اُنھون نے مہربانی سے مجکو کام دینا چاہا لیکن جیسا کہ میرا خیال تھا اُسکے مطابق میرے جائز دعوی سے کچھ کم تنخواہ کی جگہ دینا چاہی زیادہ تنخواہ کی جگہ اسوقت دینے کو کہی جب اُنکو معلوم ہوا کہ ممالک مغربی وشمالی مین مجکو بہتر جگہین ملتی ہین۔ اُسپر بھی مجکو معلوم ہوا کہ جس طرح وہ گھوڑا خریدنے کا معاملہ کیا کرتے تھے اُسی طرح سرکاری معاملات مین بھی مجھ سے یہ سودا کرتے رہے ہین اسی طرح ایکمرتبہ اور جب مین اپنی علداری کے پہاڑی حصے کے دورہ پر جانیوالا تھا تو اُنھون نے اس بارے مین اپنی ناراضی ظاہر کی تھی کیونکہ وہ پہاڑون پر زیادہ جانا پسند نہین بلکہ ناپسند کرتے تھے لیکن جب مین نے ثابت کردیا کہ مین صرف کوہستان کو گیا تھا اور آپ نے کچھ اور خیال کیا تو اُنھون نے میرے عذرات کو جو مین نے بہت زور دیکر لکھے تھے قبول کرلیا۔ اور مجھے معلوم ہوا کہ اُنکو صرف سرکاری مقاصد کا خیال تھا لیکن اصل یہ ہے کہ گو مین اُنکے ساتھ بخوبی نباہ سکا اُسپر کوئی ذاتی دعوی نہین رکھتا تھا اور اُنکی کارروائی کے اصول کو سمجھتا تھا کہ اُس زمانہ مین اور بعد اُسکے بھی ایسے بہت سے لوگ علی الخصوص جنکو اُنسے زیادہ تقرب تھا اور اُنپر بڑے بڑے دعوی رکھتے تھے پائے گئے جو اُنکی راے سے متفق نہین تھے اور یہ خیال کرتے تھے کہ وہ اُن لوگون کے مقاصد پر چندان لحاظ نہین کرتے تھے اصل یہ ہے کہ قرار واقعی طور پر چند آدمیونکی

ص ۵۰۵

سرگرمی کرنے کے لیے کسی قدر یہ بات ضرور ہے کہ ملازمون کا کشادہ دلی کے ساتھ لحاظ رکھا جاے - لارڈ لارنس نے یہ نہین کیا - اسمین شک نہین کہ وہ بالکل برسر صواب تھے لیکن آخر مین اُنکو اس بات سے کسی قدر محرومی حاصل ہوئی کہ لوگ کسی بڑے آدمی کی شہرت مین ترقی کرنے کے لیے جو ذاتی جوش اور ولولہ ظاہر کرتے ہین وہ نہین ظاہر ہوا -

سَر جارج کیمبل نے جو کچھ اس عمدگی کے ساتھ لکھا ہے دراصل اُسکے صحیح ہونے مین کوئی شک نہین ہے جو چیزین میرے سامنے رکھی ہوئی ہین اُنسے بخوبی تمام اس امر کی تصدیق ہوتی ہے لیکن جو نتیجے اُس سے اخذ کیے جا سکتے ہین وہ میرے نزدیک جیسا کہ سَر جارج کیمبل بھی سب کے پہلے تسلیم کرینگے کسیقدر تفسیر اور ترمیم کے محتاج ہین سب کے پہلے تو مجھے یہ بیان کرنا چاہیے ہے کہ "جو شخص اپنے دوستون کی کبھی تنقید کرے اُنکے عیوب کے ظاہر کرنے مین (اگر کیسی ہی عمدگی کے ساتھ اُنسے بناہ سکے) قاصر نہ رہے لوگون کے پس پشت چاہے جسقدر تعریف کرے مگر اُنکے برروایک کلمہ بھی نہ بیان کرے اگر ذرا سا کام بھی باقی رہ جاے تو یہ سمجھے کہ کچھ بھی نہین ہوا ہے - جو شخص سرکاری فرائض کا اپنے اور دوسرون کے لیے بھی انجام کرنا ایک لابدی امر سمجھے اور اُسپر بھی ایسا بندوبست کرے کہ "کمشنری اُفسران ڈویژنل میجسٹریٹ تھانہ مین نازمن تحصیلدار پولیس سٹیشن برادران چیمبر لینن لسٹنٹ پرنٹینڈنٹ میکناب وغیرہ وغیرہ (اسمین اُن لوگون کا ذکر نہین ہے جو اُنکی گزر خبر لی کی حیثیت یا نج کی ملاقات کے وقت مثل ایمٹوکریٹک میجسٹریٹ یا سیمن گارد برادران اسٹریچی کے اُنکے گرد جمع رہتے تھے) ایسے اشخاص کو جو سرکار کے خیرخواہ اور اکثر صورتون مین اُس شخص سے اور اُسیمین بھی اختلاف رکھتے تھے جمع کر رکھے وہ حقیقت مین ایسے شخص سے عظمت قوت بذات خاص حکومت کرنے کی قابلیت اور لوگون پر بادشاہی کرنے کی لیاقت مین کہین بڑھا ہوا ہے جو زیادہ ہردل عزیز کہلاتا ہے اور اُن صفتون کے ذریعہ سے اپنے گرد دوستون کو جمع کرتا ہے اور اُنسے ایک ایسی اعانت لیتا ہے جو بذات خاص اُس شخص مین نہین پائی جاتی پس جان لارنس مین اُس شخص دل کی صفتین پائی جاتی تھین -

اُنکو ہردل عزیز ہونا کچھ ناپسند نہ تھا اس صفت سے نہ وہ نفرت کرتے تھے اور نہ اُسکی کوشش کرتے تھے - اپنے دوست کنٹن سے اُنھون نے اکثر تنبیہ بیان کیا تھا "وہ ہردل عزیز ہونے کی خواہش جسقدر مجکو کم ہے اُسقدر کم شاید کسیکو ہوگی لیکن ہر دلعزیز ہونا اور لوگونکو ناراض رکھنا یہ کمزوری کی دلیلین ہین اور ایسا کوئی شخص نہین ہے جو اُنکو ایمانداری کے ساتھ حاصل کرسکتا ہو اور اُسپر بھی اُنکے حاصل کرنے سے احتراز کرے" ایک دوسرے موقع پر وہ بیان کرتے ہین کہ "اگر صرف نام کے لیے ہردلعزیز ہونے کی جستجو کیجاے تو اُس سے کچھ فائدہ نہین ہے ہندوستان مین یہ امر ہر چہار سے بڑھکر دشوار ہے کہ آدمی اپنا کام بھی کرے اور گرد و خلائق کو خوش بھی رکھے" چونکہ اُنمین زیادہ ہردلعزیز ہونے کی صفتین کم تھین اسلیے بعض اوقات بیشک اُنکے نہایت دلی دوستون اور ماتحتون کو رنج پہونچا لیکن باستثناے چند اِن سب لوگون نے اُنھین کی جانب کشش کی اور اپنے چیف اور سرغنہ کے خیرخواہ تو سب کے سب رہے - اُنکے جانی دوست معدودے چند تھے - اپنے منتخب دوستون سے ایک دوست سے جب وہ اپنے آخری ایام ملازمت کے لیے ہندوستان کو جاتے تھے اُنھون نے کہا تھا کہ "مین زیادہ دوستون کی پروا نہین کرتا لیکن جو چند دوست مین رکھتا ہون اُنمین سے ایک آپ بھی ہین" یہ لیکن یہ معدودے

ص ۵۰

ص ۵۰۵

چند اور انکے بتیرے دوست بھی خوب جانتے تھے کہ انکا یہ رویہ محض ظاہری تھا۔ چنانچہ انکے ایک دوست نے مجھسے بیان کیا تھا کہ "انمین بچہ کوٹ کے ریچھ کی کوئی بات اور نہین تھی"۔ ایک دوسرے دوست سے انھون نے کہا تھا کہ انکا رویہ محض مثل "بزغوندہ" بلکہ سینہ بزنا رڈ کتے کے تھا۔

کام کرنے کی انکو جسقدر خواہش رہتی تھی اسکی نسبت مبالغہ کے ساتھ بیان کرنا مشکل ہے انکی یہ خواہش کبھی پوری ہی نہین ہوتی تھی۔ یہ قوت انمین اسقدر پائی جاتی تھی کہ انکے ماتحت لوگ جو جسمانی قوت اور تعدی مین انسے کم تھے انکو کام کرنے کا دیوکھا کرتے تھے اور انکا یہ کہنا بجا تھا لیکن اب انپر بھی محنت کرنے کا اثر پیدا ہونے لگا تھا۔ انکے طبی مشیر بھی صلاح دینے لگے کہ آپ معمول سے ایک مہینہ پیشتر کوہ مری کو چلے جائین اور اس سے بھی انکو بہت کم فائدہ پہونچا۔ اپنے ایک دوست کو وہ لکھتے ہین کہ "مین بہت علیل رہا اور اپنے کام کے سوا اور کچھ نکر سکا اور وہ بھی بہت جدوجہد کرنے سے انجام ہوا۔ میرے جگر مین کچھ خلل آگیا ہے"۔ ایک دوسرے دوست کو لکھتے ہین کہ "مین کام کرنے سے قریب قریب معذور ہوگیا اور میری طبیعت اچھی نہین ہے۔ مجھکو روزمرہ دس گیارہ گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے اور اسپر بھی انجن کی رفتار کے برابر تیزی کرنا پڑتی ہے۔ اگر میرے سات لڑکے نہوتے تو مین کب کا قطع تعلق کرچکا ہوتا"۔ ایک عاقل کیا ہی خوب کہ گیا ہے کہ "جبتک جسم مین روح موجود ہے اسوقت تک دنیا بھر کا جھگڑا اور جھنجٹ رہیگا"، ناتوان آدمی کو دیکھکر لوگ کہتے ہین کہ یہ کام اسکے لیے کافی ہے مگر انکو بعض اوقات اپنے حال پر نہایت افسوس ہوتا تھا وہ کہا کرتے تھے کہ "لوگ مجھکو جان توی الجثہ کہتے ہین لیکن مین جان ناتوان ہون جبکہ مین گذشتہ و وسال کے حال پر خیال کرتا ہون اور یہ دیکھتا ہون کہ سرکاری کامون کی درستی مین بہت کم کام ہوا تو مارے شرم کے اپنی گردن نہوڑا لیتا ہون میری اصل تسلی صرف اس بات سے ہوجاتی ہے کہ شاید اس سے زیادہ کام کرنا میرے امکان مین نہین تھا"۔ اس زمانہ مین علی العموم جو یہ عنوغا مچا تھا کہ افسران پنجاب پر حد سے زیادہ کام پڑتا ہے اسکا بڑا حصہ بتلانیوالے انکو ٹھہرائے تھے۔ مسٹر منٹگمری صاحب کو وہ لکھتے ہین کہ "کثرت کار کی فی الحال جو صدا بلند ہوتی ہے وہ مہمل ہی نہین بلکہ مہلک ہے اگر اسکو تسلیم کیا گیا تو نتیجہ یہی ہوگا کہ افسرون کی تعداد بڑھا دیجائیگی اور تنخواہ کم کردیجائیگی میرا اپنے بعض آدمیون کے لیے جو کثرت کار کے شاکی ہین یہی تجویز کردینگا کہ وہ اپنی تنخواہ سے نائب مقرر کرین لیکن اصل مین یہی عیش ہے جس سے فی الحال غوغا مچا ہوا ہے"۔ ایک اور موقع پر جب انکی شکایت کی گئی تھی کہ انھون نے ایک افسر کو جو بالکل نالائق تھا بڑھا دیا وہ لکھتے ہین کہ "اخبار والونکی عادت پڑگئی ہے کہ وہ میری نسبت یہی لکھا کرتے ہین کہ مین اپنے اختیارون پر سختی اور ظلم کیا کرتا ہون لیکن جس حالت مین حسول فوجی اور غیر متعود فوجیون کے قریب میری اتحتی مین کام کرتے ہین تو یہ ممکن نہین ہے کہ مین بناکام بھی کرون اور کسیکو رنج بھی نہ پہونچاے لیکن مین کہتا ہون کہ جس شخص کو دعوی ہو وہ میرے سامنے آئے اور میری سرکاری خط کتابت مین سے تحقی کی ہے یا ایسے کلمات بھی استعمال کیے ہین جو حسب مقتضاء وقت قرار واقعی جائز نہ تھے انکو پیش کرے۔ آپکو بیشک کبھی نہ تعدد کیجیگا کہ اس قسم کے ملک پر "دوستی اور میان"، کہکر حکومت اور "دوست شفقت"، پھیر پھیرکر انتظام ہوسکتا ہے دل مین جن جن ماتحتون سے ساتھ کام کیا تھا انسے پوچھا جاے کہ مین نے انکے ساتھ کیا سلوک کیا"، ایسے وقت مین دہلی مین انھون نے جو کچھ کیا تھا اسکا حوالہ دینا بہت مناسب تھا کیونکہ آنریبل مسٹر رائیرسن نے جو دہلی کے "جنٹ مجسٹریٹ و کلکٹر" تھے اور اب علاقہ ساگر اور نربدا کے جمع تھے حال ہی مین نہایت پتاک کے الفاظ سے

ک بارہ ۱۲ نمبر ۴

لکھا تھا کہ مجھے امید ہے کہ آپ پنجاب مین اپنے متعلق کام کرنے کے لیے مجھکو طلب کرینگے اور جان لارنس نے فی الفور اُنکی درخواست لارڈ کیننگ کے حضور مین بھیجدی تھی اور اُنکے لیے ایک جگہ کی سفارش کی تھی۔

اسمین شک نہین کہ اُنکی تندرستی کی اِس بدی حالت مین اُنکے عہدہ کی مشکلات کا اثر اُنپر بہت زیادہ پڑا ہوگا ۱۵ اکتوبر ۱۸۵۶ء کو وہ لکھتے ہین کہ "مین کثرت کار اور طول طویل رپورٹونکے باعث تنگ آگیا ہون ایک نہ ایک پریشانی ہر وقت رہتی ہے ان پریشانیون مین سب سے بڑھکر نکلسن صاحب کی مطلق العنانی اور اضطرابی تھی گو اُنکے چیف ہر طرح سے اُنکا خیال رکھتے تھے مگر وہ اپنا راگ الگ ہی گایا کرتے تھے۔

یہ بات نہ تھی کہ جان نکلسن کی تشفی کا سامان مہیا نہین تھا وہ ہر وقت لوگون کے ساتھ کھیلا کرتے تھے اور نیز ری لارنس یا ہنری لارنس اور ڈورنڈ ہین کے نزدیک وہ خود بھی مثل لڑکے کے تھے ہنری لارنس یا ہنری ایڈورڈس چاہتے تھے وہ اُنکے ساتھ کر سکتے تھے نکلسن صاحب ضابطہ کی داب برداشت نہین کرتے تھے وہ اسقدر ضدی مغرور اور سرکش تھے کہ کسی قاعدے کے وہ پابند نہین ہتے تھے قواعد گویا اُنکے ہاتھ سے شکست ہونے کے لیے موزون ہوے تھے اُنکے مجلس فرسوا اُنکو شاہنشاہ روس کہا کرتے تھے تو کچھ بیجا نہین تھا اور دیسی لوگ جیسا کہ مین بعد کو لکھونگا اُنکو دیوتا کی طرح پوجنے پر موجود تھے یہ امر بھی حق بجانب تھا۔ سرحد پر وہ جان لارنس کے ماتحت بھی آزادی کے ساتھ جو چاہتے سو کرتے۔ بیتیرے کام ایسے تھے جنمین اُنھون نے ایسے کیے کہ اگر ہندوستان کے اور حصون مین کرتے تو بلوہ عام ہو جاتا یا وہ نوکری سے چھڑا دیے جاتے اور اُنمین سے کوئی بات بے وجہ نہ تھی۔ کرنل آرمسٹرانگ نے جو اسوقت پشاور مین اسسٹنٹ کمشنر تھے مجھے بیان کیا ہے کہ ایک روز نکلسن صاحب فقط ایک اردلی لیے ہوے ایک گانون سے ہو کر نکلے اثنار راہ مین ایک مسجد پڑی اور اُنھون نے دیکھا کہ مسجد سے نکلکر ایک ملا نے اُنکو سلام نہین کیا بلکہ نفرت یا حقارت سے دیکھا جب وہ گھر پر پہونچے تو اُنھون نے اپنی اردلی کو حکم دیا کہ ملا کو پکڑ لاؤ اور جب ملا پکڑا آیا تو اُسکی داڑھی منڈوا ڈالی وہ ہمیشہ کام مین شتابی کرتے تھے ایک روز مقام نبون مین اپنے باغ کے پھاٹک پر دو انگریز اور چند ہندوستانیون کے ساتھ کھڑے ہوے تھے اتنے مین ایک شخص تلوار لیے ہوے اُنکے پاس چلا آیا اور اُنکے چہرے کی طرف گھور کر پوچھا کہ اِن لوگون مین نکلسن کون ہے نکلسن صاحب اُسکے ارادہ کو سمجھ گئے اور ایک سنتری کے ہاتھ سے جو اُنکے قریب آگیا تھا بندوق چھینکر اُسکے سامنے کر دی اور کہا کہ تلوار رکھدے نہین تو ابھی گولی مار دونگا۔ وہ آدمی تلوار لیکر اُنکی طرف جھپٹا اور نکلسن نے جو کہا تھا وہی کیا مقتول کے گلے مین ایک حمائل پڑی ہوئی تھی اور لوگ کہتے تھے کہ جب اُسکے اوراق کھولے گئے تو معلوم ہوا کہ گولی نے جو حمائل سے گذرتی ہوئی مقتول کے دل مین گھس گئی تھی حمایل کے اُس صفحہ کو توڑ دیا تھا جسمین لکھا ہوا تھا کہ جو لوگ کافرون کو قتل کرنے مین مارے جائینگے اُنکو جنت ملیگی۔ نکلسن صاحب نے جس چھرتی اور بیباکی سے یہ کام کیا تھا اسیطرح چیف کمشنر کو اُسکی رپورٹ بھی کر دی اور وہ یہ ہے

جناب من۔ مین اوب کے ساتھ آپ کو اطلاع دیتا ہون کہ مین نے ابھی ابھی ایک آدمی کو جسے مارنے کے لیے آیا تھا گولی سے اڑا دیا

آپ کا تابعدار خادم۔ جان نکلسن۔

ایک مرتبہ کچھ ناراض ہو کر نکلسن نے ارادہ کیا کہ مین گرامیا کو جاؤنگا لیکن اُنکے چیف نے کچھ حکومت اور رکھ رکھاؤ کی راہ سے اُنکے اِس قصد پر اعتراض کیا۔ جان لارنس نے اُنکو لکھا کہ "مجھے امید ہے کہ لارڈ ڈلہوزی آپ کو جنگ کے بیچ مین

کام نہ دینگے آپ سے ہم لوگون کے ساتھ زیادہ کام نکلسکتا ہے مجکو امید ہے کہ اس صاحب (اپنے مزاج مگر کسی قدر کمزور کمشنر یہ) کرامیا کے دشاپ یا گاندر انچیف کر دیے جائینگے اور اُنکا عہدہ آپ ہی کو ملیگا۔ وہ ہمیشہ یہان رہنے کا ارادہ نہین کر سکتے۔ کرامیا مین معاملات کی جو شکل ہے مجھ کو وہ قابل افسوس معلوم ہوتی ہے اور قطع نظر اس بات کے کہ مین آپ کو اپنے ہی پاس رکھنا چاہون آپکے لحاظ سے بھی مجکو اس بات سے بڑا رنج ہوگا کہ آپ کرامیا جائین۔ یہان تو مشہور ہے کہ لارڈ ڈلہوزی گورنر جنرل مستعفی ہونگے اور ڈیوک آف کیمبرج انگلستان کے کمانڈر انچیف مقرر ہونگے۔ کرامیا کا خطرہ تو اسطور پر گذر گیا لیکن ایک اور خطرہ اس سے بھی بڑھکر پیدا ہوا۔ سر جان لارنس نے نہایت دوستانہ الفاظ سے جو یہ خواہش ظاہر کی کہ وہ چیمبرلین صاحب کے ساتھ اپنے پرانے دشمنون یعنی مسعود وزیریون پر جاکر چڑھائی کرین تو اس سے ایک اور طوفان پیدا ہوگیا۔ اور نکلسن صاحب نے اپنے چیف اور اسی طرح چیمبرلین صاحب سے بھی ناراض ہوکر اپنا یہ ارادہ ظاہر کیا کہ مین پنجاب کو یکقلم چھوڑ دونگا۔ لارنس صاحب نے نہایت افسوس کے ساتھ اڈورڈس صاحب کو لکھا کہ "مین پنجاب کے چھوڑنے مین اُنکی ہرگز مدد نہین کر سکتا لیکن اس بات مین مین اُنکا مانع بھی نہین ہوسکتا۔" مگر جب نکلسن صاحب کی طرف سے اور بھی شدومد کی چٹھیان آنے لگین تو آخر کو لارنس صاحب نے مجبور ہوکر اڈورڈ کو لکھا کہ میرا سر کش نائب بھر تپور کو بدل دیا جاے جہان وہ میرے بھائی ہنری کے ماتحت رہیگا لیکن شیت ایزدی کچھ اور تھی اور جان لارنس کی اجازت سے فصل گرما تک کشمیر کی سرد آب و ہوا مین رہنے اور ایران اور جنگ ایران کی طرف جو یہان ہو رہی تھی نگاہ طمع دیکھنے کے بعد نکلسن نے خود اپنی خوشی سے پشاور کی ڈویژنی کمشنری قبول کر لی اور ہندوستان اور پنجاب کی خوش قسمتی سے اُسوقت جب غدر شروع ہوا تو وہ پشاور ہی مین موجود تھے۔ جان لارنس نے کثرت کار اور پریشانیون سے، عاجز آکر اسمین سے بعض باتین ایسی تھین جو نکلسن صاحب کی وجہ سے رفع ہوسکتی تھین) ہوتے صحیح لکھا تھا کہ "مجکو یہان جسقدر کام کرنا پڑتا ہے وہ میری قوت سے کہین زیادہ ہے مجکو رات دن چکی کی طرح پیسنا پڑتا ہے ایام خشک سالی مین زراعت کی آبپاشی کے لیے بوڑھے بیل پر کثرت سے پانی کھینچنے مین جو صعوبت پڑتی ہے وہ بھی میری صعوبتون سے زیادہ نہوگی۔ کوئی نہ کوئی جھگڑا یا ذاتی قضیہ نکلتا ہی رہتا ہے اور مین اُسی کا ہو جاتا ہون سرکاری کام سب بند ہو جاتا ہے۔ اگر آپ ــــ کو پنجاب مین واپس بھیجدین تو وہ دونون صیغون کے بدمعاش ملازمون کی بخوبی سرکوبی کرونگا۔" جان لارنس کے اطمینان قلب کے ساتھ اس سال انفعانی نیرنگیون سے قدرتی حوادث نے کچھ کم عداوت نہین کی۔ پنجاب کے مختلف حصون علی الخصوص لاہور اور فیروزپور مین ہیضہ نے شدت سے خروج کیا۔ بخار بھی ہر جگہ موجود تھا اور طوفان اور سیلاب کثرت سے آئے جسمین جان و مال کا سخت نقصان ہوا۔ ضلع لیہ کا ایک بڑا حصہ تباہ ہوگیا اور دیرہ غازی خان کا آدھا ضلع بالکل غارت ہوگیا۔ مزید برآن مستمان السٹ انڈیا کمپنی نے جنکو اس بات سے مطلق آگاہی نہ تھی کہ پرودے کیا ہو رہا ہے اور جان لارنس نے خرابیون کے انسداد مین کیا کیا تدبیرین کین اور اُنمین اسقدر کمی کی کہ نیپیر ایسے شخص سے جنکی وہ بڑی قدر کرتے تھے اُنسے بگڑ گئی۔ اور اس بات کا سخت الزام رکھا کہ سول انجینیرون کو اُنھون نے اسقدر جلد رخصت کر دیا۔ اور سب سے بڑھکر خرابی کی یہ بات ہے کہ اودھ تو اُنکی تندرستی نے بالکل

ص ۵۱۰

ص ۵۱۱

جواب دیا اور کام کی کثرت ہوئی اور اُدھر اُنکے سکریٹری نیپئر صاحب جنکو اپنے چیف کے برابر کام کرنے کا شوق تھا رخصت فرلو پر انگلستان کو چلے گئے اور پنجاب مین ایسا کوئی شخص نہین چھوڑ گئے جو اُنکی جگہ کام کر سکتا پرنسپل صاحب کے جانے مین چند ہی روز باقی رہگئے تھے جب جان لارنس نے اڈورڈس صاحب کو لکھا تھا کہ وہ پرنسپل بذات واحد کئی آدمیون کا کام کر سکتا ہے اور میرے خواہ کسی شخص کے ساتھ انتہا درجہ کی محنت کر سکتا ہے،، اس موقع پر پرنسپل صاحب کی شکرگزاری ظاہر کرنے مین اُنھون نے اغماض نہین کیا۔ ۱۰ ستمبر ۱۸۵۹ء کی وداعی چٹھی مین وہ لکھتے ہین کہ "گذشتہ چھ مہینے کے اندر جو رپورٹین آپ نے بھیجین اُنکی فہرست میرے سامنے رکھی ہے یہ فہرست ہی ایک طومار کا طومار ہے تعجب معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے کیونکر یہ کام انجام کیا۔۔۔ مین آپکو خیرباد کہتا ہون خدا کرے آپکو ہمیشہ کامیابی حاصل ہو اگر مناسب سمجھیے تو امید ہے کہ آپ پھر واپس آئینگے لیکن بہرحال مجھے یہ کہنا لازم ہے کہ مجکو جسقدر امید تھی اُس سے بڑھکر آپ لائق سکریٹری نکلے اور آپکی ذات سے مجکو مدد اور ہر طرح کی خوشی حاصل ہوئی۔ کلکتہ سے اور اُسکے بعد ولایت مین پہونچکر وہان سے بھی مجکو چٹھی لکھیے گا۔"

اپنے دوستون کی چٹھیون مین بعض اوقات اُنھون نے چاہے جن وقتون اور یوسیون کو بیان کیا ہو اور پریشانی کے وقت چاہے جو کلمات لکھے ہون مگر یہ ہرگز خیال نکرنا چاہیئے کہ وہ کبھی بیدل ہوے یا اپنی کوشش چھوڑ دین یا اپنے صوبہ کی آیندہ بہبودی سے آنکو کبھی مایوسی حاصل ہوئی۔ بعضل وقات تو ایسا ہوا ہے کہ ایک ہی روز ایک دوست کو اُنھون نے یاس کے کلمات اور دوسرے کو کچھ اور ہی مضمون لکھا ہے مثلاً اپنے دوست گورڈن ٹے کو وہ لکھتے ہین کہ "یہان کے حالات کسی نہ کسی طرح بدستور سابق چلے جاتے ہین دس گھنٹے روز میز پر بیٹھکر کام کرتا ہون اور شام کو گردن نہوڑایے ہوے ٹنڈی سڑک پر ٹہلنے جاتا ہون۔ پنجاب روز بروز شادابی حاصل کرتا جاتا ہے اور اگر خدا نے چاہا تو جبتک میرے ہاتھ مین عنان حکومت ہے اسی طرح ترقی ہوتی رہیگی۔ جہانتک میرا قابو چلسکتا ہے کسی طرح کی ابتری نہ واقع ہونے دونگا،، اور لارنس ڈونیتی کو لکھتے ہین کہ "ظاہرا ہمارے یہان ہر طرح ترقی ہے سرحد پر خاموشی ہے اور چارون طرف اصلاحین عمل مین آرہی ہین مین نے اور پرنسپل صاحب نے ملکر پنجاب کی ایک تیسری رپورٹ تیار کی ہے یہان سے وہ روانہ ہوچکی اور وقت مناسب پر پہنچ آپ کے ملاحظہ سے گذریگی مجھے امید ہے کہ حضور ایک جلد اپنے لیے رکھ لینگے اور اینڈریو آرچوس کے لیے تو بہت سی جلدین چاہیے ہونگی۔" پھر لارنس کیننگ کو لکھتے ہین کہ حضور نے میرے انتظام پنجاب کے متعلق جو شفقت آمیز کلمات ارشاد فرمایے اُنکا مین شکریہ ادا کرتا ہون جب تک میرا یہان قیام ہے امید ہے کہ انتظام مین کوئی خلل نہ آئیگا اور جانتک میرا قابو چلسکتا ہے مین کوئی خلل نہ آنے دونگا لیکن کسی ترقی صرف کام کرنے والے افسرون کی ذات پر منحصر ہے اگر افسر عامل لائق تجربہ کار اور مستعد رہون تو عمدہ قوانین اور عمدہ قواعد فوراً بے اثر ہو جاتے ہین" لیکن اب مین ایران کی جنگ اور افغانستان کی مجوزہ دوستی کا حال بیان کرتا ہون۔

۱۸۵۵ء کے عہدنامہ کے بعد دوست محمد نے قندھار پر قبضہ کرلیا اور فتح خان ختک نے جسکو ہمنے تصدیق صلحنامہ کے متعلق خاص سفارت پر وہان بھیجا تھا واپس آکر فرمانروائے افغانستان او

ص ۵۱۲

اور اُن مشکلات کے بارے مین جو اُسکو وہان لاحق ہوئی تھین سخت حال بیان کیا کہ دوست محمد کی عمر قریب ستر برس کے ہے داڑھی بالکل سپید ہے جسپر وہ خضاب کرتا ہے صورت سے بیماری ظاہر ہوتی ہے باہر بہت کم نکلتا ہے اور جب نکلتا ہے تو ہاتھی کی سواری ہوتی ہے" افغانستان مین یہ ایک بڑا عیب تصور کیا جاتا ہے کیونکہ وہ ملک سواری کے لیے مشہور ہے" ہر شخص علی الخصوص اُسکے کثیر التعداد بیٹے اُسکی موت مانگ رہے ہین ادھر وہ مرا اور اُدھر اُسکی لاش ہی پر جنگ و جدل ہونے لگے گی اُن بھائیون مین سخت عداوت تھی لیکن اپنے باپ کے دباو سے وہ ایک دوسرے کی گردن پر تلوار نہین پھیر سکے گو دوست محمد ضعیف ہے لیکن اُسکی نیت تھی کہ وہ بذات خاص ہرات پر فوج کشی کرے ۔ اُسکا سامان فراہم نہو سکا آدمیون کی اُسکو حاجت نہین جو اُسکے پاس کثرت سے موجود ہین بلکہ اُسکو روپیہ کی خواہش ہے کیونکہ روپیہ اُسکے پاس مطلق نہین ہے اُسکی فوج بھوکون مر رہی ہے اور اسلیے شہر کے باشندون اور گانون کے کسانون کو لوٹنے پر مجبور ہے ۔ فتح خان نے یہی کلمات کہے تھے کہ قندھار بنبرلہ ایک باجرہ کے کیمت کے ہے اور باشندگان شہر جو مکانون کی چھتون پر رہتے ہین مثل اُن لوگون کے ہین جو مچانون پر بیٹھ کر ہاکرتے اور چڑیون کو اوڑاتے ہین اس زمانہ مین امیر کو کوئی برا نہین کہتا اُسنے "بھائی" اور "میان" کہکر ہر شخص کو اپنا دوست بنالیا ہے جسکا اثر روپیہ سے زیادہ پیدا ہوتا ہے وہ قندھار مین آیا اور اپنے ایک دوست کو لکھا کہ مین چاہتا ہون کہ اپنے باپ کی قبر جو وہان ہے آئومیل کے فاصلہ پر ایک خشک ٹیلہ کی زمین مین واقع ہے دیکھ آون تاکہ مین بھی اپنی لاش باپ ہی کی لاش کے قریب دفن کراون ۔ الغرض اُسکی حالت اور ظاہری آثار تو یہ تھے مگر لوگ اُسپر بھی یہ کہتے تھے ص۵۱۳
کہ وہ اپنی فوج لیکر ہرات پر چڑھائی کریگا اور ہم لوگون کا ارادہ تھا اُسکو ہتھیار اور روپیہ دین ۔ جان لارنس نے بہت صحیح کہا تھا کہ اُسکو ہتھیار اور روپیہ دینا کنوین مین پھینکنا ہے ۔

لیکن دوست محمد مین ابتک بھی کچھ جان باقی تھی اور غلام حیدر خان کو (جسکی نسبت دو برس پیشتر جان لارنس نے کہا تھا کہ اُسکا جینا چھ مہینے بھی محال ہے) نولمحہ صوبہ قندھار کا گورنر مقرر کرکے ۱۴ ستمبر کو وہ شہر سے روانہ ہوا اور اپنی فاتحہ فوج کو کابل مین لے آیا اور ڈورنڈ صاحب کو سرکاری حکام سے ملاقات کرنے کے لیے کملا بھیجا ڈورنڈ صاحب کی راے جیسا کہ اُنکے حالات سے قیاس کیا جا سکتا ہے یہی تھی کہ ملاقات کی جائے جان لارنس کی راے اسکے خلاف تھی ۔

مجھکو تو بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ امیر کی ملاقات مین سوائے اسکے کہ کچھ خرچ کرنا پڑیگا اور کچھ فائدہ نہین ہے ایسی حالت مین میری راے نہین ہے کہ ملاقات کی جائے ۔ اگر امیر ملاقات کے لیے آئے اور اُنکا مطلب حاصل نہوا تو بالیقین وہ ہمسے ناراض ہوکر جائینگے اگر ہمنے اُنکو بیش بیش لاکھ روپیہ دیا تو بھی ہمکو اس بات سے کوئی اطمینان اور مضبوطی نہین ہو سکتی کہ وہ ہرات کے معاملہ مین ہاتھ نہ ڈالینگے ۔ جیسا لوگ روسیون کے بارے مین کہتے ہین اُسیطرح اُنکے معاملہ مین بھی کافی ضمانت درکار ہے

... خیال کر لیجیے کہ کرنل جیکب نے کس الفاظ مین گورنمنٹ کو لکھا ہے کہ افغانستان سے تمام تعلقات میرے حوالہ کر دیجیے۔ جہانتک مجھکو اپنی ذات خاص سے تعلق ہے وہانتک مجھکو کسیطرح کا افسوس نہوگا۔

لارڈ کیننگ کی بھی رائے تھی کہ امیر سے ملاقات کی جائے لیکن سر جان لارنس کی رائے سے تمام تر اتفاق کرکے انھون نے بھی یہی کہا کہ افغانون سے جسقدر کم تعلق رکھا جائے اُسیقدر بہتر ہے اور سر جان لارنس کو چونکہ اس بات کی پروا نہین تھی کہ جو امر اُنکے نزدیک سراسر مستحسن نہو اُس سے کسیطرح کی تعریف حاصل کرین اسلیے انھون نے کشادہ دلی سے اڈورڈس صاحب کو جواب دیا کہ جب تک امیر خود کسی مقام پر آنے کے لیے نہ کہین اُسوقت تک میری رائے یہی ہے کہ اس بارے مین خاموشی اختیار کی جائے اور یہ معاملات اُنھین پر چھوڑ دیے جائین لیکن اڈورڈس صاحب بھی مثل اپنے چیف کے کشادہ دل تھے۔ جان لارنس نے لارڈ کیننگ کو لکھا کہ "مین نے اس بات کی تجویز اڈورڈس صاحب پر چھوڑ دی کہ آیا مجھکو وہان جانا یا نجانا چاہیے اور اُنھون نے نہایت علوہمتی سے جواب دیا کہ تمھارا آنا بہتر ہے" بنا برآن ۱۶ نومبر کو جیسا کہ اُنھون نے اپنے دوست مسٹر گرفی کو لکھا تھا "ایک جنگلی ربط کے شکار کے لیے راولپنڈی کیطرف روانہ ہوے اُنکا قصد تھا کہ خوشحال گڈھ کے راستے دریاے سندھ مین ہوکر کوہاٹ مین جائین اور وہان اس امر کے دریافت ہونے تک منتظر رہین کہ آیا امیر دادی خم مین جو وہان سے سو میل آگے ہے ملاقات کرنا تجویز کرینگے یا پشاور مین۔

صفحہ ۳۳ سطر ۱۵ بعد عبارت ہذا

جب وہ وہان انتظار کر رہے تھے تو جس خبر کی عرصہ سے راہ دیکھی جاتی تھی اور جس سے اُسوقت بھی کسیقدر وحشت پیدا ہوئی اُس سے اطلاع ملی یعنی یہ کہ ہرات پر ایرانیون نے قبضہ کرلیا اور اڈورڈس صاحب نے عین انتشار مین جان لارنس کو ایک یادداشت لکھی کہ آپ اسکو گورنمنٹ کے پاس بھیجدیجیے اور کابل و قندھار کیطرف فوراً انگریزی فوج روانہ کیجیے۔ مابعد زمانہ مین یا اپنے اطمینان کے وقت اڈورڈس صاحب کو بھی معلوم ہوا ہوگا کہ اُنکی یہ تجویز نہایت خوفناک تھی لیکن اُنکی چٹھی نے بڑا کام کیا کیونکہ اُنکے چیف نے اُسکی تردید کرکے صاف صاف لکھا کہ افغانستان کے بارے مین یہ حکمت عملی خلاف مصلحت ہے اور گو وہ خاص خاص حالات معاملہ پر مبنی تھی مگر اسپر بھی وہ عمر بھر اسی رائے کے مؤید رہے اور اچھی بُری جسطرح کی خبر آئی اُسکو سنکر اپنی اسی رائے پر قائم رہے۔

جس تاریخ کو اڈورڈس صاحب کی تجویز جان لارنس کے پاس پہونچی اُسی دن یعنی ۲۵ نومبر کو اُنھون نے یہ جواب لکھا۔

مین نہین سمجھتا کہ گورنمنٹ کوئی فوج افغانستان کو روانہ کریگی میری رائے مین تو یہ کارروائی غلط معلوم ہوتی ہے اگر ہرات کے اس حملہ مین روس درپردہ شریک نہین ہے تو جن باتون کا آپکو خوف ہے وہ ظہور مین نہ آینگی لیکن اگر یہ معاملہ

روس ہی کا پیدا کیا ہوا ہے (اور مجھے یقین کامل ہے کہ روس ہی کی اشتعالک ہے) تو میری رائے مین ہندوستان کے لیے یہ لڑائی کوہ سلیمان کے اِس پار نہ کہ اُسطرف لڑنا ہوگی۔ افغانستان کے بچانے مین اگر اِس طریقہ سے جو آپ نے اپنی یادداشت مین لکھا ہے ہمکو روپیہ صرف کرنا پڑیگا تو ہندوستان مین ہمارا کچھ بس نہ چل سکیگا قندھار مین ایک مختصر فوج بغیر بھاری توپون اور سامان رسد کے بھیجنا سراسر بیعقل معلوم ہوتی ہے اگر ایران نے قندھار پر چڑھائی کی تو اُسطرح کے بریگیڈ سے یقیناً ناکامی حاصل ہوگی کیونکہ قندھار مین قلعہ بندی کا سامان بالکل بے حقیقت ہے۔ ہمکو لارڈ پامرسٹن کی یہ بات کبھی فراموش نہ کرنا چاہیے کہ اگر ہم کسی غنیم کے مقابلہ پر صف آراہون تو ہمکو بطور اصل فریق کے نہ کہ مددگار بنکر جانا چاہیے کیونکہ لڑائی کا سارا بار ہمارے ہی اوپر پڑیگا اگر ہم پچیس ہزار آدمیون کے ساتھ آج قندھار پر بھیجدین تو نتیجہ یہ ہوگا کہ آخر مین ہمکو بیس ہزار آدمی کمزور اور نالائق پٹھانون کی سرکردگی سے بھیجنا ہونگے۔ اگر ہنے افغانستان مین لڑائی چھیڑ دی تو ہمارا خزانہ تباہ ہوجائیگا اور اگر لڑائی کا نتیجہ کچھ اور پیدا ہوا تو بھی افغان لوگ ہمکو ہمارے دشمنون کے ہاتھ بیچ لینگے وہ ہمسے خوف ہوکر غنیم سے ملجائینگے برخلاف اسکے اگر روس و ایران کی فوج نے شریک ہوکر ہم پر چڑھائی کی اور درہ بولان بِاخیبر کے مواہنہ پر ہمسے مقابلہ ہوا اور اُنکو ہزیمت حاصل ہوئی تو جو افاغنہ اُنکے شریک ہونگے وہ اسیطرح کی دغابازی اُنکے ساتھ کرینگے۔

صفحہ ۱۱۹ دوسرے روز اُنھون نے ایک اور بھی پر معنی چٹھی اپنی حکمت عملی کے اظہار مین لارڈ کیننگ کے نام لکھی جسکو مین قریب قریب تمام و کمال ذیل مین درج کرتا ہون حال کے واقعات اور افغانستان مین تازہ معاملات کے واقع ہونے کے احتمال سے وہ چٹھی ایسی ضروری معلوم ہوتی ہے جسکی تعریف مین مبالغہ کرنا مشکل ہے۔

مقام کوہاٹ ۲۲ نومبر ۱۸۵۶ء

مین چٹھی ہذا کے ساتھ نہایت ادب سے لفٹننٹ کرنل ایڈورڈس کی ایک یادداشت جو کل میرے پاس پہونچی منسلک کرتا ہون۔ یادداشت مذکور اس بارے مین ہے کہ اگر ہرات پر ایرانیون کا قبضہ ہوگیا تو صاحب موصوف کی رائے کے مطابق اس بارے مین کیا تدبیر کرنا چاہیے۔ اس بات کے بیان کرنے کی مجھکو حاجت نہین معلوم ہوتی کہ صاحب موصوف کے ان خیالات سے مین اتفاق نہین کرسکتا اس مسئلہ پر جہان تک میری عقل رسائی کرسکتی ہے نہایت ذہن لڑاکر مین نے بارہا غور و فکر کی ہے جو حالات مجھکو دستیاب ہوسکے اُن سب کو مین نے مطالعہ کیا اور باوقات مختلف عمدہ ترین افسران فوج سے اس امر پر بحث کی اور آخر مین بلا اختلاف میری یہی رائے قرار پائی کہ وسط ایشیا کے معاملات مین فوج کشی کرکے دخل دینا سراسر غلطی ہے کل مین نے ایڈورڈس صاحب کو عجلت مین جو ایک چٹھی لکھی تھی اُسکی نقل اپنی اس عرضی کے ساتھ منسلک کرتا ہون۔ بادی النظر مین اُنکی تدبیرون کے خلاف جو اعتراضات میرے دل مین گذرے وہ مین نے اُسمین درج کر دیے ہین۔

ہرات کے بارے مین مین یقین کرتا ہون کہ اِسوقت وہ ایک نہایت مستحکم مقام ہے اگر میری یادداشت غلط نہین ہے تو نیپئر سر آرچیبلڈ ایڈورڈس صاحب متعلقہ انجینیر اُن بنگال نے جو مہاراج پور مین مارے گئے تھے مقام مذکور کو دیکھا تھا اور اُنکے اور توپی

پیجر ڈیوی آرسنی ٹاڈ کے زیر اہتمام وہان کی قلعہ بندی مین زر کثیر خرچ کیا گیا لیکن اس بارے مین لفٹننٹ کرنل تھیمس اَیبٹ جو فی الحال صاحب مین ہین حضور کو پورے حالات سے مطلع کرینگے۔ مجھکو تو ہر طرحسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہماری فوج کے پہونچتے پہونچتے روس اسقدر اَیبٹ خانہ اور توپخانہ کے لوگون کو اپنی خواہش اور ضرورت کے مطابق بخوبی تمام فراہم کرے گا اور یہ افسر اس مدد کے جو ایران کو دی جائیگی قسم سے روس کو دے سکتا ہے ہماری تمام تدبیرون کو جو اُسکے مقابلہ مین ہندوستان سے کیجائینگی شکست کر دینگے میرا عقیدہ تو یہ ہے کہ اگر اسیطرح کا کوئی قصد کیا گیا تو اُسکا انجام یہی ہوگا کہ لکھو کھا روپیہ برباد ہو بلکہ بالیقین تباہی بھی واقع ہوگی۔ مین تسلیم کرتا ہون کہ افاغنہ کے مقاصد فی الحال ہماری اغراض کے مطابق ہین لیکن یہ کچھ ضرور نہین ہے کہ یہی حالت ہمیشہ قائم رہے اگر اس مناقشہ مین ہمکو کامیابی حاصل ہوئی تو بیشک افاغنہ ہمارے دوست رہینگے لیکن اگر قضیہ اسکے بالعکس ہوا تو پھر اُنکو مصلحت اسی مین معلوم ہوگی کہ طرف ثانی سے ملجائین۔ اگر ہمکو کوئی فوج افغانستان کو بھیجنی تو اُسکے لیے ہر قسم کے اتفاقات کی تیاری کر لینا چاہیے کہ جو کوئی سامنے آئے اُسکا مقابلہ کیا جائے اور خود اپنے ذریعہ اور وسیلہ پر پورا بھروسہ کیا جائے اور ہرات تو ہماری سرحد اور اُس مقام سے جہانسے بطور کافی مدد پہونچ سکتی ہو صدہا میل دور ہے —

ص ۴۶۹ مجکو اب تک میرے بھائی کرنل جارج لارنس کے دلچسپ بیانات یاد ہین کہ درہ بولان سے کیونکر کوچ کیا گیا تھا اور قندھار مین کسطرح داخلہ ہوا اُنھون نے مجھکو یقین دلایا کہ سپاہ بھر مین صرف پانچسو گھوڑے ایسے رہگئے تھے جو اپنے سوارون کو لے چلنے کے قابل تھے اور یہ سوار ایسے تھے کہ نصف میل تک بھی اپنے گھوڑون کو تیز نہین دوڑا سکتے ہین توپخانہ کے گھوڑون کی کیفیت اس سے بھی بدتر ہے اور قطع نظر ان سب باتون کے اُس فوج کی قوت بھی کیا تھی شاہ شجاع کی تمام سپاہ ملا کر میرے نزدیک بارہ ہزار آدمی سے زیادہ نہین تھے —

یہ بہت صحیح ہے کہ اُس زمانہ کے حالات اس زمانہ کے حالات سے بدرجہا مختلف ہین سندھ اور پنجاب ہمارے قبضہ مین ہے ہم افاغنہ کی حمایت کو جاتے ہین لڑنے نہین جاتے ہین بایں ہمہ مجھکو خیال کرنا چاہیے کہ سندھ اور بولان کے راستہ بھر مین اور وہان سے قندھار اور پھر غزنین تک کسی نے ایک گولی بھی نہین چلائی اور نہ کسیطرح کی مخالفت کی گئی اسکے سوا فی الحال اور کوئی پیشین گوئی نہین کی جا سکتی —

کابل اور وہ ملک جو ہندوستان اور ہرات کے مابین واقع ہین اس قابل نہین معلوم ہوتے کہ بڑی فوج کی پرورش کر سکین مجھکو یقین ہے کہ اگر اُن ملکون سے رسد لی جائیگی تو لوگ پریشان ہونگے اور کم و بیش ہماری مخالفت کرینگے۔ پنجاب کے بھی بعض بعض حصون مین تین ہزار سے لیکر چار ہزار سپاہ کے لیے ایک مقام مین سامان رسد کا بہم پہونچنا مشکل ہے ۱۸۰۵ء مین جب مین براہ دریائے سندھ لارڈ لَوِیٹ کے ساتھ راولپنڈی سے کالاباغ کو گیا تو ہم سب لوگون کو نہایت خطرہ تھا کہ کمین فاقہ کشی کی نوبت نہ آئے کیونکہ وہان تین چار دن تک ٹھہرنا پڑا۔ ہمکو اپنے کھانے پینے اور مویشیون کے چارہ کی چیزین پچاس پچاس بلکہ ساٹھ ساٹھ میل کے فاصلہ سے منگوانا پڑین —

۱۹۰۲

افاغنہ حرص اور تعصب کے لیے ضرب المثل ہو رہے ہین اور اُنکے فرمانروا صرف نام کے لیے حکومت رکھتے ہین اگر وہ چاہین تو بھی سامان رسد پہونچانے کا قطعی اقرار نہین کر سکتے اور کمیسریٹ کے کارپرداز اور ٹھیکہ دار اگر وہان گئے تو نتیجہ نہایت خراب ہوگا قندھار کی حفاظت کے لیے خیر قواعد دان سپاہ روانہ کرنیکی تدبیر مین کم خواہ زیادہ خطرہ متصور ہو لیکن میری راے اُسکے بھی خلاف ہے اگر ایرانی اپنی لڑائیان خاص اپنی سرزمین مین نہین لڑ سکتے تو ہمارے واسطے اُسکا قصد کرنا بے سود ہے ایرانیون کو قندھار پر قبضہ کرنے مین چاہے کچھ دنون تک کامیابی رہے لیکن اسمین غالباً آیندہ کے لیے خطرہ متصور ہے ۔ اگر افاغنہ کسی سے سازش کرنے پر کبھی مائل ہو سکتے ہین تو ایسے حملہ آور سے نجات حاصل کرنے کے لیے ضرور اتفاق کر لینگے ۔ اسمین شک نہین کہ افغان لوگ باوصف اپنے ملک کی قدرتی قوت اور سپاہیانہ صورت کے اصل مین اس وجہ سے کمزور ہین کہ باہمدگر اُن مین جھگڑا رہا کرتا ہے اور ملک کے لوگ طامع اور بیوفا ہین چنانچہ اسیوجہ سے مین نے لارڈ ڈلہوزی کو لکھا تھا (یہ حوالہ مین اپنی یادداشت سے دیتا ہون) کہ مجھے یقین ہے کہ اگر کوئی خوفناک حملہ آور ہرات تک اگر ہندوستان کی طرف حرکت کریگا تو وہ کبھی اُسکا مقابلہ نہ کر سکینگے ۔

اگر ہم نے قندھار کو کوئی فوج روانہ کی تو اُسکے لیے ملک پر قبضہ کرنا ضرور ہوگا اُسوقت افغانستان ہندوستان کی جگہ ہو جائیگا اور ہم کو اپنی حالت سنبھالنے کے لیے جو خرچ اُٹھانا پڑیگا اُس سے ہندوستان کا دیوالہ نکل جائیگا اور اگر کچھ کچھ اور ہوا تو ہم کو خالی خزانہ اور بیدل فوج کے ساتھ ہٹنا پڑیگا اور اُدھر بر خلاف اُسکے اگر افغانستان کو چھوڑ دیا اور کوہ سلیمان کے اس جانب اپنے وسائل کو فراہم کیا تو ہم اپنے حملہ آور سے ایسی حالت مین مقابلہ کر سکینگے جب وہ بالکل خستہ اور پریشان ہوگا ۔ اُسکا توپخانہ ضعیف ہوگا اور اُسکے دماغ درون سے گذرتے ہوئے دور رہجائینگے ۔ ایسی حالت مین شکست یقینی ہے اور اگر شکست ہوئی تو اُسمین سراسر تباہی رکھی ہوئی ہے

جو روپیہ ہکو ہرات کے محاصرہ کرنے اور افغانستان کی لڑائیان لڑنے مین صرف کرنا پڑیگا اُس سے ہمارے گورون کی فوج ہندوستان مین دوچند ہو جائیگی ہماری اکثر ضروری ریلون کی تکمیل ہو جائیگی اور پنجاب کے دریا جازون کے بنچے چھپ جائینگے مجھے یقین ہے کہ جنگ کابل مین ابتدا سے انتہا تک بارہ لاکھ پونڈ سے زیادہ صرف نہوا ہوگا اور اگر بجنے روس اور ایران کی مشترک قوت کے مقابلہ مین وسط ایشیا پر چڑھائی کی تو اُسمین جو نقصان ہوگا اُسکی کوئی حد و حساب مقابلہ اُسکے نہین ہے ۔ مجھے یہ بھی بیان کرنا چاہیے (یہ امر ایسے ہماری مسئلہ کے سامنے اگرچہ چندان ضرور نہین ہے) کہ ہم مشکل سے کوئی ایسی سپاہ (یعنی فوج پنجاب کا ایک حصہ) دے سکتے ہین جسکی قندھار بھیجنے کی تجویز کی جاتی ہے وہ سب سے زیادہ اُن خدمتون کے لیے موزون ہے جسکے لیے تعینات کی گئی ہے اکثر سپاہی اور افسر ہمارے ہندوستان بھر کی فوج مین چیدہ و منتخب ہین سات برس کی محنت کے بعد اب وہ اس حالت مین پہونچی ہے ۔ کہ وہ ستانی جرگون کا مطیع کرنا تو درکنار ابھی تک اُنکی تنبیہ بھی نہین ہوئی اور جس فوج کو کرنل اوڈوزڈس نے بیان کیا ہے کہ وہ اس بات کے لیے کارآمد ہو سکتی ہے اُسکو ہم مشکل سے دے سکتے ہین ہمارے اس حصہ ہندوستان مین ایسی بندوقین بھی نہین ہین جو ہم اُنکو دینگے اور قواعد دان ویسی سپاہیون کو سول خدمتون پر مقرر کرنے مین نہایت زحمت و پریشانی متصور ہے مین نے حضور کو جو اطلاع دی تھی وہ ابھی تک مجھکو فراموش نہین ہوئی ایران مین کام کرنے کے لیے مین پنجاب کی فوج دو ہزار سے زیادہ نہین

ص۱۱۴

ہو سکتا ہون لیکن اسقدر لوگ بھی بڑی مشکل سے دیے جا سکتے ہین اور اگر قریب قریب اُسکے دو چند آدمی لیے گئے تو سوائے اِسکے کہ ہم ایک حلقہ کے اندر ہمیشہ کے لیے اپنے تئین بند کر کے بچا بیٹھین اور کچھ نہو سکیگا اور اس طریقہ مین بالکل کمزوری متصور ہے اور کچھ فائدہ نہین ہو سکتا۔

مین کل درہ کوہاٹ مین جاؤنگا اور امید ہے کہ ۲۹ کی صبح کو پشاور مین پہونچ جاؤن۔

جان لارنس نے اس شد و مد کے ساتھ اپنے جو خیالات ظاہر کیے اُنسے لارڈ کیننگ نے بالکل اتفاق کیا اور آخر کو جان لارنس نے یہ سنکر کہ دوست محمد وادی خرم مین نہین بلکہ درہ کوہاٹ مین ملاقات کرنا چاہتا ہے درہ کوہاٹ سے گذر کیا اور ۲۹ تاریخ پشاور مین پہونچے یہان کچھ عرصہ کے بعد راولپنڈی سے آکر آنکی میم صاحب بھی مین۔ دوست محمد نے مثل سچے ایشیائی لوگون کے اپنی نقل و حرکت مین سستی اور شکوہ ظاہر کیا اور جب پانچ مہینہ اور گذر گیا تب یہ خبر آئی کہ وہ درۂ خیبر کے اس کنارہ تک پہونچے ہین۔ چیف کمشنر پنجاب کمشنر پشاور بیرن سیدٹن کامن جو فوج پشاور کے کمانڈر تھے اور ہیبری لمسڈن جو سپاہ گائیڈ کے کمانڈر تھے فوراً روانہ جمرود ہوئے اُنکے ساتھ تین ہزار سپاہی ہر قسم کے اور تھے اور یہ سب سامان اسلیے کیا گیا کہ جسوقت فرمانروائے افغانستان ہندوستان کی سرحد پر قدم رکھے تو اُسکے استقبال کے لیے ہر طرح کی تیاری ہو رہے لیکن امیر نے افغان ہونیکی وجہ سے اپنی قوم کی عادت کے مطابق فریب کا اندیشہ کر کے یہ التجا کی کہ پہلے سر جان لارنس افغانون کے علاقہ مین آکر مجھسے ملاقات کرین سر جان اسپر رضامند ہو گئے اور انگریزی نوروز ۱۸۵۸ء کی صبح کو دوست محمد کے دو بیٹے کچھ صورت سوارون کے ایک غول سمیت پرش کیمپ مین اس بات کے لیے حاضر ہوے کہ جان لارنس کی حفاظت مین لیجا کر امیر کے پاس پہونچا دین۔ انگریزی ملاقاتیون کے لیے یہ سفر معمول دلچسپی کا ہوگا کیونکہ جو مکان وہان موجود تھے اُنکو پہلے ہی پہل (حالانکہ اُنمین سے اکثر لوگ سالہا سال سے گھاٹی کے موہانہ ہی پر رہتے آئے تھے) اس ہولناک گھاٹی پر نگاہ کرنے کا اتفاق ہوا ہوگا اُسکے تیرو تار غار اسی قابل تھے جیسے شہور شاعر ملٹن کا یہ مصرعہ بطور کتبہ کے لکھا جاتا ہے۔

"قدم رکھے وہ اندر زندگی سے ہاتھ جو دھوتے"

فی الواقع ذاتی حفاظت کے متعلق یہ بڑی احتیاط کی جگہ تھی اور گورنمنٹ نے تاکیدی حکم دیدیا تھا کہ کوئی انگریز درۂ خیبر تک کیسا ہی شائق اور کیسا ہی الوالعزم کیون نہو ان دہشت ناک خیبریون کے علاقہ مین قدم نرکھے جو وحشی سے بیجان رہتے اور لومڑیون کیطرح زمین کے اندر غارون مین بسر کرتے تھے انسان کے ہاتھ سے کبھی وہ مطیع نہین ہوتے تھے ہر ایک فاتح جو اُنکے غارون سے ہو کر نکلا اُس سے اُنھون نے قلبندی و حصول کر لی اور رات کو حملے کر کر کے گذشتہ چند سال کے اندر انگریزی رعایا کے بہتیرے آدمی ہلاک کر ڈالے

اور ہندوستانیون کی صدہا گاہین اور بکریان سپاہ متعینہ پشاور کے سامنے لے لیکر چلے گئے۔ پس جسوقت یہ قلیل جماعت اس ممنوع علاقہ کے اندر اور کئی میل تک درہ مین جہان کہ ہر ایک گوشہ اور گڑھی مین ایک ایک افغانی قصد انداز بخوبی چھپ سکتا تھا گئی ہوگی تو اسکو نئی نئی باتون کے دیکھنے کا ذوق وشوق ہی نہو گا بلکہ کچھ اور ہی خیال ہوگا

جان لارنس کو خوب معلوم تھا کہ مین نے اپنے اوپر کیا جوکھم لی ہے اور اس لیے وہ سنڈی کاگن صاحب ص۱۱۵
سے (جنکے ذریعہ سے مین اکثر باتین اس داستان کے متعلق لکھ چکا ہون) کہہ گئے کہ آپ اپنی سپاہ کو حکم دیدینگے کہ اگر وہ کے اندر سے بندوق کی کوئی آواز آسے تو وہ فوراً چلے آینگے اور مدد کے لیے پہونچینگے۔ یہ ایک اسطرح کا حکم تھا کہ جو کچھ بعد کو گذرا اگر اسکے موافق حکم کی تعمیل کی جاتی تو کل گروہ کی جان جاتی کیونکہ جسوقت یہ لوگ امیر کے خیمہ مین داخل ہوے تو جو بھاری توپین امیر کے خیمہ کے سامنے لگا ئی گئی تھین انکے ذریعہ سے سلامی سر ہوئی اسکے بعد شبیہی پہاڑیون پر افغانی سپاہ کے بندوقچیون نے سلامی کی باڑھ ماری اور اسکے بعد کوہستانیون نے جو کئی میل تک درہ کے دونون طرف صف بستہ کھڑے تھے سلامی سر کی یہانتک کہ کل درہ خیبر توپون اور بندوقون کی آواز سے گونج اٹھا اور اسکی آواز بازگشت سے بہت اچھی طرح اس بات کا دھوکا ہوسکتا تھا کہ ایسمین کچھ فساد ہوگیا۔ اگر اس افسر نے جو برٹش سپاہ کی کمان پر پیچھے چھوڑ دیا گیا تھا اس حکم کی جو اسکو دیا گیا تھا تعمیل کی ہوتی اور عجلت کے ساتھ درہ کے اندر گھس گیا ہوتا تو جیسا سنڈی کاگن صاحب دلیل کرتے ہین اسمین کوئی شک نہین کہ افاغنہ اس فریب کو جسکا انکو اندیشہ تھا دیکھنے یا سمجھنے کا بہانہ کرینگے بعد اُن بے بس فرنگیون پر ٹوٹ پڑتے اور ایک ایک آدمی کا کام تمام کردیتے لیکن صاحب موصوف نے یہ خیال کرکے کہ آوازین ایک قرینہ کے ساتھ آتی ہین یہی نتیجہ نکالا کہ یہ سلامی کی آوازین ہین اور عقلمندی سے اپنی جگہ پر کھڑے رہے جو خطرہ تھا وہ جاتا رہا اسکے بعد ایک بڑا بھاری دربار منعقد ہوا یعنی بقول چیف کمشنر "عجیب کردون اور بدمعاشون کا ایک ایسا گروہ مجتمع ہوا جسکے دیکھنے کا پیشتر مجھکو کبھی اتفاق نہین ہوا تھا" سعادت خان سردار فرقہ مہمند جو ہمارا جانی دشمن تھا ان سب مین سربرآوردہ تھا لیکن سر جان لارنس کی استدعا سے دوست محمد نے حکم دیا کہ دربار سے چلا جائے۔ اسکے دو روز کے بعد دوست محمد جسکی داڑھی سپید اور چہرہ مقدس تھا (کیونکہ اب اُسنے خضاب لگانے کی پروا نہین کی) اور اونٹ کی کھال کا لباس پہنے ہوئے تھا انگریزی علاقہ مین داخل ہوا سات ہزار انگریزی سپاہ جو اعزاز کے لیے صف بستہ ایک میل تک کرکے دو رویہ کھڑی کی گئی تھی اُس سے گذر کر جمرود مین آیا اور وہان اپنا خیمہ نصب کرایا اور اس مقام پر ۲۵ جنوری کو مجلس شوریٰ کا کام شروع ہوا۔

امیر کے پیچھے اُنکے لڑکے بیٹھے اور بائین جانب اُنکے نہایت معتمد سردار کھڑے ہوے۔ اور وہ خود طوائف کے ساتھ اپنے تعلقات ایران کو بیان کرنے لگے اور نہایت پر درد طور سے بیان کیا کہ انگریزون سے دوستی کرنے مین شاہ ہمارے دشمن ہوگئے اور اُس سے اب ہرات نکل گیا بعد اسکے امیر نے سوال کیا کہ مجھکو

کیا کرنیچاہیے۔ آپ لوگ جو کچھ حکم دین مین اُسکی تعمیل کیواسطے موجود ہون اور اللہ ہمیر کو شاہ کرتا ہون کہ آیندہ سے
سنہ ۵۲ چاہے تمام عالم پھر جائے مگر مین آپ لوگون کا دوست رہونگا۔ چیف کمشنر کی اس اول ملاقات مین زیادہ تر یہ
خواہش تھی کہ امیر کے خیالات معلوم ہون اپنی باتین بیان کرنے کی اُنکو چندان خواہش نہین تھی اور جب اصل مطلب
کی گفتگو آئی تب دوست محمد نے کمال فصاحت صرف کرکے ظاہر کیا کہ میری دلی خواہش یہ ہے کہ ہرات کو حاصل
کیا جائے۔ اور اگر انگلش لوگ خلیج فارس مین ایک بھاری بحری قوت دکھاکر مجھکو مدد دین اور دوسرے طریقہ سے
بھی میری اعانت کرین تو مین دریاے جیحون پر تمام جنوبی ملکون سے ایک فوج جمع کرکے اپنے دشمنون کو عین معرکہ
مین نیچا دکھاؤن ہرات کی شہر پناہ کو مسمار کردون برجیان توڑ ڈالون اور بزور شمشیر اُسپر قبضہ کرلون —

یہان تک گفتگو کی نوبت آئی تھی کہ اتنے مین ایک سوار دوڑا ہوا سر جان لارنس کے پاس آیا اور لارڈ کیننگ
نے کلکتہ سے تار پر جو ایک خبر بھیجی تھی اُسکو لاکر پہونچایا اس خبر کے ذریعہ سے جان لارنس کو اطلاع دی گئی تھی
کہ عنقریب پچاس ہزار کی ایک سپاہ کمک کے لیے خلیج فارس کو روانہ کی جائیگی اور ایران سے جو عہدنامہ کیا جائے
اُسمین ایک شرط یہ ہوگی کہ وہ افغانستان پر کسیطرح کا دعوی باطل نکرے اور ہرات سے اپنی فوج واپس طلب کرلے
تار برقی کے آخر مین یہ پر معنی الفاظ درج تھے کہ "اس خبر سے اگر کوئی کام نکل سکتا ہو تو آپ اُسکو استعمال مین لاسکتے
ہین"۔ اور جان لارنس نے اُسکے پہلے حصہ سے اُسیوقت کام لیا لیکن دوسرا حصہ جو زیادہ ضروری تھا وہ آیندہ
موقع پر دوسرے روز کام مین لانے کے واسطے اُٹھا رکھا گیا۔ اس اثنا مین اُنھون نے امیر سے اس بات کی کیفیت
طلب کی کہ اُنکے اختیار مین کیا کیا وسائل ہین۔ امیر نے اسکے جواب مین کہا کہ یہ بڑا مشکل معاملہ ہے اور اُسپر غور کرنے کے
لیے ایک پورا دن درکار ہے۔ اسلیے جلسہ برخاست ہوا۔

اسکے دو روز کے بعد ۷ رجنوری کو پھر جلسہ منعقد ہوا اور اس مرتبہ چیف کمشنر کے خیمہ مین اُسکا انعقاد ہوا۔
امیر کے بیان سے ظاہر ہوا کہ ۳۴۰۰۰ سپاہی اور ۶۱ توپین اُنکے اختیار مین ہین اور اُنھون نے کہا کہ میرے نزدیک
مہم ہرات کے خیال سے اُسکی تعداد بڑھاکر ۵۰۰۰۰ سپاہی اور ۶۰ توپین کردینا لازم ہوگا۔ "لیکن اگر آپ کیے تو تعداد
زیادہ بالم کردیجاے آپ انگریز لوگ ایران کے حالات سے بخوبی واقف ہین" چیف کمشنر نے یہ بیان کرنا شروع کیا تھا
کہ یہ بڑی بھاری مہم ہے اور اُسکے ساتھ یہ بھی کہتے تھے کہ افغانون کی باہمی نااتفاقی سے اٹک کشمیر اور پشاور کا ملک علحدہ
ہوگیا اتنے مین سردارون مین سے ایک حافظ جی نے یہ تمسخرانہ سوال کیا کہ "کیا آپ کا ارادہ یہ بھی ہے کہ افغانستان
کو کوئی انگریزی افسر روانہ کیجیے" سر جان نے جواب دیا کہ "اگر اب کی مہم ہرات مین مدد کرنے کے لیے ہم نے روپیہ
سنہ ۵۲ اور دوسرا سامان بہم پہونچایا تو ہم اپنے افسرون کو اس بات کے دیکھنے کے لیے ضرور روانہ کرینگے کہ وہ سب چیزین
مناسب کامون مین صرف کیجاتی ہین لیکن اُن افسرون کو کسیطرح کا اختیار یا حکومت نہ دیجائیگی" پھر اُس وقت کے

لیے وہ معاملہ ملتوی ہورہا اور دوسرے روز امیر کے بیٹے اپنی فوج کے متعلق اور تفصیلی حالات لے آئے جن سے یہ امر صاف ہویدا ہوگیا کہ اگر مہم ہرات مین ایک برس کا زمانہ گذرا تو اسکے واسطے تر شمہ لاکھ روپیہ پچاس ضرب توپون اور آٹھ ہزار سپاہیون کے ہتیارون کی علاوہ بیشمار سامان جنگ کے ضرورت ہوگی۔ یہ ایک بڑی بھاری درخواست تھی چنانچہ اُسپر خیال کرکے جان لارنس آخر کو یہ پوچھنے پر مائل ہوئے کہ اگر بالکل اپنی حفاظت کرنے کی حکمت عملی ایران کے معاملہ مین اختیار کی جائے تو اسکے لیے کن کن باتون کی حاجت ہوگی سردارون مین سے ایک شخص نے جواب دیا کہ "ایرانیون اور افغانون کے درمیان جو جھگڑا ہے وہ صرف اسی عالم کا نہین ہے بلکہ دوسرے عالم کا بھی ہے کیونکہ سنیون اور شیعون مین کبھی اتحاد نہین ہوسکتا ہے لیکن اس امر پر خیال کیا جائیگا اور اگر آپ لوگون نے پسند کیا تو افاغنہ اپنی خواہشون اور معمولی دستور کے خلاف صرف اپنی حفاظت کرنے ہی کی کارروائی پر قائم رہینگے اس صورت مین چار ہزار سپاہیون کے ہتیار اور سامان جنگ مع اسقدر روپیہ کے جو آٹھ ہزار سے زائد پیادون کی پرورش کو کافی ہوسکے بس اسیقدر آپ سے طلب کیا جائیگا"۔ ان شرطون اور اس حکمت عملی کو چیف کمشنر نے پسند کیا اور گورنمنٹ ہند کو اسکے بارے مین خبر دیکر سفارش کی۔ لارڈ ڈلہوزی نے جواب مین اپنی رضامندی ظاہر کی بعد اسکے جان لارنس نے دوست محمد کو صلاح دی کہ مہم ہرات سے دست بردار ہون اور چار ہزار بندوقین اور ایک لاکھ روپیہ ماہوار کا وظیفہ اسوقت تک دینے کو کہا جب تک لڑائی قائم رہے یا گورنمنٹ اپنی خوشی سے دیتی رہے وظیفہ کی ایک شرط ایسی تھی جس سے بڑا ہنگامہ پیدا ہوا یعنی یہ کہ ریزیڈنٹ افسرون کو کابل بھیجنے کا حق دیا جائے اور وہ وہان جاکر اس بات کو دیکھین کہ وظیفہ مذکور مناسب کامون مین لگایا جاتا ہے۔ امیر نے "ایک نہایت ہی صاف اور قطعی طور سے" کہا کہ مین اس قسم کے سمجھوتہ پر صرف اس غرض سے راضی ہوا ہون کہ ہم لوگون کی مشترک مدد سے ہرات پر قبضہ حاصل کرنے کا قصد کیا جائے۔ دوسرے روز جب عہدنامہ کی مجوزہ شرطون پر بحث ہورہی تھی تو سردارون نے امیر سے وہی ذکر چھیڑکر پھر نئے عذرات پیش کیے۔ وہ یہ حجت کرتے تھے کہ انگریزی افسرون کا کابل مین جانا چندان امیر کے نزدیک قابل اعتراض نہین ہے زیادہ تر وہان کی رعایا متعرض ہوگی اسکے قومی اور مذہبی خیالات کو اشتعال ہوگا جسوقت وہ انگریزون کو دارالسلطنت مین دیکھینگے تو یہی کہینگے کہ شاہ شجاع کا قدیم زمانہ پھر آگیا انھون نے کہا کہ ایک ہندوستانی وکیل کابل مین مقرر کردیجیے اور اگر انگریزی افسرون کے بھیجنے مین گورنمنٹ کو اصرار ہے تو وہ قندھار کو روانہ کیے جائین جہان لحاظ جنگ اُنسے زیادہ کام نکلے گا اور رعایا کے حق مین ضرر بھی کم پہونچیگا۔ افاغنہ اور انگریزون کے درمیان رفتہ رفتہ ضرور دوستی ہوجائیگی "ہمکو بہت دور کرنہین چلنا چاہیے"۔ صـ۵۲۵

یہ ایک نہایت عاقلانہ نصیحت تھی اور عقلمندی کے ساتھ سنی بھی گئی ورنہ جو حادثہ جانکاہ ۱۸۴۱ء مین ہوا اسکا وہ ۱۸۵۵ء ہی مین وقوع پذیر ہوجاتا۔ برادران لارنس کا وہی نتیجہ ہوتا جو گبن کی اور تیتس لیبین کا ہوا ہے

جہان عذر کی شورش تھی وہان جنگ افغانستان کا بھی جھگڑا پیدا ہو جاتا اور پنجاب مین جو کچھ سامان تھا وہ علی الاتصال دہلی مین جمع ہونے کے بدلے پشاور ہی مین جمع ہوتا۔ کیا ہندوستان ایسے طوفان کو فرو کر سکتا۔

اسمین شک نہین کہ عارضی طور پر افسرون کے کابل بھیجنے کے قانونی حق پر اصرار کیا گیا لیکن یہ خاطر جمعی کر دی گئی تھی کہ فی الحال اسکی تعمیل نہ کی جائیگی اور یہ بھی ظاہر تھا کہ اگر چیف کمشنر کا کہنا چل سکتا تو کبھی اس حکم کی تعمیل ہی نہ کی جاتی اس امر کے اظہار کو کہ جب کبھی ایران سے عہدنامہ ہوگا تو افاغنہ علیحدہ نہین چھوڑ دیے جائینگے بلکہ اس عہدنامہ مین شامل کیے جائینگے جان لارنس نے آخر وقت تک موقوف رکھا تا آنکہ سردارون نے خود صاف صاف وہی سوال کیا وہ انکے جواب سے خوش ہوے مگر کسی نہ کسی وجہ سے اس بات کو پوچھنا بھول گئے کہ وہ وعدہ بھی عہدنامہ مین درج کیا جائے گا سر جان لارنس اپنی خاص عادت کے موافق لارڈ کیننگ کو لکھتے ہین کہ "لیکن مین خیال کرتا ہون کہ مین نے جن باتون کا زبانی یقین دلایا ہے انکی بابت گورنمنٹ کو بطور ایک تحریری شرط کے ذمہ دار ہونا پڑیگا" ۲۶ جنوری کو چار بجے عہدنامہ کی شرطون پر امیر کے خیمہ مین مہر و دستخط ہوگئے چیف کمشنر پنجاب اور کمشنر پشاور اور فرنٹیر فورس کی ایک فریق اور امیر انگلستان کی طرف سے امیر اعظم خان انکے بھائی اور بہت سے اور سردار طرف ثانی کیطرف سے موجود تھے امیر نے بآواز بلند کہا کہ "اب مین پرنس گورنمنٹ کے ساتھ دوستی کر چکا اور چاہے جو کچھ ہو دم واپسین تک مین اسپر قائم رہونگا" اور یہ امیر نے جو کہا تھا اسکو حرف حرف پورا کیا۔ چیف کمشنر نے عمدہ عمدہ تحائف سردارون کو تقسیم کیے اور امیر کیطرف سے چند گھوڑے وکلاء انگلستان کو دیے گئے جو کسی کام کے نہ تھے۔ افاغنہ نہایت مطمئن ہوکر اپنے وطن کو واپس گئے لیکن سر جان لارنس کو اسقدر خوشی نہین ہوئی کیونکہ عہدنامہ کی تکمیل ہوگئی تھی اور نہایت معقول طور پر اسکے خطرات کم کرنے کی تدبیر کر دی گئی تھی اور اسکے علاوہ گورنر جنرل نے بھی تہ دل سے شکر گزاری ظاہر کی تھی لیکن انکو رہ رہکر یہی خیال ہوتا تھا کہ جس ایک لاکھ روپیہ کا ماہ بماہ امیر کو دینے کا وعدہ کیا گیا ہے اگر وہ خاص اپنے ملک کی تقویت دینے یا پنجاب کے بڑے بڑے سرکاری کامون کی تکمیل کرنے مین جو اسوقت تک بھی روپیہ کے نہونے سے معطل پڑے تھے صرف کیا جاتا تو کیا اسمین اس سے زیادہ فائدہ نہوتا۔

سر جان لارنس کو اپنے بزرگ سیرت مہمان کے اعتماد سے چندان دلجمعی نہین ہوئی تھی اور لارڈ کیننگ کے نام کے چٹھی مین ایک واقعہ انھون نے ایسا عمدہ بیان کیا ہے جو اس مقام پر قابل درج ہے۔

۳۰ جنوری ۱۸۵۵ء مقام پشاور۔

امیر کے بارے مین یہ رائے دینا نہایت دشوار ہے کہ انکے اصل منصوبے اور خیالات کیا ہین مین مقر ہون کہ انھون نے جو کچھ بیان کیا اسپر مجھکو کسیطرح کا اعتماد نہین ہے اسوقت وہ اپنی غرض سے ہماری طرف متوجہ ہوئے لیکن یہ یقین نہین ہے کہ اپنے مطلب کے گذر جانے کے بعد ایک دن بھی وہ ہمارے دوست رہینگے انکو چنداں مطلق نہین ہے انھون نے بطور

ہیرے کے دس گھوڑے اور دو خچر مجھکو ایسے جو بالکل مردہ اور بیجان تھے۔ اُن سب کی قیمت ہزار روپیہ سے بھی زیادہ نہین لگی حالانکہ مین نے اُنکی بہت کچھ تعریف وتوصیف کی تھی۔

ایک روز امیر کی صحبت مین کرنل اُڈورڈس اور مین نے بڑی دلگی دیکھی۔ جب ہمارا سرکاری مباحثہ ہوگیا تو مین نے کہا مین چاہتا ہون کہ چند منٹ امیر سے تنہائی مین ملاقات کرون اسپر اُنکے سردار اور اہل دربار چلے گئے۔ مین نے اُنسے کہا کہ گذشتہ جنگ کے زمانہ مین مہاراجہ گلاب سنگھ کی جو چٹھیان آپ کے پاس آئی ہون اگر آپ اُنکو مجھے دیکھا دین تو مین سمجھون کہ واقعی آپکو ہم لوگون کی دوستی کا بڑا خیال ہے۔ مین نے اُنسے کہا کہ یہ امر نہایت مشہور ہے کہ امیر اور مہاراجہ کے مابین عہد وپیمان کی گفتگو ہی بلکہ معاہدہ بھی عمل مین آیا تھا لیکن مہاراجہ اُسپر قائم نہین رہے اسلیے اگر آپ اُس امر کو ظاہر کردین تو آپ کی بات مین کچھ فرق نہین آسکتا اور اسمین شک نہین کہ اگر آپ اصل واقعہ کا حال مجھسے بیان کردینگے تو ہمارے آپ کے درمیان دوستی کو اور استحکام ہوجائیگا مجھکو اسمین شک نہین ہے کہ یہ سب باتین وقوع مین آئی تھین۔ لڑائی کے ختم ہوجانے کے بعد سردار چتر سنگھ اور راجہ شیر سنگھ نے بھی مجھسے سب حال کہدیا تھا اور یہ بات تو مشہور عام ہے کہ امیر نے علانیہ مہاراجہ کی بیوفائی کی شکایت کی ہے۔ ہرچند مین نے مبالغہ کیا لیکن امیر قطعًا انکار کرتے گئے کہ اس قسم کی کوئی بات وقوع مین نہین آئی ہے۔ جب مین نے اس بارے مین حد سے زیادہ اصرار کیا تو امیر نے چلاکر کہا کہ "مین حضرت ابراہیم حضرت موسیٰ حضرت یوشع حضرت عیسیٰ اور اگر اُنکے سوا اور انبیا ہون تو اُنکی بھی قسم کھاکر کہتا ہون کہ میرے پاس اس قسم کا کوئی کاغذ نہین ہے اور میرے اور مہاراجہ کے درمیان کبھی کوئی عہد وپیمان نہین ہوا تھا" جب مین نے امیر سے کہا کہ مین آپ کے بیان پر اعتبار نہین کرسکتا تو اُنکو کسیطرح ناراضی نہین ہوئی بلکہ ظاہر مین معلوم ہوا کہ کچھ مایوسی ہوئی۔ اُنکے بیٹے سردار اعظم خان نے جو اس موقع پر موجود تھا کہا کہ اگر کوئی کاغذ کہین پایا گیا تو مین اُسکی تلاش مین رہون گا اور جب برآمد ہوگا تو وہ ضرور پیش کیا جائیگا۔ پھر اُسنے کہا کہ مین نہین جانتا کہ امیر کے پاس کوئی کاغذ تھا مگر غالبًا سلطان محمد خان کے پاس کچھ کاغذات تھے جب اعظم خان نے اُسسے پوچھا کہ کیا آپ امیر کی باتون پر یقین نہین کرتے ہین اور کہنے جواب دیا کہ نہین تو وہ قہقہہ مار کر ہنسنے لگا اور مجھے خوب یقین ہے کہ سابق کی نسبت اُنکو ہماری عقلمندیون کا زیادہ خیال ہوا۔

ہرات کے معاملہ مین اس طرف سے کسی مہم کے جانے کی نسبت حضور نے جو کچھ بیان فرمایا اُسکو سنکر مجھے نہایت خوشی حاصل ہوئی میرے نزدیک یہ رائے سراسر عقلمندی پر دال ہے۔ مین خیال کرتا ہون کہ یہ امر کسی وجہ سے عمل مین نہلایا جائیگا۔ اسمین جو کچھ خرچ ہوجائیگا اُسکا نقصان بیس برس تک پورا نہوگا ہماری فوج ایسی مہم کے لیے موزون نہین ہے اگر اپنے ملک سے اتنے فاصلہ بیجا پر کوئی ناشدنی امر ظہور مین آیا تو اسکا نتیجہ نہایت ہی بُرا ہوگا اور اگر کامیابی حاصل ہوئی اور ہرات پر قبضہ ہوگیا تو بھی اس بات کی کوئی حفاظت نہین ہے کہ آیندہ دو چار سال کے عرصہ مین پھر اُسپر غنیم قبضہ نکرلیگا۔ یہ تو اپنی اپنی رائے ہے کہ ہرات پر دشمن کے قبضہ کرلینے سے ہندوستانیون کے دل پر کیا اثر پیدا ہوگا۔ مین تو یہ خیال نہین کرتا کہ وہ لوگ اس بارے مین تکلیف کرینگے مین یقین کرتا ہون کہ مجھکو ہندوستانیون اور اُنکی رایون سے مثل اکثر پرٹش افسرون کے واقفیت حاصل ہے اور جس ص۵۲۴

زمانہ مین مین دہلی مین جو سلمانون کا صدر مقام ہے مقیم تھا تو ہرات کا پہلا محاصرہ ۱۸۳۷ء مین ہوا تھا اور میرے نزدیک نہ تو اس زمانہ
مین اور نہ اسوقت تک ہندوستانیون کو اس معاملہ مین کچھ توجہ ہوئی ۱۸۵۶ء مین جب افغانستان پر چڑھائی کرنے کی تجویز پیش ہوئی تو
اسوقت ایک دلیل اسکے خلاف یہ کی گئی کہ بالائی ہندوستان مین عوام کے خیالات ہماری حکومت کے خلاف ہین مین نے بنا بحث
کبھی یہ علامت نہین دیکھی اور اسکا بہترین ثبوت یہ ہے کہ بڑی بڑی تباہیون کے بعد بھی ایسی کوئی علامت ظاہر نہین ہوئی ص۲۵۲
کرتا ہون کہ جو آدمی اسوقت زندہ ہین انمین سے تو کوئی شخص ہندوستان مین روسی فوج کو نہین دیکھ سکتا اور کسیطرح کی ایشیائی فوج بمقابلہ
ہماری سپاہ کے کھلے میدان مین ٹھہر نہین سکتی۔ میدان مین ہمارے مقابلہ کے لیے جو شخص آئے اسکو لازم ہے کہ ولایتی سپاہیون
کی ایک فوج عظیم اور بھاری توپخانہ رکھتا ہو اور ان سب کا انتظام درست ہو۔ وسط ایشیا مین جو ملک واقع ہین انمین نہ صرف جیحون اور
سندھ کے دریائی ملکون سے بھی کوئی فوج عجلت کے ساتھ بغیر سڑکے گذر نہین سکتی کہ انجام کو بالکل بیدل ہو جائے اگر قلیل فوج چڑھائی
کر بھی تو شکست پائیگی اور اگر کثیر فوج بتدریج آنے کا قصد کریگی تو اسکو غذا کا سامان بہم نہ پہونچ سکیگا۔ افغانستان مین اسقدر غلہ نہین پیدا ہوتا
کہ غیر ملک کی کسی بھاری فوج کے لیے کافی ہو سکے اس سے تو خاص وہین کی آبادی بہ مشکل پرورش پاتی ہے پھر ایسی فوج کے لیے
وہان بار برداری کا سامان کافی طور سے مہیا نہین ہو سکتا نہ تو وہان چھکڑے ہین اور نہ ایسی سڑکین ہین جنپر چھکڑے چل سکین چند نہرین
جو ملک مین پائی جاتی ہین انسے بار برداری کا کافی سامان بہم نہین پہنچ سکتا۔ چنانچہ سردار اعظم خان نے باتون باتون خود اس امر کو بیان
کیا تھا .... ۔ صاف فرمایئے گا مین نے یہ چٹھی بڑی عجلت مین لکھی ہے کل مین لاہور کو روانہ ہونگا اور اسوقت مجھکو اسقدر کام کرنا ہے
جسکا بآسانی مین بندوبست نہین کر سکتا۔

یہ بات نہین ہے کہ سر جان لارنس اور دوست محمد کے درمیان جسکے عیوب آپر اس وضاحت کے ساتھ
ظاہر ہو گئے تھے اچھی طرح ملاقات ہوئی ہو۔ دوست محمد جیسا ذی رتبہ شخص تھا ویسا ہوشیار بھی تھا اور سب سے
بہتر بات یہ ہے کہ مثل اکثر ایشیائیون کے قصہ گوئی مین اسکو بڑا ملکہ تھا۔ وہ رات رات بھر جیف کمشنر سے دلچسپ قصے
بیان کیا کرتا اور جیف کمشنر بھی جیسا کہ مین بخوبی ثابت کر چکا ہون قصہ گوئی مین کچھ اس سے کم نہین تھے اور وہ بھی امیر
کے ہر ہر قصہ کے جواب مین دوسری حکایت بیان کیا کرتے تھے۔ دوست محمد اپنی مفلسی کا حال بیان کرنے کا بڑا
شائق تھا اور اس بات کی شکایت کرتا رہا کہ گو مین بہت احتیاط کرتا ہون مگر اسپر بھی میرا خرچ آمدنی سے بڑھ جاتا ہے
سر جان نے پوچھا کہ "تو پھر آپ کی بسر کیونکر ہوتی ہے" دوست محمد نے اپنا چہرہ نہایت سنجیدہ بنا کر جواب دیا کہ "مین
ہر سال مہاجنون سے قرض لیتا ہون جو علی العموم ایرانی ہوتے ہین وہ سمجھتے ہین کہ جسوقت مین مرا تو میرے بیٹے ایک
دوسرے کا گلا کاٹنے لگینگے ملک بھر مین بدعملی ہو جائیگی اور انکو اپنے روپیسے ہاتھ دھونا پڑیگا۔ اسلیے جسوقت وہ
تقاضا کرتے ہین تو مین اُن سب کو بلا کر جمع کرتا ہون اور انکو اپنا چہرہ دکھا کر کہتا ہون کہ مین روپیہ کے تردد مین ہلاک
ہوا جاتا ہون وہ کہتے ہین کہ قرض کا معاف کر دینا بہتر ہے اور مجھکو کچھ دونون کے لیے اور زندہ چھوڑ دیتے ہین اسوقت

ہم لوگون مین از سر نو تازگی پیدا ہوجاتی ہے"

ص ۵۲۳ ریزیڈنسی افسرون کی سفارت افغانستان جسکے متعلق مجلس شوریٰ مین اسقدر بحث رہی تھی امیر کی خواہش سے ۳ مارچ آیندہ تک نہین روانہ کی گئی جو افسر اس خطرناک اور خالی از منفعت کام کے لیے منتخب کیے گئے تھے اُن مین ہیری لیسڈن جنکا نام پیشتر اسی سوانح عمری مین اکثر جگہ آچکا ہے اور اُنکے چھوٹے بھائی پیٹر لیسڈن تھے پیٹر لیسڈن کی نسبت چیف کمشنر نے بیان کیا ہے کہ "وہ ایک بڑے معقول نوجوان اور نہایت ہردلعزیز اعلیٰ درجہ کے شہسوار اور مشاق خوشمزاج اور زیرک اور ہوشیار ہین" لیکن پیٹر لیسڈن میل ہوگئے اور سر جان لارنس نے یہ خیال کرکے کہ علیل آدمی کو اتنے فاصلہ پر جہان کوئی ڈاکٹری مدد نہین پہونچ سکتی بھیجنا مناسب نہین ہے لیفٹنٹ ہیری نارمن کو جو ایک نوجوان ہونہار افسر اور اُسوقت بہ حیثیت اسسٹنٹ اِجنٹین خیبر میر مومین تعینات تھے تار دیا کہ آپ فوراً چلے آئین لیکن چونکہ تجویز یہ ہوئی کہ مہم کے ساتھ ایسے ڈاکٹر کو بھیجنا چاہیے جسکی دواؤن کے بکس سے قندھار مین سفارت اور کسی امر کی نسبت زیادہ عزیز ہو اسلیے اسمین دشواری لاحق ہوئی اور نارمن صاحب دہلی کیواسطے رکھ لیے گئے ۔ آخر کو معلوم ہوا کہ قندھار کی نسبت دہلی ہی مین اُنکے رہنے سے زیادہ فائدہ ہوا ڈاکٹر بلو جنکا نام اسوقت اُنکی تحریرات متعلقہ ایران و افغانستان کی وجہ سے بہت مشہور ہوگیا ہے سفارت کے ساتھ جانے کے لیے منتخب کیے گئے اصل منشی سفارت یہ تھا کہ امیر کا جو وظیفہ مقرر کیا گیا تھا اُسکو امیر اور کامون مین صرف یا برباد نکرنے پائین لیکن ہمراہان سفارت کو جو ہدایتین کی گئین اُنمین ایک امر یہ بھی ذہن نشین کردیا گیا کہ "انگریزی سلطنت ہندوستان کے حق مین اُنکی بہترین خدمت یہی ہے کہ جن جن لوگون سے اُنکو ملاقات کا سابقہ پڑے اُن سب کی دلجمعی کرین کہ ہم کو فوج افغانستان کی مرضی کے خلاف مسلح خواہ غیر مسلح ایک آدمی کے بھی سرحد پار بھیجنے کی خواہش نہین ہے ہماری سفارت فقط عارضی اور ایک خاص مقصد کے لیے وہان رہیگی اور لڑائی کے موقوف ہوتے ہی چلی جائیگی ہماری خواہش صرف اسقدر ہے کہ افاغنہ ہمیشہ آزاد اور خودمختار رہین اور جسطرف سے کوئی پیشقدمی کیجائے اُسکو روکین فقط اس امر کے لیے ہماری طرف سے مدد دی گئی ہے اور اُسکے بدلے مین ہم صرف اسقدر چاہتے ہین کہ وہ ہماری خالص نیتون پر اعتماد رکھین"

لوگون کو یاد ہوگا کہ جب جنگ ایران کے آثار پہلے پہل ظاہر ہوئے تو سر جان لارنس نے یہ خیال کرکے کہ جو شخص اعلیٰ کمان کے لیے منتخب کیا جائے اُسمین ملکی اور فوجی معاملات کی لیاقتون کا ہونا ازبس ضروری ہے بڑے شد و مد سے اس عہدہ کے لیے اپنے بھائی کی سفارش کی تھی دوسری چٹھی مین لکھا تھا کہ اگر وہ نہون تو ہنری ایڈورڈ ص ۵۲۴ اور اگر وہ بھی نہون تو کرنل جیکب مقرر کیے جائین کیونکہ اُنھون نے خیال کیا کہ کرنل جیکب نے سندھ مین ملکی اور فوجی دونون طرح کے معاملات مین تجربہ حاصل کیا ہے اور گو اُنمین "تندمزاجی اور خودنمائی" کے عیوب پائے جاتے ہین

مگر وہ اس عہدہ کے لیے بخوبی موزون ہین - لیکن بعد کو یہ معلوم ہوا کہ اس عہدہ کی تقرری کا اختیار لارڈ کیننگ کو نہین بلکہ گورنمنٹ انگلستان کو ہے اور جس زمانہ مین لارڈ کیننگ اور سرجان لارنس اس مسئلہ پر بحث کر رہے تھے تو گورنمنٹ انگلستان اُس شخص کو منتخب کر چکی تھی جسکا نام سرجان نے دوسرے نمبر پر لکھا تھا - اُنھون صاحب ظاہرا اپنی عرصہ دراز کی مشقتون اور بڑے بڑے کامون کی محنتون سے چور ہو کر ماہ مئی مین انگلستان کو چلے گئے تھے - لیکن بوڑھے جنگی گھوڑے کیطرح جو دور سے لڑائی کی بو سونگھ لیتا ہے ہتیارون کی جھنکار سنکر اُنمین تازہ قوت پیدا ہوگئی اور نئے سال (۱۸۵۷ء) کے آغاز مین وہ نہایت مستعدی کے ساتھ اپنی سپاہ کا دوسرا حصہ بمبئی سے جنگ ایران پر روانہ کرنے مین مصروف تھے -

لیکن تھوڑے ہی دنون کے بعد لارڈ کیننگ نے ہنری لارنس کو ایک ایسا عہدہ دینے کے لیے کہا جو شاید مہم ایران کی کمان سے بھی اُنکے لیے زیادہ موزون تھا - وہ چار برس سے راجپوتانہ کے زوال رسیدہ رجواڑون مین اپنا زور و ہمت پیدا کرنے کی کوشش کرتے اور اُنکی ترد شاری اور خفیہ مخالفت پر سزا ہین بھرتے آئے تھے اور یہ خبر کہ اُنکو نو لمحہ صوبہ اودھ کی چیف کمشنری دی گئی اور اُنھون نے قبول کر لیا جان لارنس کو آغاز فروری مین جب وہ لاہور سے پشاور کو واپس آتے تھے پہونچی - یہ عہدہ اُنکے لیے نہایت موزون معلوم ہوا جسمین وہ بلا دخل و مزاحمت ہندوستانیون کو ویسی سلطنت سے انگریزی سلطنت مین لانے کے متعلق اپنی فیاضانہ تجویزون کو جو پنجاب مین اُنکی خواہش کے مطابق عمل مین نہین آنے پائی تھین بخوبی تمام تعمیل کرنے کا موقع پا سکتے تھے یہان نہ تو کوئی نوڈ مقرر ہونے والی تھی اور نہ بھائی بھائی مین عداوتون کا موقع تھا وہ بقول خود "پانچ چھ عارضون مین مبتلا تھے" لیکن انگلستان جانیکا قصد اُنھون نے فوراً فسخ کر دیا سر جیمس اُٹرم کیطرح اُنمین تازہ تندرستی اور قوت دفعتاً پیدا ہوگئی اور لارڈ کیننگ سے پہلے یہ شرط کر کے کہ جو جگہ مین خالی کرتا ہون اُسپر میرے بڑے بھائی جارج مقرر کیے جائین وہ یکبارگی راجپوتانہ روانہ ہو گئے -

ص۵۹ لیکن اس سفر مین جو آخری ثابت ہوا اُنکی میم صاحب جو سفر کرتے کرتے چور ہو گئی تھین اُنکے ساتھ نہین گئین وہ ایسی رفیقہ تھین کہ جسوقت پنجاب سے کوچ کرنے لگین تو اپنے شوہر کیطرح اُنکو بھی مفارقت کا کمال صدمہ ہوا اور اب ہندوستانی افسرون کی کثرت کار اور پریشانیون اور لڑائیون اور مایوسیون سے ہمیشہ کے لیے قطع تعلق کر کے اُنھون نے کوہ آبو پر رہنا اختیار کر لیا تھا - یہ تو سمجھو دریافت نہو سکا کہ آیا ہنری لارنس نے بنکو سول انتظام کے متعلق اپنی ناتجربہ کاریون کا حال خوب معلوم تھا اپنے بھائی کو اس نئے عہدہ پر کام کرنے کے لیے اُنسے کچھ صلاح پوچھی ہو یا جان نے خود اس بات کا اندیشہ کر کے کہ اُنکے دستورات کی خرابیون سے بوڑھ مین رہنا اُنکو عذاب ہو گیا اور عجب نہین اگر اب اودھ کی چیف کمشنری پر تنہا رہنے کی حالت مین اور بھی بُرے نتیجے پیدا ہون بے پوچھے

یہ قصد کیا ہو کہ مین اپنی علمی کا حصہ پورا کرون — لیکن اس قسم کی باتون سے بھری ہوئی چٹھی کا ایک طول طویل اقتباس میرے ہاتھ آگیا ہے اور اُسکو مین ایک مرتبہ اس امر کے ثبوت مین پھر یہان درج کرتا ہون کہ دونون بھائیون مین کیسا باہمی اختلافات تھے وہان برادرانہ خیالات بھی پائے جاتے تھے چنانچہ جو کچھ اس چٹھی مین بیان کیا اور جو کچھ چھوڑ دیا گیا اُس سے یہ باتین بخوبی پیدا ہوتی ہین —

۱۸ فروری ۱۸۵۷ء

۰۰۰ اب سرکاری معاملات کے متعلق مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ سوائے اُس صورت کے جب اشد ضرورت ہو کمشنرون یا ضلع کے افسرون کے نام کوئی حکم نہ بھیجیے جب ایسا کرنا ہو تو اسکی ایک نقل جوڈیشل کمشنر یا فنانشل کمشنر کے نام جیسی حالت ہو روانہ کیجیے — اگر آپ ایسا کرینگے تو وہ آپ کے ساتھ عمدہ طور سے کام کرنے پر آمادہ رہینگے — ماتحت رہنے والے آدمیون کا بھروسہ پہنچنا بہت دشوار امر ہے اگر آپ ایسی کارروائی کرنے دینگے جسمین وہ اپنے اوپر کے خاص افسرون کو بھولنے لگینگے تو پھر اُنکے دماغون مین ہوا سما جائیگی اور معاملات پیچیدہ ہو جائینگے ماتحت افسرون سے جو چاہیے وہ باتین کیجیے اور اسطور پر اپنے عام خیالات اُنپر ظاہر کیجیے لیکن احکام معمولی قاعدہ کے مطابق جاری کیجیے اگر آپ براہ راست اپنے ماتحتون کے نام حکم جاری کرینگے تو یہ آپ کے دوستون کو بھی ناگوار گذریگا پھر اگر آپکے پاس درخواستین آئین اور آپ یہ چاہین کہ زیادہ وقت نہ صرف ہونے پائے اور نقصان بھی نہو تو معاملات کو براہ راست لوکل افسرون کے سپرد کیجیے — لیکن اگر آپ ایسا کیجیے تو اُنسے کہدیجیے کہ اپنے اعلیٰ افسرون کے ذریعہ سے جواب لکھین مثلاً اگر کوئی شخص کسے تمہارے گانون کی جمع سنگین تشخیص کی گئی ہے یا اسی قبیل سے کوئی بات اور ظاہر کرے تو آپ اُس درخواست کو ڈپٹی کمشنر ضلع کے پاس کیفیت لکھنے کو بھیج دیجیے وہ اُسکو کمشنر کے پاس بھیجیگا اور بعد اُسکے کمشنر اپنی رائے لکھکر اُسکو روانہ کریگا آئین

صلح ۵۲ کچھ تاخیر ضرور ہوگی لیکن اسطور پر جو کام ہوگا وہ قطعی ہوگا — میری یہ بھی عادت ہے کہ مین ایسی درخواستون کو بہت کم قبول کرتا ہون ہر ہندوستانی یہی چاہتا ہے کہ سب سے اوپر کے زینہ پر چڑھ جائے اور حقیقت حال بہت کچھ جانچنے اور پرتالنے کے بعد ظاہر ہوتی ہے اور اسطور پر بھی ہمیشہ منفصل حال نہین کھلتا جب کوئی آدمی مجھکو درخواست بھیجتا ہے تو سب کے پہلے مین اُس سے یہ پوچھتا ہون کہ تم ڈپٹی کمشنر کے پاس بھی گئے تھے" اگر وہ کہتا ہے کہ "ہان" مگر اُسپر بھی اُسکا اطمینان نہین ہوتا تو مین پھر پوچھتا ہون "کہ کمشنر کے پاس گئے تھے" اور یہ سوال بھی اُسیطرح حل ہو جاتا ہے تو مین آخری حکم کی نقل طلب کرتا ہون اگر وہ نقل نہین لاتا ہے تو مین اُسے کہدیتا ہون کہ عدالت مناسب کے ذریعہ سے چارہ جوئی کرے لیکن اگر مین دیکھتا ہون کہ کوئی بے انصافی ہوئی ہے تو اُسکے لیے کیفیت طلب کرتا ہون —

چیف کمشنر کو براہ راست زیادہ اختیار نہین ہوتا لیکن ماتحت حکام کے توسط سے اُسکا بہت کچھ زور پڑتا ہے مثلاً وہ عدالت کے فیصلون کو منسوخ نہین کرسکتا لیکن اُنکی جواز یا صحت پر اعتراض کرسکتا ہے وہ یہ حکم دیسکتا ہے کہ از سر نو اُنپر غور کیا جائے اور اگر اُس سے انکار کیا جائے (یہ بات کبھی نہین ہوتی) تو وہ گورنمنٹ کو لکھتا ہے انتظامی معاملات مین اُسکو بڑا اختیار ہوتا ہے

عام انتظام کے متعلق علی العموم اُسکی رائے قطعی ہوا کرتی ہے یہ بات آسانی سے نہین کہی جاسکتی ہے کہ کن کن باتون مین مشکلین اور دقتین واقع ہونگی۔ آپ جانین جو کچھ کرین دقتین ضرور پیدا ہونگی۔ ایک سب سے بڑا قاعدہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جہانتک ممکن ہو فیصلہ کرنے کے قبل طرفین کے حالات سے آگاہی ہوجاوے گورنمنٹ سے بھی بہت کچھ خط کتابت اور استصواب رائے کرنا پڑتا ہے غور کرنے اور خلاصہ لکھنے کا کافی وقت نہین مل سکتا ہے انتظامی کام اسقدر ہوا کرتے ہین جنمین دن بھر صرف ہوجاتا ہے۔

جب سے آپ تشریف لیگئے یہان کا کام بہت بڑھگیا مین اکثر پریشان ہوگیا حالانکہ طعام چاشت کے قبل (درمیان تین دس منٹ اُسمین بھی صرف ہوتے ہین) اور اُسوقت سے چراغ جلے تک بلکہ اصل تو یہ ہے کہ جب آنکھون سے کچھ دکھائی نہین دیتا اُسوقت تک بیٹھا ہوا کام کرتا رہتا ہون۔ مین نہ کبھی کوئی تعطیل دیتا ہون اور نہ کبھی درمیان مین ایک گھنٹہ کے لیے اُٹھتا ہون۔ محکمۂ تعمیرات کی جہت سے میرا کام بہت بڑھگیا ہے فی الحال اُسمین میرا نصف وقت صرف ہوتا ہے۔ مین نے کوشش کی کہ جہانتک ممکن ہو رفتہ رفتہ سب باتون کو درست کرلون اور پھر جو ضرور ہون وہ کام کرون مگر اُسمین مجھکو بڑی ناکامی ہوئی۔ انجنیر لوگ تو میری مداخلت پر حملہ کرتے ہین اور گورنمنٹ اور دربار مہتمان انیسٹ انڈیا کمپنی اس بات پر معترض ہے کہ مین نے معاملات کا انتظام نہین کیا خرچ سب سے زیادہ ہوا اور اُسکا نتیجہ یہ ہے کہ ہم چارون طرف سے بے قابو اور مجبور ہورہے ہین اور چونکہ ضرورت کیوقت بھی بغیر معمولی ضوابط کی تعمیل کیے ہوئے ہم کوئی کام نہین کرسکتے اور نہ کوئی رقم خرچ کرسکتے ہین اسلیے ہزار روپیہ کی منظوری کے واسطے بھی جو سابق کے بحسب مین درج نہین ہوتی گورنمنٹ کو رپورٹ کرنا پڑتی ہے۔

اور کوئی بات میرے ذہن مین ایسی نہین آتی جو قابل ذکر ہو آپ کے کام کرنے کا طریقہ البتہ اس قابل ہے جسکے بارے مین کچھ بیان کیا جائے سول انتظام کے متعلق ایک بڑا گریہ ہے کہ کام کبھی باقی نہ رہنے پائے اگر آپ اسکا خیال رکھینگے تو گاڑی ہمیشہ چلتی رہیگی اور آپ حتی الامکان کوشش کرینگے کہ ہر روز کا کام اُسیدن تمام ہوجائے۔ آپ چاہے سال بھر مین وہ کام ختم کریں لیکن جو طریقہ مین نے بیان کیا ہے اُسمین بڑا فائدہ متصور ہے خود آپکے محکمہ کے لوگ اُسوقت تک کبھی اپنا کام انجام نہ کرسکینگے جب تک بہتے دریا کے پانی کیطرح وہ اکر نکلتا نہ جائیگا۔ اور راحت صیغون کی کارگزاری کے لیے یہ امر اور بھی مقدم ہے قبل اسکے کہ کوئی کام یا انتظام شروع ہو آپ خود اُسمین کوشش کرکے احکام صادر کیجیے اگر یہ نہ ممکن ہو تو جہانتک ہوسکے دوسرون کی باتون کو قبول کیجیے گو وہ بالکل آپ کی رائے کے خلاف ہون۔

ہمکو دوست محمد کے ساتھ بڑی پریشانیان اُٹھانا پڑین وہ ضعیف و ناتوان معلوم ہوتا ہے لیکن اصل مین بڑا شہ زور ہے ..... اُسکے سپاہی بھی بڑے موٹے تازے ہین لیکن قواعد بالکل نہین جانتے ہین اور ہتیار اور وردیان بھی بالکل واہیات ہین۔ اُنکی تنخواہ اسقدر ہے جس سے اُنکا پیٹ بھی نہین بھرتا ہے فاقہ کشی کرتے ہین مین نے حضور ملکہ معظمہ کی رجمنٹ نمبر ۸۷ کی مزید دو دیان تین سو روپیے کو خریدکین اور سردار اعظم کو دیدین جس سے وہ نہایت خوش ہوئے۔ افاغنہ سمجھتے ہین کہ ساری قوت انھین چیزون کی ہوتی ہے۔

ص ۵۳

اس زمانہ مین لارڈ کیننگ کے نام اُنھون نے جو ایک چٹھی لکھی تھی اور جسمین یہ استدعا کی تھی کہ انجینیرون کا ایک افسر اُنکے دفتر مین بطور سکریٹری محکمہ تعمیرات کے مقرر کیا جاے اُس سے کچھ اور ثبوت اس بات کا پیدا ہوتا ہے کہ چیف کمشنر کی حیثیت مین اُنکا کام کسقدر بڑھگیا ہے کام کیا تھا گویا اسٹیفن کا پتھر تھا جو اُنکو ہمیشہ ڈھکیل کر پہاڑ پر چڑھاتا پڑتا تھا۔ اصل یہ ہے کہ جسقدر زیادہ سرگرمی سے وہ اور اُنکے ماتحت اس غرض سے کام کرتے تھے کہ اُنکی ضرورتین رفع ہوجاین اُسیقدر اُنکا کام بڑھتا جاتا تھا اور حق بات تو یہ ہے کہ اُن کے حق مین یہی بہتر ہوا۔ جان لارنس لکھتے ہین

اس قسم کے افسر سے مجھکو بڑی ردوپوچ ہوگی جب سے مین چیف کمشنر پنجاب ہوا میرا کام دُوبڑھا ہوگیا تین سال کے عرصہ مین میرے دفتر مین جو چٹھیان آئی ہین اُنکی سالانہ تعداد ۱۸ ہزار ایک سو چالیس سے دس ہزار پانچ سو دو اور جو دفتر سے روانہ ہوئین اُنکی نو ہزار ترانوے سے تیرہ ہزار نو سو چونسٹھتک پہونچگئی اُن مین مراسلات اور نیم سرکاری چٹھیان شامل نہین ہین۔

۱۸۵۶ء مین مین نے معافی کے پندرہ سو مقدمے فیصل کیے یہ کام ایسا تھا جسکے لیے بنگال یا ممالک مغربی وشمالی مین جہان اسیطرح کی تحقیقاتین ہوتی تھین کم سے کم دو کمشنرون کا وقت صرف ہوتا میرا قلم کسیوقت میرے ہاتھ سے نہین چھوٹتا مجھکو کوئی تنخواہ نہین کرنا ہے۔ جب تک کام ہوسکتا ہے اُسوقت تک کیے جاؤنگا لیکن اگر کوئی ایسا انتظام کیا جاے جسمین کچھ آسانی ہو تو اُسکو مین بڑی خوشی سے قبول کرون۔ اور ایک امر جو مین نے تجویز کیا ہے اُسمین یہ بات متصور ہے اگر وہ عمل مین آیا تو میری ذات سے زیادہ کام نکل سکیگا کیونکہ مجھکو اس بات کا وقت ملیگا کہ غور وفکر کرون اور بہت سی ضروری تدبیرین جو میرے ذہن مین ہین اُنکو منضبط کرون اس انتظام مین گورنمنٹ کا ایک روپیہ بھی صرف نہوگا۔

فروری اور مارچ ۱۸۵۶ء کے زمانہ جان لارنس نے اپنے صوبے کے شمال اور شمال مغربی حصون یعنی راولپنڈی شاہپور جہنگ اور فتح پور گویرا کے انتظامی کامون مین صرف کیا اور ۲ مارچ کو لاہور مین پہونچے بدقسمتی سے اس زمانہ کے متعلق اُنکے چھ مہینون کی خط وکتابت کا کہین پتا نہ لگا اُنکے دوستون کی یادداشت سے بھی یہ نقصان پورا نہوسکا۔ اُنکی تندرستی مین فرق آگیا تھا اور داعصاب شدت سے تھا اور ایک مرتبہ اُنپر اسقدر اُکٹرون نے زور ڈالا کہ وہ کچھ دنون کے لیے انگلستان جانیکا قصد کرنے لگے اور ٹھگرنی صاحب کو جنکو وہ چاہتے تھے کہ میرے قائم مقام ہون اپنے عہدہ پر قائم کرنے کے لیے لکھا۔

ہمکو دوسرے وسیلون سے اب یہ بات بخوبی تمام معلوم ہوگئی ہے کہ اس نازک زمانہ مین مسلمانون اور ہندوؤن کے درمیان بھی بازارون اور چھاونیون مین کیا کھچڑی پک رہی تھی ہمکو معلوم ہے کہ وہ آتش فساد جسکا لارڈ کیننگ نے انگلستان سے روانہ ہوتے وقت ذکر کیا تھا مشتعل ہوچکی تھی اور حکام کو معلوم خواہ نہ معلوم ہو مگر اُسکے شعلے چارون طرف لپکتے جاتے تھے۔ جان لارنس کو بات خاص اس طوفان کے برپا ہونے کا خیال ابھی بہت کم ہوا تھا چنانچہ اسکا ثبوت یہ ہے کہ وہ پھر ایک مرتبہ کشمیر جانے کا قصد کر رہے تھے اور اپنے اس قصد سے وہ اُسوقت

باز آئے جب گورنر جنرل نے انکو جواب مین لکھا کہ شاید آنکے پنجاب ہی مین رہنے کی زیادہ تر ضرورت ہوگی۔
یہ بات بہت صحیح ہے کہ خلفشار کی کچھ علامتین نئے سال کے آغاز ہی سے قرب وجوار کلکتہ مین ظاہر ہونے لگی تھین اور اس
زمانہ مین انبالہ اور ہزار ہا میل کے فاصلہ پر کوہ ہمالیہ کے کنارے اور خود جان لارنس کی عملداری کے اندر عیان ہونے
ص ۵۳۲ لگی تھین ممالک مغربی کے گانون گانون اور ضلع ضلع مین چپاتیان پھرنے لگی تھین انکا حال کیکو معلوم نہین تھا
اور نہ کسی کی سمجھ مین آیا کہ انکا مطلب کیا ہے۔ وہ گویا اشتہار جہاد تھین جو جامع مسجد دہلی مین برٹش حکام کی آنکھون
کے سامنے دیا گیا تھا۔ ہر ہر شخص کی زبان پر یہ پیشین گوئیان جاری تھین کہ فرنگیون پر عنقریب آفت آنے والی ہے
اور اسمین کیکا کچھ نقصان نہین ہوا۔ چھاونیون مین بارہا مفسدون نے آگ لگا دی یہ گویا اس زیادہ خوفناک آتش
فساد کی خارجی اور حسی علامتین تھین جو سپاہیون کے دل مین شعلہ افگن ہو رہی تھین بالآخر انفیلڈ بندوق کی جگہ پرانون بسن
اور معمولی کارتوس کے بدلے چربی دار کارتوس کے جاری ہونے سے ہماری بدقسمتی خواہ ہمارے قصور نے
اُن تمام مہمل اور بے بنیاد وسوسون کو پھر اُبھار دیا جو ہندوستانی خاندانون کے معدوم ہو جانے اور دیسی ریاستون کے
شامل سلطنت کیے جانے تعلقہ دارون اور جاگیر دارون کے علاقجات ضبط ہونے "آتشی انجنون" اور "روشنی کے
ستونون" الغرض ہر ایک تدبیر سے جو "اخلاقی اور ملکی اصلاح" ہندوستان کے لیے کم وبیش ہر ہر مقام پر کی گئی تھی
ہمارے شکم سیر جاہل اور شکی ہندوستانی سپاہیون مین خطور کرنے لگے تھے۔
کارتوسون مین چونکہ چربی لگی تھی اسوجہ سے ہندوون نے یہ خیال کیا کہ انکی مقدس گاے اور مسلمانون نے
یہ تصور کیا کہ انکے نجس جانور خوک کی یہ چربی ہے اور اسوجہ سے اُن لوگون مین ہول ہو گیا۔ کیونکہ انکو اس بات کا
ایک اور ثبوت ملگیا کہ گویا گورنمنٹ دونون فرقون کے مقدس خیالات اور مقدس جماعتون کو براہ عداوت معدوم کرنا
چاہتی ہے۔ انسان جسوقت ہول کھا جاتا ہے تو اوسکو کچھ نہین سوجھتی ہے اُسکی خود بخود ترقی ہوتی ہے اور اُسکے
روکنے کا جو علاج کیا جاتا ہے اُس سے اُس مرض کی اور زیادتی ہوتی ہے اُسوقت کا فساد رفع کرنے کے لیے
جو اشتہارات جاری کیے گئے اور عذر ومعذرت کی گئی اُس سے آخرین لوگون کا خوف اور زیادہ ہوا۔ جسطرح کوئی
نیک مزاج جنرل ایک دوسرے جنرل کے بعد سپاہیون کو تسلی دیتا ہے کہ تمہارا خوف بیجا ہے اور اُس سے وہ اور
ص ۵۳۳ زیادہ خائف ہوتے ہین اُسیطرح اُن لوگون نے بھی خیال کیا کہ فی الواقع ہماری دہشت بجا ہے چنانچہ دمدم اور
بارکپور سے جو دارالسلطنت ہندوستان کے قریب واقع ہین یہ دہشت کے خیالات آگرہ تک جو ممالک مغربی وشمالی
کا صدر مقام ہے اور وہانسے میرٹھ کو جو ہندوستان بھرمین سب سے بڑی فوجی چھاونی ہے اور ہر قسم کے دلاوری
سپاہیون کا سب سے بڑا قیامگاہ ہے اور بعد اُسکے دہلی کو جو خاندان مغلیہ کی دارالسلطنت ہے اور جہان مغلیہ
بادشاہ کے زوال رسیدہ قائم مقام اپنی سلطنت اور زندگی کی آخری نیند مین مجموم رہے تھے اور بعد اُسکے اسیطرح انبالہ تک پہونچکے یہ جگہ

وہ ہے جہان بندوق چلانیکی تعلیم ہوتی ہے (یعنی اس مہلک فن کی جس سے اگر سپاہیون کو دشمنون کا مارنا سکھایا گیا تو یہ تعلیم بھی ضرور ہوئی کہ

کس نیاموخت علم تیر از زمن کہ مرا عاقبت نشانہ نکرد

اُن اطلاعون سزاؤن ترمیمون تجویزون اور انکارون سے جو نہایت محبت اور ہراس مین یکے بعد دیگرے کیے گئے کوئی فائدہ نہوا ہندوستانی پیادون کی رجمنٹ نمبر ۱۹ جسنے ماہ فروری مین بمقام برہانپور غدر کیا تھا وہ توڑ دی گئی چوتھی سوین پلٹن کے جس متعصب پانڈے نے بارکپور مین ایک انگریزی افسر کو مارا تھا اُسکو پھانسی دیگئی اور وہ سات کمپنیان جو قاتل کے اس فعل کو خاموشی کے ساتھ دیکھتی رہی تھین گو اُنھون نے اُسکے اس فعل مین ہمدردی نہین کی تھی موقوف کر دی گئین۔ لیکن اسکا بھی کچھ فائدہ نہوا۔ کارتوسون کی چربی جسکی بابت یہ فساد ہوا تھا تحقیقات کرکے دکھائی گئی کہ اُسمین کچھ ضرر نہین ہے اور آیندہ سے سپاہی لوگ اپنی خوشی سے جو روغن چاہینگے وہ اُسمین لگائینگے اور کارتوسون کو وہ منھ سے نہ توڑین بلکہ ہاتھ سے چاک کرین اُس نجس شے کو اپنی زبان سے نہ چکھین صرف ہاتھ سے چھوئین مگر یہ باتین بھی سود مند نہوئین وحشت زدہ سپاہی چلا چلا کر یہی کہتے تھے کہ نہ تو ہم اُسکو چھوینگے نہ چکھینگے اور نہ ہاتھ مین لینگے" اُن لوگون کی ناقص عقل مین یہ آیا کہ گورنمنٹ ایک طور پر اس بات کو موقوف کرکے دوسرے طور پر جبرًا اُنکے واسطے مقرر کریگی۔ وہ یقین کرنے لگے کہ اگر کارتوسون کو ہاتھ سے چھونے کی ممانعت کر دی گئی ہے تو وہ اُنھین نجس جانورون کی ہڈیان پیس پیس کر اُنکے کھانے کے آٹے مین ملا دینگے اور آیندہ سے ہم لوگ ذات باہر ہو جائینگے (اور اصل مین تو اُنکے زیادہ خوش قسمت ساتھی جو افیلڈ بندوق سے اغواز حاصل کرنے کے قابل خیال نہین کیے گئے اُنکو ابھی سے ایسا سمجھنے لگے تھے) اور دنیا اور عاقبت مین بھی بدنام رہینگے۔

صلہ ۳۲ لارڈ ڈلہوسی کی رخصتی دعوت کی اسپیچون کا جو رسالہ شائع ہوا تھا اُسکے ان الفاظ کو کہ "ہندوستانی سپاہیون کی کوئی حالت ہرگز قابل اصلاح نہین ہے" اُنکے جانشین نے کس کراہت کے ساتھ اُسوقت خیال کیا ہوگا جب وہ اس بات سے واقف ہوے ہون گے کہ کل فوج بنگالہ کے باغی ہو جانیکا احتمال ہی نہین ہے بلکہ وہ ضرور اور دراصل باغی ہو جائیگی واقعی بہت تعجب معلوم ہوتا ہے کہ لارڈ ڈلہوسی نے ایک ہی برس پیشتر کیونکر ایسا فقرہ استعمال کیا اور اُس سے بڑھکر تعجب کی بات یہ ہے کہ اس طرح کی دہشت فی الواقع اس عجلت کے ساتھ دور دور تک جیسا کہ مین نے بیان کیا پھیل گئی اور لوگون کے دلون سے نکلے نہ نکلی مگر اسپر بھی اُن لوگون کو جو ہندوستان کی حفاظت کے ذمہ دار تھے اندیشہ نہ ہوا لیکن جو کچھ ہوبات یہی ہوئی۔ ہماری فوج ہندوستان کی عام حالت برٹش سپاہ کی تخفیف اور معمولی حفاظتون سے غفلت کرنیکے متعلق جملہ تنبیہین سر جارلس نیپیر سر ہنری لارنس سر جیمس آؤٹرم اور سر جان لارنس کی تحریرات مین بھی دریافت ہو سکتی ہین لیکن فوجی خواہ سول صیغہ کے کسی انگریزی عہدہ دار ہندوستان نے ظاہر ایہ نہین تصور کیا تھا کہ فی الواقع اسقدر جلد فساد برپا ہو جائے گا۔ جسوقت غدر شروع ہو گیا تو سب کے سب یکسان طور پر متحیر رہگئے۔

انبالہ مین جان لارنس کی علمداری کے اندر جو کچھ گذرا وہ دوسرے مقامات کے واقعات کا ایک نمونہ ہے انبالہ مین دیسی پیادون کی رجمنٹ نمبر ۳۶ کا ایک حصہ تھا یہ رجمنٹ جنرل اٹین کمانڈر انچیف کی حفاظت پر جو اس زمانہ مین پنجاب کا دورہ کر رہے تھے تعینات تھی جب وہ شملہ کو جاتے ہوئے انبالہ مین پہونچے تو اس سپاہ کے میز کمیشن یافتہ افسر اپنے ساتھیون سے صاحب سلامت کرنے گئے سان لوگون نے ترچھی آنکھون سے انکو دیکھا حقہ پانی کھو دیا اصل تو یہ ہے کہ انکو ذات باہر تصور کیا اور وہ لوگ شکستہ دل ہوکر اپنے یہان واپس چلے آئے انکا یہ قصہ بجلی کی آگ کی طرح انبالہ کے اور سپاہیون تک پہونچگیا اور کپتان میٹیو نے بھی جو بڑی ہمدردی سے بندوق چلانے کی تعلیم کرتے تھے سنا انکو اس سے کچھ تعجب نہین ہوا اور انھون نے لکھا کہ "ہم نہین کہہ سکتے کہ غدر یہان یا وہان برپا ہوگا کیونکہ ہم سب لوگون کی سفق راے یہی ہے کہ وہ ہر مقام پر ہوگا - لیکن بدقسمتی سے ہر مقام پر غدر برپا ہونے کی صحت سے بالاتفاق تمام لوگون نے اقرار نہین کیا اور جس شخص نے سب سے کم اسکے آثار دیکھے وہ کمانڈر انچیف تھے - انھون نے فوج کے لوگون سے مہربانی کے کلمات کہے اُنسے بیان کیا کہ کارتوسون کے بارے مین ہم لوگ غلطیون مین پڑے ہین اور شاید کچھ دنون تک اس بات کے یقین دلانے مین انکو کامیابی بھی حاصل ہوئی کہ واقعی یہ ہم لوگون کی غلطی ہے لیکن ادب کے ساتھ کہا کہ اگر ایک شخص ان قصون کو باور نہین کرتا ہے تو اسکے بدلے دس ہزار آدمی دل سے یقین کرتے ہین - اگر وہ حکم دیتے تو یہ لوگ ممنوع کارتوس کے چھونے ہی پر نہین بلکہ اسکے اور لینے پر بھی راضی ہو جاتے لیکن انھون نے التجا کی کہ ہم کو اس بات مین دین و دنیا سے بیکار نہ کیجیگا - کمانڈر انچیف نے غور کرنے کے لیے مہلت لی اور چٹھی کے ذریعہ سے گورنر جنرل سے مشورہ کیا یہ دونون باتین بیحد مہم تھین اور ان اعلیٰ حکام نے بیشک اس بات کو پسند کیا جسمین انکو خطرہ کم معلوم ہوا سپاہیون کو کارتوس استعمال کرنے کے لیے دیدیے گئے اور کمانڈر انچیف نے یہان تک مبالغہ کیا کہ جن لوگون نے اپنے ساتھیون کو ذات باہر ہونے کا طعنہ دیا تھا انھین کی چشم نمائی سنین کی (اور یہ امر انکے لیے مناسب تھا) بلکہ جن بدنصیب افسرون نے اس کام سے سہل انگاری کی تھی انکو بھی الزام دیا -

سپاہیون نے حکم کی تعمیل تو کی لیکن اس دن کی شب کو چھاونی کے تمام حصون مین دو چند قوت کے ساتھ جو آتش فساد دوبارہ مشتعل ہوئی اس سے بخوبی تمام ظاہر ہوگیا کہ ان لوگون کے دل مین کیا تھا - اسپر بھی کمانڈر انچیف ظاہرا یہ یقین کرکے کہ انھون نے طوفان کو فرو کر دیا ہے اپنے موسم گرما کی سرد قیامگاہ واقع شملہ کو چلدیے جس حالت مین کمانڈر انچیف کو جو ہر روز سپاہیون کے درمیان جاتے آتے رہتے اور انکی خیر خواہی اور وفاداری کے صریحاً جوابدہ تھے کسی خوفناک حملہ کا خطرہ نہ معلوم ہوا تو ہم مشکل سے اس بات پر تعجب کر سکتے ہین کہ چیف کمشنر پنجاب کو جو فوج سے صرف ایک واسطہ بعید رکھتے تھے اور جنکو صرف وہی بات معلوم ہو سکتی تھی جو انکو بتائی جاتی اور جو ان سب باتون کے سوا خاص اپنا کام انجام کرنے کے لیے کثرت سے رکھتے تھے انکا خطرہ کم معلوم ہوا ہو یا اقل درجہ اسکے بھاری یا ضروری ہونیکا

خیال اُنکے دل مین کم پیدا ہوا ہو۔

سر جان لارنس تندرست نہین تھے۔ لاہور مین جس زمانہ تک اُنکا ٹھہرنا صحت کے حق مین مضر نہین خیال کیا جا سکتا تھا اُس سے زیادہ ایام گذر جا چکے تھے اور مری کو جاتے ہوے وہ اپنے بھائی رچرڈ کے ساتھ سیالکوٹ کی طرف جو نئی بندوقین استعمال کرنے کی تعلیمگاہ مقرر کیا گیا تھا اس غرض سے چلے گئے تاکہ بنات خاص ہندوستانی سپاہیون کے دل کی کیفیت دریافت کرین اور یہ بات دیکھ آئین کہ اُن لوگون نے رِفل مس کے چلانے مین کہانتک مشق بہم پہونچائی ہے۔ اس کا نتیجہ نہایت ہی قابل اطمینان پیدا ہوا اور اُنھون نے جو کچھ دیکھا تھا اُن سب باتون کی نسبت اپنی راے ایک چٹھی موزخہ ۱۴ مئی کے ذریعہ سے جو اُس مقام سے تحریر کی گئی تھی لارڈ کیننگ کو لکھ بھیجی۔ جسوقت ہم اس بات کو یاد کرتے ہین کہ اُس چٹھی کے بعد دوسری چٹھی لکھنے کے پیشتر اُسی مقام مین غدر برپا ہو چکا تھا تو ہمکو اُس اول چٹھی کے مضامین پر خیال کرکے نہایت صدمہ معلوم ہوتا ہے۔ اُنھون نے لکھا تھا کہ تعلیمگاہ یعنی اسکول مین اکثر نچلی پلٹنون کے حصے ایسے ہین جنہین سے سبکو نئے طریقہ کے مطابق تعلیم دیجاتی ہے۔ بعض لوگ بندوقون کا ہتھیانا اور بعض لوگ گولی چلانا سیکھتے ہین اور بظاہر سب کے سب اُس ہتیار سے خوش معلوم ہوتے ہین جسکے ذریعہ سے سوگز کے فاصلہ کی نسبت اب ہزار گز کے فاصلے سے وہ اپنے دشمن کو ہلاک کر سکینگے اور جو اُنکی کو ہستانی لڑائیون کے لیے بالتخصیص موزون ہے۔ جس روز اُنھون نے یہ چٹھی لکھی تھی اُسی کے دوسرے دن صبح کو وہ برگیڈیر پیرز کے ساتھ چاندماری کی سیر کرنے گئے اور قواعد دان پیدل سپاہ کو چپ چاپ مشق کرتے ہوے اُنھون نے ملاحظہ کیا۔ افسرون سے بھی اُنھون نے خاص خاص باتین پوچھین اور اُن سب نے یکزبان ہوکر یہی بیان کیا کہ سپاہیون کی طرف سے کوئی کھٹکا نہین ہے۔ خود اُنکے دل مین یہی خیال پیدا ہوا تھا کہ کسی شخص کی طرف سے کوئی اندیشہ کی بات نہین ہے اور مشق کے ختم ہو جانے کے بعد اُنھون نے چھ چادرین برگیڈیر کو اس غرض سے دی تھین کہ وہ بازی کے انعام کے طور پر تقسیم کر دی جائین۔ ابھی اُن بازیون کے نشانے ختم بھی نہونے پائے تھے کہ اُن چادرون کے سوا جنکو صاحب چیف کمشنر نے اس مہربانی سے دینے کو کہا تھا اور انعامات پانے کے خیال سے وہ دوسرے نشانے لگانے لگے۔

جان لارنس سیالکوٹ سے راولپنڈی کو روانہ ہوئے۔ وہان سے وہ مری کو جایا ہی چاہتے تھے کہ اتنے مین ۱۲ مئی کو دہلی سے وہ پُرخطر تار برقی آگئی جسنے دفعتاً تمام پنجاب مین کمل بلی مچادی اور جان لارنس کے گرمی مین رہنے کے مقام کو بدل دیا۔ اُس تار برقی کی عبارت یہ تھی "ہندوستانی سپاہی میرٹ سے یہان پہونچگئے اور ہر ایک شے کو خاک سیاہ کیے ڈالتے ہین۔ مسٹر تھامسن مارے گئے اور ہمنے سنا ہے کہ بہت سے دوسرے انگریز بھی کام آئے"۔ یا جا ہوائی عبارت کو اسطرح سے سمجھ کا بلوہ شروع ہوگیا اور دہلی مین شاہنشاہ معظم کا پائے تخت اور کل ہندوستان کی دار السلطنت پر باغیون کا

خاتمہ جلد اول